یَبِیْسُ الْمَاءِ: پسینہ۔

الْاُیَیْسَانِ: کلائی یا پنڈلی کے کنارے کی ہڈیاں جن پر گوشت نہیں ہوتا۔

الْاَیَابِسُ: سخت چیزیں جن پر تلوار کی آزمائش کی جاتی ہے اَیْبَس کی جمع۔

الْمِیْبَاسُ: پودوں کو خشک کرنے والی ہوا۔

الْیَتُوْعُ وَالْیَتُّوْعُ: دودھ والے پودے ج یَتُوْعَاتٌ۔

یَتَمَ یَیْتِمُ وَیَتِمَ یَیْتَمُ وَیَتُمَ یَیْتُمُ یُتْمًا وَیَتْمًا الصَّبِیُّ مِنْ اَبِیْهِ: یتیم ہونا۔

یَتَمَ: (ض) یَتْمًا: کوتاہی کرنا۔ سستی کرنا۔ تھکنا۔ دیر کرنا...... مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ: رہائی پانا۔ تَیَتَّمَ الصَّبِیُّ: یتیم ہونا۔

یَتَّمَهُ وَاَیْتَمَهُ: یتیم کرنا۔ اَیْتَمَتِ الْمَرْأَةُ: یتیم بچوں والی ہونا۔ صفت مُؤْتِمٌ۔ ج مَیَاتِیْمُ۔

الْیَتِیْمُ: نابالغ بچہ جس کا باپ مر گیا ہو...... مِنَ الْبَهَائِمِ: جس کی ماں مر گئی ہو ج اَیْتَامٌ وَیَتَامیٰ وَیَتَمَةٌ وَیُتْمَةٌ وَیَتَائِمُ۔ الْیَتِیْمُ: اکیلا۔ کہا جاتا ہے بَیْتٌ یَتِیْمٌ وَبَلَدٌ یَتِیْمٌ: علیحدہ ریگستان۔ بے نظیر۔ بے مثل۔

الْیَتِیْمَةُ: یتیم کا مؤنث۔ ج یَتَامیٰ: علیحدہ ریگستان۔ دُرَّةٌ یَتِیْمَةٌ: بیش قیمت بے نظیر موتی۔

الْیُتْمُ: مص۔ غم۔

الْیَتْمُ: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔

الْیَتَمُ: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔ حاجت اور کہا جاتا ہے "فِیْ سَیْرِهٖ یَتَمٌ": اس کی چال میں ضعف و فتور ہے۔

صَبِیٌّ یُتْمَانٌ: یتیم بچہ۔ کہا جاتا ہے اَلْحَرْبُ

والھَیلَمَان" یعنی وہ بہت مال لایا وہ ریت اور ہوا لایا۔

الھَیَال: ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الھَیَلاَن: ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الھَالَة: چاند کے اردگرد کا حلقہ۔ ج ھَالاَت۔

الھَیُول: ذرات جو روشندان میں دھوپ پڑنے وقت معلوم ہوں۔

الھَیُولَی والھُیُولَی: مادۂ اولیٰ۔ نسبت کے لئے ھَیُولِیّ وھَیُولَانِیّ ج ھَیُولاَت۔

ھَیلَلَ ھَیلَلَةً۔ لا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ: کہنا۔

ھَامَ یَھِیمُ ھَیمًا وھُیُومًا وھِیَامًا وھَیَمَانًا وتَھیَامًا بِکَذَا: محبت کرنا ...... عَلٰی وَجھِہٖ: آوارہ پھرنا (...... ھیَامًا) پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھِم لِنَفسِکَ" یعنی اپنی ذات کے لئے طلب کرو اور اسی کے لئے اہتمام کرو۔

ھَیَّمَہُ الحُبُّ: محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔

تَھَیَّمَ تَھَیُّمًا الھَوٰی فُلاَنًا: پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا ...... فُلاَنٌ: اچھی چال چلنا۔

اِھتَامَ اِھتِیَامًا لِنَفسِہٖ: حیلہ کرنا۔

اُستُھِیمَ فُؤَادُہٗ: محبت وغیرہ کی وجہ سے دل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت مُستَھَامُ الفُؤَاد۔

الھَائِم: فا۔ حیران۔ ج ھُیَّم وھُیَّام۔ الھُیَّام: وسوسہ میں مبتلا عشاق۔

الھَیَام: ہمیشہ گرتے رہنے والی ریت ج ھُیُم۔

الھُیَام: جنون۔ عشق۔ سخت پیاس۔ الھُیَام: سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔

الھَیمُ: مص۔ کہا جاتا ہے "ھَیمُ اللّٰہ" بمعنی "اَیمُ اللّٰہِ" یعنی خدا کی قسم۔

الھَیمَاء: بے پانی کا بیابان۔

الاَھیَم۔ ھُیَام: کی بیماری والا۔ مؤنث ھَیمَاء ج ھِیم۔ لَیلٌ اَھیَمُ ولَیلَةٌ ھَیمَاءُ: رات جس میں ستارے نہ ہوں۔

الھَیمَان: پیاسا۔ ھُیَام: کی بیماری والا۔ مؤنث ھَیمٰی ج ھِیَام وھَیمٰی۔ رَجُلٌ ھَیمَان: محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔

الھَیُوم: حیران۔

رَجُلٌ اَھیَم: سخت پیاس والا مرد۔

قَلبٌ مُستَھَام: عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔

المَھیُوم: سخت پیاس والا۔ ھُیَام: کی بیماری والا۔ ھَیمَنَ ھَیمَنَةً: آمین کہنا۔

الطَّائِرُ عَلٰی فِرَاخِہٖ: پرندے کا بچے پر پر پھیلانا۔

فُلاَنٌ عَلٰی کَذَا: نگہبان ہونا۔

المُھَیمِنُ والمُھَیمَن: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہیں۔ بمعنی خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت و حیات وغیرہ کا کفیل۔

الھَینَم: روئی۔

الھَینَمَة: پست آواز۔

الھَینُوم: غیر مفہوم کلام۔

ھِیہ ھِیہ: کسی چیز کو دفع کرنے کے لئے بولا جاتا ہے (کلمہ استرادہ ہے)

ھَیھَاتَ: بتثلیث الاخر: اسم فعل ہے بمعنی دور ہوا اور اس میں چند لغات اور ہیں اَیھَاتَ وَاَیھَانَ وھَیھَانَ وھَایھَات وھَایھَان: حرف آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔ معرب بھی ہیں اور مبنی بھی اور ایک لغت اَیھَا ہے۔

اَلیھُوفَارِیقُونَ: زرد پھولوں والا پودا بعض طبی فوائد رکھتا ہے۔

ھَیَا: بعید کے لئے حروف نداء میں سے ہے اور اس کی اصل ایا: ہے۔

ھَیُّ بنُ بَیٍّ وھَیَّانُ بنُ بَیَّانَ: غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔

ھَیَّ: اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے رُوَیدَکَ اور ھَاکَ کہا جاتا ہے ھَیَّکَ اور کبھی تثنیہ کے لئے "ھَیَّا" اور جمع کے لئے "ھَیُّوا" کہا جاتا ہے۔

ھَیَّاھَیَّا: اسماء افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔

الھَیئَاة: شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ھَیئَاتُہٗ" اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

اِهْتَاضَ اِهْتِيَاضًا الْعَظْمُ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔

الْهَيْضُ: پرندے کی بیٹ۔

الْهَيْضَاءُ: لوگوں کی جماعت۔

الْهَيْضَةُ. هَاضَ: کا اسم مرۃ۔ رنج وغم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا **الْهَيْضَةُ الْكُبْرَىٰ:** ہیضہ لاحق ہونے کی وجہ سے سستی

عَظْمٌ مَهِيضٌ: جڑنے کے بعد توڑی ہوئی ہڈی۔

الْمُسْتَهَاضُ: وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے' وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔

هَاطَ يَهِيطُ هَيْطًا: شور مچانا۔

هَايَطَ مُهَايَطَةً وَهِيَاطًا: شور مچانا۔

فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔

تَهَايَطَ تَهَايُطًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔

الْهَيْطُ: مص۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فِي هَيْطٍ وَمَيْطٍ" وہ ہمیشہ شور وغوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے هُمْ فِي هِيَاطٍ وَمِيَاطٍ: وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔

هَاعَ يَهِيعُ وَيَهَاعُ هَيْعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا…… **الرَّصَاصُ:** پگھلنا…… **الرَّجُلُ:** بھوکا ہونا…… **الْإِبِلُ إِلَى الْمَاءِ:** خواہش مند ہونا…… **الرَّجُلُ:** بتکلف قے کرنا(…… **هَيْعًا وَهَيْعَةً وَهُيُوعًا وَهَيْعُوعَةً وَهَيَعَانًا)** بزدل ہونا۔ گھبرانا(…… **هَيْعَةً وَهَاعًا)** سخت حریص ہونا…… **مِنَ الشَّيْءِ:** تنگ دل ہونا' رنج ہونا۔

تَهَيَّعَ تَهَيُّعًا وَانْهَاعَ انْهِيَاعًا. الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَيَّعَ وَانْهَاعَ السَّرَابُ" سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔

الْهَائِعُ: فا۔ **لَيْلٌ هَائِعٌ:** تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ" بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔

الْهَائِعَةُ. الْهَائِعُ: کا مؤنث۔ تیز آواز۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔

الْهَيَاعُ: پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "رِيحٌ هِيَاعٌ لِيَاعٌ" تیز ہوا۔

الْهَاعُ: سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ" یعنی کمزور بزدل مرد اور ایسا ہی اِمْرَأَةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ"۔

الْهَيْعَةُ: دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر بہنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔ **اَرْضٌ هَيْعَةٌ:** کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔

رَجُلٌ هَيِّعٌ لَيِّعٌ: کمزور گھبرانے والا مرد۔

الْمُتَهَيِّعُ: برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔

الْمَهْيَعُ: کھلا ہوا کشادہ راستہ اور کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ مَهْيَعٌ" ج مَهَايِعُ. **بَلَدٌ مَهْيَعٌ:** کشادہ شہر۔

هَيْعَرَتْ هَيْعَرَةً. الْمَرْأَةُ: بدکار ہونا(…… **وَتَهَيْعَرَتْ)** ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔

الْهَيْعَرَةُ: مص۔ خفت۔ طیش۔ بھوتنی۔ بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔

هَيَّغَ تَهْيِيغًا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔

اَهْيَغَ. الْقَوْمُ: قوم کا خوش حال ہونا۔

الْاَهْيَغُ: تروتازہ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز سال۔ **والْاَهْيَغَانِ:** تروتازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔

هَافَ يَهِيفُ هَيْفًا: بہت پیاسا ہونا(…… **يَهَافُ هَيْفًا)** **الْعَبْدُ:** غلام کا بھاگنا۔ (…… **هُيَافًا وَهَيَافًا)** **الْإِبِلُ:** اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔

هَيِفَ يَهْيَفُ وَهَافَ يَهَافُ هَيَفًا وَهَيْفًا الْغُلَامُ: پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر **اَهْيَفُ.** صفت مؤنث **هَيْفَاءُ** ج **هِيفٌ.**

اَهَافَ اِهَافَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اِهْتَافَ اِهْتِيَافًا: پیاسا ہونا۔ صفت **مُهْتَافٌ.**

اِسْتَهَافَ: بادِ هَيْف: کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے هَيْف)

الْهَائِفُ: فا۔ سخت پیاس والا۔

الْهَائِفَةُ. هَائِفٌ: کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر بادِ هَيْف کی طرف رخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے هَيْف)

الْهَيْفُ: مص۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثال عرب میں سے ہے "ذَهَبَتْ هَيْفُ لِاَدْيَانِهَا" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے' یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔

رَجُلٌ هَافٌ: پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔ **اِبِلٌ هَافَةٌ:** جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔

الْمِهْيَافُ والْهَيْفَانُ والْهَيُوفُ: پیاسا۔ سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔

اَهْيَقَ الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا لمبا ہونا۔

الْهَيْقُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لمبا تڑنگا اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شتر مرغ۔ ج **اَهْيَاقٌ وهُيُوقٌ:** مؤنث **هَيْقَةٌ.**

الْاَهْيَقُ: لمبی گردن والا۔

هَيَّكَ تَهْيِيكًا: جلدی کرنا۔ کھودنا۔

هَيْكَل: ہ ک ل کا مادہ دیکھئے۔

هَالَ يَهِيلُ هَيْلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔

هَيَّلَ تَهْيِيلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)

تَهَيَّلَ تَهَيُّلًا وَانْهَالَ انْهِيَالًا التُّرَابُ: مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے "هَالَهُ فَانْهَالَ وَهَيَّلَهُ فَتَهَيَّلَ" اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ **اِنْهَالُوْا عَلَىٰ فُلَانٍ:** فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔

الْهَالُ: ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے "رَمْلٌ هَالٌ" گرنے والی ریت۔

الْهَيْلُ: مص۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے "جَاءَ بِالْهَيْلِ

میں تباہی ڈالی......بِرِغلیهِ التُّرَاب: مٹی کو پاؤں سے کریدنا(...... هَیْثًا) القَوْمُ: جھگڑنے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا......الشَّیُ: ہلنا۔

هَایَثَهٗ مُهَایَثَةً: کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔

تَهَایَثُوْا: جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا۔

اِسْتَهَاثَ اِسْتِهَاثَةً. مَا اَعْطَاهُ: زیادہ کرنا ......اَلْمَالَ: تباہ کرنا۔

الْهَیْثُ: حرکت۔

الْهَیْثَةُ: لوگوں کی جماعت۔

هَایَثَةُ. الْقَوْمِ: قوم کا شور۔

الْمُهَایِثُ: بہت لینے والا۔

هَاجَ یَهِیْجُ هَیْجًا وهِیَاجًا وهَیَجَانًا الشَّیُ: بھڑکنا۔ برانگیختہ ہونا......الْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا......الرَّجُلُ: بیوقوف سے مضطرب ہونا۔ بہادر ہونا۔ کود پڑنا ......الشَّیُ وبِالشَّیُ: برانگیختہ کرنا هَاجَتِ الْاِبِلُ: اُونٹوں کا پیاسا ہونا۔ هَاجَتِ النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ هَاجَتِ الْاَرْضُ: سوکھی نباتات والی ہونا۔ هَاجَ الْاِبِلَ: اونٹوں کو رات میں گھاس یا گھاٹ کی طرف چلانا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَتِ السَّمَاءُ فَمُطِرْنَا" آسمان میں ابر و باد ظاہر ہوا اور ہمارے اوپر بارش ہوئی۔

هَیَّجَ تَهْیِیْجًا الشَّیُ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "هَیَّجَ بَیْنَهُمَا الشَّرَّ" اس نے ان دونوں کے درمیان شر و فساد کو بھڑکا دیا۔

هَایَجَهٗ ومُهَایَجَةً وهِیَاجًا: برانگیختہ کرنا اور لڑائی کرنا۔

اَهَاجَتْ اِهَاجَةً الرِّیْحُ النَّبْتَ: ہوا کا نباتات کو خشک کرنا۔

اَهْیَجَ اِهْیَاجًا الْاَرْضَ: سوکھی نباتات والی پانا۔

تَهَیَّجَ تَهَیُّجًا: برانگیختہ ہونا۔ بھڑکنا۔

تَهَایَجَ تَهَایُجًا الْقَوْمُ: باہم لڑائی کرنا۔

اِهْتَاجَ اِهْتِیَاجًا الشَّیُ: بھڑکنا۔

الْهَائِجُ: فا۔ جوش۔ غضب۔ کہا جاتا ہے "هَاجَ هَائِجُهٗ" اس کا غصہ بھڑک گیا "وَهَدَأَ هَائِجُهٗ" اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

الْهَائِجَة. الْهَائِج: کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَائِجَةٌ: خشک یا زرد شدہ گھاس والی زمین۔

الْهَیْج: مص۔ لڑائی۔ زردی۔ خشک شدگی۔ حرکت۔ تیز ہوا۔ کہا جاتا ہے "یَوْمُ هَیْجٍ" ہوا یا بادل بارش کا دن۔ جب بادل اوّل اوّل اٹھنا شروع ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاجَ لَهٗ هَیْجٌ حَسَنٌ"۔

شَیْءٌ هَیُوْجٌ ومِهْیَاجٌ: بھڑکی ہوئی چیز۔ مؤنث کیلئے بھی هَیُوْج: مستعمل ہے۔

الْهَاجَة: مینڈکی۔ ج هَاجَات.

الْهَیْجَا والْهَیْجَاء: لڑائی۔

هَادَهٗ یَهِیْدُهٗ هَیْدًا وهَادًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ غم زدہ کرنا۔ ہلانا۔ درست کرنا۔ زائل کرنا۔ منہدم کرنا۔ باز رکھنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَهِیْدُنِیْ ذٰلِکَ" یہ چیز مجھ کو برانگیختہ نہیں کرتی اور نہ اس کی میں پروا کرتا ہوں۔ بعض کا قول ہے کہ یَهِیْدُ کا استعمال حرفِ نفی کے ساتھ خاص ہے۔

هَیَّدَهٗ تَهْیِیْدًا: بمعنی هَادَهٗ (مذکورہ بالا معانی میں) هَیَّدَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَاهَیَّدَ عَنْ شَتْمِیْ" وہ مجھے گالی دینے سے نہ پیچھے ہٹا نہ رکا۔

الْهَاد: مص۔ اونٹ کی ڈانٹ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ هَادٌ" یعنی وہ ایسا ہے کہ نہ تو اسے منع کیا جا سکتا ہے نہ ڈانٹا جا سکتا ہے۔

الْهَیْد: مص۔ مضطرب و پریشان۔

الْهَیْدَانُ: بزدل۔ مضطرب۔ بیوقوف۔ بخیل۔

هَیَّرَهٗ فَتَهَیَّرَ هَوَّرَهٗ فَتَهَوَّرَ: میں ایک لغت۔

الْهَیَار: جو منہدم اور ساقط ہو۔

الْهَیْر والْهَیَر: بادِ شمالی۔ الْهَیْر والْهَیَرُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا نصف اول۔ رَجُلٌ هَیِّرٌ: لاپروائی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الْهَیْرَةُ: نرم زمین۔

رَجُلٌ هَیَّارٌ: کمزور مرد۔

الْهَیْرُوْن: ایک قسم کی کھجور۔ واحد هَیْرُوْنَة۔

هَاسَ یَهِیْسُ هَیْسًا الشَّیُ وَمِنَ الشَّیُ: بکثرت لینا......فُلَانٌ: تیز چلنا۔

الْاَهْیَس: بہادر۔ بہت کمانے والا۔ ......مِنَ الْاِبِلِ: کسی چیز سے نہ ڈرنے والا اونٹ۔

الْهَیْس: مص۔ جوتنے کے لئے بیلوں کی جوڑ اور بقول بعض اس کا کل سامان۔

هَاشَ یَهِیْشُ هَیْشًا الشَّیُ: خراب کرنا۔ بگاڑنا......الْقَوْمُ: جوش و حرکت میں آنا۔ کہا جاتا ہے "هِشْتُمْ عَلَیْنَا" تم ہم لوگوں کے اوپر جوش و حرکت میں آئے ...... فُلَانٌ: بہت بولنا......النَّاقَةَ: اونٹنی کو آہستہ آہستہ دوھنا......الْمَالَ: جمع کرنا......الرَّجُلُ: شاد ہونا۔

الْهَیْشَة: مخلوط جماعت۔ اضطراب۔ فتنہ ج هَیْشَات.

هَاضَ یَهِیْضُ هَیْضًا بِالشَّیُ: قے کرنا......عُنُقَهٗ: گردن توڑنا......الطَّیْرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

الْمَهَایِض: پرندہ کے بیٹ کرنے کی جگہ۔ واحد مَهِیْض.

الْهَیْض: پرندے کی بیٹ۔

هَاضَ یَهِیْضُ هَیْضًا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا......فُلَانَ الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑ دینا اور کہا جاتا ہے "تَمَاثَلَ الْمَرِیْضُ فَهَاضَهٗ کَذَا" مریض اُٹھ کھڑا ہوا تھا کہ اس کو فلاں چیز نے پھر دوبارہ مبتلاء مرض کر دیا......الْحُزْنُ قَلْبَهٗ: بار بار غم لاحق ہونا۔

هَاضَهٗ: توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا۔

هَیَّضَهٗ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ اُکسانا۔

تَهَیَّضَ تَهَیُّضًا وانْهَاضَ اِنْهِیَاضًا الْعَظْمُ: ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹنا۔ تَهَیَّضَهٗ الْمَرَضُ ونَحْوُهٗ: بیماری کا بار بار لوٹنا۔

مدہوش کر دینا۔ عقل کو مزین کر کے بہکانا۔

الهَاوِی: فا۔ نڈر۔ حرف الف کو بھی "هَاوِی" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ واؤ اور یا کے مخرج سے اس کا مخرج زیادہ وسیع ہے اور معنی ذُو الهَوَاء کے ہیں جیسے نَابِلٌ: بمعنی ذُو النَّبل والنَّاشِب: بمعنی ذُو النُّشَاب۔

الهَاوِیَة: فضا۔ بچہ گم کرنے والی عورت۔

هَاوِیَة: دوزخ۔ معرفہ اور غیر منصرف ہے اور کبھی الف لام بھی صفت کا لحاظ کر کے داخل کرتے ہیں۔

الهَوَاء: فضاء آسمانی۔ ج اَهْوِیَة: خالی چیز۔ بزدل۔ واحد اور جمع اس میں برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هَوَاء او هُم هَوَاء" وہ بزدل ہے یا وہ سب بزدل ہیں۔ الهَوَاء: ہر وہ چیز جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ جس کی وجہ سے چیز کی حفاظت نہ ہو سکے جیسے توشہ دان کہ جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ هَوَا: کا اطلاق ہر اس بہنے والی چیز پر بھی ہوتا ہے جس کو تم سونگھ سکو۔

الهِوَاء واللِّوَاء: کبھی نرمی اور کبھی سختی سے معاملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَهُ بِالهِوَاءِ واللِّوَاءِ" اس نے اس سے نرم گرم معاملہ کیا۔

الهَوَیٰ۔ هَوِیَ: کا مصدر۔ خواہش۔ عشق چاہے خیر ہو یا شر۔ محبوب و معشوق محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِتَّبَعَ هَوَاهُ" فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے۔ ایسا ہی "فُلَانٌ مِن اَهْلِ الاَهْوَاء" فلاں ان لوگوں میں سے ہے جو راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں۔

الهَوِی: مشتاق۔ شائق۔ مؤنث هَوِیَة۔

الهَوِیّ: کان میں سنسناہٹ۔ محبوب اور کہا جاتا ہے "مَضٰی هَوِیٌّ او هُوِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ "وَجَلَسْتُ عِنْدَهُ هَوِیًّا" میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا۔

الهُوِیَّة: گہرا کنواں ج هَوَایَا۔

الاَهْوٰی۔ هَوِی: کا اسم تفضیل۔ تم کہتے ہو "هٰذَا الشَّیءُ اَهْوٰی اِلَیَّ مِنْ کَذَا" یہ چیز میرے نزدیک فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے۔

الاُهْوِیَّة: فضاء آسمانی۔ گہرا گڑھا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی تَهْوَاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" یعنی رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

المَهْوٰی والمَهْوَاة: فضا۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا فاصلہ ج مَهَاوٍ۔

هَاءَ یَهِیءُ وهَیِئَ یَهَاءُ ویَهْیَاءُ وهَیُؤَ یَهْیُؤُ هَیْئَةً وهَیَاءَةً: خوش شکل ہونا۔ هَاءَ یَهَاءُ هَیْاَةً اِلَیْهِ: مشتاق ہونا (...... یَهَاءُ ویَهِیءُ هَیْاَةً لِلاَمْرِ) تیار ہونا۔

هَیَّأَهُ تَهْیِئَةً وتَهْیِئًا: درست کرنا۔ تیار ہونا۔

هَایَأَهُ مُهَایَأَةً فِي الاَمْرِ: موافقت کرنا۔ کبھی ہمزہ کو یاء سے تخفیفاً بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں "هَایَیْتُهُ مُهَایَاةً" کہا جاتا ہے "هَایَأَهُ فِي دَارِ کَذَا" یعنی کچھ مدت تک ایک رہا اور کچھ مدت تک دوسرا اور بقول بعض اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر ایک نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا۔

تَهَیَّأَ تَهَیُّؤًا لِلاَمْرِ: تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا...... الشَّيْءُ لِفُلَانٍ: قدرت دینا۔

تَهَایَأَ وتَهَایَؤُا عَلَى الاَمْرِ: باہم موافقت کرنا ...... عَلَى کَذَا: جمع ہونا۔

الهَيْءُ والهِيءُ: کھانے پینے کا بلاوا۔

الهَیْئَة والهِیْئَة: حالت۔ کیفیت۔ شکل صورت ج هَیْئَات۔ عِلْمُ الهَیْئَة: وہ علم جو اجرام سماویہ کے احوال سے بحث کرے۔

الهَيِّئُ والهَيِیءُ: خوش شکل۔

هَابَهُ یَهَابُهُ هَیْبًا وهَیْبَةً ومَهَابَةً: خوف کرنا۔ بچنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت فاعل هَائِبٌ وهَیُوبٌ وهَیُوبَةٌ وهَیَّابٌ وهَیِّبٌ وهَیَّبَان وهَیَّبَان وهَیَّابَةٌ اور مَهُوبٌ ومَهِیبٌ وهَیُوبٌ وهَیَّبَان اس کو کہتے ہیں جس سے لوگ ڈریں اور ایک لغت هَابَهُ یَهِیبُهُ: کی بھی ہے هَابَ الرَّجُلُ فُلَانًا: تعظیم و توقیر کرنا۔

هَیَّبَهُ تَهْیِیبًا اِلٰی فُلَانٍ: ہیبت دار بنانا۔ رعب دار بنانا۔

اَهَابَ اِهَابَةً الرَّاعِی بِغَنَمِهِ: بکریوں کو ٹھہرنے یا لوٹنے کے لئے چلانا...... بالاِبِلِ: اونٹوں کو "هَاب" کہہ کے ڈانٹنا...... بِالخَیْلِ: گھوڑے کو هَبْ یاهَبِی کہہ کے بلانا یا ڈانٹنا۔ اَهَابَ بِصَاحِبِهِ: پکارنا۔ بلانا۔

تَهَیَّبَهُ تَهَیُّبًا: خوف کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوف دلانا۔ کہا جاتا ہے "تَهَیَّبَنِی زَیْدٌ" زید نے مجھ کو خوف دلایا۔

اِهْتَابَ اِهْتِیَابًا: ڈرنا۔ خوف کرنا۔

الهَابُ: سانپ۔

الهَیْبَة: مص۔ خوف۔

الهَیَّبَان: لوگوں سے ڈرنے والا۔ بزدل۔ ہلکا۔ چرواہا۔ مٹی۔ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ بہت۔

الاَهْیَبُ: زیادہ رعب والا۔

مَکَانٌ مَهَابٌ ومَهُوبٌ: خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّیءُ مَهْیَبَةٌ لَکَ" یعنی یہ چیز تمہارے لئے ڈر کا باعث ہے۔

هَیَّتَ تَهْیِیتًا بِفُلَانٍ: چلانا۔ پکارنا۔

هَاتِ: اسم فعل بمعنی اَعْطِنِی کہا جاتا ہے "هَاتِ یا رَجُل وهَاتِی یَا اِمْرَأَةُ وهَاتِیَا یا رَجُلَانِ و یا اِمْرَأَتَانِ وهَاتُوا یا رِجَال وهَاتِینَ یا نِسَاءِ"۔

الهَیْت: بہت گہری زمین۔ کہا جاتا ہے "هَیْتَ وهَیْتُ لَکَ (بتثلیث التَّاء فِیهِمَا) بمعنی هَلُمَّ وتَعَالَ: یعنی آؤ حاضر ہو واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے جیسے هَیْتَ لَکُمَا وهَیْتَ لَکُم وهَیْتَ لَکُنَّ۔

هَاثَ یَهِیثُ هَیْثًا وهَیَثَانًا لِفُلَانٍ: تھوڑا سا دینا...... مِنَ المَالِ: ضرورت کے مطابق پانا...... فِی الشَّیءِ: فساد ڈالنا اور ایسا ہی هَاثَ الذِّئْبُ فِی الغَنَمِ: بھیڑیئے نے بکریوں

کوھَوْمُ الْمَجُوْسُ: اس وجہ سے کہتے ہیں کہ آتش پرست اس کو عبادت کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے بہت منافع بیان کرتے ہیں۔

الھَامَة: ہر چیز کا سرا۔ دھڑ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ سردارِ قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔ ج ھَام وھَامَاتٌ. الھَامَة: ایک چھوٹی قسم کا اُلو جس کو "الصدی" بھی کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا ھَامَةُ الْیَوْم او غَدٍ" یعنی وہ آج یا کل مر جائے گا "واَصْبَحَ فُلاَنٌ ھَامَةً" فلاں مر گیا۔ بَنَاتُ الْھَام: دماغ کا مغز۔

الھِیْم: ریگستان جو کبھی سیراب نہ ہوتے ہوں۔ قَوْمٌ ھِیْمٌ: پیاسے لوگ۔

الھَوْمَاة والھَوْمَة: بے آب وگیاہ میدان۔

الھَوَّام: شیر۔

الاَھْوَم: بڑے سر والا۔

ھَانَ یَھُوْنُ ھَوْنًا الْاَمْرُ عَلٰی فُلاَنٍ: نرم و آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُنْ عِنْدِی الْیَوْمَ" یعنی آج میرے پاس اقامت کرو اور آرام کرو۔

ھَانَ یَھُوْنُ ھُوْنًا وَمَھَانًا وَمَھَانَةً الرَّجُلُ: ذلیل وحقیر ہونا۔ کمزور اور مسکین ہونا۔

ھَوَّنَ تَھْوِیْنًا عَلَیْہِ الْاَمْرَ: نرم و ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھَوِّنْ عَلَیْکَ" کوئی پروانہ کر۔ ھَوَّنَ الشَّیْءَ: ہیچ سمجھنا۔

ھَاوَنَ مُھَاوَنَة۔ نَفْسَہٗ: نرمی کرنا۔

اَھَانَة اِھَانَةً: حقیر و ہیچ سمجھنا۔

تَھَاوَنَ بِہٖ تَھَاوُنًا واسْتَھَانَ بِہٖ اِسْتِھَانَةً: حقیر سمجھنا۔ استہزاء کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔

اِھْوَانَّتْ اِھْوِنَانًا الْمَفَازَةُ: بیابان کا وسعت کے ساتھ پست ہونا۔

الھَاوَن والھَاوُن والھَاوُوْن: دوا وغیرہ کو کُٹنے کا ہاون ج ھَوَاوِیْن.

الھَوْن: مص۔ سکون و وقار۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی ھَوْنِکَ" یعنی اپنی روش پر چلو۔ "وَھٰذَا شَیْءٌ ھَوْنٌ" یہ حقیر چیز ہے "اَحْبِبْ حَبِیْبَکَ ھَوْنًا مَّا" اپنے دوست سے دوستی کرو جس میں افراط نہ ہو۔

الھُوْن: مص۔ رسوائی۔ قرآن میں ہے "فَاَخَذَتْھُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْھُوْنِ" مخلوق۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْھُوْنِ ھُوَ" مجھے نہیں معلوم وہ کون مخلوق ہے۔

الھُوْنَة: تسکین۔ صلح ج ھُوَن (...... والھُوْنَة) آہستگی سے کام کرنے والی عورت۔

الھِیْنَة: اسم نوع۔ سکون۔ وقار۔ کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلٰی ھِیْنَتِکَ: نرمی سے چلو۔

الھُوَیْنَا: نرمی و ملائمت اور یہ ھُوْنٰی کی تصغیر ہے اور ھُوْنٰی اَھْوَن کی تانیث ہے۔

الھَیِّن والھَیْن: نرم۔ کمزور۔ ذلیل۔ آہستہ کار۔ ج اَھْوِنَاء وھَیِّنُوْنَ وھَیْنُوْنَ و مؤنث ھَیِّنَةٌ وھَیْنَةٌ ج ھَیِّنَاتٌ وھَیْنَاتٌ.

الاَھْوَن: اسم تفضیل۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَھْوَنُ عَلَیْہِ" وہ اس پر آسان ہے۔

الْمُھْوَئِنُّ والْمُھْوَانُّ: دور جگہ یا پست ہموار زمین ج مُھْوَئِنَّات.

المِھْوَان: بہت نرم۔ ج مَھَاوِیْن.

المَھَانَة: رسوائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِیْہِ مَھَانَةٌ" کمزور و ذلیل مرد۔

تَھَوَّہَ الرَّجُلُ: دردمند ہونا۔

الھُوْھَة والھَوَاھِیَة: بزدل۔

الھَوَاھِی: واہی تباہی باتیں۔

الھَوْھَاءَة: بیوقوف (...... والھُوْھَا) کنواں جس میں اُترنے والے کیلئے کوئی سہارا نہ ہو۔

رَجُلٌ ھَوْھَاةٌ: کمزور دل۔ بیوقوف۔

الھَوُّ: جانب۔ کنارہ۔ روشندان۔

الھُوَّة: پست زمین۔ گہرا گڑھا۔ فضاء آسمانی۔ ج ھُوًی وھُوٌّ وھُوِیٌّ.

الھُوَّاءَة: پست زمین۔ گہرا گڑھا۔

ھَوَتْ تَھْوِیْ ھُوِیًّا الطَّعْنَةُ: نیزے کے زخم کا چوڑا ہونا..... العُقَابُ: عقاب کا شکار وغیرہ پر ٹوٹ پڑنا [illegible] اوپر چڑھنا اور بلند ہونا ..... [illegible] ہوا کا چلنا ..... [illegible] ہوا کیھا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ ھَوَی الرَّجُلُ: مرنا ..... فِی السَّیْرِ: گزرنا ..... فِی الْاَرْضِ: جانا۔

ھَوٰی یَھْوِیْ ھَوِیًّا وھُوِیًّا وھَوَیَانًا الشَّیْءُ: اُوپر سے نیچے گرنا۔ بلند ہونا اور چڑھنا اور کہا گیا ہے کہ الھَوِیُّ بفتح الھاء ارتفاع کیلئے اور الھُوِیُّ انحدار کیلئے۔ ھَوَتْ اُمُّہٗ: ہلاک ہونا اور بقول بعض لڑکا کم کرنا۔ صفت ھَاوِیَة.

ھَوٰی یَھْوِیْ ھُوَّةً الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔

ھَوَتْ تَھْوِیْ ھَوِیًّا الاُذُنُ: کان کا سننا۔

ھَوِیَہٗ یَھْوَاہُ ھَوًی: محبت کرنا۔ خواہش کرنا۔ صفت ھَوٍ.

ھَاوَاہُ مُھَاوَاةً وھِوَاءً: مدارات کرنا۔

ھَاوٰی فُلاَنٌ: تیز چلنا۔

اَھْوٰی اِھْوَاءً۔ الشَّیْءُ: گرنا۔ اَھْوَتْ بِیَدِہٖ لَہٗ: ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا اور کہا جاتا ہے "اَھْوٰی اِلَیْہِ بِیَدِہٖ لِیَاْخُذَہٗ" اس نے پکڑنے کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا اور بعض لوگوں کے نزدیک باء زائدہ ہے اور اس کی اصل "اَھْوٰی یَدَہٗ اِلَیْہِ" ہے۔ یعنی اس نے اس کی طرف ہاتھ جھکا دیا اور کہا گیا ہے "اَھْوَیْتُ بِالشَّیْءِ" یعنی میں نے اس کا اشارہ کیا۔ "وَاَھْوَیْتُ لَہٗ بِالسَّیْفِ فَاَطَرْتُ اَرْنَبَةَ اَنْفِہٖ" یعنی میں نے اس کی طرف تلوار سے اشارہ کیا اور اس کی ناک کا بانسا اڑا دیا۔ اَھْوَتِ الْعُقَابُ: عقاب کا شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ اَھْوَی الشَّیْءَ: اوپر سے گرانا۔

تَھَاوَی القَوْمُ فِی الْمَھْوَاةِ: بعض کا بعض کے پیچھے گڑھے میں گرنا۔ تَھَاوَی الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

اِھْتَوٰی اِھْتِوَاءً۔ اِلَیْہِ بِشَیْءٍ: اشارہ کرنا۔

اِنْھَوٰی اِنْھِوَاءً الشَّیْءُ: اوپر سے نیچے گرنا۔

اِسْتَھْوَاہُ اِسْتِھْوَاءً: سرگشتہ وحیران بنا دینا۔

اضطراب۔ ج هَوْشَات اور کہا جاتا ہے "إِيَّاكُمْ وَهَوْشَاتِ اللَّيْلِ" اپنے آپ کو رات کے حوادث اور مکروہات سے بچاؤ۔ "وَاتَّقُوْا هَوْشَاتِ السُّوْقِ" اس سے بچو کہ بازار میں کوئی تمہارے ساتھ حیلہ کر کے تمہارا مال چرا لے۔

الهُوَاشَات: لوگوں کی جماعتیں۔ اونٹوں کے ریوڑ۔ مال حلال وحرام جمع کیا ہوا۔

الهَوِيْشَة: مخلوط جماعت۔

التَّهَاوِش: مال حرام۔

المَهَاوِش: حرام طریقہ سے جمع کیا ہوا مال۔

هَاعَ يَهَاعُ هَوْعًا: سبک ہونا اور گھبرانا...... **القَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ**: ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا (...... **يَهَاعُ وَيَهُوعُ هَوْعًا**) **الرَّجُلُ**: بغیر تکلف کے قے کرنا۔ اسم **الهَوْعُ والهُوَاعُ والهَيْعُوْعَة**.

هَوَّعَ تَهْوِيْعًا الرَّجُلَ مَا أَكَلَهُ: قے کرا دینا اور تہدید کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَأُهَوِّعَنَّهُ مَا أَكَلَهُ" جو کچھ اُس نے کھایا پیا ہے اس کے حلق سے نکال لوں گا۔

تَهَوَّعَ تَهَوُّعًا: تکلف سے قے کرنا۔ خون کی قے کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَوَّعَ القَيْءَ" اس نے بتکلف قے کی۔ "وَتَهَوَّعَ نَفْسَهُ" اس نے اپنے نفس کی قے کی گویا کہ وہ اسے نکال رہا ہے۔

الهُوَاعُ والهُوَاعَة: قے۔ **الهُوَاعُ**: مادہ ذی تعدد ج **هُوَاعَات وَأَهْوِعَة**.

الهَاعُ: حریص۔ لالچی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ وَهَاعٌ" یعنی لالچی مرد (اور یہ هَائِع کا مقلوب ہے)

الهَوْعُ: مص۔ بدترین قسم کا لالچ۔

الهَوْعُ والهُوْعُ: دشمنی۔

المِهْوَعُ والمِهْوَاعُ: لڑائی میں چلانے والا۔

الهَوْغُ: بہت چیز۔

الهَوْفُ والهُوْفُ: گرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔

الهُوْفُ: خیر وبرکت سے خالی مرد۔ بیوقوف مرد۔

الهَوْفَلَة: جماعت۔ گروہ۔

هَوِكَ يَهْوَكُ هَوَكًا: احمق ہونا۔ صفت **هَوِكٌ**.

هَوَّكَ تَهْوِيْكًا: گڑھا کھودنا۔ **هَوَّكَهُ**: بیوقوف بنانا۔

تَهَوَّكَ تَهَوُّكًا وَانْهَاكَ اِنْهِيَاكًا: حیران ہونا اور لاپروائی اور بے فکری کی وجہ سے مشکل میں پھنسنا۔ مضطرب القول ہونا۔

الهَوْكُ والهَوِكُ والأَهْوَكُ والهُوَكُ والبُهْكُوْك: بیوقوف جس میں تھوڑی سی بھی عقل ہو۔

الهَوَكُ: مص۔ تھوڑی عقل کے ساتھ بیوقوفی۔

الهُوْكَة: گڑھا۔

الهَوَّاك: حیران وسرگشتہ۔

الهَوَّاكَة. **هَوَّاك**: کا مؤنث۔ **أَرْضٌ هَوَّاكَةٌ وَهَوِكَة**: زمین شور۔

الأَهْوَكَاء: متحیر لوگ۔

المُتَهَوِّك: حیران۔ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا۔

هَالَ يَهُوْلُ هَوْلًا الأَمْرُ فُلَانًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔

هِيْلَ هَوْلًا السَّكْرَانُ: حالتِ نشہ میں مختلف قسم کے رنگ دیکھ کر گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "هِلْتُ مِنْهُ" میں اس سے گھبرایا۔

هَوَّلَهُ تَهْوِيْلًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ **هَوَّلَتِ المَرْأَةُ**: لباس اور زیورات سے مزین ہونا۔ **هَوَّلَ الأَمْرَ**: بُرا دکھانا...... **عِنْدَى الأَمْرَ**: خوفناک بنانا...... **القَوْمُ عَلَى الرَّجُلِ بِكَذَا**: گھبرا دینا...... **عَلَى الرَّجُلِ**: حملہ کرنا۔

تَهَوَّلَ تَهَوُّلًا الرَّجُلُ: خوفناک ہونا...... **مَالَهُ**: نظر بد لگانے کا ارادہ کرنا۔

اِهْتَالَ اِهْتِيَالًا: گھبرانا۔ تم کہتے ہو "هِلْتُهُ فَاهْتَالَ" میں نے اس کو گھبراہٹ میں ڈالا وہ گھبرا گیا۔

اِسْتَهَالَ يَسْتَهِيْلُ فُلَانٌ الأَمْرَ: خوفناک پانا۔ بعض لوگ "يَسْتَهْوِلُهُ" کہتے ہیں مگر جید لغت "يَسْتَهِيْلُهُ" ہی ہے۔

الهَائِل: گھبراہٹ میں ڈالنے والا۔ مِنَ الأُمُوْرِ: خوفناک۔ تاکید کے لئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ هَائِلٌ" مانند "لَيْلٌ لَائِلٌ" کے۔

الهَال: سراب۔

الهَوْل: مص۔ خوف۔ ج **أَهْوَال وهُؤُوْل**.

أَبُو الهَوْل: ایک شاعر کا نام۔ اہرامِ مصر کے قریب ایک مجسمہ۔

الهَالَة: چاند کا کنڈل۔

الهُوْلَة: خوف دلانے کی آگ۔ اس کی صورت یہ ہوا کرتی تھی کہ کسی کنوئیں میں آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک اور گندھک ڈالتے تھے جب آگ بھڑک جاتی اور نمک چٹخنے لگتا تو اس شخص سے جس کو قسم کھلائی ہوتی تھی اور وہ پہلے سے وہیں موجود ہوتا تھا کہا جاتا کہ یہ آگ تجھ کو دھمکا رہی ہے اور وہ قسم کھانے سے اعراض کرتا۔ وہ چیز جس سے بچہ کو ڈرایا جائے۔ تعجب۔

الهِيْلَة: کسی کام کا خوف۔

التَّهَاوِيْل: سرخ زرد۔ سبز مختلف قسم کے رنگ۔ تصاویر اور زیورات کی زینت۔ واحد **تَهْوِيْلٌ**. **تَهَاوِيْلُ الرَّبِيْعِ**: موسم بہار کے مختلف رنگ کے پھول۔

التَّهْوِيْل: مص۔ ڈرانے کی چیز۔

المَهَال والمَهِيْل: خوفناک جگہ۔

المُهُوْل: خوفناک۔

المُهَوِّل: فا اور تاکید کے لئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ مُهَوِّلٌ".

المُهَوِّل: قسم کھلانے والا۔

هَوَّمَ تَهْوِيْمًا وَتَهَوَّمَ تَهَوُّمًا: اُونگھ کی وجہ سے سر جھکانا۔ تھوڑا سا سونا۔

الهُوَام: سخت پیاس۔

الهَوْم: پست زمین۔ ہلکی نیند۔ **هَوْمُ المَجُوْسِ**: چنبیلی کے مانند ایک پودہ۔ اس

اور کبھی اس پر ھاء تنبیہ داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "ھَاھُوَذَا".

الھَاذَۃ: ایک قسم کا درخت ج ھَاذ.

الھَوْذَۃ: سنگ خوار پرندہ ج ھَوْذ.

الیَھُوْذِیُّ: یہودی۔

ھَارَ یَھُوْرُ ھَوْرًا فُلَانًا بِالْاَمْرِ: تہمت لگانا ...... ہٗ بِکَذَا: گمان کرنا۔ خیال کرنا ...... ہٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا ...... ہٗ عَلَی الشَّیْءِ: برانگیختہ کرنا ...... فُلَانًا: دھوکا۔ پچھاڑنا ...... الشَّیْءَ: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا ...... البِنَاءَ: عمارت ڈھانا ...... البِنَاءُ: عمارت منہدم ہونا۔ شکستہ و ویران ہونا (...... ھَوْرًا وھُؤُوْرًا) البِنَاءُ: عمارت کا پھٹ جانا۔ صفت ھَائِر اور ھَار بھی کہا جاتا ہے جیسا "شَائِکُ السِّلَاحِ" میں شَاکِی السِّلَاحِ.

ھَوَّرَہٗ تَھْوِیْرًا: پچھاڑنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔

تَھَوَّرَ تَھَوُّرًا وتَھَیَّرَ تَھَیُّرًا البِنَاءُ: عمارت کا منہدم ہونا۔ گرنا ...... الرَّجُلُ: لاپروائی سے کسی کام میں گھس پڑنا ...... الوَغْکُ النَّاسَ: بخار پھیل جانا ...... اللَّیْلُ: گزر جانا یا اکثر حصہ گزر جانا ...... الشِّتَاءُ: جاڑے کا قریب قریب ختم ہونا۔

اِنْھَارَ اِنْھِیَارًا البِنَاءُ: عمارت شکستہ و ویران ہونا۔ گرنا ...... الخَرْقُ: پھٹنا اور گرنا۔

اِھْتَوَرَ اِھْتِوَارًا الشَّیْءُ: ہلاک ہونا۔

الھَوْر: مص۔ چھوٹا سمندر جس میں ندی نالوں کا پانی آ جانے سے وسعت پیدا ہو جائے ج اَھْوَار.

الھَوْر: بکریوں کا ریوڑ اس وجہ سے کہ وہ بھی کثرت کی وجہ سے ایک دوسرے پر گرتی ہیں۔ خَرْقٌ ھَوْرٌ: کشادہ پھٹن۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ ھَارٍ وھَارٌ: زمانہ کی سختی کی وجہ سے کمزور مرد۔

الھَوَارَۃ: ہلاکت۔

الھَوْرَۃ: ہلاکت کی جگہ ج ھَوْرَات.

الھُوْرَۃ: تہمت اور گمان اور یہ ھَارَۃ کا اسم ہے۔

الھَیَّار: کمزور۔

الھَیِّر: بے باکی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

التَّیْھُوْر: ریت کے تودہ سے گری ہوئی ریت۔ پست زمین۔

ھَوَّزَ تَھْوِیْزًا: مرنا۔

الھُوْز: آفرینش پیدائش۔ تم کہتے ہو "مَافِی الھُوْزِ مِثْلُکَ" مخلوق میں تمہارے مانند کوئی نہیں۔ "وَمَا اَدْرِیْ اَیُّ الھُوْزِ ھُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون مخلوق ہے۔

ھَوَّز: حساب جمل کے حروف کا دوسرا مجموعہ۔

الاَھْوَاز: بصرہ اور فارس کے درمیان کا ایک علاقہ جو نو آبادیوں پر مشتمل ہے ہر آبادی کا علیحدہ علیحدہ نام ہے اور ان سب کے مجموعہ کو اَھْوَاز کہتے ہیں اور ان آبادیوں میں سے ایک کو ھُوْز نہیں کہتے۔

الھَوْزَب: گدھ۔ مضبوط و قوی اونٹ۔

الھَوْزَن: غبار۔

ھَاسَ یَھُوْسُ ھَوْسًا الشَّیْءَ: کوٹنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَلَ عَلَی العَسْکَرِ فَدَاسَھُمْ وَھَاسَھُمْ" اس نے لشکر پر حملہ کیا اور ان کو تتر بتر کر دیا ...... بِاللَّیْلِ: رات میں گھومنا پھرنا ...... الطَّعَامَ: بہت کھانا ...... الاِبِلُ: اونٹوں کو آہستہ ہانکنا ...... الرَّجُلُ: زمین پر سخت ٹیک لگاتے ہوئے چلنا ...... الذِّئْبُ فِی الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی پھیلا دینا ...... حَوْلَ الشَّیْءِ: ارد گرد گھومنا۔

ھَوِسَ یَھْوَسُ ھَوَسًا القَوْمُ: حیرت و اضطراب میں پڑنا ...... فُلَانٌ: ہوس والا ہونا (دیکھئے لفظ ھوس)

ھَوَّسَہٗ: ہوس پر ابھارنا۔ کوٹنا۔

تَھَوَّسَ: ہوس والا ہونا۔ نرم زمین میں سخت چال چلنا۔

الھَوَس: مص۔ جنون کی ایک قسم۔ ہلکی عقل اور کہا جاتا ہے "بِرَأْسِہٖ ھَوَسٌ" اس کے سر میں چکر ہے۔

الھَوَّاس والھَوَّاسَۃ: رات میں گھومنے والا شیر۔ تجربہ کار بہادر۔ رَجُلٌ ھَوَّاسٌ: بہت کھانے والا مرد۔

الھَوِیْس: فکر۔ وہ چیز جس کو تم اپنے دل میں چھپاؤ۔

الاَھْوَس: ہوس والا۔ بہت کھانے والا مؤنث ھَوْسیٰ: کہا جاتا ہے "النَّاسُ ھَوْسیٰ والزَّمَانُ اَھْوَسُ" یعنی لوگ زمانہ کی لذیذ اور پاکیزہ چیزوں کو کھاتے ہیں اور زمانہ لوگوں کو کھا جاتا ہے۔

المُھَوَّس: مفع۔ رَجُلٌ مُھَوَّسٌ: خود بخود باتیں کرنے والا۔

ھَاشَ یَھُوْشُ ھَوْشًا المَالَ: حرام طریقہ سے جمع کرنا ...... القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ قوم کے درمیان فتنہ واقع ہونا ...... اَھْلُ الحَرْبِ بَعْضُھُمْ اِلٰی بَعْضِھِمْ: بعض کا بعض کی طرف اٹھنا ...... ھَاشَتِ الخَیْلُ فِی الغَارَۃِ: بدکنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔ صفت ھَوَائِش.

ھَوِشَ یَھْوَشُ ھَوَشًا: مضطرب ہونا اور بقول بعض لاغری کی وجہ سے چھوٹے پیٹ والا ہونا ...... القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

ھَوَّشَ تَھْوِیْشًا الشَّیْءَ: ملانا۔ ھَوَّشَتِ الرِّیْحُ بِالغُبَارِ: ہوا کا طرح طرح کا غبار اڑا کے لانا ...... القَوْمَ: فتنہ اور اختلاف ڈالنا ...... الشَّیْءَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

ھَاوَشَھُمْ مُھَاوَشَۃً: باہم ملنا۔

تَھَوَّشَ القَوْمُ تَھَوُّشًا وتَھَاوَشُوْا تَھَاوُشًا: ملنا۔ تَھَوَّشُوْا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔

الھَائِش: فا۔ ھَوْش کی تاکید میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالھَوْشِ الھَائِشِ" وہ بہت تعداد میں لایا۔

الھَوْش: مص۔ پیٹ کا خالی ہونا۔ عدد کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالھَوْشِ والبَوْشِ" وہ لوگوں کی بڑی جماعت لے کر آیا۔

الھَوْشَۃ: اسم مرۃ۔ مخلوط جماعت۔ فتنہ و

وفهي" اور لام کے بعد جیسے "إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْحَقُّ" مگر یہ قلیل ہے اور کبھی اشعار میں ہمزہ استفہام کے بعد بھی ساکن ہوتا ہے۔

الهُوِيَّة: چیز یا شخص کی حقیقت جو صفات جوہری پر مشتمل ہو اور یہ هُـــو کی جانب منسوب ہے۔

الهُوهُوَ: لفظ ہے جو مرکب ہے هُوَ: مکرر سے اس کو اسم معرف بنالیا گیا ہے۔ اور اس کے معنی اتحاد بالذات کے ہیں۔

هَاءَ يَهُوءُ هَوْءً بِنَفْسِهِ إِلَى الْمَعَالِي: بلند کرنا۔ هَاءَهُ بِخَيْرٍ أَوْ شَرٍّ وَهَاءَ بِهِ خَيْرًا أَوْ شَرًّا: گمان کرنا یا تہمت لگانا۔ "هَاءَ بِفُلَانٍ" خوش ہونا اور کہا جاتا ہے "هَاءَ هَيْئَةً حَسَنَةً" وہ اچھی شکل و صورت پر ہوگیا۔

هَوِيَ يَهْوَأُ هَوَأً إِلَيْهِ: ارادہ کرنا۔

هَاءَ: کلمہ اجابت ہے۔ مبنی بر فتحہ ہے۔ کہا جاتا ہے "هَاءَ يَا رَجُلُ بكسر الهمزه" یعنی لاؤ اور اس میں هَاتِ: کی گردان جیسی گردان ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هَاءِ هَائِيَا هَاؤُوا هَائِي هَائِيَا هَائِينَ" همزه هَاتِ کی تا کے قائم مقام ہے اور جب تم هَاءَ يَا رَجُلُ فتح همزہ کے ساتھ کہو گے تو اس وقت اس کے معنی میں ہوں گے۔ اے مرد لے۔ مذکر کی صورت میں "هَاءَ هَاؤُمَا هَاؤُم" اور مؤنث کی صورت میں هَاءِ: کسرہ کے ساتھ بغیر یاء کے اور هَاؤُ هَاؤُنَّ اور تم کہہ سکتے ہو هَاكَ هَاكُمَا هَاكُمْ هَاكِ هَاكُمَا هَاكُنَّ: کاف همزہ کے قائم مقام ہے۔

الهَوْءِ: مص۔ ہمت۔ رائی صائب، ارادہ۔ گمان۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ كَذَا فِي هَوْئِي أَوْ هُوْئِي" میرے گمان میں ایسا واقع ہوا۔

الهَـــوْب: دوری۔ بکواس کرنے والا۔ بیوقوف۔ آگ کی بھڑک۔

الهَوْبَر: سوسن یا سرخ سوسن۔ چیتا۔ بہت بالوں والا بندر۔

نَاقَةٌ مُهَوْبَرَةٌ: بہت گوشت والی اونٹنی۔

أُذُنٌ مَهْوْبَرَةٌ وَمُهَوْبَرَةٌ: کان جس پر بال یا اُون ہو۔

هَوَّتَ بِهِ تَهْوِيتًا: چلانا...... فُلَانٌ: پست زمین میں آنا۔

الهُوتَةُ والهَوْتَةُ: پست زمین۔ ڈھلوان راستہ جو پانی کی طرف جاتا ہو۔ ج هُوَت.

الهَوْتَةُ: پیاس۔

هَوِجَ يَهْوَجُ هَوَجًا: لمبا بیوقوف۔ جلد باز ہونا۔ صفت أَهْوَج.

أَهْوَجَهُ: لمبا بیوقوف جلد باز پانا۔

تَهَوَّجَ الْحَرُّ: شدت سے گرمی پڑنا۔

الهَـــوْجَاء. الأَهْوَج: کا مؤنث۔ تیز رفتار اونٹنی (اونٹ کو اَهْوَج نہیں کہتے) الهَوْجَاء مِنَ الرِّيَاحِ: تیز آندھی ج هُوج کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِهَا هُوجُ الرِّيَاحِ" تیز آندھیوں نے اس کے ساتھ کھیل کود کیا۔

ضَرْبَةٌ هَوْجَاء: ایسی مار جس کا اثر جوف تک ہو۔

الأَهْـــوَج: بہادر جنگ آزمودہ اور کہا جاتا ہے "هُوَ أَهْوَجُ الطُّولِ" وہ بہت لمبا ہے۔

هَوْجَلَ. الرَّجُلُ: تھوڑا سا سونا۔ بے نشان راستہ پر چلنا۔

الهَوْجَل: بے نشان دور کا بیابان، بے نشان راستہ، ایسی زمین جس میں کچھ پتہ نہ چلے سست، بیوقوف، بدکار عورت، لمبی رات، اونگھ کا بقیہ، کشتی کا لنگر، ماہر رہبر، سست رفتاری اور کہا جاتا ہے "مَشْيٌ هَوْجَلٌ" ڈھیلی ڈھالی چال۔

هَادَ يَهُودُ هَوْدًا: توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَادَ الْمُذْنِبُ إِلَى اللّٰهِ" گنہگار نے توبہ کی۔ صفت هَـــائِد. ج هُـــوْد...... فُلَانٌ: یہودی بننا (...... تَهْوَادًا) نرم آواز سے بولنا...... فِي الْمَنْطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

هَوَّدَ تَهْوِيدًا: نرمی سے گلے میں آواز پھرانا۔ گانا۔ آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کے چلنا۔ کوہان کا گوشت کھانا...... فُلَانًا: یہودی بنانا۔ طرب میں ڈالنا۔ کھیل کود میں ڈالنا...... الشَّرَابُ فُلَانًا: مست کرنا...... فُلَانٌ فِي الْمَنْطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا...... فِي السَّيْرِ: دیر کرنا۔ هَوَّدَ: سونا۔

هَاوَدَهُ مُهَاوَدَةً: ایک دوسرے کو مائل کرنا۔ صلح کرنا۔ باہم وعدہ کرنا۔

تَهَوَّدَ تَهَوُّدًا: توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ یہودی ہونا...... فِي الْمَنْطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

الهَوَادَة: نرمی۔ وہ چیز جس سے قوم کے درمیان بھلائی کی امید کی جائے۔ تخفیف و سہولت۔ میلان اور اسی سے ہے "لَا بُعَثَنَّكَ إِلَى رَجُلٍ لَا تَأْخُذُهُ فِيكَ هَوَادَةٌ" میں تم کو ایسے شخص کے پاس بھیجوں گا جس کو تمہارے بارے میں کوئی میلان نہ ہوگا۔

الهُوْد: یہود...... هَائِد: کی جمع۔

هُـــوْد: ایک نبی (علیہ السلام) کا اسم گرامی۔ وَقَوْمُ هُوْدٍ: قوم عاد۔

الهَوْدَة والهُوْدَة: کوہان ج هُوَد.

التَّهْوِيْد: مص۔ ریت میں ہوا کی سائیں سائیں کی آواز۔

التَّهْوِيـــد والتَّهْـــوَاد: کمزور و نرم آواز۔

التَّهْوَاد: نرمی و ملائمت۔

يَهُـــوْدُ: یہودی۔ علمیت اور وزن فعل کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور اس پر الف لام داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے اليَهُوْد.

اليَهُوْدِيُّ. اليهود: کا واحد۔

اليَهُـــوْدِيَّة: یہودن۔ بیت المقدس اور اس کے ارد گرد کا علاقہ۔

المُهَاوَدَة: مص۔ مراجعت۔

الـــمُهَـــوِّد: فا۔ کھیل کود طرب میں ڈالنے والا۔

أَهْوَد: پیر کا دن۔ دوشنبہ۔

الهَوْدَج: ہودہ ج هَوَادِج.

الهَوْدَع: شتر مرغ۔ واحد هَوْدَعة.

الهَوْدَک: موٹا۔ هَوْدَکَة.

هُـــوَذَا. هُوَ: مبتدا اور ذا خبر سے مرکب ہے

پر استعمال ہونے لگا جیسے زید عمرو مَردوں کے لئے ج هُنُوْد وهِنْدَات. والهِنْد: ہندوستانی ملک کو بھی ہند کہتے ہیں اور نسبت کے لئے هِنْدِیْ. ج هُنُوْدٌ: اور بسا اوقات امریکہ کے اصلی باشندوں کو بھی هُنُوْدٌ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "لَقِیَ هِنْدَ الْاَحَامِسِ" یعنی وہ مرگیا۔

الهِنْدُوَانِیُّ والهُنْدُوَانِیُّ: ہند کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "سَیْفٌ هِنْدُوَانِیٌّ" ہندی تلوار (اور یہ نسبت شاذہ ہے)

الاَهَانِد والهَنَادِک: ہندوستان کے مرد۔

المُهَنَّد: ہندوستانی لوہے کی تلوار۔

الهِنْدَب والهِنْدَبَاء والهِنْدِبَا والهِنْدِبَاء: کاسنی۔

الهِنْدَبَاة والهِنْدِبَاة: ہندبا کا واحد۔

الهِنْدَاز: حد و قیاس۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ بِلَا هِنْدَازٍ وَلَاحِسَابٍ" اس نے اسے بلا اندازہ اور حساب کے دیا۔ (دخیل)

الهِنْدَازَة: گز۔

المُهَنْدِز: انجینئر۔

هَنْدَسَ هَنْدَسَةً: عمارت کا اندازہ کرنا اور نقشہ بنانا۔

الهِنْدِس مِنَ الرِّجَالِ: تجربہ کار۔ دُور اندیش۔

الهَنْدَسَة: مص۔ حد و قیاس اور اس کی اصل اندازہ فارسی زبان کا لفظ ہے۔ جامیٹری۔

هُنْدُوْس الاَمْرِ: کام کا جاننے والا۔ ج هَنَادِسَة.

المُهَنْدِس: انجینئر۔ جامیٹری کا جاننے والا۔

الهَنَادِک: ہندوستان کے مرد (کاف تحقیر کے لئے ہے) واحد هِنْدِکیٌّ.

الهَنْدَلِیْق: بہت باتونی مرد۔

هَنْدَمَ الشَّیْءَ: بقدر تناسب ترتیب دینا۔ مضبوط کرنا...... العُوْدَ وَغَیْرَهٗ: اندازہ سے درست کرنا۔

الهِنْدَام: قد کی خوبصورتی اور اعتدال۔

هَنَعَ (ف) هَنْعًا الشَّیْءَ: موڑنا۔ دُہرا کرنا ...... لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ صفت هَانِعٌ ج هُنَّعٌ.

هَنِعَ (س) هَنَعًا: پست گردن اور جھکے ہوئے قد والا ہونا۔ صفت اَهْنَع.

اِسْتَهْنَعَ الرَّجُلُ: جواب سے عاجز ہونا۔

الهُنَاع: ایک قسم کی بیماری جو آدمی کی گردن میں ہوتی ہے۔

الهَنَع: قد کا جھکاؤ۔ اونٹ کے گردن کا جھکاؤ۔

الهَنْعَاء. اَهْنَع کا مؤنث۔ نَعَامَةٌ هَنْعَاءُ: پیچیدہ گردن کا شتر مرغ۔ اَكَمَةٌ هَنْعَاءُ: چھوٹا ٹیلہ۔

الهَنْعَة. هَنَع: کا اسم مرۃ: اونٹ کی گردن کی جڑ کا داغ۔ چاند کی ایک منزل جو صف بستہ پانچ ستاروں پر مشتمل ہے اور جَوْزَاء کے بائیں جانب واقع ہے۔

الاَهْنَع: جھکے ہوئے قد والا۔ زمین پر اِدھر اُدھر مائل ہونے والا۔

هَنَفَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ تیز چلنا۔

هَانَفَتْ مُهَانَفَةً وهِنَافًا الْمَرْاَةُ خَاصَّةً: مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا۔ هَانَفَ فُلَانٌ صَاحِبَهٗ: باہم کھیل کود کرنا۔

اَهْنَفَ: مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا...... الصَّبِیُّ: بچے کا رُوانسا ہونا۔

تَهَنَّفَ: رونا۔

اَهْنَفَتِ الْمَرْاَةُ: بمعنی هَانَفَتْ.

تَهَانَفَ: مخول سے ہنسنا...... الصَّبِیُّ: بچے کا روانسا ہونا۔ تَهَانَفَ بِهٖ: تعجب کرنا۔

الهُنُوْف: مسکراہٹ سے کچھ زیادہ ہنسی۔

الهَنَق: بے آرامی۔ بے قراری۔

الهَنَم: کھجور یا اس کی ایک قسم۔

الهَيْنَم: روئی۔

الهَيْنَمَة: نرم و پست آواز۔ ایک قسم کی [illegible]

الهَنْو: وقت۔

الهَنُ. بتخفیف النون وقد تُشَدَّدُ فِی الشِّعْرِ: ہر اسم جنس سے کنایہ کے لئے بمعنی شَیْءٌ کہا جاتا ہے "هٰذَا هَنُکَ" یہ تمہاری چیز ہے اور اس کی تصغیر هُنَیٌّ ہے اور مؤنث هَنَة اور اس کا لام کلمہ محذوف ہے بعض لغت میں وہ لام کلمہ ہاء ہے تو اس کی تصغیر هُنَیْهَة ہوگی اور اسی سے ہے "اُمْکُثْ هُنَیْهَةً" یعنی تھوڑی دیر ٹھہرو اور بعض لغت میں لام کلمہ واؤ ہے تو اس کی تصغیر مؤنث کی صورت میں هُنَیَّة ہوگی اور اس کی جمع هَنَوَات اور کبھی جمع لفظ کے لحاظ سے ہوتی ہے تو کہتے ہیں هَنَات اور اس کا اعراب حروف سے ہے۔ حالت رفعی میں هَنُوْهَا اور نصبی میں هَنَاهَا اور جری میں هَنِیْهَا کہیں گے اور هَنٌ کا تثنیہ هَنَانِ لفظ کے لحاظ سے اور هَنَوَانِ اصل کے لحاظ سے اور جمع هَنُوْنَ اور کہا جاتا ہے "فِیْ فُلَانٍ هَنَاتٌ" فلاں کے اندر بُری خصلتیں ہیں اور اس کا استعمال خیر میں نہیں ہوتا۔

الهَنَا: خسیس و کمینہ نسب۔ وهَنَا: بمعنی اَنَا تم کہتے ہو هَنَا فَعَلْتُ: بمعنی اَنَا فَعَلْتُ.

هُنَا: اسم اشارہ ہے۔ مکان قریب کے لئے بمعنی یہاں اور اس میں هَاء: تنبیہ اور کاف خطاب لاحق ہوتے ہیں تو کہا جاتا ہے "هٰهُنَا" اور "هُنَاکَ" اور کاف خطاب کے ساتھ ساتھ لام بُعد بھی لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "هُنَالِکَ".

هُنَا مَعْرِفَةً: کھیل کود۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْ هَنِیْ" یعنی وہ یہاں سے آیا۔

الهَنَاة: مصیبت ج هَنَوَات.

هَهْ: تذکرہ اور دھمکی کے لئے اسم صوت۔

هَهَّ (س) هَهًّا وهَهَّةً: تتلانا۔ زبان رکنا۔

هُوَ: مفرد مذکر غائب کی ضمیر ہے اور تثنیہ کے لئے هُمَا جمع مذکر کے لئے هُمْ مفرد مؤنث کے لئے هِیَ اور جمع کیلئے هُنَّ: واؤ اور فاء کے بعد هُوَ: اور هِیَ: کے هَاء: کو ساکن کرنا بھی جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "وَهْوَ فَهْوَ وَهْیَ"

آواز۔ ہر آواز جس میں کچھ گونج ہو ج ھَمَاھِم۔

الھُمْھُوْم والھِمْھِیْم: شیر۔ الھُمْھُوْم: آواز لگانے والا۔ ہوا کی وجہ سے بجنے والا بانس۔

الھِمْھِیْم: ریگنے والا گدھا۔

ھَمَا یَھْمُو ھَمْوًا المَاءُ او الدَّمْعُ: بمعنی ھَمٰی یَھْمِی۔

ھَمٰی یَھْمِی ھَمْیًا وھُمِیًّا وھَمَیَانًا اَلْمَاءُ اوِ الدَّمْعُ: پانی یا آنسو بہنا۔ جاری ہونا۔

ھَمَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا...... المَاشِیَۃُ: جانوروں کا چرنے کے لئے منتشر ہونا (...... ھَمْیًا) الشَّیْءُ: گرنا۔ ضائع ہونا۔

الھَامِیَۃ: اسم فاعل مؤنث ج ھَوَامٍ ھَوَامِی الْاِبِلِ: چراگاہ میں گم شدہ اونٹ۔

الھِمْیَان: تھیلی۔ وہ تھیلی جو تھیلی یا بٹوے کا کام دے ج ھَمَایِیْن (دخیل)

ھَنَّ (ض) ھَنًّا وھَنِیْنًا: رونا...... اِلَیْہِ: مشتاق ہونا۔

تَھَنَّ الْجَمَلَ: قوی کرنا۔ صفت مفعولی مَھْنُوْن خلاف قیاس ہے جیسے اَحَمَّہٗ کا صفت مفعولی مَحْمُوْم قیاس کے مطابق مُھَنٌّ ومُحَمٌّ آنا چاہئے تھا۔

الھَانَّۃ والھُنَانَۃ: آنکھ کی پتلی کے نیچے کی چربی۔ کہا جاتا ہے "مَابِہٖ ھَانَّۃٌ" یعنی اس کے اندر کچھ بھی خیر نہیں۔

الھَنَّانَۃ: رونے والی عورت۔

ھُنَا: بتکیث الھَاءِ: دُور کی جگہ کے لئے اشارہ۔ وہاں۔ اس جگہ اور کہا جاتا ہے "تَنَحَّ ھَاھُنَا وھَاھَنَّا وھَھُنَّا" کچھ ہٹ جاؤ۔

ھَنَاہُ یَھْنُوْہُ ویَھْنِئُہٗ ھَنْأً: کھلانا۔ ھَنَا فُلَانًا: دینا...... الاِبِلَ: اُونٹ پر قطران ملنا...... الرَّجُلَ: مدد کرنا۔

ھَنَأَ یَھْنِئُ ویَھْنَأُ ویَھْنُؤُ ھُنْأً وھَنْأً وھَنَاءً الطَّعَامُ الرَّجُلَ ولِلرَّجُلِ: خوشگوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھَنَأَتْنِیْہِ الْعَافِیَۃُ" یعنی عافیت میرے لئے خوشگوار ہے اور عرب دعا کے موقع پر کہا کرتے تھے۔ "لِیَھْنِئْکَ الْوَلَدُ" یعنی لڑکا تمہیں مبارک ہو۔

ھَنَأَہٗ یَھْنَأُہٗ ھَنْأً بِالْاَمْرِ: کسی سے "لِیَھْنِئْکَ" کہنا (...... ھَنْأً وھِنْأً وھَنَاءَۃً) الطَّعَامَ: کھانا تیار کرنا۔ درست کرنا۔

ھَنِئَ (س) ھَنْأً وھَنَأَ بِہٖ: خوش ہونا۔ ...... الطَّعَامَ: کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا اور کہا جاتا ہے "اَکَلْنَا مِنْ ھٰذَا الطَّعَامِ حَتّٰی ھَنِئْنَا مِنْہُ" اس کھانے کو ہم لوگوں نے کھایا یہاں تک کہ شکم سیر ہو گئے۔

ھَنُؤَ یَھْنُؤُ ھَنَاءَۃً وھَنَاءَۃً وھَنْأً: بغیر رنج و مشقت کے حاصل ہونا۔

ھَنَّأَہٗ تَھْنِیْئًا وتَھْنِئَۃً بِکَذَا: مبارکباد دینا۔

اَھْنَأَہٗ اِھْنَاءً: دینا۔

تَھَنَّأَ تَھَنُّؤًا بِہٖ: خوش ہونا...... بِالطَّعَامِ: کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔

اِھْتَنَأَ اِھْتِنَاءً: درست کرنا۔

اِسْتَھْنَأَہٗ اِسْتِھْنَاءً: مدد طلب کرنا۔ عطیہ مانگنا ...... الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔

الھَانِیُٔ: نوکر۔ خادم۔

الھِنَاءُ: قطران (تارکول) کھجوروں کا گچھا۔

الھِنْءُ: قطران یعنی تارکول ملنا۔ عطیہ۔ رات کا حصہ۔

الھَنِیْءُ: خوشگوار۔ بلا مشقت کے حاصل ہونے والی چیز۔ ابدال اور ادغام کر کے الھَنِیُّ بھی کہنا جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ اَتَاکَ ھَنِیْئًا" یہ بات تم کو بلا مشقت حاصل ہوئی "وَاَکَلْتُہٗ ھَنِیْئًا مَرِیْئًا" میں نے اس کو بغیر کسی مشقت کے بڑے مزے سے کھایا "وَھَنِیْئًا لَکَ" تمہارے لئے بغیر مشقت کے ہے۔

المَھْنَأُ: بلا مشقت حاصل ہونے والی چیز۔

ھَنُبَتْ ھَنَبَۃً الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔

الھَنْبَثَۃ: مشکل کام۔ قول میں گڑبڑی۔ ج ھَنَابِث۔ الھَنَابِث: مصیبتیں۔ گڑبڑ معاملے۔ گتھی

الھَنْبَذَۃ: سخت کام۔ ج ھَنَابِذ۔

الھَنَابِیْر: ریت کے بلند ٹیلے۔ واحد ھُنْبُوْرَۃ (اور یہ نَھَابِیْر کا مقلوب ہے)

الھِنْبِر: گدھے کا بچہ۔ بجو کا بچہ۔

الھِنْبِر والھِنْبِرَۃ والھُنْبُر: بجو۔

الھِنْبِرَۃ ھِنْبِر: کا مؤنث۔ گدھی۔

الھِنْبَر: بیل۔ گھوڑا۔ خراب چمڑا۔ یا اس کا کنارہ۔

الھُنْبُوْر: ریت کا بلند ٹیلہ۔

ھَنْبَس وتَھَنْبَس: خبروں کی کھوج میں ہونا۔

الھُنْبُع: لڑکیوں کے لئے نقاب جیسی ایک چیز جس کے اگلے حصہ کو سی دیتے ہیں۔

ھَنِبَعَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا...... العَجَاجُ: غبار کا بہت ہونا اور اڑنا۔

الھُنْبُغ: ذرا سی حرکت سے اڑنے والی خاک۔ شیر۔ بدکار بیوقوف عورت۔ بھوک کی سختی اور بھوک کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جُوْعٌ ھُنْبُغٌ وھِنَبَاغٌ وھُنْبُوْغٌ" یعنی سخت بھوک۔

ھَنْبَلَ الرَّجُلُ: لنگڑا ہونا اور بجو کی طرح چلنا۔

ھَنَّتَ فِی اَمْرِہٖ: سستی کرنا۔

تَھَنَّجَ الْفَصِیْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔

ھَنَّدَ الرَّجُلُ: اُلو کی طرح چیخنا...... فِی الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا...... فُلَانًا: قبیح گالی دینا ...... زَیْدٌ: گالی برداشت کرنا اور گالی دینے والے کو گالی دینے سے باز رکھنا ...... اِلسَّیْفَ: تلوار تیز کرنا اور کہا جاتا ہے "مَاھَنَّدَ عَنِ الْاَمْرِ" وہ کام سے پیچھے نہیں ہٹا۔

ھَنَّدَتْہُ الْمَرْأَۃُ: نرمی اور ملاطفت سے اپنے عشق میں مبتلا کرنا اور کہا جاتا ہے "ھَنَّدَتْ بِقَلْبِہٖ" وہ اس کے دل کو اڑا لے گئی۔

ھِنْد وھُنَیْدَۃ: سو یا سو سے زائد اونٹوں کا ریوڑ ج اَھْنُد واَھْنَاد و ھُنُوْد. ھِند: عورت کا نام۔ پھر عورتوں کے لئے علم جنس کے طور

آہٹ۔

المَهْمُوس: مفع ...... مِنَ الْكَلَامِ: غیر واضح ...... مِنَ الْحُرُوفِ: ضد مجہورۃ ...... اور حروف مہموسہ دس ہیں جن کا مجموعہ "حَثَّهُ شَخصٌ فَسَكَتَ" ہے۔

الهَمَيْسَع: بہت مضبوط وقوی آدمی جس کو کوئی پچھاڑ نہ سکے۔

هَمَشَ (ن) هَمْشًا الشَّئَ: جمع کرنا۔

فُلَانًا: دانت سے کاٹنا۔

هَمَشَ (ض) هَمْشًا وهَمِشَ (س) هَمَشًا الرَّجُلُ: بہت بک بک کرنا۔

الْقَوْمُ: بولنا اور حرکت میں آنا ...... الجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونے کے لئے حرکت کرنا۔

هَامَشَهُ مُهَامَشَةً: جلدی کرانا۔

تَهَمَّشَ مَنْبَطُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے سوت کا جاری ہونا ...... الشَّئُ: کھوکھلا ہو جانا۔

تَهَامَشَ الْقَوْمُ: آپس میں گڈمڈ ہونا اور حرکت کرنا۔

اهْتَمَشَ الْقَوْمُ: مخلوط ہونا اور آگے پیچھے ہونا۔ اِهْتَمَشَتِ الدَّابَّةُ او الْجَرَادُ: آہستہ چلنا۔ رینگنا۔

الهَامِش: فا۔ کتاب کا حاشیہ (مولد)

الهَمْش: مص۔ کھانے کی تیزی۔

امْرَأَةٌ هَمْشَى او هَمَشَى الْحَدِيْثِ: بہت بولنے والی اور شور مچانے والی عورت۔

الهَمِش: انگلیوں سے تیز کام کرنے والا۔

الهَمِيْشَة: ہانڈی میں پکی ہوئی ٹڈی اور اگر آگ پر بھونی جائے تو اسے المَحْنُوش کہتے ہیں۔

هَمَصَ (ن) هَمْصًا اللَّحْمَ: کھانا ...... الرَّجُلَ: کسی کو پچھاڑ کر اوپر بیٹھنا اور قتل کرنا۔

هَمَطَ (ض) هَمْطًا الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ بولنے اور کھانے میں لاپرواہ ہونا ...... الشَّئَ: بغیر اندازہ کے لینا ...... المَالَ: زبردستی لے لینا۔

تَهَمَّطَ واهْتَمَطَ الْمَالَ: زبردستی لے لینا۔

اِهْتَمَطَ عِرضَ فُلَانٍ: بے آبروئی کرنا۔ گالی دینا ...... الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کو پکڑنا۔

الهَمَّاط: ظالم۔

هَمَعَت (ف ن) هَمْعًا وهَمَعًا وهُمُوْعًا وهَمَعَانًا وتَهْمَاعًا العَيْنُ: آنسو بہانا اور هَمَعَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ: بھی بولا جاتا ہے وهَمَعَ الطَّلُّ عَلَى الشَّجَرَةِ: شبنم گرنا۔

هَمَعَ رَاسَهُ: زخمی کرنا۔

اَهْمَعَ الدَّمْعُ ونَحْوُهُ: آنسو بہنا ...... الطَّلُّ: درخت پر شبنم گرنا۔

تَهَمَّعَ الرَّجُلُ: بتکلف رونا ...... الدَّمْعُ و نَحْوُهُ: آنسو بہنا۔

اُهْتُمِعَ لَوْنُهُ: رنگ بدل جانا۔

الهَامِعَة. الهَامِع: کا مؤنث ج هَوَامِع دُمُوْعٌ هَوَامِعُ: بہنے والے آنسو۔

سَحَابٌ هَمِعٌ: برسنے والا بادل۔ عَيْنٌ هَمِعَةٌ: ہمیشہ روتی ہوئی آنکھ۔

الهُمُوْع: بہنے والا۔

الهَيْمَع: فوری موت۔

هَمَغَ (ف) هَمْغًا رَاسَهُ: سر توڑنا۔

اِنْهَمَغَتِ الرُّطَبَةُ: تر کھجور کا پھٹ جانا ...... القَرْحَةُ: زخم کا ہرا ہونا۔

الهَيْمَغ: موت یا فوری موت۔

الهَمِق: نرم گھاس۔ بہت گھاس۔ خشک گھاس۔

هَمَكَهُ (ن) هَمْكًا فِي الْاَمْرِ: کسی کام کے لئے کسی پر زور دینا۔

تَهَمَّكَ وانْهَمَكَ فِي الْاَمْرِ: کسی کام میں منہمک ہونا۔ بے حد معروف ہونا۔

اِهْمَاكَ اِهْمِيْكَاكًا الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا۔ صفت مُهْمَئِكٌ.

هَمَلَتْ (ن ض) هَمْلًا وهَمَلَانًا وهُمُوْلًا عَيْنُهُ: آنسو بہانا ...... السَّمَاءُ: آہستہ آہستہ لگاتار برسنا۔

[illegible]

کے آنسو لگاتار بہنا۔ صفت هَامِلٌ ج هَوَامِل وهُمُوْلَة وهَامِلَة وهَمَلٌ وهُمَّلٌ وهُمَّال وهَمْلَى.

اَهْمَلَهُ: جان بوجھ کر یا بھولے سے چھوڑ دینا۔ اَهْمَلَ اَمْرَهُ: اچھی طرح سے نہ کرنا ...... الحَرْفَ: حرف پر نقطے نہ لگانا۔

اِنْهَمَلَتْ عَيْنُهُ: آنسو بہانا ...... السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔

الهِمْل: پیوند لگا ہوا کپڑا۔

الهَمَل مِنَ الْاِبِلِ: رات یا دن میں بغیر چرواہے کے چھوڑے ہوئے اونٹ۔ اُتارا ہوا کھجور کا چھلکا۔ بے روک کے بہنے والا پانی۔

الهَمْلُ: چھوٹا مکان۔

الهِمِلُّ: عمر رسیدہ۔

الهُمَّال: نرم ویران زمین جس کو کوئی آباد نہ کرے۔

الهَمَالِيْل: گھاس کا بقیہ۔ پھٹا ہوا کپڑا۔

المُهْمَل: مفع ...... مِنَ الْكَلَامِ: غیر مستعمل۔ مِنَ الْحُرُوفِ: غیر منقوط حروف۔

هَمْلَجَ هَمْلَجَةً البِرْذَوْنُ: تیز رفتاری کے ساتھ نرم چال چلنا۔ عمدہ چال والا ہونا۔

الهِمْلَاج: عمدہ چال کا ترکی گھوڑا۔ ج هَمَالِيج اور کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ هِمْلَاجٌ" تیز رفتاری کے ساتھ اچھی چال والا جانور۔ مذکر مؤنث اس میں برابر ہیں۔

الهَمَلَّع: بے وفا آدمی۔ تیز رفتار اونٹ۔ تیز رفتار آدمی جو سختی سے قدم ڈالے۔ بھیڑیا۔

هَمْلَقَ هَمْلَقَةً: تیز چلنا۔

هَمْهَمَ هَمْهَمَةً: آہستہ بولنا۔ غم کی وجہ سے آواز کو سینہ میں پھرانا ...... الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا۔

الهُمْهَام: بہادر سخی سردار۔ شیر۔

الهَمْهَامَة والهُمْهُوْمَة: اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔

هَمْهَامِ: مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی کچھ باقی نہیں۔

الهَمْهَمَة: مص۔ گانے ہاتھی وغیرہ کی

الھَامِد: فا۔ پرانا کالا متغیر شدہ۔ خشک نباتات و درخت۔ بنجر زمین۔ ج ھَوَامِد.

المِھْمَاۃُ: آواز کو زیادہ کرنے کا آلہ۔

الھَمْدَۃ: سکتہ۔

الھَمِید: وہ مال جو کسی کے ذمہ حکومت کے دفاتر میں لکھا ہو۔

الھَمَاذِیُّ: تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہُ لَذُوْ ھَمَاذِیَّ فِی جَرْیِہٖ" وہ چلنے میں تیز رفتار ہے۔ تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ بارش کی شدت۔ گرمی کی سختی۔

ھَمَذَان: ایک شہر کا نام جو مملکتِ ایران میں ہے۔

الھَمَذَانِی. ھمذان: کی جانب منسوب۔ بہت بولنے والا...... مِنَ الْمَشْیِ: مختلف چالیں چلنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی ھَمَذَانِیًا" وہ مختلف چالیں چلتا ہے۔

ھَمَرَ (ن) ھَمْرًا. الْمَاءَ: پانی گرانا...... الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "ھَمَرَتِ الْعَیْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ نے آنسو بہایا۔ ھَمَرَ مَا فِی الضَّرْعِ: سارا تھن دودھ لینا...... الکَلامَ وَفِی الکَلامِ: بہت بولنا...... الفَرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِہٖ: دینا...... البِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔

ھَامَرَہٗ مُھَامَرَۃً الشَّیْءَ: کل لے لینا۔

اِنْھَمَرَ الْمَاءُ: پانی بہنا...... الشَّجَرَۃُ: جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا...... البِنَاءُ: عمارت گرنا۔ ویران ہونا۔ مسمار ہونا۔

اِھْتَمَرَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا...... الْفَرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا۔

الھَامِر: فا۔ سَحَابٌ ھَامِرٌ: خوب برسنے والا بادل۔

الھَمِر: موٹا مرد۔ رَمْلٌ ھَمِرٌ: بہت ریت۔

الھَمْرَۃ. ھَمَر: کا اسم مرۃ۔ بوچھار۔ غصہ سے گفتگو کرنا۔

الھَمَّارُ مِنَ السَّحَابِ: بہت برسانے والا بادل...... مِنَ الرِّجَالِ: بہت بک بک کرنے والا۔

الھَمِیرُ والھَمِیرَۃ: بہت بڑھیا۔ ظَبْیٌ ھَمِیرٌ: اچھے بدن والی ہرنی۔

المِھْمَر والمِھْمَار: بہت بک بک کرنے والا۔ المِھْمَار: مہمانوں کی بہت ضیافت کرنے والا۔

الیَھْمُوْر: بہت بک بک کرنے والا۔ بہت ریت۔

ھَمْرَجَ. عَلَیْہِ الْخَبَرَ: گڑبڑ خبر بیان کرنا۔

الھَمْرَجَۃ: خبر میں گڑبڑی۔ اختلاط۔ خفت۔ سرعت۔ لوگوں کا شور۔ باطل۔

الھَمَرْجَل: تیز رفتار اونٹ و اونٹنی۔

الھِمْرِجَان: لوگوں کا شور۔

تَھَمْرَشَ الْقَوْمُ: حرکت میں آنا اور اسم الھَمْرَشَۃ.

الھَمْرَش: حرکت۔

اَلْھَمَّرِش: بہت بڑھیا۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

ھَمَزَہٗ (ن ض) ھَمْزًا: دبانا۔ بھینچنا۔ چبھونا۔ دفع کرنا۔ مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ پیٹھ پیچھے غیبت کرنا۔ صفت ھَمَّاز و ھُمَزَۃ: توڑنا۔ ھَمَزَ الشَّیْطَانُ الْاِنْسَانَ: شیطان کا وسوسے ڈالنا...... بِہِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا...... الْفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑنے کے لئے مہمیز چھونا۔ العِنَبَ او رَاْسَہٗ: نچوڑنا...... الکَلِمَۃَ او الْحَرْفَ: ہمزہ کے ساتھ بولنا یا ہمزہ کی علامت لگانا۔

اِنْھَمَزَتِ الْکَلِمَۃُ او الحَرْفُ: ہمزہ کے ساتھ پڑھا جانا یا ہمزہ کی علامت والا ہونا۔

الھَامِز: فا۔ عیب گیری کرنے والا۔ ج ھُمَّزٌ و ھَامِزُوْنَ.

الھَمْز: مص۔ ھَمْزُ الشَّیْطَانِ: جنون۔ کہا جاتا ہے "رِیْحٌ ھَمَزَی" تیز آواز والی ہوا "قَوْسٌ ھَمَزَی" زور سے تیر پھینکنے والی کمان۔

الھَمْزَۃ. ھَمَز: کا اسم مرۃ۔ حروف ہجا کا حرف۔ ج ھَمَزَات. ھَمَزَاتُ الشَّیْطَان: شیطانی خطرے۔

الھُمَزَۃ: عیب جو۔ نکتہ چیں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ھُمَزَۃٌ و اِمْرَاَۃٌ ھُمَزَۃٌ" عیب جو مرد۔ عیب جو عورت۔

الھَمَّاز: عیب جو۔ طعن تشنیع کرنے والا۔

قَوْسٌ ھَمُوْزٌ: زور سے تیر پھینکنے والی کمان۔

رَجُلٌ ھَمِیْزُ الْفُؤَادِ: تیز طبیعت مرد۔

المِھْمَز والمِھْمَاز: مہمیز ج مَھَامِز و مَھَامِیْز.

المِھْمَزَۃ: چابک تازیانہ۔ ڈنڈا جس کے سرے پر لوہا لگا ہوا اور جانور کے تیز کرنے کے لئے کام میں لایا جائے۔

ھَمَسَ (ض) ھَمْسًا الصَّوْتَ: آواز کو پست کرنا...... اِلَیَّ بِحَدِیْثِہٖ: آہستہ آہستہ باتیں کرنا...... العِنَبَ: انگور کو نچوڑنا...... الشَّیْءَ: توڑنا...... الطَّعَامَ: منہ بند کر کے چبانا...... الشَّیْطَانُ: وسوسہ ڈالنا...... بِالْقَدَمِ: آہستہ قدم رکھنا...... الرَّجُلُ: بغیر سستی کے رات میں چلنا۔

ھَامَسَہٗ مُھَامَسَۃً: چپکے چپکے باتیں کرنا۔

تَھَامَسَا: باہم چپکے چپکے باتیں کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَھَامَسُوْا سِرًّا" انہوں نے رازدارانہ باتیں کیں۔

الھَمْس: مص۔ پست آواز۔ آہستہ قدم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَطَأُ الْاَرْضَ ھَمْسًا" وہ زمین پر آہستہ قدم سے چلتا ہے "وَیَتَکَلَّمُ ھَمْسًا" وہ آہستہ بولتا ہے۔ "ھُوَ یَاْکُلُ ھَمْسًا" وہ کھانے میں منہ نہیں کھولتا۔ "وَاَخَذْتُہٗ اَخْذًا ھَمْسًا" میں نے اس کو سختی سے پکڑا۔

الھَمَّاس: اسم مبالغہ۔ شکار کو پھاڑنے والا شیر۔ الھَمُوْس: رات میں چلنے والا۔ شکار کو پھاڑنے والا شیر۔ آہستہ قدم سے چلنے والا شیر۔

الھَمِیْس: آہستہ چال۔ اونٹ کے پاؤں کی

المُسْتَوْصِل: فا۔ المُسْتَوْصِلَةُ مِنَ النِّسَاءِ: اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔

وَصَمَ يَصِمُ وَصْمًا الْعُوْدَ أَوِ الْعَظْمَ: لکڑی

لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔

وَصِمَ الرَّجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا...... فُلاَنًا: دردناک کرنا۔ سست و کاہل کرنا۔ وَصَّمَتِ الْحُمّٰى فُلاَنًا: دردناک کرنا۔

تَوَصَّمَ: تکلیف اٹھانا۔

تَوَاصَمَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔

الوَصَم: مرض۔

الوَصْم: مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوْم.

الوَصْمَة: عیب و عار۔ جسم کی سستی۔

الوَصِيْم: خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔

المَوْصُوْم: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْصُوْمُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔

وَصْوَصَ عَيْنَهٗ: نظر جمانے کے لئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا...... الْجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

وَصْوَصَتِ الْجَارِيَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے کچھ دکھائی نہ دینا۔

الوَصْوَص والوَصْوَاص: آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَاوِص وَصَاوِيْص. الوَصَاوِص: ج زمین کے پتھر۔

وَصَى يَصِي وَصْيًا: عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا...... الشَّيْءُ بِهٖ: متصل ہونا...... الشَّيْءَ بِآخَرَ: ملانا(...... وَصْيًا وَوَصَاةً) المَكَانُ: متصل نباتات والی ہونا...... النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔

وَصّٰى تَوْصِيَةً فُلاَنًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا...... إِلَيْهِ بِالصَّلاَةِ: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاهُ بِفُلاَنٍ لَنْ يُحْسِنَ إِلَيْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا۔ "ووَصَّيْتُ لَهٗ بَعْدَ مَوْتِيْ" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنانا۔ وَصّٰى إِلَى فُلاَنٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا...... فُلاَنًا بِوَلَدِهٖ: مہربان بنانا۔

الوَشْوَشِیۃ [illegible]
وَشْوَشِیُّ [illegible]: کام کرنے میں ہوشیار
مرد۔

وَشٰی یَشِی وَشْیًا وَشِیَۃً ووَشّٰی الثَّوْبَ: منقش کرنا...... الکَلَامَ: جھوٹ بولنا۔ وَشَاۃُ ثَوْبًا: کپڑا اپہنانا۔

وَشٰی یَشِی وَشْیًا و وِشَایَۃً بِہٖ إِلَی المَلِکِ: چغل خوری کرنا...... بَنُو فُلَانٍ: بکثرت ہونا۔

اَوْشٰی اِیْشَاءً المَکَانُ: ابتدائی نباتات ظاہر ہونا...... الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا...... المَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا...... النَّخْلَۃُ: پہلا پھل نکالنا...... الشَّیْءُ: نکالنا۔ جاننا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا...... الدَّوَاءُ المَرِیْضَ: دوا کا مریض کو تندرست کرنا...... فِی الدَّرَاھِمِ: کچھ لینا۔

تَوَشّٰی: نقش ونگار ہونا...... الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِہٖ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

اِیْتَشٰی اِیْتِشَاءً العَظْمُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

اِسْتَوْشَی الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا...... الحَدِیْثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا...... الرَّجُلَ: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا...... اَلمَعْدَنُ: تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الوَشْیُ: مص۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء. وَشْیُ السَّیْفِ: تلوار کا جوہر۔

الوَشَاء: اونٹوں کی کثرت۔

الوَاشِی: فا۔ چغل خور۔ بہت اولا دوالا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُوْنَ ووُشَاۃ. الوُشَاۃ: سونے کا سکہ بنانے والا۔

الوَشَّاء. وَاشِی: کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّیَۃ: مص ۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِیَات.

الاَوْشِیَۃ: داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ اَوْشِیَۃ" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَق" اور نسبت کے لیے وَشَوِیٌّ.

وَصَّ یَوُصُّ وَصًّا العَمَلَ: مضبوط بنانا۔

وَصْصَتْ تَوْصِیْصًا المَرْاَۃُ: منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِیَ یَوْصٰی وَصًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ یَصِبُ وُصُوْبًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا...... الدَّیْنُ: قرض واجب ہونا...... عَلَی الاَمْرِ: مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا ووَصْبًا وتَوَصَّبَ: مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابٰی وَوِصَاب. تَوَصَّبَ. درد محسوس کرنا۔

اَوْصَبَ: مریض ہونا...... اللّٰہُ فُلَانًا: مریض کرنا...... الرَّجُلُ: بیمار اولادوالا ہونا...... الشَّیْءُ: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا (...... وَوَاصَبَ) ہمیشہ مداومت کرنا۔

الوَصَبُ: بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ الوَصَبُ: بصرا اور سبابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج اَوْصَاب.

الوَاصِبُ: فا۔ دائم۔

الوَاصِبَۃ. واصب: کا مؤنث۔ بہت دُور تک پھیلا ہوا بیابان۔

المُوَصَّبُ: بہت دردوں والا۔

وَصَدَ یَصِدُ وَصْدًا: ثابت ہونا۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔

وَصَّدَ الثَّوْبَ: کپڑا بننا...... الکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر بھڑکانا...... فُلَانًا: خوف دلانا۔

اَوْصَدَ البَابَ: دروازہ بند کرنا...... القِدْرَ: ہانڈی ڈھانکنا...... عَلٰی فُلَانٍ: تنگی ڈالنا...... اَلکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا (...... واسْتَوْصَدَ) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے باڑہ بنانا۔

الوَصَّاد: جلاہا۔

الوِصَاد. اَوْصَدَ البَابَ واَوْصَدَ القِدْرَ: کا اسم بمعنی بندش وڈھکائی۔

الوَصِیْدُ: چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ غار، پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔ دوبارہ خشنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد (...... الوَصِیْدَۃ) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد.

المُوَصَّدُ: پردہ۔

الوِصْرُ: عہد ج اَوَاصِر (...... والوَصِیْرَۃ والاَوْصَرُ) عہد نامہ۔ چک۔ دستاویز اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ یَصَعُ وَصْعًا الشَّیْءُ: غائب کرنا۔ چھپانا۔

الوَصَعُ: مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔ یا ممولا۔ ج وِصْعَان.

الوَصِیْعُ: چڑیا یا چڑیا کے بچوں کی چہچہاہٹ۔

وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا وَصِفَۃً الشَّیْءَ: بیان کرنا۔ تعریف کرنا (...... وُصُوْفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ چال چلنا (...... وَصْفَۃً) الطَّبِیْبُ لِلْمَرِیْضِ: نسخہ تجویز کرنا۔

وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَۃً الغُلَامُ: لڑکے کا خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِیْفٌ اور اسم الاِیْصَاف والوَصَافَۃ.

وَاصَفَہٗ: حالت بیان کرکے بیچ کرنا۔

اَوْصَفَ اِیْصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔

اِتَّصَفَ الشَّیْءُ: قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ: عمدہ صفات سے مشہور ہونا...... بِالصِّفَاتِ الحَمِیْدَۃِ: آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِیْفًا او وَصِیْفَۃً: خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ القَوْمُ الشَّیْءَ: ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّیْءَ: بیان کرنے کو کہنا۔ الطَّبِیْبَ: نسخہ تجویز کرانا...... الغُلَامُ: لڑکے کا قابلِ خدمت ہونا۔

الصِّفَۃ: مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا

جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔ تَوَشَّعَ بِهٖ: بہت ہونا...... بِالْكَذِبِ: جھوٹ سے مزین ہونا...... الْغَنَمُ فِي الْجَبَلِ: بکریوں کا چرنے کے لئے پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَشْع: مص۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوْع.

الوُشْع: مکڑی کا جالا۔

الوُشُوْع: پہاڑ میں متفرق نباتات۔ حلق میں ٹپکانے کی دوا۔

الوَشِيْع: کپڑے کا نقش ونگار، باغ کے اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہوکر گرا ہوا درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج کی نقل وحرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہوکر پانی کھینچیں۔

الوَشِيْعَة: رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی لکڑی' بننے والے کی نال' ہر پیچیدہ چیز۔ غبار کی دھاری ج وَشِيْع ووَشَائِع.

المُوَشَّع: مفع۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش ودھاری دار چادر۔

وَشَغَ يَشِغُ وَشْغًا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔

وَشَغَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت پت کرکے دھاری دار کردینا۔

اَوْشَغَ اِيْشَاغًا الْعَطِيَّةَ: کم دینا...... بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔

تَوَشَّغَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔

الوُشْغ والوَشِيْغ: تھوڑا۔

الوُشُوْغ: منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

وَشَقَهٗ يَشِقُهٗ وَشْقًا: خراش کرنا......ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ وَشَقَ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا...... الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔

وَشَّقَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَوْشَقَ الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: چمٹنا۔

تَوَاشَقَ واتَّشَقَ الْقَوْمُ الْعَدُوَّ بِاَسْيَافِهِمْ: دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

وَاتَّشَقَ فُلَانٌ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا۔

الوَاشِق: فا۔ تھوڑا دودھ۔ جلدی سے گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ۔ بَاشِق: میں ایک لغت۔

الوَشْق: مص۔ متفرق چراگاہ۔

الوَشَق: ایک جانور کا نام جس کی کھال سے عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔

الوَشِيْق والوَشِيْقَة: خشک کیا ہوا گوشت کا پارچہ ج وَشَائِق.

المِيْشَاق: کنجی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِيْق.

وَشُكَ يَوْشُكُ وَشْكًا ووَشَاكَةً ووَوَشُكَ الْاَمْرُ: جلدی ہونا۔ صفت وَشِيْك.

اَوْشَكَ: جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی سے ہے اَوْشَكَ اَنْ يَمُوْتَ: وہ مرنے کے قریب ہی تھا اور یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے۔ مضارع کا استعمال ماضی سے زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم ہے اور اس کی خبر پر اکثر اَنْ آتا ہے۔

وَاشَكَ مُوَاشَكَةً: جلدی چلنا۔

الوَشْك والوُشْك والوَشْكَان والوِشْكَان والوُشْكَان: جلدی۔ اور کہا جاتا ہے وَشْكَانَ مَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ: یعنی یہ جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو ہے۔ اور یہ اسم فعل ہے۔

الوِشَاك: جلدی۔

الوَشِيْك (مذکر ومؤنث) جلد باز۔ قریب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِيْكًا" وہ جلدی نکلا۔

وَشَلَ يَشِلُ وَشْلًا ووَشَلَانًا الْمَاءُ: پانی کا بہنا۔ ٹپکنا...... وُشُوْلًا: کمزور ہونا۔ محتاج ہونا...... اِلَيْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔

اَوْشَلَ الْمَاءَ: پانی کم پانا...... حَظَّهٗ: کم کرنا۔

الوَشَل: تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج اَوْشَال۔ الوَشَلُ: تہمت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ اَوْ[illegible]" قوم ایک دوسرے کے پیچھے آئی۔

عُيُوْنٌ وَشَلَةٌ: کم پانی والے چشمے۔

الوَاشِلُ: فا...... مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑ جس سے ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ الرَّاْيِ" فلاں کمزور رائے والا ہے۔ "وَهُوَ وَاشِلُ الْحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔

نَاقَةٌ وَشُوْلٌ: زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔

الوُشُوْل: دولت کی کمی۔ نقصان۔

وَشَمَ يَشِمُ وَشْمًا ووَشَّمَ الْيَدَ: ہاتھ میں گودنا۔ وَشَّمَ الْغُصْنُ: ٹہنی میں پتے ظاہر ہونا۔

اَوْشَمَ اِيْشَامًا الْمَكَانُ: ہریالی ہونا۔ الْكَرْمُ: انگور کا رنگ پکڑنا...... الشَّيْبُ فِي رَاْسِهٖ: بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا...... الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا...... السَّمَاءُ: بجلی کوندنا...... فِي عِرْضِ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب لگانا...... فِي الْاَمْرِ: غور وفکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الْجَارِيَةُ: پستان کا اُبھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْشَمَ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔

اِسْتَوْشَمَ اِسْتِيْشَامًا: گودنے کے لئے کہنا۔

الوَشْم: مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔ نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُوْم ووِشَام.

الوَشْمَة۔ وَشَمَ: کا اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا عَصَاهُ وَشْمَةً" اس نے اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔

الوَشِيْمَة: دشمنی' برائی۔

تَوَشَّنَ الْمَاءُ: پانی کم ہونا۔

الوَشْن: بلند زمین۔ موٹا اونٹ۔

الْاَوْشَن: دوسرے کے دسترخوان پر کھانا کھانے والا۔

وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فُلَانًا: آہستہ گفتگو کرنا......ہٗ الشَّيْءَ: دھیرے سے دینا۔

تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے آہستہ آہستہ گفتگو کرنا۔

الوَسْنَة: سِن۔ نیند کی۔ اونگھ۔

الوَسْنِيُّ: بہت اونگھنے والا۔

المَوْسُوْن: کاہل۔ مؤنث مَوْسُوْنَة.

وَسْوَسَ وِسْوَاسًا وَوَسْوَسَةً الشَّيْطَانُ لَهُ وَاِلَيْهِ: وسوسہ ڈالنا...... الرَّجُلُ: خرابیِ عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا۔ صفت مُوَسْوِسٌ: آہستہ بولنا...... الحَلْيُ او القَصَبُ: جھنکار ہونا یا آواز نکلنا...... الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔

وُسْوِسَ بِهٖ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔

الوَسْوَاس: وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس.

وَسَى يَسِيْ وَسْيًا رَاسَهٗ: مونڈنا۔

وَاسَى الرَّجُلَ مُوَاسَاةً. آسَاهُ مُؤَاسَاةً: میں ایک لغت ہے بمعنی مدد دینا۔

اَوْسَى اِيْسَاءً ا. الرَّاسَ: مونڈنا۔ الشَّیٔ: کاٹنا۔

المُوْسَى: استرہ۔ ج مَوَاسٍ.

الوَشْب: سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔

الوِشْب. اَوْشَاب: کا واحد بمعنی اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔

وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِكَ قَرَابَتُهٗ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی۔ "وَوَشَجَتْ فِيْ قَلْبِهٖ اُمُوْرٌ وَهُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے امور اور غم لاحق ہیں (...... وَوَشَّجَ مَحْمَلَهٗ) کھُرنے سے بچانے کے لئے تسمے سے باندھنا۔ وَشَجَ اللّٰهُ قَرَابَتَهٗ بِكُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔ وَشَّجَ اللّٰهُ بَيْنَ القَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔

تَوَشَّجَتْ وَتَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَةِ وَنَحْوِهَا: پیچیدہ ہونا۔

الوَاشِج: فا۔ پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَة

الوَاشِجَة: باہم پیوستہ قرابت۔

الوَشِيْج: قرابت و رشتہ داری کی باہم پیوستگی۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالوَشِيْجِ.

الوَشِيْجَة: درخت کے ریشہ کی رسّی جس کو بن کر دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْجَةُ القَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں۔

الوَشِيْجَة: کان کی رگ۔ ج وَشَائِج.

وَشَّحَهٗ: حمیل پہنانا۔

تَوَشَّحَ وَاتَّشَحَ: حمیل پہننا۔ تَوَشَّحَ بِسَيْفِهٖ: تلوار کو گردن میں لٹکانا...... بِثَوْبِهٖ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا...... الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔

الوِشَاح: تلوار۔ کمان۔ ذُوالوِشَاح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام۔ (الوُشَاح) حمیل۔ جڑاؤ پٹی۔ ج وُشُحٌ وَاَوْشِحَةٌ وَوَشَائِحُ.

الوِشَاحَة: تلوار۔

الوَشْحَاء: کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔

المُوَشَّح: اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کئے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔

المُوَشَّحَة مِنَ الطَّيْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔

وَشَرَ يَشِرُ وَشْرًا اَسْنَانَهٗ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا...... الخَشَبَةَ بِالمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔

اِتَّشَرَ وَاسْتَوْشَرَ: دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔

المِيْشَار: آرہ۔

مَوْشُوْر ثُلاَثِيٌّ، رُبَاعِيٌّ، خُمَاسِيٌّ: جس کے قاعدے ثلاثی، رباعی اور خماسی ہوں۔

المَوْشُوْر: مفع...... فِيْ عِلْمِ الطَّبِيْعِيَّاتِ: علم طبیعیات کی اصطلاح میں اس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں۔ ج مَوَاشِيْر.

وَشَزَ يَشِزُ وَشْزًا: جلدی کرنا۔

تَوَشَّزَ لِلشَّرِّ: آمادہ برائی ہونا۔

الوَشْز والوَشَز: جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج اَوْشَاز.

الوَشِيْزَة: بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز.

وَشَظَ يَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا...... الفَاسَ: کلہاڑے میں پچڑ لگا کر سوراخ تنگ کرنا...... القَوْمُ اِلَيْنَا: کم لوگوں کا آ کر ملنا۔

الوَشِيْظ: تابع۔ حلیف۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج اَوْشَاظ (والوَشِيْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْظَةٌ فِيْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں اور ایسا ہی "هُوَ وَشِيْظَةٌ فِيْهِمْ" ج وَشَائِظ.

وَشَعَ يَشَعُ وَشْعًا الشَّیٔ: ملانا۔ القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا (...... وَشْعًا وَوُشُوْعًا) الجَبَلَ وفيه: پہاڑ پر چڑھنا...... البَقْلَةَ: پھولدار ہونا...... ہٗ الشَّیٔ: بلند ہونا۔

وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا...... الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا...... الشَّيْبُ رَاسَهٗ: سر میں سفیدی چھا جانا...... الشَّیٔ فِي الشَّیٔ: داخل ہونا۔ وَشَّعُوْا عَلٰى كَرْمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔

اَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھولدار ہونا۔

تَوَشَّعَ الشَّیٔ: پراگندہ ہونا...... فِي الجَبَلِ: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا...... الشَّيْبُ رَاسَهٗ: سر میں سفیدی چھا جانا۔ تَوَشَّعُوْا الضُّيُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک

اِسْتَوْسَعَ: کشادہ ہونا......الشَّیْءَ: کشادہ پانا یا طلب کرنا۔

الْوَاسِعُ: فا۔ کشادہ......فِیْ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی: اللہ تعالٰی کے اسماء حسنٰی میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔

الْوَسْعُ والْوِسْعُ الْوُسْعُ: طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْ وَسْعِهٖ اَنْ یَّفْعَلَ کَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔

السَّعَةُ والْوُسْعَةُ والتَّوْسِعَةُ: گنجائش۔ السَّعَةُ تونگری۔ غنی۔ طاقت۔ قدرت۔

الْوَسِیْعُ: کشادہ......مِنَ الْخَیْلِ: کشادہ قدم گھوڑا۔

الْوَسَاعُ مِنَ الْخَیْلِ: عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔

وَسَّفَ تَوْسِیْفًا۔ الشَّیْءَ: چھیلنا۔

تَوَسَّفَ الشَّیْءُ: چھلنا......الْبَعِیْرُ: موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا......اَوْبَارُ الْاِبِلِ: اونٹ کے اُون کا جھڑ جانا۔

وَسَقَ یَسِقُ وَسْقًا الشَّیْءَ: جمع کر کے اٹھانا ......الْبَعِیْرَ: اُونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّاقَةُ وَغَیْرُهَا: اُونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِقٌ ج وَاسِقَات ووِسَاق اور مَوَاسِقُ ومَوَاسِیْقُ: خلاف قیاس جمع ہیں۔ وَسَقَتِ الْعَیْنُ الْمَاءَ: آنکھ میں پانی ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُ ذٰلِکَ مَا وَسَقَتْ عَیْنِیْ الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَةُ: پھل دار ہونا (...... وَسِیْقًا) الْبَعِیْرَ: ہانکنا۔

وَسَّقَ الْحِنْطَةَ: ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔

اَوْسَقَ اِیْسَاقًا الدَّابَّةَ: لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّخْلَةُ: بہت پھل دار ہونا۔

وَاسَقَهٗ مُوَاسَقَةً: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

اِتَّسَقَ الْاَمْرُ: مرتب ہونا......الْاِبِلُ: اُونٹوں کا اکٹھا ہونا......الْقَمَرُ: چاند کا پورا ہونا

اِسْتَوْسَقَ اِسْتِیْسَاقًا: اکٹھا ہونا۔ الْاَمْرُ: مرتب ہونا......لَهُ الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔

الْوَسْقُ: مص۔ ساٹھ صاع اور بقول بعض ایک اُونٹ کا بوجھ ج اَوْسَاق۔ الْوَسْقُ: درخت خرما کا بوجھ۔ ج اَوْسَاق ووُسُوْق۔

الْوَسِیْقُ: مص۔ دھتکار۔ بارش۔

الْوَسِیْقَةُ مِنَ الْاِبِلِ: اُونٹوں کا گلہ۔ ج وَسَائِق۔ الْوَسِیْقَةُ: حاملہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ وَسِیْقَةٌ: حاملہ اونٹنی۔

الْمُتَّسِقُ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: اوزان شعر میں ایک وزن ہے۔ جس کا نام متدارک بھی ہے۔ الْمُتَّسِقُ: چاند کا نام۔

الْمِیْسَاقُ مِنَ الْحَمَامِ: بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَیَاسِیْقُ ومَیَاسِقُ۔ الْمِیْسَاقُ: پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔

وَسَلَ یَسِلُ وَسِیْلَةً ووَسْلًا وتَوَسَّلَ اِلَی اللّٰهِ بِعَمَلٍ او وَسِیْلَةٍ: تقرب حاصل کرنا۔ صفت وَاسِلٌ۔

الْوَاسِلَةُ والْوَسِیْلَةُ: تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِیْل ووَسَائِل ووُسُل الْوَاسِلَةُ والْوَسِیْلَةُ: مرتبہ۔ درجہ۔

وَسَمَهٗ یَسِمُهٗ وَسْمًا وسِمَةً: داغ لگانا۔ وَسَمَ الْوَسْمِیُّ الْاَرْضَ: بہار کی پہلی بارش ہونا۔

وَسُمَ یَوْسُمُ وَسَامًا ووَسَامَةً الْغُلَامُ: خوبصورت چہرے والا ہونا......الْوَجْهُ: خوبصورت ہونا۔

وَسَّمَ: حج کے موقعہ پر مکہ میں حاضر ہونا۔

وَاسَمَهٗ مُوَاسَمَةً: خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔

تَوَسَّمَ الشَّیْءَ: فراست سے معلوم کرنا۔ علامت طلب کرنا۔ پہچاننا۔ تَوَسَّمَ فِیْهِ الْخَیْرَ: بھلائی معلوم کرنا......الرَّجُلُ: موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا۔ تَوَسَّمَ بِالْوَسِمَةِ: وسمہ لگانا۔

[illegible]

الْوَسْمُ: مص۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج وُسُوْم۔ اَسِمَّةُ: پھول کی پتی کا اوپر والا حصہ۔ جُمْزَةُ الْمَبِلَةِ: پھول پتیوں کو جمع کرنے والا حصہ۔

السِّمَةُ: مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات۔

الْوَسْمِیُّ: موسم بہار کی پہلی بارش۔

الْوِسَامُ: جانوروں کا داغ۔ تمغہ ج اَوْسِمَة۔

الْوَسْمَةُ والْوَسِمَةُ: نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔

الْوَسِیْمُ: خوبصورت چہرے والا ج وُسَمَاء ووِسَام مؤنث وَسِیْمَةٌ ج وَسِیْمَات ووِسَام۔

الْوَسَامَةُ: مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔

الْاَوْسَمُ: خوبصورت۔

الْمَوْسِمُ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کے لئے ہوتا ہے اور عید کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم۔

الْمِیْسَمُ: داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَیَاسِم۔ الْمِیْسَمُ: حسن و جمال۔

الْمَوَاسِیْمُ: داغ لگائے ہوئے اونٹ۔

وَسِنَ یَوْسَنُ وَسَنًا وسِنَةً: اونگھنا۔ بے ہوش ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ ووَسْنَان ووَسْنَان صفت مؤنث وَسِنَةٌ ووَسْنٰی ووَسْنَان۔ وَسِنَ فُلَانٌ: کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔

اَوْسَنَهُ الْبِئْرُ: غشی طاری کرنا۔

تَوَسَّنَهٗ: نیند کے وقت آنا۔

اِسْتَوْسَنَ: اونگھنا۔

الْوَسَنُ: مص۔ ضرورت۔ حاجت۔ ج اَوْسَان۔

السِّنَةُ: مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ سِنَةٍ" وہ غفلت میں ہے۔

الوَسْب: گھاس۔

الوَسْب: مَیل ۔ میل۔

المِیْسَاب: ادھ کچری کھجور۔

وَسَجَت تَسِجُ وَسْجًا ووَسِیْجًا ووَسَجَانًا الإبِلُ: تیز چلنا۔ صفت وَاسِجَةٌ.

اَوْسَجَ البَعِیرُ: تیز چلانا۔

الوَسَّاج والوَسُوْج مِنَ الإبِلِ: تیز رفتار ج وُسُج اور کہا جاتا ہے "اِبِلٌ وَسُوْجٌ" تیز رفتار اونٹ۔

الوَسْج والوَسَجَان والوَسِیْج: اُونٹ کی تیز چال۔

وَسِخَ یَوْسَخُ ویَاسَخُ ویَیْسَخُ وَسَخًا الشَّیْءُ: میلا ہونا۔ صفت وَسِخ.

وَسَّخَ واَوْسَخَ الشَّیْءَ: میلا کرنا۔

تَوَسَّخَ واتَّسَخَ اِسْتَوْسَخَ: میلا ہونا۔

الوَسَخ: میل کچیل۔ ج اَوْسَاخ.

وَسَّدَه الوِسَادَةَ: کسی کو تکیہ دینا۔ وَسَّدَ اِلَیْهِ الاَمْرَ: کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔

اَوْسَدَ فِی السَّیْرِ: تیز چلنا...... الکَلْبَ بالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر اُکسانا۔

تَوَسَّدَ الوِسَادَةَ: سر کے نیچے تکیہ رکھنا...... ذِرَاعَهُ: ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔

الوَسَاد والوِسَاد والوُسَاد...... : تکیہ ج وُسُد کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِیْضُ الوِسَادِ" یعنی غبی۔ اور "اِنَّ وِسَادَکَ لَعَرِیْضٌ" کنایہ ہے کثرتِ نوم سے۔

الوَسَادَة والوِسَادَة والوُسَادَة: تکیہ ج وَسَادَات ووِسَادَات ووُسَادَات ووَسَائِد.

وَسَطَ یَسِطُ وَسْطًا وَسِطَةً المَکَانَ اَوِ القَوْمَ: بیچ میں بیٹھنا۔ صفت وَاسِط (...... وَسَاطَةً) القَوْمَ وفِیْهِمْ: قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔

وَسُطَ یَوْسُطُ وَسَاطَةً: شریف ہونا۔ صاحب حسب ہونا۔

وَسَطَ یَسِطُ وَسَاطَةً وسِطَةً ووَسُطَ فِی حَسَبِه: شریف و صاحب حسب ہونا۔

وَسَّطَهُ: ثالث بنانا۔ بیچ میں کرنا۔ وَسَّطَ الشَّیْءَ: دو ٹکڑے کرنا۔

اَوْسَطَ اِیْسَاطًا القَوْمَ: بیچ میں داخل ہونا۔

تَوَسَّطَ القَوْمَ اَوِ المَکَانَ: بیچ میں بیٹھنا...... بَیْنَهُمْ: ثالث و مصلح بننا...... الرَّجُلُ: درمیانی چیز لینا۔

الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے) معتدل۔ مثلاً کہا جاتا ہے "شَیْءٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج اَوْسَاطٌ وَسَطُ الشَّیْءِ: دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسَطُ الحَبْلِ ووَسَطُ الدَّارِ. رَجُلٌ وَسَطٌ صاحب حسب مرد اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ وَسَطِ القَوْمِ وفِیْ وَسَطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض بین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطَ القَوْمِ" اور "وَسَطَ الحَبْلِ".

الوَاسِط: فا۔ دروازہ۔ پالان کا اگلا حصہ۔

الوَاسِطَة. واسط: کا مؤنث۔ پالان کا اگلا حصہ۔ ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ ذریعہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بِوَاسِطَة کَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ ثالث اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ وَاسِطَةِ قَوْمِه" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔

الوَسَاطَة: مص۔ ثالثی۔

الوَسِیْط: دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسَطَاء مؤنث وَسِیْطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِیْطٌ فِیْهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔

الاَوْسَط: متوسط۔ معتدل ج اَوَاسِط اَوْسَطُ الشَّیْءِ: دونوں اطراف کا درمیان۔ العِلْمُ الاَوْسَط: علم ریاضی اور اس کو حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔

الوُسْطٰی. اَوْسَط: کا مؤنث ج وُسْط مِنَ الاَصَابِعِ: بیچ کی انگلی

الوَسُوْط: درمیانی۔ بالوں کا خیمہ یا چھوٹا خیمہ۔

وُسُوْطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔

مُوَسَّطُ البَیْت: گھر کا درمیانی حصہ۔

المُتَوَسِّط: فا۔ البَحْرُ المُتَوَسِّط: وہ سمندر جو یورپ' ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔

وَسِعَ یَسَعُ ویَسِعُ سَعَةً وسِعَةً المَکَانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاِنَاءُ یَسَعُ عِشْرِیْنَ کَیْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے۔ "ووَسِعَتْ رَحْمَةُ اللّٰهِ کُلَّ شَیْءٍ وَلِکُلِّ شَیْءٍ وَعَلٰی کُلِّ شَیْءٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے "وَمَا اَسَعُ هٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا یَسَعُکَ اَنْ تَفْعَلَ هٰذَا" تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسِعَ القَوْمَ فَضْلُهُ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسِعَ المَالُ الدَّیْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لئے کافی ہے۔

وَسَعَ یَوْسَعُ وَسْعًا اللّٰهُ عَلَیْهِمْ رِزْقَهُ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَسَعَ عَلَیْهِ" جبکہ غنی کر دے۔

وَسُعَ یَوْسُعُ سَعَةً ووَسَاعَةً المَکَانُ: کشادہ ہونا...... الفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔

اَوْسَعَ: مالدار ہونا...... المَوْضِعَ: کشادہ پانا...... النَّفَقَةَ: بہت خرچ کرنا (...... وَوَسَّعَ) کشادہ کرنا...... اللّٰهُ عَلَیْهِ: مالدار بنانا۔

واَوْسَعَهُ الشَّیْءَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔

تَوَسَّعَ: کشادہ ہونا...... القَوْمُ فِی المَکَانِ: کشادگی کرنا...... الرَّجُلُ فِی النَّفَقَةِ: زیادہ خرچ کرنا۔

اِتَّسَعَ: کشادہ ہونا...... الرَّجُلُ: صاحب وسعت و مالدار ہونا...... النَّهَارُ: طویل و دراز ہونا۔

الوَازِع: فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعَة ووُزَّاع.

الوَزَعَة. وَازِع: کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔

الاَوْزَاع: جماعتیں (اس کا واحد نہیں)

المُتَّزِع: فا۔ سخت جان۔

وَزَغَ يَزِغُ وَزْغًا واَوْزَغَ بِبَوْلِهِ: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا اور اسی سے ہے اَوْزَغَتِ الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ: نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔

وُزِغَ الْجَنِينُ: صورت بن کر حرکت کرنا۔

الوَزَغ: کیچی۔ بزدل مرد۔

الوَزَغَة: چھپکلی۔ ج وَزَغ وَوِزَاغ واَوْزَاغ وِزْغَان واِزْغَان. الاَوْزَاغ: کمزور لوگ۔

وَزَفَ يَزِفُ وَزْفًا ووَزِيْفًا ووَزَّفَ تَوْزِيْفًا واَوْزَفَ اِيْزَافًا: جلدی کرنا (…… وَزْفًا) فُلَانًا: جلدی کرانا۔

وَازَفَ مُوَازَفَةً وتَوَازَفَ تَوَازُفًا…… الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

اَلْوَزَّالُ: ایک خاردار درخت جس کے پتے نہیں ہوتے زرد رنگ کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں۔

وَزَمَ يَزِمُ وَزْمًا فُلَانًا بِفِيْهِ: منہ سے آہستہ سے کاٹنا…… الشَّئَ: سوراخ کرنا…… الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا (…… ووَزَّمَ) نَفْسَهُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

وُزِمَ وَزْمَةً فِيْ مَالِهِ: کچھ جاتا رہنا۔

تَوَزَّمَ: بہت روندنے والا ہونا۔

الوَزَم: مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا۔ معاملہ (…… والوَزِيْم والوَزِيْمَة) سبزی کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الوَزِيْم: گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا اچھا۔ رَجُلٌ وَزِيْمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔

الوَزْمَة: مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوِزَام: جلدی۔

الوَزَّام: بہت گوشت اور عضل والا۔

اَلْوَزِيْمُ عِنْدَ اَرْبَابِ عِلْمِ النَّبَاتِ: مؤنث نباتات کا عضو تانیث۔

اَلْوَزِيْمِيَّةُ: امریکہ میں ایک لمبے تنے والے درخت زیب و زینت۔

وَزَنَ يَزِنُ وَزْنًا وَزِنَةً الشَّئَ: تولنا…… لَهُ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: تول کر دینا…… الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَزِنُ رِطْلًا" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔

وَزُنَ يَوْزُنُ وَزَانَةَ الشَّئُ: بوجھل ہونا۔ صفت وَازِنٌ…… الرَّجُلُ: عقلمند و سنجیدہ رائے ہونا۔

وَزَّنَ واَوْزَنَ نَفْسَهُ عَلٰى كَذَا: دل لگانا۔

وَازَنَهُ وِزَانًا ومُوَازَنَةً: مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا…… بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔

تَوَازَنَ الشَّيْئَانِ: باہم برابر ہونا۔

اِتَّزَنَ: تلنا…… الدَّرَاهِمَ: پرکھنا…… العِدْلُ: گٹھڑی کا دوسرے کے برابر ہونا…… الشَّئَ: وزن سے لینا۔

الوَزْن: مص۔ مثقال۔ ج اَوْزَان کہا جاتا ہے "هٰذَا دِرْهَمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے۔ "وَهٰذَا رَجُلٌ رَاجِحُ الْوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وِزَانَ الشَّئِ او وَزْنَ الشَّئِ او زِنَةَ الشَّئِ او بِوِزَانِهِ او بِوِزَانَتِهِ" وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَهُوَ وَزْنَ الْجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔

الوَزْنَة: وزن کا اسم مرۃ۔ پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكَلَهُ فِي الْيَوْمِ اِلَّا وَزْنَةً وَاحِدَةً" دن میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔

الزِّنَة. وَزَنَ: کا اسم نوع۔

الوَازِن: فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ وَازِنٌ" [illegible] کا [illegible]

الاَوْزَن: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْقَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهِ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ الْقَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔

الوَزِيْن: اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَزِيْنُ الرَّاْيِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔

المَوْزُوْنَة: پست قد عقلمند عورت۔

المِيْزَان: ترازو۔ ج مَوَازِيْن. المِيْزَان: مقدار۔ انصاف۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ مِيْزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہو گیا۔

وَزْوَزَ وَزْوَزَةً: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔

الوَزْوَاز: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا (…… والوَزْوَازَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ ایک پرندہ۔

اَلْمُوَزْوِزُ: فا۔ گانے والا۔

وَزَى يَزِيْ وَزْيًا الشَّئُ: جمع ہونا۔ سکڑنا…… الاَمْرُ فُلَانًا: غصہ دلانا۔

وَازَاهُ مُوَازَاةً: مقابل ہونا۔

اَوْزَى اِيْزَاءً. ظَهْرَهُ اِلَى الْحَائِطِ: ٹیک لگانا…… لِدَارِهِ: دیواروں کو مٹی سے لیپنا…… الشَّئَ: اٹھانا اور ٹیک لگانا…… فِيْ فُلَانٍ: پناہ لینا۔ اَوْزَيْتُهُ اِلَيْهِ: پناہ لینے پر مجبور کرنا۔

تَوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِسْتَوْزَى اِسْتِيْزَاءً فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَزَى: پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔

المُسْتَوْزِى: فا۔ خود رائے۔ سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔

وَسَبَ يَسِبُ وَسْبًا واَوْسَبَ اِيْسَابًا الْمَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ اَوْسَبَ الْكَبْشُ: بہت اون والا ہونا۔

وَسِبَ يَوْسَبُ وَسَبًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

جلدی جلدی بولنا۔

الوَرْوَار: ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

الوَرْوَرِیُّ: کمزور نگاہ والا۔

المُوَرْوِر: فا۔ گانے والا۔

وَرَی یَرِی وَرْیًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔ القَیْحُ جَوْفَہٗ: خراب کرنا اور گلا دینا۔

اِسْم الوَرَی وَرَثَ وَرْیًا وَرِیَۃً النَّارُ: آگ کا بھڑکنا...... الاِبِلُ: اُونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرَی وَوَرِیَ یَرِی وَرْیًا وَوُرِیًّا وَرِیَۃً الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔ صفت وَارٍ.

وَرِیَ یَرِی وَرْیًا. المُخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِیَ الرَّجُلُ: پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔ صفت مَوْرُوٌّ وَمَوْرِیٌّ.

وَرَّی تَوْرِیَۃً الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا...... عَنْ کَذَا: اصل بات چھپا کے دوسری بات ظاہر کرنا...... الخَبَرَ وَعَنِ الخَبَرِ: پس پشت ڈالنا اور چھپانا...... عَنْ فُلَانٍ بَصَرَہٗ: نگاہ ہٹالینا۔ وَرَّی النَّارَ: آگ نکالنا...... (وَاَوْرَی) الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَی مُوَارَاۃً الشَّیْءَ: چھپانا۔

تَوَرَّی تَوَرِّیًا وَتَوَارَی تَوَارِیًا عَنْہُ: چھپنا۔

اِسْتَوْرَی الزَّنْدَ: آگ نکالنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَیْتُہٗ رَایَہٗ: میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الوَرْیُ: مص۔ جوف بدن کی پیپ۔ پھیپھڑوں کا زخم۔

الوَرَی: اسم بہ وَرَی: کا۔ مخلوق۔ اَبو الوَرَی: زمانے کی کنیت۔

الوَرَاء۔ وَرَأ کا مادہ دیکھئے۔

الزَّنْدُ الوَارِی والوَرِیُّ: آگ دینے والا چقماق۔ الوَارِی والوَرِیُّ: موٹی چربی۔ والوَرِیُّ: مہمان۔ پڑوسی۔ لَحْمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

وَرِیَۃُ النَّارِ وَوَرِیَّتُھَا: آگ سلگانے کے لئے چیتھڑا وغیرہ۔

الوَزُّ۔ اِوَزٌّ: میں ایک لغت۔ بط۔ مؤنث وَزَّۃٌ۔ ج وَزَّاتٌ.

اَرْضٌ مَوَزَّۃٌ: بہت بط والی زمین۔

وَزَأَ یَوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا...... القَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔ وَزَّأَھُمْ: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَّأَ تَوْزِئَۃً وَتَوْزِیئًا القِرْبَۃَ: مشک بھرنا...... الفَرَسُ بِرَاکِبِہٖ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَوَزَّأَ الوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا...... الرَّجُلُ: خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ یَزِبُ وُزُوْبًا المَاءُ وَنَحْوُہٗ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

اَوْزَبَ اِیْزَابًا فِی الاَرْضِ: جانا۔

الوَزَّاب: شاطر چور۔

المِیْزَاب والمِئْزَاب: پرنالہ ج مَیَازِیْب ومَآزِیْبُ اور بقول بعض مَوَازِیْب.

وَزَرَ یَزِرُ وَزْرًا وِزْرًا الشَّیْءَ: اٹھانا...... الرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا(...... وَزْرًا) الرَّجُلَ: غالب ہونا...... الثُّلْمَۃَ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ یَزِرُ وَوَزِرَ یَوْزَرُ وُزِرَ وَزْرًا وَوِزْرًا وِزِرَۃً: گنہگار ہونا۔ وُزِرَ فُلَانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وَزَرَ یَزِرُ وِزَارَۃً لِلْمَلِکِ: وزیر بننا۔

اَوْزَرَ اِیْزَارًا الشَّیْءَ: محفوظ کرنا۔ چھپانا۔ لے جانا...... الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَہٗ مُوَازَرَۃً: وزیر بننا...... ہٗ عَلَی الاَمْرِ: مدد دینا۔ تقویت دینا (یہ آزَرَ کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لَہٗ:...... وزیر بننا۔

اِتَّزَرَ: چھوٹا سا کمبل اوڑھنا...... بِثَوْبِہٖ: چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔ گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَہٗ: وزیر بنانا۔ اِسْتَوْزَرَ الشَّیْءَ: لے جانا۔

الوِزْر: مص۔ گناہ۔ گرانی۔ بھاری بوجھ۔ کپڑوں کی گٹھری۔ ج اَوْزَار۔ اَوْزَار الحَرْبِ: سامان جنگ۔ کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الحَرْبُ اَوْزَارَھَا" یعنی جنگ ختم ہوگئی اس لئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَر: جائے پناہ۔ بلند پہاڑ۔

الوِزْرَۃ: چھوٹا کمبل ج وِزْرَات وِزَرَات وِزَرَات.

الوِزَارَۃ والوَزَارَۃ: وزیر کا مرتبہ۔

الوَزِیْر: امور سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔ ج وُزَرَاء واَوْزَار.

المَوْزُوْر: مفع۔ گنہگار۔ گناہ سے متہم۔

وَزَعَ یَزَعُ وَیَزِعُ وَزْعًا فُلَانًا وبِفُلَانٍ: روکنا۔ منع کرنا۔ وَزَعَ الجَیْشَ: ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُہٗ یَزَعُ الجَیْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (...... وُزُوْعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔

وَزَّعَ المَالَ بَیْنَھُمْ: پراگندہ کرنا...... المَالَ عَلَیْھِمْ: تقسیم کرنا۔

اَوْزَعَ المَالَ: تقسیم کرنا...... ہٗ بِکَذَا: بھڑکانا اَوْزَعَ بَیْنَھُمَا: تفریق کرنا۔ اصلاح کرنا...... ہٗ الشَّیْءَ: الہام کرنا۔ واُوْزِعَ الشَّیْءَ: الہام کیا جانا۔ واُوْزِعَ بِہٖ: بھڑکایا جانا۔ صفت مُوْزَع.

تَوَزَّعَ: پراگندہ ہونا...... القَوْمُ المَالَ...... آپس میں تقسیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْہُ الاَفْکَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کبھی دوسرے کی۔ وتَوَزَّعُوْا ضُیُوْفَھُمْ: انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کرلیا۔

اِتَّزَعَ: باز رہنا۔ رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللّٰہَ شُکْرَہٗ: شکر کی توفیق چاہنا۔

زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔

الوَرَقَةُ فِي القَوْسِ: کمان کا عیب۔

الوُرْقَةُ: نیالا رنگ۔

الـــوَرَاق: گھاس کی وجہ سے زمین کی سبز گونی۔

الوِرَاق: پتے نکلنے کا زمانہ۔

الوِرَاقَةُ: کاغذ سازی کا پیشہ۔

الوَرَّاق: روپے پیسے والا۔ کاغذ کا بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔

الـوَارِق والـوَرِق والـوَرِيْق مِـنَ الشَّجَرِ: پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شَـــجَرَةٌ وَارِقَةٌ ووَرِقَةٌ ووَرِيْـــقَةٌ: سبز اور خوبصورت بہت پتوں والا درخت۔

الاَوْرَق: خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَـــامٌ اَوْرَق: بے بارش کا سال۔ زَمَانٌ اَوْرَق: قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاء۔ ج وُرْق.

الـــوَرْقَاء. اَوْرَق: کا مؤنث۔ مادہ بھیڑیا۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے گول چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وَرَاق. ووَرَاقَى کہا جاتا ہے اَلـــتِّـجَــارَةُ مَوْرَقَةٌ لِـــلْـمَـــالِ: یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔

المُوَرِّق: فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔

وَرَکَ يَـرِکُ وَرْکـــا: سرین پر سہارا لینا ......الــرَّجُـلَ: سرین پر مارنا ......الشَّـــیْءَ: سرین کے مقابل کرنا (...... وُرُوْکـــــا) الـرَّاکِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا ......بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ......عَلٰی الْاَمْرِ: قادر ہونا۔

وَرِکَ يَرِکُ وُرُوْکًا: سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔

وَرِکَتْ تَوْرَکُ وَرَکًا. الوَرِکُ: سرین کا بڑا ہونا۔

وَرَّکَ الْـجَـبَـلَ اَوِ الـرَّجُـلَ: سرین کے مقابل کرنا۔

......عَـلَـــی الْاَمْرِ: قادر ہونا......الشَّـــیْءَ: واجب کرنا۔ ......الـرَّاکِـبُ: دوزانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا......الـذَّنْبَ عَلَيْهِ: گناہ کا الزام لگا دینا ......الـيَـمِـيْنَ: قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔

وَارَکَ مُـــوَارَکَةً الْـجَـبَـلَ: پہاڑ سے گزر جانا۔

تَـــوَرَّکَ: سرین پر سہارا لینا......الشَّـــیْءَ: سرین پر بٹھانا......الـــرَّاکِـــبُ: اترنے یا آرام لینے کے لئے ٹانگ کو موڑنا......عَـنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا......بِـــالْـمَـکَـانِ: اقامت کرنا......عَـلَی الْاَمْرِ: قادر ہونا۔ لِـلـرَّجُلِ: کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَـوَرَّکَ لَهٗ فَصَرَعَهٗ: اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔

تَوَارَکَ: سرین پر ٹیک لگانا۔

الـــوَرِک والـــوِرْک والـــوَرْک: چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاک. الـوِرِک: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے قَـــعَـــدَ الْـــمَـلَّاحُ عَـلٰـی وَرِکِ السَّفِيْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُـــمْ عَـلٰـی وَرْکٍ وَاحِــدٍ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔

الـــوَرْکٰی: خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهٗ لَوَرْکَی الْخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔

الـــوَارِک والـــوِرَاک ج وُرُک والـمَوْرِک والمَوْرِکَةُ مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔

الْاَوْرَک: بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْکَاء ج وُرْک.

المُوَرَّک: مفع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمُوَرَّکٌ [illegible] الْاَمْرِ" [illegible]

ہے۔

الـمِـوْرَک والـمِـوْرَکَۃ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ الـمِـوْرَکَۃ: تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔

الـــوَرَل: گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَان اَوْرَال اَوْرُل مؤنث وَرَلَۃ.

وَرِمَ يَـرِمُ وَرَمًـــا وتَـوَرَّمَ الْـجِلْدُ: سوجنا۔ صفت وَارِم......اَنْفُ فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔

النَّبْتُ: لمبا اور موٹا ہونا۔

وَرَّمَ الْجِلْدَ: سوجن پیدا کرنا......اَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا......بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔

اَوْرَمَ اِيْـــرَامًـــا: غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَـعَـلَ بِهٖ مَا اَوْرَمَهٗ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔

الوَرَم: مص۔ سوجن۔ ج اَوْرَام.

الاَوْرَم: لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔

المَوْرِم: ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔

المُوَرَّم: مفع۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔

وَارَنَهٗ مُوَارَنَةً: رُو در رُو ہونا۔ مقابل ہونا۔

تَوَرَّنَ: بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔

الوَرَنک: مچھلی کی ایک قسم۔

وَرِهَ يَـــوْرَهُ وَرَهًـــا: بے وقوف ہونا۔ صفت اَوْرَه. مؤنث وَرْهَاء. وَرِهَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔

وَرِهَت تَرِهُ وَرَهًا الْمَرْاَةُ: عورت میں بہت چربی ہونا۔

تَـوَرَّهَ فُلَانٌ فِی عَـمَـلِ هٰذَا الشَّیْءِ: ماہر نہ ہونا۔

الـوَرِهُ مِـنَ السَّـحَـابِ: بہت بارش والا بادل۔

الوَارِه: کشادہ۔ فراخ۔

وَرْوَرَ النَّظَرَ: نظر تیز کرنا......فِی الْکَلَامِ:

تَوَدَّأَ عَلَیْهِ: ہلاک کرنا۔ تَوَدَّأَتْ عَلَیْهِ الْاَرْضُ: اوپر گر پڑنا اور ہموار ہونا...... عَلَیْهِ وعَنْهُ الْاَخْبَارُ: خبریں منقطع ہونا۔ تَوَدَّأَ الرَّجُلُ: مرنا...... فُلَانٌ عَلٰی مَالِهٖ: لینا اور جمع کرنا۔

اَلْوَدْأُ: مص۔ ہلاکت۔ اَلتَّوْدِئَةُ: مص۔ دفن کرنا۔

اَلْمُوَدَّأَةُ: ہلاکت۔ بیابان۔ میت کا گڑھا۔

اَلْوَدْبُ: بدحالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی وَدْبٍ" وہ بدحالی میں مبتلا ہے۔

وَدَجَ یَدِجُ وَدْجًا وَوَدَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی گردن کی رگ کاٹنا۔ وَدَجَ بَیْنَ الْقَوْمِ: معاملات درست کرنا۔ شر و فساد دور کرنا۔

وَادَجَهُ مُوَادَجَةً: صلح کرنا۔ نرمی برتنا۔

اَلْوَدَجُ. ج اَوْدَاجٌ والوِدَاجُ: گردن کی رگ جو غصہ کے وقت پھول جاتی ہے اور بقول بعض وَدَجٌ اس رگ کو کہتے ہیں جس کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے۔ اَلْوَدَجُ: وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "کَانَ فُلَانٌ وَدَجِیْ اِلٰی کَذَا" یعنی فلاں شخص میرے لئے فلاں چیز کے لئے وسیلہ ہے ج اَوْدَاجٌ. اَلْوَدَجَانِ: دو بھائی۔ کہا جاتا ہے "بِئْسَ وَدَجَا حَرْبٍ هُمَا" وہ دونوں لڑائی کے دو بُرے بھائی ہیں۔

اَوْدَحَ لَهٗ: مطیع ہونا۔ اقرار کرنا...... الاِبِلُ: اُونٹ کا موٹا ہونا۔ اچھی حالت والا ہونا ...... اَلْحَوْضَ: حوض کو درست کرنا۔

اَلْوَدَحَةُ: تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنِّیْ وَدَحَةً" اس نے مجھ کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَدِرَ یَیْدَرُ وَدَرًا: بے ہوشی طاری ہونے کے قریب تک مست ہونا...... الشَّیْءُ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

وَدَّرَهٗ: بھڑکا کر ہلاکت میں ڈالنا۔ وَدَّالرَّسُوْلَ: قاصد بھیجنا...... الشَّیْءَ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا...... الْمَالَ: فضول خرچی کرنا...... الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

تَوَدَّرَ: فضول خرچ ہونا...... فِی الْاَمْرِ: پڑنا ......هُ: ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَسَ یَدِسُ وَدْسًا عَلَیَّ الشَّیْءُ: پوشیدہ رہنا...... بِالشَّیْءِ: چھپانا...... اِلَیْهِ بِکَلَامٍ: ادھوری بات کہنا...... الرَّجُلُ: جانا۔

وَدَّسَ الشَّیْءُ: پوشیدہ ہونا۔ وَدَّسَتِ الْمَاشِیَةُ: ہریاول چرنا...... اِلَیْهِ بِکَلِمَةٍ: کوئی بات کہنا۔

وَدَسَ وَوَدَّسَ وَتَوَدَّسَ الْمَکَانُ: ہریاول والا ہونا۔

اَوْدَسَتِ الْاَرْضُ: اتنا اُگنا کہ سطح زمین چھپ جائے۔

اَلْوَدْسُ والوِدَاسُ والوَدَاسُ: نباتات جو سطح زمین کو چھپالے۔ اَلْوَدَسُ: عیب۔

اَلْوَدِیْسُ: خشک نباتات۔ پتلا شہد۔

اَرْضٌ مَوْدُوْسَةٌ: کم گھاس والی زمین۔

وَدَصَ یَدِصُ وَدْصًا اِلَیْهِ بِکَلَامٍ: ادھوری بات کہنا۔

وَدَعَ یَدَعُ وَدْعًا الشَّیْءَ: چھوڑنا...... مَالًا عِنْدَهٗ: امانت رکھنا...... الشَّیْءُ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں) (...... وَدْعًا) اَلْمُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا اور کہا جاتا ہے "وَدَعُوْهُ" جبکہ کسی کے لئے دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی تکالیف سفر کو دور کرے اور اس کو آرام نصیب کرے...... الثَّوْبَ بِالثَّوْبِ: محفوظ کرنا (...... وَوَدُعَ یَوْدُعُ وَدَاعَةً) الرَّجُلُ: مطمئن ہونا۔ صفت وَدِیْعٌ وَوَادِعٌ.

وَدَّعَ الْمُسَافِرُ الْقَوْمَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام سے چھوڑنا...... الْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: رخصت کرنے کے لئے جانا...... فُلَانًا: چھوڑنا...... الصَّبِیَّ او الْکَلْبَ: گلے میں کوڑی ڈالنا...... الثَّوْبَ فِیْ صِوَانٍ وَنَحْوِهٖ: کپڑے کو گٹھری وغیرہ میں محفوظ کرنا ...... فَرَسَهٗ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔

وَادَعَهٗ مُوَادَعَةً وَوِدَاعًا: صلح کرنا الوِدَاع.

اَوْدَعَهُ الشَّیْءَ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔ هٗ السِّرَّ: راز ظاہر کرنا اور دوسرے سے چھپانے کو کہنا۔ اَوْدَعَ کِتَابَهٗ کَذَا: خط میں لکھنا...... الْکَلَامَ مَعْنًی حَسَنًا: لطیف معنی کی تضمین کرنا اور کہا جاتا ہے اَوْدَعْتُهٗ مَالًا: یعنی میں نے اپنے پاس امانت رکھنے کے لئے اس سے مال لیا۔

تَوَدَّعَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو رخصت کرنا ...... الثَّوْبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا ...... فُلَانًا: اپنی ضرورت میں مشغول کرنا۔

تَوَادَعَ الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔ ایک دوسرے کو رخصت کرنا۔

اِتَّدَعَ: آرام کرنا۔ تن آسانی اختیار کرنا۔ قرار پکڑنا۔

اِسْتَوْدَعَ فُلَانًا مَالًا: کسی کو امانت رکھنے کے لئے مال دینا۔

اَلْوَدْعُ: مص۔ قبر۔ تیراندازی کا نشانہ۔ ج وُدُوْعٌ (...... والوَدَعُ) کوڑی یا گھونگا۔ واحد وَدْعة ووَدَعَةٌ. ج وَدَعَاتٌ.

الاَوْدَعُ: جنگلی چوہا۔

اَلْوَدَاعُ: رخصت۔

اَلْوَدَاعَةُ. وَدُعَ: کا مصدر۔ سکون و وقار۔

اَلدَّعَةُ والتُّدْعَةُ والتُّدَعَةُ والتَّدَاعَةُ: سکون۔ راحت۔ فراخی زندگانی۔

اَلْوَدِیْعُ ج وُدَعَاءُ: چپ چاپ۔ ٹھہرنے والا ج وَدَائِعُ: عہد۔ مقبرہ۔

اَلْوَدِیْعَةُ. وَدِیْعٌ: کا مؤنث۔ امانت۔ ج وَدَائِعُ.

اَلْمُسْتَوْدَعُ: حفاظت کی جگہ۔ رحم مادر۔

اَلْمِیْدَعُ ج مَوَادِعُ والمِیْدَعَةُ والمِیْدَاعَةُ: پرانا استعمالی کپڑا۔ کپڑے وغیرہ محفوظ کرنے کی چیز۔ کَلَامٌ مِیْدَعٌ: غم انگیز گفتگو۔ اَلْمِیْدَاعَةُ: آرام طلب مرد۔

اَلْمُوْدَعُ: مفع ...... مِنَ الْخَیْلِ: پُرسکون آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔

اَلْمَوْدُوْعُ: سکون و وقار۔

اَوْخَصَ اِيْخَاصًا فُلاَنٌ لِيْ بِعَطِيَّةٍ: کم دینا۔

وَخَصَ يَخِصُ وَخْصًا فُلاَنًا بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا...... ہُ الشَّيْبُ: بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔

الْوَخِيْصُ: نیزہ زدہ۔

وَخَطَ يَخِطُ وَخْطًا فُلاَنًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَخَطَهُ بِالسَّيْفِ: دور سے تلوار سے کوچنا۔

...... ہُ الشَّيْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

وَخَطَ فِي الْبَيْعِ: کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔

وُخِطَ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

الْوَخَّاطُ: تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شتر مرغ یا اونٹ۔ طَعْنٌ او رُمْحٌ وَخَّاطٌ: پار ہونے والا نیزہ۔

الْمِيْخَطُ: پار ہونے والا۔

وَخَفَ يَخِفُ وَخْفًا السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا...... السَّوِيْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا...... الرَّجُلَ: بدگوئی کرنا۔ برائی سے یاد کرنا۔

وَخَّفَ و اَوْخَفَ السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّهُ لَيُوْخِفُ فِي الطِّيْنِ" اس احمق کے لئے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔

اِتَّخَفَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا پھسلنا۔

الْوَخْفَةُ: اسم مرۃ۔ خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔

الْوَخِيْفَةُ: ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔

الْمُوْخِفُ: بے وقوف۔

الْمِيْخَفُ: ستو گوندھنے کا برتن۔

وَخُمَ يَوْخُمُ وَخَامَةً وَوُخُوْمَةً وُخُوْمًا الْمَكَانُ او الطَّعَامُ: مضر صحت یا نا قابلِ ہضم ہونا۔

وَخَمَهُ يَخِمُهُ وَخْمًا: زیادہ بدہضمی والا ہونا۔ وَخِمَ يَوْخَمُ وَخَمًا واتَّخَمَ مِنْ وعَنْهُ: بدہضمی ہونا۔

وَاخَمَهُ مُوَاخَمَةً فَوَخَمَهُ (ض) بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔

اَتْخَمَهُ اِتْخَامًا الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَهُ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)

وَخَّمَ الشَّيْئَ: مضر صحت بنانا۔

تَوَخَّمَ واسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ: کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ الْمَكَانَ: کسی جگہ کی آب و ہوا کو نا موافق پانا۔

الْوَخْمُ والْوَخِمُ مِنَ الرِّجَالِ: سست ج اَوْخَامٌ. شَيْئٌ وَخِمٌ: وبازدہ۔

الْوَخَمُ: مص۔ بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ ضرر کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔

الْوَخِيْمُ والْوَخُوْمُ مِنَ الرِّجَالِ: گندا۔ سست۔ ج وَخَامَى ووِخَامٌ. بَلَدٌ وَخِيْمٌ: نا موافق شہر۔ شَيْئٌ وَخِيْمٌ: وبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِيْمُ الْعَاقِبَةِ: مضر ردی۔

اَرْضٌ وَخْمَةٌ ووَخِمَةٌ ووَخَامٌ ووُخُوْمٌ وَخِيْمَةٌ ومَوْخِمَةٌ ومَوْخَمَةٌ ومُوْخِمَةٌ: مضر صحت گھاس والی زمین۔ وبازدہ زمین۔

التُّخَمَةُ: بدہضمی (اس کی اصل وُخَمَةٌ ہے) ج تُخَمَاتٌ وتُخَمٌ کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ مَتْخَمَةٌ" یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مَوْخَمَةٌ ہے)

تَوَخَّنَ: خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔

الْوَخْنَةُ: فساد۔

وَخَى يَخِي وَخْيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ وَخَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا متوسط چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "وَخَى وَخْيَهُ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِيْ اَيْنَ وَخَى" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔

وَخَّى الْاَمْرَ: طلب کرنا...... ہُ لِلْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔

وَاخَى مُوَاخَاةً فُلاَنًا: بھائی بندی کرنا (آخَاهُ [illegible] ضعیف [illegible]

تَوَخَّى تَوَخِّيًا وتَاَخَّى تَاَخِّيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ طلب کرنا۔

اِسْتَوْخَى الْقَوْمَ: خبر طلب کرنا۔

الْوَخْيُ: مص۔ ارادہ۔ قابلِ اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ ج وُخِيٌّ ووِخِيٌّ.

الْوِخْيُ والْخِيَّةُ: ارادہ۔

وَدَّهُ يَوَدُّهُ وَدًّا ووُدًّا ووِدًّا ووَدَادًا ووُدَادًا ووِدَادًا ووَدَادَةً ومَوَدَّةً ومَوْدِدَةً ومَوْدُوْدَةً: خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ كَانَ كَذَا وَلَوْ اَنَّكَ فَعَلْتَ كَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)

وَادَّهُ وِدَادًا ومُوَادَّةً: محبت ظاہر کرنا۔

تَوَدَّدَهُ: دوستی چاہنا۔ تَوَدَّدَ اِلَيْهِ: دوستی کرنا۔

تَوَادَّ الرَّجُلاَنِ: آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

الْوَدُّ والْوِدُّ والْوُدُّ: محبت۔ دوستی۔ تم کہتے ہو "تُوَدِّيْ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ ج اَوُدٌّ اَوُدَادٌ اَوْ تُوَدٌّ کہا جاتا ہے "هُوَ وُدُّكَ وَهُمْ اَوْدَادُكَ" اور وُدٌّ تثلیث واو سے اسم جمع بمعنی محبین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ.

الْوَدُوْدُ: بہت محبت کرنے والا۔ محبوب۔ تم کہو گے هُوَ وَدُوْدِيْ وَدُوْدُ.

الْوَدِيْدُ: محبت کرنے والا۔ ج اَوِدَّةٌ واَوِدَّاءُ اور وَدِيْد اسم جمع بمعنی محبین بھی ہے۔

الْاَوَدُّ: اسم تفضیل ج اَوَدُّوْنَ.

الْمِوَدُّ: بہت محبت کرنے والا۔

وَدَاَ يَدَاُ وَآدَاَ الشَّيْئَ: برابر کرنا...... بِالْقَوْمِ: بدسلوکی کرنا۔

وَدِئَ يَوْدَاُ وَدْءًا: منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الْاَخْبَارُ عَنْهُ" اس کی خبریں منقطع ہو گئیں۔

وَدَّاَ تَوْدِيْئًا وتَوْدِئَةً عَلَيْهِ الْاَرْضَ: ہموار کرنا...... عَلَيْهِ وبِهِ: ہلاک کرنا۔ وَدَّاَتْهُ الْاَرْضُ: چھپا لینا۔

پڑنا۔

اَوْحَلَهٗ: کیچڑ میں ڈالنا......ہٗ شَرًّا: برائی میں پھنسا دینا۔

وَاحَلَهٗ مُوَاحَلَةً: کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاحَلَهٗ فَوَحَلَهٗ" اس نے کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

اِتَّحَلَ اِتِّحَالًا لِيْ يَمِيْنِهٖ: قسم کھانے میں استثناء کرنا۔

تَوَحَّلَ: کیچڑ میں لت پت ہونا (......وَاسْتَوْحَلَ) الْمَكَانُ: کیچڑ والی ہونا۔

الْوَحْلُ بِالتَّسْكِيْنِ: وحل میں ایک ردی لغت۔

الْوَحَلُ: کیچڑ۔ ج اَوْحَالٌ وَوُحُوْلٌ.

الْوَحِلُ: کیچڑ میں لت پت۔

الْمَوْحِلُ: کیچڑ کی جگہ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یہ وَحِلَ سے اسم ہے۔

وَحِمَتِ الْمَرْاَةُ تَيْحَمُ وَتَوْحَمُ وَحَمًا وَتَوَحَّمَتْ: حاملہ ہونے کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا خواہش مند ہونا۔ کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم ہو جانا۔ صفت وَحْمٰى ج وِحَامٌ وَحَامٰى اور اسی سے مثال ہے۔ "وَحْمٰى وَلَاحَبَلَ" اس لالچی کے متعلق بولتے ہیں جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے۔

وَحِمَ الشَّيْءَ: خواہش کرنا۔

وَحَمَتْ وَحْمَةً: ارادہ کرنا۔

وَحَّمَ الْحُبْلٰى: حاملہ کو خواہش کے مطابق کھلانا......لَهَا: حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح کرنا یا پیش کرنا۔

الْوَحَمُ: مص۔ حاملہ کی خواہش۔ پرندہ کی پھڑ پھڑاہٹ اور کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ ذَاتُ وَحِمٍ" بہت گرم رات۔

الْوِحَامُ وَالْوَحَامُ: حاملہ کی خواہش۔

الْوَحِيْمُ: بہت گرم دن۔

وَحَنَ يَحِنُ وَوَحِنَ يَوْحَنُ وَحْنًا وَوَحَنَةً عَنْ فُلَانٍ: کینہ رکھنا۔

تَوَحَّنَ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔

الْوَحْنَةُ: اسم مرۃ۔ پھسلانے والی کیچڑ۔

وَحْوَحَ: آواز کو گرفتہ نکالنا۔ سخت سردی کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور اُح اُح یا حو حو کہنا۔

تَوَحْوَحَ الظَّلِيْمُ فَوْقَ الْبَيْضِ: شتر مرغ کا انڈوں پر فریفتگی ظاہر کرنا۔

الْوَحْوَحُ وَالْوَحْوَاحُ: قوی۔ کتا۔ آواز نکالنے والا۔ الْوَحْوَحُ: جلد باز تیز آدی۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ ج وَحَاوِحُ۔ الْوَحْوَاحُ: سردار اور رئیس ج وَحَاوِيْحُ.

وَحٰى يَحِيْ وَحْيًا اِلٰى فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ پیغام بھیجنا......اِلَيْهِ او وَحٰى اِلَيْهِ كَلَامًا: چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا اللّٰهُ فِيْ قَلْبِهٖ كَذَا: دل میں ڈالنا ......الْكِتَابَ: لکھنا......الذَّبِيْحَةَ: جلدی سے ذبح کرنا (...... وَحْيًا وَوَحًى وَوَحَاءً وَتَوَحّٰى) جلدی کرنا۔

اَوْحٰى اِيْحَاءً اِلٰى فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا ......اللّٰهُ اِلَيْهِ بِكَذَا: وحی بھیجنا......الْكِتَابَ: لکھنا......نَفْسُهٗ: خوفزدہ ہونا......الرَّجُلُ: محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا......الْقَوْمَ: چلانا ......الْعَمَلَ: جلدی کرنا......الدَّوَاءُ الْمَوْتَ: جلدی موت واقع کرنا۔

وَحّٰى تَوْحِيَةً. ذَبِيْحَةً: جلدی ذبح کرنا۔

وَحَّاهُ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَحّٰى الدَّوَاءُ الْمَوْتَ" دوا نے فوراً موت واقع کی۔

تَوَاحٰى تَوَاحِيًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔

اِسْتَوْحَاهُ: پکارنا۔ جلدی کرانا......هُ الشَّيْءَ: دریافت کرنا۔

الْوَحْيُ: مص۔ لکھا ہوا پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کے لئے تم پیش کرو۔ پھر غالب طور پر انبیاء علیہم السلام کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف [illegible] پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہو (......وَالْوَحَاةُ) آواز۔

الْوَحٰى: مص۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ ج وُحِيٌّ اور جلدی کرانے کے لئے بولا جاتا ہے "اَلْوَحٰى اَلْوَحٰى" "وَالْوَحَاكَ الْوَحَاكَ" یعنی سبقت کرو، سبقت کرو۔

الْوَاحِيْ: فا۔ ج وَاحُوْنَ وَوُحَاةٌ.

الْوَحِيُّ: بہت جلدی۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ وَحِيٌّ" جلدی کی موت۔ "وَذَكَاةٌ وَحِيَّةٌ" جلدی کا ذبح۔

الْاَوْحٰى: زیادہ تیز۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتْلُ بِالسَّيْفِ اَوْحٰى" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔

وَخَدَ يَخِدُ وَخْدًا وَوَخِيْدًا وَوَخَدَانًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ وَوَخُوْدٌ وَوَخَّادٌ.

الْوَخْدُ. وَخَدَ: کا اسم ج وُخُوْدٌ.

وَخَزَهٗ يَخِزُهٗ وَخْزًا: چبھونا......هُ الشَّيْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا......فُلَانٌ: شہد کا ثرید بنانا۔

الْوَخْزُ: مص۔ ہر چیز کا تھوڑا اور کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا وَخْزًا وَخْزًا" چار چار آئے۔

الْوَخِيْزُ: شہد کا ثرید۔

وَخُشَ يَوْخُشُ وُخُوْشَةً وَوَخَاشَةً وَوُخُوْشًا الشَّيْءُ: نکما اور ردی ہونا......رَاْسُ الْكَبْشِ: خشک ہونا اور سکڑنا۔

وَخِشَ الشَّيْءَ: نکما ردی کرنا......الْعَطِيَّةَ: کم دینا۔

اَوْخَشَ لَهٗ بِالْعَطِيَّةِ: کم دینا......فِيْ عِرْضِهٖ: بے عزتی کرنا......الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔

الْوَخْشُ: ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی وخاش و اوخاش جمع آتی ہے۔

وَخَصَ يَخِصُ وُخُوْصًا: حرکت کرنا۔

الوَحِید: اکیلا۔

الاَوْحَد: واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے "اللّٰہُ الاَوْحَدَ" یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَوْحَدُ اَھْلِ زَمَانِہٖ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحْدَان وَلَسْتُ فِیْ ھٰذَا الاَمْرِ بِاَوْحَدِ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کے لئے وَحْدَاءُ کا صیغہ نہیں آتا۔

وُحَاد واُحَاد ومَوْحَد: ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءُوْا وُحَادَ واُحَادَ ومَوْحَدَ" لوگ ایک ایک کر کے آئے اور ایسا ہی مؤنث کے لئے بھی اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

التَّوْحِید: مص۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔

الاِتِّحَادِ اَوِ الجِسْمِ المُرَکَّبُ: (کیمیا) دو یا دو سے زیادہ بسیط جسموں کے ذرات کے درمیان نسبہ تامہ کے ساتھ مضبوط ترکیب کا نتیجہ۔ جیسے پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مرکب ہے۔ اور یہ مرکب جسم اپنے مرکبات سے مکمل مختلف ہوتا ہے۔

الاِتِّحَادِی: کام کرنے والوں کی تنظیم کا رکن سیاسی اتحادی کا ماہر۔ الاِتِّحَادِیَّۃُ: اتحادی کی صفت۔ مزدوروں کی یونین۔

المُوَحِّد: فا۔ اللہ کی واحدانیت کا معتقد۔

المُوَحَّد مِنَ الحُرُوْفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔

المِیْحَاد: اکیلا اکیلا۔ ج مَوَاحِید۔

وَحِرَ یَحِرُ ویَوْحَرُ ویَیْحَرُ وَحَرًا عَلَیْہِ: سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا۔ صفت وَحِرٌ۔

وَحِرَ یَوْحَرُ وَحَرًا ووَحِرَۃً: چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔ زہر آلود چیز کو کھانا پینا اور زہر کا اثر کرنا...... الطَّعَامُ: وحرہ سے زہر آلودہ ہونا۔ صفت وَحِر۔

اَوْحَرَہٗ: غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔ اَوْحَرَتِ الوَحَرَۃُ الطَّعَامَ: زہر آلود کر دینا کہ جس کے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔

الوَحْر: کینہ۔ سخت غضب۔ خیانت۔

الوَحَر: مص۔ غصہ۔ کینہ۔ سینہ کی سوزشیں۔

الوَحَرَۃ: چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے۔ پستہ قد عورت یا اونٹ ج وَحَرٌ۔ اِمْرَاَۃٌ وَحَرَۃٌ: سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔

وَحَشَ یَحِشُ وَحْشًا بِثَوْبِہٖ اَوْ بِسِلَاحِہٖ: کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا۔

اَوْحَشَ اِیْحَاشًا المَکَانُ: ویران ہونا۔ المَکَانَ: خالی پانا...... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔ بے توشہ ہونا...... الرَّجُلَ: وحشت محسوس کرنا۔

تَوَحَّشَ: وحشی کے مانند ہونا۔ بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا۔ کپڑے پھینکنا ...... المَکَانُ: ویران ہونا۔

اِسْتَوْحَشَ: وحشت محسوس کرنا...... مِنْہُ: مانوس نہ ہونا...... المَکَانُ: ویران ہونا۔

الوَحْش: مص۔ جنگلی جانور۔ ج وُحُوْش وُحْشَان واحد وَحْشِیٌّ۔ حِمَارٌ وَحْشٌ وحِمَارٌ وَحْشِیٌّ: جنگلی گدھا۔

وبَقَرُ الوَحْشِ: نیل گائے۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَحْشٌ" ویران و خالی جگہ۔ "وَمَشٰی فِی الاَرْضِ وَحْشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحْشًا" اس نے بھوکے رات گزاری اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "ھُمْ اَوْحَاش" اور کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔

النَّدِيْف مِنَ القُطْنِ: دھنی ہوئی روئی۔

المِنْدَف والمِنْدَفَة: روئی دھننے کی کمان۔

نَدَل (ن) نَدْلًا الشَّيْءَ: جلدی سے اُچک لینا۔ منتقل کرنا...... الدَّلْوَ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں سے ڈول کھینچنا...... بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا۔

نَدِلَتْ (س) نَدَلًا يَدُهُ: ہاتھ کا میلا کچیلا ہونا۔

تَنَدَّلَ وتَمَنْدَلَ. بِالمِنْدِيْلِ: رومال سے پونچھنا۔ سر پر رومال لپیٹنا۔

اِنْتَدَلَ المَالَ: برداشت کرنا۔

النَّدَل: مص۔ میل کچیل۔

النُّدُل: کھانا کھلانے والے خدام۔

المَنْدَل: چرمی موزہ۔ عود۔ ج مَنَادِل.

المِنْدَل والمِنْدِيْل والمَنْدِيْل: رومال۔ ج مَنَادِل ومَنَادِيْل. المِنْدَل: اُچک لینے والا۔ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے چلو لے۔

النَّوْدَل: پستان۔

نَدِمَ (س) نَدَمًا ونَدَامَةً وتَنَدَّمَ عَلَى مَا فَعَلَ: پشیمان کرنا۔

أَنْدَمَهُ: پشیمان کرنا۔

نَادَمَهُ نِدَامًا ومُنَادَمَةً عَلَى الشَّرَابِ: ہم نشین ہونا۔

تَنَادَمَ القَوْمُ عَلَى الشَّرَابِ: ہم نشینی کرنا۔

اِنْتَدَمَ الأَمْرُ: آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُذْمَا اِنْتَدَمَ" لو جو آسان ہو۔

النَّادِم: پشیمان۔ شرمندہ۔ ج نَادِمُوْن ونُدَّام.

النَّدْمَان: پشیمان و شرمندہ۔ ج نَدَامَى ونَدْمَان (مثل مفرد) مؤنث نَدْمَانَة ونَدْمَى. النَّدْمَان: مجلس شراب کا ہم نشین۔

النَّدُم: تیز طبیعت۔ زیرک۔

النَّدَم: مص۔ نشان۔

النَّدِيْم والنَّدِيْمَة: مجلس شراب کا ساتھی۔ رفیق و ساتھی۔ ج نِدَام ونُدَمَاء ونُدْمَان.

المَنْدَم: پشیمانی۔

المَنْدَمَة: باعث پشیمانی۔

نَدَهَ (ف) نَدْهًا الرَّجُلُ: آواز دینا...... الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا...... الإِبِلَ: اکٹھا ہانکنا۔

اِنْتَدَهَ واسْتَنْدَهَ الأَمْرُ: درست ہونا۔

النَّدْهَة والنُّدْهَة: بہت سوئی۔ النُّدْهَة: آواز۔ النَّوَادِه: دھمکیاں۔

نَدَا يَنْدُو نَدْوًا. القَوْمُ: جمع ہونا اور مجلس میں حاضر ہونا...... القَوْمَ: مجلس میں جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْدُوْهُم النَّادِي" مجلس میں ان کے لئے گنجائش نہیں...... الرَّجُلُ: بخشش کرنا۔ جدا ہونا...... الشَّيْءُ: متفرق ہونا۔

نَدِيَ يَنْدَى نَدًى ونَدَاوَةً ونُدُوَّةً الشَّيْءُ: تر ہونا...... الأَرْضُ: تری پہنچنا...... الصَّوْتُ: دور کی ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا نَدِيْتُ بِشَيْءٍ مِنْ فُلَانٍ: میں نے فلاں سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ و "رَمَيْتُ بَصَرِي فَلَمْ يَنْدَ لِي شَيْءٌ" میں نے نگاہ ڈالی میرے لئے کوئی چیز متحرک نہیں ہوئی "وَمَا نَدِيَنِي مِنْ فُلَانٍ شَيْءٌ أَكْرَهُهُ" فلاں سے مجھ کو ایسی چیز نہیں پہنچی جس کو میں ناپسند کرتا ہوں و "لَمْ يَنْدَ مِنْهُمْ نَادٍ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا۔

نَدَّى تَنْدِيَةً الشَّيْءَ: تر کرنا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو پلانا۔ پسینہ آنے تک دوڑانا۔

نَادَى مُنَادَاةً ونِدَاءً الرَّجُلَ وبِالرَّجُلِ: پکارنا...... فُلَانًا: مجلس میں ہم نشین ہونا۔ مفاخرت کرنا۔ نَادَى بِسِرِّهِ: بھید ظاہر کرنا...... الشَّيْءَ: دیکھنا اور جاننا...... فُلَانًا: مشورہ کرنا...... النَّبْتُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور گنجان ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَادَى الطَّرِيْقُ لِفُلَانٍ ونَادَاهُ" یعنی فلاں کے لئے راستہ ظاہر ہوگیا۔

أَنْدَى اِنْدَاءً الرَّجُلُ: بہت داد و دہش والا ہونا۔ سخی ہونا۔ صاحب فضل ہونا...... الشَّيْءَ: تر کرنا...... الكَلَامُ: بدانجامی کے خوف سے کہنے والے یا سننے والے کو پسینہ لانا۔

تَنَدَّى الرَّجُلُ: سخی ہونا۔ مہربان ہونا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتَّى تَنَدَّى" اس نے پیا یہاں تک کہ سیراب ہو گیا...... المَكَانُ: گیلا ہونا۔

چلانی۔ ج نَدَب.

النَّدْبَة: اسم مرۃ۔ مؤنث النَّدْب (...... والنَّدَبَة) نشان زخم جو جسم پر باقی رہ جائے۔ ج نَدَب ج نُدُوب واَنْدَاب.

النُّدْبَة: میت کے محاسن وفضائل بیان کرنا اور کہا جاتا ہے کہ "عَرَبِیٌّ نُدْبَةٌ" یعنی فصیح عربی۔

المَنْدَب: میت پر رونا۔ ج مَنَادِب.

المِنْدَبِی: مرد کم حاجت۔

نَدَحَ (ف) نَدْحًا الشَّیْءَ: کشادہ کرنا۔

نَادَحَهٗ: کسی سے کسی چیز کے زیادہ ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَنَدَّحَت وانْتَدَحَتِ الْغَنَمُ فِیْ مَرَابِضِهَا او مَسَارِحِهَا: بکریوں کا بیٹھنے کی جگہ یا چراگاہ میں منتشر ہونا۔ متفرق ہونا۔ وتَنَدَّحَت: بُری شکم سے پھولنا۔

النَّدْح والنُّدْح: کشادگی۔ کثرت۔ پہاڑ کا کنارہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَنْدَاح.

النَّدْح والنُّدْح والنَّدْحَة والنُّدْحَة: کشادہ زمین۔

النِّدْح: بوجھ۔ چیز جس کو تم دور سے دیکھو۔

المَنْدُوحَة والمُتَنَدَّح: کشادگی۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "لَکَ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَنْدُوحَةٌ او مُتَنَدَّحٌ" تم کو اس کام میں آزادی ہے اور تم کو اس کا چھوڑنا ممکن ہے "وَلَکَ مُتَنَدَّحٌ فِی الْبِلَادِ" تمہارے لئے ملکوں میں گنجائش ہے ...... اَرْضٌ مَنْدُوحَةٌ: دور کی کشادہ زمین۔

المَنَادِح: دور کی کشادہ زمین۔

نَدَخَهٗ (ف) نَدْخًا: ٹکرا دینا۔ سمندر کا مسافر کہتا ہے "اَنْدَخْنَا الْمَرْکَبَ سَاحِلَ کَذَا" ہم نے جہاز کو فلاں ساحل سے ٹکرا دیا۔

تَنَدَّخَ الرَّجُلُ: بڑ ہانکنا۔

الاَنْدَخ: بے وقوف عیی کم بولنے والا۔

المُنْتَدِخ: بری بات کہنے اور سننے میں لاپرواہ۔

نَدَرَ (ن) نَدْرًا ونُدُوْرًا الشَّیْءُ: نادر ہونا۔ کسی چیز میں سے گر کر نمایاں ہونا ...... مِنْ مَوْضِعِهٖ: زائل ہونا ...... فُلَانٌ مِنْ قَوْمِهٖ: نکل جانا ...... الشَّجَرَةُ: پتیاں نکلنا یا سبز ہونا ...... الشَّیْءَ: تجربہ کرنا ...... النَّبَاتُ: پھوں والی ہونا ...... الرَّجُلُ: مرنا ...... الرَّجُلُ فِیْ فَضْلٍ او عِلْمٍ: فضیلت یا علم میں بڑھ جانا۔

نَدُرَ (ک) نَدَارَةً الکَلَامُ: فصیح ہونا۔ عمدہ ہونا۔ عجیب وغریب ہونا۔

اَنْدَرَ: نادر قول یا فعل کرنا ...... الشَّیْءَ: گرانا ...... العَظْمَ: جگہ سے ہٹانا۔

تَنَادَرَ عَلَیْنَا: نوادر بیان کرنا۔ وتَنَادَرُوْا الشَّیْءَ: گرانا۔

اِسْتَنْدَرَهٗ: نادر سمجھنا ...... القَوْمُ اَثَرَهٗ: پیچھے جانا۔

النَّدْر: نادر۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ نَدْرٌ" نادر چیز یہ وصف بالمصدر ہے۔

النَّدْرَة: چاندی یا سونے کا ٹکڑا جو کان میں پایا جائے (...... والنُّدْرَة) کمی۔ کمیابی۔ کہا جاتا ہے "لَا یَکُوْنُ ذٰلِکَ اِلَّا نَدْرَةً وفِی النَّدْرَةِ" یعنی یہ بہت کم ہے۔

النَّادِر: قا...... مِنَ الْکَلِمِ: کمیاب۔ شاذ و مخالف قیاس ...... مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔

النَّادِرَة. النَّادِر: کا مؤنث۔ ج نَوَادِر.

نَوَادِرُ الْکَلَامِ: عجیب کلام۔ شاذ۔ فصیح وعمدہ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَادِرَةُ الزَّمَانِ" وہ یکتائے زمانہ ہے۔

النَّدَرَی: نادر کمیاب اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ نَدَرَی وفِیْ نَدَرَی والنَّدَرَی وفِی النَّدَرَی" یعنی میں نے اس سے گاہے ماہے ملاقات کی۔

الاَنْدَر: گیہوں کا کھلیان۔ کھلیان۔ ج اَنَادِر.

الاَنْدَرِیُّ: موٹی سی۔

نَدَسَهٗ (ن) نَدْسًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ...... هٗ بِکَلِمَةٍ: کسی کے متعلق کوئی کلمہ کہہ دینا۔ نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ...... هٗ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے ہٹانا ...... عَلَیْهِ الظَّنَّ: بدگمانی کرنا ...... الْاَرْضَ بِرِجْلِهٖ: زمین پر پاؤں پٹکنا۔

نَدِسَ (س) نَدَسًا الغُلَامُ: سمجھدار وزیرک ہونا۔ صفت نَدُسٌ ونَدِسٌ ونَدْسٌ.

نَادَسَهٗ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

تَنَدَّسَ: گر پڑنا۔ بچھڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَدَسَ بِهِ الاَرْضَ فَتَنَدَّسَ" اس نے اس کو زمین پر پٹک دیا اور وہ گر گیا ...... مَاءُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے پانی کا بہنا ...... الرَّجُلُ الْاَخْبَارَ وعَنِ الْاَخْبَارِ: خبروں کی جستجو کرنا تاکہ دوسروں سے مخفی خبر معلوم ہو جائے۔

تَنَادَسَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا۔

النَّدُس: حس۔ پست آواز۔ پست آواز کو تیز سننے والا۔ سمجھدار۔

النَّدَس: سمجھ وزیرکی۔

رِمَاحٌ نَوَادِسُ: لگنے والے نیزے۔ زخم کرنے والے نیزے۔

المِنْدَاس مِنَ النِّسَاءِ: ہلکی پھلکی سمجھدار عورت۔

المَنْدُوسَة: کبریلا۔

نَدَشَ (ض) نَدْشًا ونَدَشًا عَنِ الشَّیْءِ: کھود کرید کرنا ...... الْقُطْنَ: روئی دھنا۔

نَدَصَ (ن) نَدْصًا ونُدُوْصًا الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ: نکل جانا ...... الرَّجُلُ: جلدی سے نکلنا ...... عَلَی الْقَوْمِ: مکروہ چیز کے ساتھ ظاہر ہونا ...... الْقَوْمَ: لوگوں کے ساتھ شرارت کرنا (...... نُدُوْصًا) عَیْنُهٗ: گلا گھوٹے ہوئے کی مانند آنکھیں باہر کو نکل پڑنا۔

نَدِصَتْ (س) نَدَصًا الْبَثْرَةُ: پھنسی سے دبانے کی وجہ سے خون نکلنا۔

اَنْدَصَ واسْتَنْدَصَ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ: حق وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔

المِنْدَاص: قوم کے ساتھ ہمیشہ بدی و

اَنْخَفَ: چھینکتے ہوئے بہت آواز نکالنا۔

النُّخْفَة: پہاڑ کی چوٹی میں پست زمین۔

النِخَاف: چرمی موزہ۔ ج اَنْخِفَة.

نَخَلَ (ن) نَخْلاً الدَّقِيْقَ: آٹا چھاننا۔ بھوسی دور کرنا...... الشَّيْئَ: چننا۔ صاف کرنا۔ النَّصِيْحَةَ اَوِ الْوُدَّ لِفُلاَنٍ: سچی خیر خواہی یا خالص دوستی کرنا۔ (...... وَنَخَّلَ) السَّحَابُ الثَّلْجَ: بادل کا پتھر برسانا۔ برف گرانا۔

تَنَخَّلَ وانْتَخَلَ الشَّيْئَ: چننا۔ عمدہ لینا۔

النَّخْلُ والنَّخِيْلُ: کھجور کا درخت۔ واحد نَخْلَةٌ ونَخِيْلَةٌ.

اَلنَّخْلِيَّاتُ: ایک تنے والے درخت جس کی شاخیں نہ ہوں۔

النُّخَالَة: بھوسی جو چھلنی میں رہ جائے۔ غلہ جو چھانا جائے۔

النَّخِيْلَة: طبیعت۔ خالص خیر خواہی۔ ج نَخَائِل کہا جاتا ہے "لاَ يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلاَّ نَخَائِلَ الْقُلُوْبِ" اللہ تعالیٰ صرف خالص نیتوں کو قبول فرماتے ہیں۔

النَّاخِل: فا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ نَاخِلُ الصَّدْرِ" وہ خیر خواہ ہے و "نَصِيْحَةٌ نَاخِلَةٌ" سچی خیر خواہی۔

النَّخَّال: بہت کھجور کے درختوں والا۔ آٹا چھاننے والا۔

الْمُنْخُلُ والمُنْخَلُ: چھلنی۔ ج مَنَاخِل.

نَخَمَ (ن) نَخْمًا: کھیلنا۔ عمدہ گانا۔ صفت نَاخِم.

نَخِمَ (س) نَخْمًا ونَخَمًا وتَنَخَّمَ: کھنکھارنا۔ ناک صاف کرنا۔

نَخِمَ (س) نَخَمًا الرَّجُلُ: تھکنا۔

النُّخَامَة: کھنکار۔ رینٹ۔ بلغم۔

النَّخْمَة: اسم مرۃ۔ کھنکھار۔ رینٹ۔ خوبصورتی وزیبائی۔ بہادری۔ طمانچہ۔

نَخْنَخَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو بٹھانا...... نَخْنَخَ فُلاَنًا: ڈانٹنا۔ ہٹانا۔ نَخْنَخَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ نَخْنَخَ بِالاِبِلِ اِخْ اِخْ: کہہ کر (اونٹ کو) ڈانٹنا کہ بیٹھ جائے۔

تَنَخْنَخَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بیٹھنا۔

نَخَا يَنْخُوْ نَخْوَةً الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔

نُخِيَ نَخْوَةً الرَّجُلُ: فخر کرنا۔ بڑا بننا۔

اَنْخَى اِنْخَاءً: کبر وغرور زیادہ ہونا۔

اِنْتَخَى اِنْتِخَاءً عَلَيْنَا: بڑا بننا۔ تکبر کرنا...... مِنْ كَذَا: تنگ جاننا۔

النَّخْوَة: مص۔ دلیری۔ مروت۔ بڑائی۔ کبر وغرور۔ فخر۔

نَدَّ (ض) نَدًّا ونَدِيْدًا ونُدُوْدًا ونِدَادًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بدک کر بھاگ جانا۔ کہا جاتا ہے نَدَّتِ الْكَلِمَةُ: شاذ ہونا۔ کم مستعمل ہونا۔

نَدَّدَ الاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق کرنا...... بِالشَّيْئِ: بدنام کرنا...... بِفُلاَنٍ: عیوب ظاہر کرنا۔ قبیح بات سنانا...... صَوْتَهُ: آواز بلند کرنا۔

اَنَدَّ الاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق کرنا۔

نَادَّهُ مُنَادَّةً: مخالفت کرنا۔

تَنَادَّ الْقَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ ایک دوسرے سے بدکنا۔ متفرق ہونا۔ تَنَادَّتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا بدک کر بھاگ جانا۔

النَّادُّ: فا اور کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَهُمْ نَادٌّ" ان کے لئے رزق نہیں۔ ج نُدَّاد.

النَدّ: ٹیلہ۔ بلند پشتہ۔

النِدّ: مثل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نِدٌّ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ ج اَنْدَادٌ.

النَّدِيْد: مثل ونظیر۔ ج نُدَدَاءُ مؤنث نَدِيْدَةٌ ج نَدَائِدُ کہا جاتا ہے مَالَهُ نَدِيْدٌ: اس کی کوئی نظیر نہیں۔

التَّنَادِّ: مص "يَوْمُ التَّنَادِّ ويَوْمُ التَّنَادِ" دال کی تخفیف کے ساتھ بمعنی یوم قیامت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا اَنَادِيْدَ وتَنَادِيْدَ" وہ لوگ ہر طرف پراگندہ ہو گئے۔

نَدَأَهُ (ف) نَدْأً: خوف دلانا۔ نَدَأَ اللَّحْمَ: گوشت کو آگ میں دبانا...... المَلَّةَ: بھلجانا [illegible] آنے آنا۔

النَّدِيْئ: آگ میں دبا ہوا گوشت۔

النَّدِيْئُ والنَّدِيْئَةُ والنُّدْأَةُ: آفتاب کے طلوع وغروب کے وقت بادلوں کی سرخی۔ قوس قزح۔ النَّدْأَةُ والنُّدْأَةُ: آفتاب کا دائرہ۔ چاند کا ہالہ۔ مال مویشیوں کی زیادتی و بہتات۔

النُّدْأَةُ والنُّدَأَةُ: متفرق گھاس کا ایک حصہ ج نُدَأٌ.

نَدَبَ (ن) نَدْبًا الْمَيِّتَ: میت پر رونا۔ میت کی خوبیاں شمار کرنا...... فُلاَنًا اِلَى الاَمْرِ او لِلاَمْرِ: بلانا۔ برانگیختہ کرنا۔ ــهُ اِلَى الْحَرْبِ: لڑائی کی جانب متوجہ کرنا۔ صفت فاعل نَادِبٌ صفت مفعول مَنْدُوْبٌ اور امر کو مَنْدُوْبٌ اِلَيْهِ کہتے ہیں اور اسم النُّدْبَة.

نَدِبَ (س) نَدَبًا ونُدُوْبًا ونُدُوْبَةً الظَّهْرُ: پیٹھ پر زخم کا نشان ہونا۔ صفت نَدِبٌ (...... نَدَبًا واَنْدَبَ) الْجُرْحُ: نشان زخم باقی ہونا۔ اَنْدَبَ فُلاَنٌ نَفْسَهُ وبِنَفْسِهِ: خطرے میں ڈالنا۔ اَنْدَبَ الْجُرْحُ فُلاَنًا: نشان ڈالنا...... بِظَهْرِهِ وَفِيْ ظَهْرِهِ: نشان چھوڑنا۔

نَدُبَ (ک) نَدَابَةً الرَّجُلُ: زیرک ہونا۔ ہوشیار و چست ہونا۔

اِنْتَدَبَ لِفُلاَنٍ: تردید کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَانْتَدَبَ لَهُ فُلاَنٌ" اس نے گفتگو کی اور فلاں نے اس کی تردید کی۔ اِنْتَدَبَهُ لِلاَمْرِ: بلاوے پر جواب دینا اور کہتے ہیں "عَمَلُهُمَا اِنْتَدَبَ" یعنی تو جو آسان ہو۔

النَّدْب: مص۔ فضائل کی طرف سبقت کرنے والا۔ شریف دانا۔ مرد کم حاجت۔ ج نُدُوْب ونُدَبَاءُ. فَرَسٌ نَدْبٌ: تیز گھوڑا۔

النَّدَب: مص۔ نشان زخم۔ ج اَنْدَاب ونُدُوْب: گھوڑ دوڑ یا تیر بازی کی شرط کہ جو غالب ہو لے لے۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْنَا نَدَبًا" یعنی تیز تیر پھینکنے والی کمان

الدَّابَّةَ: خراٹے لینا۔

نَخَرَ (ف) نَخْرًا الحَالِبُ النَّاقَةَ: دودھ کے لئے نتھنوں میں انگلی ڈال کر کھجلانا۔

نَخِرَ (س) نَخَرًا العُوْدُ او العَظْمُ ونَخُرَةً: لکڑی یا ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ صفت نَاخِرَةٌ ونَخِرٌ.

نَخَّرَهٗ: بوسیدہ کرنا۔ گفتگو کرنا۔

النُّخْرَةُ مِنَ الرِّيْحِ: ہوا کا تیز بہاؤ (...... والنُّخَرَةُ) ناک کا اگلا حصہ۔ ج نُخَر.

النَّاخِر: فا۔ بوسیدہ۔ ریزہ ریزہ۔ حملہ کرنے والا سور۔ گدھا اور بقول بعض گھوڑا۔ ج نُخُر: کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَاخِرٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

النَّاخِرَةُ. النَّاخِر: کا مؤنث۔ بوسیدہ ہڈیاں۔ گھوڑے یا گدھے۔

النَّخَّار: بہت خراٹے لینے والا۔

النِّخْوَار: بزدل۔ کمزور۔ شریف۔ مغرور ج نَخَاوِرَةٌ.

المَنْخَر والمِنْخَر والمَنْخِر والمِنْخِر والمُنْخُر والمَنْخُوْر: ناک۔ نتھنا۔ ج مَنَاخِر ومَنَاخِيْر.

النَّخُوْر: اونٹنی کہ جب تک نتھنوں میں انگلی ڈال کر نہ کھجلائیں دودھ نہ دے۔

النَّخْوَرِيُّ: چوڑے منہ والا۔ بڑے پیٹ والا۔

اِمْرَأَةٌ مِنْخَارٌ: وہ عورت جو جماع کے وقت بہت خراٹے لے گویا دیوانی ہے۔

نَخْرَبَ الشَّجَرَةَ: درخت میں سوراخ کرنا۔

النُّخْرُوْب: سوراخ۔ پتھر کا شگاف۔ ج نَخَارِيْب. نَخَارِيْبُ النَّحْلِ: شہد کے چھتے کے خانے۔

نَخَزَهٗ (ف) نَخْزًا. بِالْحَدِيْدَةِ: مارنا...... ہٗ بِكَلِمَةٍ: تکلیف پہنچانا۔

نَخَسَ (ف ن) نَخْسًا الدَّابَّةَ: جانور کے پہلو یا پچھلے حصہ پر لکڑی وغیرہ چبھو کر اکسانا ...... بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا......

البَكَرَةَ: چرخی میں پچڑ لگانا۔

نُخِسَ لَحْمُهٗ: کم ہونا...... البَعِيْرُ: اونٹ کی دم کے قریب خارش ہونا۔ صفت مَنْخُوْس.

تَنَاخَسَتِ الغَنَمُ: بھیڑ بکری کا سردی کی وجہ سے ایک دوسرے سے گرمی حاصل کرنا۔

الغُدْرَانُ: تالابوں کا ایک دوسرے میں پانی پہنچانا۔

النَّاخِس: فا اونٹ کی دم کے قریب خارش (...... والنَّخُوْس) جوان پہاڑی بکرا۔

النَّخِيْس: چرخی کہ اس کا سوراخ چوڑا ہو گیا ہو تو پچڑ لگا کر تنگ کر دیا جائے۔

النَّخِيْسَة: بھیڑ بکری کا ملا ہوا دودھ۔ مکھن۔

النِّخَاس: چرخی کے سوراخ کو تنگ کرنے کا پچڑ۔ نِخَاسَا البَيْتِ: گھر یا خیمہ کے ستون۔

النِّخَاسَة: بمعنی نِخَاس (...... والنَّخَاسَة) غلاموں یا جانوروں کی بیع۔

النَّخَّاس: بہت چبھونے والا۔ غلاموں اور جانوروں کی تجارت کرنے والا۔

المِنْخَس: آنکس۔ مہمیز۔ ج مَنَاخِس کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ نِخْسَةٍ" وہ حرامی بچہ ہے۔

نَخَشَهٗ (ن) نَخْشًا: برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا...... الشَّيْءَ: حرکت دینا...... الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا...... العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔

نَخُشَ (ک) نَخَشًا ونُخْشًا: دبلا ہونا۔

نَخِشَ (س) نَخَشًا الشَّيْءُ: کسی چیز کا نچلا حصہ بوسیدہ ہونا۔

النَّخْشُ اِلٰى كَذَا: حرکت کرنا۔

تَنَخَّشَ: مص۔ مال کا ایک ٹکڑا۔

نَخَصَ (ف ن) نَخْصًا الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔ جھریوں والا ہونا۔

نَخَصَهٗ وأَنْخَصَهُ الكِبَرُ او المَرَضُ: لاغر کرنا۔ جھریوں والا ہونا۔

نَخِصَ (س) نَخَصًا وانْتَخَصَ لَحْمُهٗ: کم گوشت ہونا۔

عَجُوْزٌ نَاخِصٌ: جھریوں والی بڑھیا۔

نَخَطَ (ن) نَخْطًا اِلَيْهِمْ: اچانک آنا۔ المُخَاطَ مِنْ اَنْفِهٖ: ناک سے رینٹ صاف کرنا۔

نَخَطَ (ن) نَخِيْطًا لِفُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب ظاہر کرنا...... عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔

اِنْتَخَطَه: مشابہ ہونا۔ اِنْتَخَطَ المُخَاطَ مِنْ اَنْفِه: ناک صاف کرنا۔

النَّخْط والنُّخْط: لوگ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ النَّخْطِ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔

النُّخُط: حرام مغز۔ بچہ دانی کی جھلی کا پانی۔

النُّخُط: بہادری کی وجہ سے نیزہ سے کھیلنے والے لوگ۔

نَخَعَ (ف) نَخْعًا الذَّبِيْحَةَ: ذبح کرنے میں چھری کو حرام مغز تک پہنچانا...... الاَمْرَ عِلْمًا: اچھی طرح سے آگاہ ہونا...... ہٗ الطَّاعَةَ او النَّصِيْحَةَ: فرمانبرداری یا نصیحت یا خالص طریقے سے کرنا...... الرَّجُلُ: سینے یا ناک سے کسی چیز کو گرانا (...... نُخُوْعًا) لَهٗ بِحَقِّهٖ: اقرار کرنا۔

نَخِعَ (س) نَخَعًا العُوْدُ او النَّبَاتُ: لکڑی یا نباتات سے پانی نکلنا ...... فُلَانٌ بِحَقِّيْ: اقرار کرنا۔

تَنَخَّعَ الرَّجُلُ: کھنکھارنا (...... اِنْتَخَعَ) السَّحَابُ: سارا پانی برسا دینا۔ وانْتَخَعَ الرَّجُلُ عَنْ اَرْضِه: دور ہونا۔

النُّخَاع. بتثلیث النون: حرام مغز۔ ج نُخُع.

النُّخَاعَة: کھنکھار۔ بلغم۔

النُّخُوْع: مص۔ حق کا اقرار۔

الانْخَع: اسم تفضیل۔ بمعنی اذل واقہر۔ بہت زیادہ ہلاک کرنے والا۔

المَنْخَع: گردن اور سر کا اندرونی جوڑ۔ حرام مغز کٹنے کی جگہ۔

نَخَفَ (ف ن) نَخْفًا ونَخِيْفًا: چھینکتے ہوئے آواز نکالنا (اور یہ بکری کے لئے خاص ہے)

النَّحْمَةُ: کھانسی۔

النَّحِیمُ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

رَجُلٌ نَحِمٌ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا مرد۔

النَّحَّامُ: بہت پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا۔ شیر۔ بخیل۔

نَحْنُ: ہم۔ جمع متکلم کی ضمیر۔

نَحْنَحَ وتَنَحْنَحَ الرَّجُلُ: گلا صاف کرنا۔ کھنکھارنا۔ سینے سے آواز نکالنا۔ نَحْنَحَ فُلَانًا: بری طرح سے ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أنَا بِنَحْنَحِ النَّفْسِ عَنْ کَذَا" میرا جی اس سے خوش نہیں۔

النَّحَانِحَةُ: بخیل و کمینے۔

نَحَا یَنْحُو نَحْوًا الشَّیْءَ: قصد کرنا۔ نَحَا نَحْوَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔ نَحَا بَصَرَهُ إلَیْهِ: کسی کی طرف نگاہ پھیرنا...... الرَّجُلُ: اپنی دو جانبوں میں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا...... فُلَانًا عَنْهُ: پھیرنا۔ ہٹانا...... الشَّیْءَ: جھکانا۔

نَحَّی تَنْحِیَةً الرَّجُلَ عَنْ مَوْضِعِهِ: ہٹانا۔ معزول کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

نَاحَاهُ مُنَاحَاةً: باہم ایک دوسرے کی جانب ہونا۔

أنْحَی إنْحَاءً: اعتماد کرنا۔ کسی جانب جھکنا...... عَلَی فُلَانٍ ضَرْبًا: متوجہ ہونا...... بَصَرَهُ عَنْهُ: نگاہ پھیر لینا...... عَلَیْهِ: اعتماد کرنا۔

اِنْتَحَی اِنْتِحَاءً الشَّیْءَ او الرَّجُلَ: قصد کرنا...... لَهُ: اعتماد کرنا اور جھکنا...... البَعِیرُ عَلَی شِقِّهِ الأیْسَرِ: اونٹ کا بائیں جانب جھکنا۔

تَنَحَّی عَنْ مَوْضِعِهِ: جدا ہونا...... لِلشَّیْءِ: اعتماد کرنا...... الرَّجُلُ: کلام میں اعراب استعمال کرنا۔

النَّحْوُ: جانب۔ جہت۔ راستہ۔ مثل۔ مقدار۔ قصد و ارادہ اور بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ج أنْحَاء. وعِلْمُ النَّحْوِ: وہ علم جس میں کلمات عرب کے احوال مثل اعراب دینا و ترکیب و افراد سے بحث کی جائے اور اس علم کا نام علم نحو سے ہے کہ متکلم عرب کے طریقے پر چلتا ہے۔ ج أنْحَاء ونُحُوٌّ اور تصغیر نُحَیٌّ جیسے دَلْوٌ ودُلَیَّةٌ.

النَّحْوِیُّ: علم نحو کا جاننے والا۔ ج نَحْوِیُّونَ.

النَّاحِي: فا۔ علم نحو کا جاننے والا۔ ج نُحَاة.

النَّاحِیَةُ: جانب وجہت۔ ج نَاحِیَات ونَوَاحٍ وأنْحِیَة.

نَحَی یَنْحَی ویَنْحِی نَحْیًا. اللَّبَنَ: دودھ بلونا۔ متھنا۔ مسکہ نکالنا...... الشَّیْءَ: زائل کرنا...... بَصَرَهُ إلَیْهِ: نگاہ پھیرنا۔

نَحَاهُ یَنْحِیهِ نَحْیًا: ایک گوشہ میں کرنا۔

أنْحَی لَهُ السِّلَاحَ: ہتھیار سے مارنا...... عَلَیْهِ بِالسَّیْفِ: تلوار کے ساتھ متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "أنْحَی عَلَیْهِ بِاللَّوَائِمِ" وہ اس پر ملامت کے ساتھ متوجہ ہوا۔

نَحَّاهُ تَنْحِیَةً: زائل کرنا۔ جھکانا۔

تَنَحَّی تَنَحِّیًا: زائل ہونا۔ جھکنا۔

اِنْتَحَی فِي الأمْرِ: کوشش کرنا...... فِي الشَّیْءِ: اعتماد کرنا۔

النَّحْيُ والنِّحْيُ والنُّحْيُ: گھی کی مشک۔ دودھ بلونے کا برتن۔ چوڑے پھل کا تیر۔ ج أنْحَاء ونِحَاء ونُحِيٌّ.

النَّحِیَّةُ: ارادہ۔ نشانہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَحِیَّةُ الشَّدَائِدِ" فلاں سختیوں کا نشانہ ہے۔

المَنْحَاةُ: پانی بہنے کی پیچ دار جگہ۔ پانی لانے والے اونٹ کا راستہ۔ ج مَنَاحٍ. أهْلُ المَنْحَاةِ: بیگانے لوگ۔

نَخَّ (ن) نَخًّا: تیز چلنا...... الإبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا...... الإبِلَ وبالإبِلِ: اونٹ بٹھانے کے لئے اِخ اِخ یا نخ نخ کہنا۔

النَّخُّ: مص۔ لمبا فرش۔ ج أنْخَاخ.

النَّخَّةُ: اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔ کام کرنے والے بیل۔ باندی غلام۔ خبر جس کا سچ یا جھوٹ معلوم نہ ہو۔

النُّخَّةُ: کام کرنے والے بیل۔

النُّخُّ والنُّخَاعَةُ: گودا۔ مغز۔

نَخَبَ (ن) نَخْبًا الشَّیْءَ: کھینچنا [illegible] لینا۔ نَخَبَتِ النَّمْلَةُ: چیونٹی کا کاٹنا...... الصَّقْرُ الصَّیْدَ: باز کا شکار کے دل کو نکال لینا۔

نَخِبَ (س) نَخَبًا: بزدل ہونا۔ صفت نَخَبٌ ونَخِبٌ ونُخَبٌ ونَخِبٌ والنَّخَبُ.

أنْخَبَ الرَّجُلُ: بزدل بچہ پیدا کرنا۔ بہادر بچہ پیدا کرنا۔

اِنْتَخَبَ الشَّیْءَ: کھینچ کر نکالنا۔ چننا۔

النَّخْبُ: مص۔ بزدلی۔ دل کی کمزوری۔ بزدل۔ جام صحت اور عوام کہتے ہیں "شَرِبَ سِرَّهُ او عَلَی صِحَّتِهِ" (...... والنَّخْبَةُ) زبر۔ النَّخِبَةُ: بزدل۔

النُّخْبَةُ والنُّخَبَةُ: چنا ہوا۔ ج نُخَب.

النُّخْبَةُ: منتخب لوگ۔ دوست کے جام صحت کا پینا۔ پلانا۔ ج نُخَبَات. النُّخَبَات: بزدل لوگ۔

النَّخِیبُ: ج نُخُب والمَنْخُوبُ والیَنْخُوبُ: بزدل۔ بے دل۔

المَنْخُوبُ: دبلا کم گوشت والا والیَنْخُوبُ: لمبا۔

النِّخَابُ: دل کی جھلی۔

المَنْخَبَةُ: حلقۂ دبر۔

المِنْخَابُ: کمزور۔ ناکارہ۔ ج مَنَاخِیبُ.

نَخَتَ (ن) نَخْتًا الطَّیْرُ الشَّیْءَ: پرندہ کا چونچ مارنا...... القَوْلَ: بات کا تہ تک پہنچانا...... الشَّجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔

نَخَجَ (ض) نَخْجًا السَّیْلُ فِي سَنَدِ الوَادِي: سیلاب کا وادی کے بلند کناروں سے ٹکرانا۔ الدَّلْوَ وبالدَّلْوِ فِي البِئْرِ: ڈول کو بھر جانے کے لئے کنوئیں میں ہلانا...... الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

اِسْتَنْخَجَ الرَّجُلُ: سختی کے بعد نرم ہونا۔

النَّخِیجَةُ: باریک مکھن جو مشک سے رس کر نکلے۔

تَنَخَّذَ: ناخدا ہونا۔ جہاز کا کپتان ہونا۔

نَاخُذَاةٌ: جہاز کا کپتان۔ ج نَوَاخِذَة.

نَخَرَ (ض ن) نَخْرًا ونَخِیرًا الإنْسَانُ

ومَنحُوسٌ اور کہا جاتا ہے "اَیّامٌ نُحْسٌ ونَحِسٌ ونَاحِسٌ ونَحِیْسٌ واَیّامٌ نَوَاحِسُ ونَحْسَات ونَحِسَات" نامبارک دن۔

نَحَسَهٗ (ف) نَحْسًا: ظلم کرنا۔

اَنْحَسَتِ النّارُ: آگ کا زیادہ دھوئیں والی ہونا۔

نَحَسَ الاَخْبَارَ: تجسس کرنا۔ سن گن لینا۔

تَنَحَّسَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا..... لِشُرْبِ الدَّوَاءِ: دوا پینے کے لئے بھوکا رہنا (..... واسْتَنْحَسَ) الاَخْبَارَ وَعَنْهَا: تجسس کرنا اور حقیقت دریافت کرنا۔

تَنَاحَسَ وانْتَحَسَ فُلَانٌ: اوندھا گرنا۔

عَامٌ نَاحِسٌ: خشک سال۔ ج نَوَاحِس.

النَّحْس: مص نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے یَوْمٌ نَحْسٌ واَیّامٌ نَحْسٌ: نامبارک دن ج نُحُوس واَنْحُس. النَّحْس: مشقت و تکلیف۔ ایسا معاملہ جس کا کوئی حل نظر نہ آئے۔ ٹھنڈی پچھوائی ہوا۔ اطراف آسمان میں غبار۔ النَّحْسَان: زحل اور مریخ

السَّعْدان: مشتری اور زہرہ۔

النُّحَس: مہینے کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں رات جن کو ظلم بھی کہتے ہیں۔

النُّحَاس. بتثلیث النون: تانبا۔ آگ۔ دھواں بغیر شعلہ کے۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ النُّحَاسِ" وہ فیاض طبیعت کا ہے۔ ہر چیز کا اصل۔ چنگاری جو لوہے وغیرہ کو کوٹتے وقت جھڑے۔

النَّحَّاس: ٹھٹھیرا۔ تانبے کا کام کرنے والا۔

المَنَاحِس: نامبارک ومنحوس چیزیں۔ باعث نحوست امور۔

النِّحَاسَة: جلی ہوئی روٹی۔

نَحَصَتْ (ف) نُحُوصًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت موٹا ہونا۔ یا موٹائی کی وجہ سے حاملہ نہ ہونا۔ صفت نَحُوص ونَحِيص. ج نحص ونَحَائِص.

النُّحْص: دامن کوہ۔ المِنْحَاص: دبلی پتلی لمبی عورت۔

نَحَضَ (ف ض) نَحْضًا اللَّحْمَ: گوشت اتارنا..... فُلَانًا: اصرار سے سوال کرنا..... العَظْمَ: ہڈی سے سب گوشت اتار لینا..... السِّنَانَ: بھالا تیز کرنا..... هُ الدَّهْرُ: نقصان پہنچانا۔

نَحُضَ (ف) نُحُوضًا ونُحِضَ وانْتُحِضَ: دُبلا ہونا۔ کم گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِيض ومَنْحُوض.

نَحُضَ (ک) نَحَاضَةً: موٹا ہونا۔ زیادہ گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِيض ومَنْحُوض.

اِنْتَحَضَ الشَّیْءُ: بمعنی نَحَضَ الشَّیْءَ.

النَّحْض: مص۔ موٹا گوشت۔ ج نِحَاض ونُحُوض.

النَّحْضَة: گوشت یا موٹے گوشت کا بڑا ٹکڑا۔

نَحَطَ (ض) نَحْطًا ونَحِيطًا الفَرَسُ: گھوڑے کا تھکن سے ہنہنانا (..... نَحِيطًا) لمبے لمبے سانس لینا (..... نَحْطًا) السَّائِلَ: مانگنے والے کو سوال کے وقت جھڑک دینا۔

النَّاحِط: فا۔ سخت کھانسی والا۔

النَّحْط والنُّحَاط والنَّحِيط: سینے میں رونے کی دبی ہوئی آواز۔

النَّحْطَة: اسم مرۃ۔ اونٹ اور گھوڑوں کی ایک بیماری جو سینے میں ہوتی ہے اور جس سے بہت کم بچتے ہیں۔

المُنْحِطَة والمَنْحُوطَة: سینہ کی بیماری والا اونٹ یا گھوڑا۔

النَّحَّاط: متکبر۔ مغرور۔

نَحِفَ (س) ونَحُفَ (ک) نَحَافَةً: لاغر ہونا یا خِلْقَةً: دبلا ہونا۔ صفت نَحِف ج نَحِفُون ونَحِيف ج نُحَفَاء ونِحَاف. ومَنْحُوف.

اَنْحَفَهٗ: لاغر کرنا۔ دُبلا کرنا۔

نَحَلَ (فن) ونَحِلَ (س) ونَحُلَ (ک) ونُحُولاً: بیماری یا تھکن سے دُبلا ہونا۔

نَحَلَ (ف) نَحْلاً الرَّجُلَ: دینا..... المَرْأَةَ: مہر دینا۔ اسم النِّحْلَة (..... نَحْلاً) القَوْلَ: غلط بات منسوب کرنا..... زَيْدًا: گالی دینا..... هُ المَرَضُ: لاغر کرنا۔

نُحِلَ الشَّاعِرُ قَصِيدَةً: دوسرے کا قصیدہ منسوب کیا جانا۔

اَنْحَلَ ونَحَّلَ فُلَانًا مَاءً: دینا..... هُ مَالًا: دینے کے لئے خاص کرنا۔ اَنْحَلَهُ الهَمُّ او المَرَضُ: غم یا بیماری کا کسی کو لاغر کرنا۔

اِنْتَحَلَ وتَنَحَّلَ مَذْهَبَ كَذَا او قَبِيلَةَ كَذَا: منسوب ہونا۔ اِنْتَحَلَ وتَنَحَّلَ الشِّعْرَ او القَوْلَ: دوسرے کے شعر یا قول کو اپنی طرف منسوب کرنا۔

النَّحْل: شہد کی مکھیاں۔ واحد نَحْلَة.

النَّحْل: لاغر و دبلا۔ عطیہ۔ بخشش۔ نیا چاند۔ کہا جاتا ہے "اَهِلَّةٌ نُحْلٌ".

اَلنُّحْل والنُّحْلَى والنُّحْلَان: عطیہ۔ ہبہ۔

النِّحْلَة والنُّحْلَة: عطیہ۔ ہبہ۔ عورت کو مہر دینا۔ دعوی۔ مذہب۔ دین۔ ج نِحَل ونُحَل کہا جاتا ہے "مَا نِحْلَتُكَ" یعنی تمہارا دین کیا ہے۔

النُّحْل. النُّحْلَة: لاغری۔

النَّاحِل: فا۔ باریک۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ نَاحِلٌ" یعنی باریک تلوار "وَجَمَلٌ نَاحِلٌ" یعنی لاغر اونٹ۔ ج نُحُول (جیسے شاہد و مشہود)

النَّاحِلَة. النَّاحِل: کا مؤنث۔ ج نَوَاحِل.

النَّوَاحِل: وہ تلواریں جن کی دھاریں کثرتِ استعمال سے پتلی ہوگئی ہوں۔

النَّحِيل: دبلا۔ ج نَحْلَى.

نَحَمَ (ض) نَحْمًا ونَحِيمًا ونَحَمَانًا الرَّجُلُ: کھنکھارنا۔

الاَسَدُ: شیر کا گونجنا۔

اِنْتَحَمَ عَلَى كَذَا وكَذَا: پختہ ارادہ کرنا۔

النُّحَام: سرخ رنگ اور لمبی گردن اور ٹیڑھی چونچ والی مرغابی۔ واحد نُحَامَة.

حاجت۔ ذلیل۔ جوا۔ تیز چال۔ یا آہستہ چال۔ نذر۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی فُلَانٌ نَحْبَهٗ" فلاں نے اپنی نذر پوری کر دی۔ یعنی مر گیا گویا کہ موت اس کے ذمہ نذر تھی۔

النُّحْبَة: قرعہ۔

المُنَحِّب: فا۔ سَیْرٌ مُنَحِّبٌ: تیز چال۔

نَحَتَ (ض ن) ونَحِتَ (س) نَحْتًا العُوْدَ: لکڑی چھیلنا...... الحَجَرَ: پتھر کو ہموار کرنا...... الخَشَبَةَ: لکڑی چھیل کر ہموار کرنا...... هٗ: پچھاڑنا...... السَّفَرُ البَعِیْرَ: دُبلا کرنا...... الجَبَلَ: پہاڑ کھودنا...... الکَلِمَةَ: دو یا زائد کلمات سے ایک کلمہ بنایا جیسے صَهْصَلَقَ. صهل وصلق: سے بَسْمَلَةٌ. بسم اللّٰهِ الرحمٰن الرحیم سے۔ حَوْقَلَةٌ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ سے۔ فَذْلَكَةٌ فَذٰلِكَ كَذَا وَكَذَا: سے نَحَتَهٗ بِالعَصَا: لاٹھی مارنا...... هٗ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا۔ ملامت کرنا۔ گالی دینا...... عِرْضَهٗ: طعن کرنا۔ بے آبروئی کرنا...... اَثْلَتَهٗ وفی اَثْلَتِهٖ: مذمت کرنا۔ حسب میں طعن کرنا اور کہا جاتا ہے "نُحِتَ فُلَانٌ عَلَی الکَرَمِ" یعنی فلاں شخص فیاض پیدا کیا گیا ہے۔

نَحَتَ (ف) نَحِیْتًا: پیچش ہونا۔

اِنْتَحَتَ مِنَ الخَشَبَةِ مَا یَجْعَلُهٗ فِی النَّارِ: آگ میں ڈالنے کے لئے چھپیاں کاٹنا اِنْتَحَتَ الخَشَبَةُ: لکڑی کا چھپیاں ہونا۔

النَّحْت: مص (...... والنُّحَات والنَّحِیْتَة) طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النَّحِیْتَةِ" وہ کریم الطبع ہے۔

النَّحِیْتَة: پیچش۔

النُّحَاتَة: تراشہ۔ چھیلن۔ وہ ریزے جو کاٹنے سے گریں۔

النَّحَّات: سنگ تراش۔ بہت چھیلنے والا۔

النَّحِیْت: مص۔ چھیلا ہوا۔ گریہ وزاری۔ پیچش۔ دُبلا اُونٹ۔ ردی چیز۔ کسی قوم میں اجنبی...... مِنَ الحَوَافِرِ: کنار

ہوا کھر۔

المِنْحَت ج مَنَاحِت والمِنْحَات ج مَنَاحِیْت: لکڑی تراشنے کا آلہ۔ بسولہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَنْحَتِ صِدْقٍ" وہ خالص اصل سے ہے "وَهُمْ کِرَامُ المَنَابِتِ والمَنَاحِتِ" وہ لوگ فیاض و اصل خاندان سے ہیں۔

نَحَرَ (ف) نَحْرًا وتَنْحَارًا. البَهِیْمَةَ: سینہ پر مارنا۔ ذبح کرنا...... فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَحَرَ بَیْتِیْ بَیْتَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَحَرَ الاُمُوْرَ عِلْمًا" یعنی اس نے معاملات کو مضبوط طریقے سے کیا۔ الصَّلٰوةَ: اول وقت میں نماز پڑھنا...... المُصَلِّیْ فِی الصَّلٰوةِ: سینہ نکال کر کھڑا ہونا۔

نَاحَرَهٗ مُنَاحَرَةً: جھگڑا کرنا۔

تَنَاحَرَ القَوْمُ عَلٰی کَذَا: جھگڑا کرنا۔ تَنَاحَرَتِ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا...... القَوْمُ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا...... عَلَی الطَّرِیْقِ وغَیْرِهٖ: پے در پے آنا۔

اِنْتَحَرَ الرَّجُلُ: خودکشی کرنا...... القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ: جھگڑا کرنا۔ اِنْتَحَرَ السَّحَابُ: بہت پانی لے کر اٹھنا...... هٗ بِالعَصَا: مارنا۔

النَّحْر: مص۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج نُحُوْرٌ کہا جاتا ہے "قَعَدَ فِیْ نَحْرِ فُلَانٍ" یعنی اس نے فلاں کا مقابلہ کیا۔ "نَحْرُ النَّهَارِ او الشَّهْرِ" دن یا مہینے کا ابتدائی حصہ۔ یَوْمُ النَّحْرِ: ماہ ذی الحجہ کا دسواں دن۔

النِّحْر: حاذق۔ ماہر۔ سمجھدار۔ دانا بینا۔

النَّاحِر: فا۔ النَّاحِرَانِ: سینہ کی دو رگوں کا نام۔

النَّاحِرَة. النَّاحِر کا مؤنث۔ مہینہ کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَوَاحِرُ و نَاحِرَاتٌ. النَّاحِرَتَانِ: سینہ کی دو رگوں کا

النَّحُوْر: ذبح کرنے والا۔

النِّحْرِیْر: حاذق۔ سمجھدار۔ عقلمند۔ ج نَحَارِیْر.

النَّحِیْر: ذبح کیا ہوا۔ ج نَحْرٰی ونَحَرَاءُ ونَحَائِر.

النَّحِیْرَة. نَحِیْر: کا مؤنث۔ طبیعت...... مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَحَائِر.

المَنْحَر: حلق میں ذبح کرنے کی جگہ۔ مقام ذبح۔

المُنْتَحَر: کشادہ راستہ۔

المِنْحَار: کریم۔ فیاض۔ بہت ذبح کرنے والا۔ مہمان نواز۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمِنْحَارٌ بَوَائِكَهَا" وہ موٹے اُونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا ہے یعنی بڑا مہمان نواز ہے۔

المَنْحُوْر: سینہ کا بالائی حصہ۔ ج مَنَاحِیْر.

نَحَزَهٗ (ف) نَحْزًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ چبھونا۔ ہاون میں کوٹنا...... هٗ بِرِجْلِهٖ: ٹھوکر مارنا...... فِیْ صَدْرِهٖ:

نُحِزَ ونَحُزَ (ک) ونَحِزَ (س) نَحْزًا ونُحْزَ البَعِیْرُ: پھیپھڑے کی بیماری والا ہونا۔ صفت نَحِزٌ ونَاحِزٌ ونَحِیْزٌ ومَنْحُوْزٌ.

نَحِزَ (س) نَحْزًا. الرَّجُلُ: کھانسنا۔

اَنْحَزَ القَوْمُ. پھیپھڑے کی بیماری والے اُونٹوں کا مالک ہونا۔

النُّحَاز: اُونٹوں کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے بہت کھانستے ہیں (...... والنِّحَاز) اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النِّحَازِ" وہ کریم الاصل ہے۔

النَّحِیْزَة: طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النَّحِیْزَةِ" وہ کریم الطبع ہے۔ سخت راستہ۔ بڑے راستہ سے نکلا ہوا چھوٹا راستہ۔ ج نَحَائِز.

المِنْحَاز: ہاون۔ اوکھلی۔

نَحَسَ (ف) نَحْسًا ونَحُسَ (ک) نَحَاسَةً ونُحُوْسَةً طَالِعُ الاِنْسَانِ: بدقسمت ہونا۔ منحوس ہونا۔ صفت نَحْسٌ ونَحِسٌ

راستہ۔

اَلْمِنْجَم: ترازو کی لوہے کی ڈنڈی۔

نَجْنَجَ نَجْنَجَةً فِی رَأیِه: متحیر ہونا۔ مضطرب ہونا...... عَیْنَهٗ: دھنسی ہوئی آنکھ ہونا...... الإبِلَ: اُونٹ کو چراگاہ سے روکنا۔ پانی سے واپس کرنا...... فُلانًا عَنْهُ: منع کرنا...... الشَّیْءَ: حرکت دینا...... الأمْرَ: پختہ ارادہ نہ کرنا۔

تَنَجْنَجَ الرَّجُلُ: متحیر ہونا...... الشَّیْءُ: ہلنا۔

نَجِه (ف) نَجْهًا وانتجه وتَنَجَّهَ الرَّجُلَ: بُری طرح سے ہٹانا۔ بُری صورت سے پیش آنا۔ نَجِه عَلَی القَوْمِ: ظاہر ہونا...... البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور ناپسند کرنا۔

نَجَا یَنْجُو نجاةً ونَجَاءً ونَجْوًا ونَجَایَةً مِنْ کَذَا: نجات پانا۔ رہائی پانا۔

نَجَا یَنْجُو نَجَاءً: تیز چل کر آگے بڑھنا (...... نَجْوًا) الشَّجَرَةَ: درخت کاٹنا...... الصَّبِیُّ: بچے کا پاخانہ کرنا...... فُلانًا: رہائی دینا۔ چھڑانا...... الدَّوَاءَ: دوا پینا...... النَّجْوُ مِنَ البَطْنِ: پاخانہ نکلنا (...... نَجْوًا ونَجًا) الجِلْدَ عَنِ الذَّبِیحَةِ: کھال اتارنا (...... نَجْوًا ونَجْوَی ونَاجَی مُنَاجَاةً و نَجَاءً) الرَّجُلَ: سرگوشی کرنا۔ اسم النَّجْوَی.

نَجَّی تَنْجِیَةً الرَّجُلَ مِنْ کَذَا: رہائی دلانا۔ بلند زمین میں چھوڑنا۔

أنْجَی الرَّجُلَ: رہائی دلانا...... الرَّجُلُ: پاخانہ کرنا...... فُلانًا غُصْنًا: کسی کے لئے ٹہنی کاٹنا...... الجِلْدَ: کھال اتارنا...... النَّخْلَةُ: پکی کھجوروں والا ہونا...... الرَّجُلُ: پسینہ نکلنا اور کہا جاتا ہے "شَرِبَ دَوَاءً فَمَا أنْجَاه" اس نے دوا پی فائدہ نہیں ہوا۔

تَنَجَّی: بلند زمین ڈھونڈنا۔

تَنَاجَی تَنَاجِیًا القَوْمُ: سرگوشی کرنا۔

اِنْتَجَی القَوْمُ: سرگوشی کرنا...... الرَّجُلَ: سرگوشی کے لئے خاص کرنا۔ رازدار بنانا۔

اِسْتَنْجَی مِنْ کَذَا: رہائی پانا...... الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا...... الشَّیْءَ مِنْ فُلانٍ: چھڑوانا...... الرَّجُلُ: پاخانہ کرنے کے بعد دھونا ڈھیلے سے پونچھنا...... الثَّمَرَ: پھل چننا...... القَوْمُ: تر کھجوریں حاصل کرنا یا کھانا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ شکست کھانا۔

النَّاجِی: فا۔ مؤنث۔ نَاجِیَةٌ ج نَوَاجٍ ونَاجِیَاتٌ. النَّاجِیَة: تیز رفتار اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ المَکَانَ بِنَوَاجٍ سَرِیعَةِ الإیغَالِ" اس نے جگہ کو تیز رفتار اُونٹنیوں سے طے کیا۔

النَّجَا: لاٹھی۔ لکڑی۔ ہودج کی لکڑی۔ کھال۔

النَّجْو والنَّجَا والنَّجَاة والنَّجَاء: رہائی۔ کہا جاتا ہے "النَّجَاءَکَ النَّجَاءَکَ والنَّجَاکَ والنَّجَاکَ" یعنی جلدی کر۔ جلدی کر اور یہ باب اغراء سے ہے اور فعل محذوف سے منصوب ہے اور اصل کی تقدیر "إلْزَمِ النَّجَاءَ" ہے اور کاف حرف خطاب ہے۔

النَّجْو: مص۔ پاخانہ یا گوز۔ دو آدمیوں کے درمیان بھید۔ ج نِجَاءٌ: بادل جو پانی برسا چکا ہو۔ ج نُجُوٌّ.

النَّجْوَی: اسم ہے مناجات کا۔ بھید۔ سرگوشی کرنے والے اور یہ وصف بالمصدر ہے اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نَجْوَیٰ النَّجْوَی" خراج۔ محصول۔ ج نَجَاوَی.

النَّجَاة: مص۔ رہائی۔ بلند زمین۔ حسد۔ لالچ۔ سانپ کی چھتری۔ ٹہنی۔ ج نَجًا.

النَّجْوَةُ: اسم مرۃ۔ بلند زمین۔ ج نِجَاء. کہا جاتا ہے "إنَّهُ مِنَ الأمْرِ بِنَجْوَةٍ" وہ اس کام سے پاک صاف ہے۔

النَّجَاوَة: زمین کی گنجائش۔

النَّجِیُّ: بھید۔ جس سے رازداری کی بات کی جائے۔ بات کرنے والا۔ [illegible] والے کی آواز۔ بلند آواز سے جانور کو ہانکنے والا۔ تیز۔ کہا جاتا ہے "بَعِیرٌ نَجِیٌّ" تیز رفتار اونٹ۔ اور کہا جاتا ہے "نَاتَتْ فِی صَدْرِهِ نَجِیَّةٌ قَدْ أسْهَرَتْهُ" اس کے سینے میں غم رہا جس نے اسے بیدار رکھا۔

المَنْجَی: نجات کی جگہ۔ بلند زمین۔ ج مَنَاجٍ.

المَنْجَاة: باعث نجات۔ ج مَنَاجٍ کہا جاتا ہے "الصِّدْقُ مَنْجَاةٌ" سچائی باعث نجات ہے۔

نَحَّ (ض) نَحِیحًا الرَّجُلُ: سینہ میں آواز گڑگڑانا۔

نَحَّ (ن) نَحًّا الجَمَلَ: تیز چلنے پر اُکسانا۔

النَّحَاحَة: سخاوت۔ بخل (ضد)

النَّحِیح: مص بخیل۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ شَحِیحٌ نَحِیحٌ: فلاں حریص و بخیل ہے۔

نَحَبَ (ف ض) نَحْبًا ونَحِیبًا الرَّجُلُ: رونے میں آواز بلند کرنا (...... نَحْبًا) بِکَذَا: شرط لگانا۔

نَحَبَ (ض) نَحْبًا ونُحَابًا البَعِیرُ: کھانسنا۔

نَحَبَ (ن) نَحْبًا ونَحَّبَ الرَّجُلُ: نذر ماننا۔

نَحَبَ ونَحَّبَ القَوْمُ فِی سَیْرِهِمْ: جلدی سے چلنا۔ نَحَّبَ عَلَی الشَّیْءِ: مشغول ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔

نَاحَبَهٗ مُنَاحَبَةً: مفاخرت کرنا...... هٗ عَلَی کَذَا: شرط لگانا...... هٗ إلَی فُلانٍ: فیصلہ کے لئے جانا۔

تَنَاحَبَ القَوْمُ: جنگ وغیرہ کے لئے وقت معین کرنا۔

اِنْتَحَبَ: بہت رونا۔ زور سے لمبے لمبے سانس لینا۔ پھوٹ کر رونا۔

النَّحْب: مص۔ سخت گریہ۔ کھانسی۔ تحق۔ موت۔ مدت۔ وقت۔ بڑا خطرہ۔ ہمت۔ نفس۔ نیند۔ موٹاپا۔ بڑے جسم کا اونٹ۔

مفعولی نَجِیف ومَنْجُوف …… الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا …… الشَّاۃَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

نَجَفَ لِفُلَانٍ نُجْفَةً مِنَ اللَّبَنِ: کسی کے لئے تھوڑا سا دودھ علیحدہ کرنا۔ نَجَفَتِ الرِّیْحُ الْكَثِیْبَ او الرَّمَلَ: ہوا کا ریت کے تودہ یا ریت کو اڑا دینا۔

اِنْتَجَفَ واسْتَنْجَفَ الشَّیْئَ: نکالنا۔ الرِّیْحُ السَّحَابُ: ہوا کا بادل کو پانی سے خالی کر دینا …… الشَّاۃَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

النَّجَف ج نِجَافٌ والنَّجَفَة: ٹیلہ۔ وادی میں وہ جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔

النِّجَاف: دروازہ کے اوپر کا چھجہ۔ نِجَافُ الغَار: غار کے اوپر آگے کو نکلا ہوا پتھر۔

النَّجِیْف: چوڑے پھل والا تیر۔ ج نُجُف.

المِنْجَف: زنبیل۔ ٹوکری۔

المَنْجُوْف: مفع۔ چوڑے پھل والا تیر۔ اندر سے چوڑا برتن یا قبر۔

النُّجْفَة: تھوڑی چیز۔

نَجَلَ (ن) نَجْلاً الشَّیْئَ: ظاہر کرنا …… الْاَرْضَ: زمین جوتنا۔ نَجَلَهُ اَبُوْهُ ونَجَلَ بِهٖ: پیدا کرنا۔ نَجَلَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔ نَجَلَ فُلَانًا: ٹھوکر مارنا یہاں تک کہ لڑھک جائے۔ النَّاسَ: شرارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَنْ نَجَلَ النَّاسَ نَجَلُوْهُ" جو لوگوں کو عیب لگاتا ہے لوگ اسے عیب لگاتے ہیں۔ جو لوگوں کو گالی دیتا ہے لوگ اسے گالی دیتے ہیں و نَجَلَ الْجِلْدَ عَنِ الْمَذْبُوْحِ: دونوں پچھلی ٹانگوں کے درمیان کھال کاٹ کر سر کی طرف سے کھینچ لینا۔ کھال کو مَنْجُوْل کہتے ہیں۔

نَجَلَ (ض) نَجْلاً الشَّیْئَ وبِالشَّیْئِ: پھینکنا۔ ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا …… الصَّبِیُّ اللَّوْحَ: بچے کا تختی کو مٹانا …… الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

نَجِلَ (س) نَجَلاً الرَّجُلُ: بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔ صفت اَنْجَل ج نُجْل ونِجَال: آنکھ کی صفت۔ نَجْلَاء ج نُجْل.

اَنْجَلَ الدَّابَّةَ. نَجِیْل (ایک قسم کی ترش گھاس) چرنے کے لئے چھوڑنا۔

تَنَاجَلَ الْقَوْمُ: جھگڑا کرنا۔ نسل پیدا کرنا۔

اِنْتَجَلَ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا اور گزرنا۔

اِسْتَنْجَلَ الْمَكَانُ: کسی جگہ سے پانی کا بکثرت رسنا …… فُلَانٌ النَّزَّ (زمین سے) سوتا نکالنا۔

النَّجْل: مص۔ اولاد۔ نسل اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِیْمُ النَّجْلِ" وہ کریم الاصل و شریف الطبع ہے والد۔ ج اَنْجَال. النَّجْلُ: جمل۔ بڑی جماعت۔ سڑک۔ بہنے والا پانی۔ زمین سے رسنے والا پانی ج نِجَال واَنْجَال.

النَّاجِل: فا۔ شریف النسل (انسان یا حیوان) مؤنث نَاجِلَة. ج نَاجِلَات ونَوَاجِل. النَّوَاجِل: نجیل (ایک قسم کی ترش گھاس) کے چرنے والے اونٹ۔

الاَنْجَل: کشادہ لمبا چوڑا۔ ج نُجْلٌ ونِجَالٌ مؤنث نَجْلَاءَ ج نُجْل کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ طَعْنَةً نَجْلَاءَ" اس نے اسے کشادہ زخم کرنے والا نیزہ مارا۔

النَّجِیْل: ایک قسم کی ترش گھاس۔ اسی گھاس کی ٹوٹی ہوئی پتیاں۔ ج نُجُل.

اَلنَّجِیْلَات: جو گندم وغیرہ کی فصلیں جن کی بالی کھول دار اور سیدھی ہو۔

المِنْجَل: درانتی۔ ج مَنَاجِل.

المِنْجَل: گنجان کھیتی۔ بہت اولاد والا۔ ماہر اونٹ ہانکنے والا۔ اور کہا جاتا ہے "سِنَانٌ مَنْجَل" چوڑا زخم کرنے والا بھالا۔

نَجَمَ (ن) نُجُوْمًا الشَّیْئُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَجَمَتِ الْكَوَاكِبُ" ستارے طلوع ہوئے۔ و نَجَمَ النَّبْتُ: سبزی اُگی۔ و نَجَمَ السِّنُّ او الْقَرْنُ: دانت یا سینگ نکل آئے۔ و "نَجَمَ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ شَاعِرٌ او [illegible]" شہوار ظاہر ہوا …… كَذَا عَنْ كَذَا: فلاں چیز سے ایسا نتیجہ برآمد ہوا …… فُلَانٌ الدَّیْنَ: قسطوں میں ادا کرنا …… السَّهْمُ او الرُّمْحُ: تیر یا نیزے کا پار ہو جانا۔

نَجَّمَ: احوالِ عالم معلوم کرنے کے لئے ستاروں کو دیکھنا …… الدَّیْنَ: قرض کو قسطوں میں ادا کرنا …… عَلَیْهِ الدِّیَةَ: دیت کی قسط مقرر کرنا۔

اَنْجَمَ الشَّیْئُ: ظاہر ہونا۔ اَنْجَمَتِ السَّمَاءُ: آسمان پر تاروں کا کھل جانا۔

اَنْجَمَ الشِّتَاءُ او الْبَرْدُ: جاڑے اور سردی کا ختم ہونا …… الرَّجُلُ عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑنا۔

اَنْجَمَتِ الْحَرْبُ: لڑائی کا ختم ہونا۔

اِنْتَجَمَ الْبَرْدُ و الشِّتَاءُ: جاڑے یا سردی کا گزر جانا۔ ختم ہونا۔

تَنَجَّمَ: احوالِ عالم معلوم کرنے کے لئے ستاروں کو دیکھنا۔

النَّجْم ج نُجُوْمٌ ونُجُم واَنْجُمٌ ونُجُم: ستارہ اور ثریا پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ادائیگی قرض کا مقررہ وقت۔ وقت مقررہ پر ادا کی ہوئی قسط۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ مَا لِیْ عَلَیْهِ نُجُوْمًا مُنَجَّمَةً یُؤَدِّیْ كُلَّ نَجْمٍ مِنْهَا فِیْ وَقْتِ كَذَا" میں نے اس پر قسط مقرر کر دی کہ ہر قسط فلاں وقت میں ادا کرے۔

النَّجْم: بیل۔ بغیر تنہ کے نباتات۔ اصل کہا جاتا ہے "هٰذَا الْحَدِیْثُ لَا نَجْمَ لَهٗ" اس بات کے لئے کوئی اصل نہیں۔

النَّجْمَة: ستارہ اور یہ نجم سے خاص ہے کلمة (…… والنَّجَمة) دو گھاسوں کے نام۔ النَّجَمَة: ایک بیل ہے جو زمین پر پھیلتی ہے اور کہا گیا ہے کہ "ثَیِّل" اور "نَجَمَة" اور "عِكْرِش" ایک ہی چیز کے نام ہیں "فُو النَّجَمَةِ" گدھا۔

النَّجِیْم مِنَ النَّبَاتِ: تازہ گھاس۔

النَّجَّام والمُنَجِّم والمُتَنَجِّمُ: نجومی۔

المَنْجَم: نکلنے کی جگہ۔ معدن۔ سوا خ

چرتی۔

النَّوْجَو: ایک قسم کا آلہ جس سے زمین کھودی جاتی ہے۔

نَجَزَ (ن) نَجْزًا الْحَاجَةَ: حاجت پوری کرنا...... بِالْوَعْدِ: وعدہ میں جلدی کرنا...... الْوَعْدُ: حاضر ہونا۔ جلدی ہونا۔ پورا ہونا۔

نَجَزَ ونَجِزَ (س) نَجَزًا الشَّئُ: ختم ہونا۔ فنا ہونا۔

الْكَلَامُ: کلام کا منقطع ہونا۔

نَجَّزَ الْحَاجَةَ: حاجت پوری کرنا۔

أَنْجَزَ الْحَاجَةَ: حاجت پوری کرنا۔

الْمَوْعِدَ: وعدہ وفا کرنا اور اسی سے مثل ہے "أَنْجَزَ حُرٌّمَا وَعَدَ" شریف آدمی جو وعدہ کرتا ہے پورا کرتا ہے اور یہ بھی وعدہ کو پورا کرنے کے لئے بولا جاتا ہے...... عَلَى الْقَتِيلِ: فوراً مار ڈالنا۔

نَاجَزَہ: مقابلہ پر نکلنا۔ مقاتلہ کرنا۔

تَنَجَّزَ الشَّرَابَ: پینے میں اصرار کرنا...... (وَاسْتَنْجَزَ) الْحَاجَةَ او الْوَعْدَ: حاجت یا وعدہ پورا کرنے کو کہنا۔

تَنَاجَزُوْا: باہم مقابلہ کرنا۔ باہم مقاتلہ کرنا۔

النَّجْزُ والنَّجَازُ: حصول۔ وفائے عہد اور کہا جاتا ہے "أَنْتَ عَلَى نَجْزِ حَاجَتِكَ" تم اپنی حاجت کی تکمیل کے قریب ہو۔

النَّجِيْزُ والنَّاجِزُ: حاضر۔ موجود۔ نقد۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهُ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ" میں نے اس کو دست بدست بیچا اور میں نے موجود کی موجود سے بیع کی وَلَا تَبِيْعُ غَائِبًا بِنَاجِزٍ: غائب کی موجود سے بیع نہ کی جائے و"وَعْدٌ نَاجِزٌ ونَجِيْزٌ" وعدہ جو پورا کر دیا جائے۔

نَجِسَ (س) نَجَسًا ونَجُسَ (ک) نَجَاسَةً: گندا ہونا۔ ناپاک ہونا۔ صفت نَجَسٌ ونَجِسٌ ونَجَسٌ ونَجُسٌ نَجِسٌ ج أَنْجَاس۔

نَجَّسَهُ وأَنْجَسَهُ: ناپاک کرنا۔ نَجَّسَ الصَّبِيَّ وَلَهُ: نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لئے تعویذ وغیرہ لٹکانا۔

تَنَجَّسَ: ناپاک ہونا...... الثَّوْبُ: گندگی سے آلودہ ہونا۔ نجاست سے نکلنا۔

الأَنْجَاس: نظر بد وغیرہ سے بچانے کے لئے تعویذ گنڈا وغیرہ۔

دَاءٌ نَجَسٌ ونَاجِسٌ ونَجِيْسٌ: لاعلاج مرض۔

النُّجُس: تعویذ کرنے والے۔

نَجَشَ (ن) نَجْشًا الشَّئَ: کھود کرید کرنا۔ نکالنا۔ بکھیرنے کے بعد جمع کرنا...... الصَّيْدَ: شکار کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کے لئے بھڑکانا...... النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ جلانا...... الْحَدِيْثَ: بات پھیلانا...... فِي الْبَيْعِ: بیع کی تعریف کر کے بائع کی موافقت کرنا اور بقول بعض بغیر ارادۂ خریداری دوسروں کو پھنسانے کے لئے قیمت بڑھانا یا خریدار کو ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف رغبت دلانا۔ اسم النَّجْش (...... نَجْشًا ونَجَاشَةً) تیز چلنا۔

تَنَاجَشَ الْقَوْمُ فِي الْبَيْعِ وَغَيْرِهٖ: دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔

إِسْتَنْجَشَهُ الشَّئُ: نکالنا...... الصَّيْدَ: شکار کو بھڑکانا۔

النِّجَاش: تسمہ جس کو دو چمڑوں کے درمیان رکھ کر سی دیتے ہیں۔

النَّاجِش والنَّجَّاش والنَّجِيْش: شکاری

النَّاجِش والنَّجَاشِيُّ والْمِنْجَاش: شکار کو شکاری کی طرف بھگانے والا۔

الْمِنْجَاش: بڑا عیب جو۔

النَّجَاشِي والنِّجَاشِي والنَّجَاشِيُّ والنِّجَاشِيُّ: شاہ حبشہ کا لقب۔

رَجُلٌ نَجُوْش ومِنْجَش: شکار کو بھڑکانے والا۔ الْمِنْجَش: بڑا نکتہ چیں وعیب جو۔

قَوْلٌ مَنْجُوْش: گھڑی ہوئی جھوٹی بات۔

نَجَعَ (ف) نُجُوْعًا ونَجَعَ الطَّعَامُ فِي الْإِنْسَانِ: فائدہ مند ہونا۔ نفع بخشنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ يَنْجَعُ عَنْهُ وبِهٖ" یہ ایسا کھانا ہے جو فائدہ مند ہے اور اسی سے موٹاپا حاصل ہوتا ہے...... فِيْهِ الدَّوَاءُ و الطَّعَامُ او الْكَلَامُ: اثر کرنا۔ نَجَعَ الْبَلَدَ: شہر میں آنا...... الْقَوْمُ الْكَلَأَ: چراگاہ کی تلاش میں جانا...... الإِبِلَ النَّجُوْعَ وبالنَّجُوْعِ: آٹا ملا ہوا پانی پلانا۔ نُجِعَ الصَّبِيُّ لَبَنَ الشَّاةِ او بِلَبَنِ الشَّاةِ: خوراک دیا جانا۔ پرورش کیا جانا۔

أَنْجَعَ الطَّعَامُ وَغَيْرُهٗ: کھانے وغیرہ کا مفید ہونا...... الرَّجُلُ: کامیاب ہونا...... الرَّاعِي الْفَصِيْلَ: چرواہے کا اونٹ کے بچے کو دودھ پلوانا۔

تَنَجَّعَ وانْتَجَعَ واسْتَنْجَعَ الْقَوْمُ الْكَلَأَ: چراگاہ کی تلاش میں جانا۔ تَنَجَّعَ وانْتَجَعَ واسْتَنْجَعَ فُلَانًا: بخشش طلب کرنے کے لئے کسی کے پاس آنا۔ تَنَجَّعَ بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ اُسْتُنْجِعَ بِهٖ وعَنْهُ: ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔

اَلنُّجْع: بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ ج نُجُوْع.

النُّجْعَة: چراگاہ کی تلاش۔ یہ نُجُوع کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا لِلنُّجْعَةِ" لوگ چراگاہ کی تلاش میں نکلے و"فُلَانٌ نُجْعَتِيْ" فلاں میری جائے امید ہے۔ ج نُجَعٌ.

النَّاجِع: چراگاہ کی تلاش کرنے والا۔ ج نَاجِعَةٌ ونَوَاجِع. مَاءٌ نَاجِعٌ: خوشگوار پانی۔

النُّجَاع: شجاع کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "شُجَاعٌ نُجَاعٌ" بہت دلیر۔

النَّجُوْع: آٹا ملا ہوا پانی جو اونٹ کو پلایا جاتا ہے۔ نَجُوْعُ الصَّبِيِّ: دودھ۔ مَاءٌ نَجُوْعٌ: خوشگوار صاف پانی۔

النَّجِيْع: فائدہ مند...... مِنَ الطَّعَامِ او الشَّرَابِ: نافع بدن کھانا یا پانی...... مِنَ الدَّمِ: سیاہی مائل خون۔ مَاءٌ نَجِيْعٌ: خوشگوار پانی۔

الْمَنْجَع والْمُنْتَجَع والْمُسْتَنْجَع: وہ مقام جہاں گھاس کے لئے لوگ جائیں۔

نَجَفَ (ن) نَجْفًا النَّجِيْفَ: تراشنا۔ صفت

سینا...... الـدَّهـرُ فُلانًـا : تجربہ کار بنانا ...... الرَّجُلَ : دوڑنا۔

نَاجَدَه مُنَاجَدَةً : مدد کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جنگ کے لئے نکلنا۔

اَنْجَدَهُ : مدد کرنا۔ اَنْجَدَ الرَّجُلُ : پسینہ والا ہونا۔ نجد میں آنا یا نجد کی طرف سفر کرنا۔ اپنے اہل و عیال سے قریب ہونا ...... البِنَاءُ : عمارت کا بلند ہونا...... الدَّعْوَةَ : قبول کرنا۔ اَنْجَدَتِ السَّمَاءُ : بادل سے صاف ہونا۔

تَنَجَّدَ الشَّئُ : بلند ہونا۔

اِسْتَنْجَدَ : دلیر ہونا...... فُلانًا وبِهٖ : مدد طلب کرنا...... عَلَيْهِ : خوفزدہ ہونے کے بعد دلیری کرنا۔

نَجْد : مص ـ مُلک نجد۔

النَّجْد : بلند زمین ـ ج اَنْجُد و نُجُد و نِجَاد و نُجُوْد و اَنْجَاد و اَنْجِدَة کہا جاتا ہے "هُوَ طَلَّاعُ اَنْجُدٍ و اَنْجِدَةٍ و نِجَاد و طَلَّاعُ النِّجَادِ" وہ مشکل اُمور پر غالب آنے والا ہے اور اسی معنی میں ہے "طَلَّاعُ الثَّنَايَا" گھاٹیوں کو عبور کر جانے والا۔

النَّجْدُ : مکان کی آراستگی کا سامان ـ ج نِجَاد و نُجُوْد. النَّجْدُ : ماہر رہنما۔ درختوں سے خالی جگہ۔ کرب و غم۔ پستان، بلند راستہ۔

رَجُلٌ نَجُدٌ و نَجِدٌ و نَجْدٌ : دلیر مرد۔ دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا کرنے والا۔ دعوت کو بہت جلدی قبول کرنے والا ـ ج اَنْجَاد.

النَّجَد : پسینہ۔ گھر کا سامان۔ بچھونا۔ پردہ وغیرہ ـ ج اَنْجَاد.

النَّجْدَة : مص ـ اسم مرۃ۔ بہادری و دلیری۔ طاقت و سختی۔ کہا جاتا ہے "لاقَى فُلَانٌ نَجْدَةً" فلاں سختی میں پڑ گیا۔ مقاتلہ۔ گھبراہٹ ـ ج نَجَدَات.

النِّجَاد : پرتلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوِيْلُ النِّجَادِ" وہ لمبے پرتلے والا ہے۔ کنایۃً طویل القامت ہونے سے۔

النِّجَادَة : فرش سازی کا پیشہ۔

النَّجِيْد : بہادر۔ ایسے اُمور کو انجام دینے والا جو دوسروں کو عاجز کر دیں۔ شیر۔ غمگین ـ ج نُجُد و نُجَداء.

النَّاجِد : فا۔ مؤنث نَاجِدَة ج نَوَاجِد.

النَّجَّاد : فرش ساز۔

نُجُوْدُ البَيْتِ : مکان کو آراستہ کرنے کے لئے دیواروں کے پردے۔

النَّجُوْد مِنَ الْاِبِلِ و الاُتُنِ : لمبی گردن والا۔ چلنے میں آگے رہنے والا .... مِنَ النِّسَاءِ : عقلمند عورت۔ شریف عورت ـ ج نُجُد.

النَّاجُوْد : شراب۔ شراب کا برتن۔ خون، زعفران ـ ج نَوَاجِيْد.

المِنْجَد : عورتوں کا ایک زیور جس کو گردن میں ڈالتی ہیں اور سینے کے نیچے تک ہوتا ہے۔ چھوٹا پہاڑ ج مَنَاجِد.

اَلْمِنْجَدَة : اون وغیرہ دُھننے کا لکڑی کا اوزار، جانوروں کو ہانکنے کے لئے چھوٹی سی چھڑی ـ ج مَنَاجِد.

رَجُلٌ مِنْجَاد : بہت مدد کرنے والا مرد۔

المَنْجُوْد : مفع ـ مغموم۔ ہلاک ہونے والا۔

نَجَذَهٗ (ض) نَجْذًا : داڑھوں سے کاٹنا۔ اصرار کرنا۔

نَجَّذَهٗ : تجربہ کرنا۔ آزمانا۔ نَجَّذَتْهُ والتَّجَارِبُ : تجربہ کار بنانا...... هُ البَلَايَا : مصیبتوں کا لاحق ہونا۔

النَّاجِذ : فا۔ نَوَاجِذ : کا واحد بمعنی داڑھ۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰى نَاجِذِهٖ" وہ بالغ ہو گیا، کمالِ عقل کو پہنچ گیا۔ اس لئے کہ نواجذ بلوغ و کمالِ عقل کے بعد نکلتی ہے۔ "وَضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ" وہ کھلکھلا کے ہنس پڑا۔ "وَاَبْدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَيْهَا" لڑائی تیز ہو گئی و عَضَّ الرَّجُلُ عَلٰى نَاجِذَيْهِ : یعنی اس نے صبر کیا۔

[illegible]

چھچھوندر۔

نَجَرَ (ن) نَجْرًا اليَوْمُ : دن کا گرم ہونا۔ ...... المَاءَ : پانی کو گرم پتھر سے داغ کرنا ...... الرَّجُلَ : مار کر ہٹانا ...... الخَشَبَ : لکڑی کو چھیل کر ہموار کرنا ...... الشَّئُ : ارادہ کرنا ...... الاِبِلَ : اُونٹ کو ہانکنا۔

نَجِرَ (س) نَجَرًا : سخت پیاسا ہونا۔

اَنْجَرَ فُلانًا : دودھ، گھی، آٹے سے بنا ہوا کھانا پیش کرنا۔

النَّجْر : مص ـ اصل ـ حسب ـ رنگ ـ گرمی۔

النَّجَر : سخت پیاس جو اُونٹ وغیرہ کو لاحق ہوتی ہے اور بجھتی نہیں۔

النَّاجِر : گرمی کے مہینوں میں سے ہر ایک مہینہ۔

النِّجَار و النُّجَار : اصل ـ حسب ـ رنگ۔

النِّجَارَة : بڑھئی کا پیشہ۔

النُّجَارَة : لکڑی کا چھلن۔ رندہ کرتے وقت جو گرے۔

النَّجَّار : بڑھئی۔

اَلْمِنْجَرُ : تیشہ۔

النَّجِيْرَة : لکڑی کی چھت۔ دودھ، گھی، آٹے سے بنا ہوا کھانا۔ گرم پتھر سے داغ کیا ہوا پانی۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "لَاَنْجُرَنَّ نَجِيْرَتَكَ" میں تم کو بدلہ دوں گا جس کے تم مستحق ہو۔

النَّجْرَان : لکڑی کی چول جس پر دروازہ گھومتا ہے۔ پیاسا اور یمن اور حوران کے دو شہروں کا نام نَجْرَان ہے۔

اِبِلٌ نَجِرَةٌ و نَجْرَى و نَجَارَى : پیاسے اونٹ۔

الاَنْجَرُ و الاَنْجَرَة : لنگر ـ ج اَنَاجِر (دخیل)

المَنْجَر : مقصد جو راستے سے ہٹا ہوا ہو۔

المِنْجَرَة : پانی داغ کرنے کا گرم پتھر۔

المِنْجَرُ : اُونٹوں کو بہت تیز ہانکنے والا۔ رندہ۔

المَنْجُوْر : [illegible] کنوئیں سے پانی [illegible]

نَجَّ (ضَ) نَجًّا وَنَجِیْجًا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ صفت نَجُوْج...... الْقَرْحَۃُ: زخم سے مواد بہانا۔

نَجَّ (ن) نَجًّا الشَّیْءَ مِنْ فِیْہِ: منہ سے پھینکنا۔

نَجَأَہٗ (ف) نَجْأً وَتَنَجَّأَہٗ وَانْتَجَأَہٗ: نظر بد لگانا۔

رَجُلٌ نَجُوْءُ الْعَیْنِ وَنَجُوْؤُھَا وَنَجِئُھَا وَنَجِیْئُھَا: بہت تیز نظر لگانے والا۔

نَجْأَۃُ السَّائِلِ: مانگنے والے کی حریصانہ نظر۔

نَجُبَ (ک) نَجَابَۃً الْوَلَدُ: شریف الاصل ہونا۔ قول وفعل میں لائق ستائش ہونا۔ صفت نَجِیْب.

نَجَبَ (ضَ ن) نَجْبًا وَنَجَّبَ وَانْتَجَبَ الشَّجَرَۃَ: درخت سے چھال اتارنا۔ وَانْتَجَبَ الشَّیْءَ: چننا۔ برگزیدہ کرنا۔

اَنْجَبَ: شریف الاصل ہونا...... الرَّجُلُ: شریف بچوں کا باپ ہونا۔ بزدل بیٹے کا باپ ہونا اور کہا جاتا ہے "اَنْجَبَ بِہٖ اَبَوَاہُ" اس کے والدین نے شریف بچہ جنا۔

اِسْتَنْجَبَ: شرفا کو طلب کرنا۔

اَلنَّجَبُ وَالنُّجَبَۃُ: سخی۔ شریف۔ فیاض۔

اَلنَّجَبُ مِنَ الشَّجَرِ: چھال یا جڑ کی چھال۔

اَلنَّجَابَۃُ: شرافت۔

اَلنَّجِیْبُ: شریف۔ شریف خاندان۔ ج اَنْجَاب وَنُجَبَاء وَنُجُب مؤنث نَجِیْبٌ وَنَجِیْبَۃٌ۔ ج نَجَائِب. نَجَائِبُ الشَّیْءِ وَنَوَاجِبُہٗ: کسی چیز کا مغز جس پر چھلکا نہ ہو۔ خالص۔

اَلْمِنْجَاب (مذکر مؤنث) ج مَنَاجِیْب وَالْمُنْجِب ج مَنَاجِب مؤنث مُنْجِبَۃ: شریف اولاد والا ہونا۔

اَلْمِنْجَاب: سست وکمزور بغیر پر و پیکان کے تیر۔ کریلی۔

اَلْمَنْجُوْب: کشادہ برتن۔

نَجَثَ (ن) نَجْثًا وَتَنَجَّثَ عَنِ الْاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ تفتیش کرنا...... الشَّیْءَ: نکالنا۔ نَجَثَ الْقَوْمَ: قوم سے فریاد کرنا۔

تَنَاجَثَ الْقَوْمُ الْاَخْبَارَ: ایک دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔

اِنْتَجَثَ وَاسْتَنْجَثَ: نکالنا۔ اِسْتَنْجَثَ لِلشَّیْءِ: درپے ہونا۔

اَلنَّجْثُ وَالنُّجُثُ: دل کا غلاف۔ زرہ۔ مکان۔ ج اَنْجَاث.

رَجُلٌ نَجِثٌ: خبروں کی تلاش وجستجو رکھنے والا۔

اَلنَّجَّاثُ: امور کی کھود کرید کرنے والا۔

اَلنَّجِیْثُ: مخفی بھید۔ نشانہ۔ ست۔

اَلنَّجِیْثَۃُ: بری خبر جو ظاہر ہو جائے۔ کنوئیں اور جوہڑ کی مٹی۔

نَجَحَ (ف) نَجْحًا وَنُجْحًا وَنَجَاحًا الْاَمْرُ: آسان وسہل ہونا۔ نَجَحَتْ حَاجَۃُ فُلَانٍ وَنَجَحَ فُلَانٌ بِحَاجَتِہٖ: کامیاب وفتح مند ہونا۔

نَجَّحَہٗ: کامیاب کرانا۔

اَنْجَحَ: کامیاب وفتح مند ہونا...... اللّٰہُ حَاجَتَہٗ: حاجت پوری ہونا۔ صفت مُنْجِح ج مَنَاجِح وَمَنَاجِیْح وَاَنْجَحَ فُلَانٌ بِالْبَاطِلِ: باطل پر غالب ہونا وَاُنْجِحَ الْبَاطِلُ بِفُلَانٍ: باطل کا غالب ہونا۔

تَنَجَّحَ الْحَاجَۃَ: وعدہ کرنے والے سے پورا کرنے کو کہنا۔

تَنَاجَحَتْ عَلَیْہِ اَحْلَافُہٗ او مَسَاعِیْہِ: پے بہ پے درست ہونا۔

اِسْتَنْجَحَ فُلَانًا حَاجَتَہٗ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔

اَلنَّجَاحُ وَالنُّجْحُ: مص۔ کامیابی۔

اَلنَّجَاحَۃُ: صبر۔

اَلنَّاجِحُ: فَا۔ سَیْرٌ نَاجِحٌ: سخت اور تیز چال۔

اَلنَّجِیْحُ: درست رائے۔ کہا جاتا ہے "رَاْیٌ نَجِیْحٌ" وہ شخص جس کی رائے درست ہو اور اس کے امور کامیاب ہوتے ہوں۔ صابر۔ مؤنث نَجِیْحَۃ کہا جاتا ہے [illegible] نَجِیْحَۃٌ [illegible] سَیْرٌ نَجِیْحٌ" تیز چال۔ مَکَانٌ نَجِیْحٌ: قریب جگہ۔

نَجَخَ (ف) نَجْخًا: فخر کرنا...... النَّوْءُ: جھکڑ کا جوش میں آنا...... السَّیْلُ: یکبارگی زور سے آنا۔ الْبَعِیْرُ: بدہضمی والا ہونا۔ صفت نَجِخٌ الْبِئْرَ: کنواں کھودنا۔

تَنَاجَخَ الْمَوْجُ: موج کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ تَنَاجَخَا: باہم فخر کرنا۔

اَلنَّاجِخُ: فَا۔ کھانسنے والا۔ نَاجِخُ الْبَحْرِ: سمندر کا شور۔

اَلنَّاجِخُ وَالنَّجُوْخُ: شور کرنے والا سمندر۔

سَیْلٌ نَاجِخٌ: بہت تیز بہاؤ کا سیلاب جو زمین کو کھود دے۔

نَاجِخَۃُ الْمَاءِ وَنَجِیْخَۃٌ: پانی کی آواز۔

اَلنُّجَاخُ: کھانسنے والے کی آواز۔

نَجَخَاتُ الْمَاءِ: پانی کی بوچھاریں۔

اَلنَّجِیْخَۃُ: مکھن جو دودھ کے برتن میں کناروں پر چپک جائے۔

اِمْرَاَۃٌ نَجَّاخَۃٌ: وہ عورت جس کی اندام نہانی سے جماع کے وقت آواز نکلے اور بقول بعض وہ عورت جو جماع سے آسودہ نہ ہو۔

نَجَدَہٗ (ن) نَجْدًا: مدد کرنا۔ غالب ہونا۔

نَجَدَ (ن) نُجُوْدًا الْاَمْرُ: واضح ہونا...... الْبَدَنُ عَرَقًا: بدن سے پسینہ بہنا...... الشَّیْءُ مِنَ الْاَرْضِ: نکلنا۔

نَجِدَ (س) نَجَدًا الرَّجُلُ: کام یا گھبراہٹ سے پسینہ آنا۔ صفت نَجِدٌ: تھکنا۔ بلید ہونا۔

نُجِدَ نَجْدًا الرَّجُلُ: غمگین ہونا۔ صفت مَنْجُوْدٌ وَنَجِیْد.

نَجُدَ (ک) نَجْدَۃً وَنَجَادَۃً: دلیر ہونا دوسروں کو عاجز کرنے والے اُمور کا پورا کرنے والا ہونا(...... نُجُوْدًا) واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت نَاجِد وَنَجْدٌ.

نَجَّدَ الْبَیْتَ: مکان کو آراستہ کرنا...... النَّجَّادُ الْفَرْشَ: فرش ساز کا فرش کو بنانا اور

اَنْثَى اِنْثَاءً : پیچھے ہٹنا......هُ: صورت وسیرت میں مشابہ ہونا۔

تَنَثّٰى عَلَيْهِ: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔

اِسْتَنْثَى اِسْتِنْثَاء الدُّمَّلُ : پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔

نَثَّ (ن ض) نَثًّا الْخَبَرَ : پھیلانا...... الْجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔

نَثَّ (ض) نَثًّا ونَثِيثًا الزِّقُّ : مشک کا ٹپکنا ......الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا......الْعَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔

تَنَاثَّ الْقَوْمُ الْاَخْبَارَ : ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔

النَّثُّ: مص ۔نمناک دیوار۔

النِّثَاث: زخم پر لگانے کا تیل۔

النَّثِيثَة: مشک سے ٹپکا ہوا۔

النَّثَّاث والمِنَثُّ : بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔

النُّثَّاث: غیبت کرنے والے۔ واحد نَاثٌّ.

المِنَثَّة : اُون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں۔ ج مَنَاثٌّ ومِنَثَّات.

نَثِثَ (س) نَثًّا اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا۔

نَثَجَ (ض) نَثْجًا بَطْنَهُ بِالسِّكِّيْنِ : پیٹ پھاڑنا۔

مَافِي بَطْنِه: آنتوں کو خالی کر دینا۔

اِسْتَنْثَجَ. اَحد العِدلَيْن: ڈھیلا پڑ جانا۔

اَلنَّثِج: بزدل۔ بے برکت۔

المِنْثَجَة: دبر۔

نَثَدَ (س) نُثُوْدًا الرَّجُلُ :ٹھہرنا...... الْكَمَاةُ: سانپ کی چھتری کا اگنا۔

نَثَرَ (ن ض) نَثْرًا ونِثَارًا الشَّيْئَ: بکھیرنا۔ نثر میں گفتگو کرنا......الدِّرْعَ مِنْهُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نَثَرَتِ الْمَرْاَةُ بَطْنَهَا" یعنی اس کے بچے بہت ہوئے "وَاَخَذَ فُلَانٌ دِرْعًا فَنَثَرَهَا عَلٰى نَفْسِه" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔

نَثَرَت (ض) نَثِيْرًا الدَّابَّةُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کے لئے ہے جیسے عُطَاس: آدمیوں کے لئے۔

اَنْثَرَ : ناک جھاڑنا......هُ: ناک کے بل گرانا۔

نَثَّرَ الشَّيْئَ: بکھیرنا۔

تَنَثَّرَ وتَنَاثَرَ وانْتَثَرَ الشَّيْئُ :بکھرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاثَرَ الْقَوْمُ"قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔

اِنْتَثَرَ واسْتَنْثَرَ : ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔

النَّثْر: مص ۔ضد نظم۔

لَـزِکَ (س) لَـزَکًـا الجُرْحُ: بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا اور یا صواب لذک دال مہملہ سے ہے۔

لَزِمَ (س) لُزُومًا لَزْمًا ولِزَامًا ولَزَامًا ولِزَامَۃً ولُزْمَۃً ولُزْمَانًا الشَّیْءُ: لازم رہنا...... بَیْتَہ: گھر سے جدا نہ ہونا...... ہُ الـمَالُ: واجب ہونا...... الـغَـرِیْمَ وبِـہ: قرض دار کو چمٹے رہنا...... الأَمْـرُ: حکم واجب ہونا...... کَـذَا عَـنْ کَـذَا: لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا (......لَزْمًا) الشَّیْءُ: جدا کرنا۔ تمیز کرنا۔

لَازَمَـہ لِزَامًا ومُلَازَمَۃً: چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا۔

اَلْزَمَ اِلْـزَامًا الشَّیْءَ: لازم کرنا...... ہُ الْـمَالَ والـعَـمَلَ او بِالْمَالِ وبِالعَمَلِ: واجب کرنا اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِی" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔

اِلْتَزَمَہ: بمعنی لَازَمَہ...... فُلَانًا: گردن پکڑنا ......العَمَلَ او المَالَ: اپنے اوپر واجب کر لینا...... القَرْیَۃَ او العُشْرَ او غَیْرَھُمَا: مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)

اِسْتَلْزَمَ الشَّیْءَ: لازم سمجھنا۔ چاہنا۔

الـلِزَام: مص۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا۔ فیصلہ (...... واللَزِم) فیصلہ کرنے والا۔

لَـزَامِ. بِـالْبِنَـاءِ عَلَی الکَسْـرِ: لگاتار۔ پیوستہ۔ کہا جاتا ہے "ضَـرْبَۃٌ لَـزَامِ" یعنی لگاتار مار۔

اللُزَمَۃ: جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔

اللُزُومِیَّۃ: اسم ہے لَزِم سے۔

الـمُلَازِم: بحری فوج کے اندر کمانڈر چھوٹا افسر جو کہ لیفٹیننٹ کے برابر ہو۔

الـلَازِم: فا۔ مؤنث لَازِمَۃ ج لَوَازِم کہا جاتا ہے "صَارَ الأَمْرُ ضَرْبَۃَ لَازِمٍ" جیسا کہا جاتا ہے "ضَرْبَۃَ لَازِبٍ"۔

الـمِلْزَم والـمِلْزَمَۃ: لوہے یا لکڑی کا شکنجہ ج مَلَازِم۔

المَلْزُوم: مفع۔ لازم کیا ہوا۔

لَزَنَ (ن) لَزْنًا ولَزِنَ (س) لَزَنًا وتَلَازَنَ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

اللَزْن: مص۔ تنگی۔ عَیْشٌ لَزْنٌ: تنگ زندگی مَـاءٌ لَـزْنٌ: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔

مَکَانٌ لَزْنٌ ولَزِنٌ ومَلْزُونٌ: بھیڑ والی جگہ۔

اللَزْنَۃ واللِزْنَۃ: تنگی۔ لَیْلَۃٌ لَزْنَۃٌ: بھوک، سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ ج لِزَن۔

زَمَانُ اللَزَن: سخت زمانہ۔

اللَازْوَرْدُ وَاللَّازَوَرْدُ: (فارسی لفظ) ایک کان جس کو زیورات میں لگایا جاتا ہے۔

الْخَلِيقَةِ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔

لَدُنْ ولَدَنْ ولُدْنُ ولَدِنْ ولُدْنَ ولَدُنِ. عِنْدَ: کے معنی میں ظرف زمان ومکان ہے۔ مگر عِنْدَ: سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص ہے اور مبنی ہے۔ کہا جاتا ہے "لِیْ اِلَیْهِ لُدْنَةٌ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے۔

اَلْدَی اِلْدَاءً: زیادہ ہم عمر والا ہونا۔

لَدَی: ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور معنی میں لَدُنْ کے ہے۔

اللِّدَةُ: ہم عمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِدَتِی" وہ میرا ہم عمر ہے۔ ج لِدَات ولِدُوْن. اللِّدَةُ: وقت ولادت۔ (کلمہ یا مادہ وَلَدَ سے ہے) جیسے عِدَةٌ وعد: سے۔

لَذَّ (س وض) لَذَاذًا ولَذَاذَةً. الشَّیْءُ: خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت لَذٌّ ولَذِيذٌ.

لَذَّ (س) لَذًّا وتَلَذَّذَ والْتَذَّ الشَّیْءَ وبِهٖ واسْتَلَذَّ الشَّیْءَ: لذیذ پانا۔

لَذَّذَهٗ: لذیذ بنانا۔

تَلَاذًّا: ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔

اللَّذُّ: مص۔ لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔

لَلْاَلَذُّ: زیادہ لذیذ۔

اللَّذَّةُ: خوشی۔ مزہ۔ حصول مرغوبات۔ ج لَذَّات: شراب۔

اللَّذِيذُ: مرغوب۔ مزیدار۔ شراب۔ ج لُذُّو ولِذَاذٌ.

المَلَذُّ: لذت کی جگہ۔ ج مَلَاذُّ.

المَلَذَّةُ: خواہش۔ ج مَلَذَّات.

لَذَبَ (ن) لُذُوْبًا ولَاذَبَ مُلَاذَبَةً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَذَجَهٗ (ن) لَذْجًا: سوال میں اصرار کرنا

لَذَجَ الْمَاءَ: گھونٹ لگانا۔

لَذَعَ (ف) لَذْعًا. فُلَانًا بِلِسَانِهٖ: سے تکلیف پہنچانا۔ لَذَعَتِ النَّارُ الشَّیْءَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَذَعَ الْحُبُّ قَلْبَهٗ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔

لَذَعَ الْبَعِيرَ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا...... الرَّجُلُ بِذُكَائِهٖ: جلدی سمجھنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔

تَلَذَّعَ: دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا۔ تیز ذہین ہونا۔ تَلَذَّعَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔

اِلْتَذَعَ: درد میں سوزش ہونا۔

اللَّاذِعَةُ: لاذع کا مؤنث۔ ج لَوَاذِعُ لَوَاذِعُ الْكَلَامِ: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ لَوَاذِعِهٖ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

اللَّذَّاعُ: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ" یعنی بڑا خلاف وعدہ۔ اس لئے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے۔

اللَّوْذَعُ واللَّوْذَعِیُّ: تیز ذہن۔ تیز خاطر۔ فصیح۔

اللَّاذِقِيَّةُ: شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کے لئے لَاذِقَانِیٌّ ولَاذِقِیٌّ.

لَذْلَذَ: چست وپھرتیلا ہونا۔

اللَّذْلَاذُ: چست وپھرتیلا۔ بھیڑیا۔

لَذِمَهٗ (س) لَذَمًا الشَّیْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ بوسہ دینا۔

لَذِمَ (س) لَذَمًا بِالْمَكَانِ: چمٹے رہنا...... بِالشَّیْءِ: حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلْذَمَهُ الشَّیْءَ وبِهٖ: حریص بنانا۔ شیفتہ کرنا۔ ......هٗ بِفُلَانٍ: لازم کرنا۔ اَلْذَمَ بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا اور کہا جاتا ہے "اَلْذِمْ بِفُلَانٍ كَرَامَتَكَ" یعنی ہمیشہ کرو۔

اُلْذِمَ بِفُلَانٍ: فریفتہ کیا جانا۔

اللُّذَمَةُ: گھر سے جدا نہ ہونے والا۔ کسی چیز

[illegible]

رَجُلٌ لَذِمٌ ولَذُومٌ ومِلْذَمٌ بِالشَّیْءِ: چیز کا شوقین۔ المِلْذَمُ: بہادر۔

اللَّاذَنُ واللَّاذَنَةُ: گوند کی ایک قسم۔

لَذِیَ يَلْذَی لَذًی بِالْاَمْرِ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلَّذِیْ: اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں۔ اَلَّذِ واللَّذْ واللَّذِیُّ واللَّذِیِّ ولَذِیْ: مؤنث اَلَّتِیْ (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ اللَّذَانِ اللَّذَا واللَّذَانِّ ج الَّذِيْنَ واللَّاؤُوْنَ واللَّاؤُوْ: اور بعضوں نے کہا ہے کہ اَلَّذُوْنَ: حالت رفعی میں اور الَّذِيْنَ بہ: حالت نصبی وجری میں۔ اور اَلَّذِیْ: کی تصغیر اللَّذَيَّا: اور تثنیہ کی اللَّذَيَّانِ: اور جمع کی اللَّذَيُّوْنَ.

لَزَّ (ن) لَزًّا ولِزَازًا ولَزَزًا. الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: باندھنا۔ ملانا۔ لازم کرنا...... الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: ملنا۔ اَلْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ لَزَّهٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

......هٗ: اِلٰی كَذَا: مجبور کرنا۔

لَزَّزَ اللّٰهُ فُلَانًا: مضبوط جسم والا بنانا۔

لَازَّ لِزَازًا ومُلَازَّةً: چمٹنا اور جھگڑنے میں تنگ کرنا۔

اَلَزَّ الشَّیْءَ: باندھنا اور چمٹانا۔

اِلْتَزَّ بِهٖ: چمٹنا۔ ملنا۔

اللَّزُّ: مص۔ دروازہ کا حلقہ۔

اللِّزَزُ واللِّزَازُ: مص۔ دروازے کی کلی۔ سخت جھگڑا۔

اَلمِلَزُّ: چمڑے یا سٹیل کی سوراخ دار وا شل جو پیچ کے نیچے مضبوطی کے لئے ڈالی جاتی ہے۔

اللِّزُّ: چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لِزُّ شَرٍّ ولَزِيْزُ شَرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔

اللزاب: سرو کے درختوں میں سے ایک بڑا درخت اس کے پتے شریان درخت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی عمدہ قسم کی لکڑی ہوتی ہے۔

اللَّخَن: مص [illegible] بچے کے [illegible]
پیدی۔

لَخَاهُ يَلْخُوهُ لَخْوًا: ناک میں دوائی چڑھانا۔

لَخَاهُ يَلْخِيهِ لَخْيًا وَاَلْخَاهُ: مال دینا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔

لَخِيَ يَلْخَى لَخًى: ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس کرنا۔

لَاخَى لِخَاءً وَمُلَاخَاةً. الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا...... فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا...... بِهٖ: چغل خوری کرنا۔

اِلْتَخَى اِلْتِخَاءً. الصَّبِيُّ: تر کردہ روٹی کھانا اسم لَخَاةٌ ہے۔

اللَّخَا وَاللَّخَى وَاللَّخَاءُ وَالْمِلْخَى: جس سے ناک میں دوا چڑھائی جائے۔

الْاَلْخَى: ہرزہ سرا۔ بکواس کرنے والا (...... وَالْمِلْخَى مِنَ الْجِمَالِ) جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو۔

اللَّخْوَاءُ. الْاَلْخَى: کا مؤنث۔ عقاب کہ اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو۔

لَدَّ (ن) لَدًّا وَلَادَّ لِدَادًا وَمُلَادَّةً وَاَلَدَّ الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا۔ لَدَّهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا۔ لَادَّعَنْهُ: مدافعت کرنا۔

لَدَّ (ن) لَدًّا وَلَدُوًّا وَاَلَدَّ الرَّجُلَ: منہ کے کنارے سے دوا پلانا۔ لَدَّ اللَّدُوْدَ: منہ کے کنارے سے پلائی جانے والی دوا تیار کرنا۔

لَدَّهُ: سخت جھگڑالو پانا۔ اَلَدَّ بِهٖ: ٹالنا۔ کہا جاتا ہے اَلْدَدْتُ بِهٖ: میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی۔

دَّ (س) لَدَدًا: بہت جھگڑالو ہونا۔ صفت دُّ: کہا جاتا ہے "هُوَ الْاَلَدُّ اللَّدِدُ" یعنی وہ ت ہی سخت جھگڑالو ہے۔

دَّهُ: حیران کرنا۔ لَدَّدَ بِهٖ: بدنام کرنا۔

تَلَدَّدَ: متحیر ہونا۔ دائیں بائیں دیکھنا۔ فِی الْمَكَانِ: ٹھہرنا۔

اِلْتَدَّ: منہ کے کنارے سے دوا پینا۔ عَنِ الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔

اللَّدُّ: مص۔ پورا۔

اللَّدَدُ: مص۔ سخت جھگڑالو۔

اللَّدُّ وَاللَّادُّ وَاللَّدُوْدُ وَاللِّدِيْدُ. ج اَلِدَّةٌ وَالْاَلَدُّ: مؤنث لَدَّاءُ. ج لِدَادٌ وَلُدٌّ. وَالْاَلَنْدَدُ وَالْيَلَنْدَدُ: سخت جھگڑالو۔ اللَّدِيْدُ وَاللَّدُوْدُ: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی جائے۔ اَللَّدِيْدَانِ: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے، ہر چیز کے دونوں جانب۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ عَنْهُ مُحْتَدٌّ وَلَا مُلْتَدٌّ" یعنی اس کے لئے کوئی چارہ نہیں۔

الْمُتَلَدَّدُ: گردن۔

لَدَحَهُ (ف) لَدْحًا: پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا۔ ـهُ بِيَدِهٖ: مارنا...... ـهُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔

لَدَّسَ الْخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔

اَلْدَسَتِ الْاَرْضُ: کچھ نباتات اگانا۔

اللِّدْسُ: سست و نرم۔

اللَّدِيْسُ: موٹا۔ ج اَلْدَاسٌ.

الْمِلْدَسُ: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ ج مَلَادِسُ.

لَدَغَهُ (ف) لَدْغًا وَتَلْدَاغًا: ڈسنا کہا جاتا ہے "لَدَغَهُ بِكَلِمَةٍ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا۔

اَلْدَغَ. الْعَقْرَبَ فُلَانًا: ڈسنے کے لئے بچھو چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔

اللَّادِغُ: فا۔ مؤنث لَادِغَةٌ ج لُدَّغٌ.

اللَّدْغَةُ. لدغ: کا اسم مرۃ۔

اللُّدَّاغُ: کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔

اللُّدَّاغَةُ مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنے والا۔

اَللَّدِيْغُ: ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لَدْغٰى وَلُدَغَاءُ اور کہا جاتا ہے "هُمْ قَوْمٌ لَدْغٰى وَلُدَغَاءُ" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔

اَلْمِلْدَغُ: وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو۔

لَدِكَ (س) لَدْكًا وَلَدَكَابِهٖ: چپکنا۔

لَدَمَهُ (ض) لَدْمًا: طمانچہ مارنا۔ کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔ اَلْخُبْزَ مِنَ الْمَلَّةِ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا (...... وَلَدَّمَ) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا، درست کرنا۔

اَلْدَمَتْ عَلَيْهِ الْحُمّٰى: لگاتار بخار رہنا۔

تَلَدَّمَ: بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل ہونا...... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

اِلْتَدَمَ: پریشان و مضطرب ہونا۔ اِلْتَدَمَتِ النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔

اِلْتَدَمَهُ: مارنا اور ہٹانا۔

اللَّدْمُ: مص پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز۔

اللَّدَمُ: عزت۔ قرابت۔

اللَّادِمُ: فا۔ ج لَدَمٌ (کخادم و خَدَم)

اللِّدَامُ: پیوند۔

اَللُّدَّامُ: پیوند لگانے والا۔

اللَّدِيْمُ. مِنَ الثِّيَابِ: پیوند لگا ہوا کپڑا۔

الْمِلْدَمُ: بے وقوف۔ سست۔ پر گوشت اُمُّ مِلْدَمٍ: بخار (...... وَالْمِلْدَامُ) گٹھلی توڑنے کا پتھر۔

لَدُنَ (ک) لَدَانَةً وَلُدُوْنَةً: نرم ہونا صفت لَدْنٌ مؤنث لَدْنَةٌ ج لُدْنٌ وَلِدَانٌ.

لَدُنَتْ اَخْلَاقُهٗ: نرم اخلاق ہونا۔

لَدَّنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا...... ـهُ فِی الْاَمْرِ: ٹھہرانا۔ لَدَّنَ ثَوْبَهٗ: تر کرنا۔

تَلَدَّنَ: ٹھہرنا...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ...... عَلَيْهِ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے "تَلَدَّنْتُ عَلَيَّ رَاحِلَتِي" جبکہ وہ نہ چلے۔

اللَّدْنُ مِنَ الطَّعَامِ: خراب گیہوں جس کی [illegible] کے اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَدْنٌ

لَحَا يَلْحُو لَحْوًا والْتَحٰى اِلْتِحَاءً الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ لَحَاهُ: گالی دینا۔

المِلْحٰى: لکڑی چھیلنے کا اوزار۔

لَحْوَجَ لَحْوَجَةً عَلَيْهِ الْخَبَرَ: گڑبڑ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لَحٰى يَلْحٰى لَحْيًا الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ فُلَانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب نکالنا۔

صفت فاعلی لَاحٍ: صفت مفعولی مَلْحِيٌّ: کہا جاتا ہے "لَحَا اللّٰهُ فُلَانًا" اللہ فلاں پر لعنت کرے۔

لَاحٰى لِحَاءً ومُلَاحَاةً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاکَ فَقَدْ عَادَاکَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی...... فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلْحٰى اِلْحَاءً: قابلِ ملامت کام کرنا۔ العُوْدُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔

تَلَحّٰى تَلَحِّيًا: ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔

تَلَاحٰى تَلَاحِيًا القَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔

اِلْتَحٰى اِلْتِحَاءً: داڑھی اُگنا۔ داڑھی رکھنا...... العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔

اللَّحْی: جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ۔ لَحْيَان: دونوں جبڑے۔ لَحْيَا الْغَدِيْرِ: تالاب کے دونوں کنارے۔ ج اَلْحٍ ولُحِيٌّ.

اللِّحَاء: مص۔ لکڑی یا درخت کی چھال اور امثال عرب سے ہے "لَا تَدْخُلْ بَيْنَ الْعَصَا ولِحَائِهَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل مت ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔

اللَّحْيَان: لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لَحْيَانَة.

اللِّحْيَة: داڑھی۔ ج لِحًى ولُحًى: اور نسبت کے لئے لَحَوِيٌّ. لِحْيَةُ الْحِمَار

سیاؤشاں (نام ایک دوا کا) لِحْيَةُ التَّيْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔

اللِّحْيَان: تھوڑا پانی۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِحْيَانَة.

الأَلْحٰى واللِّحْيَانِيّ: لمبی یا بڑی داڑھی والا۔

لَخَّهُ (ن) لَخًّا: طمانچہ مارنا۔ لَخَّ الْخَبَرَ: پوری خبر معلوم کرنا...... فِي الْكَلَامِ: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا...... هُ بِالطِّيْبِ: خوشبو لگانا...... فِي الْجَبَلِ: پہاڑ میں پیچھا کرنا...... فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں جھکنا۔

لَخِخَتْ لَخًّا ولَخِيْخًا ولَخِخَتْ (س) لَخِخًا عَيْنُه: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والا ہونا۔ صفت لَخِخَة.

اِلْتَخَّ الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ" معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہوگیا۔ العُشْبُ: گھنی و گنجان ہونا۔

تَلَاخَّ الْوَادِیْ: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔

وَادٍ لَاخٌّ: تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔

اللَّخَّة: ناک۔ اِمْرَأَةٌ لَخَّةٌ: گندی بد بو دار عورت۔ اَصْلٌ لَخُوْخٌ: عیب دار اصل۔

سَكْرَانُ مُلْتَخٌّ: بدمست۔ ہوش و حواس زائل شدہ وَادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔

لَخَبَهُ (ف ن) لَخْبًا ولَاخَبَهُ مُلَاخَبَةً: طمانچہ مارنا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اللَّخْب: گوگل کا درخت۔ واحد لَخْبَة.

المُلَخَّب: طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔

اللَّخَج: آنکھ کی بری کیچڑ۔

اللَّخز: تیز چھری۔

پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کے اردگرد کا متورم ہونا۔ لَخِصٌ کی صفت اَلْخَص: آنکھ کی صفت۔ لَخْصَاء. ج لُخْص.

لَخَّصَ الْكَلَامَ: مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لِيْ خَبَرَکَ" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو۔ الشَّیْءَ: خالص لینا۔

اللَّخَص: مص۔ خلقتاً۔ آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔

اللَّخْصَة: آنکھ کے اندر کا گوشت۔ ج لِخَاص.

الأَلْخَص: ظاہر۔ مختصر۔

ضَرْعٌ لَخِصٌ: زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ رَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد اور کہا جاتا ہے "جَفْنٌ لَخِصٌ" موٹا پپوٹا۔

المُلَخَّص: منتخب کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلَخَّصُ مَا قَالُوْهُ" یہ لوگ کے قول کا خلاصہ ہے۔

لَخَفَهُ (ف) لَخْفًا: زور سے مارنا۔

اللَّخْف: مص۔ پتلے جھاگ۔

اللَّخْفَة: سفید باریک پتھر ج لِخَاف.

لَخَمَهُ (ن) لَخْمًا: طمانچہ مارنا...... لَخَمَ الشَّیْءَ: کاٹنا۔

لَخِمَ (ف) لَخَمًا الرَّجُلُ: بڑے گوشت چہرے والا ہونا۔

لَاخَمَهُ لِخَامًا ومُلَاخَمَةً: باہم طمانچہ بازی کرنا۔

اللَّخْمَة: سستی۔ افسردہ دلی۔

رَجُلٌ لُخَمَةٌ ولَخْمَة: افسردہ دل مرد۔ لئیم۔

اللُّخْمَة: سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔

اللَّخَام: ہڈیاں۔

لَخِنَ (س) لَخَنًا: بد بو دار ہونا...... الرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ میں بد بو ہونا۔ صفت اَلْخَن مؤنث لَخْنَاء. ج لُخْن.

لَخَنَة. یا ابن اللخناء: کمینہ۔

جو ریت میں رہتا ہے۔

اللَحِک: وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔

المَلاحِک: ٹھگیاں۔

لَحلَحَ وتَلَحلَحَ القَومُ: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا۔

اللَحلَح: تنگ جگہ۔

المُلَحلَح: قوم کا بڑا۔ سردار۔

لَحَمَ (ن) لَحمًا الأمرَ: مضبوط کرنا۔ **القَصّابُ العَظمَ:** قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا ...... **هٗ:** نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ **الصّائغُ الفِضَّةَ:** سنار کا چاندی کو درست کرنا۔

لَحَمَهٗ (ف) گوشت کھلانا۔

لَحِمَ (س) لَحمًا بالمَكانِ: لازم ہو کے رہنا۔ **الصَّقرُ ونَحوُهٗ:** گوشت کا خواہش مند ہونا۔

لَحِمَ (س) لَحَمًا ولَحُمَ (ک) لَحَامَةً: موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت خواہش مند ہونا۔

لُحِمَ لَحمًا: قتل کیا جانا۔ صفت لَحِیم۔

لاحَمَ الحَبلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔ **الشَیءَ بالشَیءِ:** ملانا۔ **لاحَمَ بَینَ الشَیئَینِ:** ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

ألحَمَ الثَوبَ: کپڑا بننا ...... **الشِعرَ:** اشعار کہنا ...... **الزَرعُ:** کھیتی میں دانہ بیٹھنا ...... **بَینَ القَومِ شَرًّا:** قوم کے درمیان فساد کرا دینا **الشَیءَ بالشَیءِ:** ملانا ...... **هٗ بَصَرَهٗ:** تیز نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ **ألحَمَ الرَجُلَ:** غمگین کرنا ...... **فلانًا الأرضَ:** زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا ...... **هٗ عِرضَ فُلانٍ:** گالی دینے کا موقع دینا۔ **ألحَمَتِ الدَابَّةُ:** ٹھہر جانا۔ آگے نہ بڑھنا۔ **ألحَمَ بالمَكانِ:** اقامت کرنا ...... **الرَجُلُ:** گھر میں بہت گوشت والا ہونا ...... **القَومَ:** گوشت کھلانا ...... **الشَیءَ:** درست کرنا۔ **أُلحِمَهُ القِتالُ:** گھیر لینا اور رہائی نہ ملنا۔ **أُلحِمَ الرَجُلُ:** مرنا۔

تَلاحَمَ القَومُ: باہم مقاتلہ کرنا۔ **تَلاحَمَتِ الشَجَّةُ:** زخم کا بھر جانا اور درست ہو جانا (...... **والتَحَمَ) الشَیءُ:** جڑ جانا اور درست ہونا ...... **التَحَمَتِ الحَربُ بَینَهُم:** گھمسان کی جنگ ہونا۔ "التَحَمَ الجُرحُ لِلبُرءِ" زخم بھر جانا اور درست ہو جانا۔

إستَلحَمَ الطَرِیقُ: راستہ کا کشادہ ہونا۔ **الطَرِیقَ او الطَرِیدَةَ:** پیچھے پڑنا ...... **الخَطبُ فُلانًا:** مشغول کر دینا ...... **الزَرعُ:** گنجان ہونا۔ **أُستُلحِمَ الرَجُلُ:** جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا۔

اللَحمُ واللَحَمُ مِن جِسمِ الحَیَوانِ: گوشت۔ ج لِحَام ولُحُوم ولِحمَان ولُحمَان وألحُم۔ **لَحمُ كُلِّ شَیءٍ:** مغز **لَحمُ البَحرِ:** ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے "أكَلَ لَحمِی ورَتَعَ لَحمِی" یعنی میری غیبت کی۔

اللَحمَة: گوشت کا ایک ٹکڑا۔ **لَحمَةُ الثَوبِ:** کپڑے کا بانا۔

اللُحمَة: قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ ج لُحَم۔

اللِحَام: جس سے پھٹن کو درست کیا جائے۔

اللَحّام: گوشت بیچنے والا۔

اللاحِم: گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت ہو۔ **بازٌ لاحِمٌ:** گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔

اللَحِم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہش مند۔ **بازٌ لَحِمٌ:** گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔ **اللَحِم:** شیر۔

اللَحِیم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول۔ اور کہا جاتا ہے "هذا لَحِیمُ ذاكَ" یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔

المُلحَم: مفع۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کے ساتھ ملا ہوا قیدی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔

المُلحِم: فا۔ گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔

المَلحَمَة: گھمسان کی جنگ کا موقع۔ ج مَلاحِم۔

المُلاحِمُ مِنَ الحِبالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ کہا جاتا ہے **شَجَّةٌ مُتَلاحِمَةٌ:** زخم کہ جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔

المُستَلحِمُ: فا۔ شیر۔

لَحَنَ (ف) لَحنًا ولَحَنًا ولُحُونًا ولَحَانَةً ولَحَانِیَةً فی كَلامِهٖ او فی القِراءَةِ: اعرابی غلطی کرنا۔ صفت لاحِن ولَحّان ولَحّانَةٌ (...... **لَحنًا) لِفُلانٍ:** کسی سے اشارہ کنایہ میں بات کرنا تاکہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لاحِن: اور لَحّان: نہیں کہا جاتا۔ **إلَیهِ:** قصد کرنا۔ مائل ہونا ...... **قَولَهٗ:** سمجھنا۔

لَحِنَ (س) لَحَنًا الرَجُلُ: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا ...... **الكَلامَ:** سمجھنا۔

لَحَّنَهٗ: غلطی کی طرف منسوب کرنا۔ **لَحَّنَ فی القِراءَةِ:** خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔

لاحَنَ القَومُ: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا۔

ألحَنَ فُلانًا القَولَ فلَحِنَهٗ: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔

اللَحنُ: مص ...... **مِنَ الأصوَاتِ:** موزوں آواز سر۔ ج ألحَان ولُحُون۔ **صَنَاعَةُ الألحَانِ:** فن موسیقی **لَحنُ الكَلامِ:** مضمون کلام۔ **اللَحنُ فی الكَلامِ:** اعراب و بنا کی غلطی۔

اللَحَنُ: لغت۔ سمجھ۔

اللَحِن: زیرک۔ سمجھدار۔

اللاحِن: فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔

اللُحَنَة: وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں۔

اللُحَنَة: بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی غلطی بہت پکڑے۔

الألحَنُ: بہت زیادہ سمجھدار۔ خوش آوازی سے گانے والا یا پڑھنے والا۔

المَلْحَص: جائے پناہ۔

لَحَطَهٗ (ف) لَحْطًا: پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔

اِلْتَحَطَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔

لَحَظَ (ف) لَحْظًا ولَحَظَانًا فُلانًا و اِلٰی فُلانٍ بِالْعَیْنِ: گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ (لَحْظًا ولَحَّظَ تَلْحِیْظًا) البَعِیْرَ: اُونٹ کو آنکھ کے نیچے داغ کی علامت لگانا۔

لَاحَظَهٗ لِحَاظًا ومُلَاحَظَةً: انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔

تَلَحَّظَ الشَّیُٔ: تنگ ہونا۔

تَلَاحَظَتِ الْاَشْیَاءُ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْوَالُهُمْ مُتَشَاكِلَةٌ مُتَلَاحِظَةٌ" یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں۔

اللَّحْظ: مص۔ آنکھ کا اندرونی حصہ۔ ج لِحَاظ واَلْحَاظ.

اللَّحَاظ واللِّحَاظ: کنپٹی کی جانب گوشۂ چشم۔ آنکھ کے نیچے کا داغ۔ ج لُحُظ.

اللِّحَاظ: گھر کا صحن۔ ولِحَاظُ السَّهْمِ: تیر کے اوپر کا پر۔ لِحَاظُ الرِّیْشَةِ: پر کا سفید نچلا حصہ۔

اللَّحَّاظ: بہت سخت دیکھنے والا۔

التَّلْحِیْظ: مص آنکھ کے نیچے کا داغ۔

اللَّاحِظَة. لَاحِظ: کا مؤنث۔ آنکھ۔ ج لَوَاحِظ.

اللَّحْظَة. لَحْظ: کا اسم مرۃ۔ ج لَحَظَات کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ عِنْدَهٗ لَحْظَةً" میں اس کے پاس ایک لمحہ بیٹھا۔

اللَّحُوْظ: تنگ۔

اللَّحِیْظ: شبیہ و نظیر۔

المَلْحَظ: دیکھنا۔ دیکھنے کی جگہ ج مَلَاحِظ.

لَحَفَهٗ (ف) لَحْفًا: لحاف اوڑھانا...... ہٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا...... ہٗ بِجُمْعِ كَفِّهٖ: مکا مارنا...... ہٗ سَهْمًا: تیر مارنا...... النَّارَ الْحَطَبَ: آگ میں لکڑی ڈالنا۔ لَحَفَ الشَّیْءَ: چاٹنا...... غَنَمَةُ اللَّحْمَ: گوشت اتارنا۔ لَحِفَ الْقَمَرُ: چاند کا آخری تین راتوں میں ہونا۔ لَحِفَ لَحْفَةَ الرَّجُلُ فِیْ مَالِهٖ: کچھ ضائع ہونا اور کہا جاتا ہے "لَحَفَنِیْ فَضْلَ لِحَافِهٖ" یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا۔

لَحَّفَ اِزَارَهٗ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔

اَلْحَفَ السَّائِلُ: اصرار سے مانگنا۔

ہٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔ دوسرے کے لئے لحاف بنانا الرَّجُلَ: دوسرے کے لئے لحاف خریدنا...... ضَیْفَهٗ: سرما میں مہمان کے لئے بچھونا اور لحاف مہیا کرنا...... شَارِبَهٗ: مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرنا...... بِهٖ: نقصان پہنچانا...... الظُّفُرَ: جڑ سے ناخن کاٹنا...... الرَّجُلُ: دامن کوہ میں چلنا۔ تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔

لَاحَفَهٗ: مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے لئے لازم رہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُضَاجِعُ السَّیْفَ ویُلَاحِفُ الْخَوْفَ" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا ہے۔

تَلَحَّفَ واِلْتَحَفَ: اپنے لئے لحاف بنانا۔ بِاللِّحَافِ وغَیْرِهٖ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا۔

اللِّحْف: دامنِ کوہ۔

اللِّحْفَة. لَحَفَ: کا اسم نوع۔ لحاف اوڑھنے والے کی حالت۔

اللِّحَاف: رضائی۔ لحاف۔ ج لُحُف.

المِلْحَف والمِلْحَفَة: چادر۔ اوپر کا لباس ج مَلَاحِف.

لَحِقَ (س) لَحْقًا ولَحَاقًا فُلَانًا وبِفُلَانٍ: پا لینا۔ آ ملنا۔ آ پہنچنا...... اِلٰی قَوْمٍ كَذَا: چمٹنا۔

لَحِقَ (س) لُحُوْقًا الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا...... الثَّمَنُ فُلَانًا: قیمت لازم ہونا۔

لَاحَقَهٗ: پیچھے ہونا۔

اَلْحَقَهٗ: پا لینا۔ آ ملنا...... ہٗ بِفُلَانٍ: ملا

تَلَاحَقَ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

تَلَاحَقَتِ الْمَطَایَا: سواریوں کا بعض کا بعض سے ملنا۔

اِلْتَحَقَ بِهٖ: ملنا یا چمٹنا۔

اِسْتَلْحَقَهٗ: اپنے خاندان میں ملانا۔

اِسْتَلْحَقَ الرَّجُلُ: وادی کی ملی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا۔

اللَّحَقُ: جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے۔ پھل جو پہلے پھل کے بعد ہو۔ ج اَلْحَاق.

اللَّحَق: قوم جو اپنے سے پہلی قوم کے ساتھ اُس کے گزر جانے کے بعد لاحق ہو۔ لَحَقُ الْغَنَمِ: بکری کے بچے (...... والمُلْحَق) شی زائد۔ تتمۂ کتاب۔

اللَّحَاق: وادی کے وہ قطعات جہاں پانی خشک ہو جانے کے بعد زراعت کریں۔ مفرد اللَّحَق: ہے۔

اللِّحَاق: کمان کا غلاف۔

اللَّاحِق: فا۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ہُوَ لَاحِق: باز۔

اللَّاحِقَة. لَاحِق: کا مؤنث۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ج لَوَاحِق.

اللُّوَیْحِق: باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ۔ جس کی پیٹھ خیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔

المُلْحَاق: تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ بڑھ سکیں۔

المُلْحَق: خاندان میں ملایا ہوا۔

لَحَكَ (ف) لَحْكًا ولَاحَكَ وتَلَاحَكَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چپکنا۔

تَلَاحَكَ الشَّیْءُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَلَاحَكَ الْبُنْیَانُ: عمارت کا مضبوط ہونا۔ ولَحَكَ الصَّبِیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔

لُوْحِكَتْ فِقَارُ ظَهْرِهٖ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

لَحِكَ (س) لَحْكًا العَسَلَ: شہد چاٹنا۔

اللُّحَكَة واللُّحَكَه: چھپکلی کی مانند ایک کیڑا

اللَّحِجُ: کیچڑ ہونا۔ صفت لَحِجٌ. لَحِجَتْ عَيْنُهُ: کیچڑ والی آنکھ ہونا۔

لَحَجَ عَلَيْهِ الْخَبَرَ: غلط خبر دینا۔

أَلْحَجَهُ إِلَيْهِ: مجبور کرنا۔

اِلْتَحَجَ إِلَيْهِ: مائل ہونا..... إِلَيْهِ: مائل کرنا۔ مجبور کرنا۔

تَلَحَّجَ الْأَمْرَ عَلَى فُلَانٍ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

اِسْتَلْحَجَ الْبَابُ: دروازہ کا بند ہونا۔

اللَّحْجُ: مص آنکھ کا گڑھا۔

اللُّحْجُ: آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ۔ کجاوہ۔ پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ و کنارہ۔ ج أَلْحَاج. مَكَان لَحِجٌ: تنگ مکان۔

اللَّحَجُ: آنکھ کی کیچڑ۔

الْمَلْحَج والْمُلْتَحَج: جائے پناہ کہا جاتا ہے "إِنَّ فِي النَّاسِ لَمُلْحَجًا" لوگوں میں جائے پناہ ہے قُفْل مُلْحَج: بند تالا۔

الْمَلَاحِجُ: تنگیاں۔

الْمَلَاحِيجُ: پہاڑ کے تنگ راستے۔

لَحْوَجَ عَلَيْهِ الْأَمْرَ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لَحَدَ (ف) لَحْدًا. الْمَيِّتَ: میت کو دفن کرنا..... اللَّحْدَ: کھودنا..... لِلْمَيِّتِ: بغلی قبر کھودنا..... السَّهْمَ عَنِ الْهَدَفِ: نشانہ سے خطا کرنا..... إِلَى فُلَانٍ: مائل ہونا..... فِي الدِّيْنِ: بے دینی اختیار کرنا..... عَلَى فِي شَهَادَتِهِ: گنہگار ہونا۔

أَلْحَدَ إِلْحَادًا. الْمَيِّتَ: مردہ کو دفن کرنا..... اللَّحْدَ: کھودنا..... لِلْمَيِّت: بغلی قبر کھودنا..... عَنِ الدِّيْنِ: دین سے ہٹنا۔ دین میں طعن کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ احکامِ خداوندی کو چھوڑنا اور ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ کے بارے میں شک کرنا..... فِي الْحَرَم: محارم کو حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا..... السَّهْمُ الْهَدَفَ: نشانہ کے ایک جانب میں لگنا..... بِهِ: عیب لگانا اور باطل بات کرنا۔

لَاحَدَ مُلَاحَدَةً صَاحِبَهُ: ہر ایک کا ایک دوسرے سے کجی برتنا۔

اِلْتَحَدَ عَنِ الدِّيْنِ: دین سے پھرنا..... إِلَى كَذَا: مائل ہونا..... إِلَى فُلَانٍ: پناہ لینا۔

اللَّحْد واللُّحْد: بغلی قبر۔ قبر۔ ج أَلْحَاد ولُحُوْد.

الإِلْحَاد. أَلْحَدَ: کا مصدر۔ کفر۔ بے دینی۔

اللَّحُوْد: مائل ہونے والا۔

اللَّاحِدُ: فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے "قَبْرٌ لَاحِدٌ ومَلْحُوْد" بغلی قبر۔

الْمُلْحِد: فا۔ کافر۔ بے دین۔ ج مَلَاحِدَة ومُلْحِدُوْن الْمَلَاحِدَة: کافروں کی ایک جماعت جس کو دہریہ کہتے ہیں۔

الْمُلْحَدُ والْمَلْحُوْد: بغلی قبر۔ قبر۔

الْمَلْحَادَة: دین میں بہت طعن کرنے والا۔

الْمُلْتَحَد: جائے پناہ۔

لَحِزَ (س) لَحَزًا: بخیل ہونا۔ صفت لِحْز ولَحِزٌ.

لَحَزَهُ (ف) لَحْزًا: اصرار کرنا۔

تَلَحَّزَ: بخیل ہونا۔ کسی چیزوں کے کھانے کے لئے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لئے کمر کسنا..... عَنْهُ: پیچھے ہٹنا۔

تَلَاحَزَ الْقَوْمُ: کلام میں مقابلہ کرنا..... الصِّبْيَانُ: اشعار کا نقل کرنا۔

الْمَلْحَز: تنگ جگہ۔ ج مَلَاحِز کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِي الْمَلَاحِزِ" لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں پڑ گئے۔

الْمُتَلَاحِزُ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان ایک میں ایک گھسا ہوا۔

اللُّحَيْزَاء: ذخیرہ۔ خزانہ۔

لَحَسَ (ف) لَحْسًا الدُّوْدُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا..... الْجَرَادُ الْخَضِرَ: ٹڈیوں کا سبزیوں کو چٹ کر جانا۔

لَحِسَ (س) لَحْسًا ولَحْسَةً ولُحْسَةً ومَلْحَسًا الْقَصْعَةَ: پیالہ کو زبان یا انگلی سے چاٹنا اور اسی سے مثل ہے "أَسْرَعُ مِنْ لَحْسِ الْكَلْبِ أَنْفَهُ" کتے کا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز۔

لَحَّسَهُ الشَّيْءَ: چٹانا۔

أَلْحَسَ الْمَاشِيَةَ: تھوڑا سا چرنا۔ أَلْحَسَتِ الْأَرْضُ: سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔

اِلْتَحَسَ مِنْهُ حَقَّهُ: حق لینا۔

اللَّحْس: مص۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی۔

سَنَةٌ لَاحِسَةٌ: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُمْ لَوَاحِسُ" یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔ کہا جاتا ہے مَا لَكَ عِنْدِيْ لُحْسَةٌ: تمہارے لئے میرے پاس کوئی چیز نہیں۔

اللَّحُوْس: مٹھاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی۔

اللَّاحُوْس: بدبخت۔ منحوس(..... واللَّحُوْسُ والْمُلْحِس والْمِلْحَس) لالچی جو ہر چیز کو لے لے الْمِلْحَس: بہادر۔

اللَّحَّاس: بہت چاٹنے والا۔

اللَّحَّاسَة. لَحَّاس: کا مؤنث۔ شیرنی۔

اللُّحْسُم: وادی کی تنگ نالی۔ ج لَحَاسِم.

لَحَصَ (ف) لَحْصًا فِي الْأَمْرِ: مشغول ہونا۔ خَبَرَ فُلَانٍ: پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا بیان کرنا۔

لَحَّصَ خَبَرَهُ: بمعنی لَحَصَهُ..... فِي كَذَا: سختی کرنا۔ تنگی کرنا..... هُ عَنْ كَذَا: روکنا۔ سست کرنا..... الْكِتَابَ: پختہ کرنا۔

اِلْتَحَصَ الْأَمْرُ: معاملہ کا سخت ہونا۔

اِلْتَحَصَتِ الْإِبْرَةُ: سوئی کے ناکہ کا بند ہونا۔

اِلْتَحَصَهُ الشَّيْءُ: مشغول ہونا..... هُ إِلَى كَذَا: مجبور کرنا..... الْبَيْضَةَ ونَحْوَهَا: انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے پینا..... هُ عَنْ كَذَا: روکنا۔ سست کرنا۔ اِلْتَحَصَتْ عَيْنُهُ: کیچڑ سے آنکھ کا چپک جانا۔

لَحَاصِ: مبنی بر کسرہ۔ سختی۔ مصیبت۔

اللَّحَص: اوپر کے پپوٹے کی شکن۔

اللَّحَصَان: دوڑ۔ تیزی۔

اللَّحِيْص: تنگ۔ سکڑا۔

اَلْجَمَ الدَّابَةَ: چوپایہ کو لگام لگانا۔

اَلْـقِـدْرَ: دیگ کے کڑے میں لکڑی لگا کر اٹھانا۔ النَاقَةَ: لگام سے داغ لگانا......هٗ عَنْ حَـاجَـتِـهٖ: روکنا۔ کہا جاتا ہے "تَـكَـلَّـمَ فَـاَلْـجَمْتُهٗ وَاَلْمَقْتُهُ الْحَجَر" اس نے گفتگو کی تو میں نے اس سے بند کر دیا۔

اَلْـجَـمَ وَالْـجَّمَ الْمَاءُ فُلانًا: پانی کا منہ تک پہنچنا۔

اِلْتَجَمَتِ الدَّابَةُ: لگام لگنا۔

اِسْتَلْجَمَ فُلانًا اَلْفَرَسَ: لگام لگانے کو کہنا۔

اَلْـلَّـجَـم: زمین نہ پست نہ بلند۔ ج اَلْـجَام. (......وَاللُّجُم وَاللُّجَم) گرگٹ۔ مینڈکیں۔ جانور جس سے بدفالی لیں۔

اللُّجُم: فضاء آسمانی۔

اللِجَام: لگام۔ ج لُـجُم ولُجُم واَلْجِمَة: اُونٹوں کا نشان اور کہا جاتا ہے "جَـاءَ فُلانٌ وَقَـدْ لَـفَـظَ لِـجَـامَـه" یعنی فلاں شخص اپنی حاجت سے تھک کر واپس ہوا اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَتْبِعِ الْفَرَسَ لِجَامَهَا" بھلائی کو پورے طریقے سے کرنے کے لئے کہنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اللَّجَّام: لگامیں بنانے والا۔

اللُّجَام: جس سے بدشگونی لی جائے۔

اللَّجَمَةُ وَالْمُلَجَّم: لگام دینے کی جگہ۔

الـلَّـجَـمَةُ: لَـجَـم: کا واحد۔ زمین کے لئے علم۔ لَجَمَةُ الْوَادِي: کنارہ وادی۔

اللُّجْمه: مسطح پہاڑ۔ زمین کے لئے علم لُجْمَةُ الْوَادِي: وادی کا کنارہ۔

الْمِكْيَال الْمُلْجَم: ڈھائی صاع کا پیمانہ۔

لَجَنَ (ن) لَـجْـنًـا ولَجَّنَ وَرَقَ الشَّجَرَ وَنَـحْـوِهٖ: پتوں کو کوٹ کر آٹا جو ملا کے چارہ تیار کرنا۔

لَجَنَ (ن) لُجُونًا ولِجَانًا الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا اڑیل ہونا......فِي الْمَشْيِ: آہستہ چلنا۔

لَجِنَ (س) لَجَنَابِهٖ: چمٹنا۔

تَـلَجَّنَ الشَّيْءُ: لیس دار ہونا......رَاسُهٗ: میلا ہونا......الْـقَـوْمُ: پتے اور آٹا جو [illegible] بنانا۔

اللَّجِن: میلا۔

الـلَّـجِـيْن: کٹے ہوئے پتے اور آٹا یا جو ملا کر تیار کیا ہوا چارہ۔

اللَّجْنَة: جماعت۔ پارٹی۔

الـلَّـجُوْن مِنَ الْجِمَالِ وَالنُّوْقِ: سست رفتار اُونٹ یا اُونٹنی۔

الـلُّـجَـيْـن: چاندی (تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے)

الـلُّـجَيْنِيَّة: دراہم (لُجَيْن: کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے)

اِلْـتَـجَى اِلٰى غَـيْـرِ قَوْمِـهٖ: غیر قوم کی طرف اپنے کو منسوب کرنا۔

لَحَّ (ن ض) لَـحًّـا الْـقَرَابَةُ بَيْنَنَا: رشتہ داری نزدیک ہونا۔

لَـحَّ (س) لَـحًّـا ولَـحَـحًا الْعَيْنُ: کیچڑ سے پلکوں کا چپکنا۔

اَلَحَّ فِي السُّوَال: سوال میں اصرار کرنا...... الـسَّـحَـابُ بِـالْـمَطَر: بادل کا لگاتار برسنا ......الْـمَطِيُّ: سواری کا تھک کر دیر کرنا...... اَلْـقَـتَبُ عَلٰى ظَهْرِ الدَّابَةِ: پالان کا چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا......اَلْـجَمَلُ: اُونٹ کا اڑیل ہونا۔

تَلَحَّحَ عَلَيْهِ: مثل اَلَحَّ عَلَيْهِ.

اللَّحُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ اِبْـنُ وَعَمِّي لَـحًّا" وہ میرا قریبی چچازاد ہے اور لحا حالیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ اس کا ماقبل معرفہ ہے اور نکرہ کی صورت میں تم کہو گے "هُوَ اِبْنُ عَمٍّ لِحٍّ" جر کے ساتھ اس لئے کہ یہ عم کی صفت ہے اور ایسا ہی مؤنث اور تثنیہ اور جمع۔

اللاحُّ: فا۔ مَكَانٌ لَاحٌّ ولَحِحٌ: تنگ جگہ۔

الـمِلْحَاح: بہت اصرار کرنے والا۔ پالان جو پیٹھ کو زخمی کر دے۔ سَـحَـابٌ مِلْحَاحٌ: لگاتار برسنے والا بادل۔

لَحَبَ (ف) لَحْبًا الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا۔ ......[illegible] بِفُلانٍ الْأَرْضَ: زمین پر پھینک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ ـهٗ بِـالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا...... اللَّحمَ: گوشت کو لمبائی میں کاٹنا......اللَّحمَ عَـنِ الْـعَظْـمِ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا ......الـرَّجُلُ: سیدھا چلنا یا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَلْحَب" (......لُحُوبًا) الطَّرِيقُ: راستہ کا واضح ہونا......ظَهْـرُ الْـفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا تھوڑی سی پستی کے ساتھ چکنا ہونا......الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔

لَحِبَ (س) لَحَبًا الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے دُبلا ہونا......لَحُمَ زَيْدٌ: لاغر ہونا۔

لَـحَّـبَ الشَّـيْءَ: اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا......فُلانًا: ذلیل کرنا...... هٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔

اِلْتَحَبَ الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا۔

اَلْـلَّـحْـب: مص (...... وَاللَاحِب) کشادہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَـرِيـقٌ لَـحْـبٌ ولَاحِبٌ" کشادہ راستہ۔

اللَّحِيْب: پیٹھ پر کم گوشت والی اونٹنی۔

الـمِلْـحَـبُ: بہت گالی بکنے والا بدزبان۔ کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار۔ فصیح زبان۔

الْمَلْحُوْب: مفع رَجُلٌ مَلْحُوْبٌ: لاغر مرد۔ طَرِيقٌ مَلْحُوْبٌ ومُلَحَّبٌ: واضح راستہ۔

لَحَتَ (ف) لَـحْتًا الْعَصَا: لاٹھی کو چھیلنا ......فُلانًـا بِـالْـعَـصَـا: لاٹھی سے مارنا ......الـرَّجُلَ: سب کچھ لے لینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "لَـحَـتُـوْكُـمْ كَـمَـا يُلْـحَـتُ الْقَضِيْبُ" انہوں نے تم سے مال وغیرہ لے کر تم کو ایسا ننگا کر دیا جس طرح شاخ چھیل دی جاتی ہے۔

اللَّحْت: مص۔ خالص۔

اللَّحَاتَة: اتاری ہوئی چھال۔

لَـحَجَه (ف) لَـحْجًا: مارنا......هٗ بِعَيْنِهٖ: نظر بد لگانا۔ لَحَجَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔

لَحِجَ (س) لَحَجًا السَّيْفُ ونَحْوُهٗ: تلوار کا میان میں چپٹ کر رہ جانا......بِالْمَكَانِ: لازم پکڑنا......الشَّـيْءُ: تنگ ہونا......

لَجَّ (ض س) لَجَجًا ولَجَاجًا ولَجَاجَةً: سخت جھگڑا کرنا۔ دشمنی میں مداومت کرنا ...... فِی الْاَمْرِ: لازم ہونا اور باز رہنے سے انکار کرنا ...... بِہِ الْھَمُّ ونَحْوُہٗ: لازم رہنا ...... عَلٰی فُلَانٍ فِی الْمَسْاَلَۃِ: اصرار کرنا اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرنا۔

لَجَّجَ والْتَجَّ الْقَوْمُ: قوم کا پانی کے گہرے حصے میں داخل ہونا۔ لَجَّجَتِ السَّفِیْنَۃُ: کشتی کا پانی کے گہرے میں چلنا۔ اَلَجَّتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

لَاجَّ خَصْمَہٗ: جھگڑے میں مداومت کرنا۔

تَلَجَّجَ واِسْتَلَجَّ مَتَاعَ فُلَانٍ: کسی کے سامان پر دعویٰ کرنا۔ اِسْتَلَجَّ بِیَمِیْنِہٖ: اصرار کرنا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ صادق ہے کفارہ ادا نہ کرنا۔

اِلْتَجَّ الْبَحْرُ: سمندر کا متلاطم ہونا ...... الْاَرْضُ بِالسَّرَابِ: موج جیسا ہونا ...... الْاَمْرُ او الْمَوْجُ: معاملہ کا یا موج کا بڑا ہونا ...... الظَّلَامُ: اندھیرے کا گھٹا ٹوپ ہونا۔

اِلْتَجَّتِ الْاَرْضُ: زیادہ اور لمبی نباتات والی ہونا ...... الصَّوَاتُ: آوازوں کا مخلوط ہونا۔

اللُّجُّ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار۔ پہاڑ میں سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَدْھَمُ لُجٌّ" بہت سیاہ گھوڑا۔

اللُّجَّۃُ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ چاندی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُجَّۃٌ وَاسِعَۃٌ" فلاں کشادگی میں سمندر کے مشابہ ہے۔ ج لُجٌّ ولُجَجٌ ولِجَاجٌ واللُّجَّۃُ: آئینہ۔

اللُّجِّیُّ: لُجّ کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ لُجِّیٌّ" یعنی بحر بے پایاں۔ اتھاہ سمندر۔

اللَّجَّۃُ: لَجّ کا اسم مرۃ۔ شور۔

اللَّاجُّ واللَّجُوْجُ واللَّجُوْجَۃُ واللَّجَجَۃُ والْمِلْجَاجُ: سخت جھگڑالو۔

الْمُلْتَجَّۃُ: بہت سیاہ آنکھ۔ بہت سبزہ زار زمین۔

لَجَاَ (ف) لَجْاً ولُجُوْءًا ولَجِیَ (س) لَجْاً والْتَجَاَ اِلَی الْحِصْنِ وَغَیْرِہٖ: قلعہ وغیرہ کی پناہ لینا۔

لَجَّاَ تَلْجِئَۃً فُلَانٌ مَالَہٗ: بعض ورثاء کے لئے خاص کر دینا ...... واَلْجَاَ فُلَانًا: مضطر کرنا۔ مجبور کرنا۔ اَلْجَاَہٗ: بچانا۔ اَلْجَاَ اَمْرَہٗ اِلَی اللّٰہِ: سپرد کرنا۔

تَلَجَّاَ اِلَیْہِ: سہارا لینا ...... مِنَ الْقَوْمِ: قوم سے علیحدہ ہونا اور دوسروں کا سہارا لینا۔

اللَّجَاُ: مص۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔ ج اَلْجَاءٌ: وارث۔ بیوی۔ کچھوے کی ایک قسم جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے واحد اس کا لَجَاۃٌ ہے۔

التَّلْجِئَۃُ: مص ...... عِنْدَ الْفُقَھَاءِ: کسی ایسے فعل کے کرنے پر مجبور کرنا جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو۔

اَللُّجَاءَۃُ: ایک پہاڑی پودا جس کے پھول بطور سبزی استعمال ہوتے ہیں۔

الْمَلْجَاُ: جائے پناہ۔ قلعہ۔ پناہ لینا۔ ج مَلَاجِیُٔ۔

لَجِبَ (س) لَجَبًا الْبَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا ...... الْقَوْمُ: شور مچانا۔

لَجُبَتْ (س) لُجُوْبَۃً ولَجُبَتِ الشَّاۃُ: کم دودھ والی ہونا۔ زیادہ دودھ والی ہونا۔

لَجَّبَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اللَّجَبُ: مص۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ بہادروں کا شور۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ ذُوْلَجَبٍ" شور مچانے والا سمندر۔

اللَّجِبُ: شور مچانے والا۔ سخت شور مچانے والا۔ کہا جاتا ہے "جَیْشٌ لَجِبٌ" شور مچانے والی فوج۔

اللَّجْبَۃُ واللِّجْبَۃُ واللُّجْبَۃُ واللَّجَبَۃُ واللَّجِبَۃُ واللِّجِبَۃُ: کم دودھ والی بکری۔ زیادہ دودھ والی بکری۔ ج لِجَابٌ ولَجَبَاتٌ۔

الْمِلْجَابُ: تیر کہ جس میں پر لگا دیئے گئے ہوں اور پیکان نہ ہو۔

لَجَذَ (ن) ولَجِذَ (س) لَجْذًا ولَجَذًا الْکَلْبُ الْاِنَاءَ: کتے کا برتن کو اندر سے چاٹنا ...... لَجَذًا الرَّجُلُ: کھانا۔ ایک دفعہ دیئے جانے کے بعد زیادہ سوال کرنا ...... الْحِمَارُ: گدھے کا پہلی مرتبہ چرنا ...... الْمَاشِیَۃُ الْکَلَاَ: جانور کا گھاس کو دانتوں کے اطراف سے کھانا ...... مِنَ الشَّیْءِ: تھوڑا سا لینا ...... فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ تم کہتے ہو "لَجَذَنِیْ عَلٰی کَذَا" اس نے مجھ کو فلاں کام پر برانگیختہ کیا۔

لَجَفَہٗ (ن) لَجْفًا: سخت مارنا۔

لَجِفَتْ (س) لَجَفًا الْبِئْرُ: کنواں وسیع و کشادہ ہونا۔ صفت لَجْفَاءُ۔

لَجَّفَ الْبِئْرَ: کنوئیں کو وسیع کرنا ...... الشَّیْءَ: جوانب سے کشادہ کرنا۔

تَلَجَّفَ الْبِئْرَ: جوانب سے کھودنا۔ تَلَجَّفَتْ والْتَجَفَتِ الْبِئْرُ: جوانب سے کھدا ہوا ہونا۔ کنوئیں کا گرنا۔ منہدم ہونا۔ تَلَجَّفَ الْوَحْشُ الْکِنَاسَ: وحشی جانور کا ہرن کی جھاڑی کے اردگرد کھودنا۔

اللَّجَفُ: مص۔ کنوئیں کے جوانب میں کھدائی۔ کنوئیں کی تہ کا وہ حصہ جس کو پانی گرا دے۔ سیلاب کے بند ہونے کی جگہ۔ وسط وادی۔ ج اَلْجَافٌ۔

اللِّجَافُ: پہاڑ میں غار کے اوپر بڑھا ہوا حصہ۔ دروازے کی چوکھٹ۔ ج اَلْجِفَۃٌ ولُجُفٌ۔

اللَّجِیْفَۃُ: دروازے کے پہلو۔

بِئْرٌ مُلْتَجِفَۃٌ: منہدم کنواں۔

لَجْلَجَ لَجْلَجَۃً وتَلَجْلَجَ: ہکلانا ...... فِیْ صَدْرِہٖ شَیْءٌ: کھٹکنا۔ لَجْلَجَ اللُّقْمَۃَ فِیْ فِیْہِ: بغیر چبانے کے منہ میں پھرانا۔ تَلَجْلَجَ بِالشَّیْءِ: سبقت کرنا اور کہا جاتا ہے "تَلَجْلَجَ دَارَہٗ مِنْہُ" یعنی اس نے اس کے گھر کو لے لیا۔

اللَّجْلَاجُ: توتلا۔ ہکلا۔

لَجَمَ (ن) لَجْمًا الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اللَّتْلَتَة: جھوٹی قسم۔

اَللَّتْلَة: بے فائدہ کلام۔ کم قیمت کاموں میں مشغول ہونا۔ اس کا باپ: لَتْلَتَ فَهُوَ لَتْلاَتٌ وَهِيَ لَتْلاَتَة.

لَتَمَهُ (ن ض) لَتْمًا: مارنا۔ نتھنے پر نیزہ مارنا۔ لَتَم السَّهْم: تیر پھینکنا۔۔۔۔۔ هُ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔۔۔۔۔ فُلاَنٌ بِشَفْرَتِهٖ فِيْ لَبَّةِ بَعِيْرِهٖ: اُونٹ کے لبھے پر چھری چلانا۔ لَتَمَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَ الْمَاشِيْ: پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔

اللَّتَم: زخم۔

اَللاَّتِيْنِي ج لاَتِيْنُوْن وَلاَتِيْن: مؤنث لاَتِيْنِيَّةٌ لاَتِيْنُوم: کی طرف نسبت یہ اٹلی کا مقام مشہور ہے۔ کہا جاتا ہے شعب لاتینی ولغة لاتينة.

اللَّتِن: میٹھا۔

اللُّتَّة: سی۔

اَلَّتِيْ وَالَّتِ وَاللَّتْ. اَلَّذِيْ: کا مؤنث ج اللاَّتِيْ واللاَتِ واللَّوَاتِيْ واللَّوَاتِ واللَّوَا واللاَّئِـي واللاَّءِ واللاَّءَات اور تثنیہ کے لئے اللَّتَان واللَّتَانّ: تشدید نون کے ساتھ۔ واللَّتَا: بغیر نون کے حالتِ رفعی میں واللَّتَيْ: حالتِ نصبی وجری میں۔

اللَّتَيَّا واللُّتَيَّا. اَلَّتِيْ: کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں اللَّتَيَّان واللُّتَيَّان اور جمع کے لئے اللَّتَيَّات واللُّتَيَّات: کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِيْ اللَّتَيَّا وَالَّتِيْ" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وَبَعْدَ اللَّتَيَّا وَالَّتِيْ صَارَ كَذَا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا۔

لَثَّ (ن) لَثًّا وَاَلَثَّ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔۔۔۔۔ اَلْمَطَرُ: چند روز تک برسنا۔۔۔۔۔ عَلَيْهِ: اصرار کرنا ولَثَّ الشَّجَرُ: درخت کو تری پہنچنا۔

اللَّثّ: مص۔ تری۔

لَثَأَ (ف) لَثْأً الْكَلْبُ: کتے کا منہ ڈالنا۔

اللَّثَأ: وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے

لَثَدَ (ض) لَثْدًا. اَلْمَتَاعَ: سامان تہ بہ تہ رکھنا۔

اللِّثَدَة: جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے۔

لَثَطَ (ض) لَثْطًا فُلاَنًا: آہستہ آہستہ مارنا۔ ہ: آہستہ سے پھینکنا۔ آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

اللُّثَعَة: دانت کی جڑوں سے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ۔

اَلْثَغ: ہکلا۔ مؤنث لَثْغَاء ج لُثْغ.

لَثِغَ (س) لَثَغًا وَلَثَالَغ: ہکلا پن ہونا۔ صفت اَلْثَغ مؤنث لَثْغَاء ج لُثْغ.

اللُّثْغَة: سین کی جگہ میں ثاء۔ راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا۔ ہکلا پن۔

اللَّثْغَة: منہ۔

لَثِقَ (س) لَثَقًا الْيَوْمُ: بند ہوا والا۔ اور نمناک ہونا۔۔۔۔۔ اَلْمُسَافِرُ: کیچڑ میں پڑنا۔۔۔۔۔ ثِيَابُه: کپڑوں کا تر ہونا۔۔۔۔۔ الطَّائِرُ: پروں کا تر ہونا۔ صفت لَثِق.

لَثَّقَ الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ فاسد کرنا۔ تباہ کرنا۔

اَلْثَقَ الشَّيْءَ: تر کرنا۔

اِلْتَثَقَ وتَلَثَّقَ: تر ہونا۔

اللَّثَقُ: تری۔ کیچڑ۔ گارا۔ کہا جاتا ہے "مَشَيْنَا فِيْ لَثَقٍ" ہم کیچڑ میں چلے۔

اللَّثِق: چپکنے والی مٹی "يَوْمٌ لَثِق" بند ہوا اور نمناک دن۔

لَثْلَثَ الْمَطَرُ: بارش کا چند دن تک برسنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔۔۔۔۔ عَلٰى فُلاَن: اصرار کرنا۔۔۔۔۔ هُ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔۔۔۔۔ هُ فِي التُّرَاب: لوٹ لگوانا۔ لَثْلَثَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو تھکانا۔۔۔۔۔ كَلاَمَهٗ: صاف نہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَثْلِثُوْا بِنَا" ہمیں تھوڑا سا آرام لینے دو۔۔۔۔۔ وتَلَثْلَثَ فِي الْاَمْرِ: تردد کرنا۔ دیر کرنا۔۔۔۔۔ بِالْمَكَان: اقامت کرنا۔ تَلَثْلَثَ فِي التُّرَاب: مٹی میں لوٹ لگانا۔۔۔۔۔ الْغَيْمُ وَالسَّحَابُ: بادلوں کا آنا

اللَّثْلَث واللُّثَالِث واللُّثَالَة واللَّثْلِث: ہر معاملے میں دیر کرنے والا جب کبھی تمہیں گمان ہو کہ تمہاری حاجت پوری کرے گا تو کاہلی کر جائے۔

لَثَمَ (ض) وَلَثِمَ (س) لَثْمًا الْفَمَ اَوِ الْوَجْهَ: بوسہ لینا۔

لَثَمَ (ض) لَثْمًا اَنْفَه: ناک پر مکا مارنا۔۔۔۔۔ اَلْحِجَارَةُ خُفَّ الْبَعِيْر: ٹھوکر لگنا اور خون آلود کر دینا۔۔۔۔۔ الْبَعِيْرُ الْحِجَارَةَ بِخُفِّهٖ: ٹھوکر سے توڑ دینا۔

لَثَمَ وَلَثِمَ وَلَثَّمَ وَتَلَثَّمَ وَالْتَثَمَ الرَّجُلُ: ڈھاٹا باندھنا۔

لاَثَمَهٗ: بوسہ لینا۔

تَلاَثَمَا: ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔

اللَّثْم: مص۔ ناک اور اس کا ماحول۔

اللاَّثِم: فا۔ ج لُثَّم.

اللِّثْمَة: بوسہ لینے کی ہیئت۔

اللَّثْمَة. لَثَم: کا اسم مرۃ۔ بوسہ۔

اللِّثَام: ڈھاٹا۔ کپڑا جو ناک اور اس کے ارد گرد لپیٹا جائے۔ نقاب۔ ج لُثُم.

لَثِيَ يَلْثَى لَثًى: تھوڑا پانی پینا۔ اَلْقِدْرَ: ہانڈی کو خوب چاٹنا۔۔۔۔۔ وَاَلْثٰى شَجَرُ السَّمُرِ: نمناک ہونا اور گوند بہنا۔ لَثِيَتِ الْيَمِيْنُ طِيْبًا وَنَحْوِهٖ: ہاتھ کا لت پت ہونا۔ دودھ کی چکناہٹ سے چکنا ہونا۔ لَثِيَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پسینہ سے تر ہونا اور میلا ہونا۔

اَلْثَتِ الشَّجَرَةُ مَاحَوْلَهَا: نمناک کرنا۔

تَلَثّٰى وَالْتَثٰى: گوند نکالنا۔ تَلَثَّى الشَّجَرُ: گوند بہنا۔

اللَّثٰى: مص۔ گوند۔ دودھ کی چکناہٹ۔ تری۔ لَثَى الثَّوْب: کپڑے کا میل۔

اللِّثَة: مسوڑھا۔ ج لِثًى ولِثَات ولُثِيّ.

اللَّثِي: نمناک۔ ثوب لَثٍ: پسینہ سے ترا ور میلا۔

اللَّثِيُّ: گوند کھانے کا حریص۔

اللَّثَاة: حلق کا کوا۔ ایک درخت کا نام۔

الْحُرُوف اللَّثَوِيَّة: ثاء۔ ذال۔ ظا۔

اُزنا۔ [illegible] تَلْبِنَہ)

لَبَّنَ: اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے لئے مجلس بنانا...... الشَّیْءَ: چوکور بنانا۔

تَلَبَّنَ الرَّجُلُ: دیر کرنا۔

اِلْتَبَنَ: اپنا دودھ چوسنا۔

اِسْتَلْبَنَ: دودھ طلب کرنا۔

اللَّبَنُ: مص۔ دودھ ج اَلْبَان: تھوڑے سے کو لُبَیْنَۃ کہتے ہیں۔ لَبَنُ الشَّجَرَۃِ: درخت کا دودھ۔

اللَّبِنُ واللِّبِنُ واللِّبْنُ: کچی اینٹیں۔ واحد لَبِنَۃ.

اللَّبِنُ واللَّبُوْنُ: دودھ کا خواہش مند۔ دودھ پینے والا۔ لَبِنُ القَمِیْصِ: کرتے کی کلی۔

مَجْلِسٌ لَبِنٌ: فیصلے کی مجلس۔ اللَّبِنَۃُ واللَّبِنَۃُ: دودھ والی۔

اللَّبَانُ: سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کے لئے ہوتا ہے۔

اللِّبَانُ: دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَخُوْہُ بِلِبَانِ اُمِّہٖ اور بِلَبَنِ اُمِّہٖ: نہیں کہا جاتا ہے۔

اللُّبَانُ: صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام آتا ہے۔

اللُّبَانَۃُ: حاجت۔ ضرورت۔ ج لُبَانَات ولُبَان.

لُبْنَان: ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔

اللَّابِنُ: فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا' دودھ پلانے اولا۔ مؤنث لَابِنَۃ ج لَابِنَات لَوَابِن. اللَّوَابِن: تھن۔

اللَّبُوْنُ واللَّبُوْنَۃ: دودھ والی۔ ج لِبَان ولُبُن ولُبْن ولَبَائِن: کہا جاتا ہے "کَمْ لُبْنُ غَنَمِکَ" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔

اللَّبِیْنُ: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لَبِیْنَۃ: کرتے کی کلی۔

اللُّبْنٰی: ایک درخت ہے جس سے شہد کی [illegible] دودھ نکلتا ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے عَسَلُ اللُّبْنٰی لُبْنٰی: درخت کا دودھ۔

المِلْبَنُ والمُلَبِّنُ: اینٹیں بنانے والا۔

المَلْبَنُ والمَلْبَنَۃُ: بھوری دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔

المِلْبَنُ: دودھ صاف کرنے کا چھننا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔

المَلْبُوْنُ: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔

المِلْبَنَۃُ: چمچہ۔

عُشْبٌ مَلْبَنَۃٌ: زیادہ دودھ والی گھاس۔

اللَّبُؤَۃ واللَّبُوَۃ: شیرنی' اس کو لَبْؤَۃ اور لَبَاءَۃ اور لَبَاۃ بھی کہا جاتا ہے (لَبَأَ کے مادہ میں ذکر ہو چکا ہے)

لَبِیَ یَلْبَی لَبًا مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا۔

لَبّٰی تَلْبِیَۃً الرَّجُلَ: جواب دینا۔ لَبَّیْکَ: کہنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمُ المُلَبِّیَۃ" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔

لَتَّ (ن) لَتًّا. الشَّیْءَ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیٹنا۔ باندھنا...... السَّوِیْقَ: ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا...... السَّمَاءُ الثِّیَابَ وغَیْرَھَا: تر کرنا۔ صفت لَاتٌّ.

لَتَّ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چمٹنا۔

اَلَتَّ الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔

اللَّاتُ واللَّاتُّ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اللَّتُّ: مص۔ کلہاڑی۔ بڑا کلہاڑا۔

اللُّتَات: درخت کی چھال جو باریک کی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْقٰی مِنِّی الْمَرَضُ اِلَّا لُتَاتًا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَتَأَ (ف) لَتْأً. فُلَانًا فِی صَدْرِہٖ: دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَتَأَتْ بِہٖ اُمُّہٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا...... بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔ لَتَأَ اِلَیْہِ بِعَیْنِہٖ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا...... الشَّیْءَ: کم کرنا...... الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔ لَتَأً: گوز کرنا۔

اللَّتِیْءُ: ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔

لَتَبَ (ن) لَتْبًا ولُتُوْبًا بِہٖ: چپکنا...... فِیْہِ: ثابت رہنا...... فِی مَنْحَرِ النَّاقَۃِ: بھالا مارنا (...... ولَتَّبَ) السَّرْجَ عَلَی الفَرَسِ: زین کسنا اور کہا جاتا ہے "لَتَبَ عَلَیْہِ ثَوْبَہٗ" جب کہ کپڑا اپنے اور اتارنا نہ چاہے۔

اَلْتَبَ عَلَیْہِ الاَمْرَ: واجب کرنا۔

تَلَاتَبَ القَوْمُ: قوم کا باہم ملنا...... بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اِلْتَتَبَ. الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔

اللَّاتِبُ: چپکنے والا۔ ثابت رہنے والا۔

المِلْتَبُ: ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ گوشہ نشین۔

المَلَاتِبُ: پرانے کپڑے۔

لَتَحَہٗ (ف) لَتْحًا: کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا...... ہٗ بِبَصَرِہٖ: نگاہ ڈالنا...... فُلَانًا: سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا...... الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔ لَتَحَہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے مارنا۔

لَتِحَ (س) لَتْحًا: بھوکا ہونا۔ صفت لَتْحَان: مؤنث لَتْحٰی.

رَجُلٌ لَتِحٌ ولَاتِحٌ ولُتَّاحٌ ولُتَحَۃٌ: چالاک عقل مند ج لُتَّاج کہا جاتا ہے "ھُوَ اَلْتَحُ شِعْرًا مِنْہُ" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔

لَتَخَہٗ (ف) لَتْخًا: آلودہ کرنا...... الشَّیْءَ: پھاڑنا۔

تَلَتَّخَ بِالشَّیْءِ: آلودہ ہونا۔

لَتَدَ (ض ن) لَتْدًا فُلَانًا بِیَدِہٖ: مکا مارنا۔

لَتَزَہٗ (ض ن) لَتْزًا: مکا مار کر دفع کرنا۔

لَتَغَ (ف) لَتْغًا فُلَانًا: ڈسنا...... ہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے مارنا۔

لگانا۔ برا لقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔

لَبَسَ (ض) لَبْسًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ گڑبڑ کر دینا۔

لَبَسَهٗ (ن) لَبْسًا: شبہ میں ڈال دینا۔ تم کہتے ہو "لَبَسَنِی" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اپنے معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔

لَبِسَ (س) لُبْسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔ فُلَانًا: مدت تک کسی کی معاشرت ومصاحبت سے فائدہ اٹھانا...... فُلَانًا عَلٰی مَا فِيْهِ: برداشت کرنا۔ قبول کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَبِسْتُ عَلٰی ذٰلِكَ اُذُنِی" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا اور میں نے گفتگو نہیں کی "وَلَبِسْتُ لِفُلَانٍ اُذُنِی" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔

لَبَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: خلط ملط کرنا...... الشَّيْءَ: عیب چھپانا۔

اَلْبَسَهٗ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا...... هُ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔

لَابَسَهٗ: ملانا۔ اندرونی حالت معلوم کرنا

لَابَسَ الْاَمْرَ: ہمیشہ کرنا۔

تَلَبَّسَ بِالْاَمْرِ وَبِالثَّوْبِ: کام میں لگنا۔ کپڑا پہننا...... الطَّعَامُ بِالْيَدِ: چپکنا۔ تَلَبَّسَ بِیَ الْاَمْرُ: تعلق ہونا...... عَلَی الْاَمْرِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَبَّسَ حُبُّهٗ بِلَحْمِیْ" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہو گئی "وَتَلَبَّسَ لِبَاسًا حَسَنًا" عمدہ لباس پہننا۔

اِلْتَبَسَ عَلَيَّ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ وَالْتَبَسَ بِعَمَلِ كَذَا: ملانا۔ اِلْتَبَسَتْ بِهِ الْحَبَلُ: لاحق ہونا۔

اللَّبْسُ وَاللُّبْسُ وَاللُّبْسَةُ وَالْاِلْتِبَاسُ وَاللَّبُوْسَةُ وَاللُّبُوْسَةُ: شبہ۔ دشواری۔ عدم وضاحت۔ اللَّبْسُ وَاللُّبْسُ: تاریکی کا ملنا۔

اللُّبْسُ: ایک قسم کا کپڑا۔

اللِّبْسُ: لباس۔ ج لُبُوْس۔ لِبْسُ الْهَوْدَجِ وَنَحْوِهٖ: ہودہ کا کپڑا۔ کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبْس: کا اطلاق ہوتا ہے۔

اللِّبَاسُ: جو کپڑا پہنا جائے ج لُبُس وَاَلْبِسَة: شوہر و بیوی۔ خلط ہونا۔ اختلاط۔ لِبَاسُ الزَّهْرِ: کلی کا غلاف۔ لِبَاسُ التَّقْوٰی: حیا۔ ستر عورت وغیرہ۔

اللِّبْسَةُ: ایک قسم کا کپڑا۔ لِبْس کا اسم نوع۔

اللَّبُوْسُ: لباس۔ زرہ۔ بہت پہننے والا۔

اللَّبِيْسُ: کپڑا۔ بمعنی لَبِيْس: بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل ونظیر۔

التَّلْبِيْسُ: مص۔ کتمان حقیقت۔ اخفاء حقیقت۔

اللَّبَّاسُ: بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔

الْمَلْبَسُ وَالْمِلْبَسُ: لباس۔ ج مَلَابِس

الْمِلْبَسُ: رات۔

الْمُلَبَّسُ: مع...... عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْنَ: بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔

لَبَشَ: سفر پر جانے کے لئے بے ترتیب سامان جمع کرنا۔

لَبَطَ (ض ن) لَبْطًا بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ لُبِطَ بِهٖ: گر جانا۔ کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آ جانے کی وجہ سے گر پڑنا۔ زکام والا ہونا۔

لَبَطَ (ض) لَبْطًا وَتَلْبَاطًا وَالْتَبَطَ الْبَعِيْرُ اَوِ الْجَمَلُ: اونٹ یا گھوڑا کا زمین پر لات مارنا، دوڑنے میں لات پٹکنا۔ اِلْتَبَطَ وَتَلَبَّطَ الرَّجُلُ: زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔ متحیر ہونا...... فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔ حیلہ کرنا۔

اللَّبْطَةُ: لَبَطَ کا اسم مرۃ۔ زکام۔

اللَّبَطَةُ۔ اللِّبَاطُ: کا اسم۔ لنگڑے کی دوڑ۔

الْاَلْبَاطُ: کمانیں۔ واحد لَبْط۔

الْمَلْبُوْطُ: مع۔ رَجُلٌ مَلْبُوْطٌ بِهٖ: اپنے کام میں متحیر مرد۔

لَبَعَ: لالچ کے ساتھ کھانا۔

لَبَقَ (ن) لَبْقًا وَلَبَّقَ الشَّيْءَ: نرم کرنا۔

لَبِقَ (س) لَبَقًا وَلَبُقَ (ک) لَبَاقَةً: حاذق ہونا۔ ذہین ہونا۔ نرم اخلاق والا ہونا۔ لَبِقَ الثَّوْبُ وَنَحْوُهٗ بِفُلَانٍ: پھبنا۔

اللَّبِقُ وَاللَّبِيْقُ: نرم اخلاق والا۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ ذکی۔ ذہین۔ مؤنث لَبِقَةٌ وَلَبِيْقَةٌ۔

لَبَكَ (ن) لَبْكًا وَلَبَّكَ الْاَمْرَ اَوِ الشَّيْءَ: ملانا...... الثَّرِيْدَ: کھانے کے لئے جمع کرنا...... الْقَوْمُ بَيْنَ الشَّاءِ: بکریوں کو ملا دینا۔

لَبِكَ (س) لَبْكًا وَالْتَبَكَ وَتَلَبَّكَ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

اَلْبَكَ: فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔

اللَّبْكُ وَاللَّبْكَةُ: مخلوط چیز۔ اَمْرٌ لَبِكٌ وَلَبِيْكٌ: گڑبڑ معاملہ۔ مشتبہ معاملہ۔

اللَّبْكَةُ: ثرید کا ایک لقمہ۔ ثرید کا ایک حصہ۔

اللُّبَاكَةُ وَاللَّبِيْكَةُ: جماعت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِیْ لَبْكَةٍ وَلَبِيْكَةٍ" یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔

لَبْلَبَتِ الْمَرْاَةُ بِوَلَدِهَا: عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔ مہربان ہونا...... الشَّاةُ بِوَلَدِهَا بَعْدَ الْوَضْعِ: بکری کا بچہ جننے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا۔

لَبْلَبَ الْقَوْمُ: قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔

اللَّبْلَبُ وَاللُّبْلُبُ: اپنے لوگوں سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔

لَبَالِبُ الْغَنَمِ: بکریوں کا شور اور ان کی آواز۔

اللَّبْلَابُ: عشق پیچہ (ایک پھول دار بیل جو جھاڑوں پر پھیلتی ہے اس کا پھل لوبیا کے بیج کے مشابہ ہوتا ہے)۔

لَبَنَ (ن ض) لَبْنًا الرَّجُلَ: دودھ پلانا۔ فُلَانًا بِالْعَصَا: سخت لاٹھی مارنا (لَبَنَ ض)

لَبَنَ الرَّجُلُ: بہت کھانا۔

لَبِنَ (س) لَبَنًا الرَّجُلُ: تکیہ کی وجہ سے درد گردن والا ہونا...... الشَّاةُ: بکری کا دودھ والی ہونا۔

اَلْبَنَ الْقَوْمُ: بہت دودھ والا ہونا۔ صفت لَابِنُوْنَ وَمُلْبِنُوْنَ...... النَّاقَةُ: تھن میں دودھ

اِلْبَأَ. [illegible] پیوسی دوہنا۔ اللِبَأ: پیوسی پینا...... وَاسْتَلْبَأَ لِلجَدْیِ الشَّاۃَ: بچہ کو پیوسی دینا۔

اللِبَأ: پیوسی۔ کھیس۔

اللَّبْأَۃ واللَّبَاءۃ واللَّبُوءۃ واللَّبُوَۃ واللَّبْوَۃ واللِّبْوَۃ واللَّبَۃُ واللَّبَاۃ واللَّبُ: شیرنی۔ ج لَبَآت ولُبًا ولَبُوء ولَبُوات.

لَبَتَ (ن) لَبْتًا یَدَہٗ: ہاتھ اینٹھنا۔ مروڑنا ...... فُلانًا: کسی کے سینہ پیٹ کمر پر لاٹھی سے مارنا۔

لَبِثَ (س) لَبْثًا ولُبْثًا ولَبَثًا ولَبَاثًا ولُبَاثًا ولَبَاثَۃً ولَبَثَانًا ولَبِیْثَۃً. بِالْمَکَان: ٹھہرنا۔ اقامت کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا لَبِثَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی۔

لَبَّثَ واَلْبَثَ فُلانًا فِی الْمَکَانِ: ٹھہرانا۔ مقیم کرانا۔

تَلَبَّثَ بِالْمَکَانِ: ٹھہرنا۔

اِسْتَلْبَثَہٗ: سُست پانا۔ سُست سمجھنا۔

اللَّابِثُ واللَّبِثُ بِالْمَکَانِ: اقامت گزیں۔ ٹھہرنے والا۔

اللُّبْثَۃ: تھوڑی دیر۔

اللَّبِیْثَۃ: مص۔ مختلف قبائل کی جماعت۔ ج لَبَائِث.

لَبَجَ (ن) لَبْجًا بِہِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا اور پچھاڑ دینا اور کہا جاتا ہے "لُبِجَ بِالرَّجُلِ او البَعِیر" یعنی مرض یا تھکن کی وجہ سے گر پڑنا۔ صفت لَبِیْج ...... ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اللُّبْجَۃ واللَّبَجَۃ: شاخ دار لوہا جس سے بھیڑیے کو شکار کیا جاتا ہے۔ ج لُبَج ولُبَج.

اللَّبَاج: بے وقوف۔ کمزور عقل والا۔

لَبِخَ (س) لَبْخًا ولَبَخَ والْتَبَخَ الرَّجُلُ: بڈھا ہونا۔

اللَّبْخ: بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بہادری۔

لَبَخَ (ف) لَبْخًا فُلانًا: مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا ...... الرَّجُلَ: پکڑنے کے لئے حیلہ کرنا ...... الشَّیْءُ: لیٹنا(...... لُبُوْخًا) جَسَدُہٗ: بہت گوشت والا ہونا۔ صفت لَبِیْخ.

لَابَخَہٗ لِبَاخًا ومُلَابَخَۃً: باہم طمانچہ مارنا۔ باہم مار پیٹ کرنا۔

تَلَبَّخَ: مشک لگانا۔

اللَّبَخ: ایک درخت ہے جس کے پتے اخروٹ کے پھل کے مانند ہوتے ہیں۔ واحد لَبَخَۃ.

اللَّبِیْخ: زیادہ گوشت والا۔

اللَّبِیْخَۃ: مشک کا نافہ۔

لَبَدَ (ن) لُبُوْدًا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ القَوْمُ بِالرَّجُلِ: لازم ہونا ...... بِالشَّیْءِ: چمٹنا ...... الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: گتھ جانا ...... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

لَبِدَ (س) لَبَدًا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

لَبَدَ (ض) لَبْدًا الصُّوْفَ: اون دھنک کر پانی میں تر کر کے نمدہ بنانا ...... لَبَّدَ الصُّوْفَ: بمعنی لَبَدَہٗ ...... الکِسَاءَ: پیوند لگانا ...... الشَّیْءَ: نمدہ جیسا بنانا ...... المَطَرُ الْاَرْضَ: تر کرنا ...... شَعْرَہٗ: لیس دار چیز یا گوند سے چپکانا۔

اَلْبَدَ بِالْاَرْضِ: چمٹ جانا ...... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ...... السَّرْجَ: زین کے لئے نمدہ بنانا ...... الفَرَسَ: گھوڑے پر نمدہ باندھنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چپکانا ...... الرَّجُلُ رَاْسَہٗ: دروازہ میں داخل ہونے کے وقت سر جھکانا ...... الخَرْقَ: پیوند لگانا ...... بَصَرُ الْمُصَلِّی: سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا۔

تَلَبَّدَ الصُّوْفُ ونَحْوُہٗ: نمدہ بننا ...... الطَّائِرُ بِالْاَرْضِ: پرندہ کا زمین پر بیٹھنا۔ الرَّجُلُ: دیکھ کر معلوم کرنا۔ تَلَبَّدَتِ الْاَرْضُ بِالْمَطَرِ: بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا۔

اِلْتَبَدَ الوَرَقُ ونَحْوُہٗ: آپس میں چمٹنا۔ ...... الشَّجَرَۃُ: بہت پتوں والا ہونا۔

اللَّبَد: مص۔ نمدہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

اللَّبَد: تہ بتہ شدہ بال۔

اللَّبِد واللُّبَد: جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے۔ اَبُو لُبَدٍ: شیر۔

اللِّبْد: بال یا اون تہ بتہ شدہ۔ اون کا بچھونا۔ نمدہ ج لُبُوْد واَلْبَاد: کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَا یَجِفُّ لِبْدُہٗ" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔

اللُّبَّادَۃ: اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا۔

اللِّبْدَۃ: تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے۔ ران کا اندرونی حصہ۔ ٹڈی۔

اللُّبْدَۃ: تہ بتہ جما ہوا بال یا اُون۔

اللِّبْدَۃ واللُّبْدَۃ: شیر کے ایال۔ ج لِبَد ولُبَد ومَلْبَاد ولُبُوْد.

اللَّابِد: فا۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لَابِدٌ" یعنی بہت مال۔

اللَّبَّاد: نمدے بنانے والا۔

اللَّبُوْد: چیچڑی۔

اللَّبِیْد: توبرہ۔ چھوٹا بورا(...... واللُّبَادَی واللُّبَّادَی واللُّبَّدَی) ایک قسم کا پرندہ۔ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی سے چمٹا رہتا ہے۔ اللُّبَّدَی: جمع شدہ لوگ۔

المُلْبِد: فا۔ زمین پر پٹک دینے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُلْبِدٌ" ای فَقِیْرٌ مُدْقِعٌ یعنی بہت زیادہ فقیر ہے۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا۔

المَلْبُوْد والمُلْبَد والمُلَبَّد: پیوند لگا ہوا تَیْسٌ مَلْبُوْدٌ: ٹھوس گوشت والا بکرا۔

لَبَزَہٗ (ض) لَبْزًا: بہت سخت مارنا۔ لَبَزَ الشَّیْءَ: بہت تیز کھانا۔ توڑنا ...... فُلانًا: عیب

اللامَۃ: زرہ۔ ج لامٌ ولُؤَم.

اللُّؤْمَۃ: اوزار کاشت کاری۔ ہر نفیس چیز جس پر بخل کیا جائے۔ دوسروں کے فعل کی نقل کرنے والا۔

اللَئِیم: کمینہ۔ بخیل۔ دَنِیُّ الاصل: بہت زیادہ حریص۔ ذلیل۔ ج لِئَام ولُؤَمَاء.

اَللَّئِیْمُ: شہر۔

المَلأَم والمِلأَم والمِلاَم: کمینوں کی عذر خواہی کرنے والا۔ ندا کے موقع پر یَا مَلأَم بمعنی یا لئیم کہا جاتا ہے۔

اللامَان واللُّؤْمَان ولَمَلأَمان. دَنِیُّ الطبع: اور یہ ندا کے لئے مخصوص ہے۔

المُلأَم: زرہ پہننے والا۔ رَجُلٌ مُلأَّمٌ: کمینگی کی طرف منسوب مرد۔

المُلْئِم: کمینہ۔ کمینوں کے پاس آنے جانے والا۔

لَأَیٰ یَلْأَیٰ لأْیًا: دیر کرنا۔ رکنا۔

اَلْأَیٰ اِلْآءً: سختی میں پڑنا۔

اِلْتَأَیٰ اِلْتِئَاءً: دیر کرنا۔ تنگ گزاران والا ہونا۔ مفلس ہونا۔

اللأی واللَأَی واللأوَاء: سختی۔ رنج وتکلیف۔

اللَأَی: ڈھال۔ جنگلی بیل۔ مؤنث لأَۃ. ج آلاَء.

لَبَّ (ن) لَبًّا بالمَکَانِ: اقامت کرنا...... الدَابَّۃَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا...... اللَوْزَۃَ: بادام توڑ کر گری نکالنا...... الرَّجُلَ: سینہ پر مارنا۔

لَبِبَ (س) لَبًّا ولَبًّا ولَبَابَۃً: عقلمند ہونا۔ لَبَّ یَلُبُّ: بھی بیان کیا گیا ہے مگر یہ مضاعف میں نادر ہے۔

لَبَّ (ض س) لَبًّا ولَبَابَۃً: عقلمند ہونا۔ اور لَبُبْتَ ولَبُبْتَ تَلُبُّ: بھی آیا ہے مگر باب فَعُلَ یَفْعَلُ: سے اس کے سوا کوئی نہیں اور حقیقت میں یہ باب تداخل سے ہے۔

لَبَّبَ تَلْبِیْبًا الحَبُّ: دانہ کا گودے دار ہونا...... فُلاَنًا: گریبان پکڑ کر کھینچنا...... فِی الْاَمْرِ: تردد کرنا۔

اَلَبَّ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا...... الْاَمْرِ: لازم ہونا...... الدَّابَّۃَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا...... السَّرْجَ: زین کا تنگ بنانا...... لَہُ الشَّیْئُ: پیش آنا اور کہا جاتا ہے "دَارُ فُلاَنٍ تُلِبُّ دَارِی" فلاں کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔

تَلَبَّبَ لِلْقِتَالِ: مستعد ہونا۔ کمر کسنا...... الرَّجُلاَنِ: ہر ایک کا دوسرے کے گریبان کو پکڑ کر کھینچنا۔

اِسْتَلَبَّ. زَیْدًا: عقل کی آزمائش کرنا۔

اللَّبُّ: قریبی مہربان۔ مؤنث لَبَّۃ. ج لِبَاب رَجُلٌ لَبٌّ عَلَی الْاَمْرِ: کام سے لازم رہنے والا امر دامٌّ لَبَّۃ: مہربان ماں۔

اللُّبُّ: ہر چیز کا خالص۔ خالص عقل۔ جو وہم وغیرہ کی آزمائش سے پاک ہو یا تیز فہمی۔ اس لئے لُبّ: پر عقل کا اطلاق ہوگا مگر عقل پر لب کا اطلاق ضروری نہیں۔

اللُّبُّ: دل۔ زہر۔ ج اَلْبَاب واَلُبّ واَلْبُب (آخری جمع صرف اشعار میں آتی ہے)

اللُّبُّ مِنَ الْجَوْزِ وَاللَّوْزِ وَنَحْوِ ذٰلِکَ: بادام اخروٹ وغیرہ کی گری۔ ج لُبُوْب.

اللَبَّۃ. لَبَّ: کا اسم مرۃ۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ شوہر کے ساتھ اچھی طرح گزر بسر کرنے والی عورت۔ ج لَبَّات.

اللَّبَب: مص۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ۔ باریک ریت۔ گھوڑے وغیرہ کے سینہ پر باندھنے کا تنگ۔ ج اَلْبَاب اور کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ فِی لَبَبٍ رَخِیٍّ" فلاں آسودہ حال ہے۔

اللَّبَبُ: دل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَخِیُّ اللَّبَبِ" وہ کشادہ دل ہے۔

اللَّبَاب: تھوڑی گھاس۔ کہا جاتا ہے "لَبَابِ لَبَابِ" کوئی حرج نہیں۔

اللُّبَاب: ہر چیز کا خالص۔ برگزیدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ لُبَابُ قَوْمِہٖ وَھُمْ لُبَابُ قَوْمِھِمْ وَھِیَ لُبَابُ قَوْمِھَا" فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے "حَسَبٌ لُبَابٌ وَعَیْشٌ لُبَابٌ" خالص [illegible] ونَحْوِہ: اخروٹ وغیرہ کی گری۔

اللَّبَانَۃ: لباس جو لڑائی کے وقت کپڑوں پر پہنا جائے۔

لُبَابُ الحُقُولِ: کھیتی کے درمیان پھیلنے والا پودا جو کھیتی کو نقصان دیتا ہے۔

اللَّبِیب: عقلمند۔ ج اَلِبَّاء مؤنث لَبِیْبَۃ ج لَبِیبَات ولَبَائِب. رَجُلٌ لَبِیْبٌ: کام سے چمٹے رہنے والا۔ سستی نہ کرنے والا انسان۔

اَلُبَیْب دل کی چند رگوں کا نام جو مرکز لطف و مہربانی میں کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّکَ مِنْ بَنَاتِ اَلْبُبِیْ" میں تجھ سے تہ دل سے محبت کرتا ہوں۔ اور اَلُبّ: کی جمع اَلاَبِب: اور تصغیر لُبَیْب.

التَّلْبِیْب: مص۔ گریبان ج تَلاَبِیْب

التَّلَبُّب: بہ تکلف عقل کا اظہار۔

الاُلْبُوْب: بیر کی گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَبَّیْکَ" میں حاضر ہوں۔ میں موجود ہوں میں تمہاری طاعت پر قائم ہوں۔ تثنیہ تاکید کے لئے ہے اور نصب مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے اور اس کی اصل اِلْبَابٌ لَکَ اِلْبَابًا بَعْدَ اِلْبَابٍ ہے۔

المَلْبُوْب: جودت عقل سے متصف۔

المُتَلَبَّب: سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔

لَبِیْبَۃ: بغیر آستینوں کی قمیص۔

لَبَأَ (ف) لَبْأً الشَّاۃَ: بکری کی پیوسی دوہنا۔

لَبَأَتِ الاُمُّ وَلَدَھَا: ماں کا بچے کو پیوسی پلانا۔

لَبَأَ الزَّرْعَ: پہلی بار پانی دینا...... والقَوْمَ: پیوسی کھلانا...... اللِّبَأَ: پیوسی تیار کرنا

اَلْبَأَتِ الشَّاۃُ: پیوسی اتارنا...... الجَدْیُ: بکری کے بچہ کا خود پیوسی پی لینا۔ اَلْبَأَ القَوْمُ: بہت پیوسی والا ہونا...... الفَصِیْلَ: پیوسی پینے کے لئے تھن سے لگا دینا۔

لَبَّأَتْ تَلْبِئَۃً. الشَّاۃُ: بکری کے تھن میں پیوسی اترنا۔ صفت مُلَبِّیٌ. لَبَّأَ بِالحَجِّ [illegible] لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ: کہا (مانند لَبّٰی یُلَبِّی: ناقص یائی: کے۔ اور اصل میں ہمزہ نہیں بلکہ یا ہے)

(الف) نفی جنس کے لئے۔ اس صورت میں اس کا اسم مبنی بر فتحہ ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے "لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ" گھر میں کوئی مرد نہیں۔ "وَلَا غُلَامَ رَجُلٍ حَاضِرٌ" مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں۔

(ب) بمعنی لَیْسَ: اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کے لئے ہے جیسے "لَا رَجُلٌ قَائِمًا" مرد قائم نہیں اور لائے نفی جنس اور لا بمعنی لَیْسَ میں فرق یہ ہے کہ جب تم لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ کہو گے تو اب اس کے بعد بَلْ رَجُلَانِ اَوْ رِجَالٌ کہنا صحیح نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ اس مثال میں جنس رجال کی نفی کر دی گئی ہے۔ بخلاف لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ کے کہ وہاں بَلْ رَجُلَانِ او رِجَالٌ کہنا صحیح ہوگا اس لئے کہ لا بمعنی لَیْسَ: صرف واحد کی نفی کرتا ہے ماسوا کی نہیں۔

(ج) لا عاطفہ عطف کے لئے جیسے "جَاءَ زَیْدٌ لَا عَمْرٌو" زید آیا نہ کہ عمرو۔

(د) حرف جواب نقیض نعم جیسے کوئی پوچھے "اَقَامَ زَیْدٌ" تو تم اس کے جواب میں کہو "لَا"۔

(۲) طلب ترک فعل کے لئے اور اس کا نام لا نہی ہے اور یہ صرف مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے جیسے "لَا تَخَفْ" مت ڈر۔

(۳) زائدہ۔ اور یہ تقویت معنی کے لئے ہوتا ہے حذف کر دینے سے خلل واقع نہیں ہوتا جیسے "مَا مَنَعَکَ اَنْ لَا تَقُوْمَ" بمعنی "مَا مَنَعَکَ اَنْ تَقُوْمَ"

لَاتَ: حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے جیسے نَدِمَ الْبُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ بمعنی لَاتَ السَّاعَةُ سَاعَةَ مَنْدَمٍ یعنی باغی پشیمان ہوئے مگر وقت اب پشیمانی کا نہیں رہا۔

الْمُتْلَئِبُّ: سیدھا۔

اللَّازَوَرْدُ: لاجورد۔ ایک مشہور معدنی چیز ہے جو آرمینیا اور فارس کے پہاڑوں میں ہوتا ہے اور عمدہ وہ ہوتا ہے جو صاف شفاف نیلگوں مائل بہ سرخی یا سبزی ہو۔ زیورات میں لگایا جاتا ہے اور بہت مفید چیز ہے۔

اللَّازَوَرْدِیُّ: جو لاجورد کے رنگ کا ہو۔

لَأَطَهُ (ف) **لَأْطًا**: اصرار سے کسی کام کے لئے کہنا۔ لَأَطَ عَلَی فُلَانٍ تنگی کرنا۔ لَأَطَهُ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَأَطَ فُلَانٌ فِی مَرْوِّهٖ: بغیر اِدھر اُدھر التفات کے تیز بھاگنا ..... فُلَانًا: دیر تک دیکھتے رہنا یہاں تک کہ نظر سے غائب ہو جائے ..... ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

لَأَظَهُ (ف) **لَأْظًا**: تنگ کرنا۔ دھتکارنا۔ مقابلہ کرنا ..... فُلَانًا فِی التَّقَاضِی: تقاضا کرنے میں سختی و اصرار کرنا۔

لَأَکَ (ف) **لَأْکَ الطَّعَامَ**: اچھی طرح سے کھانا۔

اَلْاَکَهُ اِلَی فُلَانٍ: پیغامبری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلِکْنِیْ اِلَی فُلَانٍ" یعنی میرا پیغام اس کو پہنچا دو (اصل اَلْاَکَ ہے)

اِسْتَلْاَکَ لَهٗ: پیغام لے جانا۔

الْمَلْاَکُ وَالْمَلْاَکَةُ: پیغام۔ پیغامبری۔

الْمَلْاَکُ وَالْمَلَکُ: فرشتہ جو اللہ کے احکام بندوں تک پہنچاتے ہیں۔ ج مَلَائِکَةٌ وَمَلَائِکُ وَاَمْلَاکٌ اور مفرد مَلَاکٌ ورجمع مَلَئِکَةٌ: بنائی جاتی ہے۔

لَأْلَأَ لَأْلَأَةً النَّجْمُ اَوِ الْبَرْقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ لَأْلَأَتِ النَّارُ: آگ کا روشن ہونا۔ بھڑکنا۔ لَأْلَأَ الثَّوْرُ بِذَنَبِهٖ: بیل کا دم ہلانا۔ لَأْلَأَتِ النَّوَائِحُ: بین کرنے والی عورتوں کا ہاتھوں کو الٹنا پلٹنا۔ لَأْلَأَ الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔

تَلَأْلَأَ النَّجْمُ اَوِ الْبَرْقُ اَوِ النَّارُ بمعنی لَأْلَأَ۔ وَجْهُهٗ: چہرہ کا چمک اٹھنا۔

[illegible]

اللُّؤْلُئِیُّ وَاللُّؤْلُؤَانِیُّ: موتی کے رنگ کا۔

اللِّئَالَةُ: موتی فروشی کا پیشہ۔

اللَّأْلَاءُ: بہت زیادہ خوشی۔ لَأْلَاءُ السِّرَاجِ: چراغ کی روشنی (......... وَاللَّأَّالُ وَاللَّأْلَاءُ) موتی فروش۔

لَأَمَ (ف) **لَأْمًا وَلَأَّمَ تَلْئِیْمًا الرَّجُلَ**: کمینگی کی طرف نسبت کرنا ..... السَّهْمَ: پر لگانا۔ الْجُرْحَ: زخم باندھنا ..... لَأَمَ (ف) لَأْمًا وَلَأَّمَ تَلْئِیْمًا وَاَلْاَمَ اِلْآمًا) الشَّیْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا اور باندھنا۔

اَلْاَمَ الرَّجُلُ: کمینے بچوں کا باپ ہونا۔ ایسا کام کرنا جس سے لوگ کمینہ کہیں۔

لَؤُمَ (ک) **لُؤْمًا وَمَلْاَمَةً وَلَآمَةً**: دنی الاصل ہونا۔ بخیل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت لَئِیْمٌ ج لِئَامٌ وَلُؤَمَاءُ.

لَاءَمَ مُلَاءَمَةً الشَّیْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا۔ لَاءَمَهُ الشَّیْءُ: موافقت کرنا۔ لَاءَمَ بَیْنَ الْقَوْمِ: صلح کرانا۔

تَلَامَ وَتَلَاءَمَ الشَّیْءُ الْفَاسِدُ: درست ہونا۔ تَلَامَ لَأْمَتَهٗ اَیْ دِرْعَهٗ: زرہ پہننا۔

اِلْتَامَ الْفَاسِدُ: درست ہونا ..... الشَّیْءُ: ملنا اور چمٹ جانا ..... الْجُرْحُ: انگور بننا اور اچھا ہونا ..... الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا ..... الشَّیْئَانِ: متفق ہونا ..... الْفَرِیْقَانِ: مصالحت کرنا۔

اِسْتَلْاَمَ اِسْتِلْاَمًا: زرہ پہننا۔ کمینوں میں شادی کرنا ..... اَصْهَارًا: کمینوں کو داماد بنانا ..... الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ: چومنا ..... الْاَبَ: کمینہ باپ والا ہونا۔

اللَّامُ: مص۔ جمع لَأْمَة: بمعنی زرہ۔ مخفف۔ ہر سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ لَأْمٌ" سخت چیز۔ "سَهْمٌ لَأْمٌ" پر لگا ہوا تیر۔

اللِّئْمُ ج اَلْاَمٌ وَلِئَامٌ. وَاللُّؤْمَةُ: مثل۔ مانند

اللِّئْمُ: لوگوں کے درمیان اتفاق۔ تلوار شَهِدَ اللُّمَّةُ: تین سے لے کر دس تک مردوں کی جماعت۔ ج لُمَات کہا جاتا ہے "هُوَ لِتَامَتُهٗ" وہ اس کی مانند ہے۔

[illegible]: حاجت۔

اَللّامُ: بنیادی حروف میں سے تیئسواں حرف ہے۔ یہ حرف ذلقیہ سے ہے۔

للاَم: تین قسمیں ہیں:

(۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔

(۱) جارہ۔ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِـزَیْدٍ وَلِـیْ اور مستغاث بِہٖ اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یا للّٰہِ وَلَکَ وَلَنَا وَلَہٗ. یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والے کئی معنوں میں آتا ہے۔

(۱) اختصاص جیسے "اَلْجَنَّۃُ لِلْمُؤْمِنِ" جنت مومنین کے لئے خاص ہے۔

(۲) استحقاق جیسے "اَلْـعِزَّۃُ لِلّٰہِ" عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے۔

(۳) ملکیت جیسے ﴿لِلّٰـہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾ : اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان وزمین میں ہیں۔

(۴) تبلیغ جیسے "قُلْتُ لَہٗ وَفَسَّرْتُ لَہٗ" میں نے اس سے کہہ دیا میں نے اس سے بیان کردیا۔

(۵) تعدیہ جیسے "مَـا اَشَـدَّ حُـبَّ زَیْدٍ لِعَمْرٍو" زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے۔

(۶) قسم جیسے "لِلّٰـہِ لَا فْعَلَنَّ ھٰذَا" قسم اللہ کی میں اس کو ضرور کروں گا۔

(۷) صیرورت جیسے "وُلِدَ الْاِنْسَانُ لِحَیٰوۃٍ اَبَـدِیَّۃٍ" انسان ہمیشہ کی زندگی کے لئے پیدا کیا گیا ہے اور اس کو لام عاقبت اور المال بھی کہتے ہیں۔

(۸) تعلیل جیسے "وَیَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارٰی مَـطِیَّتِـی" اور اس دن کہ باکرہ چھوکریوں کے لئے میں نے اپنی اونٹنی کو ذبح کیا۔

(۹) موافقت الیٰ جیسے "بِـاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَا".

(۱۰) موافقت علیٰ جیسے "یَـخِـرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ"۔

(۱۱) موافقت فی جیسے "وَنَضَـعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَۃِ"۔

(۱۲) بمعنی عِنْدَ جیسے "کَتَبْتُہٗ لِـخَمْسٍ خَـلَوْن" پانچویں تاریخ کے گزرنے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اس کو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔

(۱۳) موافقت بعد جیسے "اَقِـمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ".

(۱۴) موافقت مَعَ جیسے "فَـلَمَّا تَفَرَّقْنَا کَاَنِّی وَمَالِکًا. لِطُوْلِ اِجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ مَعًا.

(۱۵) موافقت مِنْ جیسے "سَـمِـعْـتُ لَـہٗ صُرَاخًا" میں نے اس سے چیخ سنی۔

(۱۶) موافقت عَنْ جیسے "قَـالَ الَّـذِیْنَ کَـفَرُوْا لِلَّـذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ کَانَ خَیْرًا مَا سَبَقُوْنَا اِلَیْہِ".

(۱۷) زائدہ جیسے "ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ" میں نے زید کو مارا اور فعل پر داخل ہونے والا۔ تقدیر اَنْ سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور ان مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور باللہ کی [illegible] لئے ہوتا ہے جیسے "جِئْتُکَ لِتُعَلِّمَنِیْ" میں تیرے پاس اس لئے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے اور یا تاکید نفی کے لئے اور اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لام جحود کہتے ہیں جیسے "مَـا کَـانَ زَیْـدٌ لِیُکْرِمَکَ" زید ہرگز تیری تعظیم کے لئے نہ تھا۔

(۲) لام جازمہ اور وہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے جیسے "لِـیَحْکُمَ اللّٰہُ" اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور واؤ اور فا کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے جیسے "فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِـیْ" اور ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے "ثُمَّ لْیَقْضُوْا".

(۳) غیر عاملہ اور یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور وہ لام ابتدا ہے جیسے "لَزَیْدٌ قَائِمٌ وَ اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ".

اور لام جواب بعد لَوْ ولَوْلَا و قسم جیسے "لَـوْ عُـدْتُـمْ لَـعُـدْنَـا وَلَـوْلَا زَیْـدٌ لَھَـلَـکْـنَـا" و "وَاللّٰـہِ لَزَیْدٌ کَرِیْمٌ" اور لام زائدہ جیسے "اَرَاکَ لَشَاتِمِیْ".

اور منجملہ انہیں غیر عاملہ کے وہ لام ہے جو بُعد پر دلالت کرنے کے لئے اسمائے اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصلاً یہ ساکن ہوتا ہے جیسے تِلْکَ میں مگر ذٰلِکَ میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا ہے۔

لَا: تین طرح پر ہے۔

(۱) نافیہ اور یہ چار طرح پر مستعمل ہے۔

اِسْتَكَانَ اِسْتِكَانَةً لِفُلَانٍ : فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔

الكَوْن : مص۔ عالم وجود۔

الكَوْنِيُّ : کون کی جانب منسوب۔

الكُوْنِيُّ : عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔

الكِيَان : مص۔ طبیعت۔ فطرت۔

الكِيَانَه : ضمانت۔ کفالت۔

التَّكْوِيْن : مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سِفْرُ التَّكْوِيْن : بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔

الكَائِن : فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔

الكَائِنَةُ : مؤنث کائن حادثہ ج كَائِنَات وكَوَائِن. الكَائِنَات : موجودات۔

الكُنْتِيُّ والكُنْتِيُّ : بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "كُنْتُ فِي شَبَابِي كَذَا وكَذَا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ تم کہتے ہو "اَصْبَحْتُ كُنْتِيًّا" یعنی میں بڑی عمر والا ہو گیا ج كُنْتِيُّوْنَ وكُنْتِيُّوْنَ اور كُنْتُنِيْ میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کی ضَرَبَنِي میں فتحہ ظاہر ہونے کے لئے نون لاتے ہیں۔

المَكَان : کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اَمَاكِن واَمْكِنَة واَمْكُن (اخیر نادر ہے)

المَكَانَة : موضع۔ جگہ۔ مرتبہ۔ ج مَكَانَات.

المَكِيْنُ : مرتبہ والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَكِيْنٌ عِنْدَ فُلَانٍ" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مَكُوْنٌ فِيْهِ : یعنی موجود۔

كَوِهَ (س) كَوَهًا : متحیر ہونا۔

كَاهَ يَكُوْهُ كَوْهًا الشَّيْءَ : منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔

كَوَّهَ النَّارَ : آگ بھڑکانا۔

تَكَوَّهَ عَلَيْهِ الاَمْرُ : پراگندہ و پریشان ہونا۔

كَوَّى فِي دَارِهٖ كُوًى : روشندان بنانا۔

تَكَوَّى تَكَوِّيًا الرَّجُلُ : تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔

الكَوُّ والكَوَّةُ والكُوَّةُ : روشن دان۔ ج كِوَاءٌ وكُوًى وكَوَّات وكُوَّات. كُوَى النَّهْرِ : دریا کے نالے۔

كَوَى يَكْوِيْ كَيًّا فُلَانًا : لوہے وغیرہ سے داغ دینا۔ كَوَتِ العَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "كَوَانِيْ بِعَيْنِهٖ" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔

اَكْوَى اِكْوَاءً : زبان سے تکلیف پہنچانا۔

كَاوَى مُكَاوَاةً : باہم گالی گلوچ کرنا۔

اِكْتَوَى : داغ لگنا...... الرَّجُلُ : اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔

اِسْتَكْوَى فُلَانًا : داغ لگانے کو کہنا...... الرَّجُلُ : داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔

الكَيَّةُ. كَوَى : کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ۔

الكَوَّاء : اسم مبالغہ۔ بدزبان۔ بہت گالی بکنے والا۔

المِكْوَاة : داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا۔ ج مَكَاوٍ.

المِكْوَلَة والكَاوِيَاء : بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔

كَيْ : حرف تعلیل ہے۔ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر ان کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے "جَاءَ كَيْ يَسْئَلَ" یعنی آیا تاکہ پوچھے اور ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "كَيْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔ وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہے تو کہا جاتا ہے كَيْمَهْ جیسا کہ لِمَهْ کہا جاتا ہے اور ما مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "يُرْجَى الفَتٰى كَيْمَا يَضُرُّ ويَنْفَعُ". اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوبا داخل ہوتا ہے جیسے "جِئْتُكَ كَيْ تُكْرِمَنِيْ" میں تمہارے پاس اس لئے آیا کہ تم میرا اکرام کرو اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِكَيْ تُكْرِمَنِيْ

كَاءَ يَكِيْءُ كَيْئًا عَنِ الاَمْرِ : اعراض کرنا۔

الكَاءُ والكَيْءُ والكَاءَةُ والكَيَاءَةُ : بزدل۔

كَيْتَ الوِعَاءَ : برتن بھرنا...... الجَهَازَ : سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔ كَيْتَ وكَيْتَ اور کبھی كَيْتِ وكَيْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو "قَالَ فُلَانٌ كَيْتَ وكَيْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا اور كَيْتَ كَيْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

كَاحَ يَكِيْحُ كَيْحًا السَّيْفُ فِيْهِ : تلوار کا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَاحَ فِيْهِ السَّيْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔

اَكَاحَهٗ اِكَاحَةً : ہلاک کرنا۔

الكَيِّح : موٹا (مذکر و مؤنث) كَيِّحٌ اَكْيَحُ : کھردرا۔ موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے يَوْمٌ اَيْوَمُ.

الكَيَح : سختی۔ موٹاپا۔

كَادَهٗ يَكِيْدُهٗ كَيْدًا : مکر کرنا۔ فریب کرنا۔ مکر سکھلانا۔ جنگ کرنا۔ بر ارادہ کرنا...... الزَّنْدُ : چقماق کا آگ نکالنا۔ كَادَ لِفُلَانٍ : حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَكِيْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِيْ مَا هُوَ" جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے "بَلَغُوْا الاَمْرَ الَّذِيْ كَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کرلیا...... بِنَفْسِهٖ : جان دینا...... الشَّيْءَ : تیار کرنا...... الرَّجُلُ : قے کرنا۔

كَايَدَهٗ مُكَايَدَةً : مکر و فریب کرنا۔

تَكَايَدَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔

اِكْتَادَ اِكْتِيَادًا : حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا۔

الكَيْد : مص۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے ج كِيَاد کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ يَلْقَ كَيْدًا" یعنی اس نے مقاتلہ نہیں کیا "وَلَا كَيْدًا وَلَا هَمًّا" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔

[illegible] : بہت مکر کرنے والا۔

لکھنا۔ الرَّجُلُ: کوفہ میں آنا۔

تَـکَوَّفَ الْقَوْمُ تَکَوُّفًا وَ کَوْفَانًا عَلٰی غَیْرِ الْقِیَاسِ: جمع ہونا...... الرَّجُلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔

الـکُوْفَة: عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔

الکُوْفِيّ: کوفہ کی جانب منسوب اور اسی سے ہے خط کوفی۔

الکُوْفِیُّوْن: کوفہ کے نحوی حضرات۔

الـکُفُوفِیَة۔ کُوْفِی کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکَفِیَہ کہتے ہیں۔

کَوْفَلَت الْمَرْأَةُ ابْنَهَا: عورت کا بچے کو گول کپڑا لپیٹنا۔ اَلْـکَـافُولِیَة: مربع شکل کا سفید کپڑا جو کہ بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔

الـکُوْفَان والکَوْفان والکَوَفَان والکُوَّفَان: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت وشوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈا۔ اور کہا جاتا ہے "ظَـلُّـوْا فِی کُوْفَان مِـنْ اَمْـرِهِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا "وَهُمْ فِیْ کُوْفَانٍ مِنْ ذٰلِکَ" وہ لوگ اس سے عزت وشوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "اَلنَّـاسُ فِیْ کُوْفِیْ مِنْ اَمْرِهِمْ"۔

اَلْـکُوْکَةُ: ایک درخت جو دو یا تین میٹر سے زیادہ لمبا ہوتا ہے۔ اس کے پتے انڈے کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو کائین حاصل کیا جاتا ہے۔

اَلْـکُوْکَـائِیْنُ: ایک نشہ آور مادہ جو "کوکہ" سے نکالا جاتا ہے۔

کَوْکَبَ الْحَدِیْدُ: چمک اٹھنا۔ چم چم کرنا۔

الـکَوْکَـب: ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی سختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ صبح۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولا۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ کَوْکَبُ الْبِئْرِ: کنوئیں کا سوت۔ ج کَوَاکِب کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا تَحْتَ کُـلِّ کَـوْکَـبٍ" یعنی متفرق ہوگئے "وَیَوْمٌ ذُوْکَوَاکِب" سختیوں والا دن۔

الـکَـوْکَبَة: ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔

المُکَوْکَب: آنکھ کے پھولے والا۔

کَوْکَی کَوْکَوَةً۔ الرَّجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔ قد کا دوڑنا۔

الکَوْکَاة والکَوَاکِیَة: پستہ قد۔

المُکَوْکَی: بے برکت۔ کنجوا۔

تَکَوَّلَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا (...... وانْـکَـالَ اِنْکِیَالًا) الْقَوْمُ عَلَیْهِ: مار پیٹ گالی گلوچ کے لئے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

تَکَاوَلَ الرَّجُلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔

الـکَوْلَانُ والـکُوْلَانُ: بردی نام کی ایک گھاس واحد کَوْلَانَة۔

الاَکْـوَل: پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ ج اَکَاوِل۔

کَامَ (ن) کَوْمًا وَکَوْمَةً الْجَارِیَةَ: جماع کرنا...... الفَرَسُ وَغَیْرهُ: جفتی کرنا۔

کَوِمَتْ (س) کَوَمًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔

کَوَّمَ تَـکْوِیْمًا التُّرَابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا ...... الـمَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا ...... ثِیَابَهٗ فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔

اِکْتَامَ اِکْتِیَامًا الرَّجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔

الـکَوْم: اونٹوں کا گلہ۔ ج اَکْوَام: بلند جگہ۔ ٹیلہ ج کیمان۔

الـکُوْمَة والکَوْمَة: مٹی کا ڈھیر۔ ج کُوَم واکْوَام۔

الاَکْـوَم: بلند۔ بڑے کوہان والا اونٹ۔ مؤنث کَوْمَاء ج کُوْم۔

اَلْکُوْمِسْیُوْن: بچولی کی اجرت۔ کمیشن ایجنٹ [illegible] میانجی [illegible] درست کرنے کے لئے ایک منظم جماعت جس کو عربی میں اللجنة بولتے ہیں۔

اَلْکُوْمِسْیُوْنجِی: سامان برآمد کرنے والا۔

کَـانَ یَکُوْنُ کَوْنًـا وکِیَانًا وکَیْنُوْنَةً الشَّـیْءُ: نو پید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ کان افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لئے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "کَـانَ زَیْدٌ قَائِمًا" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "اِنْقَـالَ اللّٰـهُ لِیَکُنْ نُوْرٌ فَکَانَ نُـوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "کَـانَ اللّٰهُ وَلَا شَیْءَ مَعَهٗ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "اِنْ کَـانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰـی مَیْسَـرَةٍ" اور وقع کے معنی میں جیسے "مَـاشَاءَ اللّٰهُ کَانَ" اور یَنْبَغِیْ کے معنی میں جیسے "مَـا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا" اور استقبال کے معنی کے لئے جیسے "یَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا" اور زمانہ ماضی کے لئے جیسے "کَـانَ فِی الْمَدِیْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ" اور زمانہ حال کے لئے جیسے "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کَـانَ اللّٰـهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا" اور کہا جاتا ہے "صَـارَ اِلٰی کَـانَ" یعنی مرگیا اور فنی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صَـارُوْا اِلَـی کَانُوْا" اور "کُنْتُ الـکُوْفَةَ" یعنی میں کوفہ میں تھا "وَمَـنَازِلُ اَقْفَرَتْ کَانَ لَمْ یَکُنْهَا اَحَدٌ" یعنی منازل خالی ہوگئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ "وَکُنَاهُمْ" بمعنی کُنَّاکُهُمْ۔

کَـانَ یَکُوْنُ کَوْنًـا وکِیَانًا عَلٰی فُلَانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

کَوَّنَ تَکْوِیْنًا الشَّیْءَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔

تَکَوَّنَ: پیدا کرنا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔

اِکْتَانَ اِکْتِیَانًا بِفُلَانٍ وَعَلَیْهِ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

...... تیز چلنا ...... الحِمْلَ

الکَارَۃَ : گٹھری اُٹھانا (...... کِیَارًا) الفَرَسُ ذَنَبَہٗ : گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔

کَوَّرَ العِمَامَۃَ : سر پر پگڑی باندھنا ...... ہٗ : پچھاڑنا ۔ نیزہ مار کر گرا دینا ...... المَتَاعَ : تہ بتہ رکھنا ...... اللّٰہُ اللَّیْلَ عَلَی النَّھَارِ : ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔

کُوِّرَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔

اَکَارَ اِکَارَۃً عَلَیْہِ : ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔

تَکَوَّرَ : گرنا ۔ پچھاڑا جانا ۔ تیز گزر جانا۔

اِکْتَارَ اِکْتِیَارًا : عمامہ باندھنا ...... الفَرَسُ : دوڑنے میں دم اٹھانا ...... الشَّیْءُ : بعض کو بعض پر پٹکنا ...... الرَّجُلُ : تیز چلنا ۔ پچھاڑا جانا ۔ گرنا ۔ کہا جاتا ہے "کَوَّرَہٗ فَاکْتَار" یعنی اس نے پچھاڑا وہ گر گیا ...... الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ : گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا۔

اِسْتَکَارَ اِسْتِکَارَۃً : تیز دوڑنا ۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔

الکَارُ : ایک قسم کا جہاز ۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج کَارَات.

الکَوْرُ : مص ۔ عمامہ کا پیچ ۔ بڑی جماعت ۔ اُونٹوں یا گایوں کا گلہ ۔ زیادتی ۔ ج اَکْوَار. الکَوْرُ : طبیعت ۔ عادت ۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ کَوْرٌ کَرِیْمٌ" اس کی طبیعت اچھی ہے۔

الکُوْرُ : مٹی کی انگیٹھی ۔ ج اَکْوَار و اَکْوُر و کِیْرَان و کُوْرَان. الکُوْرُ : بھڑوں کا چھتا ۔ لوہار کی بھٹی ۔ (...... والمَکْوَرُ) اُونٹ کا کجاوہ ۔ کجاوہ مع سامان۔

الکَارَۃُ مِنَ الثِّیَابِ : دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری ۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم ۔ ج کَارَات.

الکُوْرَۃُ : ضلع ۔ ج کُوَر.

الکُوَارَۃُ والکِوَارَۃُ الکُوَّارَۃ : شہد کی مکھیوں کے لئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ ۔ شہد مع موم کے۔

الکِوَارَۃُ : عمامہ ۔ پگڑی ۔ والکُوَارَۃ : تیز دوڑ۔

اَلْکُوْزَار : ایک زہریلا پودا جس کو استعمال کیا جائے تو انسانی پٹھے کمزور سے کمزور ہوتے جاتے ہیں خاص کر اس وقت خطرناک ہوتی ہے جب زخمی انسان کے خون میں سرایت کر جائے۔

المِکْوَرُ والمِکْوَرَۃُ : عمامہ۔

المَکْوَرِیُّ والمِکْوَرِیُّ : فرومایہ ۔ کمینہ ۔ چوڑے بدن کا پست قد۔

کَازَ یَکُوْزُ کَوْزًا : کوزے سے پینا ...... الشَّیْءَ : جمع کرنا۔

تَکَوَّزَ القَوْمُ : قوم کا اکٹھا ہونا۔

اِکْتَازَ : کوزے سے پینا ...... المَاءَ : کوزے سے لینا۔

الکُوْزُ : کوزہ ۔ ج اَکْوَاز و کِیْزَان و کِوَزَۃ (دخیل)

مُکَوَّزُ الرَّاسِ : لمبے سر والا۔

الکَازُ النَّفْطُ : پٹرول۔

کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسًا البَعِیْرُ : ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا ...... فِی السَّیْرِ : آہستہ چلنا ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکُوْسُ فِی السَّیْرِ" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے ...... عَلٰی رَاسِہٖ : سر کے بل اُلٹ پڑنا ...... فِی البَیْعِ : قیمت گھٹانا ۔ کہا جاتا ہے "لَا تَکُسْنِیْ یَا فُلَانُ فِی البَیْعِ" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا ...... الحَیَّۃُ : گنڈلی مارنا۔

کَاسَہٗ و اَکَاسَہٗ اِکَاسَۃً : پچھاڑنا۔

کَوَّسَ الشَّیْءَ عَلٰی رَاسِہٖ : سرنگوں کرنا۔

تَکَوَّسَ الرَّجُلُ : سرنگوں ہونا۔

تَکَاوَسَ لَحْمُہٗ : گوشت کا تہ بتہ ہونا ...... العُشْبُ : گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔

اِکْتَاسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ : روکنا۔

الکَاسُ. کَاس : کا مخفف بمعنی پیالہ۔

الکُوْسُ : مص ۔ [illegible] قریب ہونا۔

الکُوْسُ : ڈھول ۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں ۔ ج کُوْسَات (دخیل) لُمْعَۃٌ کَوْسَاءُ : خشک گھاس کا مٹھا ۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا ۔ ج کُوْس. رِمَالٌ کُوْسٌ : ریت تہ بتہ جما ہوا۔

الکُوْسِیُّ مِنَ الخَیْلِ : چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا ۔ مؤنث کُوْسِیَّۃ.

المَکَاس : سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔

المِکْوَس : چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مَکَاوِس.

کَوْسَجَ و تَکَوْسَجَ الرَّجُلُ : کوسج ہونا۔

الکَوْسَج : صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا ۔ کم دانتوں والا ۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا ۔ ج کَوَاسِج.

الکَوْسَج : ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔

کَاشَ یَکُوْشُ کَوْشًا عَنْہُ : بہت گھبرانا۔

الجَارِیَۃَ : جماع کرنا۔

کَوِعَ (س) کَوَعًا : بڑے بند دست والا ہونا ۔ مڑے ہوئے بند دست والا ہونا ۔ صفت اَکْوَع مؤنث کَوْعَاء ج کُوْع.

کَاعَ یَکُوْعُ کَوْعًا الکَلْبُ : گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا ۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔

کَوَّعَہٗ بِالسَّیْفِ : تلوار مارنے سے بند دست کا ٹیڑھا کرنا۔

تَکَوَّعَتْ یَدُہٗ : بند دست کا ٹیڑھا ہونا۔

الکَاعُ والکُوْعُ : انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ ۔ ج اَکْوَاع.

الکَوَع : مص ۔ بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن ۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔

کَافَ یَکُوْفُ کَوْفًا الادِیْمَ : چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔

کَوَّفَ الادِیْمَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ...... [illegible] : علیحدہ کرنا ...... الکَافَ : حرف کاف

کرنا۔

اَکْہَمَ بَصَرُہٗ : نگاہ کمزور ہونا۔

الکَہَام والکَہِم : سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَہَام" کہا جاتا ہے۔

کَہْمَسَ الرَّجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اُڑانا۔

الکَہْمَس : شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔

الکَہْمَل : ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔

کَہَنَ (ف۔ن) کَہَانَۃً وتَکَہَّنَ تَکَہُّنًا وتَکْہِینًا لِفُلَانٍ : غیب کی باتیں بتلانا۔

کَہُنَ (ک) کَہَانَۃً : کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔

کَاہَنَ مُکَاہَنَۃً : عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔

الکِہَانَۃ : کاہن کا پیشہ۔

الکَہْنُوت : کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔

الکَاہِن : ق۔ غیب دانی کا مدعی..... عِنْدَ الیَہُوْد وعَبَدَۃ الاَوْثَان : پروہت..... عِنْدَ النَّصَارٰی : جو کہوت کے درجہ پر ہو ج کَہَنَۃٌ وکُہَّانٌ الکَاہِن : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔

کَہِیَ یَکْہَی کَہًی : چہرے پر چھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل وکمزور ہونا۔

کَاہَی مُکَاہَاۃً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا۔

اَکْہٰی : انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا..... عَنِ الطَّعَام : باز رہنا۔

اِکْتَہَاہ اِکْتِہَاءً ا : تعظیم واجلال کرنا۔

الاَکْہٰی : چہرے میں چھائیں والا۔ گندہ ذہن۔ بزدل وکمزور۔ الاَکْہٰی : بے شگاف کا پتھر۔

الاَکْہَاء : شرفاء۔

کَہَأَ یَکْہَؤُ کَہْأً او کَأْوَاعَۃً : خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔

اَکْأَہ اِکْأَاءً و اِکْأَاءَۃً : کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔

الکَاءُ والکَاءَۃ والکَیُّ والکَیْئَۃ : کمزور دل والا۔ بزدل۔

کَابَ یَکُوْبُ کَوْبًا واکْتَابَ : بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔

کَوَّبَ الشَّیْءَ : بٹے سے کوٹنا۔

الکُوْب : بے دستہ کا کوزہ۔ ج اَکْوَاب۔

الکُوْبَۃ : فوت شدہ پر حسرت وافسوس۔

الکُوْبَۃ : شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔

کَوَّثَ الزَّرْعُ : چار پانچ پتوں والی ہونا۔

الکُوْث : جوتا۔

الکُوْثَۃ : فراخ سال۔

تَکَوْثَرَ الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔

الکَوْثَر : بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔

الکَوْثَلُ والکَوْثَلُ : جہاز کا پچھلا حصہ۔

کَاحَہٗ یَکُوْحُہٗ کَوْحًا وکَوَّحَہٗ وکَاوَحَہٗ مُکَاوَحَۃً واَکَاحَہٗ اِکَاحَۃً : لڑائی میں غالب آنا۔ کَاحَ الشَّیْءَ : پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ کَوَّحَہٗ : غالب بنانا۔ کَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ کَوَّحَ الزِّمَامَ البَعِیْرَ : مغلوب کرنا۔ کَاوَحَہٗ : گالی گلوچ کرنا۔ اَکَاحَہٗ : ہلاک کرنا۔

تَکَاوَحَ الرَّجُلَانِ : باہم جنگ وجدال کرنا۔

الکَاحُ والکِیْحُ : دامن کوہ۔ ج کُیُوْح واَکْیَاح : کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی کُوْحِہٖ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔

الکُوْخ والکَاخ : جھونپڑی اور اسی سے ہے کُوْخُ الصَّائِد : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشت کار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کے لئے بنا لیا کرتے ہیں۔ ج اَکْوَاخ وکُوْخَان وکِیْخَان وکِوَخَۃ

لَیْلَۃٌ کَاخٌ : تاریک رات۔

الکَاخِیَۃُ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّیَاسَۃِ : والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کدخدا : تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج کَوَاخٍ (دخیل)

کَادَہٗ یَکُوْدُہٗ کَوْدًا : روکنا۔ کَادَ بِنَفْسِہٖ : جان دینا۔

کَادَ یَکَادُ کَوْدًا ومَکَادًا ومَکَادَۃً : فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "کَادَ یَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَکَادُ اُخْفِیْہَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا اور "عَرَفَ مَا یَکَادُ مِنْہُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے اور کاد کے عوض میں "کِیْدَ یَفْعَلُ کَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "کَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ یَکَدْ یَرَاہَا" معنی میں لَمْ یَکَدْ یَرَاہَا کے۔

کَوَّدَ الشَّیْءَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔

اِکْوَادَّ اِکْوِیْدَادًا : بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔

الکُوْدَۃ : مٹی وغیرہ کا تودہ۔

المَکَادَۃ : مص۔ کہا جاتا ہے "لَا ہَمَّ لِیْ وَلَا مَکَادَۃَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔

الکَوْدَن والکَوْدَنِیّ : غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر۔ ٹٹو۔ کَوْدَن کی جمع کَوَادِن۔

کَوَّذَ الاِزَارُ : ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔

الکَاذَۃ : ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔

الکَاذِیّ : کیوڑہ۔

کَارَ یَکُوْرُ کَوْرًا العِمَامَۃَ ونَحْوَہَا عَلٰی رَاْسِہٖ : سر پر پگڑی باندھنا..... الاَرْضَ : زمین کھودنا۔

الكَنَّة: بھو۔ اٹی۔ کوٹھڑی کے اندر چھوٹی کوٹھڑی۔ ج كَنَّاتٌ و كِنَانٌ.

الكِنَان: چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج أَكِنَّة.

الكِنَانَة: ترکش۔ تیردان۔ ج كَنَائِن كِنَانَات.

كَانُونُ الأَوَّل و كَانُونُ الثَّانِي: رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔

الكَانُونُ و الكَانُونَة: انگیٹھی۔ ج كَوَانِين: وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تا کہ اُن کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الكَنِين: چھپا ہوا۔

المُسْتَكِنَّة: کینہ۔

كَنَبَ (ن) كُنُوبًا الرَّجُلُ: سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مال دار ہونا۔

كَنَبَ (ض) كَنْبًا الشَّيْءَ فِي جِرَابِهِ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

كَنِبَ (س) كَنَبًا اليَدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔

أَكْنَبَ الشَّيْءُ و اليَدُ: سخت ہونا...... عَلَيْهِ لِسَانُهُ: زبان رکنا عَلَيْهِ بَطْنُهُ: سخت ہونا۔

الكَانِب: فا۔ شکم سیر۔

الكَنَب: مص۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔

الكِنَاب: خوشۂ خرما۔

الكَنِيب: خشک درخت۔

الكُنْبَة: ظالم خبیث۔

المِكْنَب و المُكْنِب: کھودنے والا جس کے ہاتھ غم کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔

حَافِرٌ مِكْنَبٌ و مُكْنِبٌ: سخت کھر۔

المُكْنَبِث: مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔

كَنْبَثَ و تَكَنْبَثَ الرَّجُلُ: سکڑنا۔

رَجُلٌ كُنْبُثٌ و كُنَابِثٌ: گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔

الكُنَابِث: گرنے والی ریت۔

وَجْهٌ كُنَابِدٌ: بدصورت چہرہ۔

رَجُلٌ كُنَابِدٌ: مرد بدصورت۔

الكُنْبُورَة: ناک کا موٹا سرا۔

تَكَنْبَشَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

الكُنْبُوش و الكُنْبُوش: عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج كَنَابِيش (دخیل)

كَنُتَ (ك) كَنَتًا فِي خُلُقِهِ: مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔

كَنِتَ (س) كَنَتًا السِّقَاءُ: مشک کا کھردرا اور سخت ہونا۔

إِكْتَنَتَ الرَّجُلُ: خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔

سِقَاءٌ كَنِيتٌ: پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔

الكُونْت: عزت داروں کا لقب جس کا معنی ہے امیر یا عزت دار (لاطینی لفظ)

اِكْنَتَرَ الرَّجُلُ: دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کا باہمی معاہدہ کسی کام یا امر مخصوص شرائط کے ساتھ معاہدہ کو توڑنا۔

الكُنْتِيُّ: قوی مضبوط۔

كَنَثَ كَنَاثَةً اللِّحْيَةُ: داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔

رَجُلٌ كَنَثُّ اللِّحْيَةِ و كَنَثَاؤُهَا: لمبی داڑھی والا مرد۔

كَنَدَ (ن) كُنُودًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔

كَنَدَ (ن) كَنْدًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔

الكِنْدَة: پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔

الكُنُد: ناشکرا۔ (مذکر و مؤنث)

الكَنُود: ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر و مؤنث) أَرْضٌ كَنُودٌ: کچھ نہ اُگانے والی زمین۔

الكَنَّاد: ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔

الكُنْدُر: ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْيَانٌ كَنَادِرَةٌ" مضبوط بناوٹ کے جوان۔

الكُنْدَرَة: باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ سخت و اونچی زمین۔

الكُنْدُرَة: جوتیوں کی ایک قسم۔

الكُنَّار: بیر (دخیل)

الكَنَارِيّ: ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔

الكِنَّارَة و الكَنَّارَة: بربط یا ڈھول یا دف ج كَنَانِير و كِنَّارَات. الكِنَّارَة: کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔

كَنَزَ (ض) كَنْزًا المَالَ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا...... الرُّمْحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا...... الشَّيْءَ فِي وِعَاءٍ أو أَرْضٍ: برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا...... السِّقَاءَ: مشک بھرنا (...... كَنَازًا و كِنَازًا) التَّمْرَ: خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کرکے رکھنا۔

اِكْتَنَزَ: بھرنا۔ جمع ہونا...... اللَّحْمُ: جمع ہونا اور سخت ہونا...... الشَّيْءُ فِي الوِعَاءِ: برتن میں ہاتھ سے دبانا۔

تَكَنَّزَ لَحْمُهُ: گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔

الكَنْز: مص۔ ہر ذخیرہ کی ہوئی قابلِ رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج كُنُوز اور کہا جاتا ہے "شَدَّ كَنْزَ القِرْبَةِ" یعنی بھر دیا۔

رَجُلٌ كَنِزُ اللَّحْمِ و كَنِيزُهُ و مَكْنُوزُهُ و مُكْتَنِزُهُ: بہت اور سخت گوشت والا اور کہا جاتا ہے "كِتَابٌ مُكْتَنِزٌ بِالفَوَائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔

الكَنَاز: کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔

الكِنَاز: ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ أو نَاقَةٌ كِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اُونٹنی۔ ج كُنُزٌ و كِنَازٌ

میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین (...... والکَمِیع) ہم خواب۔

الکَمَع : ران کی گرہ۔

المُکَامِع : فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔

کَمْکَمَ کَمْکَمَۃً الشَئ : پوشیدہ کرنا۔

تَکَمْکَمَ : گول ٹوپی پہننا...... فِی ثِیَابِہ: چھپنا۔

الکُمْکَام : پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کَمْکَامَۃ.

کَمَلَ (ن) وکَمُلَ (ک) وکَمِلَ (س) کَمَالاً وکُمُولاً وتَکَمَّل وتَکَامَلَ واِکْتَمَلَ : پورا ہونا۔ کامل ہونا۔

کَمَّلَ واَکْمَلَ واِسْتَکْمَلَ الشَئ : پورا کرنا۔ کَمَّلَ واَکْمَلَ الشَئ : ٹوٹل کر دینا۔

الکَمَلُ : کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُہٗ الْمَالَ کَمَلاً" میں نے اس کو پورا مال دیا اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعْطَیْتُہٗ الْمَالَ کُلَّہٗ: جیسا ہے۔

الکَمَال : مص۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے "لَکَ کَمَالُ الشَئ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔

الکَمِیل : کامل۔

اَلکَامِلِیَا : ایک درخت جو کہ ہمیشہ سبز ہوتا ہے اسکے پتے چمکیلے پھول بڑے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ محض آرائش کے لئے اُگایا جاتا ہے

الکَامِل : فا۔ جس کے اجزاء پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج کَمَلَہ.

تَکْمِلَۃُ الشَئ : جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔

المِکْمَل : خیر یا شر میں کامل مرد۔

کَمَنَ (ن) وکَمِنَ (س) کُمُونًا: چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا

کَمَنَ (ن) کُمُونًا الشَئ : پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

کَمِنَ (س) وکُمِنَ کُمُونًا : آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ کَمِنَتْ وکُمِنَتْ عَیْنُہٗ : تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔

اَکْمَنَ الشَئ : چھپانا۔

تَکَمَّنَ واِکْتَمَنَ : چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

الکُمْنَۃ : آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔

الکَمِین : بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج کُمَنَاء : گھات اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ کَمِیْنٌ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو ناقابل سمجھ ہے۔

الکَمُّون : زیرہ۔ الکَمُّونُ الحُلْو : انیسون واحد کَمُّونَۃ.

المَکْمَن : چھپنے کی جگہ۔ ج مَکَامِن.

المُکْمِن : کمین۔

الکَمَنْجَۃ : دوتارہ۔ سارنگی (دخیل)

کَمِہَ (س) کَمَہًا : اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا...... بَصَرُہٗ : تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا...... النَّھَارُ : دن کا غبار والا ہونا...... الرَّجُلُ : رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اَکْمَہ : مؤنث کَمْھَاء ج کُمْہ. الاَکْمَہ : اندھا۔ مادرزاد اندھا۔

تَکَمَّہَ فِی الاَرْضِ : حیران پھرنا صفت کَامِہ ومُتَکَمِّہ : کہا جاتا ہے ذَہَبَت اِبِلُہٗ کُمَّھٰی یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔

مُکَمَّہُ العَیْنَیْن : جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

کَمْھَلَ الرَّجُلُ : کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا...... عَلَیْنَا : حق روکنا...... الحَدِیْثَ : پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا......

[illegible]

تَکَمْھَلَ الشَئ : جمع ہونا۔

اِکْمَھَلَّ الرَّجُلُ : سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔

کَمٰی یَکْمِی کَمْیًا واَکْمٰی شَھَادَتَہٗ وغَیْرَھَا : چھپانا۔ کَمٰی وکَمّٰی نَفْسَہٗ : زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَکْمٰی عَلَی الاَمْرِ : پکا ارادہ کرنا۔ اَکْمٰی المُحَارِبُ : لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔

اَکْمٰی الرَّجُلُ مَنْزِلَہٗ : مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

تَکَمّٰی الشَئ : چھپنا...... الشَئ : حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تَکَمَّتِ الفِتْنَۃُ النَّاسَ : گھیر لینا۔

تُکُمِّیَ الجَیْشُ : لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا...... القَوْمُ : مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔

اِنْکَمٰی : پوشیدہ ہونا۔

اِکْتَمٰی اِکْتِمَاءً : چھپنا۔

الکَمِیُّ : بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج کُمَاۃ واَکْمَاء.

المُتَکَمِّیُ : ہتھیار بند۔ دلیر۔

کَنَّ (ن) کَنًّا وکُنُونًا وکَنَّ واَکَنَّ الشَئ : گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا...... العِلْمَ وغَیْرَہٗ فِی نَفْسِہٖ : دل میں چھپانا۔

اِکْتَنَّ الرَّجُلُ : چھپنا...... الشَئ : سفید ہونا...... المَرْأَۃُ : عورت کا شرم وحیا سے منہ چھپانا...... الشَئ : چھپانا۔

تَکَنّٰی تَکَنِّیًا : ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَکَنَّنَ ہے)

اِسْتَکَنَّ : چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔

اَلکِنُّ : ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اَکْنَان وکِنَّۃ.

الکَنَّۃ: کَنَّ: کا اسم مرہ۔ بہو یا بھاوج۔ ج کَنَائِن.

الکِنَّۃ : چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

المَكْمَاةُ والمَكْمُوَةُ: سانپ کی پھنکاری کی جگہ۔

الكُمْبِيَالَةُ: سند یا ورق جو لکھا جائے۔

الكُمْبِيُو: نقدی سکوں کا تبادلہ۔

كَمُتَ (ك) كُمْتًا وكُمَاتَةً وكُمْتَةً الفَرَسُ: کیت ہونا۔

كَمَتَ (ن) كَمْتًا الغَيْظَ: غصہ کو دبانا۔

كُمِّتَ الثَّوْبَ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔

كَمَّتَ تَكْمِيتًا الخَمْرُ والفَرَسُ وغَيْرَهُمَا: کیت بنایا جانا۔

اكْمَتَّ واكْمَتَّ واكْمَاتَّ الفَرَسُ: گھوڑے کا کیت ہونا۔

الكُمْتَةُ: کیت رنگ۔

الكُمَيْتُ مِنَ الخَيْلِ (للمذكر والمؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا اور یہ خلاف قیاس اَكْمَت کی تصغیر ہے۔ ج كُمْت.

الكُمَيْتُ: شراب۔ کہا جاتا ہے خَيْلٌ كُمَاتِيٌّ: قومیت گھوڑے۔

الكُمْيَتَةُ: جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِكُمْيَتِهِ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔

كَمْتَرَ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا...... القِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِّقَاءَ: مشک بھرنا...... القَصِيرُ: پستہ قد کا دوڑنا۔

الكُمْتُرُ والكُمَاتِرُ: موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط

كَمْثَرَ الشَّيْءُ: جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الكُمَاثِرُ: پستہ قد۔

الكُمَّثْرَى: المونث۔ واحد كُمَّثْرَاةٌ: ناسپاتی۔

الكَمَجُ: بن ران۔

الكُمَاجُ: اس کا واحد۔ كماجة گول موٹی روٹی جو عام روٹی سے بڑی اور نسبتًا موٹی ہوتی ہے۔

كَمَحَ (ف) كَمْحًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔

اَكْمَحَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔

الكَرْمُ: پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔

اُكْمِحَ الرَّجُلُ: بڑا اینٹھایا جانا۔

المُكْمَحُ: بڑا اینٹھایا ہوا۔

كَمَخَ (ف) كَمْخًا بِأَنْفِهِ: تکبر کرنا...... الفَرَسَ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔

اَكْمَخَ الكَرْمُ: پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔

الكُمَاخُ: غرور۔ بڑا اینٹھنا۔

الكَامَخُ: سالن اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج كَوَامِخ (دخیل)

كَمِدَ (س) كَمَدًا: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا...... الرَّجُلُ: غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت كَامِد وكَمِد وكَمِيد. وكَمِدَ الثَّوْبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔

كَمَدَ (ن) كَمْدًا وكُمُودًا القَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الكِمَادُ: ہے۔

اَكْمَدَ الهَمُّ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا(...... وكَمَّدَ) العُضْوَ: ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعول مَكْمُود.

الكَمْد والكَمَد والكُمْدَة: رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔

الكِمَادُ: ٹکور کرنا۔ سینکنا (...... والكِمَادَةُ) ٹکور کرنے کی پٹی۔

اَكْمَدُ اللَّوْنِ: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔

الكَمَرُ: ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔

كَمَزَ (ض) كَمْزًا العَجِينَ ونَحْوَهُ: گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔

الكُمْزَةُ: [illegible] ٹیلہ۔ ج كُمَز.

كَمَسَ (ن) كُمُوسًا: تیوری چڑھانا۔

الاكْمَسُ: جو دیکھ نہ سکتا ہو۔

كَمَشَ (ن) كَمْشًا النَّاقَةَ: اونٹنی کے تھن باندھنا...... فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار سے اعضاء کو کاٹنا...... الزَّادُ: توشہ ختم ہونا۔

كَمِشَ (س) كَمَشًا: پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔

كَمُشَ (ك) كَمَاشَةً: دلیر ہونا۔ كَمُشَتِ المَرْأَةُ: چھوٹے پستان والی ہونا(...... واكْمَشَ) فِي السَّيْرِ وغَيْرِهِ: تیز چلنا۔

اَكْمَشَ بِالنَّاقَةِ: اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔

كَمَّشَ الحَادِي بِالسَّوْقِ: حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا...... فُلَانًا: جلدی کرانا...... ذَيْلَهُ: دامن سمیٹنا۔

اِنْكَمَشَ وتَكَمَّشَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔

تَكَمَّشَ الجِلْدُ ونَحْوُهُ: سکڑنا۔ اِنْكَمَشَ الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا، سمٹنا۔

الكَمْشُ والكَمِشُ والكَمِيشُ مِنَ الرِّجَالِ: پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "كَمِيشُ الإِزَارِ" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔

الكَمْشُ والكَمُوشُ والكَمِشَةُ والكَمِيشَةُ مِنَ الإِنَاثِ: چھوٹے تھن یا پستان والی۔

الاكْمَشُ: چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث كَمْشَاءُ ج كُمْش.

كَمَعَ (ف) كَمْعًا فِي الإِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کر پینا...... قَوَائِمَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا...... فِي المَاءِ: پانی میں اترنا۔

كَمَعَتِ الدَّابَّةُ: آہستہ چلنا۔

كَامَعَهُ: ملانا۔ ہم بستری کرنا۔

اِكْتَمَعَ الإِنَاءَ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔

الكِمْعُ: اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي كِمْعِهِ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ

ثانی تین میں سے۔

الْكَلَامَ: قول۔ گفتگو۔ جملہ۔

عِلْمُ الْكَلَامِ: اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔

الْكُلَامَ: سخت زمین۔

الْكَلْمَانِيُّ والْكِلْمَانِيُّ والْكِلِمَّانِيُّ والْكِلِمَّانِي: فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِكِلَّامٌ وتِكِلَّام وتِكُلَّامَة وتِكِلَّامَة: عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الْكَلِيْم: مجروح۔ ج كَلْمٰی...... تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء. الْكَلِيْم وكَلِيْمُ اللّٰهِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

رَجُلٌ كَلِيْمٌ: بہت بولنے والا۔

الْمُتَكَلِّم: فا۔ علم کلام کا ماہر۔

الْمُتَكَلَّم: گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَكَلَّمًا: یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

كَلٰى يَكْلِي كَلْيًا. الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعول مَكْلِيّ.

كَلِيَ (س) كَلًى واكْتَلٰى: گردے پر لگنا۔ واكْتَلَاهُ: گردے پر مارنا۔

كُلِيَ: دردِ گردہ میں مبتلا ہونا۔

كَلّٰى تَكْلِيَةً: چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِكْلَوْلٰى اِكْلِيْلَاءً: شکست کھانا۔

اَلْكُلْيَة والْكُلْوَة: گردہ۔ مثنٰی كُلْيَتَان وكُلْوَتَان ج كُلًى وكُلْيَات. كُلَى الْوَادِي: وادی کے اطراف و جوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْكُلٰى" دُبلی پتلی بکریاں "لَقِيْتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ" میں نے اُس سے آغازِ جوانی اور ایامِ نشاط میں ملاقات کی۔ والْكُلْيَة مِنَ الْقَوْسِ: کمان کے قبضے سے تین بالشت...... مِـــن السَّحَاب: بادل کے نیچے کا حصہ۔ [illegible]

الطَّيْر: بازو کے چار پر۔

الْكَلِيُّ: دردِ گردہ والا۔

كِلَا وكِلْتَا: یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَاَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ وكِلْتَا الْمَرْاَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا ورَاَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا والْمَرْاَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا" و "زَيْدٌ وعَمْرٌو وكِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلَاهُمَا قَامَا" و زَيْدٌ وعَمْرٌو وكِلَاهُمَا قَائِمَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهٖ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الْاِكْلِيْرُوْس: گرجا کے خادم۔ واحد اِكْلِيْرِيْكِيٌّ. ج اِكْلِيْرِيْكِيُّوْنَ.

كَمْ: دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا تمیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ: یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا تمیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبِيْدٍ مَلَكْتُ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

كَمَّ (ن) كَمًّا: چھپانا۔ پوشیدہ ہونا۔ الْبَعِيْرَ: اونٹ کے منہ پر توبڑا چڑھانا...... النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

كَمَّتْ وكُمَّتْ كَمًّا وكُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُوْم.

كَمَّمَ واَكَمَّ الْقَمِيْصَ: کرتے میں آستین [illegible]

خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَكَمَّمَ بِثِيَابِهٖ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكَمُّمَهُ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُكُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الْكَمّ والْكَمِّيَّةُ: مقدار۔

الْكَمِّيّ: کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كَمِّيَّةٌ.

الْكُمّ: آستین۔ ج اَكْمَام وكِمَمَةٌ.

الْكُمَّة: گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الْكِمّ: غلاف شگوفہ۔ ج اَكِمَّةٌ واَكْمَام وكِمَام واَكَامِيْم.

اَكِمَّةُ النَّخْلِ: توبڑہ۔ واحد۔ كِمَام.

الْكِمَامَة: پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الْكِمَامَة والْكِمَام: توبڑا جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تا کہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

الْمَكْمُوْم: مفع...... مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

الْمِكَمَّة: توبڑا۔

كَمِيَ (س) كَمْيًا: پوشیدہ ہونا...... عَنِ الْاَخْبَارِ: ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔

كَمِنَتْ يَدُهٗ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

كَمَاَهُ (ف) كَمْاً: سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَكْمَاَ اِكْمَاءً. الْمَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا...... الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا...... السِّنُّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَكَمَّاَهُ: ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّاَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ يَتَكَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔

الْكَمْءُ: مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَكْمُؤٌ وكَمْاَةٌ.

الْكَمَّاءُ: سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کیلئے چننے والا۔

کرنا...... مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

تَکَلَّسَ: چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔

...... مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

الکِلْس: چونا یا چونا را کھ ملا ہوا۔

الکُلْسَة: بھورا رنگ۔

اَلْکَلْسِیُوم: کَیَلْشِیَم: کیت نمبر ۱۰۰۸ء۔ ۴۰_C-A

ایک سفید بسیط مادہ جو ہڈیوں اور دانتوں کے جوڑنے میں کام آتا ہے اس کے مرکبات سے چونا اور چونا والے پتھر۔

الأکْلَس: چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیْفٌ کَلَّاس: شمشیر براں۔

اَلْکُلْسَةُ ج اَلْکُلْسَاتُ: جوار بین۔ اس کو اَلْقَلْشِیْنِ جْقَلَاشِیْنَ: بھی کہا جاتا ہے۔

اَلْکَلَاسِیْکِیَّةُ اَوالاَدَبُ الْکَلَاسِیْکِیْ: کلاسکی ادب کو پڑھانے کا وہ نظریہ جو کہ قدماء یونان نے اختیار کیا۔

المُتَکَلِّس: تیز دوڑنے والا۔

الانْکَلِیْس: ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْکَلِیْس بھی کہتے ہیں (دخیل)

کَلْسَمَ اِلَیْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔

الکَلْشَمَة: بڑھیا۔

کَلْصَمَ الرَّجُلُ: بھاگنا۔

کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُهُ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔

کَلِعَ (س) و کَلَعَ (ف) کَلَعًا. الوَسَخُ عَلٰی رَاسِهِ او فِیْ رَاسِهِ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاسُهُ: سر کا میلا ہونا۔ کَلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا...... کَلَعًا و کُلَاعًا) البَعِیْرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔

اَکْلَعَهُ الوَسَخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔

تَکَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔

الکَلِعُ: مرد بد قوارہ۔ فرومایہ۔ ج کِلَعَةٌ۔

الکَلَعُ: بوائی۔ پیر کی پھٹن۔

اَلْکَلِعُ: بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلِعَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ کَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔

الکَلَعَة: بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔

الکُلَعَة: ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔

الکَوْلَع: میل کچیل۔

الکُلَاع: مص۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔

الکُلَاعِیْ: مرد دلیر۔

کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجْهُ: چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَکْلَف: مؤنث کَلْفَاء. بِهِ: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ...... الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَهُ: دشوار کام کا حکم دینا۔

اَکْلَفَه بِکَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔

اِکْلَافَّ اِکْلِنْفَافًا: جھائیں کے رنگ کا ہونا۔

الکَلَف: سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔

الکَلِف: عاشق زار۔

الکُلْفَة: جھائیں کا رنگ۔

الکُلْفَة: مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف۔

التَکْلِفَة: مشقت۔ ج تکالیف۔

الکَلُوْف: دشوار امر۔

الکَلَافَة: سخت محبت۔ اشتیاق۔

الکَلْفَاء. اَکْلَفُ: کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخی سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔

[illegible]

والا۔ اُمور لایعنی میں پڑنے والا۔

الکَلَک: چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات۔

الکَلْکَل ج کَلَاکِل والکَلْکَال: سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ...... مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے۔ الکَلَاکِل: جماعتیں۔

الکُلْکُل والکُلَاکِل: مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلْکُلَة و کُلَاکِلَة۔

کَلَمَهُ (ن ض) کَلْمًا: زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یَکْلِمُ العِرْضَ والدِّیْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔

کَلَّمَهُ تَکْلِیْمًا: زخمی کرنا)...... تَکْلِیْمًا وکِلَّامًا) بات چیت کرنا۔

کَالَمَهُ مُکَالَمَةً: گفتگو کرنا۔

تَکَالَمَ الرَّجُلَانِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فَاَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر یَتَکَالَمَانِ: ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَانِ: نہیں۔

تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا وتِکِلَّامًا الرَّجُلُ کَلِمَةً وبِکَلِمَةٍ: بات کہنا۔

الکَلْم: مص۔ زخم۔ ج کُلُوْم وکِلَام.

الکَلِمَة۔ ج کَلِم وکَلِمَات والکِلْمَة ج کِلَم والکَلْمَةُ ج کَلِمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَةُ التَوْحِیْدِ: لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ کَلِمَةُ التَقْوٰی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: العَشْرُ الکَلِمَات: اللہ تعالیٰ کے دس احکامات جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الکَلِمَةُ وکَلِمَةُ اللّٰهِ: سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا لقب اور کلمہ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔

کَلِمَةُ اللّٰهِ: (عیسائیوں کے نزدیک): اقنوم

كَلْبُ البَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الكَلْبُ وكَلْبُ الجَبَّار والكَلْبُ الأكْبَر والكَلْبُ الأصْغَر وكَلْبُ الرَّاعِي: ستاروں کے نام۔ كَفُّ الكَلْب: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الكَلْبِ: ایک نباتات۔

الكَلَاب: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الكَلَب. كَلِبَ: کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْكَ كَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الكَلْبَة: کتیا۔ کانٹا۔ اُمّ كَلْبَة: بخار۔

الكَلْبَتَان: لوہا کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو كَلَّابَة: بھی کہتے ہیں۔

الكُلْبَة: سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی، کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الكُلَّاب والكَلُّوب: مہمیز۔ آگ نکالنے کے لئے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج كَلَالِيب. كَلَالِيبُ البَازِي: باز کے پنجے۔ كَلَالِيبُ الشَّجَر: درخت کے کانٹے۔

الكَلَّاب والكَالِب: کتے والا۔ الكَلَّاب: کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کے لئے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لئے لوہے کا کنڈا۔ ج كَلَالِيب.

الكَالِب والكَلِيب: کتوں کا جھنڈ۔

الكَلِب ج كَلِبُوْن والكَلِيب ج كَلْبَى کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ كَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ كَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ كَلِب: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَلِبٌ عَلٰی كَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الكَلِبَة. كَلِب: کا مؤنث۔ خاردار درخت۔ أرْضٌ كَلِبَةٌ وأرْضٌ كَلِبَةُ الشَّجَر: خشک زمین۔

المُكَلَّب: مقید بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ كِلَابٌ مُكَلَّبَة: سدھے ہوئے کتے۔

المُكَلِّب: کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُكَالِب: دلیر۔

أرْضٌ مَكْلَبَة: بہت کتوں والی زمین۔

كَلَتَ (ض) كَلْتًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ كَلَتَ بِهِ: پھینکنا۔ كَلَتَهُ فِي الإنَاءِ: برتن میں انڈیلنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو چلانا۔

اِنْكَلَتَ المَاءُ: ڈالا جانا...... الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِكْتَلَتَ المَاءَ: پینا۔

الكُلْتَة: کھانے کا حصہ۔

الكَلِيْت والكِلِيْت: لمبا پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

كَلْتَبَ كَلْتَبَةً فِيْ أمْرِه: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الكَلْتَب والكُلْتُب: کاموں میں سستی کرنے والا۔

كَلْثَمَ كَلْثَمَةً لَحْمُ الوَجْهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الكَلَج: بہادری۔

الكُلَج: قوی لوگ۔

كَلَحَ (ف) كُلُوْحًا وكُلَاحًا وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت كَالِح: کہا جاتا ہے "كَلَحَ فِيْ وَجْهِ الصَّبِيِّ او المَجْنُوْن" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

كَلَّحَ وَجْهَهُ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

أكْلَحَ وَجْهَهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا...... وَجْهَهُ: تیوری چڑھانا۔

كَالَحَ فُلَانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا...... القَمَرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَكَلَّحَ الوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا...... الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اِكْلَوَّحَ وَجْهُهُ: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ كُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

كَلَاحِ: مبنی بر کسرہ۔ قحط زدہ سال۔

الكَلْحَة: منہ اور اس کا ارد گرد۔

الكَالِح: فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ وشِتَاءٌ كَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الكَوْلَح: قبیح۔

كَلَدَ (ض) كَلْدًا وكَلَّدَا الشَّيْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔

تَكَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الكَلَد: سخت زمینیں۔ واحد كَلَدَة.

الأكْلِيْد: کنجی۔ (دخیل)

كَابُوْرِي أو خَرِيْرَة: ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو (۱۰۰) درجہ کی حرارت۔

الكَلُوْر: کمیت نمبر علامت ایٹمی نمبر۔

كَلُوْرِيْن: 17-C-L-۳۵'۴۵۷ جسم بسیط زرد سبزی مائل گیس جس کی ہوا سانس روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ۱۹۱۵ء کی جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔

صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے مراد میں داخل کی جاتی ہے۔

الكَلُوْرُوْمِيْتِيْن: ٹائیفائیڈ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوا کا نام۔

كَلَزَ (ض) كَلْزًا وكَلَّزَا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

اِكْلَازَّ اِكْلِئْزَازًا. البَازِي: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا...... الرَّجُلُ: سکڑنا۔

الكَلِز: مضبوط پٹھے والا مرد۔

كَلَّسَ البَيْتَ: گچ سے استرکاری کرنا...... الشَّيْءَ: گچ کی مانند بنانا۔ كَلَّسَ عَنْ قِرْنِهِ: بزدل ہونا اور بھاگنا...... عَلَيْهِ: حملہ

ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔

(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔

(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کر دے جیسے ناطق۔

(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضَاحِک۔

(۵) عرض عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے ماشی۔

اَلْاِکْلِیْلُ: عیسائی مرد حضرات کے سر پر شادی کا تاج۔ کہا جاتا ہے کَلَّلَ الْکَاھِنُ الْعَرُوْسَیْنِ مُکَلَّا کاھن: (پادری) نے شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے ہوئے۔

اَلْاِکْلِیْلُ الدَّائِرِی اَوِ الْحَلْقَۃُ الدَّائِرِیَّۃُ: وہ سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔

اِلْاِکْلِیْلُ: تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَکِلَّۃٌ واَکَالِیْلُ: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ اِکْلِیْلُ الْمَلِکِ: ناخنہ۔ واِکْلِیْلُ الْجَبَلِ: ایک قسم کی نباتات۔

اَلْکَلِیْلُ: تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیْفٌ کَلِیْلٌ" کند تلوار۔ ج کِلَالٌ۔

کَلَأَ (ف) کَلْأً وکِلَاءً وکِلَاءَۃً اللّٰہُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ کَلَأَہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ کَلَأَ بَصَرَہٗ فِی الشَّیْءِ: بار بار دیکھنا...... النَّجْمَ مَتٰی یَطْلُعُ: ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (...... کَلَأَ وکُلُوْءَۃً) الدَّیْنُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت کَالِیٌٔ وکَالٍ...... عُمْرُہٗ: عمر کا ختم ہونا۔

کَلَأَ وکَلِیَٔ (س) کَلَأَ الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا (...... واَکْلَأَتِ) النَّاقَۃُ: اونٹنی کا سبزی کھانا۔

کَلَّأَ تَکْلِیْئًا وتَکْلِئَۃً السَّفِیْنَۃَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا...... الرَّجُلَ: باز رکھنا...... فِی الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا...... اِلٰی فُلَانٍ فِی الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (...... تَکْلِیْئًا) بیعانہ لینا۔ (...... تَکْلِئَۃً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا...... فِی الطَّعَامِ وغَیْرِہٖ: بیع سلم کرنا۔

کَالَأَہٗ مُکَالَأَۃً وکِلَاءً: انتظار کرنا۔

تَکَلَّأَ واسْتَکْلَأَ. الْکُلْأَۃَ: بیعانہ لینا۔

اِسْتَکْلَأَ الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔

اِکْتَلَأَ کُلْأَۃً: بیعانہ لینا۔ اِکْتَلَأَتْ عَیْنُہٗ: بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْتَلَأَ مِنْ فُلَانٍ: بچنا۔

الْکَلَّاءُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔

الْکَالِیُٔ والکالی: بیعانہ۔ ادھار ج کَوَالِیٔ وکَوَالٍ۔

مَکَانٌ کَلِیٌٔ ومُکْلِیٌٔ: بہت سبزہ زار۔ مؤنث کَلِئَۃٌ ومُکْلِئَۃٌ۔

رَجُلٌ کَلُوْءُ الْعَیْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَیْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔

الْکُلَاءَۃُ: بیعانہ۔ ادھار۔

الْاَکْلَأُ: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "بَلَّغَ اللّٰہُ بِکَ اَکْلَأَ الْعُمْرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔

اَرْضٌ مَکْلَاَۃٌ: بہت سبزہ زار زمین۔

الْمُکَلَّأُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔

کَلَبَ (ن) کَلْبًا الْفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز مارنا...... الْمَزَادَۃَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔

کَلَبَ (ض) کَلْبًا الرَّجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لئے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔ الْکَلْبُ: کتے کا لالچی ہونا۔

کَلِبَ (س) کَلَبًا: پیاسا ہونا...... الْکَلْبُ: دیوانہ ہونا...... الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا...... عَلَی الْاَمْرِ: حریص ہونا...... فِی کَذَا: امید رکھنا...... عَلَی الرَّجُلِ: اصرار کرنا...... الرَّجُلُ: بغیر آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک کرنا۔ فرومایگی کرنا...... الْکَلْبُ: کتے کا لالچی ہونا...... الْقِدُّ عَلَی الْاَسِیْرِ: خشک ہونا...... الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا...... الشِّتَاءُ والزَّمَانُ: سخت ہونا۔

کُلِبَ کَلَبًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔

کَلَّبَ الْکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔

کَالَبَ کِلَابًا ومُکَالَبَۃً الرَّجُلَ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔

اَکْلَبَ الْقَوْمُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

تَکَالَبَ الْقَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا...... عَلَی کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہوگئے۔

اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا...... الْکَلْبُ: کتے کا لالچی ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔

الْکَلْبُ: ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتا ج کِلَابٌ. واَکْلُبٌ وجمع اَکَالِبُ وکِلَابَاتٌ

الْکَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ مِنَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِہٖ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کَفَّ عَنْہُ کِلَابَہٗ" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی اور فُلَانٌ بِوَادِی الْکَلْبِ: جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الْکَلْبُ: وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ الْمَاءِ او

كَفِيْ الرَّجُلَ: مرد کا قائم مقام۔ الكِفِي: بارش۔

اَلْكَاكَاو: وسطی امریکہ کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوٹے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (ککالا) جاتا ہے۔

المكافات: مص۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُكَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی اُمید کی۔

كَلَّ (ض) كَلًّا وكِلَّةً وكَلالاً وكُلُوْلاً وكَلالَةً وكُلُوْلَةً: تھکنا۔ صفت كَالٌّ: بے والد اور بے اولاد ہونا...... السَّيْفُ وغَيْرُهُ: تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت كَلٌّ وكَلِيْلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

كَلَّلَ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا...... عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا...... فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا...... الرَّجُلُ: اپنے اہل وعیال کو ضائع کرنے کے لئے چھوڑ دینا...... السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّلَ تَكْلِيْلَةَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا...... عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا...... هُ: تاج پہنانا...... هُ بِالْحِجَارَةِ: پتھراؤ کرنا...... السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔

اَكَلَّ الْبُكَاءُ بَصَرَهُ: نگاہ کا مدہم کر دینا...... البَعِيْرَ: اُونٹ کو تھکا دینا...... الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔

تَكَلَّلَ: تاج پہنانا...... الشَّيْئُ بِهٖ: احاطہ کرنا۔ تَكَلَّلُوْهُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (...... واِكْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا واِكْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔

اِنْكَلَّ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا...... الرَّجُلُ: مسکرانا...... السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔

الكَلُّ: مص کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خبر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور كَلٌّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع كُلُوْل: کہتے ہیں۔

كُلٌّ: ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لئے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً اور ما مصدریہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كُلَّمَا اَتَاكَ زَيْدٌ اَكْرِمْهُ" یعنی زید جب بھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "هُوَ الْعَالِمُ كُلُّ العَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ" و "اَقَمْنَا حَوْلاً كَامِلاً كُلَّهٗ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "كُلُّ شَيْئٍ فَعَلُوْهُ بِحِكْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَكُلُّ رَفِيْقَيْ كُلِّ رَحْلٍ وانْ هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وَكُلُّ النَّاسِ سَوْفَ تَدْخُلُ بَيْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وَكُلُّ مُصِيْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضافہ ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرَ یا كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوْا: اور مقطوع عن الاضافہ: کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے كُلٌّ حَضَرَ وكُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے اور تقدیر پہلی مثال میں كُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں كُلُّهُمْ اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَا جَاءَ كُلُّ الْقَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے كُلُّهُمْ لَمْ يَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الكُلُّ لاِحَاطَةِ الاَفْرَادِ.

كَلاَّ: ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الكَلَّة كَلَّ: کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔

الكُلَّة: تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے كُلَّةُ اِمْرَأَةٍ: جیسے كُلُّ امْرِئٍ.

الكِلَّة: باریک پردہ۔ مچھردانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج كِلَلٌ وكِلاَّتٌ (...... والكِلَل) حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكِلَّةِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الكَلالَة: تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لئے نسبی رشتہ وارنہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الكَلالَةِ وابْنُ عَمٍّ كَلالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الكُلِّيُّ: کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الكُلِّي: علم الٰہی۔

كُلِّيَّةُ الشَّيْئِ. بتمامہ: کہا جاتا ہے "تَنَاوَلَهٗ بِكُلِّيَّتِهٖ" یعنی بتمامہ لے لیا۔

اَلْكُلِّيَّةُ: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔

الكُلِّيَّات فِيْ عُرْفِ المَنْطِقِيِّيْنَ: وہ مفہوم

برتنا یا [illegible] تکلیف [illegible] واسطہ دور کرنا۔

تَكَفْكَفَ عَنْهُ: باز رہنا۔ پھر جانا۔

كَفَلَ (ن) كَفْلاً و كَفْلَةً فُلاناً: نان ونفقہ کا ذمہ دار ہونا...... **فِي صِيَامِهِ**: لگا تار روزے رکھنا...... **الشَّيَ إِلَيْهِ**: ملانا۔

كَفَلَ (ن س) وكَفِلَ (س) وكَفُلَ (ک) كَفْلاً وكُفُولاً الرَّجُلَ وبِالرَّجُلِ والمَالَ وبِالمَالِ: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَفَلَ عَنْهُ بِالْمَالِ لِغَرِيْمِهِ" اس نے قرض خواہ کے لئے مال کی ذمہ داری کی۔

كَفَّلَهُ: نان ونفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔

كَفَّلَهُ وأَكْفَلَهُ إِيَّاهُ: ضامن بنانا۔ **كَفَّلَ القَاضِيَ الخَصْمَ**: ضامن لینا۔ **أَكْفَلَ زَيْدٌ عَمْرًوا**: مال کا ضامن ہونا۔

كَافَلَهُ مُكَافَلَةً: معاہدہ کرنا۔

تَكَفَّلَ لَهُ بِكَذَا: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَكَفَّلَ بِالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا(...... **واكْتَفَلَ) البَعِيْرَ**: اونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ **اِكْتَفَلَ بِفُلاَنٍ**: اپنے پیچھے سوار کرانا...... **بِالشَّيْ**: پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے **اِكْتَفَلُوْا بِالْجَبَلِ**: یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔

تَكَافَلَ القَوْمُ: بعض بعض کا ضامن ہونا۔

الكِفْلُ: دو چند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکلے' وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے' وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے میں مستعد رہے' وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے' چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے' وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج اَكْفَال.

الكِفْلُ مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پھیلا حصہ۔ ج اَكْفَال.

الكَافِلُ: فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے در پے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلاَنٌ كَافِلاً" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج كُفَّل.

الكَفَالَةُ: ضمانت (اسم ہے كَفَلَ: سے) ج كَفَالاَت.

الكَفِيْلُ: ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَفِيْلٌ وامْرَأَةٌ كَفِيْلَةٌ وقَوْمٌ كَفِيْلٌ" ج كُفَلاء.

الكُفُوْلَةُ: اسم ہے کفل کا اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

كَفَنَ (ض) كَفْناً الجَمْرَ بِالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا...... **الصُّوفَ**: اون کاتنا...... **الخُبْزَةَ فِي المَلَّةِ**: بھوبل میں روٹی چھپانا۔ (...... **وكَفَّنَ) المَيِّتَ**: کفن دینا۔

تَكَفَّنَ بِكَذَا: چھپنا۔

الكَفْنُ: مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ كَفْنٌ" بے نمک کھانا۔

الكَفَنُ: کفن۔ ج اَكْفَان.

الكَفْنَةُ: ایک درخت کا نام ہے اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الكُفْنَةُ: عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُكْفِنُوْنَ" یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الكَافِةُ: فوج کا سردار۔

اِكْفَهَرَّ. **اِكْفَهَرَّاراً اللَّيْلُ**: رات کا سخت تاریک ہونا...... **السَّحَابُ**: بادل گھٹا ٹوپ ہونا...... **الرَّجُلُ**: تیوری چڑھانا...... **النَّجْمُ**: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُكْفَهِرُّ: فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ مُكْفَهِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلاَنٌ مُكْفَهِرٌّ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔

خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الكِفْوُ والكِفْيُ: مثل اور نظیر۔

كَفَى يَكْفِي كِفَايَةً الشَّيُ: کافی ہونا۔ صفت كَافٍ. **كَفَى الشَّيُ فُلاَناً**: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا۔ **وكَفَى فُلاَناً مُؤْنَتَهُ**: کارگزاری کر دینا اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا "كَفَيْتُهُ شَرَّ عَدُوِّهِ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا اور کفی کے فاعل پر با کی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "كَفَى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلاً مرفوع ہے اور شہیداً تمیز ہے۔

كَافَى كِفَاءً ومُكَافَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔ کافی ہونا۔

تَكَفَّى النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔

اِكْتَفَى بِكَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔

اِسْتَكْفَى الرَّجُلَ الشَّيْ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَكْفَيْتُهُ الأَمْرَ فَكَفَانِيْهِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔

الكِفَايَةُ: مص۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔

الكَفْيُ والكِفْيُ والكُفْيُ: جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَفْيُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لئے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ **الكِفْيُ**: اندرونِ وادی۔ ج اَكْفَاء.

الكُفْيَةُ: گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج كُفًى.

الكَفِيُّ والكَافِي: جو تمہارے لئے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ كَافِيْكَ مِنْ رَجُلٍ ورَجُلاَنِ كَافِيَاكَ مِنْ رَجُلَيْنِ ورِجَالٌ كَافُوْكَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لئے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔

الـكَـفِـيْـت: مص۔ توشہ دان۔۔۔۔۔ مِـنَ الـرِّجَالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ کَفِيْتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ کِفَاتًا و مُکَافَتَۃً: اچانک مر گیا۔

الکَفَّات: اسم مبالغہ۔ شیر۔

الـمُـکْـفِـت: دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔

کَفَحَ (ف) کَـفْـحًا الْعَدُوَّ: دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔۔۔۔۔ بِـالْـعَـصَـا: لاٹھی سے مارنا۔۔۔۔۔ لِـجَـامَ الدَّابَۃِ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا۔۔۔۔۔ الشَّـیْءَ: سر پوش اتارنا۔ الْمَرْأَۃَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

کَـفِـحَ (س) کَـفَـحَـاعَـۃً: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔

کَـافَـحَ الْقَوْمُ اَعْدَاءَ ھُمْ: بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یُـکَـافِـحُ الاُمُـوْرَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ کَـافَـحَ عَنْـہُ: مدافعت کرنا۔ کَـافَـحَ الْمَرْأَۃَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

اَکْـفَـحَ الـدَّابَۃَ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا۔۔۔۔۔ فُلَانًـا عَـنْ نَفْسِہٖ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

تَـکَـافَـحَ الْقَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔

تَـکَـافَـحَتِ الْاَمْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا۔۔۔۔۔

الکِبَاشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔

الکِفَاح: مص کہا جاتا ہے "لَـقِیْتُہٗ کِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔

الـکَـفِـیْـح: نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا مہمان۔

الاَکْفَح: کالا۔

الکُفْحَۃ: چھوٹی سی جماعت۔

کَـفَـخَـہٗ (ف) کَـفْـخًا: طمانچہ مارنا۔۔۔۔۔ ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

الکُفْخَۃ: جمع شدہ سفید مکھن۔

رَجُلٌ مِکْفَخٌ و عَمُوْدٌ مِکْفَخٌ: مضبوط۔

کَفَرَ (ن) کَـفْرًا و کُفْرًا. الشَّیْءَ: چھپایا۔ کہا جاتا ہے "کَـفَـرَ دِرْعَہٗ بِثَوْبِہٖ" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپایا۔۔۔۔۔ الـلَّـیْـلُ الشَّـیْءَ وعَـلَی الشَّیْءِ: ڈھانکنا۔۔۔۔۔ الجَھْلُ عَلٰی عِلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا (۔۔۔۔۔ کَفْرًا و کُفْرًا و کُفُوْرًا و کُفْرَانًا) ایمان کی ضد۔۔۔۔۔ بِـالْـخَـالِقِ: نفی کرنا (۔۔۔۔۔ کُـفْـرًا و کُفُوْرًا و کُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰہِ و بِنِعَمِ اللّٰہِ: ناشکری کرنا۔۔۔۔۔ بِکَذَا: بیزار ہونا۔

کَـفَّـرَ الشَّـیْءَ: چھپانا۔۔۔۔۔ الـرَّجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ کَـفَّرَ لَہٗ: تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا۔۔۔۔۔ الـلّٰـہُ لَہُ الذَّنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا۔۔۔۔۔ عَـنْ یَـمِـیْـنِـہٖ او اِثْمِہٖ: کفارہ ادا کرنا۔

کُفِّرَ لِلْمَلِک: تاج پہنایا جاتا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم لازم ہو۔

کَافَرَ مُکَافَرَۃً. فُلَانًا حَقَّہٗ: انکار کرنا۔

اَکْفَرَ: طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا۔۔۔۔۔ الـرَّجُـلَ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔

اَکْفَرَ الرَّجُلُ: دیہات میں رہنا۔

اِکْتَفَرَ: دیہات میں رہنا۔

الـکَـفْـر: مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی۔ مٹی الـکَـفْـر: دیہات۔ ج کُـفُـوْر (۔۔۔۔۔ والکِفْر والکُفْرَۃ) رات کی تاریکی۔

الـکُفْر والکُفْرَان: ضد ایمان۔ الکُفْرَان: ناشکری۔ الـکُـفْـر: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔

الـکَـفَـر والکَفَرّٰی والکُفُرّٰی والکِفِرّٰی: کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الـکَـفَر: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد کَفَرَۃٌ۔

الکَفِر مِنَ الْجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔

الـکَـافِـر: ف۔ اللہ تعالٰی کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج کَافِرُوْنَ کَفَرَۃٌ وکُفَّار (کُفّار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو مومن نہیں ہے اور کَفَرَۃٌ کا استعمال اس کَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الـکَـافِر: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا تخم

الکَافِرُ مِنَ الْخَیْلِ: کالا گھوڑا۔

الـکَـافِرَۃ: کافر کا مؤنث۔ ج کَـافِرَات وکَوَافِر. الکَوَافِر: شراب کے مٹکے۔

الـکَفُوْر: کافر۔ ج کُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الکَافُوْر: ایک خوشبودار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج کَـوَافِـیْـر وکَوَافِر.

الـکَفَّار: اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ کَفَّارٌ: اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الـکَـفَّـارَۃ: کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُکْفِر والمُتَکَفِّر: ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُکَفَّر: مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔ طَائِرٌ مُکَفَّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

کَفِسَ (س) کَفَسًا الصَّبِیُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَکْفَس: مؤنث کَفْسَاءُ ج کُفْس.

کَفِسَتْ وانْکَفَسَتْ رِجْلُہٗ: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْکَفَسَ الرَّجُلُ: مرد کا دوہرا ہونا۔

الکِفَاس: بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔ کَـفْـکَـفَـہٗ عَنْ کَذَا: پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کَـفْـکَفَ الدَّمْعَ: آنسو بار بار پونچھنا۔۔۔۔۔ الـرَّجُلُ: قرض دار سے تنگی

کے مانند پایا جاتا ہے "دَعْنِیْ كَفَافِ" مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "وَلَمَعَ الْبَرْقُ فِیْ كِفَافِ السَّحَابِ" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "وَجِئْتُہٗ فِیْ كِفَافِ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصہ میں آیا۔

اَلْكِفَافُ مِنَ الشَّيْءِ: گھیرا...... مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کی گوٹ۔ كِفَافُ السَّيْفِ: تلوار کی دھار۔ كِفَافُ السَّحَابِ: بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً كِفَافُ الْاُذُنِ. ج اَكِفَّۃٌ.

اَلْكَافُّ: فا۔ ج كَفَفَۃٌ. وَنَاقَۃٌ كَافٌّ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔ رَجُلٌ كَافٌّ: اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

اَلْكَافَّۃُ: کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ النَّاسُ كَافَّۃً" یعنی سب آئے۔ (اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) اَلْكَافَّۃُ: بوڑھی اونٹنی۔

اَلْكَفُوْفُ مِنَ النُّوْقِ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اُونٹنی۔

اَلْمُكَافَّۃُ: ایک دوسرے کو روکنا۔

اَلْمَكْفُوْفُ ج مَكَافِيْفُ والْكَفِيْفُ: اندھا۔

اَلْمُسْتَكِفُّ: گول۔

اَلْمُسْتَكِفَّاتُ: چشمے۔ اکٹھے اونٹ۔

كَفَأَ (ف) كَفْأً: پھرنا۔ شکست کھانا...... عَنِ الْقَصْدِ: میانہ روی سے تجاوز کرنا۔ الرَّجُلَ: کسی کو دھتکارنا (...... وَكَفَّأَ وَاَكْفَأَ) الْاِنَاءَ: برتن کو اُلٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

كَافَأَ الرَّجُلَ عَلٰى مَا كَانَ مِنْہُ: بدلا دینا...... فُلَانًا: انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَيْنَ الْفَرَسَيْنِ بِرُمْحِہٖ: ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اَكْفَأَ: جھکنا...... الْاِنَاءَ: برتن کو اُلٹ دینا۔ جھکا دینا۔ اَكْفَأَتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کا بہت بچے دینا۔ اَكْفَأَ الْبَيْتَ: گھر پر پردہ لگانا...... الشَّاعِرُ: بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقے سے خراب کر دینا۔

تَكَفَّأَ فِیْ مِشْيَتِہٖ: لڑکھڑانا۔

اِكْتَفَأَ الْاِنَاءَ: برتن کو جھکانا...... پلٹ دینا۔ الْاِبِلَ: اُونٹوں کو لوٹ ڈال کر لے بھاگنا۔

تَكَافَأَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

اِنْكَفَأَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا' واپس ہونا۔ شکست کھانا...... اِلٰى كَذَا: جھکنا...... اللَّوْنُ: متغیر ہونا' رنگ بدلنا۔

اِسْتَكْفَأَ فُلَانًا اِبِلَہٗ: ایک سال کی اُونٹوں کی پیدائش۔ کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے: "اِسْتَكْفَأْتُہٗ اِبِلَہٗ فَاَكْفَأَنِيْہَا" یعنی میں نے اس سے اس کے اُونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ' اون' بچے سب دے دیے "اِسْتَكْفَأْتُ فُلَانًا" برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

اَلْكَفَاءُ وَالْكَفَاءَۃُ: برابری۔ مساوات۔

اَلْكِفَاءُ: مصدر كَافَأَ: کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ كِفَاءَ الْوَاجِبِ" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے "وَهٰذَا كِفَاءُہٗ" یہ اس کے مثل ہے "وَلَا كِفَاءَ لَہٗ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ كِفَاءُ الْبَيْتِ: خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج اَكْفِئَۃٌ.

اَلْكُفْءُ وَالْكِفْءُ وَالْكِفْءُ: مثل و نظیر۔ ج اَكْفَاءٌ وَكِفَاءٌ.

اَلْكُفُوْءُ وَالْكُفْوءُ وَالْكَفِیُّ وَالْكَفِيْئَۃُ: مماثل۔

اَلْكَفْأَۃُ وَالْكُفْأَۃُ مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار...... فِی الْاِبِلِ: ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ کے بعد کی سالانہ پیدائش...... فِی الْاَرْضِ: سال بھر کی کھیتی تم کہتے ہو

...... "مَنَحْتُہٗ كَفْأَۃَ غَنَمِیْ" جبکہ تم ایک سال کے لئے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

اَلْكَفِیُّ: مماثل بطن وادی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَفِیُّ اللَّوْنِ" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔

كِفْءُ الْوَادِیْ: اندرون وادی۔

اِلْاِكْفَاءُ: مصدر اَكْفَأَ...... عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُہٗ مُكْتَفِئَ اللَّوْنِ وَمُكْفَأَ اللَّوْنِ" میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔

كَفَتَہٗ (ض) كَفْتًا: پھیر دینا...... ہُ اللّٰہُ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اكْفِتْہُ اِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَّیْءُ: الٹ جانا (...... وَكَفَّتَ) الشَّیْءَ اِلٰى نَفْسِہٖ: اپنے ساتھ ملانا...... الشَّیْءَ: قبض کرنا...... فُلَانٌ ذَيْلَہٗ: دامن سمیٹنا۔

كَفَتَ (ض) كَفْتًا وَكِفَاتًا وَكَفِيْتًا وَكُفَاتًا تَكَفَّتَ الطَّائِرُ وَغَيْرُہٗ: پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِیْ مَسِيْرِہٖ: دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا سمٹنا۔

كَافَتَ مُكَافَتَۃً وَكِفَاتًا الرَّجُلَ: دوڑنے میں سبقت کرنا...... الرَّجُلُ: اچانک مرنا۔

اِنْكَفَتَ: پھرنا۔ سکڑنا...... الْفَرَسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔

اِكْتَفَتَ الْمَالَ: سب لے لینا۔

اَلْكَفْتُ: مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (...... وَالْكِفْتُ) چھوٹی ہانڈی۔

اَلْكُفْتُ وَالْكُفْتَۃُ مِنَ الْخَيْلِ: بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔

اَلْكِفَاتُ: مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الكَعْسَم: گورخر۔ ج كَعَاسِم.

كَعْطَل كَعْطَلَةً: تیز دوڑنا...... **بِيَدِهٖ**: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الكَعِيْظ والمُكَعَّظ: پستہ قد۔ موٹا مرد۔

كَعْظَلَ كَعْظَلَةً: تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ ...... **بِيَدِهٖ**: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الـكَـعْـک: کیک۔ واحد كَـعْـكَة ج كَعْكَات (دخیل)

تَـكَـعَّـلَ التَّمرُ ونَحْوُهٗ: ایک دوسرے کے ساتھ گتھا ہوا ہونا۔

الـكَـعْـل: بخیل مالدار۔ پائخانہ گوبر (...... والكُعَل) کالا پستہ قد مرد۔

الـمُـكَـعِّـل: غصہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔

كَعَمَ (ف) كَعْـمًـا الوِعَـاءَ: برتن کا منہ باندھنا۔ **الـبَعِـيْـرَ**: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا...... **الـحَوْفُ فُلَانًا**: ہٹانا...... **الـمَرْأَةَ**: عورت کا بوسہ لینا۔

الكِعْم: ہتھیار کا گیس۔ نیام۔ ج كِعَام۔

الكِعَام ج كُعُم والكِعَامَة: تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تا کہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

كُعُوْمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کے دہانے۔

بَعِيْرٌ مَكْعُوْمٌ: تھوتھنی چڑھایا ہوا اونٹ۔

اَكْـعَـنَ الـرَّجُـلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔

تَيْـسٌ مُـكَـعْنَبُ القَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔

تَكَعْنَشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔ ...... **فُلَانٌ فِي الشَّيِ**: مستغرق ہونا۔

كَعَا يَكْعُوْ كَعْوًا: بزدل ہونا۔

الكَاعِي: فا۔ شکست خوردہ۔

الاَكْعَاء: بزدل لوگ۔

اَلْكُعْوَةُ: وہ جو کفاعت کرے۔

الكَاغِد والكَاغَد: کاغذ۔

الكَاغِدِيّ: کاغذ بیچنے والا۔

كَفَّ (ن) كَفًّـا وكَفَـافَةً. الثَّوْبَ: لپیٹ کرنے کے بعد دوبارہ سینا (...... كَـفْـفًـا) **الإِنَاءَ**: برتن کو بہت بھرنا...... **الشَّيْءَ**: جمع کرنا ...... **رِجْلَهٗ**: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا...... **القَبِيْلَةَ**: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا...... **مَـاءَ وَجْهِـهٖ**: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا ...... **عَـنِ الْاَمْرِ**: باز رہنا...... **هُ عَنِ الْاَمْرِ**: باز رکھنا (...... **كَـفُـوْفًا**) **النَّاقَةُ**: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔

كَفَّ وكُفَّ. بَصَرُهٗ: اندھا ہونا۔

تَـكَـفَّـفَ النَّـاسَ: لوگوں سے مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا...... **الـرَّجُلُ**: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا **عَنِ الْاَمْرِ**: چھوڑنا...... **دَمْـعَهٗ**: آنسو کا رکنا۔

تَكَافَّ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا...... **القَوْمُ**: ایک دوسرے کو روکنا۔

اِنْكَفَّ: باز رہنا...... **عَنِ الْمَكَانِ**: چھوڑنا۔

اِسْـتَكَفَّ الشَّيْءَ: ہاتھ میں لینا...... **الـنَّاسَ**: مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا...... **هُ عَنِ الشَّيِ**: رکنے کے لئے کہنا...... **الـنَّاسُ حَوْلَهٗ**: دیکھنے کے لئے احاطہ کرنا۔ **اِسْـتَـكَـفَّـتِ الـحَيَّةُ**: کنڈلی مارنا...... **الـنَّـاظِرُ**: دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا ...... **عَيْـنَـهٗ**: دیکھنے کے لئے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ **اِسْـتَـكَـفَّـتْ عَيْنُهٗ**: ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا...... **فُلَانٌ بِالصَّدَقَةِ**: صدقہ مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا...... **بِـهٖ الـنَّـاسُ**: احاطہ کرنا ...... **الـشَّـعْـرُ**: بال بکثرت ہونا...... **الـشَّـيْءُ**: گول ہونا۔

الـكَـفّ: مص۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج اَكُفّ وكُـفُـوْف وكُفّ. **كَفُّ السَّبُعِ وكَفُّ الكَلْبِ وكَفُّ الذِّئْبِ وكَفُّ مَـرْيَـمَ وكَفُّ اٰدَمَ وكَفُّ الْاَسَـدِ وكَفُّ الـضَّـبُـعِ وكَفُّ الـقِـرْدِ وكَفُّ الاَجْـذَمِ وكَفُّ الـجَلْمَاءِ وكَفُّ عَائِشَةَ**: گھاس کی قسمیں۔ **الـكَفُّ**: نعت...... **عِـنْـدَ الْعُرُوْضِيِّيْنَ**: ساتویں حرف ساکن کا ساقط کر دینا جیسے فاعلاتن کا نون۔

الـكَـفَّـة: کف کا اسم مرۃ۔ **كَفَّةُ الـمِيْزَان**: ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "وَاَيْـتُـهٗ كَفَّةً كَفَّةً" مبنی بر فتح وكَفَّةً لِكَفَّةٍ وكَفَّةً عَنْ كَفَّةٍ: یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔

الـكِـفَّـة: ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو...... **مِـنَ الْمِيْزَانِ**: ترازو کا پلڑا...... **مِنَ الدَّفِّ**: ڈھول کا ڈھانچہ۔ **كِـفَّـةُ الـصَّـائِدِ**: شکاری کا جال۔ ج كِـفَـف وكِـفَـاف.

الـكِـفَّـةُ الـجَـنُـوْبِيَّةُ والكِفَّةُ الشِّمَالِيَّةُ: دو ستاروں کے نام اور کہا جاتا ہے "الـذَّهَـبُ بِـالـذَّهَـبِ والـكِـفَّـةُ بِالكِفَّةِ" یعنی برابر سر برابر **جِـئْـتُـهٗ فِـيْ كِفَّةِ اللَّيْلِ**: میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔

الكُفَّة: چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ **الكُفَّةُ مِنَ الشَّجَرِ**: درختوں کی انتہا...... **مِنَ النَّاسِ**: لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے...... **مِنَ الغَيْمِ**: بادل کا کنارہ...... **مِنَ اللَّيْلِ**: دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں ...... **مِـنَ الـدِّرْعِ**: زرہ کا دامن...... **مِـنَ الرَّمْلِ**: ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو...... **مِنَ الـثَّـوْبِ**: کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھور نہ ہو...... **مِنَ اللِّثَةِ**: مسوڑھے کا کنارے ہوا حصہ۔ **كُفَّةُ القَمِيْصِ**: دامن کے ارد گرد کی گوٹ۔ ج كُفَف وكِفَاف.

الكَفَفُ: سوال کے لئے ہاتھ پھیلانا...... **مِنَ الـرِّزْقِ**: گزارہ کے لائق روزی...... **فِـي الوَشْمِ**: گودنے کے حلقے۔

الـكِـفَف فِي الوَشْمِ: گودنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔

الـكَفَاف مِنَ الرِّزْقِ: گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی کہا جاتا ہے "قُوْتُـهٗ كَفَافٌ حَاجَتِهٖ" یعنی اس کا گزارہ بغیر کسی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "وفُلَانٌ لَـحْـمُـهٗ كَفَافٌ لِاَدِيْمِهٖ" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا بھرا ہوا ہے۔ **كَفَافُ الشَّيْءِ**:

اندر پانی لے جانے کا سوراخ۔ **كِظَامَةُ الْبَابِ**: دروازہ بند کرنے کی چیز...... **والكِظَامَةُ**: دو قریب قریب کنوؤں کے درمیان نالی۔

الكِظَامَة: توشہ دان۔ ج كَظَائِم.

الكَاظِم: فا۔ خاموش۔ ج كُظَّم. **بَعِيرٌ كَاظِمٌ**: پیاسا اونٹ۔

إِبِلٌ كُظُومٌ: اونٹ جو جگالی نہ کرے۔

الكَظِيمُ والمَكْظُومُ: مصیبت زدہ۔

الكِظَامُ: دروازہ بند کرنے کی چیز۔

كَظَا يَكْظُو كَظْوًا اللَّحْمُ: گوشت سخت ہونا۔

تَكَظَّى لَحْمُهُ سِمَنًا: موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔

أَرْضٌ كَاظِيَةٌ: خشک زمین۔

كَعَّ (ن ض) كَعًّا وكُعُوعًا وكَعَاعَةً وكَيْعُوعَةً: کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔

أَكَعَّ فُلَانًا: خوف دلانا۔ بزدل بنانا...... **فِي كَلَامِهِ**: کلام میں رکنا...... **الخَوْفُ فُلَانًا**: ارادہ سے باز رکھنا۔

الكَعُّ والكَاعُّ: کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَعُّ الوَجْهِ" فلاں سبک رخسار ہے۔

كَعَبَ (ن ض) كُعُوبًا وكُعُوبَةً وكِعَابَةً الجَارِيَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت كِعَاب وكَاعِب.

كَعَّبَ (ف) كُعُوبًا الثَّدْيُ: پستان اُبھرنا۔ (...... كَعْبًا) **الإِنَاءَ**: برتن بھرنا...... **فُلَانًا**: خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔

كَعَّبَ الإِنَاءَ: برتن بھرنا...... **الشَّيْءَ**: چوکور بنانا۔ **كَعَّبَتِ الجَارِيَةُ**: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔

أَكْعَبَ: دوڑنا۔

الكَعْبُ: دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج كُعُوب: کہا جاتا ہے "أَعْلَى اللهُ كَعْبَهُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَهَبَ كَعْبُهُمْ" ان کی عزت تباہ ہوگئی و "رَجُلٌ عَالِي الكَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔ **الكَعْبُ**: پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج كِعَب وكِعَاب **والكَعْبُ فِي عِلْمِ الهَنْدَسَةِ**: مربع جسم۔

الكَعْبُ: ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج كِعَاب وكُعُوب وأَكْعُب.

الكِعَاب: نرد کے مہرے۔ واحد كَعْبٌ وكَعْبَةٌ.

تَكْعِيبُ عَدَدٍ مَا: تین برابر اعداد کا حاصل ضرب جیسے ۶ کا کعب ۲۱۶=۶x۶x۶

الكُعْب: اُبھری ہوئی پستان۔

الكَعْبَة: نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ حجرہ کمرہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج كِعَاب وكعبات.

الكُعْبَة: دوشیزگی۔

جَارِيَةٌ كَعَابٌ ومُكَعِّبٌ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهُهُ مُكَعَّبٌ".

الكَاعِبُ مِنَ الجَوَارِي والثُّدِيِّ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج كَوَاعِب.

المُكَعَّب: مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ **وَفِي الحِسَابِ مُكَعَّبُ العَدَدِ**: چو گنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔

مُكَعِّبٌ: اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)

مُكَعَّبَةٌ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لئے زنبیل۔

كَعْبَرَهُ كَعْبَرَةً بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الكَعْبَرَة: مص...... **مِنَ النِّسَاءِ**: گنجی اکھڑ عورت۔

الكُعْبُرُ مِنَ العَسَلِ: شہد کے چھتہ میں جو جمع ہو۔

الكُعْبُرَةُ: سخت گرہ دار ہڈی۔ بند دست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز جس کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پاخانہ جو اونٹ کی دم پر خشک ہو جائے۔ **كُعْبُرَةُ الكَتِفِ**: مونڈھے کا گول حصہ۔ **كُعْبُرَةُ الوَظِيفِ**: پنڈلی کے نچلے حصہ کے ملنے کی جگہ۔ ج كَعَابِر. **الكَعَابِر**: ہڈیوں کے سرے۔

الكُعْبُورَة: گرہ۔ جمع شدہ۔ غلہ میں سے جو پھینک دیا جائے ج كَعَابِر.

أَكْعَتَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصہ سے پھولنا۔

الكُعْت: پستہ قد مرد۔ مؤنث كُعْتَة.

الكُعْعَة: شیشی کا سربند۔

كَعْتَرَ: تیز چلنا۔ تیز دوڑنا۔ **فِي مَشْيِهِ**: مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

الكُعْتُر: چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔

الكُعْد: کون۔

الكُعْدَة: شیشی کا سربند۔

الكُعْذُب: فرومایہ۔ بے مروت مرد۔

الكُعْذُبَة: پانی کا بلبلہ۔

كَعِرَ (س) كَعَرَ الصَّبِيُّ: پرشکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت كَعِرٌ. **كَعِرَ البَطْنُ**: پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا (...... وكَعَّرَ وأَكْعَرَ) **البَعِيرُ**: اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔

كَعَرَ يَكْعَرُ كَعْرًا: ملامت کرنا۔

الكُعْر: کوہان۔

الكُعْرَة: غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔

الكُعْوَرَة: بڑی ناک والا۔

كَعَزَ (ف) كَعْزًا: انگلیوں سے چننا۔

الكَعْس: ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج كِعَاس.

كَعْسَبَ كَعْسَبَةً الرَّجُلُ: دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

كَعْسَمَ كَعْسَمَةً: پیٹھ دے کر بھاگنا۔

موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد پکایا جاتا ہے۔ الکِشک: گنبد دار محل (دخیل)

کَشْکَشَ کَشْکَشَۃً: بھاگنا۔ کَشْکَشَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔

الکَشْکَشَۃ: مص ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اَکْرَمْتُشِ وعَلَیْشِ اَکْرَمْتُکِ وعَلَیْکِ: میں۔

الکَشْکُوْل والکَشْکُوْلَۃ: بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لئے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔

کَشَمَ (ن) کَشْمًا وکَشَّمَ واکْتَشَمَ. الانفَ: ناک جڑ سے کاٹنا۔

کَشِمَ (س) کَشْمًا: پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اَکْشَم.

کَشَمَ (ض) کَشْمًا القِثَّاءَ او الجَزَرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔

اَنفٌ کَشِمٌ واَکْشَمُ: جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔

الکَشْم والاَکْشَم: تیندوا۔

کَشْمَرَ: رونے کے لئے آمادہ ہونا...... اَنْفَہٗ: ناک توڑ دینا۔

الکِشْمِش: کشمش واحد کِشْمِشَۃ.

کَشَاہُ یَکْشُوْہ کَشْوًا: دانتوں سے کاٹ کھانا۔

الکُشْیَۃ: گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دم کی جڑ۔ ج کُشًی.

کَصَّ (ض) کَصًّا القومُ: اکٹھا ہونا(...... کَصِیْصًا) الماءُ بالناسِ: پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا(...... کَصًّا وکَصِیْصًا) الصوتُ: آواز باریک ہونا۔

اَکَصَّ: بھاگنا اور شکست کھانا۔

تَکَاصَّ واکْتَصَّ القومُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔

الکَصِیْص: مص شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ و تاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔

الکَصِیْصَۃ: جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج کَصَائِص.

کَصْکَصَ: تیز چلنا۔

کَضَمَ (ض) کُضُوْمًا: پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا(...... کَضْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ الرَجُلَ: سختی سے ہٹانا۔

کَضَی یَکْضِیْ کَضْیًا: رفعت کے بعد خسیس ہونا۔

کَضْکَضَ: تیز چلنا۔

کَضَلَ (ن) کَضْلاً: ہٹانا، دور پھینکنا۔

کَظَّ (ن) کَظًّا الطعامُ فلانًا: زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا...... الغَیْظُ صَدْرَہٗ: سخت غضبناک ہونا...... الحَبْلَ: رسّی باندھنا۔

کَظَّہٗ: چاروں طرف سے گھیر دینا(...... کَظَاظًا و کِظَاظَۃً الامرُ فلانًا) غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا ...... المَسِیْلُ بالماءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔

کَاظَّہٗ کِظَاظًا ومُکَاظَّۃً: جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔

تَکَاظَّ القومُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔

اِکْتَظَّ مِنَ الطعامِ: سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا...... المَسِیْلُ بالماءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا ...... المَحلُّ: لوگوں سے بھر جانا...... اِکْتَظَّہٗ الغَیْظُ: سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔

الکِظَّۃ: بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی تکلیف۔

الکِظَاظ: مص۔ تھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔

الکَظّ: مص کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَظٌّ" سخت گیر مرد(...... والکَظِیْظ والمُکَظَّظ والمَکْظُوْظ: شخص جس کو اُمور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔

الکَظِیْظ والمَکْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔

الکَظِیْظ: بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی بَابِ فُلانٍ کَظِیْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔

طَعَامٌ مُکِظَّۃٌ: بدہضمی والا کھانا۔

کَظَبَ (ن) کُظُوْبًا: بہت موٹا ہونا۔

کَظَرَ (ن) کَظْرًا. القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لئے دندانہ بنانا...... الزَنْدَۃَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔

الکُظْر: کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی(...... والکُظْرَۃ) گردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لئے جائیں۔

الکِظْر: ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔

کَظَمَ (ض) کَظْمًا البابَ: دروازہ بند کرنا ...... النَّھْرَ: نہر کو روکنا...... القِرْبَۃَ: مشک بھرنا اور منہ باندھنا...... البعیرَ بالکِظَامَۃِ: اونٹ کو نکیل لگانا...... الشیَٔ وعلَی الشیِٔ: روکنا کُظُوْمًا البعیرُ: اونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلانٌ عَلٰی جِرَّتِہٖ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچی نہیں(...... کَظْمًا وکُظُوْمًا) غَیْظَہٗ: غصہ نگل جانا۔

کُظِمَ کُظُوْمًا: خاموش رہنا۔

الکَظَم: سانس کی نالی۔ ج اَکْظَام و کِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِہٖ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔

الکِظَام: بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الامرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔

الکِظَامَۃ: وادی کا دہانہ۔ اونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "مدّ الخیوطَ فی کِظَامَتَیِ المیزانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں طرفوں میں دھاگے باندھ دیے۔ الکِظَامَۃ [illegible]

كَشْحًا عَنْهُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا۔ "وطَوىٰ كَشْحَه عَلَى الأَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔

الكَشَح: پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجب کو کہتے ہیں۔

الكَاشِح: فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔

الكِشَاح: پہلو کا داغ۔

الكُشَاحَة: باطنی عداوت۔

المِكْشَح والمِكْشَاح: تلوار کی دھار۔

المِكْشَاخ: کلہاڑا۔

اكَشَدَ (ض) كَشْدَ الشَيْءَ: دانتوں سے کاٹنا...... النَاقَةَ: اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔

اَكْشَدَ: خالص مکھن بنانا۔

الكِشْدَة: مکھن۔

الكَاشِد والكَشُود والكَشَد: اہل وعیال کے لئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج كُشُد.

كَشَرَ (ض) كَشْرًا. عَنْ اَسْنَانِهِ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الكِشْرَة...... السبعُ عَنْ نَابِهِ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَهُ: چیتے جیسا بننا۔

كَشِرَ (س) كَشَرًا: بھاگنا۔

كَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِهِ: بمعنی كَشَرَ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

كَاشَرَهُ مُكَاشَرَةً: باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔

اَكْشَرَ لَهُ عَنْ اَنْيَابِهِ: دھمکی دینا۔

تَكَشَّرَ: دانت نکالنا۔

الكَشْر: مص۔ سوکھی روٹی۔

الكُشَر: انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔

المُكَاشِر: فا۔ الجَارُ المُكَاشِر: قریبی

پڑوسی۔

كَشَطَ (ض) كَشْطًا واِسْتَكْشَطَ الشَيْءَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ كَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَيْءِ: جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا...... الحَرِكَ: موقع سے ہٹا دینا۔ وكَشَطَ البَعِيرَ: اونٹ کی کھال اتارنا واِسْتَكْشَطَ البَعِيرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔

تَكَشَّطَ السَحَابُ فِي السَمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

اِنْكَشَطَ: اُتارا جانا۔ ننگا ہونا...... الرَوْعُ: خوف زائل ہونا۔

الكَشَّاط: قصائی۔

الكِشَاط: انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔

الكَشْطَة: کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔

كَشَعَ (ف) كَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِيْلٍ: قوم کا مقتول سے متفرق و پراگندہ ہونا۔

كَشِعَ (س) كَشَعًا: بدول ہونا۔ زچ ہونا۔

كَشَفَ (ض) كَشْفًا وكَاشِفَةَ الشَيْءَ وعَنِ الشَيْءِ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ اللّٰهُ غَمَّهُ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے۔ "كَشَفَتْهُ الكَوَاشِف" یعنی رُسوا کر دیا۔

كَشِفَ (س) كَشَفًا: شکست کھانا...... الرَجُلُ او الفَرَسُ: کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔

كَشَّفَ الشَيْءَ: کھولنا۔ ظاہر کرنا...... فُلَانًا عَنِ الاَمْرِ: ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔

كَاشَفَهُ بِكَذَا: خبردار کرنا...... هُ بِالعَدَاوَةِ: کھلی کھلی دشمنی کرنا۔

اَكْشَفَ: ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔

اِنْكَشَفَ الشَيْءُ: ظاہر ہونا۔

تَكَشَّفَ الشَيْءُ: ظاہر ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا آسمان پر پھیلنا...... الرَجُلُ: رُسوا ہونا۔

[illegible]

ظاہر کرنا۔

اِكْتَشَفَ الشَيْءَ: ظاہر کرنا۔ کھولنا اور اسی سے ہے "اِلاكْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات کے لئے جو اُمور طبیعہ و صناعیہ میں ظاہر ہوں۔

اِسْتَكْشَفَ عَنِ الشَيْءِ: ظاہر کرنے کو کہنا۔

الكَشْف: مص...... عندالعروضيين: ساتویں متحرک کا گرا دینا۔

اَلكَشْفُ: وہ کاغذ جس میں سامان تجارت کی مقدار اور اس پر معاوضہ ادائیگی تحریر کیا جاتا ہے۔

اَلكَشْفُ الالٰهِيُ: عِنْدَالصُوفِيِّيْن: جب صوفی ولی اللہ مخصوص طرق عبادت اختیار کرے تو اس پر حقائق الہیہ منکشف ہو جاتے ہیں۔ اصحاب الکشف ان ہی حضرات کو کہا جاتا ہے جن پر کشف ہوتا ہے۔

الكَشَف: سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔

والكَشَفُ فِي الخَيْلِ: دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔

الكَشَفَة: سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔

الكَاشِف: فا۔ ج كَشَفَة.

الكَاشِفَة: مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی۔ ج كَوَاشِف.

الكَشَّاف: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَشَّافُ الغُمَم" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔

الاَكْشَف: جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔

الكَشْفَاء. اكشف: کا مؤنث۔

الكَشِيْف: بمعنی مَكْشُوف: کھلا ہوا۔ ظاہر۔

الكُشْك: جو کا پانی۔ آش جو۔

[illegible]شك. عِنْدَعَامتنا: ایک قسم کا کھانا جو

الکَسُوْل: کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لئے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔

الکِسْل والمِکْسَل: دُھنیا کے کمان کی تانت جب کہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ: وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔

المِکْسَال: کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لئے باعث مدح ہے۔

المَکْسَلَة: سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشِّبَعُ مَکْسَلَة" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلَانٌ لَا تُکْسِلُهُ المکَاسِل" اسبابِ کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔

کَسَم (ض) کَسْمًا الیَابِسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا......عَلٰی عِیَالِه: کمائی حاصل کرنے کے لئے محنت کرنا......نَارَ الحَرْبِ: لڑائی بھڑکانا۔

الکَسْم: مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔

الکَسُوْم: کر گزرنے والا۔

الکَیْسُوْم: بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ رَوْضَةٌ کَیْسُوْمٌ وَاَکْسُوْمٌ وَیَکْسُوْمٌ" یہ سرسبز و شاداب اور گنجان باغ ہے۔

خَیْلٌ اَکَاسِم: بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔

کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسَی الثَّوْبَ فُلَانًا: کپڑے پہنانا۔ کَسَاهُ شِعْرًا: اشعار سے مدح کرنا۔

کَسِیَ یَکْسٰی وکَسِیَ کَسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔ کَسِیَ یَکْسٰی کَسَاءً: بزرگ ہونا۔

تَکَسّٰی تَکَسِّیًا بالکِسَاء: اوڑھنا۔ پہننا۔

کَاسٰی مُکَاسَاةً فُلَانًا: فخر کرنا۔

اِکْتَسٰی: لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بالنَّبَاتِ: نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُه ثَوْبًا: کپڑے پہنانا۔

اِسْتَکْسٰی فُلَانًا: کسی سے لباس مانگنا

الکَاسِی: فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاة

الکَسَاء: بزرگی و شرف۔

الکِسَاء: کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِیَة۔

الکُسْوَة والکِسْوَة: لباس۔ ج کُسًی وکِسًی۔

الاَکْسٰی: بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔

الکُسْیُ: چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاء: کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَهٗ" وہ گدی کے بل گرا۔

کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَّنْدُ: آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا...... الجَرَّةُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔

کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّةُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ: اُونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا......البَقَرَةُ: گائے کا آواز نکالنا(...... کَشًّا) الرَّجُلَ وغَیْرَهٗ: دھتکارنا۔ ڈانٹنا......

تَکَاشَّتِ الاَفَاعِی: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔

الکَشّ: وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔

الکُشَّة: پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔

الکَشِیْش: مص۔ شراب کے جوش کی آواز۔

کَشَاَ (ف) کَشْاً الشَّیْءَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا......فُلَانًا بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا(...... واَکْشَاَ اللَّحْمَ) گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْءٌ وکَشَاَ الرَّجُلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَاَ المَرْاَةَ: جماع کرنا۔

کَشِئَ (س) کَشْاً وکَشَاءً یَدُهٗ: ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔

...... [illegible]

الرَّجُلُ مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیْءٌ وکَشِیٌّ۔ تَکَشَّاَ الشَّیْءُ: چھل جانا......اللَّحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

کَشَاَ تَکْشِئَةً اللَّحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

الکُشَاَة: عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی جَسَدِه کُشَاَة" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔

کَشَبَ (ض) کَشْبًا وکَشَبَ اللَّحْمَ: گوشت بہت کھانا۔

الکُشْتُبَان انگشتانہ ج کَشَاتِبِیْن۔ وزَهْرُ الکُشْتُبَان: ایک قسم کی نباتات۔

الکَشُوْث والکُشُوْثِی والکَشُوْثَی والکَشُوْثَا: ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔

کَشَحَ (ف) کَشْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا......القَوْمَ: پراگندہ کرنا، دھتکارنا......عَنِ المَاءِ: پانی پر سے واپس ہونا......لَهٗ بالعَدَاوَةِ: دشمنی کرنا......الدَّابَّةُ: چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا......الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز واپس آنا......الظَّلَامُ والضَّوْءُ: تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا(...... وکَشَّحَ) العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا......البَعِیْرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا......هُ: پہلو پر داغ دینا۔

کُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح۔ کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

کَشِحَ (س) کَشَحًا: درد پہلو والا ہونا۔

کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَةً فُلَانًا بالعَدَاوَةِ: دشمنی رکھنا۔

اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

تَکَشَّحَ الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

الکَشْح: مص۔ پہلو۔ ج کُشُوْح: کہا جاتا ہے "طَوٰی کَشْحَهٗ عَنْ فُلَانٍ او طَوٰی

الكُسَارُ والكُسَارَةُ مِنَ الحَطَبِ وغيرِهِ: کھورا۔ چھپٹی۔

الكَسِيرُ: ٹوٹا ہوا۔ ج كَسْرَىٰ وكَسَارَىٰ.

الإِكْسِيرُ: وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَّكْسِيرُ: مص۔ والتَّكْسِيرُ عِنْدَ المُهَنْدِسِينَ: پیمائش۔

الكَاسِرُ: فا۔ ج كُسْرٌ: عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ كَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کئے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

كَاسِرُ الحَجَرِ او القَلْبِ: پہاڑی علاقے کا پھول۔

الكَاسِرَةُ: کاسر کا مؤنث ج كَاسِرَاتٌ وكُسَّرٌ وكَوَاسِرُ. **الكَوَاسِرُ:** شکاری پرندے۔

اَلتَّكَسُّرُ: (فی الطب) وہ حالت جو جسم میں کمزوری والی ٹھنڈک اور چمڑے اور پٹھوں میں بدحالی پیدا کردے۔

الانكسارُ: (فلکیات) اشعی شعاع کی جہت میں تبدیلی جو شفاف مادے سے گزر کر دوسرے مادے کے وسط تک چلی جاتی ہے۔

الكَسَّارُ: اسم مبالغہ۔

المَكْسِرُ: توڑنے کی جگہ۔ **مَكْسِرُ الشَّجَرَةِ:** درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَيِّبُ المَكْسِرِ" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُكَاسِرُ مِنَ الجِيرَانِ: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِي مُكَاسِرِي" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُكَسَّرُ: مفع۔ **المُكَسَّرُ مِنَ الأَوْدِيَةِ:** وادی جس کے موڑ بہر ہے ہوں۔ **الجمع المُكَسَّرُ:** جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ. مَسْجِدٌ: سے مَسَاجِد.

المُكَسَّرُ: مفع۔ صَوْتٌ مُكَسَّرٌ: نرم و کمزور آواز۔

المُتَكَسِّرُ: فا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ مُتَكَسِّرًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔

كَسَعَهُ (ف) كَسْعًا: دھتکارنا۔ دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔ **كَسَعَ السَّفِينَةَ فِي البَحْرِ:** کشتی کو سمندر میں اُتارنا اور چلانا۔ **كَسَعَهُ بِكَذَا:** تابع بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الخَيْلُ يَكْسَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے۔ "وَاتَّبَعَ فُلَانٌ أَدْبَارَهُمْ يَكْسَعُهُمْ بِالسَّيْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا۔ "كَسَعْتُ الرَّجُلَ بِمَا سَاءَهُ" جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔

كَسَعَتْ واكْتَسَعَتِ الخَيْلُ بِأَذْنَابِهَا: گھوڑوں کا ٹانگوں میں دُم دبانا۔

تَكَسَّعَ فِي ضَلَالِهِ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔

الكَسَعُ فِي الخَيْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی۔

الكِسَعُ: روٹی کے ٹکڑے۔

الكُسْعَةُ: پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج كُسَعٌ: کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔

الأَكْسَعُ مِنَ الخَيْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی والا گھوڑا...... **مِنَ الطَّيْرِ:** دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔

رَجُلٌ مُكَسَّعٌ: بے بیاہا مرد۔

الكُسْعُومُ: گدھا۔

كَسَفَ (ض) كَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا ......**اللّٰهُ الشَّمْسَ او القَمَرَ:** گہن لگانا...... **بَصَرَهُ:** نگاہ پست کرنا...... **الشَّمْسُ النُّجُومَ:** آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔ **الشَّيْءَ:** ڈھانکنا۔ **كَسَفَهُ الحُزْنُ وغيرُهُ:** غمگین [illegible]

كَسَفَتْ (ض) كُسُوفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا...... **وَجْهُهُ:** تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا...... **حَالُهُ:** بُرا ہونا۔ **كَسَفَ أَمَلُهُ:** اُمید منقطع ہونا...... **كَسَفَ بَالُهُ:** جی میں بُرا خیال آنا یا اُمید کا کھوٹا ہونا۔

تَكَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔

اِنْكَسَفَتِ الشَّمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔

كَسَّفَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الكَسْفُ: مص عرب کے امثال سے ہے "أَكَسْفًا وَإِمْسَاكًا": یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ بھی مثال ترش رو و بخیل کے لئے استعمال ہوتی ہے)

الكَاسِفُ: فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں بُرے حال والا ہے "وكَاسِفُ الوَجْهِ" ترش رو "وَيَوْمٌ كَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "ورِجَالٌ كَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔

الكِسْفَةُ: ٹکڑا ج كِسَفٌ وكِسْفٌ وأَكْسَافٌ وكُسُوفٌ.

الكَسِيفَةُ: ٹکڑا۔

الكَسْكَسَةُ: مص وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِكِس وأَكْرَمْتُكِس بک وأكرمتكِ: میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)

الكُسْكُسُ: ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔

كَسِلَ (س) كَسَلًا وتَكَاسَلَ: کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا۔ صفت كَسِلٌ وكَسْلَانُ ج كَسَالَىٰ وكُسَالَىٰ مؤنث كَسِلَةٌ وكَسْلَانَةٌ وكَسْلَىٰ.

كَسِلَ (س) كَسَلًا وأَكْسَلَ: بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔

أَكْسَلَ الأَمْرُ فُلَانًا: کاہلی میں ڈالنا۔

[illegible]: بیکاری۔

الُحِصَانِ: سفید پھولوں والا کڑوے پھلوں والا درخت۔

الکَنَاب: بھیڑیا۔

الکُنُب: کھلی۔

الکُنْبج: کھلی۔

الکُنْبُر: ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَنَابِر.

الکُنْبَرَة: دھنیا۔

کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اُڑا لے جانا۔ الشَیْءُ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِی فُلَانٍ فَکَسَحْنَاهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔

کَسِحَ (س) کَسَحًا: ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحَان: کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَهٗ" کس قدر بوجھل ہے۔

کَاسَحَهٗ مُکَاسَحَةً: بہت سخت جھگڑا کرنا۔

اِکْتَسَحَ الشَیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْهِم فَاکْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔

الکَسَح: مص۔ عاجزی۔

الکُسَاحَة: کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَسِح: وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔

الاَکْسَح: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لُنجا۔ ج کُسْحَان.

الکَسِیْح والکَسْح والکُسْحَان: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

الکُسَاح: اونٹوں کا ایک مرض۔

المِکْسَحَة: جھاڑو۔

المُکَسَّح: چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّح.

المَکْسُوْح: مَنغ جَمَل مَکْسُوْح: سخت لنگڑا اونٹ۔

کَسْحَبَ کَسْحَبَةً: ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔

کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَةٌ واَکْسَدُ.

اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔

اَکْسَدَتِ السُوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔

اَکْسَدَ الشَیْءُ: غیر رائج بنانا۔

اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔

الکُسْد: قسط (ایک دوا کا نام)

الکَسِیْد: مندا۔ گھٹیا۔

کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ: توڑنا۔

العَسْکَر: لشکر کو شکست دینا...... الوَصِیَّةَ: وصیت منسوخ کرنا...... الشِعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا...... الطَائِرُ جُنَاحَیْهِ: پرندہ کا اُترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا...... الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا...... الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا...... المَتَاعَ: سامان ایک ایک کرکے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرْفِهٖ وعَلٰی طَرْفِهٖ: نگاہ پست کرنا...... فُلَانًا عَنْ مُرَادِهٖ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَائِرُ: پرندہ کا اُترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا: کاہل ہونا۔

کَسَّرَ: بمعنی کَسَرَ: تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے وکَسَّرَتِ المَرْاَةُ ونَحْوُهَا النُوْرَ عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ: آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّةِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند منقسم کیا۔

تَکَسَّرَ: ٹوٹنا...... الشَیْءُ: توڑنا۔

اِنْکَسَرَ: ٹوٹنا...... العَسْکَرُ: لشکر کا شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا...... الحَرُّ: گرمی کم ہونا...... العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا...... عَنِ الشَیْءِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَیْءَ: توڑنا۔

الکَسْر: مص زیر کی حرکت۔ بہت کم...... فِی الحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْر وجج کُسُوْرَات.

الکَسْر والکِسْر: عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ وهُوَ یُطْعِمُ النَاسَ مِنْ کُسُوْرِ الاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار وکُسُوْر. کُسُوْرُ الاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "هٰذِهٖ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَة. کَسَرَ: کا اسم مرۃ۔ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الکَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے۔ "وبِعَیْنِهٖ کَسْرَةٌ مِنَ النَوْمِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ سے۔ ج کَسَرَات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ وهَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَة: ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَر وکِسِرَات وکِسْرَات.

کِسْرٰی وکَسْرٰی: شاہان فارس کا نام۔ ج اَکَاسِرَة واَکَاسِر وکَیَاسِرَة وکُسُوْر اور نسبت کے لئے کِسْرَوِی اگر کسریٰ کی طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرَوِیَّة کی طرف ہو۔ کِسْرَوِی واِکْسِرِیّ.

اِکْتَریٰ مِنْہُ الدَّارَ وَغَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

تَکَارَیٰ وَاسْتَکْرَی الدَّارَ وَغَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

الْکِرَاء وَالْکِرْوَۃ: کرایہ۔

الْکَرِیّ: اُونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَکْرِیَاءُ: بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد کَرِیَّۃٌ.

الْکَرَیَان: اُونگھنے والا۔

الْمُکَارِی: جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُکَارُوْن: اوراب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔

الْمُکَرِّی مِنَ الْاِبِلِ: آہستہ وزم رفتار اُونٹ۔

کَزَّ (ن) کَزًّا الشَّیْءَ: تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خَطْوَہُ: قدم قریب قریب ہونا...... الْمَرْاَۃُ دُمْلُجَھَا: عورت کا بازوبند کو بازو سے بھر دینا (...... کَزَازَۃً وَکُزُوْزَۃً) سکڑنا۔ خشک ہونا۔

کُزَّ: سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔

اَکَزَّ اللّٰہُ فُلَانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَکْزُوْزٌ.

اِکْتَزَّ: سکڑنا۔

الْکَزُّ: مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ۔ "وَذَھَبٌ او جَمَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط۔ "وَفُلَانٌ کَزُّ الْیَدَیْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزٌّ.

الْکَزَّۃ. کَزٌّ: کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّۃٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں۔ "وَبَکْرَۃٌ کَزَّۃٌ" یعنی تنگ چرخی۔

الْکَزَّان: کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔

الْکَزَز: بخل۔

الْکُزَاز وَالْکُزَّاز: سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

کَزَبَ (س) کَزَبًا. مُشْطُ الرِّجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا، سکڑنا۔

الْکُزْبَرَۃ وَالْکُزْبُرَۃ وَالْکُزْبَرَۃ: دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔

کَزَمَ (ن) کَزْمًا منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔

...... الْجَوْزَۃَ وَنَحْوَھَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا...... ہٗ: سخت دانت کاٹنا۔

کَزِمَ (س) کَزَمًا: بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَم: پیش قدمی سے ڈرنا۔

کَزَمَ الْبَرْدُ اَصَابِعَہٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْزَمَ: سکڑنا...... عَنِ الطَّعَامِ: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔

تَکَزَّمَ الْفَاکِھَۃَ: میوہ بغیر چھلکے ہوئے کھانا۔

الْکَزَم: تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔

الْکَزَم: بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی کہا جاتا ہے "فِیْ یَدِہٖ کَزَمٌ" جبکہ افعالِ خیر کے لئے ہاتھ نہ کھلے۔

الْکَزِم مِنَ الرِّجَالِ: بزدل خائف مرد۔

الْکُزْمَان مِنَ الرِّجَالِ: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔

الْمُکْزَم: چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔

کَزَیٰ یَکْزِیْ کَزْیًا: اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔

کَسَّ (ن) کَسًّا الشَّیْءَ: باریک کوٹنا۔

کَسَّ (س) کَسَسًا: چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَسّ: مؤنث کَسَّاءُ ج کُسٌّ.

الْکُسّ: اندام نہانی۔

الْکُسَیْس: ٹوٹی ہوئی روٹی، شکرا اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ سفر میں لے جاتے ہیں۔

الْمَکْسُوْس: مفع۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔

کَسَاَہٗ (ف) کَسْاً: پیچھا کرنا۔

کَسَاَ الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو ہانکنا...... الْقَوْمَ: خصومت میں غالب آنا...... ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

الْکُسْءُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔

الْکُسْءُ وَالْکُسُوْءُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ ج اَکْسَاء: کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسْاَہٗ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "وَاَتَیْنَا فِیْ اَکْسَاءِ الشَّھْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے۔ "وَمَرُّوْا فِیْ اَکْسَاءِ الْمُنْھَزِمِیْنَ او عَلٰی اَکْسَاءِھِمْ" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے رہ گئے۔

کَسَبَ (ض) کَسْبًا وَکِسْبًا وَتَکَسَّبَ وَاکْتَسَبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَسَبَ الْاِثْمَ: گناہ اُٹھانا ...... لِاَھْلِہٖ: کمائی کرنا۔

کَسَّبَ وَکَسَّبَ وَاَکْسَبَ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرانا۔

اِسْتَکْسَبَ وَتَکَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا۔

تَکَسَّبَ الرَّجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔

الْکَسْب: مص۔ کمائی۔

الْکِسْبَۃ الْکَسِیْبَۃ: کمائی۔

الْکَاسِب: فا۔ ابوکاسب: بھیڑیا۔

الْکَاسِبَۃ کاسب کا مؤنث ج کَوَاسِب

الْکَوَاسِب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔

الْکَسُوْب وَالْکَسَّاب: بہت کمائی کرنے والا۔

الْمَکْسَب وَالْمَکْسِب وَالْمَکْسَبَۃ: کمائی۔

اَلْکُسْتَنَا: ایک معروف درخت شاہ بلوط۔ ابوفروہ۔ اس کے پھلوں کو بھون کر کھایا جاتا

کُسْتَنَۃُ الْحِصَانِ او قَسْطَنَۃ

ہو۔ كَرِيمَةٌ میں تا مبالغہ کے لئے ہے۔

كَرَائِمَ المَال: عمدہ اور بہترین مال۔

الكُرَام: کریم۔ ج كُرَامُوْن.

الكَرَّام: انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔

الكُرَّام والكُرَّامة: بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج كُرَّامُوْن.

المَكْرُمَانُ: کریم بہت وسیع اخلاق والا اور یہ نداہی کے لئے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَكْرُمَانُ.

المَكْرَم والمَكْرَمَة: شریف۔ فیاض۔ ج مَكَارِم. اَرْضٌ مَكْرَمَةٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔

المَكْرُم والمَكْرُمَة: کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَيْرِ مَكْرُمَةٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔

المِكْرَام: لوگوں کا اِکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔

المُكَرَّم: مفع۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔

كَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا...... ضَيْفَهُ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔

الكُرْنُب والكَرْنَب: کرم کلا۔

الكُرْنُبِيَّة: ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔

فَرَاشَةُ الكَرْنَب: اَو دُوْدَةُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔

كَرْنَفَ الكَرَانِيفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ كَرْنَفَ الشَّيْ بالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ النَّخْلَةَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔

الكِرْنَاف والكُرْنَاف: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ وا كُرْنَافَة ج كَرَانِيف.

اَنْفٌ مُكَرْنَف: موٹی ناک۔

كَرِهَ (س) كَرْهًا و كُرْهًا و كَرَاهَةً و كَرَاهِيَةً و مَكْرُهَةً و مَكْرَهَةً الشَّيْ: ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارہ: صفت مفعولی مَكْرُوْه.

كَرُهَ (ك) كَرَاهَةً و كَرَاهِيَةً الاَمْرُ او المَنْظَرُ: قبیح ہونا۔ صفت كَرِيْهٌ.

كَرَّهَ الشَّيْ فُلَانًا و كَرَّهَ الشَّيْ اِلَى فُلَانٍ: ناپسند کرانا۔

اَكْرَهَ. فُلَانًا عَلَى الاَمْرِ: مجبور کرنا۔ الرَّجُلَ: ناپسندیدہ امر پر اُکسانا۔

تَكَرَّهَهُ و تَكَارَهَ الشَّيْ: ناپسند کرنا۔ تَكَرَّهَ و تَكَارَهَهُ: غضبناک ہونا۔

اِسْتَكْرَهَ الشَّيْ: قبیح پانا، قبیح سمجھنا۔

الكَرْه والكُرْه: مص۔ انکار۔ مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے اور بقول بعض كُرْه بالضم: جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور كَرْهٌ: بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَيْ كَرْهٌ" مکروہ چیز۔ و "رَجُلٌ كَرْهٌ" ناراض مرد "وَجْهٌ كَرْهٌ" قبیح چہرہ "وَفَعَلَهُ كَرْهًا" یعنی اس نے اس کو مجبوراً کیا۔

الكَرِه: قبیح۔

الكَرَاهَة: مص۔ سخت زمین۔

الكَرَاهِيْن: کراہت۔ کہا جاتا ہے: "اَتَيْتُكَ كَرَاهِيْنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔

الكَرِيْهَة: مؤنث كَرِيه: لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج كَرَائِه. ذُوالكَرِيْهَةِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُ دُوْنَهُ كَرَائِهَ وَمَكَارِهَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔

المَكْرَه: مکروہ۔ ج مَكَارِه.

المَكْرَهَة والمَكْرُوْهَة: ناپسندیدہ و دشوار

المَكْرُوْه: مفع۔ شر۔ ناپسندیدہ۔

المَكْرُوْهَة: سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْمَكْرُوْهَةٍ" وہ سختی میں ہے۔

كَرَا يَكْرُو كَرْوًا. الاَرْضَ: کھودنا...... الاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا...... البِئْرَ: کنوئیں کا منہ درخت کے تنوں سے بنانا...... بالكُرَةِ: گیند کھیلنا۔ كَرَتِ الدَّابَةُ: تیز دوڑنا۔

كَرِيَتْ تَكْرِي كَرًا. السَّاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا...... المَرْاَةُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔

الكَرَا: بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کروان کا مذکر۔

الكَرَوَان: ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کریٰ کے معنی نیند کے ہیں مؤنث كَرَوَانَة. ج كِرْوَان و كَرَاوِيْن.

الكُرَة: ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز اور نسبت کیلئے كُرَوِي و كُرِّي ج كُرِي و كُرِيْن و كِرِيْن و كُرَات و اُكَر.

الكَرَوْيَا والكَرَوْيَاءُ: زیرہ۔

كَرَى يَكْرِيْ كَرْيًا الرَّجُلُ: تیز دوڑنا...... النَّهْرَ: نہر کو کھودنا...... بالكُرَةِ: گیند کھیلنا۔

كَرِيَ يَكْرِيٰ كَرًى الرَّجُلُ: اونگھنا۔ صفت كَرٍ و كَرْيَان و كَرِيّ.

كَارَاهُ مُكَارَاةً و كِرَاءً الدَّابَةَ او الدَّارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُكَارٍ.

اَكْرَى اِكْرَاءً الشَّيْ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ (ضد)...... فُلَانٌ: اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا...... الحَدِيْثَ: بات طویل کرنا...... فُلَانًا دَابَّتَهُ او دَارَهُ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔

الكَرْوُ الكَرْوُ الكَرْوَة.

تَكَرَّى تَكَرِّيًا: سونا۔

الحِمَارُ وغیرہ: گدھے کا پیشاب [illegible] کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں [illegible]

کَرِفَ الشَّیُٔ: سوکھنا۔ اَکْرَفَتِ البَیْضَۃُ: انڈے کا گندا ہونا۔

اَلکَرْشُنَۃُ: عربی حروف غیر عربی زبان میں یا اس کا برعکس۔ الکَرْشُونِی: عربی الفاظ جو کہ سریانی میں لکھے جاتے ہیں۔ (سریانی لفظ)

الکِرْفُ: ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

کَرْفَاَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔

تَکَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

تَکَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔

الکِرْفِئُ: بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو کِرْفِئَۃ: کہتے ہیں۔ الکِرْفِئُ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

المُکَرْفَحُ: بدصورت چہرہ والا۔

اَلکَرَافِئَۃ: شیشہ کی بوتل۔

کَرْفَسَ کَرْفَسَۃً: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا...... البَعِیْرَ: تنگ باندھنا۔

تَکَرْفَسَ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکُرْفُسُ: رُوئی۔

الکَرَفْسُ: اجوائن۔

الکُرْکِیُّ: سارس۔ ج کَرَاکِیّ۔

الکَرْکَدَنّ: گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کَرْکَدَن کہتے ہیں۔

کَرْکَرَ کَرْکَرَۃً الشَّیْءَ: بار بار اعادہ کرنا ...... الرحٰی: چکی گھمانا ...... الحَبَّ: دانہ پیسنا۔

الشَّیْءَ: جمع کرنا ...... الرَّجُلَ: قید کرنا ...... فِی الضِّحْکِ: بہت ہنسنا ...... الرَّجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا ...... الرِّیَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا ...... الاَمْرَ عَنْہُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ رد کرنا ...... بِالدَّجَاجَۃِ: مرغی کو بلانا۔

تَکَرْکَرَ فِی الاَمْرِ: مضطرب ہونا ...... المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔

الکُرْکُرُ: ایک آبی پرندہ۔

اَلـکَرْکَرَۃُ: مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

الکِرْکِرَۃ: سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج کَرَاکِر۔ الکَرَاکِر: گھوڑے کے جوڑ۔

الکُرْکُوْرَۃ: گہری وادی۔

کَرْکَسَ الشَّیْءَ: رد کرنا۔ ہٹانا ...... الدَّابَّۃَ: چوپائے کو باندھنا (...... وتَکَرْکَسَ) الاِنْسَانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔

الکُرْکُمُ: زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔

الکَرْکَنْد: سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔

کَرُمَ (ک) کَرَمًا وکَرَمَۃً وکَرَامَۃً: عزیز و نفیس ہونا۔ آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا ...... السَّحَابُ: بارش لانا۔

کَرَمَہٗ (ن) کَرْمًا: کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَارَمَہٗ فَکَرَمَہٗ" اس نے اُس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہوگیا۔

کَرَّمَہٗ تَکْرِیْمًا وتَکْرِمَۃً: تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (...... وکَرُمَ) السَّحَابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔

کَارَمَہٗ: کرم میں مفاخرت کرنا۔ وکَارَمْتُ فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔

اَکْرَمَ: کریم اولاد والا ہونا ...... فُلَانًا: تعظیم کرنا ...... نَفْسَہٗ عَنِ المَعَاصِی: بچانا، محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَکْرَمَہٗ لِی" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رُباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔

تَکَرَّمَ: بہ تکلف کرم کرنا (...... وتَکَارَمَ) عَنْ کَذَا: بچنا۔ دُور رہنا۔

اِسْتَکْرَمَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا ...... الشَّیْءَ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔

الکَرْمُ: مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الکَرَمُ: صفت بمعنی کریم وطیب اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ ونِسَاءٌ کَرَمٌ واَرْضٌ کَرَمٌ۔

الکَرْمُ: انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج کُرُوْمٌ۔ بِنْتُ الکَرْمِ او الکَرْمَۃِ او الکُرُوْمِ: شراب۔ الکَرْمُ: ہار۔

الکَرْمَۃ: انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے۔

الکَرْمَۃ: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرْمَۃٌ" سردکریم۔

الکَرَامَۃ: مص۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِکَ حُبًّا وکَرَامَۃً لَکَ" میں اس کو تمہاری محبت وتعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "ولَہٗ عَلَیَّ کَرَامَۃٌ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَۃ: امرِ خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے کُرْمًا وکُرْمَۃً وکَرْمَۃً وکُرْمَی وکُرْمَانًا وکُرْمَۃً عَیْنٍ لَکَ: یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔

الاُکْرُوْمَۃ: کرم کا فعل۔

التَّکْرِمَۃ: مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت وتعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔

الکَرِیْمُ: صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ رَجُلٌ کَرِیْمٌ: مردِ سخی۔ دیالو۔ ج کِرَام وکُرَمَاء اور لفظ "کَرِیْم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابلِ تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیْمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْمٌ: نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْہٌ کَرِیْمٌ: جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَان حج اور جہاد۔

الکَرِیْمَۃ: کریم کا مؤنث ج کَرِیْمَات وکَرَائِم وکِرَام۔ الکَرِیْمَۃ: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان۔ الکَرِیْمَتَان: دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَۃُ الرَّجُلِ: بیٹی۔ الکَرِیْمَۃ: صاحب کریم وحسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمَۃُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف

کَرْسَعَ کَرْسَعَةً الرَّجُلَ: دوڑنا...... فُلَانًا: گٹے ہوئے چھنگلیا والے حصّے پر مارنا۔

الکُرْسُوْع: گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصّہ۔ ج کَرَاسِیْع۔ کُرْسُوْعُ الْقَلَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔

الکُرْسُعَة والکُرْسُوْعَة: لوگوں کی جماعت۔

المُکَرْسَع: گٹے کے چھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصّہ۔ مؤنث مُکَرْسَعَة۔

کَرْسَفَ الدَّابَةَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔

......الْبَعِیْرَ: اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔

الدَّوَاةَ: دوات میں صوف ڈالنا۔

تَکَرْسَفَ: کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا...... الشَّیْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکِرْسَافَة: آنکھ کی کدورت۔

الکُرْسُف والکُرْسُوْف: رُوئی۔

الکُرْسُفَة والکُرْسُوْفَة: رُوئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔

الکِرْسِنَّة والکِرِسِنَّة: ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤدانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔

کَرِشَ (س) کَرَشًا الجِلْدُ: کھال سکڑنا۔

......الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔

کَرَّشَ: ترش رُوئی کرنا۔ مُکَرَّشَة (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔

تَکَرَّشَ وَجْهُهٗ: ترش رُو ہونا۔ تیوری چڑھنا

......القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔

اِسْتَکْرَشَ الجَدْیُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَکْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجدی: بکری کے بچے کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کے بچے جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کرش کہتے ہیں)...... الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔

الکِرْش والکَرِش: جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج کُرُوْش۔

الکُرْش والکِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل وعیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اَکْرَاش وکُرُوْش۔ کَرِش القَوْمُ: قوم کا بڑا حصّہ۔ کَرِش کُلِّ شَیْءٍ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔

الکَرِیْشَة: اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔

الاَکْرَشُ مِنَ الرِّجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث کَرْشَاء ج کُرْش۔ قَدَمٌ کَرْشَاءُ: پُرگوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ کَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ اَتَانٌ کَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔

المُکَرَّشَة: کھانا جو گوشت چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔

کَرَصَ (ض) کَرْصًا الشَّیْءَ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔

کَرَصَ: پنیر کھانا۔

اِکْتَرَصَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

الکَرِیْص: پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔

المِکْرَص: دودھ دوہنے کا برتن۔

کَرَضَ (ن) کَرْضًا الشَّیْءَ: تہ بتہ رکھنا۔

کَرَظَ (ن) کَرْظًا فِیْ عِرْضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔

کَرَعَ (ف) وکَرِعَ (س) کَرْعًا وکُرُوْعًا فِی المَاءِ او الاِنَاءِ: پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔

کَرَعَهٗ (ف) کَرْعًا: پنڈلی پر تیر مارنا۔

کَرِعَ (س) کَرَعًا: دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا...... السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصّہ کا باریک ہونا۔ کَرِعَتِ السَّمَاءُ: اَکْرَعَةُ الصَّیْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَکْرَعَ القَوْمُ: منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔

تَکَرَّعَ...... الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔

الکَرَع: مینہ۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے وفرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرَعٌ ورِجَالٌ کَرَعٌ" الکُرَاع مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر ومؤنث) اور بقول بعض کُرَاع: ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والکُرَاع مِنَ الاِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج اَکْرُع واَکَارِع۔

الکُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔

کُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِیْ کُرَاعِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَکَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔

الکُرَاعِیّ: پائے کا بیچنے والا۔

الکَارِع: فا۔ پانی میں گھسنے والا پئے یا نہ پئے۔

الکَارِعَة: کارع کا مؤنث۔ ج کَارِعَات۔

الکَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔

الکَرِیْع: برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔

الاَکْرَع: پتلی پنڈلیوں والا۔

الکَرَّاع: اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔

المَکْرَع: جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَکَارِع۔

فَرَسٌ مُکْرَعُ القَوَائِمِ: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔

المُکْرَعَةُ مِنَ النَّخْلِ وغَیْرِہٖ: پانی لگی ہوئی کھجور۔

کَرَفَ (ن ض) کَرْفًا و

الکِرخ: راہب کی کوٹھری۔ ج اَکراخ۔

کَرَخَ (ف) کَرخًا الماءَ اِلٰی مَوَاضِعِہٖ: چلانا۔

کَرَدَ (ن) کَرْدًا: ہانکنا...... العَدُوَّ: دشمن کو ہٹانا...... الشَّیْءَ: کاٹنا۔

کَارَدَہٗ مُکَارَدَۃً: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

الکَرْد: گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِکَرْدِہٖ او بِکَرْدَنِہٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔

الکِرْدِیدَۃ: کھجور کی بڑی ڈھیری۔

کَرْدَحَ: پست قد کی طرح دوڑنا۔ فلانًا: پچھاڑنا۔

تَکَرْدَحَ فِی عَدْوِہٖ: پست قد کی طرح دوڑنا۔

الکِرْدَح: بڑھیا۔ مضبوط مرد۔

الکُرَادِح: پست قد۔

الکِرْدَاح: دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔

الکَرْدَحَۃ: مص۔ تیز دوڑ۔

المُکَرْدَح: فا۔ ذلیل وخوار۔

کَرْدَسَ الخَیْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا...... الشَّیْءَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا...... الحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا...... ہٗ: پچھاڑنا۔

کُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔

تَکَرْدَسَ: سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔

الکُرْدُوس: کندھے کی ہڈی۔

الکُرْدُوسَۃ: گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس وکَرَادِیس۔

کَرَادِیسُ الفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔

المُکَرْدَس: گٹھے بدن کا۔

اَلکَرْدِینَال ج کَرَادِلَۃ: گرجا میں ایک بڑا عہدہ۔

کَرْدَمَ: موٹے پست قد کی طرح دوڑنا۔ القَوْمَ: جمع کرنا۔

تَکَرْدَمَ: گھبرا کر دوڑنا۔

الکُرْدُم والکُرْدُوم مِنَ الرِّجَالِ: موٹا پست قد۔ ج کَرَادِم وکَرَادِیم۔ الکُرْدُم: بہادر۔

کَرَزَ (ض) کُرُوزًا: داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا...... اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا (...... کَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔

کَرَّزَ البَازِیَ: باز کو سدھانے کے لئے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔

کُرِّزَ البَازِیُ: باز کے پروں کا گرنا۔

کَارَزَ مُکَارَزَۃً اِلَی المَکَانِ: دوڑ کر چھپنا۔ عَنْہُ: بھاگنا...... ہٗ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا...... القَوْمُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔

الکُرْز: چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ کُرْزُ الجُعَلِ: گبریلا کی گولی۔ ج اَکْرَاز وکِرَزَۃ۔

الکَرَز: ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد کَرَزَۃ۔

الکُرَّز: حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزَۃ: (...... والمُکَرَّز والکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔

الکَارِز والکَارُوز: انجیل کا واعظ۔

الکُرَاز۔ ج کِرْزَان والکُرَّاز: شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔

الکُرَّاز: چرواہے کا تھیلا اٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا...... مِنَ المَعْزِ: گھنٹی دار بکری۔ ج کَرَارِیز۔

الکِرِّیز: پنیر۔

الکِرَازَۃ: انجیل کا وعظ۔

کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً الرَّجُلُ: دوپہر میں کھانا۔

الکُرْزُم: بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔

الکِرْزِم والکِرْزِیم: کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم وکَرَازِیم۔

کَرَّسَ البِنَاءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔ الاُسْقُفُ البِیعَۃَ والاوانَ الکنیسۃَ وغیرھا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص کرنا۔

اَکْرَسَ: المَکَانُ: بول و براز سے لتھڑنا۔ ہٗ: بول و براز والی جگہ میں داخل ہونا۔

تَکَرَّسَ: بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص ہونا...... الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا...... اُسُّ البِنَاءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا...... الحَبَّ ونَحْوَہٗ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔

اِنْکَرَسَ عَلَیْہِ: اوندھا ہونا...... فِی الشَّیْءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔

الکِرْس: ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جز۔ ج اَکْرَاس وجج اَکَارِیس۔ کِرْسُ الحَوْضِ: حوض کے اردگرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔

الکُرَّاسَۃ والکُرَّاس: کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیس۔

الکُرْسِیّ: تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ وکَرَاسِی۔ کُرْسِیُّ الاُسْقُفِ: پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِکِ: تخت شاہی۔ الکُرْسِیّ: علم: کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اَھْلِ الکُرْسِیِّ" یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِھٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لئے پشتہ بنادو۔ کُرْسِیُّ الجَوْزَاءِ: چند ستاروں کا مجموعہ۔

الکَرَاسِی: علماء۔

الکِرْیَاس: چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج کَرَایِیس۔

الکَرَوَّس: بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔

المُکَرِّس والمُکَرَّس: مفع...... مِنَ القَلَائِدِ: دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المُکَرَّس: جوان پست قد پر گوشت۔

الکَرَمَّۃ: موچیوں کی اصطلاح میں وہ چمڑا جس سے جوتیاں تیار کی جاتی ہیں۔

رسّی باندھنا……الرَّجُلُ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔

اَکْـرَبَ: قریب ہونا……الاَمْـرُ: قریب الوقوع ہونا……الاِنَـاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔

فِي السَّيْرِ: دوڑنا……القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

کَارَبَہ مُکَارَبَةً و کِرَابًا: قریب ہونا۔

تَکَرَّبَ: تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔

اِکْتَرَبَ اِکْتِرَابًا واِکْرَابَّ اِکْرِبْبَابًا: سخت غمگین ہونا۔

الکَرْب ۔ ج کُرُوْب والکُرْبة ج کُرَب: غم اور مشقت۔

الـکَـرَب: ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسّی، کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَةٌ.

الـکَـرَبَة: گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج کَرَب.

الکَرَابَة: سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب.

الـکُـرَابَة والمُکْرَابَة: کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَکْرِبَة.

الـکِـرَاب: وادی میں پانی بہنے کی جگہیں۔ واحد کَرُبَةٌ.

الـکَـرُوْبِيُّوْن والکَرُوْبِيَّة: اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَـرُبِيم کہتے ہیں۔ ج کَـرُوْب اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوْب.

الکَرِيْبُ: نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الکَرِيْبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (…… والـمَکْرُوْب) غمگین۔

الـکَـرِيبَة. کَـرِيْـب: کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب: کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ کَرَابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اَلمِکْرُوْبُ: جرثومہ۔ یعنی پانی، خون اور ہوا میں باریک جانور جو بغیر دوربین کے نظر آئے۔

اِلاِکْـــرَاب: مص جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُذْ رِجْلَيْکَ بِاِکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔

الـمُـکْـرَب مِنَ المَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔

حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔

اَلْـکَـرْبُوْنُ اَوِ الْفَحْمُ: (کیمیا) کیمیائی عناصر میں سے ایک ہے جس کا رمز (علامت ایٹمی نمبر اور کمیت نمبر درج ذیل ہیں۔ ۱۲.۰۱ کاربن-6 -C۔ کوئلہ کے استعمال کے لئے ایک جسم بسیط ہے۔ زندگی والی کائنات اور ملائم میں کاربن داخل ہوتا ہے۔

اَلْکَرْبُوْنَاتْ: کاربونات۔ سفید باریک پیسا ہوا اکٹھا مادہ جو کہ دوسرے جسم کے ساتھ ہو۔ (سوڈا ئی کاربونیٹ)۔

الـکُـرْبَـج: دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج کَرَابِج (دخیل)

کَـرْبَدَ فِي عَدْوِہ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔

الکِرْبِزُ: بڑا کھیرا۔

کَرْبَسَ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔

تَـکَـرْبَـسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِہ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔

الکِرْبَاس: کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِيس (دخیل)

رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا امرد۔

کَـرْبَشَ: چھلانگ لگانے کے لئے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ……الشَّيْءَ: لینا اور باندھنا۔

تَکَرْبَشَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔

کَـرْبَعَهٗ: پچھاڑنا……الشَّيْءَ بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا……قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔

تَکَرْبَعَ: چوتڑوں کے بل گرنا۔

کَـــرْبَلَ: کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا……الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا……الحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا، صاف کرنا

الـکِـرْبَال: گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ روئی دھننے کی کمان۔ ج کَرَابِيل.

الـکَـرْبَلَة: مص۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَـاءَ يَمْـشِـي مُکَرْبِلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔

قَرَاشَةُ الکُرُنْبِ: اَو دُوْدَةُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔

اَلْـکَـرُوِيْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا ملک آسٹریلیا ہے۔

کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا و اَکْرَثَ الغَمُّ فُلَانًا) سخت غمگین کرنا۔

اِنْکَرَثَ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔

اِکْتَـرَثَ لِلاَمْـرِ: پروا کرنا……کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَکْتَرِثُ لِهٰذَا الاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔

الـکُـرَّاث والکِرَّاث: گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرَّاثَة.

الکَارِث: غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث.

الـکَرِيْثَ: غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِيْثُ الاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔

کَـرْثَا و تَکَرْثَا الشَّعْرُ وَنَحْوَہٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔

الـکِـرْثِـئُ: تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

الکِرْثِئَة والکِرْثَاة: گنجان سبزی۔

الکَرِيْثَاء: پکی کھجور۔

کَـرِجَ (س) کَـرَجًـا و کَـرْج و اَکْـرَجَ و تَـکَـرَّجَ الـخُـبْـزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفْنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔

الـکُـرْج: ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِيّ (…… والـکُـرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔

الکُرْجِيّ: مخنث۔

كَذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔

كَذَّبَهٗ: جھوٹا بتانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ كَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَهٗ: رُک جانا...... الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا...... عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَذَّبَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی كَذَّبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (...... تَكْذِيْبًا وكِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَذَّبَ بِآيَاتِ رَبِّهٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔

اَكْذَبَهٗ: جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَكْذَبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَكْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاُكْذَاب ہے۔

كَاذَبَهٗ كِذَابًا ومُكَاذَبَةً: کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَكَذَّبَ: بتکلف جھوٹ بولنا...... فُلَانًا وعَلَيْهِ: جھوٹا سمجھنا۔

تَكَاذَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الكِذْب. بتثليث الكاف والكُذْبٰى والكُذْبَان: جھوٹ۔

الاُكْذُوبَة: جھوٹ۔ ج اَكَاذِيْب.

الكَاذِب: فا ج كَذَبَة وكُذَّاب وكُذُب.

الكَاذِبَة. كاذب: کا مؤنث ج كَاذِبَات وكَوَاذِب: جھوٹ۔

الكَذُوْب ج كُذُب والكَذْبَان والكُذُبَان والكَيْذُبَان: بڑا جھوٹا۔

الكَذُوْب: نفس۔

الكُذَّاب والكُذَبَة والكُذُوْبَة والكِذَّاب والمَكْذَبَان والمَكْذَبَانَة: بڑا جھوٹا۔

الكَذُوْبَة: نفس۔

المَكْذَبَة والمَكْذُبَة ج مَكَاذِب والمَكْذُوْب والمَكْذُوْبَة ج مَكَاذِيْب: جھوٹ۔

التَكَاذِيْب: جھوٹی باتیں۔ لغو و باطل باتیں۔

كَذَا: دو طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَاَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا وَرَاَيْتُ عَمْرًا كَذَا اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے هٰكَذَا.

(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ كَذَا وكَذَا دِرْهَمًا: یا غیر عدد سے جیسے بِمَكَانِ كَذَا وكَذَا۔

الكَاذِي: کیوڑہ۔

كَرَّ (ن) كُرُوْرًا: لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ كَرَّ عَلَيْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لئے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت كَرَّار اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ يَصْلَحُ لِلكَرِّ والفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

...... اللَيْلُ والنَهَارُ: رات دن کا باری باری آنا (...... كَرًّا) الرَّجُلُ: لوٹانا (...... كَرًّا وكُرُوْرًا وتَكْرَارًا) الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔

كَرَّ (ن) كَرِيْرًا. المَرِيْضُ: جان دینا۔

كَرَّ (س ن) كَرًّا صَدْرُهٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔

كَرَّرَ تَكْرَارًا وتَكْرِيْرًا وتَكِرَّةً. الشَّيْءَ: بار بار کرنا۔

تَكَرَّرَ: بار بار ہونا۔

الكَرُّ: مص۔ کھجور کے پتوں کی رسّی۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔ جہاز کا رسا۔ ج كُرُوْر (...... والكُرُّ) کنواں۔ ج كِرَار.

الكَرُّ: نماز پڑھنے کے لئے مصلّٰی۔ ج اَكْرَار وكُرُوْر.

الكُرُّ: ایک پیمانہ کا نام۔ چادر ج اَكْرَار.

الكَرَّة: لڑائی میں حملہ...... عند المولدين مِنَ المحاسبين: ایک لاکھ ج كَرَّات.

الكَرَّة: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو كَرَّتَان اور قَرَّتَان: کہتے ہیں۔

الكَرِّي: لڑائی میں حملہ۔

الكَرِيْر: مص۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔

الكَرَّار والمِكَرُّ: لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِكَرَّة اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔

المَكَرُّ: حملہ کی جگہ۔

كَرَبَ (ن) كَرْبًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا...... القَيْدَ عَلَى المُقَيَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔

...... ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا...... ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ كَرَبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسّی باندھنا...... فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا (...... كُرُوْبًا) قریب ہونا۔

النَارُ: آگ بجھنے لگنا۔ كَرَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا...... فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ كَرَبَ النَاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "كَرَبَ يَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے (...... كَرْبًا وكِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَرْعِ: کھیتی کے لئے زمین جوتنا۔

كَرِبَ (س) كَرَبًا الرَّجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسّی والا ہونا۔

كُرِبَ: غم لاحق ہونا۔

اَكْرَبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی

الـگـدَّاشَ: بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔

کَدَعَهٗ (ف) کَدْعًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

الکُدْعَة: ذلیل ورسوا۔

اَکْدَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔

الکَدَفَة: ٹاپ یا چاپ کی آواز۔

کَدْکَدَ الرَّجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدْکَدَهٗ وتَکَدْکَدَهٗ: سختی سے ہٹانا۔

الکَدْکَدَة: مص۔ سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز۔

کَدَمَ (ض ن) کَدْمًا: اگلے دانتوں سے کاٹنا …… الصَّیْدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِیْ غَیْرِ مَکْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔

کَادَمَتِ الدَّابَّةُ الحَشِیْشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔

اُکْدِمَ الاَسِیْرُ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔

تَکَادَمُوْا. بِالاَفْوَاهِ: ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔

الکَدْم: مص۔ اثر۔ انسان۔ ج کُدُوْم.

الکَدَم: دانت کاٹنے کا نشان۔

الکُدَم: دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سروالی کالی ٹڈی۔ واحد کُدَمَة.

الکَدْمَة. کَدَمَ: کا اسم مرة۔ داغ' نشان۔

الکَدَمَة: حرکت۔

الکَدُوْم والکَدَّام: دانت کاٹنے والا۔

الکُدَام: گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔

الکُدَامَة: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔

الکُدَامَة والکُدَام: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔

المَکْدَم: دانت کاٹنے کی جگہ۔

المُکَدَّم. مِنَ الحِبَالِ والاَکْسِیَة: مضبوط بٹی ہوئی۔ قَدَحٌ مُکَدَّمٌ: موٹے دِل کا شیشے کا پیالہ۔ اَسِیْرٌ مُکَدَّمٌ: رسّی سے بندھا ہوا قیدی۔

المُکَدَّم: دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مُکَدَّمٌ: جنگ کا زخمی شدہ۔

کَدَنَ (ن) کَدْنًا. بِالثَّوْبِ: پٹکا باندھنا۔

الکُدْن والکِدْن: کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج کُدُوْن.

کَدَنَ یَکْدُنُ الفَدَّانَ: زراعت کے لئے دو بیل اکٹھے چلانا۔

الکِدْنَة: کوہان۔

الکِدْنَة والکُدْنَة: چربی اور گوشت کی کثرت۔

الکَدَانَة: نااہلی۔ فرومائگی۔

الکَدِن: بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَة ج کَدِنَات.

الکَدَن: ٹھیالا۔

الکَدَّان: نرم پتھر (اور یہ کَذَّان: کی تحریف ہے)

الکَدَّانَة: نرم پتھر کا ٹکڑا۔

کَدَهٗ (ف) کَدْهًا وکَدَّهٗ. الشَّیْءَ: توڑنا۔ …… بالحَجَر: سخت پتھر سے رگڑنا …… عَلَیْهِ: غالب ہونا …… ہ الهَمُّ: مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْدُوْهٌ مِنَ الهَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔ …… لِاَهْلِهٖ: مشقت سے کمائی کرنا …… شَعْرَهٗ بِالمُشْطِ: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔

تَکَدَّهَ: ٹوٹنا۔

الکَادِه: فا۔ توڑنے والا۔ ج کُدَّه.

الکَدْه: مص۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُوْه.

کَدَا یَکْدُوْ کَدْوًا وکُدُوًّا. الزَّرْعُ: خراب فصل ہونا …… الاَرْضُ: دیر سے اُگنا (…… کِدَاءً) الشَّیْءَ: کاٹنا۔ منع کرنا۔

کَدِیَ یَکْدٰی کَدًی بالعَظْمِ: ہڈی کا گلے میں اٹکنا …… المِسْکُ: بے خوشبو ہونا۔

[illegible]

انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔

تَکَدّٰی تَکَدِّیًا: مشقت برداشت کرنا۔

کَدّٰی یُکَدِّیْ تَکْدِیَة الرَّجُلَ: روکنا۔ مشغول کرنا …… الوَجْهَ: چہرے میں خراش لگانا …… الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔

اَکْدٰی اِکْدَاءً الرَّجُلُ: حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاهُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اَکْدَی المَعْدِنُ: جوہر نہ بتانا۔ الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلَهٗ فَاَکْدٰی" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا …… النَّبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا …… العَامُ: خشک سالی ہونا …… المَطَرُ: بارش کم ہونا …… الرَّجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔

کَدّٰی تَکْدِیَةً: سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔

تَکَدّٰی تَکَدِّیًا: عطیہ طلب کرنا۔

الکُدْیَة: سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی. الکُدْیَة: طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی۔ (…… والکَدَاة والکَدَایَة) مٹی یا غلے کا ڈھیر۔

الکَادِیَة: زمانہ کی سختی۔

کَذَّ (ن) کَذًّا: کھردرا ہونا۔

اَکَذَّ: نرم پتھر پر چلنا۔

اَلکَذَّان: نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَة.

کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکَذِبَةً وکِذْبَةً وکِذَّابًا وکِذَابًا: جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔ کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا دینا۔ کَذَبَ الرَّاْیُ: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْکَ عَیْنُکَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ وکَذَبَ السَّیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ وکَذَبَ القَوْمُ السُّرٰی: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور بھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَهُ الحَدِیْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

کَدِّکَ وَلَا کَدَّ اَبِیکَ: [illegible] محنت وکوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔

الکِدْنَۃُ والکَدِیْدُ: سخت زمین۔ الکَدِیْدُ: موٹا موٹا پیا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔

الکُدَادَۃُ والکُدَدَۃُ والکُدَدَۃ: ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔

- کُدَاوَۃُ السَّمْنِ: گھی کا تلچھٹ۔ کُدَاوَۃُ الکَلَا: تھوڑی گھاس۔

الکَدُوْدُ: بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْرٌ کَدُوْدٌ: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔

الاَکُدَۃُ: چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔

قَوْمٌ اَکُدَادٌ واَکَادِیْدُ: شکست خوردہ قوم (ان کے لئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَاَیْتُھُمْ اَکُدَادًا واَکَادِیْدَ" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "وَاِبِلٌ اَکُدَادٌ" تیز چلنے والا اونٹ۔

المِکَدُّ: کنگھی۔

المَکْدُوْدُ: مفعول مغلوب۔ اَرْضٌ مَکْدُوْدَۃٌ: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔

کَدَأَ وکَدِیَ (ف س) کَدْءًا وکُدُوْءًا النَّبْتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔

کَدِیَ (س) کَدَأَ الغُرَابُ: کوے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا...... البَقْلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا...... الاِبِلُ: اونٹ کا کم بال والا ہونا۔

کَدَأَ وکَدَّأَ البَرْدُ النَّبَاتَ: زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔

اَرْضٌ کَادِئَۃٌ: دیر سے اُگنے والی یا اُگانے والی زمین۔ اِبِلٌ کَاوِئَۃُ الاَوْبَارِ: کم بال والے اونٹ۔

الکَدْبُ والکُدْبُ والکَدَبُ والکَدِبُ: جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد کَدْبَۃٌ. دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔

کَدِجَ (س) کَدْجًا الرَّجُلُ: بقدر کفایت چیا۔

کَدَحَ (ف) کَدْحًا فِی العَمَلِ: محنت کرنا۔ سعی اٹھانا۔ کَدَحَ لِعِیَالِہٖ: کمائی کرنا۔ رَاْسَہٗ بِالمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا(...... وکَدَّحَ) الوَجْہَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔

اِکْتَدَحَ لِعِیَالِہٖ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔

تَکَدَّحَ الجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَکَدَّحَ" چھت سے گر پڑا اسے خراش لگ گئی۔

الکَدْحُ: مص۔ خراش۔ ج کُدُوحٌ.

کَدَرَ (ن) وکَدُرَ (ک) وکَدِرَ (س) کَدَرًا وکَدَارَۃً وکُدُوْرًا وکُدُوْرَۃً وکُدْرَۃً: تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَدِرَ عَلٰی فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ کَدِرَ العَیْشُ: زندگی تلخ ہوئی۔

کَدَّرَ الشَّیْءَ: تیرہ گوں کرنا کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَیْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کردی۔

تَکَدَّرَ واِکْدَرَّ الشَّیْءُ: تیرہ گوں ہونا۔

اِنْکَدَرَ فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا...... عَلَیْہِ القَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْکَدَرَتِ النُّجُوْمُ: بکھر جانا۔

الکُدْرَۃُ: مص...... مِنَ الاَلْوَانِ: مٹیالا۔

الکُدْرَۃُ مِنَ الحَوْضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مشابہ کَدَرٌ (...... والکُدْرِیُّ والکُدْرِیَّۃُ ی) پتلا بادل۔

الکَدَرُ والکَدِرُ والکَدِیْرُ مِنَ العَیْشِ او الاَلْوَانِ وغَیْرِ ذٰلِکَ: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔

الکُنْدُرُ: موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ کُنْدُرٌ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُنْدُرَۃٌ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُنْدُرَۃ.

الکُدَارَۃُ: ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔

الاَکْدَرُ: مٹیالا۔ مؤنث کَدْرَاءُ. ج کُدْرٌ: سخت سیلاب۔ عَیْشٌ اَکْدَرُ: تلخ زندگی۔

کَدَسَہٗ (ض) کَدْسًا وکُدَاسًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ کَدَسَ بِہٖ الاَرْضَ: پچھاڑنا۔ کُدِسَتِ الدَّابَّۃُ: چوپائے کا چھینکنا...... المُثْقَلُ فِی سَیْرِہٖ: گرانبار آدمی کا دوڑنا...... الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا(...... کُدَاسًا) بدفالی لینا(...... وکَدَّسَ) الحَصِیْدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔

تَکَدَّسَ: ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ تَکَدَّسَتِ الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَکَدَّسَ الرَّجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔

الکُدْسَۃُ والکُدَاسُ: جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے والکُدَاسُ مِنَ الثَّلْجِ او الحَصِیْدِ ومَا اَشْبَہَ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جو ان کی طرح ہو۔

الکُدْسُ ج اَکْدَاسٌ والکُدَاسُ ج کَدَادِیْسُ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَکْدَاسُ الرَّمْلِ: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔

الکُدَاسَۃُ: ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔

الکَادِسُ: فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج کَوَادِسُ.

المُتَکَادِسُ: فا۔ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان درخت۔

کَدَشَہٗ (ض) کَدْشًا: خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔ کَدَشَ لِعِیَالِہٖ: حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا(...... واکْتَدَشَ واکْدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً: حاصل کرنا واکْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔

تَکَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گرنا۔

الکَدْشُ: زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کَدْشٌ" خراش زدہ کھال۔

الکَاثُولِیکِ: دیکھئے کاثولیک.

کَتَمَ (ض) کَتْمًا الشَّیْءَ: جمع کرنا...... الاَثَرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا...... الشَّیْءَ: منہ میں رکھ کر توڑنا...... ہٗ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا۔

کَثِمَ (س) کَثَمًا: شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَکْثَم.

کَاثَمَہٗ: قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔

اَکْثَمَ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا...... فِیْ بَیْتِہٖ: روپوش ہونا۔ اَکْثَمَہٗ الصَّیْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔

تَکَثَّمَ: حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔

اِنْکَثَمَ: غمگین ہونا...... عَنْ وَجْہِ کَذَا: پھر جانا۔

الکَثِمُ والکَاثِمُ مِنَ الطِّیْنِ ونحوہ: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔

کَثَمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ عَنْ کَثَمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔

الاَکْثَمُ: کشادہ راستہ۔ "وَطْبٌ اَکْثَمُ" بھرا ہوا دودھ کا برتن۔

الکُثَّۃُ: گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔

الکُحُّ: خالص۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَرَبِیٌّ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔

کَحَّبَ الکَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔

الکَحْبُ: کچا انگور واحد۔ کَحْبَۃٌ:...... دُبہ۔

الکَاحِبُ: بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ دَرَاھِمُ کَاحِبَۃٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔ الکاحِبَۃ: آگ کا شعلہ بلند ہو۔

کَحَثَ (ف) کَحْثًا لَہٗ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔

کَحَصَ (ف) کُحُوْصًا الاَثَرُ: نشان مٹنا۔ الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھائی نہ دے...... الرَّجُلُ: پشت دے کر بھاگنا...... کَحْصًا) البِلٰی فُلَانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔

بِرِجْلِہٖ: پاؤں سے کریدنا...... الاَرْضَ: زمین سے غبار اڑانا...... الشَّیْءَ: کَحْصًا و کَحَّصَ) الاَثَرَ: نشان مٹانا۔

الکَاحِصُ: فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج کَاحِصَۃٌ۔ کَوَاحِصُ. اَطْلَالٌ کَوَاحِصُ: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔

کَحَطَ (ف) کَحْطًا العَامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ.

الکُحُوْفُ: جسم کے اعضاء۔

کَحْکَحَ: عاجز کرنا۔

کَحَلَ (ف ن) کَحْلًا وکَحَّلَ العَیْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا...... فُلَانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت کَاحِلٌ و کَحَّالٌ اور کہا جاتا ہے کَحَلَ السُّھَادُ عَیْنَہٗ: کنایہ ہے بے خوابی سے۔

کَحَلَ (ف) کَحْلًا واَکْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ کَحَلَتِ السِّنُوْنُ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔

کَحَلَ واَکْحَلَ وتَکَحَّلَ واکْتَحَلَ واکْحَالَّ المَکَانُ بِالخُضْرَۃِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔

کَحِلَت (س) کَحَلًا واکْحَالَّتِ العَیْنُ: آنکھ کا سرگیں ہونا۔ وکَحِلَ الرَّجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔

تَکَحَّلَ واکْتَحَلَ: آنکھوں میں سرمہ لگانا۔

اِکْتَحَلَ فُلَانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔

اِکْتَحَلَ السُّھَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا...... وَجْھُہٗ بِالھَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِی بِکَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔

الکَحْلُ: مص۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)

کَحْلُ و کُحَلُ و کَحْلَۃُ: تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ کُحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔

الکُحْلُ: سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔

الکَحَلُ: خلقتاً آنکھوں کا سرگیں ہونا۔

[illegible] والکَحْلَم: مہرا تعویذ اور بقول بعض مہرۂ نظر بد۔

عَیْنٌ کَحِیْلٌ وکَحِیْلٌ وکَحِیْلَۃٌ: سرگیں آنکھ ج کُحْلٰی و کَحَائِل.

اَعْیُنٌ کَحْلَاءُ: سرگیں آنکھیں۔

الکُحَیْلُ: نفط۔ قطران۔

الاَکْحَلُ: مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔

الکَحْلَاءُ۔ الاَکْحَلُ کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج کُحْلٌ.

الکَحْلَاءُ والکُحَیْلَاءُ: گاؤزبان۔

الکُحْلِیُّ: سرمہ بنانے والا۔

المِکْحَلُ والمِکْحَالُ: سرمہ کی سلائی۔

المُکْحُلَۃُ: سرمہ دانی۔

اَلْمُکْحُلَۃُ: پھول کی ایک قسم جس کا رنگ نیلا اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے۔ لبنان اور ہالینڈ میں پیدا ہوتا ہے۔

الکَحْمَۃُ: آنکھ۔

کَحٰی یَکْحِیْ کَحْیًا الشَّیْءُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔

کَخَّ (ض) کَخًّا وکَخِیْخًا فِیْ نَوْمِہٖ: خراٹے لینا۔

کَخَمَہٗ (ف) کَخْمًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

الکَیْخَمُ: بڑا۔

کَدَّ (ن) کَدًّا: کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ انگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا...... الرَّجُلُ: تھکانا...... الرَّأْسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجانا...... الشَّیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔

کَدَّدَہٗ: سختی سے ہٹانا۔

تَکَدَّدَ: مشقت برداشت کرنا۔

اَکَدَّ واکْتَدَّ: کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ واکْتَدَّ الشَّیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔

اِکْتَدَّہٗ واسْتَکَدَّہٗ: کام میں محنت کرانا۔

الکَدُّ: مص۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ھٰذَا مِنْ

كَثَحَ (ف) كَثْحًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔ كَثَحَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ عَلَيْهِ: غبار ڈالنا۔ كَثَحَ مِنَ الْمَالِ: خواہش کے موافق لینا (...... وكَثَّحَ) عَنْ كَذَا: [illegible] کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَثَّحَتْهُ الرِّيحُ" یعنی اس کو ہوانے [illegible] کر دیا۔

تَكَاثَحَ الْقَوْمُ بِالسُّيُوفِ: تلوار بازی کرنا۔

تَكَثَّحَ بِالْحَصَى: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔

الْكُثْحَةُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔

رَجُلٌ كُثْحُمُ اللِّحْيَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ كُثْحُمَةٌ مِنْ دَرِينٍ: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثْمُحَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔

كَثُرَ (ک) كَثْرَةً وكَثَارَةً: بہت ہونا۔ صفت كَثْرٌ وكَثِيرٌ وكُثَارٌ وكَاثِرٌ وكَيْثَرٌ.

كَثَرَ (ن) كَثْرًا الرَّجُلَ: کثرت میں غالب ہونا۔

كَثَّرَهُ: زیادہ کرنا۔

أَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ ...... الشَّيْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا...... النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَكْثَرَ اللّٰهُ فِينَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔

كَاثَرَهُ: کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔

تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا...... بالكلام: بہت گفتگو کرنا...... فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔

تَكَاثَرَ الْقَوْمُ: کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا...... الشَّيْءَ: بہت سمجھنا۔

اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا ...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔

الْكِثْرُ والْكُثْرُ: بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ وَالْكُثْرِ" قلت و کثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔

الْكُثْرَةُ: بہتات۔ زیادتی۔

الْكِثْرَةُ: کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیّہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسا کہ کہا جائے الْقِلَّةُ والْكِثْرَةُ.

الْكُثْرَى مِنَ النَّبِيذِ وَنَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔

الْكَثِيرُ: بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرُونَ. ونِسَاءٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرَاتٌ: اور کہا جاتا ہے "كَثِيرًا مَا يَعْمَلُونَ كَذَا (بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لئے ہے اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کے لئے مانتے ہیں۔

الْكُثَارُ: بہت (...... والْكِثَارُ) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُثَارٌ أو كِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لئے مستعمل ہیں۔

الْكَيْثَرُ: بہت فیاض مرد۔

الْمُكْثِرُ: مالدار۔

الْمِكْثَارُ والْمِكْثِيرُ: بہت بولنے والا (مذکر ومؤنث)

الْمَكْثُورُ: مفع۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

كَثَعَ (ف) كَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كُثُوعًا الغنمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كَثْعًا وكُثُوعًا وكَثِعَتْ (س) كَثَعًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِعَةٌ: اور ایسے ہونٹ والے کو اَكْثَعُ: کہتے ہیں۔

كَثَّعَ اللَّبَنُ او الغَنَمُ: بمعنی كَثَعَ. كَثَّعَتِ الْأَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا...... الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا...... الْجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا...... لِحْيَةُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔

فُلَانٌ السِّقَاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔

الْكُثْعَةُ والْكُثُعَةُ: بالائی۔ ہانڈی کی جھاگ۔ الْكُثْعَةُ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔

الْكَثْعَةُ: گارا۔ کیچڑ۔

الْمُكَثِّعُ: فا۔ اِمْرَأَةٌ مُكَثِّعَةٌ: ہونٹوں یا مسوڑوں میں بہت خون والی عورت۔

الْكَثْعَمُ: چیتا اور بقول بعض تیندوا۔

كَثُفَ (ف) كَثَافَةً وتَكَاثَفَ: موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيفٌ.

كَثَّفَهُ: موٹا کرنا۔

أَكْثَفَ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔

اِسْتَكْثَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا...... الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا...... الْأَمْرُ: بلند ہونا۔

اَلْمُكَثِّفُ: بیڑی جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلیفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔

الْكِثْفُ: جماعت۔

الْكَثِيفُ: گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيفٌ: یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد (...... والْكِثَافُ) بہت۔

كَثَلَ (ن) كَثْلًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

الْكُثْلُ: گروہ۔ گیہوں کا انبار۔

الْكَوْثَلُ والْكَوْثَلُ: دنبالۂ کشتی۔

كَتَمَ (ن) كُتُومًا وَكِتَامًا الاِنَاءُ: بہنے سے روکے رکھنا۔

كَاتَمَهُ مُكَاتَمَةً السِرَّ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے كَاتَمَهُ العَدَاوَةَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔

تَكَاتَمَ الرَجُلَانِ الحَدِيثَ: ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔

اِنكَتَمَ: چھپنا۔

اِستَكتَمَ السِرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا۔

الكِتمة: پوشیدگی۔

الكَتَم والكِتمان: وسمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔

الكَاتِم: فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ كَاتِمٌ بمعنی مَكتُومٌ: یعنی چھپا ہوا بھید وقَوسٌ كَاتِمٌ: کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔

الكَتمَة: کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعتُهُ كَتمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔

الكُتَمَة والكَتَّام والكَتَّامَة: بھید کو بہت چھپانے والا۔

الكَتُوم: بھید کو چھپانے والا (...... والكَتِيم) مِنَ القِسِيّ: ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرزٌ كَتِيم: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔

الاَكتَم: بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔

المُكتَتِم: فا۔ سَحَابٌ مُكتَتِم: بادل جس میں گرج نہ ہو۔

كَتِنَ (س) كَتَنًا. الوَسَخُ عَلَى الشَىءِ: میل کا چسپاں ہونا...... الشَیءُ: میل کچیل لگنا...... دھوئیں سے سیاہ ہونا...... النَخلَةُ: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا...... فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔

كَتَّنَ وَاَكتَنَ الشَىءَ: چپکانا۔

تَكَتَّنَتِ المَرأةُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔

الكَتَن: ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چیں پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔

الكَتْن والكَتِن: پیالہ۔ سِقَاءٌ كَتِنٌ: میلی کچیلی مشک۔

الكَتَّان: السی کا پودا۔ الكَتَّان: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ كَتَّانَهُ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔

اَلكَتَّانِيَّاتُ: ایک فصل جو کہ السی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اس کی ایک قسم بڑے پھولوں والی زرد رنگ سٹے کی طرح اکٹھے۔ زیب و زینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔

الكَتُونَة: کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)

الكَتَّان: کھٹمل۔

كَتَا يَكتُو كَتوًا: چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔

اَكتَى اِكتَاءً: دشمن پر غالب آنا۔

اَكتَوتَى اِكتِيتَاءً: غصے سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔

كَثَّ (ض) كَثَاثَةً وَكُثُوثَةً وَكَثَّ (س) كَثَثًا: گاڑھا ہونا...... الشَعرُ: بالوں کا گھنا ہونا...... اللِحيَةُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا...... بِسَلحِه: پاخانہ کرنا۔

اَكَثَّ الرَجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔ صفت كَثٌّ. ج كِثَاث واَكَثّ مؤنث كَثَّاء. ج كُثٌّ.

الكَثّ والكَثِيث: گھنی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَثُّ اللِحيَةِ وكَثِيثُهَا" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "وامرَاَةٌ كَثَّةٌ وكَثَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الكَثّ: میلا کچیلا۔

الكَثِيث: سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔

الكَثَاث: کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اُگ آئے۔

كَثَا (ف) كَثأً وكَثَّا تَكثِئَةً اللَبَنُ ونَحوُهُ: دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا...... [illegible] داڑھی لمبی اور گھنی ہونا...... الزَرعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا...... القِدرَ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا...... الرَجُلُ: بالائی کھانا...... اَوبَارُ الاِبِلِ: اونٹ کے بال کا نکلنا۔

اَكثَاَتِ اللِحيَةُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔

الكَثأة والكُثأة مِنَ اللَبَنِ: بالائی۔ ...... مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آجائے۔ کہا جاتا ہے "خُذ كُثأَةَ قِدرِكَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔

...... الصَيدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَثَبَكَ الصَيدُ فَارمِه" شکار تمہارے قریب آچکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ يَكثُبُهُ: وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ كَثَبَ لَبَنُ النَاقَةِ: اونٹنی کا دودھ کم ہوا۔

كَثُبَ الشَیءُ: کم ہونا۔

كَاثَبَ القَومَ: قوم سے قریب ہونا۔

اَكثَبَ الرَجُلَ واِلَيهِ ومِنهُ ولَهُ: قریب ہونا۔ فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔

اِنكَثَبَ الرَملُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔

الكَثَب: قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ مِن كَثَبٍ او عَن كَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔

الكُثبَة: تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج كُثَب.

الكَاثِبَة: كَاثِب: کا مؤنث...... مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج كَوَاثِب.

الكُثَاب: بہت۔

الكُثَّاب والكُثَاب: بے پیکان و بے پر کا تیر۔

الكَثِيب: ریت کا ٹیلہ۔ ج كُثُب وكُثبَان واَكثِبَة.

الكَثبَاء: مٹی۔

كَثَجَ (ض) كَثجًا. مِنَ الطَعَامِ: بقدر کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لے جانا۔

الدَّارَ جَمْعَاءَ كَتْعَاءَ" میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَاَیْتُ اَخْوَاتَکَ جُمَعَ کُتَعَ" میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا اور کُتَعُ: وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور کُتَعَ: کو جُمَعَ: پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جُمَعَ: کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اس لئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الاَکْتَعُ: لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ اَجْمَعُ: کے توابع میں سے ہے اور بغیر اَجْمَعُ: کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ" یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث کَتْعَاء.

الكُتَعَاء: باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کے لئے جَمْعَاء کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَيْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ كَتْعَاءَ" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَاْیٌ مُكْتِعٌ: قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُكْتِعًا ومُكَوْتِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

كَتَفَ (ض) كَتْفًا وكَتِيفًا: آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

...... فِي الاَمْرِ: نرمی برتنا (...... كَتْفًا وكِتَافًا) الرَّجُلَ: مشکیں کسنا: کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا ...... السَّرْجُ الدَّابَّةَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا ...... الاِنَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ...... الاَمْرَ: ناپسند کرنا (...... كَتْفًا وكَتَفَانًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اڑنا۔

كَتِفَ (س) كَتَفًا: چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ درد مند مونڈھے والا ہونا۔

كَتِفَ الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

كَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا ...... الاِنَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ...... اللَّحْمَ ونَحْوَهُ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَكَتَّفَ: سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَكَتَّفَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا۔

الكَتْفُ والكِتْفُ والكَتِفُ: شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج كِتَفَة واَكْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّهُ لَيَعْلَمُ مِنْ اَيْنَ تُوْكَلُ الكَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الكَتَفُ: مص درد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الكُتَاف: درد شانہ۔

الكِتَاف: مشکیں کسنے کی رسّی۔ ج اَكْتِفَة وكُتُف وكُتْف.

الكَاتِف: فا۔ ناپسند کرنے والا۔

الاَكْتَفُ مِنَ الخَيْلِ والجِمَالِ: درد شانہ والا۔ مؤنث كَتْفَاء ج كُتْف. الاَكْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الكَتِيف: لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج كُتُف.

الكَتِيفَة: دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج كَتَائِف.

الكُتْفَان والكِتْفَان: ٹڈی جو پہلی مرتبہ اڑے۔ واحد كِتْفَانَة.

المِكْتَاف: جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

كَتْكَتَ الرَّجُلُ: بغیر قہقہ کے ہنسنا۔ (...... وتَكَتْكَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الكُتَكَات: جلدی جلدی بولنے والا۔

كَتَلَهُ (ن) كَتْلًا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔

كَتِلَ (س) كَتَلًا: چمٹنا۔ صفت كَتِل ......

[illegible] آلودہ ہونا۔

كَتَلَهُ اللّٰهُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

كَتَّلَ الشَّيْءَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَكَتَّلَ القَصِيْرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ...... الشَّيْءُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِكْتَتَلَ: گزرنا۔ جانا۔

الكُتْلَةُ مِنَ الطِّيْنِ ونَحْوِهِ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج كُتَل.

الكُتَال: نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (...... والكَتَل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقَى عَلَيْهِ كُتَالَهُ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

اَلكُتُلِيَة: شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الكَتِيْلَة: درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج كَتَائِل.

الاَكْتَل: سخت مصیبت۔

المِكْتَل والمِكْتَلَة: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَكَاتِل المِكْتَل: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الكَاتُوْلِيك: رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولیکی ج كَاتُوْلِيْكِيُّوْن (دخیل)

كَتَمَ (ن) كَتْمًا وكِتْمَانًا وكَتَّمَ واكْتَتَمَ الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی کتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے كَتَمْتُ زَيْدًا الحَدِيْثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اوّل میں من کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الحَدِيْثَ كَتَّمَ الشَّيْءَ" چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ واكْتَتَمَ الشَّيْءَ:

بِجَيْشٍ مَا يُكَتُّ" وہ ہمارے اوپر غیر محصور فوج لے کر آیا۔

كَتَّ وأكَتَّ واكْتَتَّ الكلامَ فِي أُذُنِهِ: چپکے چپکے کہنا۔

كَتَّ (ن) كَتِيتًا: آہستہ چلنا۔

كَتَّ (ض) كَتًّا البَعِيرُ: اُونٹ کا آہستہ آہستہ بڑبڑانا۔ كَتَّتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ كَتَّ الرَّجُلُ: ذلیل کرنا۔ غمگین کرنا۔

اِكْتَتَّ الحَدِيثَ: بات سننا۔

تَكَاتَّ النَّاسُ: شور کے ساتھ بھیڑ کرنا۔

الكَتُّ: مص دُبلا (مذکر و مؤنث)......

الكَتَّة. كَتَّ: کا اسم مرة۔ زمین کی سبزی۔

الكَتَّة: روی مال۔

الـكَتِيـت: مص۔ ہانڈی اُبلنے کی آواز۔ جوش شراب کی آواز۔ جوان اُونٹ کی آواز۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ كَتِيـتُ الْيَدَيْنِ" یعنی بخیل مرد۔

الكَتِيتَة: ایک قسم کا کھانا۔

كَتَبَ (ن) كَتْبًا وكِتَابًا وكِتْبَةً وكِتَابَةً الكِتَابَ: لکھنا۔ كَتَبَ عَلَيْهِ كَذَا: واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ اللّٰهُ عَلَى عِبَادِهِ الطَّاعَةَ وعَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ" یعنی اللہ تعالیٰ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے۔

كَتَبَ القِرْبَةَ كَتْبًا: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا۔

كَتَّبَ الكِتَابَ: لکھنا...... الوَلَدَ: لکھنا سکھانا ...... الـجُنُودَ: فوج کے دستے بنانا اور تیار کرنا۔

كَاتَبَهُ مُكَاتَبَةً: خط و کتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔ كَاتَبَ العَبْدَ: مال معینہ کی ادائیگی کی شرط پر آزاد کرنا۔

أَكْتَبَهُ: لکھنا سکھانا۔ لکھنے والا پانا۔

أَكْتَبَهُ القَصِيدَةَ: لکھوانا۔ أَكْتَبَ القِرْبَةَ: مشک کا منہ باندھنا۔

تَكَتَّبَ الرَّجُلُ: کپڑے سمیٹ کر [illegible] ہونا۔ تَكَتَّبَتِ الكَتَائِبُ: فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔

تَكَاتَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے خط و کتابت کرنا۔

اُكْتُتِبَ الكِتَابَ: لکھنا۔ اِملا کرانا۔ لکھوانا۔ لکھنے کو کہنا...... الغُلَامَ: لکھنا سکھانا...... القِرْبَةَ: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا...... بَطْنُهُ: بند ہونا...... الرَّجُلُ: رجسٹر میں اپنا نام لکھنا اور اسی سے ہے "اِكْتَتَبَ بِمَالٍ او اِعَانَةٍ".

اِسْتَكْتَبَهُ الشَّيْءَ: لکھنے کو کہنا...... ه القَصِيدَةَ: قصیدہ املا کرانے کو کہنا...... الغُلَامَ: کاتب بنانا۔

الكِتْبَة: مص۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ یا رزق میں رجسٹرڈ ہونا۔

الكُتْبَة: سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔

الكِتَاب: مص۔ جس میں لکھا جائے۔ خط۔ صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج كُتُب وكُتْب والكِتَابُ عَلَى الإطْلَاقِ: ہر وہ کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ أَهْلُ الكِتَابِ: وہ لوگ جن کے پاس آسمانی کتاب ہو۔ أُمُّ الكِتَابِ: اصل کتاب۔ سورۂ فاتحہ۔

الكُتُبِيّ: کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔

الـكِتَـابَة: مص۔ لکھا ہوا۔ مالِ معین کی ادائیگی پر غلام کو آزاد کرنا۔

الكَتِيب: بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔

الكَتِيبَة: لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔ سواروں کا دستہ۔ ج كَتَائِب.

الكَاتِب: فا۔ عالم۔ محرر۔ ج كَاتِبُوْن وكَتَبَة وكُتَّاب.

الـكُتَّـاب: جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج كَتَاتِيب.

الـمَـكْتَب: تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج مَكَاتِب.

الـمَـكْتَبَة: لائبریری۔ کتب خانہ ج مَكَاتِب.

[illegible] کرانے والا۔

المُكَتِّب: فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔

المَكْتُوب: مفع۔ خط۔ ج مَكَاتِيب.

كَتَحَ (ف) كَتْحًا الطَّعَامَ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ كَتَحَتْهُ الرِّيحُ: ہوا کا غبار اُڑانا۔

الـدَّبَى الأرْضَ: کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔

الكَتَد والكَتِد: دونوں کندھوں کے درمیان کا حصہ۔ ج أَكْتَاد وكُتُود اور کہا جاتا ہے "خَـرَجُوا عَلَيْـنَا أَكْتَادًا وأَكْتَادًا" وہ ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔

الأكْتَـد: کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ والا۔

الـكُتْـر والـكِتْـر والـكُتُـر والـكُتْرَة: بلند کوہان۔ الـكِتْـر: بلند عمارت۔ اندازہ۔ چھوٹا ہودہ۔ ہر چیز کا درمیان۔

الكُتْر والكُتْرَة: لڑکھڑاہٹ کی چال۔

الكِتْرَة: قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔

كَتَشَ (ن) كَتْشًا لأَهْلِهِ: کمائی کرنا۔

كَتَعَ (ن) كَتْعًا: سکڑنا۔ کجا ہونا...... فِي العَمَلِ: مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔

كَتَعَ (ف) كَتْعًا بِهِ: لے جانا (...... كُتُوعًا) فِي الأرْضِ: دُور ہونا اور بھاگنا۔

كَتَّعَ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

كَاتَعَهُ اللّٰهُ: تباہ و برباد کرنا۔

تَـكَاتَعَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔

الـكُتَع ج كِـتْعَـان والكُتَيْع: لئیم و ذلیل۔

الـكُتَع: مرد ہلکا پھلکا۔ چست۔ کجا۔ راستہ کا واقف۔ لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ الـكُتَيْع: اکیلا منفرد۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ كُتَيْعٌ او كُتَـاعٌ" یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حَوْلٌ كَتِيعٌ: پورا سال۔

الـكُتْعَة ج كِـتَاع والـكُتْعَـة ج [illegible] والكِتْعَة ج كِتَع: ڈولچی۔

كُتَعُ. كُتْعَاء: کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "[illegible]

جائے۔ ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے۔

الکِبَاش: جواں مرد لوگ۔

الکُبَّاش: مینڈھوں والا۔

الکُبَاص والکُبَاصَة: مضبوط وقوی اُونٹ یا گدھا۔

کَبَعَ (ف) کَبْعًا الشَّیْءَ: کاٹنا……ہٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا، روکنا……الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔

کَبَعَ (ف) کُبُوْعًا: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ کَبَّعَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الکُبَع: ایک قسم کی مچھلی جس کو "جمل البحر" (سمندر کا اونٹ) بھی کہتے ہیں۔

کَبْکَبَ کَبْکَبَةً وکِبْکَابًا الشَّیْءَ: اُلٹنا۔ پچھاڑنا۔ المَوَاشِيَ الشَّارِدَةَ: بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا……الشَّیْءَ: گڑھے میں پھینکنا۔

تَکَبْکَبَ فِیْ ثِیَابِهٖ: لپٹنا……القَوْمُ: جمع ہونا۔

الکُبْکُبُ والکِبْکِبُ: ایک قسم کا کھیل۔

الکُبْکُبَة بتثلیث الکاف والکُبْکُوب والکُبْکُوبَة: لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ۔

الکُبْکُبُ والکُبَاکِب: گٹھے بدن والا۔

الکِبْکِبَة والکِبْکِبُ: کاتے ہوئے دھاگے کا گولہ۔

کَبَلَهٗ (ض) کَبْلًا وکَبَّلَهٗ: بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔

کَبَلَهٗ وکَابَلَهٗ مُکَابَلَةً الدَّیْنَ: قرض کی ادائگی میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا……کَابَلَ الدَّارَ: مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خریدے لے اور پھر شفعہ سے لے لینا۔

تَکَبَّلَ: بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہونا۔

اِکْتَبَلَ الأَسِیْرَ: بیڑی ڈالنا……الکِیْسَ: تھیلی کو باندھنا……ہٗ: خَیْرَہٗ: روکے رکھنا۔

الکَبْل والکِبْل: بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج کُبُوْل واَکْبُل: الکَبْل: ڈول کا کنارہ۔

ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین۔

الکِبِل والکَابِلِی: تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فَرْوٌ کَبَلٌ و کَابِلِیٌّ"۔

الکَابُوْل: شکاری کا جال۔

المَکْبُوْل: مفع۔ قیدی۔

الکَابُلِی: پستہ قد۔

الکُبُوْلَاء: ایک قسم کا کھانا۔

کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا……الشَّیْءَ: غائب کرنا……عَنِ الشَّیْءِ: بزدل ہونا۔ باز رہنا……عَنْهُ لِسَانَهٗ: زبان روکنا……هَدِیَّتَهٗ: روک لینا۔

کَبَنَ (ض) کَبْنًا وکُبُوْنًا الظَّبْيُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا……الرَّجُلُ: سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ موٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔

اَکْبَنَ لِسَانَهٗ عَنْهُ: زبان روکنا۔

اِکْبَأَنَّ اِکْبِئْنَانًا: سمٹنا۔ سکڑنا۔

الظَّبْيُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا……الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔

الکُبْن: مص۔ ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔

الکُبُنُّ والکُبُنَّة: بخیل کنجوس۔ الکُبُنَّة: خشک روٹی۔

الکُبَان: اُونٹوں کی ایک بیماری۔

المَکْبُوْن: مفع۔ کبان کی بیماری والا اونٹ۔

……مِنَ الخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَکَابِیْن۔ رَجُلٌ مَکْبُوْنُ الأَصَابِعِ: سخت اور موٹی اُنگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَة۔

المَکْبُوْنَة: جلد باز عورت۔

کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا وکُبُوًّا لِوَجْهِهٖ: منہ کے بل گرنا……الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔

کَبَتِ النَّارُ: آگ کا راکھ میں چھپنا……النُّوْرُ: روشنی کم ہونا۔

……النَّبْتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا……الغُبَارُ: غبار کا اوپر کو چڑھنا……الجَمْرُ: بلند ہونا۔

……لَوْنُ الصُّبْحِ او الشَّمْسِ: تاریک ہونا……السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا……مَاءً فِی الوِعَاءِ: پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا……الکُوْزَ: کوزہ سے گرا دینا……الشَّیْءَ: صاف کرنا……البَیْتَ: جھاڑ دینا۔

کَبَّی تَکْبِیَةً النَّارَ: آگ کو راکھ میں چھپانا۔ ثَوْبَهٗ بِالکِبَاءِ: کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے کِبَاء)

اَکْبَی اِکْبَاءً. الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھوئیں والا ہونا۔ اَکْبَی وَجْهَهٗ: متغیر کرنا۔

کَابَی مُکَابَاةً السَّیْفَ: تلوار کو میان میں رکھنا۔

تَکَبَّی عَلَی المِجْمَرَةِ: عودان پر کپڑے کو ڈالنا۔

اِکْتَبَی بِالعُوْدِ: دھونی دینا۔

اِنْکَبَی: منہ کے بل گرنا۔

الکُبَاءُ: بلند۔

الکِبَاء والکِبَی ج اَکْبَاء والکُبَة ج کُبُوْن: کوڑا کرکٹ۔

الکِبَاء: زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے اِدھر اُدھر غلیظ جھاگ۔

الکِبَاء: دھونی کی لکڑی۔ ج کُبِیّ۔

الکَبْوَة. کبا: کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔

الکُبْوَة: دھونی دینے کی انگیٹھی۔

الکَابِی: فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَابِی الرَّمَادِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الکَابِی: بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ کَابٍ: باوجود دعوت کے خیر کی طرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غُبَارٌ کَابٍ: بلند غبار۔

الکَابِیَة: کابی کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَةٌ: راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔

کَتَّأَ (ن) کَتًّا: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا

الكَابِد: فا۔ مشقت کی برداشت۔

كَبِرَ (س) كِبَرًا ومَكْبِرًا فِي السِّنِّ: عُمر رسیدہ ہونا۔

كَبَرَ (ن) كَبْرًا فُلَانًا بِالسِّنِّ: کسی سے بڑا ہونا (عُمر میں)

كَبُرَ (ک) كِبَرًا وكُبْرًا وكَبَارَةً فِي القَدْرِ: مرتبہ میں بڑا ہونا۔ كَبُرَ عَلَيْهِ الأمْرُ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔

كُوبِرَ الرَّجُلُ فِي مَالِهِ: ظلم سے لیا جانا۔ صفت مُكَابَرٌ عَلَيْهِ.

كَبَّرَ تَكْبِيرًا وكُبَّارًا: اللہ اکبر کہنا...... الشَّئَ: بڑا بنانا۔

كَابَرَهُ: دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ غلبہ کرنا ...... عَلَى حَقِّهِ: حق کا انکار کرنا۔

أكْبَرَ الأمْرَ: بڑا سمجھنا...... الرَّجُلَ: بڑا شمار کرنا۔ تعظیم کرنا۔

تَكَبَّرَ وتَكَابَرَ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ تَكَابَرَ الرَّجُلُ: اپنے آپ کو بزرگ ظاہر کرنا۔

اِسْتَكْبَرَ: متکبر ہونا...... الأمْرَ: بڑا سمجھنا۔ بڑا شمار کرنا۔

الكِبْرُ: غرور۔ بڑا گناہ۔

الكِبْرُ والكُبْرُ: چیز کا بڑا حصہ۔ شرف۔

رفعت الكِبْرِ: کفر و شرک۔

الكِبَرُ والكَبْرة والكِبْرَة: بڑھاپا۔ والكِبْرَةُ: بڑا گناہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كُبْرُهُمْ وكِبْرَتُهُمْ وكُبُرُهُمْ وكُبْرَتُهُمْ وإكْبِرَتُهُمْ وأكْبِرَّتُهم" وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے و فُلَانٌ كِبْرَةُ وَلَدِ أبِيهِ: فلاں اپنے باپ کی اولاد میں سب سے بڑا ہے۔ اس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

الكَبَرُ: ڈھول۔ ج كِبَارٌ و أكْبَارٌ (دخیل) ایک درخت کا نام۔

الكِبْرِيَاءُ: بزرگی۔ عظمت۔ غرور۔

الكُبَّارُ والكُبَارُ والكَابِرُ: بڑا۔ الكَابِرُ: بلند مرتبہ سردار۔ مورث اعلیٰ۔

الكَبِيرُ: بڑا۔ ج كبار وكبراء: معلم۔ رئیس اور کبیر اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ ہے۔

الكَبِيرَةُ: کبیر کا مؤنث۔ بڑا گناہ۔ ج كَبِيرَات وكَبَائِر.

الأكْبَرُ: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "الأكْبَرُ والأصْغَرُ" بمعنی كَبِيرٌ و صَغِيرٌ ج أكَابِرُ وأكْبَرُونَ. أكَابِرُ القَوْمِ: شرفاء قوم۔ کہا جاتا ہے "أتَانِي فُلَانٌ أكْبَرَ النَّهَارِ" فلاں میرے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔

الإِكْبِرُ والأكْبَرُ: ایک میٹھی چیز ہے خشک حلوے کی مانند۔ جس کو شہد کی مکھی جمع کرتی ہے اور یہ شہد اور موم کے علاوہ ہے۔

الكُبْرَى: اکبر کا مؤنث۔ ج كُبَر وكُبْرَيَات: اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الجَارِيَةُ مِنْ كُبْرَى بَنَاتِ فُلَانٍ" یہ لڑکی فلاں کی لڑکیوں میں سے بڑی ہے۔

المَكْبِرُ والمَكْبِرَة: عمر کی بڑائی۔

المَكْبُورَاءُ: اسم جمع بمعنی كُبَرَاءُ.

كَبْرَتَ الشَّئَ: کسی چیز پر گندھک ملنا۔

الكِبْرِيتُ: گندھک۔ سرخ سونا۔ سرخ یاقوت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبٌ كِبْرِيتٌ وفِضَّةٌ كِبْرِيتٌ" خالص سونا چاندی۔

الكَبَرْبَا الأصَفُ: ایک چھوٹا درخت جس کے پھول سفید خوبصورت اور ہاضم ہوتے ہیں۔

كَبَسَ (ض) كَبْسًا عَلَى الشَّئِ: حملہ کرنا اور کھینچنا...... البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی سے پاٹنا ...... رَأسَهُ فِي الثَّوْبِ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔

القَوْمُ دَارَه: اچانک حملہ کرنا...... السَّنَةَ يَوْمًا: سال میں ایک دن زائد کرنا...... النَّاصِيَةُ جَبْهَتَهُ: پیشانی کو چھپالینا۔

كَبِسَ (س) كَبَسًا: بڑے سر والا ہونا۔ صفت أكْبَسُ: مؤنث كَبْسَاءُ. ج كُبْسٌ.

كَبَّسَ الجَسَدَ: جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔

...... عَلَى الشَّئِ: گھس پڑنا۔

[illegible]

کنوئیں کا مٹی سے بھر جانا۔ تَكَبَّسَ الرَّجُلُ: سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ تَكَبَّسَ عَلَى الشَّئِ: گھس پڑنا۔

الكِبْسُ: کنواں پاٹنے کی مٹی۔ بڑا سر۔ پہاڑ کی جڑ میں غار۔ خزانہ۔ اصل۔ مٹی کا گھر۔

الكِبَاسَة: کھجوروں کا گچھا۔ ج كَبَائِس.

جِبَالٌ كُبْسٌ وكُبُسٌ: سخت پہاڑ۔

الكَابُوس: ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا اور یہ مرگی کا مقدمہ ہوتا ہے۔

الكُبَاس: سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ بڑے سر والا۔ پُر گوشت۔ قَمَحَةٌ كُبَاس: موٹی گول کھوپڑی۔

الكَبْسَة: اچانک حملہ۔

الكَابِسَة: کابس کا مؤنث۔ أرْنَبَةٌ كَابِسَةٌ: اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔ نَاصِيَةٌ كَابِسَةٌ: پیشانی پر لٹکے ہوئے بال۔

الكَبِيس: ایک قسم کی کھجور۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوئی ہے۔

السَّنَةُ الكَبِيسَة: وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور یہ ہر اس سال میں ہوتا ہے جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے جیسے ۱۹۴۰ و ۱۹۴۴ء۔

المِكْبَس ج مَكَابِس والمِكْبَاس ج مَكَابِيس: اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ۔ المَكَابِيس: وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں۔

المُكَبِّس: فا۔ سر نیچے رکھنے والا۔ اچانک آنے والا اور دبانے والا۔

الكُبْسُولُ: بندوق کی گولی۔ اس کی دوسری لغت کبسون ہے۔

كَبَشَ (ن) كَبْشًا الشَّئَ: مٹھی بھر کر لینا۔

الكَبْش: مینڈھا جب کہ دو سال کا ہو اور بقول بعض چار سال کا۔ ج كِبَاش وأكْبَاش وأكْبُش وكَبُوشَة. الكَبْش: سردار قوم۔ بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ لگانے کے لئے

كَائِ رَجُلاً رَأَيْتَ: تم نے بہت سے آدمی دیکھے اور قلت کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے لئے كَائِنْ تَقْرَأ سورة الاحزاب: یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورۃ احزاب کی تلاوت کی تو اُنہوں نے جواب دیا۔ بہتر مرتبہ۔

كَبَّ (ن) كَبًّا الاِنَاءَ: برتن کو اوندھا کر دینا۔

......الرَّجُلَ عَلٰى وَجْهِهٖ ولِوَجْهِهٖ: پچھاڑنا

......الغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا

......الشَّئُ: بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔

كَبَّبَ: کباب بنانا۔

اَكَبَّ. فُلاَنًا: پچھاڑنا......الرَّجُلُ: پچھڑا جانا۔ سرنگوں ہونا......عَلٰى العِلْمِ وغَيْرِهٖ: ہمہ تن مشغول ہونا۔ اَكَبَّ عَلَيْهِ: کسی کو بچانے کے لئے اس پر چھا جانا۔

تَكَبَّبَ: کپڑے میں لپٹنا......الرَّمْلُ او الشَّجَرُ: تہ بتہ ہونا۔ تَكَبَّبَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔

تَكَابَّ القَوْمُ عَلٰى الشَّئ: بھیڑ کرنا۔

اِنْكَبَّ عَلٰى الاَمْرِ: لازم ہونا۔

الكُبُّ: ایک قسم کی کڑوی گھاس۔

الكُبَّةُ: گھوڑوں یا آدمیوں کی جماعت۔ بڑا اونٹ۔ بوجھ۔ كُبَّةُ الغَزْلِ اوالخُيُوْطِ: کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ ج كُبَبٌ.

الكُبَّةُ والكَبَّةُ: حملہ اور کہا جاتا ہے "كَانَتْ لَهُمْ كَبَّةٌ فِى الحَرْبِ" یعنی انہوں نے لڑائی میں شور کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ۔ الكَبَّةُ: لوگوں کی جماعت۔ كَبَّةُ النَّارِ: آگ کا بڑا حصہ۔ كَبَّةُ الشِّتَاءِ: سردی کا یکبارگی آنا۔ سردی کی شدت۔

الكَبَاب: کباب۔

الكُبَاب: بہت اُونٹ بکری۔ چپکنے والی مٹی۔ تہ بتہ ریت۔

المِكَبُّ: دھاگا لپیٹنے کی ریل۔ ج مِكَبَّات ومَكَّابٌ.

المُكِبُّ والمِكْبَاب: زمین کی طرف نظر رکھنے والا۔

كَبَتَهُ (ض) كَبْتًا: پچھاڑنا۔ رُسوا کرنا۔ پھیرنا۔ توڑنا۔ ذلیل کرنا۔ غصہ سے رد کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَبَتَهُ لِوَجْهِهٖ" یعنی اس نے اس کو منہ کے بل پچھاڑ دیا۔ و "كَبَتَ فُلاَنٌ غَيْظَهُ فِى جَوْفِهٖ" یعنی فلاں نے غصہ کو چھپایا۔ و "كَبَتَ اللّٰهُ العَدُوَّ" یعنی اللہ دشمن کو رسوا و ذلیل کرے۔

اِنْكَبَتَ: پچھاڑا جانا۔ رُسوا ہونا۔ پھرنا۔ ٹوٹنا۔

الكُبُوْتُ: اون کی کھلی گرم چادر۔ کمبل۔

المُكْبَتُ: غم سے بھرا ہوا۔

كَبِثَ (س) كَبَثًا اللَّحْمُ: گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ صفت كَبِثٌ ومَكْبُوْثٌ.

كَبَثَ السَّفِيْنَةَ: کشتی کو زمین کی طرف کھینچ کر لانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔

كَبَحَ (ف) كَبْحًا الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ: چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ كَبَحَهُ عَنِ الحَاجَةِ: باز رکھنا۔ كَبَحَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔ كَبَحَ الحَائِطُ السَّهْمَ: دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔

اَكْبَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ: چوپایہ کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔

كَابَحَهُ مُكَابَحَةً: گالی گلوچ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

اُكْبِحَ المَكَانُ: بلند ہونا۔ صفت مُكْبَح ومُكْبَح.

الكَابِح: فا۔ بدشگونی کی چیز۔ ج كَوَابِح.

بَعِيْرٌ اَكْبَح: مضبوط اونٹ۔

كَبَدَهُ (ن ض) كَبْدًا: جگر پر مارنا۔

كَبَدَ الاَمْرَ: ارادہ کرنا......البَرْدُ القَوْمَ: سردی کا تکلیف دہ ہونا۔

كَبِدَ (س) كَبَدًا وكَبْدً: دردِ جگر والا ہونا۔ صفت [illegible]

كَابَدَ كِبَادًا ومُكَابَدَةً الاَمْرَ: مشقتیں برداشت کرنا......المُسَافِرُ اللَّيْلَ: رات کے خوف اور صعوبت کے باوجود سفر کرنا۔

كَبَّدَتِ الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

تَكَبَّدَ الاَمْرَ: ارادہ کرنا۔ مشقت برداشت کرنا......المَكَانَ: وسط میں پہنچنا......الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔

الكَبْدُ والكِبْدُ والكَبِدُ مِنَ الاَمْعَاءِ: جگر۔ کلیجہ (مذکر و مؤنث) ج اَكْبَاد وكُبُوْد.

الكَبِدُ: اندرون۔ پہلو۔ وسطی۔ معظم شے۔ كَبِدُ القَوْسِ: علاقہ۔ کمان کے دونوں طرف کا درمیان۔ كَبِدُ الاَرْضِ: معدنی چیزیں جیسے چاندی، سونا وغیرہ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ تُضْرَبُ اِلَيْهِ اَكْبَادُ الاِبِلِ" یعنی فلاں کی طرف لوگ سفر کر کرکے آتے ہیں۔

الكُبْدُ والكَبَدُ والكَبْدَاءُ والكُبَيْدَاءُ والكُبَيْدَاةُ مِنَ السَّمَاءِ: وسط آسمان۔

الكَبْدَاءُ: ہتھ چکی۔ ریت کا تودہ کہ جس کا درمیانی حصہ بڑا ہو۔ کمان کہ جس کا قبضہ ہتھیلی کو بھر دے۔ الكَبَدُ: پیٹ کی بڑائی۔ مشقت۔ فضاء آسمانی۔ سختی۔ ریت کا درمیانی حصہ۔

الكَبْدَةُ. كَبَدَ: کا اسم مرۃ۔ دوستی و محبت کا مہرہ۔

الكُبَاد: دردِ جگر۔

الكُبَّاد: چکوترہ۔

الاَكْبَد: ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا۔ وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث كَبْدَاء ج كُبْد.

اَلْكَبِدِيَّةُ: چھپے ہوئی پھولوں والا کائی جیسا پودا تر مقامات پر زندہ رہتا ہے سبز پتوں والا اس کے پتے سورج کی روشنی پڑنے پر گہرے سرخ رنگ کے دکھنے لگتے ہیں۔

الكُبَّاد: لیموں۔

ک

ک : اَلْـکَــافُ : بنیادی حروف میں سے بائیسواں حرف ہے۔ حروف مہموسہ سے ہے۔

کَ: مخاطب اور مخاطبہ کے لئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہے جیسے ضَــرَبَکَ وکِتَــابُکَ وضَــرَبَکِ وکِتَــابُکِ وضَــرَبکُمَــا وکِتَابُکُمَا وضَــرَبَکُــمْ وکِتَابُکُم وضَــرَبُکُنَّ وکِتَابُکُنَّ.

(۲) حرف جار کبھی تشبیہ کے لئے جیسے زَیْــدٌ کَالْاَسَدِ اور کبھی تعلیل کے لئے جیسے اُذْکُرُوا اللّٰہَ کَمَاھَدَاکُمْ : یعنی اللہ کو یاد کرو اس لئے کہ اس نے تمہاری ہدایت کی اور کبھی تاکید کے لئے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے "لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ".

(۳) حرف غیر جار اور اس صورت میں معنی خطاب کے ہوتے ہیں اور اسم اشارہ اور ضمیر منصوب منفصل اور بعض اسماء افعال کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے ذٰلِکَ وتِلْکَ واِیَّاکَ واِیَّاکُمَا وَرُوَیْدَکَ.

(کَئِبَ) (س) کَأْبًا وکَآبَۃً وکَآبَۃً : غمگین ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ صفت کَئِبٌ وکَئِیبٌ اور مجازاً کہا جاتا ہے "اَرْضٌ کَــــئِیبَۃُ الْوَجْہِ".

اَکْــاَبَ الــرَّجُــلُ: غمگین ہونا۔ ہلاکت میں پڑنا۔

......الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔

اِکْتَأَبَ: غمگین ہونا۔

اَلْکَأْبَاءُ: سخت غم۔ اِمْـرَاَۃٌ کَأْبَاءُ: شکستہ دل و غمگین عورت۔ کہا جاتا ہے مَا اَکْاَبَہٗ: اس کا غم کس قدر شدید ہے۔

الْــمُـکْتَـئِـب: غمگین۔ کہا جاتا ہے "رَمَادٌ مُکْتَئِبُ اللَّوْنِ" یعنی راکھ سیاہی مائل۔

الْکُؤْبَۃُ: ہر وہ چیز جس سے شرم کی جائے۔

کَأَجَ (ف) کَــأْجًا. الرَّجُلُ: حماقت زیادہ ہونا۔

الْکِئَاج: حماقت۔ بے وقوفی۔

کَأَدَ (ف) کَــأْدًا: شکستہ دل و غمگین ہونا۔ غم سے بدحال ہونا۔

تَــکَأَّدَ وتَکَاءَدَ الاَمْرُ فُلَانًا : دشوار ہونا......الاَمْرَ: مشقت اٹھانا۔

اِکْوَأَدَّا الشَّـیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔

اَلْکَـأْدَاءُ: غم۔ سختی۔ پرہیز۔ تاریک رات۔

عَقَبَۃٌ کَأْدَاءُ وکَؤُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی۔

الــــکُــــوَدَاءُ: غم یا تھکن کی وجہ سے ٹھنڈی سانس۔

الْــکَــأْسُ : پیالہ (مؤنث) ج کُــؤُوْس واَکْؤُس وکَــأْسَــات وکِئَاس. کَأسُ الزَّھْرَۃِ: کلی کا غلاف۔ الکَأْسِ: شراب۔

کَأسِیَۃُ النُّوْرِ: شمالی امریکہ میں پھولوں کی ایک قسم جو خوشبودار ہوتا ہے زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

کَأَصَہٗ (ف) کَــأْصًا: ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا......الشَّــیْءَ: بہت کھانا یا پینا۔ کہا جاتا ہے "کَـأَصْـنَـا عِـنْدَہٗ مِنَ الطَّعَامِ مَا شِئْنَا" یعنی ہم نے اس کے پاس جو کچھ چاہا کھایا

کَأْ کَأَکَأْکَأَۃً : کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔

تَــکَـأْکَأَ : بزدل ہونا اور پیچھے ہٹنا......الْقَوْمُ عَــلَیْہِ: قوم کا کسی پر جمع ہونا......فِیْ کَلَامِہٖ: گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔

الْــکَــأْکَاءُ : بزدلی۔ چور کی بھاگنے کے وقت کی دوڑ۔

الْمُتَکَأْکِئ: ناٹا۔ پستہ قد۔

کَـأَلَ (ف) کَــأْلًا وکَــأْلَۃً وکُؤُوْلًا: قرض کے بدلے میں قرض خریدنا یا بیچنا۔ مثلاً تمہارا قرض کسی کے ذمہ ہو تو تم اپنے قرض کو اس کے قرض سے بیچ لو۔

کَأَنَ (ف) کَأْنًا الرَّجُلُ: مضبوط ہونا۔

کَــأَنَّ: حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع اور معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) تشبیہ۔ جیسے "کَــأَنَّ زَیْـدًا اَسَـدٌ" گویا زید شیر ہے اور اکثر استعمال اسی میں ہوتا ہے۔

(۲) شک و ظن جیسے "کَــأَنَّ زَیْدًا قَائِمٌ" شاید زید کھڑا ہے۔

(۳) تقریب جیسے کَأَنَّکَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ : قریب ہے کہ تم جاڑے میں پہنچو۔

کَــأَیَ یَکْأَیْ کَأْیًا الرَّجُلَ: گفتگو سے رنجیدہ کرنا۔

اَکْأَیٰ عَنْہُ: ناپسند کرنا۔

کَأَیِّن وکَأَیِّ: کاف تشبیہ اور اَیّ سے مرکب ہے۔ کم خبریہ کی طرح اکثر تکثیر کے معنوں میں مستعمل ہے۔ جیسے کَــأَیِّ مِنْ رَجُلٍ اور

کر کرنے کے قریب ہونا۔

قَاضَ یَقِیْضُ قَیْضًا الْبَیْضَۃَ: پھاڑنا۔ ......الشَّیُٔ: پھٹنا...... السِّنُّ: دانت ہلنا...... الشَّیَٔ بِالشَّیْءِ: مانند بنانا...... الشَّیَٔ مِنَ الشَّیْءِ: بدلہ میں لینا۔

قِیْضَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔

قَیَّضَ اللّٰہُ لَہٗ کَذَا: مقدر کرنا...... اللّٰہُ فُلَانًا بِفُلَانٍ: لانا۔

قَایَضَ قِیَاضًا وَمُقَایَضَۃً فُلَانًا بِکَذَا: مبادلہ کرنا۔

تَقَیَّضَتِ الْبَیْضَۃُ: انڈے کا ٹوٹنا۔ تَقَیَّضَ لَہٗ کَذَا: مقدر ہونا...... سبب ہونا...... اَبَاہُ: باپ کے مشابہ ہونا(...... اِنْقَاضَ) الحَائِطُ: دیوار گرنا۔ اِنْقَاضَتِ الرُّکْبَۃُ اَوِ السِّنُّ: گھٹنے یا دانت کا لمبائی میں پھٹنا۔

تَقَایَضَ تَقَایُضًا. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے تبادلہ کرنا۔

اِنْقَاضَ الشَّیُٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔

القَیْضُ: مص۔ انڈے کا خشک چھلکا(...... والقِیَاضُ) برابر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا قَیْضٌ اَوْ قِیَاضٌ لِکَذَا" یہ اس کے برابر ہے و"ھُمَا قَیْضَانِ" وہ دونوں ہم شکل ہیں۔

اَلْمُقَایَضَۃُ: ایک مال کو دوسرے مال کے ساتھ برابر قیمت پر خرید وفروخت کرنا۔

القِیْضَۃُ: ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا۔ ج قِیَضٌ.

القَیْضُ والقَیْضَۃُ: پتھر کہ جس کو گرم کر کے بکری وغیرہ کے نقرۂ گردن پر داغ لگائیں۔

المَقِیْضُ: انڈے کی جگہ۔ بِئْرٌ مَقِیْضَۃٌ: بہت پانی والا کنواں۔ بَیْضَۃٌ مَقِیْضَۃٌ: توڑا ہوا انڈا۔

قَاظَ یَقِیْظُ قَیْظًا. الیَوْمُ: سخت گرم ہونا(...... وقَیَّظَ وتَقَیَّظَ واقْتَاظَ) القَوْمُ بالمکان: گرمی کا زمانہ گزارنا۔ قُیِّظُوْا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔

قَیَّظَہُ الشَّیُٔ: گرمی کے زمانہ کیلئے کافی ہونا۔

قَایَظَہٗ قِیَاظًا ومُقَایَظَۃً: گرمی کا زمانہ ساتھ گزارنا۔ موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔

القَیْظُ: گرمی کی شدت۔ گرمی کا موسم۔ ج اَقْیَاظٌ وقُیُوْظٌ.

القَائِظُ والقَیِّظُ. سخت گرمی والا۔ یَوْمٌ قَائِظٌ: سخت گرمی کا دن۔ قَیْظٌ قَائِظٌ: سخت گرمی۔

القَیْظِیُّ: جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔

المَقَاظُ والمَقِیْظُ والمُقَیَّظُ: گرمی کا زمانہ بسر کرنے کی جگہ۔

المُقَیِّظَۃُ: گرمی تک سبز رہنے والی سبزی۔

قَاعَ یَقِیْعُ قَیْعًا. الخِنْزِیْرُ: سور کا آواز نکالنا۔

قَیَّفَ وتَقَیَّفَ اَثَرَہٗ: تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔

القِیَافَۃُ: کھوج۔ تلاش۔

قَاقَتْ یَقِیْقُ قَیْقًا الدَّجَاجَۃُ: مرغی کا کڑکڑانا۔

القِیْقُ: بے وقوف۔ کبوتر کے برابر ایک پرندہ جس کے بازو مخطط اور دُم کالی ہوتی ہے اور بہت بولتا رہتا ہے اور جس کو اَبُوْ زُرَیْق بھی کہتے ہیں۔

قِیْقِیَۃُ البَیْضَۃِ: انڈے کے سخت چھلکے کے نیچے کا باریک چھلکا۔

القِیْقَاۃُ والقِیْقَاءَۃُ: سخت زمین۔ ج قَوَاقٍ وقِیَاقٌ وقِیْقٌ.

القَیْقَبُ: ایک درخت کا نام۔ زین کا تسمہ۔ وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے(...... والقَیْقَبَانُ) زین۔ ایک لکڑی جس سے زین بنائے جاتے ہیں۔

القَیْقَابُ: کپڑے کو چکنا کرنے کا مہرہ۔

قَالَ یَقِیْلُ قَیْلًا وقَائِلَۃً وقَیْلُوْلَۃً ومَقَالًا ومَقِیْلًا: دوپہر میں سونا(...... قَیْلًا) دوپہر میں دودھ دوہنا اور پینا۔

قَیَّلَہٗ: دوپہر میں پلانا۔

قَایَلَہٗ: معاوضہ میں دینا۔ تبادلہ کرنا۔

اَقَالَ اِقَالَۃً البَیْعَ: بیع توڑنا۔

اَللّٰہُ عَثْرَتَکَ: گرنے سے اٹھانا۔ درگزر کرنا۔ اَقَالَ الاِبِلَ: دوپہر میں پلانا۔

تَقَیَّلَ: دوپہر میں سونا...... اَبَاہُ: باپ کے مشابہ ہونا...... المَاءُ: پانی کا جمع ہونا۔ تَقَیَّلَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا دوپہر میں پینا۔

تَقَایَلَ الرَّجُلَانِ البَیْعَ: بیع کو فسخ کرنا۔

اِقْتَالَ شَیْئًا بِشَیْءٍ: تبدیل کرنا۔

اِسْتَقَالَہٗ اِسْتِقَالَۃً البَیْعَ: بیع فسخ کرنے کو کہنا۔ اِسْتَقَالَہٗ عَثْرَتَہٗ: لغزش معاف کرنے کو کہنا۔

القَیْلُ: مص۔ رئیس۔ حمیر کے بادشاہوں کا لقب۔ اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

القَیْلُ والقَیُوْلُ: دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔

القَیْلَۃُ والقَیُوْلَۃُ: اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

القَیْلَۃُ والقِیْلَۃُ: خصیہ کا سوجن۔

القَائِلُ: دوپہر میں سونے والا۔ ج قُیَّلٌ وقُیُلٌ وقُیَّالٌ.

القَائِلَۃُ. قَائِلٌ: کا مؤنث۔ دوپہر۔

القَائِلَۃُ والقَیْلُوْلَۃُ: دوپہر میں سونا۔ دوپہر میں لیٹنا۔

رَجُلٌ قَیَّالٌ: ہمیشہ دوپہر میں سونے والا۔

الاِقَالَۃُ: مص۔ عقد کا فسخ کرنا۔

المَقِیْلُ: مص قیلولہ کرنے کی جگہ۔ دوپہر میں سونا یا لیٹنا۔

المِقْیَلُ: دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں دوپہر کے وقت دوہا جائے۔

دَوْحَۃٌ مِقْیَالٌ: بڑا درخت جس کے نیچے بہت زیادہ لیٹا جائے۔

قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا الحَدِیْدَ: لوہے کو برابر کرنا...... الاِنَاءَ: برتن کو درست کرنا...... الشَّیَٔ: جمع کرنا...... اللّٰہُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: پیدا کرنا...... المَرْاَۃُ المَرْاَۃَ: بناؤ سنگار کرنا۔

قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا وقِیَانَۃً: لوہار ہونا۔

قَیَّنَہٗ: مزین کرنا۔

تَقَیَّنَ: مزین ہونا...... النَّبْتُ: اچھا ہونا۔

اِقْتَانَ اِقْتِیَانًا النَّبْتُ: اچھا ہونا۔ الرَّوْضَۃُ: باغ کا سرسبز و شاداب ہونا۔

الرَّجُلُ: مزین ہونا۔

القَانُ: ایک درخت ہے جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ واحد قَانَۃٌ.

القَیْنُ: غلام۔ ج قِیَانٌ...... لوہار اور ہر کاریگر ج قُیُوْنٌ واَقْیَانٌ.

القَیْنَۃُ: باندی۔ لونڈی۔ گانے والی۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ۔ ج قِیَانٌ.

المُقَیِّنَۃُ. مُقَیِّنٌ: کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

وقُوَی وقِوَی: رسّی کی لڑی۔ ج قُوًی.

القُوَی: عقل۔

القَاوِی: فا۔ پکڑنے والا۔ لینے والا۔ بَلَدٌ قَاوٍ: خالی شہر۔

القَاوِیَة: مؤنث قاوی: اعڈا۔ کم بارش کا سال۔ اِبِلٌ قَاوِیَاتٌ: بھوکے اونٹ۔

التَقَاوِی: مص۔ تَقَاوِی الاَمْطَارِ: بارش کی قلت۔

القَوِیّ: مضبوط۔ زوردار ج اَقْوِیَاءُ.

المُقْوِی: فا۔ الفَرَسُ المُقْوِی: مضبوط گھوڑا بَلَدٌ مُقْوٍ: شہر جو بارش سے خالی ہو۔

قَاءَ یَقِیءُ قَیْئًا. مَا اَکَلَه: قے کرنا۔ صفت قَائِیٌّ

قَاءَتِ الطَعْنَةُ الدَمَ: نیزہ کا خون بہانا۔ کہا جاتا ہے قَاءَتِ الاَرْضُ الکَمْاَةَ: سانپ کی چھتری کو اُگانا۔ وقَاءَ الرَجُلُ نَفْسَهٗ: مرنا۔

قَیَّأ تَقْیِئَةً واَقَاءَ اِقَاءَةً فُلَانًا مَا اَکَلَهٗ: قے کرانا۔

تَقَیَّأ تَقَیُّؤًا واسْتَقَاءَ اِسْتِقَاءَةً: بتکلف قے کرنا۔

القُیَاء: قے۔ قے آور دواء۔

القَیُوْءُ والقَیُوْ: بہت قے کرنے والا۔

المُقَیِّی: قے آور دوا۔

القِیْثَار والقِیْثَارَة. ج قَیَاثِیر والقِیْثَار والقِیْثَارَة. ج قَیَاثِیر: سارنگی۔

قَاحَ یَقِیحُ قَیْحًا وقَیَّحَ واَقَاحَ وتَقَیَّحَ الجُرْحُ: زخم کا پیپ والا ہونا یا پیپ بہنا۔

القَیْح: پیپ۔ پیپ جس میں خون کی آمیزش نہ ہو۔

قِیْدَ الرَجُلُ: بیڑی ڈالا جانا۔

قَیَّدَهٗ تَقْیِیْدًا: بیڑی ڈالنا۔ روکنا۔۔۔۔۔۔هٗ: بِالاِحْسَانِ: احسان مند بنانا۔ قَیَّدَ الکِتَابَ: اعراب لگانا۔۔۔۔۔۔ الکَاتِبُ والمتکلمُ: کلام کو کسی قید سے مقید کرنا۔۔۔۔۔۔ الحِسَابَ: حساب لکھنا۔۔۔۔۔۔ الخَطَّ: نقطے اور اعراب لگانا۔

تَقَیَّدَ: بیڑی میں ہونا۔ رُکنا۔

القَیْد: جانور کے پاؤں باندھنے کی وغیرہ۔ ج قُیُوْد واَقْیَاد. وقَیْدُ الاَسْنَانِ: مسوڑھا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ قَیْدُ الاَوَابِدِ" تیز رفتار گھوڑا۔ یعنی اپنی تیز رفتاری کی وجہ سے وحشی جانوروں کے لئے قید کی مانند ہے کہ وہ ان کو بھاگنے سے روک دیتا ہے۔

القَیْد والقِیْد والقَاد: اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا قِیْدُ رُمْحٍ او قَادُرُ رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔

القِیَاد: رسّی۔ جس سے جانور کو کھینچا جائے۔

القَیِّد مِنَ الخَیْلِ او الاِبِلِ: سدھا ہوا تابعدار ~~گھوڑا~~ یا اونٹ۔

المُقَیَّد: مفع جانور کے پاؤں میں رسّی باندھنے کی جگہ۔ ج مَقَایِیْد پازیب پہننے کی جگہ۔ کِتَابٌ مُقَیَّدٌ: اعراب لگی ہوئی کتاب اور کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مُقَیِّدُ الخِمَارِ" یعنی آزاد عورت۔ وبَنُو مُقَیِّد: بہت سے بچھو۔ واَرْضٌ مُقَیِّدَةُ الحمار: زمین سنگلاخ۔

قَیَّرَ الشَیْءَ: کسی چیز پر تار ملنا۔

اِقْتَارَ الحَدِیْثَ: بحث کرنا۔ کھود کرید کرنا۔

القِیْر والقَار: سیاہ رنگ کی ایک چیز جس کو کشتی پر ملتے ہیں تا کہ پانی اندر نہ آئے۔

القَیُّوْر: گمنام۔ غیر معروف النسب۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَقْیَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے زیادہ کڑوا ہے۔

اَلْقَیْرَبُوْسُ: امریکہ میں ایک پودا جس کا تنا ستون کی طرح سیدھا ہوتا ہے۔

القِیْرَاط: دیکھو مادہ ق ر ط۔

القَیْرَوَان: گھوڑوں کا گلہ۔ فوج کا بڑا حصہ۔ قافلہ۔ ج قَیْرَوَانَات (دخیل)

قَاسَ یَقِیْسُ قَیْسًا وقِیَاسًا: ناز سے چلنا۔ بھوکا ہونا۔۔۔۔۔۔هٗ: سابق ہونا (۔۔۔۔۔۔ قَیْسًا)

الطَبِیْبُ قَعْرَ الجَرَاحَةِ: زخم کی گہرائی ناپنا۔ صفت قَایِس۔۔۔۔۔۔ الشَیْءَ بِغَیْرِهٖ او عَلٰی غَیْرِهٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔

اَقَاسَ الشَیْءَ بِغَیْرِهٖ وعَلَیْهِ واِلَیْهِ: نمونہ پر

قَایَسَ قِیَاسًا ومُقَایَسَةً بَیْنَ الاَمْرَیْنِ: اندازہ کرنا۔۔۔۔۔۔ الشَیْءَ بِکَذَا واِلٰی کَذَا: اندازہ کرنا۔۔۔۔۔۔ الرَجُلَ: اندازہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔۔۔۔۔۔ هٗ اِلٰی کَذَا: سابق ہونا۔

تَقَیَّسَ: قبیلہ قیس غیلان سے مشابہ ہونا۔ قبیلہ قیس کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا۔ یا قبیلہ قیس کے حلیف ہونے یا پڑوسی ہونے یا ان سے ولاء کا تعلق ظاہر کرنا۔

اِنْقَاسَ: اندازہ ہونا۔

اِقْتَاسَ. الشَیْءَ: اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَقْتَاسُ بِاَبِیْهِ" وہ اپنے باپ کی پیروی کرتا ہے۔

القَاس والقِیْس: اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا قَاسُ رُمْحٍ او قِیْسُ رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار فاصلہ ہے۔

القِیَاس: مص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا قِیَاسُ ذَاکَ" یہ اس کے مشابہ ہے۔ القِیَاس فِی المَنْطِقِ: وہ قول جو کم از کم دو قضایا سے مرکب ہو کہ جن کے تسلیم کر لینے سے ایک دوسرا قول لازم ہو۔

القِیَاسِی: مطابق قیاس۔

القَیَّاس: بہت قیاس کرنے والا۔

المِقْیَاس: مقدار جس سے اندازہ کیا جا سکے۔ ج مَقَایِیْس.

القَیْسَرِیّ: بڑا۔ ج قَیَاسِر وقَیَاسِرَة.

قَیْسَارِیَة: قیصریہ کی تحریف ہے اور چند شہروں کے نام ہے۔ جو قیاصرہ روم کے ناموں پر رکھے گئے تھے۔ جیسے قیساریہ فلسطین قیساریہ فیلبس قیساریہ کپادوکیا۔

قَاصَتْ تَقِیْصُ قَیْصًا. السِنُّ: دانت کا جڑ سے گرنا۔ قَاصَ البَطْنُ: پیٹ کا حرکت کرنا۔

اِنْقَاصَ وتَقَیَّصَ الحَائِطُ: دیوار کا جھک کر گرنا۔۔۔۔۔۔ الفِرْسُ: داڑھ کا گرنا یا لمبائی میں پھٹ جانا۔ تَقَیَّصَتِ البِئْرُ: کنویں کا گرنا

اِنْقَاصَتِ البِئْرُ: پانی بہت ہونا۔ یہاں تک

۷۱ھ میں جاری کیا تھا۔ ہجری سال ۱۲ قمری مہینوں کا ہوتا ہے۔ شمسی لحاظ سے ۳۵۴ دنوں کا ہوتا ہے۔ لیپ سالوں میں ۳۵۵ دنوں کا ہوتا ہے۔

التَّقْوِيْم: مص۔ تَقْوِيْمُ الْبُلْدَانِ: ممالک کے طول و عرض اور زمین کے خراج کا بیان۔

التَّقْوِيْم: جنتری۔ ج تَقَاوِيْم.

القَيِّمُ عَلَى الاَمْرِ: متولی۔ منتظم۔ مؤنث قَيِّمَةٌ قَيِّم المَرْاَةِ: شوہر۔ اَمْرٌ قَيِّم: سیدھا معاملہ۔ الدِّيَانَةُ الْقَيِّمَةُ: راست بازی۔ کہا جاتا ہے ”ذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ“ صفت مؤنث اس وجہ سے ہے کہ دین سے مراد ملت حنفی ہے۔

القَائِم: قائم۔ ج قُوَّم وقُيَّم وقُوَّام وقُيَّام وقِيَمٌ وقِيَام. قَائِمُ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِم المَاءِ: پانی کے لئے بلند عمارت جہاں سے پانی تقسیم ہو۔ واٹر ورکس۔

القَائِم مَقَام عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَة: نائب۔ ج قُوَّام المَقَامَات.

القَائِمَةَ. قائم: کا مؤنث ج قَائِمَات وقَوَائِم قَائِمَةُ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِمَةُ الدَّابَّةِ: جانور کی ٹانگ اور اسی سے ہے قَائِمَةُ الخِوَان او السَّرِيْر: دسترخوان یا تخت کا پایہ۔ ج قَوَائِم. القَائِمَة: کتاب کا ورق۔ العَيْنُ القَائِمَةُ: ایسی آنکھ جس کی بصارت زائل ہو چکی ہو اور ڈھیلا اپنی جگہ پر قائم ہو۔

قَوْمِيَّةُ الاَمْرِ: معاملہ کی درستگی۔ قَوْمِيَّةُ الْاِنْسَان وقُوْمِيَّةٌ: قامت انسان۔

القَوَّام: اچھے قد و قامت والا۔ اُمور کا منتظم۔ اچھی نگرانی کرنے والا۔ امیر۔ ج قَوَّامُوْن.

القَوِيْم: معتدل۔ اچھے قد و قامت والا۔ ج قِيَام.

القَيَّام والقَيُّوْم: ہر چیز کا نگہبان۔ بے مثل و بے ہمتا۔ وہ ذات جو ابدی ہو اور قائم بذاتہٖ ہو۔ القَيُّوْم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الاَقْوَم: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے ”فُلاَنٌ اَقْوَمُ كَلاَمًا مِنْ فُلاَنٍ“ فلاں بہ نسبت فلاں کے زیادہ سیدھی سادی گفتگو کرنے والا ہے۔

المَقَام: کھڑے ہونے کی جگہ۔ مرتبہ ج مَقَامَات (...... والمُقَام) کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ کھڑے ہونے کا زمانہ۔

المَقَامَة: مجلس۔ سرداری۔ لوگوں کی جماعت۔ خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے مجمع میں بیان کی جائے۔ ج مَقَامَات اور اسی سے ہے۔ مقاماتِ بدیعی، مقاماتِ حریری وغیرہ۔

المِقْوَم: ہل کا دستہ۔

المُقَامَة: کھڑا ہونا۔ لوگوں کی جماعت۔ وطن اقامت۔

المُقِيْم: قا۔ اور کہا جاتا ہے ”هٰذَا اَمْرٌ مُقِيْمٌ ومُقْعِدٌ“ یہ معاملہ اضطراب انگیز ہے۔

تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ حد سے گزرنا...... تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: اچھی تعریف کرنا۔

القَوْنَة: لوہے یا تانبے کا ٹکڑا جس سے برتن کو جوڑتے ہیں۔ ج قُوَن.

القَان: ایک درخت ہے جس سے کمانیں بناتے ہیں۔

القَاوُوْن: ککڑی کی ایک قسم۔

قَوَّه تَقْوِيْهًا. الرَّجُلُ: چلانا...... الصَّيْدَ: گھیرا ڈالنا۔

تَقَاوَهَ: الرَّجُلاَن. صرخا فصارفا: نشانِ مقررہ سے ایک دوسرے کو چلا کر پہچاننا۔

اِسْتَقْوَهَهُ: شکار کا گھیرا ڈالنے کے لئے کہنا۔

اَيْقَهَ: اطاعت کرنا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے ”اَيْقِهْ لِهٰذَا“ یعنی اس کو سمجھو۔ اَيْقَهَ واسْتَيْقَهَ: اطاعت کرنا اور یہ دونوں اَوْقَهَ واسْتَوْقَهَ: کے مقلوب صیغے ہیں۔

القَاه: طاعت۔ عزت۔ مرتبہ۔ خوش حال زندگی اور کہا جاتا ہے ”مَا لَكَ عَلَيَّ قَاهٌ“ تم کو میرے اوپر کوئی قدرت نہیں۔

القَاهِي: خوش حال زندگی والا۔

قَوِيَ يَقْوَى قُوَّةً: توانا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ...... عَلَى الاَمْرِ: طاقت رکھنا (...... قَوًى) بہت بھوکا ہونا...... المَطَرُ: بارش بند ہونا۔

قَوِيَتْ قِيًا وقَوَايَةً. الدَّارُ: گھر کا خالی ہونا۔

قَوَّى الرَّجُلَ او الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔

قَاوَى مُقَاوَاةً الرَّجُلَ: طاقت میں غالب ہونا۔ تم کہتے ہو ”قَاوَانِي فَقَوَيْتُهُ“ اس نے مجھ سے قوت میں مقابلہ کیا میں غالب ہو گیا وقَاوَاهُ: دینا۔

اَقْوَى اِقْوَاءً: محتاج ہونا۔ چٹیل میدان میں اُترنا۔ مالدار ہونا۔ مضبوط و جانور والا ہونا۔ اَقْوَتِ الدَّارُ: رہنے والوں سے خالی ہونا۔ اَقْوَى القَوْمُ: قوم کا توشہ ختم ہونا...... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا اور کھانے کو کچھ نہ ہونا۔ اَقْوَى البُقْعَةَ: خالی کرنا۔ اَقْوَى الشِّعْرَ: اشعار کے قوافی کو اعراب میں مختلف کرنا ...... الحَبْلَ: رسّی کو جا بجا موٹا بٹنا۔

تَقَوَّى: قوی ہونا۔ مضبوط ہونا۔

تَقَاوَى تَقَاوِيًا: بھوکے رات بسر کرنا۔ القَوْمُ المَتَاعَ بَيْنَهُمْ: قیمت بڑھانا یہاں تک کہ انتہائی قیمت پر پہنچنا...... القَوْمُ الدَّلْوَ: سب کا ڈول کے منہ پر منہ لگا کر پینا۔

اِقْتَوَى اِقْتِوَاءً. المَتَاعَ: قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا...... شَيْئًا بِشَيْءٍ: تبدیل کرنا ...... عَلَى فُلاَنٍ: عتاب کرنا...... الرَّجُلُ: مضبوط اور قوی ہونا...... الشَّيْءَ: اپنے لئے خاص کرنا۔

اِسْتَقْوَى اِسْتِقْوَاءً: قوی ہونا۔

القَوَاء والقِوَاء ج اَقْوَاء. القِيّ والقَوَايَة والقَوَى: خالی اور چٹیل میدان۔ القَوَاء والقَوَايَة: بے بارش کی زمین۔ مَنْزِلٌ قَوَاءٌ: منزل جس میں کوئی انیس نہ ہو۔

القَوَاء والقَوَى: بھوک۔ کہا جاتا ہے ”بَاتَ القَوَاءَ والقَوَى“ بھوکے رات بسر کی۔

القُوَّة: زور۔ طاقت۔ توانائی۔ ج قُوَّات

القَال والقِیل : مص ۔ گفتگو ۔ القَال : ابتدایا سوال ۔ کہنے والا ۔ جیسے "رَجُلٌ قَالٌ" یعنی قَائِل. القِیلُ : جواب ۔

القَیْل : رئیس ۔ حمیر کے بادشاہ کا لقب ۔ ج اَقْوَال واَقْیَال وقُیُوْل.

القَوْل : کلام یا ہر ایک لفظ ۔ ج اَقْوَال جج اَقَاوِیل.

القَائِل : قا ۔ ج قُوَّل وقُیَّل وقَالَة وقُوُوْلٌ.

القَالَة والقَوْلَة والمَقَال والمَقَالَة : گفتگو ۔ المَقَالَة : کتاب کا ایک ٹکڑا ۔ والقَالَة : لوگوں کے اندر بری یا بھلی پھیلی ہوئی بات ۔ دوپہر کا قَیْلُوْلَه.

القُوَلَة والقَوَّال والقَوَّالَة والقَؤُوْل والقَؤُوْل ج قُوُل وقُوْل والتِقْوَلَة والتِقْوَالَة : خوش بیان ۔ بہت بولنے والا ۔

القَوَّال : گویا ۔ ج قَوَّالُوْن.

المِقْوَل والمِقْوَال : اچھی گفتگو کرنے والا ۔ تیز زبان ۔ المِقْوَل : زبان ج مَقَاوِل ومَقَاوِلَة اِمْرَاَةٌ مِقْوَل ومِقْوَال : اچھی گفتگو کرنے والی تیز زبان عورت ۔

المَقُوْل والمَقُوُوْل : مفع ۔

کَلِمَةٌ مُقَوَّلَة : بار بار کہا ہوا کلمہ ۔

قَامَ یَقُوْمُ قَوْمًا وقَوْمَةً وقِیَامًا وقَامَةً : کھڑا ہونا ۔ ٹھہرنا ۔ چلنے والے سے تم کہتے ہو "قُمْ لِیْ" یعنی میری وجہ سے ٹھہرو ۔

الـمَاءُ : پانی کا منفذ نہ پانے سے ٹھہر جانا ۔ قَامَتْ بِهٖ دَابَّتُهٗ : تھک جانا ۔ قَامَ مِیْزَانُ النَّهَارِ : دوپہر ہونا ...... الاَمْرُ : اعتدال پر ہونا ...... الـمَاءُ : پانی کا جم جانا ...... قَامَتِ السُّوْقُ : بازار کا رائج ہونا ۔ قَامَ الکَلَاَ : گھاس کا ظاہر ہونا ...... الـمَتَاعُ بِهٖ : قیمت برابر ہونا ...... عَلَی الاَمْرِ : مداومت کرنا ...... بِهٖ ظُهْرُه : درد مند کرنا ...... بِالاَمْرِ : انتظام کرنا ...... عَلَی الاَمْرِ : نگہبانی کرنا ...... عَلٰی غَرِیْمِهٖ : قرض دار سے مطالبہ کرنا ۔ فِی الصَّلَاةِ : شروع کرنا ...... اَهْلَهٗ : اہل وعیال کی ضروریات کو پورا کرنا جاتا ہے "قَامَ یَفْعَلُ کَذَا" یعنی ایسا کرنے لگا ۔ قَامَتِ الصَّلٰوةُ : نماز شروع ہوگئی اور کہا جاتا ہے "قَامَ بِیْ وقَعَدَ" یعنی میرے متعلق بری خبریں پھیلائیں ۔

قَوَّمَ الشَّیْءَ : سیدھا کرنا اور اسی سے تَقْوِیْمُ البُلْدَانِ : ہے جس کے معنی ہیں شہروں کا طول وعرض بیان کرنا ۔ قَوَّمَ دَرْأَهٗ : کجی کو دور کرنا ۔ المَتَاعَ : قیمت لگانا ۔

قَاوَمَهٗ قِوَامًا ومُقَاوَمَةً : ساتھ کھڑا ہونا ۔ مخالفت کرنا ۔ قائم مقام ہونا ۔

اَقَامَهٗ اِقَامَةً وقَامَةً : کھڑا ہونا ۔ اَقَامَ المَائِلَ او المُعْوَجَّ : سیدھا کرنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَقْوَمَه" اور یہ مزید سے آنے کی وجہ سے شاذ ہے ۔ اَقَامَ الشَّیْءَ : ہمیشہ رکھنا ...... بِالمَکَانِ : وطن بنالینا ۔ اقامت کرنا ...... الحَقَّ : حق ظاہر کرنا ...... الصَّلاةَ : کامل طریقہ سے ادا کرنا ...... لِلصَّلاةِ : اقامت کہنا ...... السُّوْقَ : رائج رکھنا ۔ بازار لگانا ۔

تَقَاوَمَ : سیدھا ہونا ۔ کہا جاتا ہے "قَوَّمْتُهٗ فَتَقَوَّمَ" میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا ۔

تَقَاوَمَ القَوْمُ الشَّیْءَ بَیْنَهُمْ : قیمت کا اندازہ لگانا ۔ تَقَاوَمُوْا فِی الحَرْبِ : بعض کا بعض کے لئے کھڑا ہونا ۔

اِقْتَامَ اِقْتِیَامًا اَنْفَهٗ : ناک کاٹنا ۔

اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً : سیدھا ہونا ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ لَهُ الاَمْرُ" معاملہ اس کے لئے ٹھیک و درست ہوگیا ...... المَتَاعَ : سامان کی قیمت لگانا ...... الشِّعْرُ : شعر موزوں ہونا ۔

الـقَوْمُ : لوگوں کی جماعت ۔ ج اَقْوَام واَقَاوِم واَقَائِم واَقَاوِیْم قَوْمُ الرَّجُلِ : قریبی رشتہ دار جو ایک دادا میں شریک ہوں ۔

القَوْمَ : دشمن ج قِیْمَان (...... والقَوْم) کسی جگہ میں اقامت کرنا ۔ القَوْمَ : ارادہ ۔

اَلقُوْمَانْدُس : وہ فوجی جماعت جس کو تربیت دی جائے تا کہ وہ کشتیوں کے ذریعے میں شہر [illegible] کو نیست ونابود کردے ۔

الـقَوْمَة : مص ۔ قام کا اسم مرۃ ۔ قامت انسان ۔ رکوع اور سجدہ کے درمیان قیام ۔

القَوَام : اعتدال ۔ قَوَامُ الاِنْسَانِ : قد و قامت ۔

اَلقَوْمِیّ : قومیت کا نظریہ رکھنے والا ۔

اَلقَوْمِیَّة : اصل اجتماعی سیاسی نظریہ جس کے تحت اس نظریہ کو ماننے والا امت کے متعلق کاموں کو اس کے غیر کے کاموں پر ترجیح دیتا ہے ۔

القَوَام والقِوَام : گزارہ ۔ زندگی ۔

قِوَامُ الاَمْرِ وقِیَامُهٗ : مایۂ درستگی ۔ جس سے کسی چیز کا قیام ہو اور کہا جاتا ہے "هُوَ قِیَامُ اَهْلِهٖ وقِوَامُهُمْ" وہ اپنے اہل وعیال کے لئے سہارا ہے ۔ القِوَام : سیدھا ۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ قِوَامٌ" سیدھا نیزہ ۔

الـقُوَام : ایک بیماری جو جانوروں کی ٹانگ میں ہوتی ہے ۔

الـقَامَة : مص ۔ لوگوں کی جماعت ...... مِنَ الاِنْسَانِ : قد ۔ ج قَامَات وقِیَم : چرخی مع سامان کہا جاتا ہے "اِسْتَقَوْا عَلَی القَامَةِ" انہوں نے چرخی پر پانی کھینچا ۔ ج قِیَم.

القِیَامَة : موت کے بعد اٹھنا ۔ یوم قیامت ۔ قبروں سے اٹھنے کا دن ۔

الـقِیْمَة . قَام : کا اسم نوع ۔ قیمت ۔ ج قِیَم قِیْمَةُ الاِنْسَانِ : انسانی قد ۔

القِیَمِیّ : قیمت کی طرف منسوب ۔

الاِقَامَة : مص ۔ اِقَامَةُ الجُنْدِیِّ : فوجی کی ڈیوٹی ۔ ج اِقَامَات اور کہا جاتا ہے "طَوٰی بِسَاطَ الاِقَامَةِ" یعنی کوچ کیا ۔

اَلتَّقْوِیْم : کیلنڈر ۔ جنتری اس کی بانیوں کے لحاظ سے کئی اقسام ہیں ۔ (۱) اَلرُّوْمِیُّ او الیُوْلِیُوْسِی : اس کو یولیوس قیصر نے ۴۶ ق م میں جاری کیا تھا ۔ اس میں سال کبیسہ (لیپ سال) چار پر تقسیم ہو کر آتا ہے ۔

(۲) اَلتَّقْوِیْمُ الهِجْرِیّ : اس کو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے ۱۶ جولائی ۶۲۲ء

القَوَّاس: کمان والا۔ کمان گر۔ کمان چلانے والا۔ **والقَوَّاس**: پادری یا سفیر کا خادم۔ جن کی خاص وردی ہوتی ہے۔

القُوَيْسَة: ایک خوشبودار پودا جو کہ پتھروں کے قریب بڑھتا ہے' سفید تنے والا ہوتا ہے اس کے پھول گلابی ہوتے ہیں اس کے کچھ طبی فوائد ہوتے ہیں۔

القَيَّاس: کمان کا درست کرنے والا۔ (...... **والمَقَاوِس**) گھوڑوں کو چلانے والا۔

القُوَيْس والقُوَيْسَة: قوس کی تصغیر۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِقْوَس: کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ رسّی کہ جس سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کی صف بندی کی جاتی ہے۔ وہ مقام جہاں سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑے دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ ج مَقَاوِس۔

تَقَوْصَرَ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

القَوْصَرَة: کھجور وغیرہ رکھنے کا بانس کا بنا ہوا ٹوکرا۔

قَاضَ يَقُوْضُ قَوْضًا وقَوَّضَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔ **قَوَّضَ الصُّفُوْفَ والمَجَالِسَ**: تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ بولتے ہیں "بَنَى فُلَانٌ ثُمَّ قَوَّضَ" جبکہ کوئی بھلائی کے بعد برائی کرے۔

تَقَوَّضَ: آنا جانا...... **الحَلَقُ او الصُّفُوْفُ**: حلقہ یا صف کا پراگندہ ہونا (...... **وانقَاضَ**) **البِنَاءُ**: عمارت کا گر جانا۔ منہدم ہونا۔

القَوْط: بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَقْوَاط۔

القَوْطَة: بڑا ٹوکرا۔

القَوَّاط: بکریوں کے ریوڑ کو چرانے والا۔

قَاعَ يَقُوْعُ قَوْعًا: پیچھے رہنا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا (...... **وَتَقَوَّعَ**) کانٹے دار جگہ میں چلنے والے کی طرح بچتا بچاتا چلنا۔

القَاع: پست ہموار پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین۔ ج اَقْوَاع واَقْوُع وقِيع وقِيعَان وقِيعَة۔

القَوْع: مَس۔ گیہوں' کھجور وغیرہ کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج اَقْوَاع۔

القَاعَة: مکان کا صحن ج قَاعَات۔

القَوَّاع: بلبلانے والا بھیڑیا۔

القُوَاع: خرگوش۔ مؤنث قُوَاعَة۔

قَافَ يَقُوْفُ قَوْفًا واقْتَافَ اَثَرَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

تَقَوَّفَ اَثَرَ فُلَانٍ: کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔ ...... **فِي المَجْلِسِ**: بات کرنی سکھلانا۔ کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَقَوَّفُ عَلَى مَالِيْ" وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔

القَائِف: قا۔ قیافہ شناس۔ وہ شخص جو کسی کے اعضاء کو دیکھ کر یہ کہہ دے کہ یہ فلاں نسب سے ہے۔ ج قَافَة (...... **والقَوَّاف والقَوْاف**) کھوج لگانے والا۔

الاَقْوَف: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْوَفُ النَّاسِ لِلاَثَرِ" وہ لوگوں میں نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔

القُوْف: کان کا بالائی حصہ۔

القُوْفِيّ: ہر خوشبودار دھونی۔

القَاف والقُوْف والقُوْفَة مِنَ الرَّقَبَةِ: نقرہ گردن کے بال اور کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهُ بِقُوْفِ رَقَبَتِهِ" میں نے اس کی پوری گردن پکڑ لی۔

قَاقَتْ تَقُوْقُ قَوْقًا. الدَّجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔

القَاق: بے وقوف (...... **والقُوْق والقِيْق**) **مِنَ الرِّجَالِ**: بہت زیادہ لمبا۔ **القَاق والقُوْق**: ایک آبی پرندہ۔

القَاقِيّ: لمبی کشتی۔

القَاوُوْق: ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو ممالک عجم میں مستعمل ہے۔ ج قَوَاوِيْق (دخیل)

قَوْقَاتْ قَوْقَاةً الدَّجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔

القُوْقَة: ایک قسم کا پرندہ جو اجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔

قَرْقَلَ قَرْقَلَةً الرَّجُلُ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

قَوْقَى قَوْقَاةً وقِيْقَاءً: چیخنا۔ چلانا۔

قَالَ يَقُوْلُ قَوْلاً وقَالاً وقِيْلاً وقَوْلَةً ومَقَالاً ومَقَالَةً: کہنا۔ بولنا...... **بِكَذَا**: حکم کرنا' اعتقاد رکھنا...... **بِيَدِهِ**: ہاتھ جھکا کر پکڑنا۔ **بِرَاسِهِ**: اشارہ کرنا...... **بِرِجْلِهِ**: چلنا ...... **عَنْهُ**: روایت کرنا...... **عَلَيْهِ**: افترا کرنا۔ تہمت لگانا...... **الحَائِطُ**: دیوار کا گرنا ...... **لَهُ**: خطاب کرنا...... **فِيْهِ وعَنْهُ**: اجتہاد کرنا...... **بِثَوْبِهِ**: کپڑے کو بلند کرنا...... **بِهِ**: محبت کرنا اور اپنے لئے خاص کرنا۔ **القَوْمَ بِفُلَانٍ**: قتل کرنا اور "مَاتَ وغَلَبَ ومَالَ واَقْبَلَ واسْتَرَاحَ" کے معانی میں بھی مستعمل ہے اور افعال کی تیاری کو بھی قول سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَالَ فَاَكَلَ قَالَ فَضَرَبَ" وغیرہ اور ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام ہو اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو۔ جیسے "اَتَقُوْلُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا" بمعنی "اَتَظُنُّهُ مُنْطَلِقًا" اور بعض کے نزدیک ظن کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو۔ صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے قُلْتُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا: بمعنی ظَنَنْتُ۔

قَوَّلَ واَقَالَ اِقَالَةً واَقْوَلَ اِقْوَالاً. فُلَانًا مَالَمْ يَقُلْ: غلط قول کی نسبت کرنا۔ نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ **وقَوَّلَهُ**: بات کہنے کی تعلیم دینا یا حکم دینا۔

قَاوَلَهُ مُقَاوَلَةً فِي الاَمْرِ: مباحثہ کرنا۔

تَقَوَّلَ عَلَيْهِ القَوْلَ: جھوٹ گھڑنا۔

تَقَاوَلُوْا فِي الاَمْرِ: گفت وشنید کرنا

اِقْتَالَ الشَّيْءَ: پسند کرنا...... **عَلَيْهِمْ**: حکم لگانا۔

بِالثَّوْبِ ثَوْبًا: کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔

القَاتِلَ بِالقَتِيْلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

قَاوَدَهُ مُقَاوَدَةً: ساتھ ساتھ چلنا۔

اِنْقَادَ اِنْقِيَادًا. لِفُلَانٍ: تابعدار ہونا۔ فروتنی کرنا...... الطَّرِيْقُ اِلٰى كَذَا: واضح ہونا۔ نمایاں ہونا(...... واقْتَادَ اِقْتِيَادًا) کھینچنا۔ اِقْتَادَ الدَابَةَ: کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَادَ الدَابَةَ فَاقْتَادَت" اس نے جانور کو کھینچا پس وہ کھنچ گیا (لازم ومتعدی)

تَقَاوَدَ المَكَانُ: جگہ کا ہموار ہونا...... الرَّجُلَانِ: دو مردوں کا ایک ساتھ بھاگنا گویا کہ دونوں ایک دوسرے کو کھینچ رہے ہیں۔

اِسْتَقَادَ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا...... لَهُ: فرماں بردار ہونا۔ تابعدار ہونا...... الاَمِيْرَ: مقتول کا قصاص لینے کی درخواست کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَقَادَ الاَمِيْرَ مِنَ القَاتِلِ فَاَقَادَهُ مِنْهُ: اس نے امیر سے قصاص لینے کی استدعا کی اور امیر نے قصاص لیا۔

القَادُ والقِيْدُ: اندازہ ومسافت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قَادُ قَوْسٍ او قِيْدُ قَوْسٍ" ان دونوں کے درمیان ایک کمان کی مقدار فاصلہ ہے۔

القَوْدُ: مص۔ کوتل گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّبِنَا قَوْدٌ".

القَوَدُ: قود کا مصدر۔ قصاص۔ مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

القِيَادُ: مص۔ جانور کو کھینچنے کی رسّی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَلِسُ القِيَادِ" فلاں تمہاری خواہشات کا فرمانبردار ہے "وَاَعْطٰى فُلَانٌ القِيَادَ" فلاں خوشی سے فرمانبردار ہو گیا۔ اور بعضوں نے کہا کہ مجبوراً۔

فَرَسٌ قَيِّدٌ وَقَيْدٌ وَقُؤُوْدٌ وَقَوُوْدٌ: سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔

القَوَّادُ: اسم مبالغہ۔

الاَقْوَدُ: سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔ مضبوط گردن والا۔ بخیل۔ کسی چیز کی طر

ہونے والا اور باز نہ رہنے والا (...... والمُقْوَدُ) لمبا پہاڑ۔

قَطَعَ (ف) قُطُوْعًا وقِطَاعًا وقَطَاعًا. مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا یا کم ہونا۔ **قَطَعَتِ الطَّیْرُ**: پرندوں کا ٹھنڈے ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔ صفت قَوَاطِع۔

قَطُعَ (ک) قَطَاعَۃً: کلام پر قادر نہ ہونا۔ ......لِسَانُہٗ: زبان کی تیزی کا جاتا رہنا۔

قَطِعَتْ (س) قَطَعًا وقَطْعًا وقَطْعَۃً وقُطَاعًا یَدُہٗ: مرض کی وجہ سے یا کاٹنے سے جدا ہونا۔

قُطِعَ النَّفَسُ: سانس کٹ جانا......**الرَّجُلُ**: عاجز ہونا یا ناامید ہونا......**بِہٖ**: آرزو پوری ہونے سے پہلے روکا جانا۔ صفت مَقْطُوْعٌ بِہٖ۔

قَطَّعَ الشَّیْٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا......**الشِّعْرَ**: شعر کی تقطیع کرنا......**الخَمْرَ بِالمَاءِ**: شراب میں پانی ملانا......**الفَرَسُ الخَیْلَ**: گھوڑے کا سبقت کرنا......**اللّٰہُ عَلَیْہِ العَذَابَ**: گونا گوں عذاب دینا......**الفَرَسُ الجَرْیَ**: نشاط کی وجہ سے قسم قسم کی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "قَطَّعَنِی الثَّوْبُ" کپڑا میرے قد کے لئے کافی ہے و "ھٰذَا الثَّوْبُ یُقَطِّعُکَ قَمِیْصًا" یہ کپڑا تمہارے کرتے کے لئے کافی ہے۔ کہا جاتا ہے "قُطِّعَ فِی بَطْنِہٖ" اس کے پیٹ میں مروڑ ہوا۔

قَاطَعَہٗ مُقَاطَعَۃً: قطع تعلق کرنا۔ **قَاطَعَ الاَجِیْرَ عَلٰی کَذَا وکَذَا مِنَ الاَجْرِ والعَمَلِ**: اُجرت پہ کام طے کرنا......**فُلَانٌ** [illegible]

کہ کس کی تلوار مردہ ہے۔ **تَقَطَّعُوْا لُحُوْمَھُمْ بِالسَّیْفِ**: ایک دوسرے کے گوشت کو کاٹنا۔

اَقْطَعَ الرَّجُلُ: لاجواب ہونا......**عَنْ اَھْلِہٖ**: اپنے اہل سے جدا ہونا......**مَاءُ البِئْرِ**: کنوئیں کا پانی ختم ہونا...... **فُلَانًا**: نہر عبور کرانا......**ہٗ الحَطَبَ**: لکڑی کاٹنے کی اجازت دینا......**ہٗ بِالحُجَّۃِ**: دلیل سے خاموش کر دینا......**الاَمِیْرُ الجُنْدَ البَلَدَ**: جاگیر دینا۔ **اَقْطَعَکَ الشَّیْٔ**: منقطع ہونا۔ **اَقْطَعَتِ السَّمَاءُ بِمَوْضِعِ کَذَا**: بارش رُک جانا۔ **اَقْطَعَ القَوْمُ**: قوم سے بارش کا منقطع ہونا......**الدَّجَاجَۃُ**: مرغی کا انڈے دینے سے رکنا۔ کُڑک ہونا اور کہا جاتا ہے "اَقْطَعَنِی الثَّوْبُ" کپڑا میرے قامت کے لئے کافی ہے۔

تَقَطَّعَ: کٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ **تَقَطَّعَ الظِّلُّ**: سمٹنا۔ کم ہونا۔ **تَقَطَّعُوْا اَمْرَھُمْ بَیْنَھُمْ**: اپنے درمیان معاملہ میں تفریق کر لینا۔ کہا جاتا ہے **تَقَطَّعَتْ عَلٰی ھٰذَا الجَوَادِ اَعْنَاقُ الخَیْلِ**: یعنی اس گھوڑے سے گھوڑوں کی گردنیں نہیں ملیں۔

اِنْقَطَعَ: کٹنا۔ وقت ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ الحَرُّ والبَرْدُ" گرمی یا سردی ختم ہو گئی۔ **اِنْقَطَعَ السَّیْفُ**: تلوار کا ٹوٹنا......**مَاءُ البِئْرِ**: کنوئیں کا پانی ختم ہونا......**الغَیْثُ**: بارش کا رُکنا......**الکَلَامُ**: کلام کا رُک جانا......**النَّھْرُ**: نہر کا خشک ہونا یا روک دیا جانا......**اللَّبَنُ**: دودھ میں پانی کا حصہ ختم ہو جانا......**لِسَانُہٗ**: زبان کی تیزی کا جاتا رہنا......**اِلٰی فُلَانٍ**: خاص تعلق رکھنا۔

اُنْقُطِعَ بِالمُسَافِرِ: سواری کے جانور کا کمزور ہونا یا زادِ راہ کا ختم ہونا۔ صفت مُنْقَطَعٌ بِہٖ۔

تَقَاطَعَا: ایک دوسرے سے قطع تعلق کرنا۔ **تَقَاطَعَ الشَّیْٔ**: جدا جدا ہونا۔

اِقْتَطَعَ مَالَ فُلَانٍ: اپنے لئے لینا......**مِنَ المَالِ قِطْعَۃً**: کچھ لینا......**مَا فِی الاِنَاءِ**: برتن کا سب کچھ پی لینا۔

المَقَط: گھوڑے کے پہلو کی ہڈی کے سرے کا حصہ۔

قَطَبَ (ض) قَطْبًا الشَّئَ: کاٹنا۔ جمع کرنا۔ ......**الشَّرابَ:** طولی کرنا...... **الاِنَاءَ:** برتن بھرنا۔ ......**الرَّجُلَ:** غضبناک کرنا...... **الجَوَالِقَ:** گون کے دونوں گوشوں کو ملانا...... **القَوْمُ:** جمع ہونا۔

قَطَبَ (ض) قَطْبًا وقُطُوْبًا وقَطَّبَ الرَّجُلَ: ترش روئی کرنا۔ صفت قَاطِبٌ وقَطَّبَ الشَّرَابَ: طولی کرنا۔

قَطَّبَ الشَّرَابَ: طولی کرنا...... **القَوْمُ:** جمع ہونا۔

القَطْب والقِطْب والقُطْب والقُطُب ج أَقْطَاب. **القُطْبَة** ج قُطَب: چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔

القُطْب: فرقدین اور جدی کے درمیان ایک ستارہ کا نام جس سے قبلہ کی تعیین کرتے ہیں۔ مدار کار کہا جاتا ہے "هُوَ قُطْبُ ذٰلِكَ الأَمْرِ" وصَاحِبُ الجَيْشِ قُطْبُ رِحَى الحَرْبِ: سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قُطْبُ بَنِي فُلَانٍ" ج أَقْطَاب وقُطُوْب وقِطَبَة...... عِنْدَ الجغرافيين: زمین کے محور کا کنارہ اور وہ دو ہیں قطب شمالی اور قطب جنوبی۔

القَطَب: کسی چیز کو لینے کے بعد باقی کو اٹکل سے بغیر وزن کے لینا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ قَطَبًا" اس نے اسے اٹکل سے بغیر وزن کے لے لیا۔

القُطْبَة: چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ ایک قسم کی گھاس۔ القُطْبَة عند الجغرافيين: زمین کے محور کا کنارہ۔

القِطْبِي: ایک قسم کی گھاس جس سے رسّی بنائی جاتی ہے۔

القُطْبَان: ایک قسم کی گھاس۔

القِطَاب: طولی۔ گریبان کے ملنے کی جگہ۔

القُطْبَة: گوشت کا ٹکڑا۔

القَطِيْب والمَقْطُوْب: ملایا ہوا۔ **القَطِيْب والقَطِيْبَة:** اونٹنی اور بکری کا دودھ ملایا ہوا۔

القَاطِب والقَطُوْب: ترش رو۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا قَاطِبَةً وبِقَطِيْبَتِهِم" یعنی سب آئے اور قاطبۃً حالیت کی بنا پر منصوب ہے۔

قَطَرَهُ (ن) قَطْرًا: سخت پچھاڑنا۔ **قَطَرَ البَعِيْرَ:** اونٹ پر قطران ملنا...... **الثَّوْبَ:** کپڑے کو سینا اور کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِي مِنْ قَطَرَهُ او مَنْ قَطَرَ بِهِ" مجھے نہیں معلوم کہ اس کو کون لے گیا (اور یہ نفی کے ساتھ خاص ہے)(...... قَطْرًا) الرَّجُلَ: دانہ وغیرہ کو وزن سے لینا اور باقی کو اسی حساب سے اندازے سے بغیر وزن کے لینا (...... قُطُوْرًا) فِي الأَرْضِ: جانا(...... قَطْرًا وقُطُوْرًا وقَطَرَانًا) المَاءُ: پانی کا بہنا اور قطرہ قطرہ ٹپکنا...... الصَّمْغُ مِنَ الشَّجَرَةِ: درخت سے گوند نکلنا۔

قَطَّر (ن) قَطْرًا وقَطَّرَ وأَقْطَرَ الإِبِلَ: اونٹوں کو ایک قطار میں کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَطَرَ البَعِيْرَ إِلَى البَعِيْرِ: ایک اونٹ کو دوسرے اونٹ کے قریب کر دیا۔ قَطَّرَ وأَقْطَرَ المَاءَ: ایک ایک قطرہ ٹپکانا۔ قَطَّرَ الدَّوَاءَ: کشید کرنا۔ قَطَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو عود کی دھونی دینا۔ أَقْطَرَ النَّبْتُ: نباتات کی خشکی شروع ہونا...... الشَّئُ: ٹپکنے کا وقت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فَأَقْطَرَهُ" نیزہ مارا اور ایک جانب پر گرا دیا۔ وأَقْطَرَ المَاءُ: پانی کا بہنا۔

تَقَطَّرَ: عود کی دھونی دیا ہوا ہونا...... **المَاءُ:** پانی کا قطرہ قطرہ بہنا...... **الرَّجُلُ:** اپنے آپ کو اوپر سے پھینک دینا۔ گرنا...... **عَنْ كَذَا:** پیچھے رہنا...... **بِهِ:** ایک جانب گرا دینا۔

تَقَاطَرَ. القَوْمُ: گروہ در گروہ پے در پے آنا۔

المَاءُ: پانی کا بہنا اور ایک ایک قطرہ گرنا وتَقَاطَرَ [illegible]

اِقْطَرَّ واِقْطَارَّ: خشک ہونے لگنا...... **النَّاقَةُ:** اونٹنی کا دُم اور سر اٹھانا۔ واِقْطَارَّ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔

اِسْتَقْطَرَ المَاءَ وغیرہ: ٹپکانا۔ کشید کرنا۔ بارش طلب کرنا۔

القَطْر: مص۔ بارش۔ کسی بہنے والی چیز کا قطرہ ج قِطَار.

القِطْر: تانبا۔ تانبے کی ایک قسم۔ پگھلا ہوا تانبا۔ ایک قسم کی چادر۔

القُطْر: اقلیم۔ گوشہ۔ جانب ج أَقْطَار. أَقْطَارُ الدُّنْيَا: دنیا کی چاروں جہتیں۔ وقُطْرُ الدَّائِرَةِ فِي الهَنْدَسِةِ: وہ خط مستقیم جو دائرہ کو تقسیم کر دے اور مرکز سے گزر کر محیط پر ختم ہو۔ وقُطْرُ المُرَبَّعِ والمُسْتَطِيْلِ والمُعَيَّنِ: اس خط مستقیم کو کہتے ہیں جو دو مقابل زوایے کے اندر ہو۔

القُطُر والقُطْر: عود۔ اگر۔

القَطْر: غلے وغیرہ کو وزن سے لینا اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیہ کو اسی حساب سے بلا وزن کے اٹکل سے لینا۔

القَطْرَة قَطَر: کا اسم مرۃ۔ نقطہ ج قَطَرَات کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِقَطْرَةٍ" اللہ اس پر مصیبت نازل کرے۔

القُطْرَة والقُطَيْرَة: معمولی چیز۔ خسیس چیز۔

القَطْرَان والقِطْران والقَطِرَان: کولتار کی مانند ایک چیز جو بعض درختوں سے بنایا جاتا ہے۔

القُطَار والقَطُوْر والمِقْطَار: بہت برسنے والا بادل۔ القُطَار: زہر جو کثرت کی وجہ سے ٹپکے۔

القُطَارَة: قطرہ۔ تھوڑا پانی۔

القِطَار. مِنَ الإِبِلِ: اُونٹوں کی قطار ج قُطُر وقُطُرات. ٹرین۔

القِطَارَة: اونٹوں کو ایک قطار میں ایک کے پیچھے ایک باندھنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِهِ قِطَارَةُ جِمَالٍ" اس کے اوپر اونٹوں کی قطار گزری۔

وصیت کرنا۔ قَضَی الرَّجُلَ وقَضَی نَحْبَهٗ وقَضَی اَجَلَهٗ وقُضِیَ عَلَیْهِ: مرنا اور کہا جاتا ہے ضَرَبَهٗ فَقَضَی عَلَیْهِ: یعنی مار ڈالا۔ وقَضَی مِنْهُ العَجَبَ: بہت زیادہ تعجب کیا۔ وَلا اَقْضِی مِنْهُ العَجَبَ: یعنی تعجب کا حق ادا کرنا ممکن نہیں کہ معاملہ بہت عظیم الشان ہے۔

قَضَی یَقْضِی قَضَاءً وقَضْیًا وقَضِیَّةً بَیْنَ الخَصْمَیْنِ: فیصلہ کرنا...... الاَمْرَ لَهٗ اَوْ عَلَیْهِ: موافق یا مخالف فیصلہ کرنا...... الشَّیْءَ: جتانا۔ بیان کرنا۔

قَضّٰی تَقْضِیَةً وقِضَّاءً. وَطَرَهٗ: حاجت پوری کرنا۔ مراد بر لانا...... الاَمْرَ: معاملہ کو نافذ کرنا...... فُلانًا: قاضی بنانا (...... تَقْضِیَةً) مرنا۔

قَاضَا مُقَاضَاةً. فُلانًا اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے لے جانا...... هٗ عَلٰی مَالٍ: صلح کرنا۔

تَقَضّٰی. البَازِی: باز کا ٹوٹ پڑنا۔ اس کی اصل تَقَضَّضَ ہے ضاد اخیرہ کو تخفیف کے لئے یا سے بدل دیا گیا ہے (...... وانْقَضَی) الشَّیْءُ: فنا ہونا ختم ہونا۔

تَقَاضَیَا اِلَی الحَاکِمِ: دونوں کا حاکم کے پاس فیصلہ کے لئے جانا۔ تَقَاضَاهُ الدَّیْنَ وغَیْرَهٗ وبالدَّیْنِ: قرض کا تقاضا کرنا۔

اِقْتَضٰی اِقْتِضَاءً الحَالُ کَذَا: چاہنا۔ لازم کرنا۔ اِقْتَضَاهُ الدَّیْنَ وغَیْرَهٗ: تقاضا کرنا۔ طلب کرنا۔ واقْتَضَی الاَمْرُ الوُجُوبَ: صیغہ امر کا وجوب پر دلالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ مَا یَقْتَضِیْهِ کَرَمُکَ" وہ کرو جو تمہارے کرم کا تقاضا ہو۔

اِسْتَقْضٰی اِسْتِقْضَاءً فُلانًا الدَّیْنَ: قرض ادا کرنے کا مطالبہ کرنا۔ اِسْتَقْضَی السُّلْطَانُ فُلانًا عَلَیْنَا: قاضی بنانا...... هٗ: فیصلہ کے لئے طلب کرنا وَاُسْتُقْضِیَ فُلانٌ: قاضی بنایا جانا۔

القَضٰی والقَضَاءُ: حکم۔ ادا۔ ج اَقْضِیَةٌ مصباح میں ہے کہ علماء قضا کا استعمال اس عبادت کے لئے کرتے ہیں جو شرعی حیثیت سے معین وقت کے علاوہ میں ادا کی جائے۔ اور ادا وہ ہے جو وقت معین میں کی جائے اور یہ وضع لغوی کے خلاف ہے لیکن دونوں وقتوں میں تمیز کے لئے اصطلاح ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ قضا مراد ہے عالم عقل میں تمام موجودات کے وجود سے جو جملہ بطریق ابداع کے ہو اور قدر مراد ہے وجود خارجی سے جو مفصل ایک کے بعد ایک ہو۔

القَضِیُّ: موت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَضِیٌّ" مرد جلد فیصلہ کرنے والا۔

القَضِیَّةُ: مص۔ قَضٰی: کا اسم ہے...... عند المنطقین: وہ قول جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جاسکے۔ ج قَضَایَا.

القِضَةُ: ایک ترش قسم کی گھاس ج قِضًی وقِضَات وقِضُوْن.

القَاضِی: قا۔ حاکم شرعی۔ ج قُضَاة.

قاضِی القُضَاةِ: قاضیوں کا رئیس۔ چیف جسٹس۔ سَمٌّ قَاضٍ: زہر قاتل۔

القَاضِیَةُ: قاضی کا مؤنث۔ موت۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْ عَلَیْهِ القَاضِیَةُ" اسے موت آئی۔

القُضَّاءُ: اسم مبالغہ۔ مضبوط زرہ۔

قَطَّ (ن) قَطًّا واقْتَطَّ. القَلَمَ و نحوه: قلم پر قط لگانا...... البَیْطَارُ حَافِرَ الدَّابَّةِ: سلوتری کا چوپایہ کے کھر تراشنا۔

قَطَّ (ن ض) قَطًّا وقُطُوْطًا وقَطَّ السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔ صفت قَطٌّ وقَاطٌّ وقَاطِطٌ.

قَطَّ وقَطِطَ (س) قَطَطًا وقَطَاطَةً الشَّعْرُ: بال چھوٹے اور گھنگریالے ہونا۔ صفت قَطَطٌ وقَطِطٌ.

قَطْقَطَ الخَرَّاطُ الخَشَبَةَ: خرادی کا لکڑی کو تراشنا اور ہموار کرنا۔

اِقْتَطَّ وانْقَطَّ الشَّیْءُ: منقطع ہونا۔

قَطُّ: حسب کے معنی میں آتا ہے جیسے قَطْنِی وقَطْکَ وقَطُّ زَیْدٍ دِرْهَمٌ بمعنی حَسْبِی وحَسْبُکَ وحَسْبُ زَیْدٍ دِرْهَمٌ: فرق یہ ہے کہ قط مبنی ہے اور حسب معرب ہے۔ اور اسم فعل ہوکر بمعنی یکفی بھی مستعمل ہے۔ اس صورت میں نون وقایہ کے ساتھ بناء علی السکون کی حفاظت کے لئے قطنی کہا جاتا ہے۔ اگر تقلیل کا ارادہ ہو تو ساکن کر دیتے ہیں۔ جیسے مَا عِنْدِی اِلّا هٰذَا قَطْ اور اگر ہمزۂ وصل کے ساتھ ملے تو آخر کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ جیسے مَا علمتُ الا هذا قطِ السعر اور کبھی تحسین لفظ کے لئے اس کے شروع میں فا بھی داخل کر دیتے ہیں۔ جیسے "رَاَیْتُهٗ مرةً فقط" یعنی میں نے اس کو صرف ایک ہی مرتبہ دیکھا۔

قَطُّ: ظرف زمان ہے اور استغراق ماضی کے لئے آتا ہے اور نفی کے ساتھ مختص ہے جیسے مَا فَعَلْتُ هٰذَا قَطُّ اور کبھی قُطُّ اور قَطُ بھی کہا جاتا ہے۔

القِطُّ: بلی۔ ج قِطَاط وقِطَطَة. قِطُّ الزَّبَادِ: دیکھئے لفظ الزَّبَاد واحد قِطَّة. القِطُّ: حصہ۔ رات کا ایک حصہ۔ حساب کا رجسٹر۔ چک۔ چٹھی۔ ج قُطُوْط.

رَجُلٌ قَطٌّ وقَطَطٌ: چھوٹے گھنگریالے بال والا۔ ج قَطُّوْن وقِطَاطٌ واَقْطَاطٌ وقَطَطُوْن وامْرَاَةٌ قَطَّةٌ وقَطَطٌ: گھنگریالے بال والی عورت۔

قَطَاطِ: اسم فعل بمعنی حسب۔

القَطَوْطَی: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے والا۔

القِطَاط: بالوں کا گھنگریالا پن۔ سم کا گھیرا۔ پہاڑ کا کنارہ۔ نمونہ کہ جس کو دیکھ کر کوئی چیز قطع کریں ج اَقِطَّة (...... والقُطَیْطَة) غار کا بالائی کنارہ ج قَطَائِط اور کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیْلُ قَطَائِطَ" گھوڑے گروہ گروہ آئے۔

القَطَّاط: اسم مبالغہ۔ خراد کرنے والا۔ [illegible]

قَاطٌّ وقَاطِطٌ ومَقْطُوْطٌ: گراں بھاؤ۔

المِقَطُّ والمِقَطَّة: قط زن۔

اِنْقَضَبَ كذا...... **الكَوْكَبُ مِنْ مَكَانِهِ**: ستارے کا اپنی جگہ سے ٹوٹنا۔

اِقْتَضَبَ الشَّيْءَ: کاٹنا...... **الكَلَامَ**: فی البدیہ کہنا...... **النَّاقَةَ**: اونٹنی پر سدھانے سے قبل سوار ہونا...... **فُلَانًا**: اچھی طرح سے کام کرنے کی صلاحیت سے قبل اس کے کرنے کی تکلیف دینا۔

القَضْبُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے کمان بنایا کرتے تھے۔ کٹی ہوئی شاخیں۔ واحد قَضْبَة.

القَضْبَةُ: شاخ۔ درخت نبع: کا بے بنا ہوا تیر۔ ج قَضَبَات. **القَضْبَةُ**: ساگ تر و تازہ جو کھایا جائے ج قَضْب.

القِضْبَةُ: اونٹوں یا بکریوں کا گلہ۔ سبک اور لطیف (مرد یا اونٹنی)

القَضِيْبُ: کٹی ہوئی شاخ۔ بغیر سدھائی ہوئی اونٹنی۔ ج قُضْبَان وقِضْبَان. **القَضِيْبُ**: شمشیر براں۔ کمان جو درست شاخ سے بنائی ہوئی ہو۔

سَيْفٌ قَاضِبٌ ج قَوَاضِب وقُضَّابٌ وقُضَّابَةٌ ومِقْضَبٌ: بہت تیز کاٹنے والی تلوار **رَجُلٌ قَضَّابَةٌ**: اُمور کا اچھی طرح طے کرنے والا۔

القَاضِبَةُ. قاضب: کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْ فِيَّ قَاضِبَةٌ" یعنی میرے مُنہ میں کوئی دانت نہیں۔

القُضَابَةُ: کاٹی ہوئی چیز کے ٹکڑے۔

اَلْمِقْضَبُ: درانتی۔

المِقْضَاب: درانتی۔ بہت کاٹنے والا۔

اَرْضٌ مِقْضَابٌ: سبزہ زار زمین۔ ساگ پات اُگانے والی زمین۔

اَلْمَقْضَبَةُ: ساگ پات اُگنے کی جگہ۔ ج مَقَاضِب ومَقَاضِيْب.

اَلْمُقْتَضَبُ: کام کرنے کی صلاحیت نہ ہونے سے پہلے اس کے کرنے کی تکلیف دیا ہوا۔ اوزان شعر میں ایک بحر کا نام...... **مِنَ الشِّعْرِ والكَلَامِ**: فی البدیہ شعر یا کلام۔

قَضَعَهُ (ف) **قَضْعًا**: مغلوب کرنا۔ مقہور کرنا۔

اِنْقَضَعَ عَنْهُ: دُور ہونا (...... **وتَقَضَّعَ**) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ جدا جدا ہونا۔

اَلْقَضْعُ والقُضَاعُ والقَضِيْعُ: پیٹ کا درد اور مروڑ۔

القُضَاعُ والقُضَاعَةُ: آٹے کی گرد۔ دیوار کی جڑ میں جو جھڑ کر گرے۔ **القُضَاعَةُ**: تیندوا۔

اَلْقُفَاءُ: چیتہ۔

القَضْعَمُ: بڈھا جس کے دانت گر گئے ہوں۔ پوپلا۔

قَضُفَ (ک) **قَضَفًا وقِضَفًا وقَضَافَةً**: نحیف ولاغر ہونا۔ صفت قَضِيْف ج قِضَاف وقُضْفَان وقُضَفَاء.

اِنْقَضَفَ: ٹوٹنا۔

القَضَفُ: پتلے پتھر۔

القَضَفَةُ: ٹیلہ جو ایک پتھر کا معلوم ہو۔ زمین کا ٹکڑا جو اُبھرا ہوا ہو اور کچھ لمبا ہو۔ ایک پرندہ کا نام۔ ج قَضَفٌ وقِضَافٌ وقُضْفَان وقِضْفَان.

القِضْفَةُ: ریت کا ٹکڑا جو بڑے حصہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔

القَضِيْفَةُ مِنَ النِّسَاءِ: کم گوشت دُبلی پتلی عورت۔

قَضْقَضَ قَضْقَضَةً العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹتے کے وقت چٹخنا...... **الاَسَدُ فَرِيْسَتَهُ**: شیر کا اپنے شکار کو توڑنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَقَضْقَضَ: ٹوٹنا۔ جدا جدا ہونا۔

القَضْقَاضُ والقُضْقَاضُ والقُضَاقِضُ: شیر۔

القِضْقَاضُ: ہموار زمین۔

قَضِمَ (س) **وقَضَمَ** (ض) **قَضْمًا الشَّيْءَ**: دانت کے اطراف سے کاٹنا اور کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَقْضِمُ الدنيا قَضْمًا" جبکہ بے رغبتی کرے اور معمولی پر راضی ہو جائے۔

قَضِمَتْ (س) **قَضَمًا السِّنُّ**: دانت کے اطراف کا ٹوٹنا۔ **قَضِمَ الرَّجُلُ**: دانت کے ٹوٹے ہوئے اطراف والا ہونا۔ **قَضِمَ السَّيْفُ**: تلوار پرانی ہونے کی وجہ سے دھار خراب ہونا۔

قَاضَمَ مُقَاضَمَةً: تھوڑا تھوڑا بیچنا یا خریدنا۔

اَقْضَمَ الدَّابَّةَ: جانور کو جو کا چارہ دینا (...... **واِسْتَقْضَمَ**) **القَوْمُ**: قحط میں تھوڑا غلہ لینا۔

القَضِمُ مِنَ الاَسْنَانِ: اطراف گرے ہوئے دانت۔ **القَضِمُ مِنَ الرِّجَالِ**: جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔ **القَضِمُ مِنَ السُّيُوْفِ**: پرانی ہونے کی وجہ سے خراب دھار والی تلوار۔

الاَقْضَمُ: جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث قَضْمَاء ج قُضْم.

القَضَمُ: مص۔ تلوار۔

اَلْقَضَامِيُّ: وہ چنے جن کو بھگو کر بھونا جائے اور دانتوں سے چبایا جائے۔

القُضْمَةُ والقَضَامُ والمَقْضَمُ: جو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ قُضْمَةً وقَضَامًا ومَقْضَمًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

القَضِيْمُ: جس کو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ ٹوٹی ہوئی دھار کی تلوار۔ گٹھری۔ نام (...... **والقَضِيْمَةُ**) چمڑے کا فرش جو مجرم کے نیچے بچھا دیتے تھے تا کہ خون سے زمین خراب نہ ہو۔ چمڑا۔ سفید چمڑا جس پر لکھا کرتے تھے۔ جانوروں کے لئے جو۔ چاندی ج قَضَم وقُضُم واَقْضِمَة.

القَضَّامُ: کھجور کا لمبا درخت کہ اس کے پھل خشک ہو گئے ہوں۔ ج قَضَاضِيْم.

قَضَى يَقْضِي قَضَاءً الشَّيْءَ: مضبوطی سے بنانا...... **حَاجَتَهُ**: پوری کرنا اور فارغ ہونا...... **وَطَرَهُ**: مُراد کو پہنچنا...... **عَبْرَتَهُ**: تمام آنسو بہا دینا...... **الدَّيْنَ**: قرض ادا کرنا...... **الصَّلَاةَ**: نماز ادا کرنا...... **الاَمْرُ اِلَيْهِ**: پہنچانا...... **العَهْدَ**: نافذ کرنا...... **عَلَيْهِ عَهْدًا**:

اُقَاصِیکَ اَیُّنَا اَبْعَدُ مِنَ الشَّرِّ" آ ؤ تم سے مقابلہ کریں دیکھیں ہم میں سے شر سے کون بعید ہے۔

اَقْصٰی فُلَانًا عَنْهُ: دُور کرنا...... الشَّیْءَ: انتہا پر پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا یُقْصِیهِ الْبَصَر" ہم ایسی جگہ پر اُترے جس کی انتہا حد بصر سے خارج ہے۔

تَقَصّٰی تَقَصِّیًا: دُور ہونا(...... واسْتَقْصٰی) الْمَسْأَلَةَ وفِیهَا: مسئلہ کی تہ کو پہنچنا۔ وتَقَصَّاهُمْ: بعید لوگوں میں سے ایک ایک کو بلانا۔

الْقَصَا: مص۔ دُور کا نسب۔ کنارہ کہا جاتا ہے "حُطِنِی الْقَصَا" یعنی مجھ سے دُور ہو جا۔ و "ذَهَبْتُ قَصَاهُ" میں اس کی طرف چلا۔ الْقَصَا: اونٹنی یا بکری کے کان کے کنارے سے تھوڑا سا کٹا ہوا حصہ (...... والْقَصَاء) گھر کے سامنے کا صحن۔

الْقَصْوَة: کان کے اوپر کے حصہ پر داغ۔

الْقَصِی: دور۔ ج اَقْصَاء مؤنث قَصِیَّةٌ ج قَصَایَا کہا جاتا ہے "رَمَیْتَ الْمَرْمٰی الْقَصِی" یعنی تم گمان اور تاویل میں بہت دُور چلے گئے۔ الْقَصِیَّة: اصیل اُونٹنی۔ بداصل اونٹنی۔

الْقَاصِی: فا۔ دُور۔ بعید۔ قَاصُوْن واَقْصَاء.

الْقَاصِیة: قاصی کا مؤنث۔ کنارہ۔ نَعْجَةٌ قَاصِیَةٌ: بوڑھی بھیڑ۔ الْقَاصِیَة مِنَ الشاء: ریوڑ سے علیحدہ ہونے والی بکری۔

الاَقْصٰی: مؤنث قَصْوَاء و (الْمَقْصُو والْمَقْصِی والْمَقْصِی) مِنَ الجمَالِ: اُونٹ جس کے کان کا کنارہ ذرا سا کٹا ہوا ہو اور ایسے ہی شَاةٌ مَقْصُوَّةٌ ومُقْصَاةٌ.

الاَقْصٰی: اسم تفضیل۔ زیادہ دُور۔ ج اَقَاصٍ: مؤنث قُصْوٰی وقُصًا.

الْقُصْوٰی والْقُصْیَا: وادی کا کنارہ دُور کی حد۔

قَضَّ (ن) قَضًّا الشَّیْءَ: سوراخ کرنا...... الْوَتَدَ: کھونٹی اُکھیڑنا...... الْحَائِطَ: دیوار کو زور سے ڈھانا...... عَلَیْهِم الْخَیْلَ: کسی جماعت پر گھوڑوں کو بھیجنا اور متفرق کرنا...... الطَّعَامَ: کھانے میں کوئی خشک چیز مثلاً گڑ یا شکر ڈالنا۔

قَضَّ (ض) قَضِیضًا السَّیْرُ والْوَتَرُ: چڑ چڑانا' چٹخنا۔

قَضَّ (ض) قَضَضًا الْمَکَانُ او الطَّعَامُ: جگہ یا کھانے کا کنکری دار ہونا...... عَلَیْهِ الْمَضْجَعُ: خوابگاہ کا سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَضَّ الرَّجُلُ" جبکہ نیند نہ آئے اور آسودگی حاصل نہ ہو۔

اَقَضَّ الْمَکَانُ او الطَّعَامُ: بمعنی قَضَّ. الْمَضْجَعُ: خوابگاہ کا سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَقَضَّ عَلَیْهِ الْمَضْجَع" یعنی خوابگاہ خاک آلود اور سخت ہو گئی "واَقَضَّ عَلَیْهِ الْهَمُّ" یعنی اس پر غم نازل ہوا...... اللّٰه مَضْجَعَه: خوابگاہ کو کھردار کرنا...... الرَّجُلُ: باریک اُمور کے درپے ہونا۔

اِنْقَضَّ: ٹوٹنا...... الْجِدَارُ: دیوار کا پھٹنا' گرنا۔ اِنْقَضَّتِ الْخَیْلُ عَلَی الْقَوْمِ: گھوڑوں کا منتشر ہونا۔ کہا جاتا ہے قَضَضْنَا عَلَیْهِمُ الْخَیْلَ فَانْقَضَّتْ عَلَیْهِمْ: ہم نے ان پر گھوڑے دوڑائے پس وہ ان پر ٹوٹ پڑے (...... وتَقَضَّضَ) الطَّائِرُ: پرندے کا نیچے اُترنا اور کہا جاتا ہے تَقَضّٰی تَقَضِّیًا: دوسرے ضاد کو یاء سے بدل کر۔ جیسا تَظَنَّنَ: سے تَظَنّٰی: اور بعضوں نے کہا ہے کہ قَضَّ: سے تَفَعَّلَ: کے وزن پر یاء سے بدل کر ہی استعمال ہوتا ہے۔

اِنْقَاضَّ الْجِدَارُ: دیوار کا پھٹنا۔ گرنا۔

اِسْتَقَضَّ الْمَضْجَعَ: خوابگاہ کو کھردار پانا۔ ...... الطَّعَامَ والْمَکَانَ: کنکری دار ہونا۔

اِسْتَقَضَّ الْهَمَّ: غم کا زوال چاہنا۔

اِقْتَضَّ: بکارت زائل کرنا۔

الْقَضُّ والْقَضَضُ: مصادر۔ کنکری۔

[illegible]

الْقَضُّ والْقَضِیضُ والاَقَضُّ: جس میں کنکری ہو اور کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ قَضُّهُمْ وقَضَّهُمْ وقَضُّهُمْ وقَضَّهُمْ وقَضِیضُهُمْ وبِقَضِیضِهِمْ" یعنی سب آئے۔ قض کا نصب مصدر یا حال کی بنا پر اور رفع تاکید کی وجہ سے کلهم کے قائم مقام ہو کر۔

الْقَضَّة. قَضَّ: کا اسم مرة۔ قِضَاض: کا واحد بمعنی تہ بتہ پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ۔ کنکری۔ چیز کا بقیہ۔ دھاگے کی چھوٹی انٹی۔ اَرْضٌ قَضَّةٌ: کنکری والی زمین۔

الْقِضَّة: جنس۔ چھوٹی کنکریاں۔ ج قِضَّات. والْقِضَّة: دوشیزگی۔

الْقَضَة والْقُضَة: عیب۔

قَضِیَ یَقْضَا قَضًا الشَّیْءُ: کھانا...... السِّقَاءُ: مشک کا خراب ہونا۔ بدبودار ہونا۔ ...... الْعَیْنُ: آنکھ کا سرخ ہونا...... الثَّوْبُ او الْحَبْلُ: کپڑے یا رسی کا بوسیدہ ہونا اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا (...... قَضًا وقَضَاءَةً فِی حَسَبِهٖ: تباہ ہونا...... اَقْضَاهُ: کھلانا...... کہا جاتا ہے تَقَضَّا مِنْ فُلَانٍ اَنْ یُزَوِّجَه: یعنی اس کے حسب کو ذلیل سمجھا اور نکاح کرنے سے انکار کر دیا۔

الْقَضَاة والْقُضَاة: عیب۔ فساد۔ عار۔

الْقَضِیُّ: خراب بدبودار۔ کہا جاتا ہے سِقَاءٌ قَضِیٌّ وقِرْبَةٌ قَضِیَّةٌ: خراب اور بدبودار مشک۔

قَضَبَ (ض) قَضْبًا الشَّیْءَ: کاٹنا...... الرَّجُلَ: کسی کو شاخ سے مارنا...... النَّاقَةَ: اُونٹنی پر سدھانے سے قبل سوار ہونا۔

قَضَّبَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... الْکَرْمَ: موسم بہار میں انگور کی شاخیں تراشنا (...... وتَقَضَّبَ) شُعَاعُ الشَّمْسِ: آفتاب کی کرن کا پھیلنا وتَقَضَّبَ الشَّیْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اَقْضَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا سبزہ زار ہونا ساگ پات اُگانا۔

اَلقَصفُ عَنهُ: عاجز ہو کر چھوڑ دینا۔

تَقَصَّفَ: ٹوٹنا...... عَلَيهِ القَومُ: قوم کا اکٹھا ہونا...... القَومُ: قوم کا جھگڑے یا دھمکی میں شور مچانا۔

تَقَاصَفَ القَومُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔

اِنقَصَفَ: ٹوٹنا...... السَّيلُ: سیلاب کا رواں ہونا...... القَومُ: عَنهُ: سستی کی وجہ سے چھوڑ دینا...... عَلَيهِ: پے در پے آنا۔

القَصفُ والقُصُوفُ: کھیل کود کھانے پینے میں مشغولیت۔ القَصفُ: باجہ کی آواز۔ شور۔ کھیل کود کا اعلان۔

القُصُوفُ والقَصَفَةُ: اونٹ کی بڑبڑاہٹ اُونٹ کے دانتوں کی آواز۔

القَصَفَةُ: شہسواروں کی جماعتوں کا ایک دوسرے پر دباؤ۔ سیڑھی کا پایہ...... مِنَ القَومِ: بھیڑ ہجوم۔ ج قَصَفٌ وقُصفَان.

القَاصِفُ: قَارَعدٌ قَاصِفٌ: بہت گرجنے والا بادل۔ رِيحٌ قَاصِفٌ او قَاصِفَةٌ: بہت تیز ہوا۔

القَصِفُ: سریع الانکسار۔ القَصِفُ البطن: بھوک کی تاب نہ رکھنے والا (......والقَصِيفُ) دو برابر حصوں میں ٹوٹا ہوا۔ القَصِيفُ: درخت کا ٹوٹا ہوا حصہ۔

الاَقصَفُ: وہ شخص جس کا دانت آدھے حصہ سے ٹوٹ جائے۔

المَقصَفُ: کھانے پینے کھیل کود کی جگہ ج مَقَاصِفُ (مولدة)

قَصقَصَ. الشَّيءُ: توڑنا...... بِالجَروِ: کتے کے پلے کو بلانا۔

تقصقص أَثَرَهُ: پیروی کرنا...... كَلاَمَهُ: یاد کرنا۔

حَيَّةٌ قَصقَاصٌ وصَصَصٌ: خبیث سانپ۔

أَسَدٌ او رَجُلٌ قُصَاقِصٌ ج قَصَاقِصُ و قُصَاقِصَات (وقُصقُصٌ و قُصقُصَةٌ وقُصَاقِصٌ) موٹا یا پستہ قد شیر یا مرد۔

القَصقَصُ: سینہ میں بال نکلنے کی جگہ۔ آواز۔

قَصَلَ (ض) قَصلاً الشَّيءَ: کاٹنا۔ صفت فاعل قَاصِلٌ اور صفت مفعول قَصِيلٌ ومَقصُولٌ...... الحِنطَةَ: گیہوں کا دائیں کرنا...... الدَّابَّةَ وعَلَيهَا: جانور کو گھاس کھلانا۔ چارہ دینا...... عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔

تَقَصَّلَ وانقَصَلَ: کٹنا۔

اِقتَصَلَ. الشَّيءَ: کاٹنا...... الشَّيءُ: کٹنا۔

اِقتَصَلَ بِهِ: قبضہ کرنا...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

القَصَلُ بمعنی (...... والقِصلُ والقَصَلُ والقُصَالَة) گیہوں کا ردی حصہ جو پھینک دیا جائے یا دوبارہ دائیں کیا جائے۔ القِصلُ: بے خبر۔ بے وقوف۔ کمزور۔ مؤنث قِصلَة.

القَصلَة والقِصلَة: اونٹوں کا گلہ۔

سَيفٌ قَاصِلٌ وقَصَّالٌ ومِقصَلٌ: شمشیر براں۔ لِسَانٌ مِقصَلٌ: تیز زبان۔

القَصَّالُ: شیر۔

القَصِيلُ: سبز جو۔ جو کاٹ کر جانوروں کو چارہ دیا جائے۔ جماعت۔ ج قُصلاَن: فقہاء کی اصطلاح میں قَصِيلٌ: وہ کھیتی جو ابھی تیار نہ ہوئی ہو۔

المِقصَلَة: مار ڈالنے کا ایک آلہ جس میں چھری ہوتی ہے اور مجرم کے سر پر گرتی ہے۔

القُصلُبُ: قوی۔ توانا۔

قَصَمَ (ض) قَصمًا الشَّيءَ: توڑنا...... الرَّجُلُ: ہلاک کرنا...... فُلاَنٌ: سفر توڑ دینا اور واپس آنا اور کہا جاتا ہے "قَصَمَ اللّٰهُ ظَهرَ الظَّالِمِ" اللہ ظالم کی پیٹھ کو توڑ دے یعنی اس پر کوئی مصیبت نازل کرے "وقَصَمَ اللّٰهُ عُمرَ الكَافِرِ" اللہ نے کافر کی زندگی ختم کر دی۔

قَصِمَتْ (س) قَصَمًا. سِنُّهُ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔

تَقَصَّمَ وانقَصَمَ: ٹوٹنا۔

القَصَمُ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔

ٹڈی کے [illegible]

القَصمَة والقِصمَة: ٹکڑا۔

القَصمَةُ. قَصَمَ: کا اسم مرۃ۔ سیڑھی کا پایہ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے نَزَلَت بِهِم قَاصِمَةُ الظَّهرِ: یعنی ان پر ہلاکت واقع ہوئی۔

القَصِمُ والقَصِيمُ: جلدی ٹوٹنے والا۔ کمزور۔

القَصِيمَةُ. قَصِيمٌ: کا مؤنث۔ ریتلی زمین جس میں کثرت سے غضا کے درخت ہوں۔ ج قَصِيمٌ وقُصُمٌ وقَصَائِمُ: کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا يَحتَطِبُونَ فِي القَصِيمِ" وہ لوگ غضا درخت کی لکڑیوں کو چن رہے تھے۔

القَيصُومُ: ایک خوشبودار دوائی کا نام۔

القُصَمُ: ہر چیز کو توڑ دینے والا۔

الاَقصَمُ: وہ شخص جس کا اگلا دانت ٹوٹا ہوا ہو۔ مؤنث قَصمَاءُ ج قُصمٌ. القَصمَاءُ مِنَ المَعزِ: بکری جس کا سینگ ٹوٹ کر علیحدہ ہو گیا ہو۔

قَصمَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا...... هُ: پچھاڑ دینا...... الشَّيءَ: کاٹنا...... الطَّعَامَ: سب کھا جانا (...... وتَقَصمَلَ) المُقَصمِلُ قصمل کی بیماری والا ہونا (قُصَامِلُ) ایک بیماری ہے جو اونٹوں کے بچوں کو ہوتی ہے جس سے وہ مر جاتے ہیں۔

القَصمَلُ والقِصمِلُ: مضبوط مرد۔

القِصمِلُ: شیر کہا جاتا ہے "اِلتَقَمَهُ القَصمَلَى" یعنی بہت حرص سے کھایا۔

قَصَا يَقصُو قَصوًا وقُصُوًّا وقَصًا وقَصَاءً وقَصِيَ يَقصَى قَصًا المَكَانُ: دُور ہونا۔ الرَّجُلُ عَنِ القَومِ: علیحدگی اختیار کرنا۔

قَصَا يَقصُو قَصوًا النَّاقَةَ او الشَّاةَ: اُونٹنی یا بکری کے کان کا تھوڑا سا کنارہ کاٹ دینا۔

قَصَّى تَقصِيَةً النَّاقَةَ: بمعنی قَصَا يَقصُو...... الاَظفَارَ: ناخن تراشنا۔

قَاصَى مُقَاصَاةً الرَّجُلَ: دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَاصَانِي فَقَصَوتُهُ" اس نے مجھ سے دُور ہونا چاہا میں اس سے زیادہ دُور ہو گیا فعال مغالبہ میں سے ہے "هَـلُـمّ

القَاصِرَ (قاصر) کا مؤنث۔ اِمْرَأَةٌ قَاصِرَةُ الطَّرْف: عورت جو اپنی نگاہ کو صرف اپنے شوہر ہی پر مرکوز رکھے۔

القَصْر: مص۔ بہت لکڑی۔ محل۔ قَصْرُ المَجْد: مجد وشرافت کی کان۔ ج قُصُوْر.

القِصَر: چھوٹا پن۔

القَصْر والقَصَار والقُصَار والقُصَارَى: غایت۔ انتہا۔ کہا جاتا ہے "قَصْرُکَ او قُصَارُکَ او قُصَارَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہاری انتہائی طاقت یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔ کہا جاتا ہے "اِبْنُ عَمِّي قَصْرَةً او قُصْرَةً" اوہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔

القَصَر والقَصَرَة والقُصْرَى والقِصْرَى والقُصَارَة: غلہ کا کوڑا کرکٹ جو چھلنی میں باقی رہ جائے۔ دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانہ باقی رہ جائے۔

القُصِرَى والقَصَرَى: سانپ کی ایک قسم۔ والقُصْرَى: آخر امر۔

القُصْرَيَان: پسلی کی دو ہڈیاں جو چنبر گردن کے قریب ہیں۔

القُصَرِّى والقِصَرِّى: دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانے باقی رہ جائیں اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَصْرِيٌّ" یعنی خاص اور اس کی نظیر ہے "رَجُلٌ عُمِّيٌّ" یعنی عام۔

القَصَرَة: لکڑی کا ٹکڑا۔ پرندہ کی دُم کی جڑ۔ گردن کی موٹی جڑ۔ ج قَصَر واَقْصَار وقَصَرَات القَصَرَة: کاہلی سستی۔

القُصَارَة: کشادہ۔ مضبوط مکان۔ قُصَارَةُ الأَرْضِ: زمین کا زرخیز ٹکڑا۔

القِصَارَة: دھوبی کا پیشہ۔ پست قد عورت۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ قِصَارَةٌ: یعنی پست قد عورت۔

قَيْصَر: شاہان روم کا لقب ج قَيَاصِرَة.

القِصَار والقِصَارَة: ہار۔ مالا۔ ج تَقَاصِيْر.

القَصِيْر: چھوٹا۔ چھوٹے قد والا۔ سَيْلٌ قَصِيْرٌ: سیلاب جو وادی کو نہ بھرے۔ قَصِ

العِلْمِ: کم علم۔ ج قِصَار وقُصَرَاء۔ مؤنث قَصِيْرَة ج قِصَار وقَصِيْرَات وقَصَائِر.

الأَحَادِيْث القِصَار: جامع اور مفید باتیں۔

القَصِيْرَة والقَصُوْرَة والمَقْصُوْرَة مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جس کو گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہ ہو اور کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ عَمِّي قَصِيْرَةً" وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔

قَيْصَرٌ قَيَاصِر: ہر رومی بادشاہ کا لقب۔

القَصَّار: اسم مبالغہ۔ دھوبی۔

الأَقْصَر: اسم تفضیل۔ ج الأَقَاصِر والأَقْصَرُوْن: مؤنث قُصْرَى ج قُصَر وقُصْرَيَات.

الأُقَيْصِر: بعض عرب کے ایک بُت کا نام۔

المِقْصَر والمِقْصَرَة: دھوبی کا تختہ۔

المَقْصِر والمَقْصَر والمَقْصَرَة: شام۔ ج مَقَاصِر ومَقَاصِيْر۔ مَقَاصِيْرُ الطُّرُق: راستے کے اطراف۔ واحد مَقْصَرَة: کہا جاتا ہے هُوَ جَارِي مُقَاصِرِيْ: یعنی اس کا محل میرے محل کے مقابل ہے۔

المَقَاصِر: درخت کی جڑیں۔ واحد مَقْصُوْر.

المَقْصُوْرَة: مضبوط کشادہ مکان۔ حویلی۔ دلہن کا مزین کمرہ۔ مَقْصُوْرَةُ الدَّارِ: کمرہ ج مَقَاصِيْر اور کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ عَمِّي مَقْصُوْرَةً" وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔

قَصَعَ (ف) قَصْعًا: پانی کے گھونٹ لگنا۔ ...... القَمْلَةَ بِظُفْرِهِ: جوں کا ناخن سے مار ڈالنا۔ قَصَعَتِ الرَّحَى الحَبَّ: چکی کا دانہ کو پیسنا۔ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔ قَصَعَ الرَّجُلَ او هَامَتَهُ: سر پر تھپڑ مارنا۔ قَصَعَ وقَصَّعَ البَيْتَ: لازم رہنا...... المَاءُ عَطَشَهُ: بجھانا۔ کہا جاتا ہے "قَصَعَ او قَصَّعَ الشَّيْطَانُ فِي قَفَاهُ" یعنی غضبناک ہوا اور بدخلق ہوا۔ قَصَعَ وقَصَّعَ الجُرْحُ بِالدَّمِ: زخم کا خون سے بھرنا...... النَّاقَةُ بِجِرَّتِهَا: جگال کو لوٹا دینا۔ قَصَّعَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبِهِ: کپڑے میں لپٹنا۔ قَصَعَ الضَّبُّ: گوہ کا سوراخ کے منہ کو بند کر دینا۔ قَصَّعَ الزَّرْعُ مِنَ الأَرْضِ: اُگنا۔

قَصِعَ (س) قَصَعًا وقَصُعَ (ک) قَصَاعَةً الغُلامُ: جوان ہونے میں تاخیر ہونا۔

تَقَصَّعَ الجُرْحُ بِالدَّمِ: زخم کا خون سے بھرنا...... البَيْتَ: لازم رہنا...... اليَرْبُوْعُ التُّرَابَ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے مٹی نکالنا۔

القَصْعَة: پیالہ۔ ج قِصَع وقِصَاع وقَصَعَات.

القَصَّاع: کاسہ ساز۔ پیالہ بنانے والا۔

القُصَعَة ج قُصَع و (القُصَعَة والقُصَعَاء والقُصَاعَة والقَاصِعَاء) ج قَوَاصِع والقُصَيْعَاء: جنگلی چوہے کا بل۔

الغُلامُ القَصِيْعُ مؤنث قَصِيْعَة وقُصَّع والقَصِع مؤنث قَصِعَة والمُقَصَّع: مؤنث مقصوعہ دیر میں جوان ہونے والا۔

المِقْصَع مِنَ السُّيُوْفِ: شمشیر براں۔

اِقْصَعَلَّتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

القُصْعُل: کمینہ۔ نااہل۔ بچھو۔ بچھو کا بچہ۔ بھیڑیے کا بچہ۔

قَصَفَ (ض) قَصْفًا الشَّيْءَ: توڑنا...... الشَّيْءُ: ٹوٹنا...... قَصْفًا وقَصِيْفًا الرَّعْدُ: بادل کا زور سے گرجنا...... البَعِيْرُ: اونٹ کا دانت پیسنا اور بڑبڑانا۔

قَصَفَ (ن) قَصْفًا وقُصُوْفًا: کھانے پینے کھیل کود میں زیادہ مشغول رہنا۔

قَصِفَ (س) قَصَفًا العُوْدُ: کمزور وضعیف ہونا۔ صفت اَقْصَف وقَصِف...... البَيْتُ: لمبے ہونے کی وجہ سے جھک پڑنا...... الرَّجُلُ: کمزور وضعیف ہونا...... الرُّمْحُ: نیزہ کا [illegible] میں پھٹ جانا...... النَّابُ: دانت کا [illegible] ٹوٹنا۔ القَنَاةُ: بغیر جدا ہوئے ٹوٹنا۔

قَصَّفَهُ: توڑ دینا۔

اَقْصَفَ العُوْدُ: نرم وباریک ہونا......

القَصَّدَهُ: مہذب کرنا۔ درست کرنا۔

قَصَدَ (ض) قَصْدًا وقَصَدَ فِي الأَمْرِ: درمیانہ روی کرنا...... فِي النَّفَقَةِ: متوسط خرچ کرنا۔ اِقْتَصَدَ فِي أَمْرِهِ: مستقیم ہونا۔

قَصُدَ (ک) قَصَادَةً البَعِيرُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔

أَقْصَدَهُ: ٹھیک نشانہ پر نیزہ مارنا...... الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا کسی کو ڈس کر مار ڈالنا۔ أَقْصَدَهُ السَّهْمُ: تیر مارنا اور اسی جگہ قتل دینا۔ أَقْصَدَ الشَّاعِرُ: قصائد بنانا کہا جاتا ہے "أَقْصَدَنِي إِلَيْكَ الأَمْرُ" یعنی مجھے تیرے پاس آنے پر برانگیختہ کیا۔

تَقَصَّدَ الكَلْبُ وغَيْرُهُ: مرنا۔ تَقَصَّدَهُ: ارادہ کرنا۔ کسی کو اس کی جگہ پر مار ڈالنا(...... وانْقَصَدَ) الرُّمْحُ: نیزہ کا ٹوٹنا۔

القَصْدُ: مص۔ راستہ کی استقامت۔ میانہ روی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَصْدٌ" یعنی نہ تو بڑے ڈیل ڈول کا ہے اور نہ دبلا "طَرِيقٌ قَصْدٌ" سیدھا راستہ وانَّهُ عَلَى قَصْدٍ: یعنی وہ ہدایت پر ہے "وعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيلِ" اللہ کے اوپر ایسے راستہ کا بیان کرنا ہے جو سیدھا ہو اور حق تک پہنچانے والا ہو۔ "هُوَ قَصْدُكَ او قَصْدَكَ" وہ تمہارے مقابل ہے۔

القَصَدُ مِنَ العَوْسَجِ ونَحْوِهِ: نرم ونازک ٹہنیاں۔ ہر خاردار درخت اگتے وقت۔ واحد قَصَدَةٌ۔ القَصَدُ: بھوک۔ رُمْحٌ قَصِدٌ وقَصِيدٌ واَقْصَادٌ: ٹوٹا ہوا نیزہ۔

القَصِيدُ مِنَ الشِّعْرِ: تین سے لے کر زائد شعروں کی نظم اور بعض نے کہا ہے کہ سولہ سے لے کر زائد شعروں کی نظم۔ درست اور مہذب کی ہوئی نظم۔ القَصِيدُ: موٹا گودا۔ خشک گوشت۔ لاٹھی۔ موٹی جوان اونٹنی۔ موٹا کوہان۔

القِصْدَةُ: ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج قِصَدٌ۔

القَصُودُ: موٹا گودا۔

القَصِيدَةُ مِنَ الشِّعْرِ: سات یا دس اشعار سے زائد نظم۔ لاٹھی۔ قصید کا واحد۔ ج قَصِيدٌ وقَصَائِدُ۔

القَاصِدُ: فا۔ مِنَ السَّفَرِ: آسان اور قریب کا سفر۔ طَرِيقٌ قَاصِدٌ: سیدھا راستہ۔ ج قَوَاصِدُ۔

القَاصِدَةُ: قاصد کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا وبَيْنَ المَاءِ لَيْلَةٌ قَاصِدَةٌ" ہمارے اور پانی کے درمیان ایک رات کی مسافت ہے جس میں نہ تعب ہے اور نہ تاخیر ج قَوَاصِدُ۔

المُقْصَدُ: مفع۔ جو شخص بیمار ہو اور فوراً مر جائے۔

المَقْصِدُ: مکان۔ قصد۔ تم کہتے ہو "بابک مقصدی" تمہارا دروازہ میرے لئے جائے قصد ہے۔ ج مَقَاصِدُ۔

رَجُلٌ مُقَصَّدٌ ومُقْتَصِدٌ: درمیانے جسم کا نہ موٹا نہ لاغر۔

المُقَصَّدَةُ: مفع۔ علامت جو اونٹوں کے کان میں ہوتی ہے۔

القَصْدِيرُ: رانگا۔ ایک معدنی چیز ہے جس سے جڑائی اور قلعی کا کام لیا جاتا ہے۔ ایک ٹکڑے کو قَصْدِيرَةٌ کہتے ہیں۔

قَصَرَ (ن) قُصُورًا الشَّيْءُ: ناقص ہونا۔ ارزاں ہونا...... عَنِ الشَّيْءِ: رُکنا اور عاجزی کی وجہ سے چھوڑ دینا...... عَنْهُ الغَضَبُ او الوَجَعُ: غضب یا درد میں سکون ہونا...... السَّهْمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ پر نہ پہنچنا...... هٰذَا البُقْعَةُ: مقصود کو نہ پہنچانا...... الطَّعَامُ: بڑھنا...... اللَّحْمُ: گراں ہونا (...... قَصْرًا) قَيْدَ البَعِيرِ: تنگ کرنا...... الصَّلَاةَ ومِنَ الصَّلَاةِ: چار رکعت کے بجائے دو رکعت پڑھنا...... الشَّيْءَ: روکنا...... السِّتْرَ: پردہ لٹکانا...... بِهِ اللَّيْلُ: روکنا...... الدَّارَ: گھر کو دیواروں سے محفوظ کرنا اور کہا جاتا ہے "قَصَرْتُ بِكَذَا نَفْسَكَ" جبکہ تم شی قلیل کو مانگو۔

قَصَرَهُ (ض) قَصْرًا فِي بَيْتِهِ: قید کرنا۔ هُ عَلَى الأَمْرِ: لوٹانا۔ واپس کرنا۔ قَصَرَ الشَّيْءَ عَلَى كَذَا: منحصر کرنا۔ محدود کرنا۔ قَصَرَ نَفْسَهُ عَلَى كَذَا: دوسرے کی طرف نگاہ نہ اٹھانا...... الظَّلَامُ: مخلط ہونا۔ وقَصَرَ عَلَى نَفْسِهِ نَاقَةً: اپنے لئے خاص کر لینا۔ ناقة کو مَقْصُورَةٌ کہیں گے...... الشَّيْءَ: چھوٹا کرنا۔

قَصُرَ (ک) قِصَرًا وقِصْرًا وقَصَارَةً: چھوٹا ہونا۔

قَصِرَ (س) قَصَرًا: خشک گردن والا ہونا۔ گردن میں درد ہونا۔ صفت قَصِرٌ واَقْصَرُ: مؤنث قَصِرَةٌ وقَصْرَاءُ۔

قَصَّرَ الشَّيْءَ: چھوٹا کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹپکنا اور سفید کرنا...... فِي العَطِيَّةِ: کم کرنا...... فِي الأَمْرِ: کوتاہی کرنا۔ قَصَّرَ عَنِ الأَمْرِ: باوجود قدرت کے رُکنا...... مِنْ شَعْرِهِ: بال چھانٹنا...... عَنِ الشَّيْءِ: طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے چھوڑنا...... عَنْهُ الوَجَعُ او الغَضَبُ: درد یا غصہ میں سکون ہونا۔

أَقْصَرَهُ: چھوٹا کرنا۔ طول کم کرنا...... فُلَانٌ: شام کے وقت داخل ہونا۔ أَقْصَرَتِ المَرْأَةُ: چھوٹے چھوٹے بچے جننا۔ أَقْصَرَ المَطَرُ: بارش رک جانا...... الكَلَامَ: مختصر کلام کرنا...... مِنَ الصَّلَاةِ: بجائے چار کے دو رکعت پڑھنا(...... وتَقَاصَرَ) عَنِ الأَمْرِ: باوجود قدرت کے باز رہنا۔ تَقَاصَرَ الرَّجُلُ: کوتاہی ظاہر کرنا۔ تَقَاصَرَ الظِّلُّ: سایہ کا سمٹنا۔ تقاصرت نفسه: بے تکلف چھوٹا بننا۔

تَقَصَّرَ بِفُلَانٍ: مشغول ہونا۔

اِقْتَصَرَ عَلَى كَذَا: اکتفا کرنا۔ اِقْتَصَرَهُ: گردن کی جڑ پکڑنا۔

اِسْتَقْصَرَهُ: کوتاہ یا کوتاہی کرنے والا سمجھنا۔

القَاصِرُ: فا...... مَاءٌ قَاصِرٌ: گھاس سے دور اور بقول بعض ٹھنڈا۔ كَلَأٌ قَاصِرٌ: گھاس کہ اس کے اور پانی کے درمیان میں کتے کی آواز کا کے پہنچنے کا فاصلہ ہو۔

اِنْقَصَّ : کٹ جانا۔

اِقْتَصَّ. اَثَرَہٗ : تابعداری کرنا...... مِنْ فُلاَن : قصاص لینا...... الحَدِیثُ : روایت کرنا۔ نقل کرنا۔

اِسْتَقَصَّہٗ : قصاص یا بدلہ لینے کو کہنا۔

القَصّ : مص۔ (...... والقَصَص) سینہ یا اس کی ہڈی۔ ج قِصَاص. قَصَصُ الشَاۃِ : بھیڑ کا کٹا ہوا اُون۔

القَصَّۃ. قَصّ : کا اسم مرۃ۔ چونا ج قِصَاص.

القِصَّۃ. قَصّ : کا اسم نوع۔ بات۔ واقعہ۔ حالت ج قِصَص واَقَاصِیص.

القُصَّۃ : پیشانی کے بال۔ بالوں کا گچھا۔ ج قُصَص وقِصاص.

القَصاص : ایک قسم کا درخت ہے جس کو شہد کی مکھی چاٹتی ہے۔ واحد قَصاصۃ.

القِصاص : گناہ کی سزا۔ بدلہ۔

القُصاص : سر پر قینچی چلنے کی جگہ۔ وقُصاصُ الشَعر : بتَثلِیثِ القاف : بال نکلنے کی منتہا آگے یا پیچھے کی جگہ۔

القُصاصُ : وہ پودا جس کو شہد کی مکھی چاٹے۔

القُصَاصۃ : بال یا ناخن کا تراشہ۔

القَصِیص : سینہ کے بال نکلنے کی جگہ۔ ایک قسم کی نباتات جو سانپ کی چھتری کی جڑوں میں ہوتی ہے اور اس سے سر دھوتے ہیں۔ واحد قَصِیصَۃ. ج قَصَائِص.

القَصِیصَۃ : اُونٹ کہ جس سے قافلہ کی پیروی کی جائے۔ قِصَّۃ : چھوٹا اونٹ کہ جس پر کھانا اور اثاثہ لادیں۔ جماعت جو ایک جگہ میں جمع ہو۔ کہا جاتا ہے کہ "تَرَکْتُھم قَصِیصَۃً وَاحِدَۃً" یعنی میں نے ان کو ایک جگہ میں مجتمع حالت میں چھوڑا۔

القَاصّ : فا۔ قصہ گو۔ خطیب۔ واعظ۔

القَصَّاص : اُجرت لے کر مجمع میں قصہ بیان کرنے والا۔ وہ شخص جو اونٹ وغیرہ کے بال اُتارنے کا پیشہ کرتا ہو۔

المُقَصَّص : مفع۔ پیشانی کے بالوں والا۔

رَجُلٌ مُقَصَّصٌ : بڑے سینہ والا۔

المِقَصّ : اثر۔ نشان۔

المِقَصّ : قینچی۔ ج مَقَاصّ.

قَصَبَ (ض) قَصْبًا : کاٹنا۔ قَصَبَ الشَاۃ : بکری کے عضو کاٹنا (...... قَصْبًا وقُصُوبًا) البَعِیر : اونٹ کا پانی پینے سے باز رہنا...... الاِنْسَانَ وغَیْرَہٗ : پانی پینے سے باز رکھنا اور سیرابی سے پہلے روک دینا...... الرَّجُلَ : کسی کو گالی دینا۔

قَصَّبَہٗ : گالی دینا۔ قَصَّبَ الشَعْرَ : بالوں کو گھنگھریالے بنانا...... الزَرْعُ : ڈنٹھل والی ہونا...... فُلاَنًا : ہاتھوں کو گردن سے ملا کر باندھنا۔

اَقْصَبَ. المَکَانُ : نرکل والی ہونا۔

الرَّاعِی : چرواہے کے اونٹوں کا پانی پینے سے باز رہنا۔

اِقْتَصَبَ الشَیْئَ : اپنے لئے کاٹنا۔

القُصْبُ : چھوٹی آنت۔ ج اقصاب.

القَصَب : ہر وہ جس میں پورے اور گرہیں ہوں جیسے بانس اور نرکل۔ قَصَبُ السُکر : گنا۔ القَصَبُ : ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں۔ گول اور لمبی جوف دار ہڈی۔ گودے والی ہڈی۔ حلق کی نالی۔ مستطیل جوہر۔ چشمے سے پانی بہنے کی جگہ۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ مروارید آبدار تازہ۔ زبرجد آبدار تازہ۔ جو یاقوت سے مرصع ہو۔ کہا جاتا ہے "اَحْرَزَ قَصَبَ السَبَقِ" یعنی غالب رہا اور اس کی اصل یوں ہے کہ میدان مسابقت میں ایک بانس گاڑ دیا کرتے تھے کہ جو شخص آگے بڑھ جاتا تھا وہ اُسے اکھاڑ لیتا تھا تا کہ غالب رہنے کی علامت ہو۔

القَصَبَۃ : واحد ہے قصب کا۔ شہر کا یا مُلک کے شہروں میں بڑا شہر۔ گاؤں یا گاؤں کے درمیان نیا کھدا ہوا کنواں۔ بالوں کا لپٹا ہوا گچھا۔ قَصَبَۃُ الاِصْبَع : اُنگلی کا سرا۔ قَصَبَۃ المَرِی : نرخرہ قَصَبَۃُ الاَنْف : ناک کا بانسہ۔

القَصَبِی : اس کا باریک کپڑا ج قَصَب.

القَاصِب مثا۔ بانسری بجانے والا۔ قصابی۔ بادل۔ بہت گرجنے والا۔ ج قُصَّاب (...... والقَصِب) مِنَ الاِبل : پانی سے رُکنے والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے بَعِیرٌ قَصِبٌ ونَاقَۃٌ قَصِبٌ.

القَصْبَاء : بہت سے بانس۔ نرکل یا بانس اُگنے کی جگہ۔ واحد قَصْبَاءۃ. اَجَمَۃ قَصْبَاءُ : بہت سے یا بانسوں والی جھاڑی۔ نرکل یا بانس کا جنگل۔

القَصّاب : بانسری بجانے والا۔ قصابی۔

القَصَّابَۃ : قصاب کا مؤنث۔ لوگوں کے عیوب بیان کرنے والا۔ ج قَصَّاب.

القُصَّابَۃ ج قُصَّاب (...... والقُصَیبَۃ والقُصَبَۃ) ج تَقَاصِب وتَقَاصِیب : بالوں کا پیچیدہ گچھا۔ القُصَّابَۃ : بانسری۔

القَصِیبَۃ : نرکل کی پوری۔ بانس کی پوری۔ بالوں کا گچھا۔ ج قَصَائِب.

القِصَابَۃ : قصابی کا پیشہ۔ بالوں کا پیچیدہ گچھا۔

القَصُوب مِنَ الغَنَم : بھیڑ کہ جس کا اُون اُتار دیا جائے۔

المَقْصَبَۃ : بانس یا نرکل نکلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَصِبَۃٌ ومُقْصَابٌ ومَقْصَبَۃٌ" بہت نرکل یا بانس والی سرزمین۔

المُقَصِّب : فا۔ سبقت لے جانے والا۔ دودھ کہ جس پر گاڑھا جھاگ ہو۔

المُقَصَّب : مفع...... مِنَ الثِیَاب : تہ شدہ کپڑا۔ شَعْرٌ مُقَصَّبٌ : گھنگھریالے بال۔

قَصْبَل قَصْبَلَۃ الطَعَامَ : سب کھالینا۔

قَصَدَ (ض) قَصْدًا الرَّجُلَ ولَہٗ والَیْہِ : توجہ کرنا...... اِلَیْہِ : اعتماد کرنا۔ قَصَدَ قَصْدَہٗ : اس کی طرف جانا...... فِی مَشْیِہٖ : سیدھی چال چلنا۔

...... فلانًا عَلَی الاَمْرِ : مجبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْصِدْ بِذَرْعِکَ" یعنی ٹھہرو توقف کرو (...... وقَصَّدَ الشَیْئَ) توڑنا۔ قَصَدَ وقَصَّدَ الشَاعِرُ : قصائد بنانا۔

القوم عن اماکنهم: دور ہونا۔ بکھر جانا ......الهمّ عن القلب: دل سے غم کا زائل ہونا۔

القَشْع: مص۔ پرانی پوستین۔ بے وقوف شترمرغ کا بچہ۔ چمڑے کا خیمہ۔ ج قُشُوع: پرانی مشک۔ بڑھاپے کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا زنبیل۔ زبجو۔ خشک شدہ مٹی کا ٹکڑا۔ خشک کھال ج قِشَع۔

القَشْع والقِشْع: کھل جانے والا بادل۔

القَشْع والقِشْع والقُشْع: حمام کا کوڑا کرکٹ۔

القَشْعَة ج قِشَاع. القِشْعَة ج قِشَع: خشک کھال کا ٹکڑا۔ بادل کا ٹکڑا جو کھلنے کے بعد باقی رہ جائے۔ القَشْعَة: قَشَع: کا اسم مرۃ۔ پرانی پوستین کا ٹکڑا۔ خشک شدہ مٹی کا ایک ٹکڑا۔ بڑھیا۔ بادِشمالی۔

القَشِع: خشک۔ غیر مستقل مزاج۔ شَاةٌ قَشِعَةٌ: دُبلی پتلی بکری۔ اَرَاكَةٌ قَشِعَةٌ: گنجان بہت پتوں والا پیلو کا درخت۔

القِشَاع: بوسیدہ ٹکڑا۔ دھجی۔

القَشَاع: مادہ بجو کی آواز۔

القُشَاعَة: رینٹ۔

القَشِيع مِنَ الكلاءِ: متفرق گھاس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْشَعُ مِنْهُ" یعنی وہ اس سے اشرف ہے۔

اِقْشَعَرَّ جِلْدُهُ: کانپنا۔ سمٹنا۔ کھردرا ہونا۔ متغیراللون ہونا۔ صفت مُقْشَعِر ج مُقْشَعِرُّوْن وقَشَاعِر. واقْشَعَرَّت السَّنَة: قحط ہونا۔ خشک سالی ہونا......الاَرْضُ: زمین کا بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے اِقْشَعَرَّ الشَعْرُ: خوف یا سردی کی وجہ سے رونگٹے کھڑے ہونا۔

المُقْشَعِرُّ: بمعنی مُقْشَعِر۔

القُشَعْرِيْرَة: کپکپی۔

القُشَاعِر: سخت کھال والا عمر رسیدہ۔

القُشْعُر: ککڑی۔

القَشْعَم: عمر رسیدہ (مرد یا عورت یا گدھ) موٹا عمر رسیدہ شیر۔ ج قَشَاعِم وقَشَاعِمَة۔

القِشْعَام والقَشْعَمَانُ والقُشْعُمَان: بڑا از گدھ۔ عمر رسیدہ مرد یا گدھ۔

القِشْعَامَة: جال۔

القَشْعُوْم: چھوٹے جسم والا۔ چچڑی۔

قَشِفَ (س) قَشَفًا وقَشُفَ (ک) قَشَافَةً. وتَقَشَّفَ: بدحال ہونا۔ پھٹے پرانے حال والا ہونا۔ تنگ گزران ہونا۔ گندہ جسم ہونا۔ صفت قَشِفٌ وقَشِفٌ وقَشْفٌ وتَقَشَّفٌ: تنگ زندگی گزارنا۔ تَقَشَّفَ فِي لِبَاسِه: پیوند لگے ہوئے اور میلے کچیلے کپڑے پہننا۔

قَشَّفَ اللّٰهُ عَيْشَهُ: تنگ زندگی کر دینا۔

عَامٌ اَقْشَفُ: سخت سال۔

قَشْقَشَهُ مِنَ الجَرَبِ اور الجُدَرِيِّ: کھجلی یا چیچک سے صحت یاب کرنا۔

تَقَشْقَشَ: صحت یاب ہونا۔

القَشْقَشَة: مص۔ گوشت بھوننے کی آواز۔

قَشَمَ (ن) قَشْمًا الطَعَام: زیادہ کھانا۔ مزیدار خوراک کھانا۔

قَشَمَ (ض) قَشْمًا. الرَّجُلُ فِي بَيْتِه: داخل ہونا۔

اِقْتَشَمَهُ: اِدھر اُدھر سے کھانا۔

القَشْم والقِشْم: زمین میں پانی بہنے کی نالی۔ گوشت جبکہ پک کر سرخ ہو جائے۔

القِشْم: طبیعت۔ جسم۔ حال۔ ہیئت۔ چربی۔ جز ج قُشُوْم.

القُشَام والقُشَامَة: دسترخوان پر بچا ہوا بیکار حصہ۔

القَشِيْم: خشک سبزی۔ ج قُشُمٌ: موت۔

المَقْشَم. قَشَم: کا اسم ظرف اور کہا جاتا ہے مَا اَصَابَتُ الاِبِلُ مَقْشَمًا: اونٹ نے چراگاہ کو نہیں پایا۔

القَشْمَر: پستہ قد۔ موٹا گٹھے ہوئے بدن والا۔

قَشَا يَقْشُو قَشْوًا وقَشَّى العُوْدَ: لکڑی چھیلنا......الوَجْهَ: چہرہ پونچھنا۔ اور کہا جاتا ہے قَشَاهُ عَنْ حَاجَتِه: یعنی اس کو اس کی حاجت سے باز رکھنا۔

اَقْشَى اِقْشَاءً: تونگری کے بعد محتاج ہونا۔

تَقَشَّى. الشَيْءُ: چھل جانا۔

القَاشِي: نا۔ کھوٹا پیسہ۔

القُشَاء: تھوک۔

القَشْوَة: کھجور کے پتوں کی ٹوکری جس میں عورتیں روئی یا عطر وغیرہ رکھتی ہیں ج قِشَاء وقَشَوَات.

القِشْلَة: فوج کے اترنے کی جگہ۔

القَشْوَان: کمزور۔ مؤنث قَشْوَانَة.

القَشِيّ مِنَ الدَرَاهِم: کھوٹے دراہم۔

المَقْشُوُّ المُقَشَّى: چھیلا ہوا۔

قَصَّ (ن) قَصًّا. الشَعْرَ ونَحْوَه: قینچی سے بال وغیرہ کاٹنا......النَسَّاجُ الثَوْبَ: جھور کاٹنا ......ہٗ: کان کے اطراف کو کاٹنا اور کہا جاتا ہے "مَا يَقُصُّ فِي يَدِهِ شَيْءٌ" کوئی چیز اس کے ہاتھ میں باقی نہیں رہتی (...... واَقَصَّ) المَوْتُ فُلَانًا: قریب الموت ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ حَتّٰى قَصَّهُ عَلَى المَوْتِ او اَقَصَّهُ مِنَ المَوْتِ" اس کو مارا یہاں تک کہ موت کے قریب پہنچا دیا۔

قَصَّتْ واَقَصَّتِ الشَاةُ: حمل ظاہر ہونا۔ صفت مُقِصٌّ ج مَقَاصُّ اَقَصَّ الاَمِيْرُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: بدلہ لے لینا۔ واَقَصَّ الرَّجُلُ مِنْ نَفْسِه: اپنے آپ سے بدلہ لینے دینا۔

قَصَّ (ن) قَصًّا عَلَيْهِ الخَبَرَ: بیان کرنا (...... قَصًّا وقَصَصًا) اَثَرَهُ: آہستہ آہستہ پیروی کرنا۔

قَصَّصَ الشَيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَاصَّ قِصَاصًا ومُقَاصَّةً الرَّجُلَ بِمَا كَانَ لَهُ قِبَلَهُ: بدلہ میں روک لینا۔ قَاصَّه: بدلہ لینا۔ قصاص لینا۔

تَقَصَّصَ اَثَرَهُ: پیروی کرنا......الكَلَامَ: یاد کرنا۔

تَقَاصَّ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بدلہ لینا۔

المِقَشَّة : جھاڑو۔

قَشَبَ (ض) قَشْبًا فُلانًا السَّمَّ : زہر پلانا۔ قَشَبَ عَلَيْهِ : بہتان لگانا…… الرَّجُلَ : عار دلانا۔ عیب لگانا۔ بُری بات کہنا …… السَّيْفَ : تلوار پر صیقل کرنا …… هُ الدُّخَانُ : دھوئیں کا نتھنوں کو بھر دینا۔ کہا جاتا ہے "قَشَبَنِي رِيْحُه" اس کی بُو نے مجھ کو تکلیف دی …… هُ المَالُ : عقل زائل کرنا۔

…… الشَّيْءَ : فاسد کرنا، بگاڑ دینا و قَشَبَ لَهُ : زہر پلانا۔ قَشَبَه بِشَرٍّ : برائی سے یاد کرنا قَشَبَ الرَّجُلُ : نیک نامی یا بدنامی اختیار کرنا۔ قَشَبَ و قَشَّبَ الطَّعَامَ بِالسَّمِّ : کھانے میں زہر ملانا …… فُلانًا بِسُوْءٍ : ملوث کرنا قَشَّبَتِ الرِّيْحُ فُلانًا : ہوا کا تکلیف دینا۔ قَشَّبَ الشَّيْءَ : میلا کچیلا کرنا۔

قَشُبَ قَشَابَةً الشَّيْءُ : پاکیزہ ہونا۔ صاف ہونا۔

اِقْتَشَبَ : نیک نامی یا بدنامی حاصل کرنا۔

تَقَشَّبَ السَّيْفُ : تلوار کا زنگ خوردہ ہونا۔

اِسْتَقْشَبَه : گندہ سمجھنا۔

القَاشِب : فا۔ درزی۔ کمزور نفس والا۔ واقعی عیوب بیان کرنے والا۔

القَشْب : گندہ۔

القِشْب : نفس۔ زنگ۔ سخت خشک۔ زہر …… مِنَ الطَّعَامِ : کھانے کا ردی حصہ ج اَقْشَاب کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قِشْبٌ خِشْبٌ" بے خیر آدمی (خِشْب : تابع محمل ہے)

القِشْبَة : بے خیر۔ مرد خسیس۔

القَشْبُ : زہر۔ ج اَقْشَاب.

القَشِيب : نیا پرانا۔ سَيْفٌ قَشِيبٌ : صیقل شدہ یا زنگ خوردہ تلوار۔

القَشِيب : نیا۔ ستھرا۔ سفید ج قُشُب و قُشْب.

سَيْفٌ قَشِيْبٌ : صیقل شدہ تلوار۔ زنگ خوردہ تلوار۔

القُشْبَانِيَّة : پرانی چادر۔

المُقَشَّب : غیر خالص۔ حَسَبٌ مُقَشَّبٌ و رَجُلٌ مُقَشَّبُ الحَسَبِ : مرد جس کا حسب خالص نہ ہو۔

اَلقِشْبِرُ : ردی قسم کا اُون۔ اُون کا وہ حصہ جو صاف کرتے وقت گر جائے اور پھینک دیا جائے۔

القِشْبَار : سخت چھڑی۔ رَجُلٌ قِشْبَارُ اللِّحْيَةِ و قُشَابِرُهَا : لمبی داڑھی والا۔

قَشْبَرَ : باریک بالن کو جمع کرنا۔

قَشَدَهُ (ن) قَشْدًا : برہنہ کرنا۔ کھولنا۔

القِشْدَة : پتلا مکھن۔ بالائی۔ ایک بہت دودھ والا پودہ (…… و القُشَادَة) گھی کا تلچھٹ۔

قَشَرَهُ (ن ض) قَشْرًا و قَشَّرَهُ : کھال یا چھال اُتارنا …… القَوْمَ : بدشگونی لانا۔

قَشِرَ (س) قَشَرًا : موٹی کھال والا ہونا۔

تَقَشَّرَ و انْقَشَرَ : چھل جانا۔

اِقْتَشَرَ الرَّجُلُ : ننگا ہونا۔ صفت مُقْتَشِر.

القِشْر : چھلکا۔ لباس ج قُشُوْر (…… و القُشْر) بالشت کے برابر ایک مچھلی۔

القُشْرَان : تڈی کے دونوں پر۔

القَشِر و القَشِيْر : بہت چھلکے والا۔ کہا جاتا ہے "تَمْرٌ قَشِرٌ و قَشِيْرٌ" یعنی چھلکے والی کھجور۔

القَشَر : سخت سرخی۔

القَشَرَة و القَشْرَةُ و القُشْرَة : بارش جو سطح زمین کو صاف کر دے۔ القَشْرَة : منحوس۔

القِشْرَة : چھال۔

القَاشِر : فا…… مِنَ الخَيْلِ : گھوڑ دوڑ میں آخری گھوڑا۔

القَاشِرَة : قَاشِر کا مؤنث۔ پہلا زخم جو کھال کو پھاڑ دے۔ عورت جو اپنے چہرہ کو مل دل کر صاف کرے۔

اَلقَشْرِيَات : سخت اور مضبوط جسم والے جانور کچھ خشکی والے اور زیادہ پانی والے جیسے سرطان، ککڑی اور جھینگا مچھلی۔

القَاشُوْر و القَاشُوْرَة مِنَ الاَعْوَام : سخت قحط [illegible] سال القَشُوْر : منحوس …… مِنَ الخَيْلِ : گھوڑ دوڑ کا آخری گھوڑا۔

القُشَار : سانپ کی کھال۔

القُشَارَة : اُتارا ہوا چھلا یا چھال۔

الاَقْشَر : چھلکا اتارا ہوا۔ گرمی کی وجہ سے چھلی ہوئی ناک والا۔ سخت سرخی والا۔ ابرص۔ بہت سوال کرنے والا …… مِنَ الاَرْضِ : سرخ سفید زمین۔ مؤنث قَشْرَاء ج قُشْر. شَجَرَةٌ قَشْرَاءُ : کہیں کہیں سے چھلا ہوا درخت۔ حَيَّةٌ قَشْرَاءُ : کینچلی سے علیحدہ سانپ۔

القَشُوْر : چہرہ کو صاف کرنے والی دوا۔

المُقَشَّر : منقح کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالجَوَابِ المُقَشَّرِ" واضح جواب دیا "رَجُلٌ مُقَشَّرٌ" ننگا مرد۔

المِقْشَر : سوال میں اصرار کرنے والا۔

قَشَطَهُ (ض ن) قَشْطًا : لاٹھی سے مارنا۔

قَشَطَ عَنْه كَذَا : ننگا کرنا۔

قَشَطَ الرَّجُلُ : لوٹنا۔ صفت مُقَشِّط.

تَقَشَّطَ و انْقَشَطَ : ننگا ہونا۔ تَقَشَّطَتْ و انْقَشَطَتِ السَّمَاءُ : صاف بے ابر ہونا۔

القِشْطَة : بالائی۔

القِشَاط : برہنگی۔

القَشَّاط : بہت لوٹنے والا۔

المِقْشَط : چھال یا کھال اُتارنے کا آلہ۔

المِقْشَطَةُ عِنْدَ العَقَّادِيْنَ : ریشم کے دھاگوں کو صاف کرنے کا آلہ۔

قَشَعَ (ف) قَشْعًا القَوْمَ : متفرق کرنا۔ قَشَعَتْ و اَقْشَعَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ : ہوا کا بادلوں کو پراگندہ کرنا۔ اَقْشَعَ القَوْمُ : متفرق ہونا۔ اَقْشَعُوْا عَنِ المَاءِ اَوِ المَكَانِ : ہٹ جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ اَقْشَعَ السَّحَابُ : بادل کھل جانا۔

قَشِعَ (س) قَشَعًا الشَّيْءُ : خشک ہونا۔

اِنْقَشَعَ اللَّيْلُ : رات ختم ہونا۔

اِنْقَشَعَ و تَقَشَّعَ السَّحَابُ : بادل کھل جانا۔ تَقَشَّعَ القَوْمُ : متفرق ہونا۔ قَهْقَعَ

اِسْتَقْسَم: تقسیم کرنے کو کہنا۔ غور کرنا۔ سوچنا۔ اِسْتَقْسَمَهُ بِاللّٰهِ: قسم کھانے کو کہنا۔

الْقَسْم: مص۔ عطیہ۔ رائے۔ شک۔ عادت۔ بارش۔ پانی۔ ہانڈی۔ گمان پیدا ہونا اور پھر قوت پاکر یقین ہونا۔ حَصَاۃُ الْقَسْم: پانی تقسیم کرنے کی کنکری اور یہ اس طرح پر کہ سفر کی حالت میں جب پانی کی کمی ہوتی تھی تو ایک برتن میں کنکری ڈالتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اتنا کہ کنکری چھپ جائے پھر ایک آدمی کو پینے کے لئے دیتے تھے اور پھر اسی طرح کرتے تھے اور یہ اس لئے تاکہ سب کو پانی برابر پہنچ جائے اور کسی کو شکایت نہ رہے۔

الْقِسْم: تقسیم شدہ چیز کا ایک حصہ۔ خیر کا حصہ۔ ج اَقْسَام جج اَقَاسِیم۔

الْقَسَم: اللہ تعالیٰ یا غیر اللہ کی قسم ج اَقْسَام۔

الْقِسْمَة: اقسام کا اسم۔ حصہ۔ ج قِسَم۔

اَلْقِسْمَةُ التَّوَافُقِیَّة: (علم حساب) چار نقاط جو ایک خط پر جمع ہوں اور اس کے برابر ہوں تو تقسیم موافقت ہے۔ ورنہ تقسیم عدم موافقت ہے۔

قِسْمَةُ عَدَدٍ غَیْرِ صِفْرٍ عَلَی صِفْرٍ: (علم حساب) یہ تقسیم مستحیل ہے۔ یعنی صفر کے علاوہ عدد کو صفر پر تقسیم کرنا۔ صفر کی تقسیم صفر پر اس کا حاصل معین نہیں کوئی عدد بھی ہو سکتی ہے۔

الْقَسَمَة والْقَسِمَة: خوبصورتی۔ چہرہ (...... والْقَسِم) عطر فروش کا ڈبہ۔ ج قَسِمَات وقَسَمَات۔

الْقَسَام: خوبصورتی۔ گرمی کی شدت۔

الْقَسَامَة: خوبصورتی۔ صلح۔ جماعت جو کسی چیز کے لئے قسم کھائے اور لے لے۔ قسم جو اولیاءِ مقتول کو دی جائے۔ کہا جاتا ہے "حَكَمَ الْقَاضِی بِالْقَسَامَةِ" قاضی نے قسامت کا فیصلہ کیا اور قسامت قسم کا اسم ہے جو مصدر کی جگہ پر استعمال ہوا ہے۔

الْقُسَامَة: صدقہ کا مال۔ تقسیم کرنے والا جس کو اپنے لئے خاص کر لے۔

الْقَسْلَقِی: کپڑے کی تہ پر کپڑے کو لپیٹنے والا۔ دو چیزوں کے درمیان کی چیز۔

الْقَسَّام۔ قَاسِم: کا مبالغہ۔

الْقَسِیم: حصہ۔ تقسیم شدہ شئے کا ایک حصہ۔ ج اَقْسِمَاء: تقسیم کرنے والا ج اَقْسِمَاء وقُسَمَاء خوبصورت ج قُسَم۔

الْقَسِیمَة قَسِیم کا مؤنث۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ بازار۔ خوبصورت چہرہ ج قَسَائِم۔

الاُقْسُومَة: حصہ۔ ج اَقَاسِیم۔

الْمَقْسَم والْمِقْسَم: حصہ۔ ج مَقَاسِم۔

الْمَقْسِم: تقسیم۔ تقسیم کرنے کی جگہ ج مَقَاسِم۔

صَاحِبُ الْمَقَاسِم: نائب امیر اور وہ اموالِ غنیمت کا تقسیم کرنے والا ہوتا ہے۔

الْمُقْسَم: قسم۔

الْمُقَسَّم: مفع۔ غمگین۔ خوبصورت۔ شئ مُقَسَّم: خوبصورت بنائی ہوئی چیز۔

الْقِسْمِل: شیر کا بچہ۔

اَقْسَنَ الرَّجُلُ: سخت ہاتھوں والا ہونا۔

اِقْسَأَنَّ اِقْسِئْنَانًا وقُسَاْنِیْنَةً الْعُوْدُ: لکڑی کا خشک اور سخت ہونا...... الرَّجُلُ: مرد کا بوڑھا ہونا اور خشک ہونا...... فِی الْعَمَلِ: کر گزرنا ...... اللَّیْلُ: رات سخت تاریک ہونا۔

الْمُقْسَئِنّ: جوانی کی انتہا اور بڑھاپے کی ابتدا میں ہونے والا۔

قَسَا یَقْسُوْ قَسْوًا وقَسْوَةً وقَسَاوَةً وقَسَاءَةً: سخت و درشت ہونا۔ صفت قَاسٍ ج قُسَاۃ ...... اللَّیْلُ: رات تاریک ہونا...... الدِّرْهَمُ: درہم کھوٹا ہونا۔ صفت قَسِیّ۔

قَسَّی تَقْسِیَةً واَقْسَی اِقْسَاءً الشَّیْ: سخت و درشت ہونا۔

قَاسَی مُقَاسَاةَ الاَلَمَ: تکلیف برداشت کرنا۔

الْقَسِیّ: سخت...... مِنَ الدَّرَاهِم: کھوٹے درہم ج قِسْیَان کہا جاتا ہے "عَشِیَّةٌ قَسِیَّةٌ" ٹھنڈی شام "یَوْمٌ او عَامٌ قَسِیّ" سخت دن یا سخت سال۔ گرمی یا سردی یا قحط کی وجہ سے سِرْنَا سَیْرًا قَسِیًّا" ہم تیز چال چلے۔

اَرْضٌ قَاسِیَةٌ: بنجر زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

لَیْلَةٌ قَاسِیَةٌ: بہت تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْسَی مِنَ الصَّخْرِ" وہ پتھر سے زیادہ سخت ہے۔

الْمَقْسَاة: جو سخت بنا دے۔ کہا جاتا ہے "الذَّنْبُ مَقْسَاةٌ لِلْقَلْبِ" گناہ دل کو سخت کرنے کا سبب ہے۔

قَشَّ (ن) قُشُوْشًا: لاغری کے بعد تنومند ہونا...... فُلَانٌ: لاغری کی چال چلنا...... مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے صحت یاب ہونا۔

قَشَّ (ن ض) قَشًّا النَّبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا...... الشَّیْ: جمع کرنا۔ ہاتھ سے رگڑنا...... فُلَانٌ: صدقہ کے ٹکڑے کھانا۔

قَشَّ (ن ض) قَشًّا وقَشَشًا: اِدھر اُدھر سے کھانا۔ قَشَّهُ بِكَلَامِهِ: بدکلامی سے تکلیف پہنچانا۔

قَشَّ واَقَشَّ وانْقَشَّ الْقَوْمُ: چلا جانا۔ اَقَشَّ مِنَ الْمَرَضِ: مرض سے صحت یاب ہونا واَقَشَّتِ الاَرْضُ: زمین میں زیادہ خشکی ہونا۔ اِنْقَشَّ الْقَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا۔

تَقَشَّشَ واقْتَشَّ مَا وَجَدَ: سب کچھ کھا لینا۔

الْقَشّ: مص۔ بڑا ڈول۔ ردی قسم کی کھجور۔ گھر وغیرہ کا کوڑا کرکٹ۔

الْقِشَّة: بندریا۔ بندریا کا مادہ بچہ۔ چھوٹے جسم کی بچی۔ گبریلا کی مانند ایک کیڑا۔ کولتار استعمال کرنے میں جو چیتھڑا استعمال کیا جائے اور اس کو بعد میں پھینک دیا جائے۔

الْقَشِیش: سانپ کی کھال کی آواز۔

الْقَشِیْش والْقُشَاش والْقُشَاشَی: پڑی ہوئی جو چیز اٹھائی جائے۔

الْقَشَّاش: پڑی ہوئی چیزوں کو اٹھانے والا (...... والْقَشَّان والْقَشُوْش) جو معمولی چیز کو اٹھا کر کھا لے۔

سخت ہونا۔

القَسْبُ : مص۔ بہت سخت۔ خشک کھجور جو منہ میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ واحد قَسْبَة.

القَسَابَة: ردی قسم کی کھجور۔

القَسُوْب : چمڑے کا موزہ۔ القَسُوْب: چمڑے کے موزے (اس کا واحد نہیں)

القَسْبُ والقِسَبُّ : ہر ایک لمبی اور مضبوط چیز۔

قَسِيْبُ المَاءِ : پانی کا بہاؤ آواز کے ساتھ۔

قَسَرَ قَسْرَةً : جماع کرنا۔

قَسَحَ (ف) قَسَاحَةً وقُسُوْحَةً: سخت ہونا ...... الحَبلَ: رسّی بٹنا۔

قَاسَحَهُ: سختی کے ساتھ معاملہ کرنا۔

القَاسِحُ والقُسَاحُ والمَقْسُوْحُ : سخت اور موٹا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قَاسِحٌ" موٹا کپڑا "رُمْحٌ قَاسِحٌ" ٹھوس مضبوط نیزہ۔

قَسَرَهُ (ض) قَسْرًا واقْتَسَرَهُ عَلَى الاَمْرِ: مجبور کرنا۔

قَسْوَرَ الرَّجُلُ : عمر رسیدہ ہونا...... النَّبْتُ : بکثرت ہونا۔

القَسْوَرُ والقَسْوَرَةُ : غالب۔ شیر۔ بہادر۔ قوی لڑکا ج قَسَاوِر وقَسَاوِرَة.

القَسْوَرَةُ :رات کا بڑا حصہ۔ ایک میدانی نباتات ج قَسْوَر.

القَسْوَرَةُ: تیر چلانے والا۔ شکاریوں کی جماعت۔

قَسَطَ (ض) قَسْطًا وقُسُوْطًا : ظلم کرنا۔ حق سے ہٹ جانا۔ صفت قَاسِطٌ ج قُسَّاط وقَاسِطُوْن.

قَسَطَ (ن ض) قِسْطًا واَقْسَطَ الوَالِي : منصف ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَقْسَطَ فِي حُكْمِهِ واَقْسَطَ بَيْنَهُمْ واِلَيْهِمْ" فیصلہ میں انصاف کیا۔ ان کے درمیان انصاف کیا۔

اَقْسَطَتِ الرِّيْحُ العِيْدَانَ : ہوا کا لکڑیوں کو خشک کر دینا۔

قَسِطَتْ (س) قَسَطًا العُنُقُ : گردن خشک ہونا...... الدَّابَّةُ: سیدھی ٹانگوں والا ہونا (...... قُسُوْطًا) العِظَامُ : لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا خشک ہونا۔

قَسَّطَ الشَّيْءَ : جدا جدا کرنا...... الاَغْرَاسَ: پودوں کے درمیان برابر فاصلہ کرنا ...... الدَّيْنَ: قرض کی قسط مقرر کر دینا۔ کہا جاتا ہے قَسَّطَ الخَرَاجَ عَلَيْهِم والمَالَ بَيْنَهُمْ : یعنی خراج کا ان کے اوپر قسط مقرر کر دیا اور مال ان کے درمیان تقسیم کر دیا۔

قَسَّطَ عَلَى عِيَالِهِ : اہل وعیال پر تنگی کرنا۔

اِقْتَسَطُوْا المَالَ بَيْنَهُمْ : تقسیم کرنا۔

تَقَسَّطَ القَوْمُ الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ : برابر برابر تقسیم کرنا۔

القِسْط : انصاف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قِسْطٌ" وہ عادل ہے "هُمْ قِسْطٌ" وہ لوگ عادل ہیں۔ حصہ۔ مقدار۔ میزان۔ ترازو۔ پیمانہ نصف صاع کا۔ روزی۔ قسط مقرر کئے ہوئے قرض کا ایک حصہ ج اَقْسَاط.

القُسْط : عود ہندی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُسْطُ الرِّجْلِ وقُسْطُهَا" جبکہ پاؤں سخت اور سیدھے ہوں کہ چلنے میں مڑتے نہ ہوں۔

القَسَط : مص۔ اعضاء کی سختی یا خشکی۔

الاَقْسَط : خشک شدہ گردن والا۔ مؤنث قَسْطَاء ج قُسْط. رِجْلٌ قَسْطَاء : ٹیڑھا پیر۔

عُنُقٌ قَسْطَاء : خشک گردن۔ رُكْبَةٌ قَسْطَاء: خشک شدہ زانو جو مڑ نہ سکے۔ ج قِسَاط.

القَسْطَان: غبار۔

القُسْطَان والقُسْطَانَة والقُسْطَانِيّ والقُسْطَانِيَّة : قوسِ قزح۔ دھنک۔

المُقْسِط : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور معنی اس کے عادل کے ہیں۔

قَسْطَرَ الدَّرَاهِمَ : دراہم کو پرکھنا۔

القَسْطَرُ والقَسْطَار : مرد دانا و دوربیں۔

القَسْطَرِيُّ : [illegible] دوربیں۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ ج قَسَاطِرَة.

القُسْطَاس والقِسْطَاس: ترازو (جدید)

القَسْطَل والقَسْطَال والقُسْطُوْل والقَسْطَلَان : میدانِ جنگ کا گرد وغبار۔ ج قَسَاطِل. اُمُّ قَسْطَل: مصیبت۔ موت۔

نَهْرٌ قَسْطَالٌ: بہنے میں شور کرنے والا دریا۔

القَسْطَلَة : اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔

قَسْطَلَةُ المَاءِ : پانی بہنے کی آواز قَسَاطِلُ الخَيْلِ: گھوڑوں کی آوازیں۔

القَسْطَلَانِيَّة : شفق کی سرخی۔ غبار کی کثرت (...... والقَسْطَلَانِي) قوسِ قزح۔ دھنک۔

قَسْقَسَ قَسْقَسَةً : چروا ہونا۔ قَسْقَسَ الشَّيْءَ: ہلانا۔ قَسْقَسَ بِالكَلْبِ : کتے کو قوس قوس کہہ کے بلانا۔

قَسَمَ (ض) قَسْمًا الشَّيْءَ: بانٹنا۔ تجزیہ کرنا۔

...... الدَّهْرُ القَوْمَ : متفرق کرنا...... فُلَانٌ اَمْرَهُ : اندازہ کرنا...... بَيْنَ النِّسَاءِ : بیویوں کی باری کی حفاظت کرنا۔

قَسُمَ (ک) قَسَامَةً الغُلَامُ : لڑکے کا خوبصورت ہونا۔

قَسِيْم : فا۔ خوبصورت۔

قَسَّمَ الشَّيْءَ : جزء جزء کرنا۔ تفریق کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَسَّمَ الدَّهْرُ القَوْمَ" زمانے نے قوم کو متفرق کر دیا...... الشَّيْءَ: حسین بنانا۔

قَاسَمَهُ المَالَ : اپنے اپنے حصہ کو لینا۔

قَاسَمَهُ عَلَى كَذَا: قسم کھلانا۔

اَقْسَمَ بِاللهِ : حلف اٹھانا۔ قسم کھانا۔

تَقَسَّمَ الشَّيْءَ : جدا جدا کرنا...... الشَّيْءُ: جدا جدا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّمَتْهُ الهُمُوْمُ" یعنی غموں نے اس کو پریشان خاطر کر دیا۔ وتَقَسَّمَ فُلَانٌ: فکر کرنا۔ سوچنا۔

تَقَاسَمَ القَوْمُ : آپس میں قسم کھانا...... (واقْتَسَمَ) القَوْمُ المَالَ : آپس میں تقسیم کرنا۔

اِنْقَسَمَ : تقسیم ہونا۔

القَزَعْلَة: کانٹا۔

قَزَعَ (ف قُزُوْعًا: دیر کرنا...... الظَّبْیُ: ہرن کا دوڑنا۔ بھاگنے میں چست ہونا۔

قَزَّعَ الرَّسُوْلَ اِلَیْہِ: قاصد بھیجنا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانے کے لئے آمادہ کرنا...... الغَلُوبَ: مونچھ کاٹنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا...... رَاْسَہٗ: سر مونڈنا اور کچھ اِدھر اُدھر چھوڑ دینا۔

قَزْعَۃ والقَزَعَۃ لِلاَمْرِ: فارغ کر دینا اور دوسرے کام میں مشغول نہ کرنا۔ واَقْزَعَ لَہٗ فِی القَوْلِ: سخت سست کہنا۔

تَقَزَّعَ الرَّاْسُ: سر متفرق جگہ سے مونڈا جانا۔ ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے کے لئے آمادہ ہونا...... القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا...... السَّحَابُ: بادل کھل جانا۔

القَزَعُ: بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چھوٹے اونٹ۔ بالوں کو کچھ مونڈنا کچھ چھوڑ دینا۔ وادی کا کوڑا کرکٹ۔ قَزَعُ السَّہْمِ: تیر کے پر کا پتلا حصہ۔ ہر چیز جس کے متفرق ٹکڑے ہوں واحد قَزَعَۃ.

القَزَعَۃ: حرامی۔ ولد الزنا۔ بادل کا ٹکڑا۔ سر میں متفرق بال کٹے ہوئے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے مَا عِنْدَہٗ قَزَعَۃ: یعنی اس کے پاس کچھ کپڑا نہیں۔

القُزْعَۃ والقُنْزُعَۃ: بالوں کا گچھا جو بچے کے سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے درمیان میں تھوڑے سے بال۔

قَوْسٌ قَزِیْعٌ: بمعنی قوس قزح۔

القِزَاعُ: چیتھڑے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی السَّمَاءِ قِزَاعٌ" یعنی آسمان میں تھوڑا سا بھی بادل نہیں۔

الاَقْزَعُ مِنَ الکِبَاشِ: مینڈھا جس کے بال موسم بہار میں کہیں سے گر گئے ہوں کہیں سے باقی رہ گئے ہوں۔

المُقَزَّعُ: تیز ہلکا پھلکا۔ وہ شخص جس کے سر پر کچھ تھوڑے سے بال ہوں۔ بشارت کیلئے مخصوص کیا ہوا...... مِنَ الخَیْلِ: پیشانی پر کم بال والا گھوڑا۔ رَجُلٌ مُقَزَّعٌ: وہ شخص جس کا مال برباد ہو جائے اور صرف چھوٹے اونٹ رہ جائیں۔

المُقْزَعِلُّ: تیز رو۔

قَزَلَ (ض) قَزْلًا وقَزَلَانًا: کودنا۔ لنگڑے کی چال چلنا۔

قَزِلَ (س) قَزَلًا: لنگڑا ہونا۔ صفت اَقْزَل (قَزَل: بدترین لنگڑاہٹ ہے)

الاَقْزَلُ: بھیڑیا۔ باریک پنڈلی والا۔ ایک قسم کا سانپ۔

قَزَمَہٗ (ض) قَزْمًا: عیب لگانا۔

قَزِمَ (س) قَزَمًا: کمینہ ہونا۔ لئیم ہونا۔

تَقَزَّمَ: کاموں میں زبردستی داخل ہونا۔

القَزَمُ: مص۔ کمینگی۔ لئیمی۔ کوتاہی۔ ردی مال۔ حقیر لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث) کہا جاتا ہے "ھٰؤُلَاءِ قَوْمٌ قَزَمٌ مَا فِیْہِمْ کَرَمٌ" یہ لوگ کمینہ ہیں ان میں کرم نہیں اور کبھی تثنیہ اور جمع مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَزَمٌ ورَجُلَانِ قَزَمَانِ وامْرَاَۃٌ قَزَمَۃٌ ورِجَالٌ قُزُمٌ واَقْزَامٌ وقَزَامٰی ونِسَاءٌ قَزَمَاتٌ"

القَزْمُ والقُزَمُ والقَزِمُ والقُزُمُ: لئیم اور دنی مرد۔ مؤنث قَزْمَۃ وقُزَمَۃ وقَزِمَۃ وقُزُمَۃ.

القَزِمُ والقَزَمُ: چھوٹے جسم والا بے خیر۔ ج قُزُمٌ واَقْزَامٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَزَمَۃٌ وامْرَاَۃٌ قَزَمَۃٌ: چھوٹے جسم کا مرد۔ چھوٹے جسم کی عورت۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

القِزَامُ: لئیم لوگ۔

القُزَامُ: جس پر کوئی غالب نہ آئے۔ جلدی کی موت۔

سُؤْدَدٌ اَقْزَمُ: سرداری جو خاندانی نہ ہو۔

القَزْمَلُ: کوتاہ قامت بدصورت۔

قَزَا یَقْزُوْ قَزْوًا۔ الاَرْضَ بِعَصَاہُ: زمین کو لاٹھی سے کریدنا...... الرَّجُلُ: عیب سے دور رہنا۔ قُزَّہ (ایک کھیل ہے) کھیلنا

اَقْزٰی: بے عیبی کے بعد عیب دار ہونا۔

القُزَۃ: سانپ۔ عربوں کا ایک کھیل ج قُزَات.

قُزِیَ الرَّجُلُ: پچھاڑنا اور قتل کرنا (یائی ہے)

القِزْیُ: لقب کہا جاتا ہے "بِئْسَ القِزْیُ ھٰذَا" یہ برا لقب ہے۔

قَسَّ (ن) قَسًّا وقِسًّا وقُسًّا: چغل خوری کرنا...... القَوْمَ: برے کلام سے تکلیف پہنچانا (...... قَسًّا) السَّیْرَ: دوڑنا...... مَا عَلَی العَظْمِ: ہڈی پر کا گوشت کھانا اور گودا نکالنا (وقَسَّ الاِبِلَ) اونٹوں کو اچھی طرح سے چرانا۔

قَسَّ وتَقَسَّسَ الشَّیْءَ: طلب کرنا اور ڈھونڈنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّسَ اَصْوَاتَہُمْ بِاللَّیْلِ" اس نے رات میں ان کی آواز پر کان لگایا۔

قَسَّ قُسُوْسَۃً قِسِّیْسَۃً: پادری ہونا۔

اِقْتَسَّ الاَسَدُ: شیر کا خوراک تلاش کرنا۔ ...... النَّاقَۃَ: اونٹنی کا تنہا چرنا۔

القَسُّ: پادری کاہن ج قُسُوْس: اونٹوں کا مالک جو ان سے جدا نہ ہو۔ پالا۔

القُنْسُ: عقلاء۔ ماہر۔

القُسَاسُ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ آرمینیا میں ایک پہاڑ ہے جس میں لوہے کی کان ہے اور اسی سے ہے السُّیُوْفُ والقُسَاسِیَّۃ.

القَسَّاسُ: چغل خور۔

القَسِّیْسُ: پادری ج قِسِّیْسُوْنَ وقُسَّانٌ واَقِسَّۃ وقَسَاوِسَۃ.

القَسِیُّ مِنَ الدَّرَاہِمِ: ردی دراہم۔

القَسَّۃ: چھوٹا گاؤں۔

القُسُوْسَۃ والقِسِّیْسَۃ: قسیس کا درجہ۔

قَسَبَ (ض) قَسْبًا المَاءُ: پانی جاری ہونا۔

...... الشَّمْسُ: آفتاب غروب ہونے لگنا۔

قَسُبَ (ک) قُسُوْبًا وقُسُوْبَۃً الشَّیْءُ:

الـقِـرْوَان : پیٹھ یا پیٹھ کا درمیانی حصہ ج قِرْوَانَات.

الـقَرْوَانِي. خِصْيَتَيْن : کی کھال کی کھنچاوٹ والا ۔

القَرْوٰی : عادت ۔ کہا جا تا ہے "رَجَعَ اِلٰی قَرْوَاه" اپنی عادت پر لوٹ گیا ۔

الـقَرِيّ : ایک ہی طریقہ کی چیزیں ۔ قَرِيُّ العَقِيْدَةِ : قصیدہ کا ردی ۔

المَقْرٰی : ٹیلہ کی چوٹی ۔ ج مَقَارٍ......

المُقْرَوْرِي: لمبی پیٹھ والا ۔

شَـاةٌ مَقْرُوَّة : بکری کہ اس کے سر میں ایک لکڑی لگا دیتے ہیں تا کہ وہ اپنے دودھ کو نہ پی سکے ۔

قَرٰی يَقْرِي قِرًی وقَرَاءً ا الضَّيْفَ : مہمان کی میزبانی کرنا (...... قَرْی وقَرْيًا) المَاءَ فِيْ الحَوْضِ : پانی حوض میں جمع کرنا...... البَعِيْر وكلَّ مَا اِجْتَرَّ : جگال کو جبڑے میں جمع کرنا...... الجُرْحُ : زخم کا بہنا...... المِدَّةُ فِيْ الجُرْحِ : زخم میں پیپ کا جمع ہونا ۔ کہا جا تا ہے "قَرَيْتُ فِيْ شِدْقِي جَوْزَةً" میں نے اپنے جبڑے میں اخروٹ کو چھپایا ۔

قَرٰی يَقْرِي قَرْيٰ وقَرْيًا وتَقَرّٰی واسْتَقْرٰی البِلَادَ: تلاش کرنا ۔ چکر لگانا ۔

اَقْرٰی اِقْرَاءً : گاؤں میں رہنا...... کسی شے کو لازم رہنا اور اصرار کرنا (...... واسْتَقْرٰی) مہمانی طلب کرنا ۔

اِقْتَـرٰی : مہمانی طلب کرنا...... الضَّيْفَ: مہمان کی میزبانی کرنا...... البِلَادَ: تلاش کرنا اور چکر لگانا واِقْتَرٰی فُلَانًا بِقَوْلِه: تلاش کرنا ۔

القِرٰی : مہمانی کا کھانا ۔ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے ۔

الـقَرْيَة والقِرْيَة : جائیداد ۔ گاؤں ۔ لوگوں کی جماعت ۔ ج قُرًی وقِرًی اور نسبت کے لئے قَرَوِيّ وقَرْيِيّ. قَرْيَةُ النَّمِل : چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ ۔ قَرْيَةُ الاَنْصَارِ : مدینہ طیبہ والقَرْيَتَانِ: مکہ معظمہ اور طائف

الـقَـرِيُّ : جما ہوا دودھ ۔ ٹیلہ سے باغ کی طرف بہنے والی نالی ۔ نالی ۔ ج اَقْـرِيَةٌ واَقْرَاءٌ وقُرْيَان.

الـقَرِيَّة: لاٹھی ۔ چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ ۔ بادبان کے اوپر کے حصہ کی لکڑی جو عرض میں لگائی جاتی ہے ج قَرَايَا.

القَارِي : فا ۔ دیہاتی ۔ کہا جا تا ہے "جَاءَنِيْ كُلُّ قَارٍ وبَادٍ" میرے پاس ہر ایک دیہاتی اور شہری آیا ۔

القَارِيَة : قاری کا مؤنث ۔ مکان لوگوں سے بھرا ہوا ۔ تلوار کی دھار ۔ نیزہ کا نچلا حصہ یا اوپر کا حصہ ۔ ج قَوَارٍ کہا جا تا ہے "هُمْ قَوَارِيُ اللّٰهِ" وہ اللہ کے شہدا ہیں (...... والقَارِيَة) ایک پرندہ چھوٹی ٹانگوں اور لمبی چونچ کا جس کی پیٹھ سبز ہوتی ہے ۔ ج قَوَارٍ وقَوَارِيّ.

الـقَارَاة : لوگوں سے بھری ہوئی جگہ ج قَارِيَات.

المِقْرٰی والمِقْرَاة: ہر وہ جس میں بارش کا پانی جمع ہو ۔

المِقْرٰی والمِقْرَاء : میزبان ۔ بہت مہمانی کرنے والا ۔ مؤنث مِقْرَاة ومِقْرَاءَة.

المِقْرٰی والمِقْرَاة : بڑا پیالہ جس میں مہمان کے سامنے کھانا پیش کیا جائے ۔ ج مَقَارٍ.

المَقَارِي: ہانڈیاں ۔

قَزَّ (ن ض) قَزًّا: کودنے کے لئے سمٹنا ۔ کودنا ۔ قَزَّتْهُ نَفْسِيْ وقَزَّتْ عَنْهُ نَفْسِيْ : نفرت کرنا ۔ انکار کرنا (...... قَزًّا وتَقَزَّزَ) مِنَ الدَّنَسِ وكُلِّ مَا يُسْتَقْذَرُ ويُسْتَخْبَثُ : مکروہ جاننا ۔ پرہیز کرنا بچنا ۔

الـقَزّ : مص ۔ ریشم جس سے نکالا جائے ۔ دُوْدُ القَزِّ: ریشم کا کیڑا ۔ ج قُزُوْز (دخیل)

القَزّ القِزّ القُزّ والقَزِز والقُزَاز : گندگی سے بچنے والا ۔ کہا جا تا ہے "مَا فِيْ طَعَامِهِ قَزٌّ ولا قُزٌّ ولا قَزَازَة" اس کے کھانے میں ایسی کوئی چیز نہیں جس سے پرہیز کیا جائے

القَزَّاز : بڑا سانپ ۔ اژدھا ۔

القَازّ : فا ۔ شیطان ۔

القَازُوزَة : چھوٹی شیشی ۔ طشت ۔

القَزَّاز : ریشم بیچنے والا...... عِنْدَ العَامَةِ: ریشم کے کیڑے کی تربیت کا ماہر ۔

قَزَبَ (ن) قَزْبًا : بہت جماع کرنا ۔

قَزِبَ (س) قَزَبًا: سخت ہونا ۔

القَازِب : سوداگر ۔

القِزْب : لقب ۔

قَزْبَرَ قَزْبَرَةً : جماع کرنا ۔

قَزَحَ (ف) قَزْحًا القِدْرَ: ہنڈی میں مسالہ ڈالنا ۔ الشَّيْءُ: بلند ہونا ۔

قَزَّحَتْ قَزْحًا وقَزَحَانًا القِدْرُ : اُبلنا ۔ قَزَّحَ الـقِدْرَ : ہانڈی میں مسالہ ڈالنا ۔ قَزَّحَ الـحَدِيثَ: مزین کرنا ۔ بغیر جھوٹ بولے ہوئے پورا کرنا ۔ قَزَّحَ الشَّجَرَ : بڑھنے کے لئے جڑ میں پیشاب ڈالنا ۔

تَـقَزَّحَ النَّبَاتُ او الشَّجَرُ : زیادہ شاخ دار ہونا ۔

القَزْحُ : مص ۔ کتے کا پیشاب ۔ مسالہ ۔

قَوْسُ قُزَحَ وقَوْسُ قُزَحٍ : دھنک ۔ وہ شکل جو بادل میں مختلف رنگوں کی کمان کے مانند دکھائی دیتی ہے ۔ قُـزَح: منصرف ہے اس لئے کہ قُـزْحَة کی جمع ہے اور علم معدول کی تقدیر پر غیر منصرف ہے اور قزح کو قوس سے جدا استعمال نہیں کرتے پس "تَـاَمَّلْ قُزَحَ مَا اَبْيَنَ قَوْسَه" نہیں کہا جائے گا ۔

الـقِـزْح : مسالہ ۔ پیاز کے بیج ۔ سانپ کی بیٹ ۔ ج اَقْزَاح.

الـقُـزْحَة: قوسِ قزح کے رنگ کی ایک دھاری ج قُزَح.

القَزَّاح : مسالہ بیچنے والا ۔

القَـازِح : فا ۔ سِـعْرٌ قَازِحٌ : مہنگا بھاؤ ۔ مؤنث قَازِحَة ج قَوَازِحُ المَاءِ: پانی کے بلبلے ۔

القَازِيح :مسالے ۔

المِقْزَحَة : مسالہ کا برتن ۔

سردار قبیلہ۔ السیف: تلوار کی دھار۔ **قَرْنُ الشَّیْطَانِ وقَرْنَاہُ**: شیطان کی رائے کے پاس وَجہدُ القَرْن: کیڑا۔ **ذُوالقَرْنَیْن**: بادشاہ اسکندر مکدونی کا لقب۔ منذر بن ماء السماء کا لقب۔

القِرْن: کفو۔ ہمسر۔ مقابل۔ شجاعت یا علم میں نظیر۔ ج اَقْرَان.

القَرَن: مص۔ دُوسرے سے ملا ہوا۔ رسّی جس میں دو اونٹ بندھے ہوئے ہوں۔ ترکش ج اَقْرَان: ......تلوار۔ تیر۔ ج قِرَان.

القِرَان: قیدی کے باندھنے کی رسّی بیل کے بیلوں کی گردن میں باندھنے کی چھال کی رسّی۔ رسّی جس کو باندھ کر اونٹ کو کھینچیں۔ ج قُرُن. حج کی ایک قسم جس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھتے ہیں۔ ج قِرَانات.

القُرْنَة: ہر چیز کا اُٹھا ہوا کنارہ۔ تلوار یا نیزہ کی دھار۔ ج قُرَن.

اَلقَارِن: قا۔ رَجُلٌ قَارِنٌ: تیر و تلوار سے مسلح۔ القَارِن: حج قرآن کرنے والا۔

القَرِیْن: دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ ساتھی۔ مصاحب۔ شوہر۔ نفس۔ ج قُرَنَاء

القَرِیْنُ العَیْن: سرگیں آنکھ۔

القَرَانی: نزدیک۔ تانت۔ جو اُونٹ کی کھال کی بٹی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْ قُرَانَی" ملے ہوئے آئے۔

القَرِیْنَة: قرین کا مؤنث، بیوی۔ نفس۔ قَرِیْنَةُ الکَلَام: جو کلام کے مراد پر دلالت کرے ج قَرَائِن. دُوْرٌ قَرَائِن: آمنے سامنے کے مکانات۔

القَرَان: شیشی۔

القَرُوْن: ایک مرتبہ میں دو دو لقمے کھانے والا وہ جانور جس کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ میں دوڑنے میں پڑیں۔ وہ اُونٹنی جس کے بیٹھنے میں دونوں گھٹنے مل جائیں (...... والقَرُوْنَة) نفس۔

الاَقْرَن: سینگوں والا۔ ملی ہوئی بھنووں والا۔ مؤنث قَرْنَاء۔ حَیَّةٌ قَرْنَاءُ: سانپ جس کے سر پر گوشت کے دو ٹکڑے اُبھرے ہوئے ہوں۔

القِرَان اَوِ اجْتِمَاعُ القَمَرِ بِالشَّمْسِ: سورج اور چاند اپنی اپنی جگہ پر ہوں اور زمین ان کے درمیان نہ ہو اور سورج کو گرہن تب ہوتا ہے جس وقت وہ چاند کے ساتھ مل جائے۔

اَلقَرَانیا: ایک درخت کا نام جس کے پھول خیمہ کی طرح ہوتے ہیں۔ اور اس کے پھل کھائے جاتے ہیں۔

القُرْنَانَة: لوبیا۔

المِقْرَن: جوا ہل کا۔

المُقَرَّن: بلند کنارے والا جس کے لئے سینگ کے مشابہ بنایا جائے۔

المُقَرَّنَة. مُقَرَّن. کا مؤنث۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو پاس پاس ہوں۔

القَرْنَان: مرد دیوث۔

القَرَنَاء: سورۃ جو ہر رکعت میں پڑھی جائے۔

القَیْرَوَان: گھوڑوں کا گلہ۔ تالا۔ فوج کا بڑا حصہ۔

القَرَنْبَی: لمبی ٹانگوں کا ایک کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے اور مثل ہے "القَرَنْبَی فِیْ عَیْنِ اُمِّهَا حَسَنَةٌ" قرنبی اپنی ماں کی نگاہ میں اچھا معلوم ہوتا ہے۔

القَرَنْب: جنگلی چوہا۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔

القُرْنُب: کمر۔

قَرْنَسَ وقُرْنِسَ البَازِی: باز کی آنکھوں کو سینا۔ قَرْنَسَ الدِّیْکُ: مرغ کی لڑائی سے بھاگ جانا۔

القُرْنَاس والقِرْنَاس: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ چرخے کا تکلا۔ القُرْنُوْس: موزے کی نوک۔ ج قَرَانِیص.

سَقْفٌ مُقَرْنَسٌ: سیڑھی کی طرز پر بنی ہوئی چھت۔

القَرَنْفُل والقَرَنْفُوْل: لونگ۔ واحد قَرَنْفُلَة وقَرَنْفُوْلَة.

المُقَرْفَل. مِنَ الاَطْعِمَة: لونگ ڈالا ہوا کھانا۔

قَرِهَ (س) قَرَهًا وتَقَرَّہَ جِلْدُہٗ: کھال کا چھلنا یا بہت مار سے سیاہ ہونا۔ داد کی کثرت سے داغ داغ ہونا۔ صفت اَقْرَہ: مؤنث قَرْهَاء ج قُرْہ.

القَارِہ: قا...... مِنَ الجِلْدِ: خشک کھال۔

القَرْهَب: بوڑھا بیل...... مِنَ المَعَزِ: بہت اُون والی بکری۔ القَرْهَب: سردار قوم۔ بوڑھا۔

قَرَا یَقْرُو قَرْوًا اِلَیْہِ: قصد کرنا...... بالرُّمْحِ فُلَانًا: نیزہ مارنا۔ صفت مذکر قارٍ ج قُرَاة وقَارُوْن: صفت مؤنث قَارِیَة ج قَوَارٍ وقَارِیَات قَرَا واسْتَقْرَی واقْتَرَی الاَمْرَ: تتبع کرنا۔ تلاش کرنا۔ اِسْتَقْرَی النَّمَلُ: پھوڑے کا پیپ والا ہونا۔

اَقْرَی اِقْرَاءً: پیٹھ میں درد ہونا۔

القَرَاء: پیٹھ۔ ج اَقْرَاء وقِرْوَان: کدو۔

القَرْو: مص۔ نہر کی مانند لمبا حوض۔ زمین جس کو طے نہ کیا جا سکے۔ کولہو کی نالی۔ چھوٹا برتن۔ کھجور کے درخت کا نچلا حصہ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بنایا جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ کھوکھلا بانس۔ ایک ہی طریقے کی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُھُمْ قَرْوًا وَاحِدًا" میں نے ان کو ایک طریقہ پر چھوڑا۔ و"قَصِیْدَتَانِ عَلٰی قَرْوٍ وَاحِدٍ" دو قصیدے ایک ردی پر "وتُرِکَتِ الاَرْضُ قَرْوًا" تمام زمین پر بارش چھا گئی اَصْبَحَتِ الاَرْضُ قَرْوًا وَاحِدًا: زمین کی سطح پانی سے ڈھک گئی۔ ج قُرُوٌّ واَقْرَاء واَقْرٍ وقُرِیّ.

القَرْو والقَرْوَة. خُصْیَتَیْن: کی کھال کی کھنچاوٹ قَرْوَةُ الرَّاسِ: سر کا کنارہ۔

القُرْو القَرْوَة والقِرْوَة والقُرْوَة: کتے کا ٹھیکرا۔

القَرْوَاء: عادت۔ دُبُر۔ نَاقَةٌ قَرْوَاء: لمبے کوہان والی اونٹنی (جمل اقری نہیں کہا جاتا)

سے فارغ رکھا جائے۔ سردار عظیم۔ ج قُرُوم.

القَرْمَة والقُرْمَة : اُونٹ کی ناک کی کٹی ہوئی کھال۔

القُرْمَة والقِرَام : اونٹ کی ناک کاٹنے کا موقع **القِرَام**: سرخ پردہ یا باریک کپڑا۔

القُرَامَة : اونٹ کی ناک سے کٹا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔ روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا ہوا رہ جائے۔ عیب۔ اونٹ کا سینہ۔

الأقْرَمُ مِنَ الجَمَال : اونٹ جو باندھا نہ جائے۔ ناک پر داغ لگا ہوا۔ مؤنث قَرْمَاء. ج قُرْم.

القُرْم : ایک گھاس جو سفیدی اور موٹائی میں چنار کے درخت کی مانند ہوتی ہے۔

قَرْمَدَ قَرْمَدَةَ الكِتَابَ : باریک لکھنا۔ قریب قریب لکھنا۔ **قَرْمَدَ فِيْ لمشي**: قریب قریب قدم رکھنا...... **الشَّيْءَ**: قرمد کا طلا کرنا (دیکھئے قَرْمَد)

القَرْمَد : ہر وہ چیز جس کو زینت کے لئے کسی پر لگائیں۔ جیسے زعفران اور گچ وغیرہ۔ پختہ ٹھیکری۔ اینٹ (دخیل)

القُرْمُود : پہاڑی بکرا۔ پہاڑی بکری کا بچہ ج قَرَامِيد.

القِرْمِيْد: اینٹ جس سے پلاسٹر کیا جائے جیسے گچ وغیرہ واحد قِرْمِيْدَة (دخیل)

القِرْمِيْدَة : پہاڑی بکری ج قَرَامِيْد.

القِرْمِز: سرخ رنگ...... **عِنْدَ الأسَاكِفَة**: وہ کھال جو سرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہو۔

القِرْمِزِيَّة: کیڑوں کی ایک قسم۔

القِرْمِزِيُّ : جو سرخ رنگ کا ہو۔

قَرْمَشَةً : بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ **قَرْمَشَ الشَّيْءَ**: جمع کرنا۔

القَرْمَش والقِرْمِش والقِرْمِيْش مِنَ النَّاسِ : طرح طرح کے لوگ۔

قَرْمَصَ وتَقَرْمَصَ : سردی زدہ آدمی کا گرمی حاصل کرنے کے لئے گڑھے میں داخل ہونا۔

...... **القَرَامِيْصَ** : گرمی حاصل کرنے کے لئے گڑھے بنانا۔

القِرْمَاص والقُرْمُوْص : اندر سے چوڑا اور تنگ منہ کا گڑھا جس میں سردی زدہ گرمی حاصل کرتا ہے۔ بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔ کبوتر کا گھونسلہ۔ ج قَرَامِيْص.

القُرْمُوْص : شکاری کا گڑھا۔ زمین میں پرندہ کا گھونسلہ۔

قَرْمَطَ قَرْمَطَةً الكِتَابَ : باریک اور قریب قریب لکھنا...... **فِيْ خَطْوِهِ**: قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔

القُرْمُوْط : ایک قسم کی مچھلی۔ کھریلا کی گولی۔ ج قَرَامِيْط

القَرَامِطَة : شیعوں کا ایک غالی فرقہ واحد قُرْمُطِيّ.

قَرْمَلَةً: پچھاڑنا۔

القَرْمَل : بے کانٹوں کا ایک کمزور درخت واحد قَرْمَلَة.

القِرْمِل : دو کوہان والا اونٹ۔ بہت اُون والا اونٹ کا بچہ۔ ج قَرَامِل.

القَرَامِل والقَرَامِيْل مِنَ الشَّعْرِ والصُّوْف : بالوں یا اُون کا بنا ہوا عورت کا موباف۔

قَرَنَ (ض) قَرْنًا الشَّيْءَ وبالشَّيْءِ : باندھنا۔ ملانا...... **الثَّوْرَيْنِ** : دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھنا...... **البَعِيْرَيْنِ**: دو اونٹوں کو ایک رسّی میں باندھنا۔

قَرَنَ (ن) قِرَانًا الفَرَسُ : دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پڑنا ...... **بَيْنَ الشَّيْءِ والشَّيْءِ**: جمع کرنا۔

قَرِنَ (س) قَرَنًا : ملی ہوئی بھنووں والا ہونا۔ صفت أقْرَن. **قَرِنَ ذُو القَرْنِ** : بڑے سینگ والا ہونا۔

قَرَّنَهُ : جمع کرنا۔ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "قُرِّنَتِ الأسَارَى فِيْ الحِبَال" قیدی رسیوں میں باندھے گئے۔

أَ[illegible] مُقَارَنَةً [illegible]

أقْرَنَ بَيْنَ الأمْرَيْنِ : جمع کرنا۔ (قَرَنَ: اسے ج ہے)

...... **الرَّجُلُ** : دو تیر چلانا۔ دو قیدیوں کو ایک رسّی میں لانا۔ سینگ والے مینڈھے کی قربانی کرنا۔ ہر رات میں ایک سلائی سرمہ لگانا...... **الدَّمُ فِيْ العِرْقِ** : خون کا رگ میں زیادہ ہونا اور جوش مارنا...... **الْبَثْرُ وَجْهَ الغُلَامِ** : لڑکے کے چہرہ پر پھنسیاں نکلنا ...... **السَّمَاءُ** : لگاتار برسنا...... **لَهُ**: ہمسر ہونا۔ ایک رسی میں بندھے ہوئے دو اونٹ دینا **عَنِ الطَّرِيْقِ** : راستے سے ہٹ جانا۔ پھر جانا۔ **عَلٰى غَرِيْمِهِ** : قرض دار پر تنگی کرنا۔ **أقْرَنَتِ الثَّرِيَّا**: بلند ہونا...... **الدُّمَّلُ** : پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا...... **لِلأمْرِ**: توانا ہونا...... **عَنْهُ** : عاجز ہونا۔

تَقَارَنَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِقْتَرَنَ الشَّيْءُ بِغَيْرِهِ : متصل ہونا۔ ملنا۔

اِسْتَقْرَنَ الدُّمَّلُ : پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا...... **الدَّمُ فِيْ العِرْقِ** : خون کا رگ میں زیادہ ہونا ...... **الرَّجُلُ لِلأمْرِ** : توانا ہونا...... **لِفُلَانٍ** : ہمسر ہونا۔

القَرْن : مص۔ سینگ۔ **والقَرْنُ فِيْ الإنْسَان** : انسان کے سر کا وہ حصہ جہاں پر جانور کے سینگ نکلتا ہے۔ **قَرْنُ الشَّمْسِ** : آفتاب کی پہلی شعاع **القَرْنُ مِنَ المَطَرِ** : بارش کا جھلا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى قَرْنِيْ" وہ میری عمر کا ہے۔ **القَرْن**: سو سال ایک زمانے کے لوگ۔ ایک گروہ کے بعد ایک گروہ۔ زمانہ کا ایک وقت۔ ج قُرُوْن.

القَرْن : چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑی کی چوٹی۔ قلعہ۔ عورت کے گیسو۔ **القَرْنُ مِنَ الجَرَادِ** : ٹڈی کے سر کے دو بال۔ درخت کی چھال کی بٹی ہوئی رسّی۔ مال یا اُون کا ایک گچھا۔ ج قُرُوْن وقِرَان. **والقَرْنُ مِنَ القَوْمِ**:

میرا گمان ہے کہ میرا مطلوب ان کے پاس ہے۔

المَقرُوف : بہت ظلم کرنے والا۔ بُرا بے انصاف۔ توشہ دان۔ ج قُرُف وقِرَف.

القَرِفِیّ والمُقرِف : وہ شخص جس کے اندر سرخی جھلکتی ہو۔ المُقرِف: خسیس۔ حقیر۔ جس کی ماں عربیہ ہو اور باپ غیر عرب۔

وَجہ مُقرِف : بدصورت چہرہ۔

الاقرَف : بہت سرخی والا۔

القُرَافة : درخت کی چھال۔

المَقرِف : وہ جگہ جہاں سے چھال اُتار دی گئی ہو۔

المِقرَاف : بہت گناہوں کا ارتکاب کرنے والا۔ رَجُلٌ مَقرُوف : چکی کروالا۔ سبک مرد۔

قَرفَصَة قَرفَصَة : پاؤں کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنا۔

تَقَرفَصَت. العَجُوزُ : بڑھیا کا کپڑوں میں لپٹنا۔

القَرفَصٰی. مثلثة القاء والقُرفُصَاء والقُرُفُصَاء : اکڑوں بیٹھنا اور ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ القَرفَصٰی او القَرفُصَاء" وہ اکڑوں بیٹھا۔

القُرَافِص : مضبوط۔

القَرَافِصَة : ڈاکو۔

قَرفَطَ الرَّجُلُ : چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

اِقرَنفَطَ : سمٹنا۔

المُقَرفَل. مِنَ الاَطعِمَة : لونگ سے خوشبودار کیا ہوا۔

قَرِق (ن) قَرقًا بِفُلانٍ : دھوکا دینا۔ قَرِقَت الدَّجَاجَةُ: کڑکڑانا اور انڈے یا بچوں کو پروں کے نیچے کرنا۔

قَرِق (س) قَرَقًا : ہموار جگہ میں چلنا۔

القِرق : بُری جڑ۔ عادت۔ حقیر لوگ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ قِرقٌ مِن النَّاسِ" لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ج

القِرقُ. القِرقُ : ایک کھیل ہے۔ خط کھینچ کر گوٹیاں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ خط کی صورت یہ ہے:

المَقرُوق : قرق زدہ۔

القُرقِیّ : زیادہ شور سے بولنا۔

القُرقُب : ایک چھوٹا پرندہ۔

(...... والقَرَق والقَرِق) ہموار جگہ۔

القَرقَدَان والقَرقَدُون : سنجاب۔

قَرقَرَ قَرقَرَةً. البَعِيرُ : اُونٹ کا بڑبڑانا۔

قَرقَفَ الخُبزُ : روٹی خشک ہونا۔ (سریانی لفظ)

قَرقَرَت الحَمَامَةُ او الدَّجَاجَةُ : کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔ مرغی کا کڑکڑانا۔ ...... البَطنُ: پیٹ سے گڑگڑانا۔ الرَّجُلُ فِی ضَحِکِهٖ: بہت زور سے ٹھٹھا مارنا۔ الشَّرَابُ فِی حَلقِهٖ: آواز کرنا۔

القَرقَرَة : مص۔ کبوتر کی آواز۔ بہت زور کی ہنسی۔ چہرہ کی کھال (...... والقَرقَر) پست نرم زمین۔ ج قَرَاقِر.

القُرقَار : اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔

القُرَاقِر والقُرَاقِرِی : اچھی آواز سے حدی پڑھنے والا۔

القَرَاقِرَة : بہت بک بک کرنے والی عورت (...... والقَرقَارَة) اونٹ کا جھاگ جو مستی کے وقت نکلتا ہے۔

القَرقَارَة : لمبی گردن کا شیشے کا کپ۔

القُرقُور : بڑی کشتی۔ ج قَرَاقِیر.

قَرقَسَ. الکَلبَ وبِهٖ : کتے کو قُرقُوس کہہ کے بلانا۔

القِرقِس : مچھر کے بچے۔

القَرقُوس : کشادہ میدان۔

القَرقُوز : بکری کا چھوٹا بچہ۔

قَرقَشَ : سخت چیز کھانا۔

اَلقَنَاُ ... نم آ ...

شکر ملا کر پکایا جائے تو پتلی ٹکیہ۔ نرم آٹا اور مغز کے ساتھ ملا کر گھی میں تلی ہوئی شے۔ نرم ہڈیاں۔

قَرقَصَ. بالجرو : کتے کے پلے کو بلانا۔

القُرقُوص : کتے کا پلا۔ ج قَرَاقِیص.

قَرقَعَ قَرقَعَةً : کھٹکھٹانا۔

قَرقَفَ قَرقَفَةً مِنَ البَردِ : کپکپی زدہ ہونا ......

قَرقَفَة البَردُ : کپکپی ڈالنا۔

الرَّجُلُ فِی الضِّحکِ والحَمَامِ فِی الهَدِیرِ : آدمی کا ہنسنے میں اور کبوتر کا غٹرغوں کرنے میں زیادتی کرنا۔

القَرقَف : شراب۔ ٹھنڈا پانی (...... والقُرقُف) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

القَرقُوف : درہم۔ شراب۔

دِیکٌ قُرَاقِف : بلند آواز مرغ۔

القَرقَل والقَرقَلُ : بے آستین کا کرتہ ج قَرَاقِل.

قَرقَمَ. الصَّبِیَّ : بچے کو بُری خوراک دینا۔

المُقَرقَم : وہ جو جوان نہ ہو اور قوت نہ پکڑ سکے۔

قِرِلّی : ایک چوکنا آبی پرندہ۔

قَرَمَ (ض) قَرمًا وقُرُومًا ومَقرَمًا وقَرَمَانًا وتَقَرَّمَ. الصَّبِیُّ والبَهمُ : تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کرنا۔

قَرِمَ (ن) قَرمًا. الشَّیْءَ : چھیلنا ...... الطَّعَامَ: کھانا ...... الرَّجُلَ: گالی دینا۔ قید کرنا۔

قَرِمَ (س) قَرَمًا. اِلَی اللَّحمِ : گوشت کا خواہش مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرِمتُ اِلٰی لِقَائِهٖ" اس کی ملاقات کا میں شائق ہوا۔

قَرمَة : کھانا سکھانا۔ قَرَمَ واَقرَمَ الفَحلَ: سانڈ بننے کے لئے کام اور سواری سے فارغ رکھنا۔

اِستَقرَمَ. البَکرُ قَبلَ اَوَانِهٖ : وقت سے پہلے سانڈ بننا۔

القَرم : مص۔ اونٹ کی ناک پر داغ جو بہتری کی علامت۔ سانڈ جو سواری اور کام

اِقْتَرَعَ الشَّیْئَ: اختیار کرنا۔ پسند کرنا...... النَّارَ: آگ روشن کرنا...... القَوْمُ عَلٰی کَذَا: قرعہ ڈالنا۔

اِسْتَقْرَعَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا...... الکَرِشُ: اوجھ کا سخت ہونا۔

القَرْع: مص۔ کدو۔ واحد قَرْعَة.

القَرْعَة. قَرَع: کا اسم مرۃ۔

اَلْقَرَعُون: بادام سخت ہونے سے پہلے۔ (سریانی لفظ)

القَرَع: مص۔ سفید پھنسی جو اُونٹ کے بچوں کو ہوتی ہے۔ گنجا پن۔ سبقت۔ اُونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔ وہ جگہیں جن میں صرف گھاس ہو اور دوسری نباتات نہ ہو۔ کھجلی۔

اَلقَرْعُونَةُ: مٹی کا پرانا برتن۔

القَرَعَة: ڈھال۔ سر میں گنج کی جگہ۔ پھیلی ہوئی تلی کا توشہ دان۔ اُونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔

القُرْعَة: حصہ۔ توشہ دان۔ اِلقَاءُ القُرْعَةِ: قرعہ اندازی (...... والقَرِيْعَةُ) عمدہ مال۔

القَرِيْعَةُ: گھر میں سب سے عمدہ جگہ۔

اَلقَرِع: نہ سونے والا۔ مشورہ قبول کرنے والا۔ تباہ شدہ ناخن۔ اَرْضٌ قَرِعَةٌ: بنجر زمین۔

القَارِعَة. قارع کا مؤنث۔ قیامت۔ قَارِعَةُ الطَّرِيْق: راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ مصیبت۔ ہلاک کرنے والی مصیبت۔ ج قَوَارِع.

قَوَارِعُ القُرْآن: وہ آیتیں جن کے پڑھنے سے شیاطین وجنات سے انسان محفوظ رہے کہا جاتا ہے "قَرَعَتْهُمْ قَوَارِعُ الدَّهْر" ان پر زمانہ کی سخت مصیبتیں نازل ہوئی و "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ قَوَارِعِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی زبان کی تیزی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

القَرَّاع: اسم مبالغہ۔ ڈھال۔ بہت سخت۔ مؤنث قَرَّاعَة.

القَرِيْع: قرعہ اندازی کرنے والا۔ قرعہ اندازی میں غالب۔ قرعہ انداز مغلوب۔ سردار جوان اونٹ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِيْعُ دَهْرِهٖ" فلاں انتخاب زمانہ ہے "هُوَ قَرِيْعُ الكَتِيْبَةِ" وہ فوج کا سردار و کمانڈر ہے۔ "فَصِيْلٌ قَرِيْع" پھنسی والا اونٹ کا بچہ۔ ج قَرْعٰی.

القَرُوْع: کم پانی والا کنواں۔ بکری جس پر قرعہ اندازی کریں۔

القَرِيْع: مبالغہ۔ سردار۔

الاَقْرَع: گنجا۔ جَبَلٌ اَقْرَع: بے نباتات کا پہاڑ۔ عُوْدٌ اَقْرَع: چھال اُتری ہوئی لکڑی۔ تُرْسٌ اَقْرَع: سخت ڈھال۔ قِدْحٌ اَقْرَع: کنکری سے مانجھا ہوا تیر کہ جس میں نقوش وغیرہ ظاہر ہو جائیں۔ الاَقْرَع: عمدہ لوہے کی تلوار۔ مِنَ الحَيَّات: زہریلا سانپ کہ زہر کی وجہ سے اس کے سر کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث قَرْعَاء ج قُرْع وقُرْعَان.

القَرْعَاء. اَقْرَع: کا مؤنث۔ مصیبت۔ گھر کا صحن۔ راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ اَرْضٌ قَرْعَاء: چری ہوئی زمین۔

القَرِيْعَا: زمین جس کے کناروں پر پیداوار ہو اور درمیان میں خالی ہو۔

المِقْرَع: گھی یا کھجور کھانے کا برتن۔

المِقْرَعَة: کوڑا۔ ہر وہ چیز جس سے کھٹکھٹایا جائے۔ ج مَقَارِع.

المُقْرَع مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کو لگام کھینچ کر روکا جائے اور وہ اپنے سر کو بلند کرے۔

المِقْرَاع: پتھر توڑنے کی کدال۔

المَقْرُوْع: مطیع۔ سردار۔

القَرَاغُوْل: راستہ کا محافظ۔ تاتاری لفظ ہے اور اس کے لئے عربی لفظ خَفِيْر ہے۔

اِقْرَعَبَّ: سردی وغیرہ سے سمٹنا۔

قَرَفَ (ض) قَرْفًا لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا...... عَلَی القَوْمِ: ظلم کرنا۔ بغاوت کرنا۔ حد سے گزرنا...... الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ جھوٹ سچ [illegible] فُلَانًا بِكَذَا: عیب لگانا۔ تہمت رکھنا...... القَرْحَةَ: زخم کو چھیلنا۔

قَرِفَ (س) قَرَفًا فُلَانٌ المَرَضَ: مرض کے قریب ہونا۔

قَارَفَهٗ مُقَارَفَةً وقِرَافًا: قریب ہونا۔ جماع کرنا۔ قَارَفَ الذَّنْبَ: گناہ میں ملوث ہونا۔

اَقْرَفَ لَهٗ: قریب ہونا۔ اختلاط کرنا۔

اَقْرَفَهٗ: برائی سے یاد کرنا۔ اَقْرَفَ بِهٖ: تہمت لگوانا...... الجَرَبُ الصِّحَاحَ: بیماری کا چھوت لگنا۔

تَقَرَّفَ. الجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

اِقْتَرَفَ: کمائی کرنا...... الذَّنْبَ: گناہ کر لینا...... المَالَ: جمع کرنا اور کہا جاتا ہے "قَرَفْتُهٗ بِالاَمْرِ فَاقْتَرَفَ بِهٖ" میں نے اسے عیب لگایا اور اسے عیب لگ گیا۔

القَرْف: ایک قسم کے چمڑے کا برتن جس کو انار کے چھلکوں سے دباغت دیتے ہیں۔ گہرا سرخ۔ ج قِرَاف وقُرُوْف.

القِرْف: درخت کی چھال۔ ہر چھال کو قرف کہتے ہیں اور اسی سے ہے "قِرْفُ الرَّغِيْفِ" روٹی کا چھلکا جو تنور میں رہ جائے۔ زخم سے اُکھیڑی ہوئی چیز۔ ناک پر خشک رینٹ ج قُرُوْف: واحد قِرْفَة. القِرْف: لائق، مناسب کہا جاتا ہے "هُوَ قِرْفٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔

القَرَف: مرض کا دوبارہ ہونا۔ میل جول۔ تہمت۔ بیماری کی چھوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَرَفٌ او قَرِفٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ القَرِف: گہرا سرخ والا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَحْمَرَ قَرِفًا" میں تم کو بہت سرخ دیکھ رہا ہوں۔

القِرْفَة: کمائی۔ چھال۔ انار کے چھلکے۔ عمدہ چینی کی ایک قسم جس کو تج کہتے ہیں۔ تہمت۔ جس کے اوپر تہمت لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قِرْفَتِيْ" فلاں وہ شخص ہے جس پر میں نے تہمت لگائی ہے و "بَنُوْ فُلَانٍ قِرْفَتِيْ" بنو فلاں وہ لوگ ہیں جن [illegible]

تھوڑا دیا...... بِقُرطُولا: جلدی کھانا۔

تَقَرَّطَتِ المَرْأَۃُ: عورت کا بالی پہنانا۔

القُرَّط: گندنا کی ایک قسم۔

القُرْط: بالی۔ ایئر رنگ۔ کان کا زیور۔ ج أَقْرَاط وقِرَاط وقُرُوط وقِرَطَۃ۔ **القُرْط**: آگ کا شعلہ۔ قمن۔ ایک گھاس ہے جو اسپست کے مشابہ ہے ثریا (ستارہ کچھیہ) **والقُرْطُ مِنَ المَوز او البَلَح عِنْدَ العَامَّۃِ**: کیلے وغیرہ کی پھلیوں کا گچھا۔

القَرَطَۃ والقِرَطَۃ: مینڈھے کے کان کا کٹ کر لٹکا ہوا حصہ۔

القِيرَاط: چراغ۔ چراغ کا شعلہ (...... والقَرَاطَۃ) حق کا گل۔

القِرَاط والقِيرَاط: نصف دانق اور بقول بعض دینار کا ۳/۲ اور بقول بعض دینار کے دسویں حصہ کا آدھا۔ کسی چیز کا چوبیسواں حصہ...... فِي المَسَاحَۃِ: انگلی کی چوڑائی کے برابر۔ (دخیل) **القِيرَاط عِنْدَ اليُونَان**: دانہ خرنوب۔ نصف دانق ج قَرَارِيط۔

القَرَاطِيط: دانہ تمرہندی۔

القَيْرُوطِي: ایک مرہم جس کا ضماد کیا جاتا ہے (دخیل)

قَرْطَبَہٗ قَرْطَبَۃً: گدی کے بل پچھاڑنا۔

قَرْطَبَ الجَزُوْرَ: ہڈیوں کا کاٹنا...... **الرَّجُلُ**: غضبناک ہونا۔ تیز دوڑنا۔ بھاگنا۔

تَقَرْطَبَ: گدی کے بل گرنا۔

القُرْطُب: بہت کاٹنے والا۔

القُرْطُبِي: تلوار۔

قَرْطَسَ: نشانہ لگانا۔

تَقَرْطَسَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔

القِرْطَس والقَرْطَس والقِرْطَاس والقُرْطَاس والقَرْطَاس: کاغذ۔

القِرْطَاس: نشانہ۔ ایک قسم کی مصری چادر۔ تحریر جو کچھ بھی ہو۔ سفید کشیدہ قامت لڑکی۔ جوان اونٹنی۔ ج قَرَاطِيس۔

القِرْطِيط والقِرْطِيطَۃ: تھوڑی چیز۔

القِرْطِيطَۃ: بلادتی۔

القِرْطِح: جوں جو اونٹ کے بدن میں پیدا ہو جاتی ہے۔

القَرْطَفُ والقَرْطَفَۃ: مخمل چادر۔

قَرْطَقَہٗ قَرْطَقَۃً: کرتا پہنانا۔

تَقَرْطَقَ: کرتا پہننا۔

القُرْطَق: کرتا۔

قَرْطَلَہٗ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔

القَرْطَل: ٹوکری۔ کنڈیا ج قَرَاطِل۔

القِرْطَلَۃ: گدھے کا ایک جانب کا بوجھ۔

القَرْطَالَۃ: پالان کے نیچے کا خوگیر۔ ج قِرْطَال۔

قَرْطَمَ قَرْطَمَۃً. الشَّيْءَ: کاٹنا...... **الطَّائِرُ**: قرطم کے دانے ڈالنا۔

القِرْطِم والقُرْطُم والقِرْطِمُ والقُرْطُمُ: عصفر کا دانہ۔

القُرْطُمَان: ایک قسم کا غلہ جو ماش کے مشابہ ہوتا ہے۔

خِفَافٌ مُقَرْطَمَۃٌ: کناروں پر مضبوط سلا ہوا چمڑی موزہ جو پتھر کو توڑ دے۔

قَرَظَ (ض) قَرْظًا. القَرَظَ: درخت سلم (جو کیکر کے درخت کی مانند ہوتا ہے) کے پتے چننا۔

...... **الأَدِيمَ**: درخت سلم کے پتوں سے دباغت دینا۔

قَرِظَ (س) قَرْظًا: ذلت کے بعد سردار ہونا۔

قَرَّظَہٗ تَقْرِيظًا: زندہ کی جھوٹی یا سچی مدح کرنا۔

القَرَظ: درخت سلم کے پتے۔ واحد قَرَظَۃ۔

القَرَّاظ: درخت سلم کی پتیوں کا بیچنے والا۔

قَرَعَ (ف) قَرْعًا. البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ قَرَعَ بَابًا ولَجَّ وَلَجَ" جو شخص دروازہ کھٹکھٹائے اور اصرار کرے وہ داخل ہوتا ہے ...... **الرَّجُلَ**: مارنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَ رَأْسَہٗ بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری۔ و "قَرَعَ صَفَاتَہٗ" اس نے اس کی تنقیص کی اور عیب بیان کیا "قَرَعَ سِنَّہٗ لِلأَمْرِ" وہ کام کے لئے فارغ ہوا...... **الشَّيْءَ**: پسند کرنا...... **السَّہْمُ القَلَبَۃَ**: تیر کا نشانہ پر لگنا...... **ہٗ الأَمْرُ**: اچانک پیش آنا...... **سِنَّہٗ**: ندامت سے دانت پیسنا۔

قَرَعَ (ن) قَرْعًا فُلَانًا: قرعہ میں غالب آنا۔ **قُرِعَ عَلَيْہِ**: تیر اندازی میں مغلوب ہونا۔

قَرِعَ (س) قَرَعًا وقُرْعًا المَكَانُ: خالی ہونا...... **مَاءُ البِئْرِ**: پانی کا ختم ہونا...... **الرَّجُلُ**: تیر اندازی میں مغلوب ہونا۔ مشورہ قبول کرنا (...... قَرَعًا) **الرَّجُلُ**: گنجا ہونا۔

قَرَّعَ فُلَانًا: جھڑکی دینا...... **القَوْمَ**: رنجیدہ کرنا...... **الفَصِيلَ**: اونٹ کے بچے کی پھنسی کا علاج کرنا...... **الشَّعْرَ**: بال کاٹنا۔

قَارَعَہٗ مُقَارَعَۃً وقِرَاعًا: باہم قرعہ اندازی کرنا۔ **قَارَعَہٗ فَقَرَعَہٗ**: اس نے اس سے قرعہ اندازی کی اور غالب آیا۔

قَارَعَ وتَقَارَعَ القَوْمُ: قرعہ ڈالنا، بعض کا بعض کو تلوار مارنا...... **بِالرِّمَاحِ**: آپس میں نیزہ بازی کرنا۔

أَقْرَعَ: باز رہنا۔ مشورہ قبول نہ کرنا...... **عَنْہُ**: رکنا...... **المُسَافِرُ**: منزل سے قریب ہونا...... **الغَائِصُ والمَائِحُ**: غوطہ خور کا زمین کی تہ تک پہنچنا...... **الشَّرُّ**: ہمیشہ رہنا...... **نَعْلَہٗ**: جوتے میں موٹا پیوند لگانا...... **الحَمِيرُ**: گدھوں کا ایک دوسرے کو دولتی مارنا...... **الشَّيْءَ**: طاقت رکھنا...... **دَارَہٗ آجُرًّا**: اینٹوں کا فرش لگانا۔

...... **فُلَانًا**: روکنا...... **إِلَى الحَقِّ**: لوٹنا...... **الرَّجُلَ**: عمدہ مال دینا...... **الدَّابَّۃَ بِلِجَامِہَا**: جانور کو لگام سے کھینچ کر روکنا...... **بَيْنَ القَوْمِ**: قرعہ ڈالنا۔

تَقَرَّعَ وانْقَرَعَ: الٹنا پلٹنا۔ **انْقَرَعَ عَنِ الأَمْرِ**: رکنا...... **عَنِ الحَقِّ**: باز رہنا۔ **تَقَرَّعَ الجِلْدُ**: گنجے پن کی وجہ سے کھال کا چھل

الشَّمْسِ" آفتاب کی ٹکیہ غائب ہوگئی۔ ج اَقْرَاص وقِرَصَة وقِرَاص.

القُرْصَة: روٹی کی ٹکیہ۔ ج قُرَص.

القُرَيْص: کشتی کا لنگر۔

القُرَّاص: ایک رُوئیں دار گھاس جس کے چھونے سے جلن ہوتی ہے۔ واحد قُرَّاصَة.

القُرَّاص: بابونہ اور کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قُرَّاصٌ" یعنی بہت سرخ۔

لِجَامٌ قُرَّاص وقَرُوْص: وہ لگام جو جانور کو تکلیف دے۔

القَارِص: فا۔ مچھر کی مانند ایک جانور۔

القَارِصَة. قَارِص کا مؤنث۔ كَلِمَةٌ قَارِصَةٌ: تکلیف دہ کلمہ۔ ج قَوَارِص.

القُرُوْصَة: چڑچڑاہٹ۔

المِقْرَاص: ٹیڑھے سر کی چھری۔

المُقَرَّص: مفع ......مِنَ الحُلِيِّ وغَيْرِهَا: ٹکیہ کے مانند گول زیور۔

اَلْقُرَّاصُ: ایک کانٹے دار سبزی جو کہ کھائی جاتی ہے۔

القُرْصَان: بحری ڈاکو (دخیل)

القَرَاصِيَا: بمعنی قراسیا.

قَرْصَبَهٗ قَرْصَبَةً: کاٹنا۔

اَلْقُرَاصِيَا: گلاب کی اقسام سے ایک پودا جس کے پھل سیاہ ہوتے ہیں۔

قَرْصَعَ قَرْصَعَةً: سکڑنا۔ پوشیدہ ہونا۔ بخل کی وجہ سے تنہا کھانا۔ باریک لکھنا۔ اور سطروں کو قریب کرنا......فِیْ بَيْتِهٖ: بیٹھنا اور سمٹنا......زَيْدًا فِیْ ثِيَابِهٖ: لپیٹنا۔

تَقَرْصَعَتِ المَرْأَةُ: بُری چال چلنا۔

اِقْرَنْصَعَ الرَّجُلُ: کپڑوں میں لپٹنا۔ سکڑنا اور چھپنا۔

القِرْصَعْنَة: ایک خاردار درخت جس کو شوكة ابراهيم: بھی کہتے ہیں اور اس کی چند قسمیں ہیں۔ ایک قسم سفید ہے جس میں پتے زیادہ اور کانٹے تیز ہوتے ہیں۔

القِرْصَعْنَة: ایک قسم کی ترکاری جس میں سرکہ اور زیتون کا تیل ملا کر کھاتے ہیں۔

قَرْصَمَهٗ: کاٹنا۔ توڑنا۔

قَرَضَهٗ (ض) قَرْضًا: بدلہ دینا۔ قرض دینا۔ قَرَضَ الشِّعْرَ: شعر کہنا......الوَادِيَ: وادی کو طے کرنا...... ہٗ: مقابلہ کرنا...... قَرَضَ فِیْ سَيْرِهٖ: چلنے میں دائیں بائیں ہونا۔ ......المَكَانَ: علیحدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهٗ" یعنی مر گیا (...... وقَرَّضَ) الشَّیْءَ: کاٹنا قَرَضَ الفَارُ الثَّوْبَ: چوہے کا کپڑے کو کترنا۔

قَرَّضَ فُلَانًا: مدح کرنا۔ مذمت کرنا۔

قَرِضَ (س) قَرَضًا: مرنا۔

قَارَضَهٗ قِرَاضًا ومُقَارَضَةً: بدلہ دینا۔ بُرائی کا بُرائی سے مقابلہ کرنا......ہٗ فِی المَالِ: مضاربت کرنا۔

اَقْرَضَهٗ: قرض دینا۔ اَقْرَضَ مِنْهُ: قرض لینا۔

تَقَارَضَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کو بُرائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔ تَقَارَضَا الشِّعْرَ: اپنے اپنے اشعار کا پڑھنا۔ تَقَارَضَا الثَّنَاءَ: ہر ایک کا دوسرے کی تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَارَضَ القِرْنَانِ النَّظَرَ" یعنی ہر ایک نے دوسرے کو کڑی نگاہ سے دیکھا۔

اِنْقَرَضَ: ختم ہونا۔ کٹنا......القَوْمُ: سب کا ہلاک ہو جانا اور کسی کا باقی نہ رہنا۔

اِقْتَرَضَ مِنْهُ: قرض لینا......عِرْضَهٗ: غیبت کرنا۔

اِسْتَقْرَضَ مِنْهُ: قرض مانگنا۔

القَرْض والقِرْض: اچھا یا بُرا عمل جو پیش کیا جائے جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ وقت معینہ پر تم کو واپس کر دے۔ ج قُرُوْض.

القُرَاضَة: کاٹنے میں جو گرے جیسے سونے کے ذرات۔ کپڑے کی دھجی وغیرہ۔

قُرَاضَةُ المَالِ: ردی مال۔

التَّقْرِيْض: شاعری۔

القَرِيْض: کاٹا ہوا۔ شعر جگال۔

القَرَّاضَة: لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ کیڑا جو اُون کو چاٹ جاتا ہے۔

اِبْنُ مِقْرَضٍ: نیولے کے مانند ایک جانور جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔

المِقْرَاض: قینچی۔ ایک پھل ہو جب تو "قَرَضْتُهٗ بِالمِقْرَاضِ" بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل ہوں تو "قَرَضْتُهٗ بِالمِقْرَاضِ" نہیں کہتے بلکہ قَرَضْتُهٗ بِالمِقْرَاضَيْنِ: کہتے ہیں۔ ج مَقَارِيْض.

المَقَارِض: تھوڑی کھیتی۔ بڑے مٹکے۔ شراب کے برتن۔

قَرْضَبَ الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا......الرَّجُلُ: خشک چیز کھانا......اللَّحْمَ فِی البُرْمَةِ: گوشت کو ہانڈی میں جمع کرنا...... فُلَانٌ: دوڑنا......اللَّحْمَ: کل کھا جانا۔ کہا جاتا ہے "قَرْضَبَ الذِّئْبُ الشَّاةَ" بھیڑیا سالم بکری کھا گیا۔

القِرْضِبُ: بھوسی جو چھلنی میں بچ رہے اور پھینک دی جائے۔

القِرْضَاب والقُرْضُوْب: تلوار قاطع۔ چور۔ خشک چیز کو کھانے والا۔ فقیر۔ ج قَرَاضِبَة.

القُرَاضِب: جو کچھ ملے اس کو کھا جانے والا۔ ج قَرَاضِب.

قَرْضَمَ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ لے کر چل دینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَرْضِمُ كُلَّ شَیْءٍ" وہ ہر چیز لے کے چل دیتا ہے۔

قَرَطَ (ن) قَرْطًا. الكُرَّاثَ ونَحْوَهٗ: باریک باریک کاٹنا۔

قَرِطَ (س) قَرَطًا. التَّيْسُ: لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔ صفت اَقْرَط.

قَرَّطَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا......الجَارِيَةَ: لڑکی کو بالی پہنانا......الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام لگانا......السِّرَاجَ: چراغ سے گل گرانا......عَلٰی [illegible]

اور درست کرنے والا۔

اِقْرَنْدَحَ لَهٗ : جھگڑے کو آمادہ ہونا۔

الْقُرْدُحُ والْقُرْدُوحُ : لنگور۔ بڑا بندر۔

الْقُرْدُحَةُ والْقُرْدُوحَةُ : نوجوان کے گلے کا گھٹوا۔

الْمُقْرَنْدِحُ : فا۔ آمادۂ شرارت۔

الْقَرْدَدُ : سخت اور بلند زمین ج قرادد: کہا جاتا ہے "جَلَا الْحَدِيثَ عَلٰى قَرْدَدِهٖ" اس نے بات کو اپنے موقع پر کہا۔

الْقَرْدُوْدُ : سخت اور بلند زمین۔ ج قَرَادِيد

الْقُرْدُوْدُ: انسان کی پیٹھ کا وسط۔

الْقَرْدُوْدَةُ : سخت اور بلند زمین۔

قُرْدُوْدَةُ الشِّتَاءِ : جاڑے کی شدت۔

قُرْدُوْدَةُ الظَّهْرِ : پیٹھ کا اعلیٰ حصہ۔

الْقِرْدِيْدَةُ : کلام کی سختی۔ پیٹھ کے درمیان کا خط۔ مرد کا سر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج قَرَادِيد.

قَرْدَسَهٗ قَرْدَسَةً : مضبوط باندھنا۔ قَرْدَسَ جِرْوَ الْكَلْبِ : کتے کے پلے کو بلانا۔

الْقَرْدَسَةُ : مص۔ سختی۔ شدت۔

الْقَرْدَعَةُ : خواری۔ ذلت۔

الْقِرْدِعَةُ : گردن۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِقِرْدِعَتِهٖ" اس نے اس کی گردن پکڑلی۔

الْقُرْدُوْعُ : چھوٹی جوں۔

الْقُرْدُوْعَةُ : پہاڑ کی دراڑ کا گوشہ۔

الْقَرْذَعُ : نادان عورت۔

قَرَزَهٗ (ن) قَرْزًا : کھرچنا۔ قَرَزَ التُّرَابَ وَنَحْوَهٗ : انگلیوں سے لینا۔

الْقَرَزُ : مص۔ ٹیلہ۔ سخت زمین۔

الْقُرْزُ : تیل کی شیشی۔

الْقُرْزَةُ : ہر چیز کی ایک مٹھی۔

الْقَرِيْشَةُ: دودھ سے بنایا گیا پنیر۔

الْقُرْزُحَةُ : پست قد عورت۔

قَرْزَلَتِ الْمَرْأَةُ قَرْزَلَةً : بالوں کا جوڑا بنانا۔

الْقُرْزُلُ : نالائق۔ کمینہ۔

قَرْزَمَ الشَّاعِرُ وَشِعْرَهٗ : ردی شعر کہنا۔

الْقُرْزُمُ : گھٹیا شاعر۔

الْمُقَرْزَمُ : حقیر۔ لئیم۔ فرومایہ۔ رَجُلٌ مُقَرْزَمٌ : گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد مرد۔

الْمُقَرْزِمُ : موچی یا موزہ بنانے والوں کا فرمہ۔

قَرِسَ (س) قَرَسًا. الْمَاءُ : پانی کا منجمد و سرد ہونا...... الْبَرْدُ : تیز جاڑا ہونا......

الْمَقْرُوْرُ : سخت سردی کی وجہ سے کام نہ کر سکنا۔

قَرَسَ (ن) قَرْسًا. الْبَرْدُ: تیز جاڑا ہونا۔ الرَّجُلُ : ٹھٹھرنا۔

اَقْرَسَ. الْعُوْدُ : لکڑی کی تری کا اس کے اندر جم جانا۔ اَقْرَسَ الْبَرْدُ اَصَابِعَهٗ : سردی کا انگلیوں کو سن کر دینا۔

اَقْرَسَ وَقَرَّسَ. الْبَرْدُ فُلَانًا : ٹھٹھرا دینا۔

اَقْرَسَ وَقَرَّسَ الْمَاءَ : جما دینا۔

الْقَرْسُ وَالْقَرَسُ وَالْقَرِيْسُ : سخت سردی۔

الْقَرِسُ وَالْقَرِيْسُ : جما ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ الْمَاءُ قَرِيْسًا" پانی جم گیا۔

الْقِرْسُ : چھوٹے مچھر۔

الْقَارِسُ : فا۔ سخت سردی۔ شَيْءٌ قَارِسٌ وَقَرِيْسٌ: پرانی چیز۔

الْقُرَاسُ وَالْقُرَاسِيَةُ: مِنَ الْاِبِلِ وَغَيْرِهَا : موٹا مضبوط۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُلْكٌ قُرَاسِيَةٌ وَعِزٌّ قُرَاسِيَةٌ" ان کے لئے مضبوط مملکت اور پائیدار عزت ہے۔

الْقَرَاسِيَا : ایک درخت ہے جس کا پھل کالے انگور کی مانند ہوتا ہے۔ صاد سے بھی لکھا جاتا ہے۔ دخیل۔

قَرَشَهٗ (ن ض) قَرْشًا: کاٹنا۔ قَرَشَ الْجَيْشَ بِالرِّمَاحِ : نیزہ مارنا...... الشَّيْءَ : ادھر ادھر سے اکٹھا کرنا اور ملانا...... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا پانا(...... وَقَرَّشَ وَتَقَرَّشَ) لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا۔ وَقَرَشَ بَيْنَهُمْ برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ چغل خوری کرنا۔

قَرَّشَهٗ : قریش کی طرف منسوب کرنا۔

اَقْرَشَ بِهٖ : چغلی کھانا۔ عیوب ظاہر کرنا۔

اَقْرَشَتِ الشَّجَّةُ : بغیر چورہ ہونے کے ہڈی ٹوٹنا۔

تَقَرَّشَ. الْمَالَ : جمع کرنا...... عَنِ السَّيِّئَاتِ : برائیوں سے پرہیز کرنا۔ بچنا...... الشَّيْءَ: اوّل اوّل لینا...... الشَّيْءُ: چھٹنا۔ تَقَرَّشَ الْقَوْمُ: قوم کا جمع ہونا۔ تَقَرَّشَتْ وَتَقَارَشَتِ الرِّمَاحُ : لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا۔ تَقَارَشَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو نیزہ مارنا اور اس سے جھنکار پیدا ہونا۔

اِقْتَرَشَ. لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا۔ اِقْتَرَشَتِ الرِّمَاحُ: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا۔ ...بِهٖ : چغلی کھانا۔ نقصان پہنچانے کے لئے کوشش کرنا۔

الْقَرْشُ : جو ادھر ادھر سے جمع کیا جائے۔ ج قُرُوْش...... قَرْشُ الشَّيْءِ: چیز کی آواز۔

الْقِرْشُ : پیاسٹر۔ ایک ترکی سکہ مساوی ۰۲/ (دخیل)

الْقِرْشُ وَالْقُرَيْشُ : ایک قسم کی مچھلی جس کو كَلْبُ الْبَحْرِ بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے۔

قُرَيْشٌ : عرب کا مشہور قبیلہ اور نسبت کے لئے قُرَشِيٌّ وقُرَيْشِيٌّ.

رِمَاحٌ قَوَارِشُ : لڑائی میں گتھے ہوئے نیزے۔ جُبْنٌ قَرِيْشٌ: سخت خشک پنیر۔

الْمُقَرِّشَةُ مِنَ السِّنِيْنَ : سخت قحط کا سال۔

قَرَصَ (ن) قَرْصًا لَحْمَهٗ : چٹکی لینا...... ہ بِلِسَانِهٖ : تکلیف دہ کلمات کہنا...... الثَّوْبَ بِالْمَاءِ : انگلیوں کے پوروں سے دھونا...... الْبُرْغُوْثُ : پسو کا کاٹنا...... قَرَصَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ قَرَّصَ وَقَرَصَ الشَّيْءَ : کاٹنا...... الْعَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے بنانا۔

قَارَصَةً وَمُقَارَصَةً : ایک دوسرے کو چٹکی لینا۔

قَرِصَ (س) قَرَصًا: ہمیشہ غیبت کرنا اور تکلیف دہ کلمات بولنا۔

الْقُرْصُ : روٹی کی ٹکیا۔ قُرْصُ الشَّمْسِ : آفتاب کا گردہ۔ کہا جاتا ہے "غَابَ قُرْصُ

اَقْرَحَ الفَرَسُ : گھوڑے کا پنج سالہ ہونا۔

اَقْرَحہ اللّٰہُ : آبلے ڈالنا۔ پھوڑے نکالنا۔

تَقَرَّحَ لِلْاَمْرِ : تیاری کرنا...... الجَسَدُ : پھوڑے والا ہونا۔

اِقْتَرَحَ الخُطْبَۃَ : فی البدیہ خطبہ دینا ...... الاَمْرَ : بغیر کسی نمونہ کے ایجاد کرنا ...... الشَئَ : بغیر سننے کے اپنی طرف سے استنباط کرنا۔ چننا۔ اختیار کرنا...... البَعِیْرَ : جس اُونٹ پر کوئی سوار نہ ہوا ہو سوار ہونا ...... عَلَیْہِ کَذَا و بِکَذَا : سختی سے اور بغیر سمجھے بوجھے سوال کرنا...... عَلَیْہِ کَذَا : بنوانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَرَحَ عَلَیْہِ صَوْتَ کَذَا" اس سے اس نے فلاں آواز کی خواہش کی...... البِئْرَ : جہاں پانی نہ ہو کنواں کھودنا۔

القَرْح : مص۔ زخم۔ پھوڑا۔ سخت کھجلی جو اُونٹ کے بچوں کو ہلاک کر دے۔ ج قُرُوْح.

القُرْح : ہر چیز کا اوّل۔ نئے کنوئیں کا پہلا پانی۔ مہینے کی ابتداء کی تین راتیں۔

القَرَح : مص۔ اُونٹ کو خارش اور انسان کو چیچک نہ ہونے کی حالت۔

القَرْحَۃ والقُرْحَۃ : پرانا پھوڑا جس میں پیپ جمع ہو۔ قُرْحَۃُ الشِّتَاءِ او الرَّبِیْعِ : جاڑے یا بہار کی ابتداء۔ القُرْحَۃ فِی وَجْہِ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی۔ کہا جاتا ہے "قُرْحَۃ اَصْحَابِہٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں ممتاز ہے۔

القَرِح : پھوڑوں والا۔

القَرَاح : خالص پانی۔ بے پانی اور درخت کی زمین۔ ج اَقْرِحَۃ.

القَرْحَان : شیر۔

القُرْحَان۔ مِنَ الاِبِلِ : اُونٹ جس کو کبھی خارش نہ ہوئی ہو...... مِنَ النَّاسِ : وہ شخص جس کو چیچک نہ ہوئی ہو۔

القُرْحَان والقُرَاحِی : جو جنگ میں کبھی شریک نہ ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ قُرْحَان وقُرَاحِیّ مِنَ الاَمْرِ" تم معاملہ سے علیحدہ ہو۔ صفت مؤنث قُرَاحِیَۃ القُرَاحِی : جو ہمیشہ بستی میں رہے اور جنگل کی طرف نہ جائے۔

القُرَاحِیَّان : دونوں کوکھ۔

القَارِح : فا۔ مِنْ ذِی الحَافِرِ : جس کے پورے دانت نکل آئے ہوں۔ ج قَوَارِح قُرَّح ومُقَارِیْح : مؤنث۔ قَارِح وقَارِحَۃ ج قَارِحَات وقَوَارِح.

القَارِح : شیر۔ کمان جو تانت سے دُور ہو۔

قَارِحُ الفَرَسِ : وہ دانت جس کے نکلنے کے بعد اس کو قارح کہا جائے۔

القَرِیْح : زخمی۔ ج قَرْحٰی وقَرَاحٰی : خالص پانی وغیرہ۔ پہلا بادل جو ظاہر ہو۔

قَرِیْحُ السَّحَابَۃِ : بارش بوقت نزول۔

القَرِیْحَۃ : ہر چیز کا اوّل۔ کنوئیں کا پہلا پانی ...... مِنَ الاِنْسَانِ : طبیعت۔ قَرِیْحَۃُ الشَّاعِرِ او الکَاتِبِ : ملکۂ راسخہ۔ ج قرائح.

الاَقْرَح : اسم تفضیل۔ صح۔ فَرَسٌ اَقْرَح : وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں درہم کے برابر یا اس سے کم سفیدی ہو مؤنث۔ قَرْحَاء ج قُرُوْح. رَوْضَۃٌ قَرْحَاء : سبزہ زار۔ سفید پھولوں والا باغ۔

المَقْرُوْح : مفع ...... مِنَ الطُّرُق : واضح راستہ۔ (...... والمُقَرَّح) پھوڑوں والا کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ مُقَارَحَۃً" یعنی میں اس سے رو در رو ملا۔

القِرْحِیَاء : زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔

القِرْوَاح : لمبے پاؤں کی اونٹنی۔ ج قَرَاوِیْح

القِرْوَاح : زمین مقابل آفتاب۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔

قَرِدَ (س) قَرَدًا. الاَدِیْمُ : ادھوڑی کا کرم خوردہ ہونا...... الکُحْلُ فِی العَیْنِ : سرمہ کا پراگندہ ہونا ...... اَسْنَانُہٗ : چھوٹا ہونا اور مسوڑھے سے ملنا...... العِلْکُ : بدمزہ ہونا (...... وتَقَرَّدَ) الشَّعْرُ : بالوں کا گھنگریالے ہونا۔ ایک پر ایک جم کر نمدہ جیسا ہو جانا۔

قَرِدَ واَقْرَدَ وقَرَّدَ : درماندگی سے خاموش رہنا۔ زمین سے چٹنا۔ قَرَّدَہٗ : دھوکا دینا۔

قَرَّدَ البَعِیْرَ : اُونٹ سے چیچڑی نکالنا۔ قَرَّدَ واَقْرَدَ اِلَیْہِ : تابعدار ہونا۔ اَقْرَدَ المُتَحَرِّکُ : ساکن ہونا۔ اَقْرَدَ البَعِیْرُ : چیچڑی والا ہونا۔ ایسی نرم چال چلنا جس سے سوار کو حرکت نہ ہو۔

قَرَدَ (ض) قَرْدًا. المَالَ : جمع کرنا۔ کمائی کرنا...... فِی السِّقَاءِ : مشکیزہ میں دودھ یا گھی جمع کرنا۔

القَرْد : مص۔ پستہ قد۔ گردن۔

القُرَاد والقُرَاد : چیچڑی واحد قُرَادَۃ وقُرَادَۃ ج قِرْدَان. القُرَاد : پستان کا سرا۔ کہا جاتا ہے "نَزَعْتُ قُرَادَ فُلَانٍ" یعنی میں نے اس کو فریب دیا۔

القِرْد : بندر لنگور ج اَقْرَاد وقُرُوْد وقُرُوْدَۃ وقِرَدَۃ وقِرْدَۃ : مؤنث القِرْدَۃ. ج قِرَد.

القَرَد : مص۔ اُون یا کتان کا ردی حصہ۔ پتی اُتاری ہوئی کھجور کی شاخ۔ واحد قَرَدَۃ.

القَرَدُ : زبان کا ہلکا پن۔ بادل کے متفرق چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔

القَرَدُ واحد (قَرَدَۃٌ) کھجور کی شاخ جس کے پتے صاف کر دیئے گئے ہوں۔

القَرِد. مِنَ الاِبِلِ : بہت چیچڑی والا اونٹ۔ نمدہ گھنگھور گھٹا۔ رَجُلٌ قَرِدُ الفَمِ : ایسا شخص جس کے دانت پیدائشی چھوٹے ہوں۔

رَجُلٌ قُرُوْدٌ : ساکن مرد۔

القَرَّاد : بندر والا۔

اَلْقُرَیْدِسُ : مکڑی کے برابر اس جیسی مچھلی۔ (یونانی لفظ)

قَرْدَحَ قَرْدَحَۃً : اقرار کر لینا۔ [illegible] فرمانبردار ہونا اور باستعمال عوام [illegible] اور درست کرنا۔

القِرْدَاحِی والقِرْدَحْبِیّ : [illegible]

[illegible] کو قریب سمجھے ہیں

مُقْرِبَة: [illegible]

قَرَّبَهٗ: قریب کرنا......هُ الْأَمِيْرُ: خاص لوگوں میں سے بنالینا۔ قَرَّبَ قُرْبَانًا لِلّٰهِ: قربانی کرنا۔ قَرَّبَ لَعْنَا حَيَّاكَ اللّٰه وقَرَّبَ فَدَاكَ: کہنا......الفَرَسُ: دُلکی چلنا ......الرَّجُلُ: کوکھ کے درد والا ہونا۔

قَارَبَهٗ مُقَارَبَةً: قریب ہونا۔ خوش کلامی کرنا۔ قَارَبَ فِي الْأَمْرِ: غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔

تَقَرَّبَ تَقَرُّبًا وتِقِرَّابًا إِلَى اللّٰه بالقربان: قربت ڈھونڈنا......الرَّجُلُ: کوکھ پر ہاتھ رکھنا اور کہا جاتا ہے "تَقَرَّبْ يَا رَجُلُ" یعنی جلدی کر اور کہا گیا ہے کہ یہ امر ہی کے ساتھ خاص ہے۔

تَقَارَبَا: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَقَارَبَ الزَّرْعُ: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔ تَقَارُبًا: قریب ہونا۔

اِقْتَرَبَ الوَعْدُ: قریب ہونا......الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

اِسْتَقْرَبَ الشَّيْءَ: قریب سمجھنا۔

القُرْبُ والقُرَابُ: نزدیکی۔

القُرْبُ والقُرُبُ: کوکھ۔ ج أَقْرَاب.

القَرَبُ: کنواں جس کا پانی قریب ہو ج قِرَاب (...... والقِرَابَة) گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات میں چلنا۔

القُرْبَةُ والقُرُبَةُ: نیک اعمال۔ جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ ج قُـــرَب وقُرُبَات والقُرْبَةُ: جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔

القِرْبَةُ: مشک ج قِرَب وقِرْبَات وقِرِبَات وقِرَبَات: اور مثل ہے لَقِيْتُ مِنْهُ عرق القِرْبَة: یعنی مجھے اس سے بہت زیادہ تکلیف ہوئی۔

القِرَابُ: میان ج قُرُب وأَقْرِبَة.

قِرَابُ الشَّيْءِ وقُرَابُهٗ: اندازے میں برابر۔

القُرَابُ والقُرَابَةُ: قریب کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِشَبِيْهِكَ وَلَا بِقُرَابَةٍ مِنْكَ" نہ تو وہ تمہارے مشابہ ہے اور نہ تم سے قریب ہے۔

القُرْبَى والقُرْبَةُ والقَرَابَةُ: رشتہ داری اور کہا جاتا ہے "مَلْئُ الاِنَاءِ قُرْبَةٌ" جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔

القُرْبَانُ: ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔ چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ج قَرَابِيْن.

القَرْبَانُ مِنَ الْآنِيَةِ: برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔ مؤنث قَرْبَى ج قِرَاب القُرْبَان: بادشاہ کا خاص ہم نشین۔

القَارِبُ: ڈونگی۔ چھوٹی کشتی ج قَوَارِب.

القَارِبُ: رات کو پانی ڈھونڈنے والا۔

القَرِيْبُ: نزدیک۔ رشتہ دار ج أَقْرِبَاء وقُرَابَى مؤنث قَرِيْبَة ج قَرَائِب. القَرِيْبُ: اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو عجمیوں کے استعمال میں ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا قُرَابَى" وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع خلاف قیاس ہے۔

الأَقْرَبُ: اسم تفضیل۔

أَقْرِبَاءُ الرَّجُلِ وأَقَارِبُهٗ وأَقْرَبُوْهُ: قریبی رشتہ دار۔

القَرَنْبَى: لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔

التَّقْرِيْبُ: مص ایک قسم کی دوڑ۔

المُقْرَبُ: مع مِنَ الخَيْلِ: عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے تھان قریب بنایا جائے۔ مؤنث مقربة.

المَقْرَبُ والمَقْرَبَةُ: مختصر راستہ۔

المَقْرَبُ: رات میں چلنا۔

المُقْرِبُ: فا......مِنَ الحَوَامِلِ: جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ ج مَقَارِب و مَقَارِيْب.

المَقْرَبَةُ والمَقْرِبَةُ والمَقْرُبَةُ: رشتہ داری۔

المُقَارِبُ: فا۔ جید اور ردی کا درمیانہ۔ متوسط الحال۔

المُقَارَبُ: مع مِنَ الْمَتَاعِ: ستا سامان۔

المُتَقَارِبُ: فا۔ ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فعولن آٹھ مرتبہ ہے۔ پستہ قد مرد۔

القَرَبُوْت والقَرَبُوْس: زین کا آگے پیچھے بلند حصہ۔ ج قَرَابِيْس.

قَرَتَ (ن ض) قَرْتًا وقُرُوْتًا وقَرِتَ (س) قَرَتًا الدَّمُ: تہ بتہ خون خشک ہونا۔ زخم میں خون کا بگڑ جانا۔ مار کی وجہ سے بدمی پڑنا۔ قَرِتَ الظُّفُرُ: خون کا ناخن میں بگڑ جانا...... (الرَّجُلُ) غم یا غصہ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا۔

قَرَتَ (ن) قُرُوْتًا الرَّجُلُ: خاموش ہونا۔

القَارِتُ والمُقْتَرِتُ: جو چیز ملے اس کو کھانے والا۔ دَمٌ قَارِتٌ: کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون۔

القَارِتُ والقَرَّات: عمدہ مشک۔

القَرَتُ: مص۔ برف۔

قَرِتَ (س) قَرَتًا الرَّجُلُ: محنت کرنا اور کمانا۔

قَرَتَهٗ (ض) قَرْتًا الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ سخت ہونا۔

القِرِّيْتُ: مچھلی کی ایک قسم۔

القَرْتُ: چھوٹا کوزہ۔

قَرَحَهٗ (ف) قَرْحًا وقَرَّحَهٗ: زخمی کرنا۔

قَرَحَ وقَرَّحَ البِئْرَ: جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا۔ قَرَحَهٗ بِالْحَقِّ: حق سے پیش آنا۔ قَرَّحَ النَّبَاتُ: کونپل نکلنا......الأَرْضُ: سبزہ نکلنا شروع ہونا۔

قَرَحَ (ف) قُرُوْحًا وقِرَاحًا وقَرِحَ (س) قَرَحًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔

قَرَحَتْ (ف) قُرُوْحًا وقِرَاحًا. النَّاقَةُ: اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔ صفت قَارِح.

قَرِحَ (س) قَرَحًا: پھوڑوں والا ہونا کہا جاتا ہے "قَرِحَ قَلْبُهٗ مِنَ الْحُزْنِ" اس کا دل غم سے زخمی ہوگیا "قَرِحَتْ سِنُّ الصَّبِيِّ" لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے۔

قَارَحَهٗ مُقَارَحَةً: روبرو ہونا۔

القَرَار والقَرَارَة: ٹھہرنے کی جگہ۔ سکون و اطمینان حاصل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الاَمْرُ اِلٰی قَرَارِہٖ" یعنی انتہا کو پہنچ گیا۔ القَرَار: کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھہرے۔ اَھْلُ القَرَارِ: شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں۔ بخلاف اہلِ بدو کے کہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں دَارُ القَرَارِ: دارِ آخرۃ۔ القَرَارَة: پست قدکول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

القِرَّة. قَرٌّ: کا اسم نوع۔ ٹھنڈک۔ عرب کے امثال میں سے ہے "حِرَّةٌ عَلٰی قِرَّةٍ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

القُرَّة. او قُرَّةُ العَیْنِ: ایک قسم کی گھاس جو پانی کے بہنے کی جگہ میں ہوتی ہے اور یہ جرجیر کے علاوہ ہے اس لئے کہ جرجیر کڑوی اور یہ میٹھی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قُرَّةُ عَیْنِی" وہ میری آنکھوں کے لئے ٹھنڈک ہے۔ "اَبُوْ قُرَّة" گرگٹ کی کنیت۔ اسی لئے کہ سردی کا غلبہ اس پر بہت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے۔

القَرَّة والقِرَّة والقُرَّة: مینڈک۔

القُرَّة والقَرَرَة والقُرَرَة والقَرَارَة: ہانڈی کی تلی میں جو لوگ جائے۔ ہانڈی کی کھرچن۔

القُرّیٰ: سختی جو پرہیز کرنے کے باوجود واقع ہوئے۔

القَرَرَة والقِرَارَة والقَرَارَة والقُرَارَة والقُرُوْرَة: پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے۔

القَرُوْر: ٹھنڈا پانی۔

القَارُوْرَة: آنکھ کا ڈھیلا۔ تر یا خشک کھجوروں کا برتن۔ شراب کا برتن ج قَوَارِیْر۔

القُرَار والقَرَّة: ثبوت۔ سکون۔

القَارُّ: قا...... یَوْمٌ قَارٌّ: ٹھنڈا دن۔

القَارَّة: مؤنث۔ قَارٌّ. عَیْنٌ قَارَّةٌ آنکھ۔ کنایہ ہے مسرور ہونے سے۔

القَارَّة: براعظم جیسے براعظم ایشیا۔

الاِسْتِقْرَاءُ: منطقیوں کے نزدیک ایک حکم سب پر لگانا ایک کلی کے اکثر افراد پر ہونے کی وجہ سے جیسے حیوان کھاتے وقت اپنا نیچے والا جبڑا حرکت دیتا ہے۔ اس واسطے کہ انسان، مویشی اور درندے ایسے کرتے ہیں لہٰذا یہ حکم کلی (حیوان) کے سب افراد پر لگا دیا گیا۔

الاَقَرُّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "اَیُّ الاَیَّامِ اَقَرُّ" کون سا دن ٹھنڈا ہے۔

المَقَرُّ: ٹھہرنے کی جگہ ج مَقَارٌّ. مَقَرُّ البِئْرِ: کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔

المَقَرَّة: پانی کا حوض۔ گڑھا۔

المَقْرُوْر: ٹھنڈا۔ سردی زدہ۔

قَرَأَ (ف ن) قَرْءًا وقِرَاءَةً وقُرْآنًا واقْتَرَأَ الکِتَابَ: پڑھنا۔ قَرَأَ (ف ن) قِرَاءَةً. عَلَیْهِ السَّلَامَ: سلام پہنچانا اور یہ امر کی صورت میں "اِقْرَأْ عَلَیْهِ السَّلَامَ" کہا جاتا ہے اور اس کا تعدیہ بنفسہٖ غلط ہے اس لئے اِقْرَأْهُ السَّلَامَ: نہیں کہنا چاہئے (...... قَرْءًا وقُرْآنًا) الشَّیْءَ: جمع کرنا اکٹھا کرنا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا حاملہ ہونا...... الحَامِلُ: حاملہ کا جننا۔

قَارَأَهٗ قِرَاءً ومُقَارَأَةً: شریک درس ہونا۔

اَقْرَأَهٗ اِقْرَاءً. الرَّجُلَ: پڑھانا...... هٗ السَّلَامَ: سلام پہنچانا۔ اَقْرَأَ مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس ہونا...... الاَمْرُ: قریب ہونا...... عَنْهُ: پھرنا۔ ...... النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا...... الرَّجُلُ: عبادت کرنا...... الحَاجَةَ: ضرورت کو مؤخر کرنا۔ اَقْرَأَتِ الرِّیَاحُ: ہوا کا وقت پر چلنا...... زیادہ پیچھے ہٹنا...... الحَاجَةُ: حاجت کا مؤخر ہونا۔

تَقَرَّأَ: عبادت کرنا، فقیہ ہونا، عالم ہونا۔

[illegible]

کہنا...... الاُمُوْرَ: معرفت احوال کے لئے تتبع وتلاش کرنا۔

القِرَاءَة: مص۔ پڑھنے کی کیفیت ج قِرَاءَات.

القَرْءُ: وقت۔ قافیہ۔ ج اَقْرَاءٌ وقُرُوْءٌ واَقْرُءٌ. اَقْرَاءُ الشِّعْرِ: شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔

القِرْأَة: وبا۔

القُرْآن: کلام اللہ۔

اَغْلٰی وتَغَالٰی واغْلَوْلٰی. الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔

اِغْتَلٰی. الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔

اِسْتَغْلٰی. الشَّیْءَ: گراں پانا۔

الْغَالِي: فا۔ ج غُلَاةٌ مؤنث غَالِيَةٌ ج غَالِيَاتٌ وغَوَالٍ. الْغَالِي: موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُ بِالْغَالِيْ وبِالْغَلِيْ: یعنی میں نے گراں بیچا۔

الْغَلَاءُ: مص۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج اَغْلِيَةٌ.

الْغُلَوَاءُ والْغَلْوَاءُ: حد سے گزرنا(...... والْغُلْوَانُ) آغاز جوانی ونشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلَوَائِكَ" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر...... و "فَعَلَهُ فِيْ غُلَوَاءِ شَبَابِهِ" اس نے اُس کو اپنے آغازِ جوانی میں کیا۔

الْغَلْوَةُ: ایک تیر پرتاب ج غَلَوَات وغِلَاء.

الْمِغْلٰی والْمِغْلَاةُ: تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغَالٍ.

غَلٰی يَغْلِيْ غَلْيًا وغَلَيَانًا: جوش مارنا۔

غَلّٰی تَغْلِيَةً واَغْلٰی اِغْلَاءً. الْقِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ الرَّجُلَ: دور سے اشارہ کر کے سلام کرنا۔

تَغَلّٰی. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔

الْغَالِيَةُ: مرکب خوشبو۔ ج غَوَالٍ.

اَلْغَلْيُوْنُ: ٹونٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔

غَمَّهُ (ن) غَمًّا: ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔

غَمَّ الْيَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا...... الْقَمَرُ النُّجُوْمَ: ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا...... الشَّیْءُ الشَّیْءَ: غالب ہونا۔

غُمَّ. عَلَيْهِ الْاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

غَمَّ (س) غَمَمًا: لمبے بال والا ہونا۔ صفت (اَغَمُّ) مؤنث غَمَّاءُ ج غُمٌّ.

اَغَمَّهُ: غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الْيَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ اَغَمَّتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اَغَمَّكَ لِيْ وعَلَيَّ والَيَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔

غَامَّهُ مُغَامَّةً: ایک دوسرے کو غمگین کیا۔

تَغَامَّ: بتکلف غم ظاہر کرنا۔

اِنْغَمَّ: ڈھک جانا(...... واغْتَمَّ) غمگین ہونا۔

اِغْتَمَّ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اِغْتَمَّ الرَّجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔

الْغَامُّ: فا۔ يَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔

الْغَمُّ: غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُوْم يَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔

الْغُمَّةُ: غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَم کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔

لَيْلَةٌ (غَمٌّ وغَمَّةٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔

الْاَغَمُّ. مِنَ السَّحَابِ: گھرا ہوا بادل۔ لَيْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات۔

الْغُمّٰی: سختی، تاریکی۔ گرد آلودگی۔

الْغَمَام: بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غَمَامَة) کہتے ہیں ج غَمَائِم کہا جاتا ہے هو يفتر عن مثل حب الغمام: وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔ الْغُمَام: زکام۔

الْمَغْمُوْمُ: زکام زدہ۔

الْغِمَامَةُ: منہ پر کا چھینکا اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے اِدھر اُدھر لگا دیتے ہیں تا کہ سوائے سامنے کے نہ دیکھ سکے ج غَمَائِم.

الْغَمَّاءُ والْغُمّٰی: غم۔ حزن۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "مِثْلُكَ يَكْشِفُ الْغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے۔

الْغَمِيْم: گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔

الْغُمُوْم: جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔

غَيْمٌ (مُغْمِمٌ) بہت پانی والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغِمَّةٌ) بہت پیداوار والی زمین۔

غَمَتَهُ (ض) غَمْتًا. الطَّعَامُ: کھانے کا دل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا...... هُ فِيْ الْمَاءِ: پانی میں ڈوبانا...... الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔

غَمِتَ (س) غَمَتًا: کھانا دل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔

غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا. الْمَاءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔

الْغَمْجَةُ والْغُمْجَةُ: گھونٹ ج غُمَجٌ.

غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا...... الشَّیْءَ: چھپانا...... الْاَمْرَ: درست کرنا۔

غَمِدَتْ (س) غَمَدًا. الْبِئْرُ: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

اَغْمَدَ. السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الْاَشْيَاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔

غَمَّدَهُ وتَغَمَّدَهُ: عیوب چھپا لینا۔

تَغَمَّدَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهِ: رحمت میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الْاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

اِغْتَمَدَ. اللَّيْلَ: رات میں داخل ہونا۔

الْغِمْد: تلوار کی نیام ج غُمُوْد واَغْمَاد.

سَفِيْنَةٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِدُ.

بِئْرٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔

مَغْمَدُ. السَّيْفِ: تلوار کی میان ج مَغَامِد.

غَمَرَهُ (ن) غَمْرًا. الْمَاءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِهِ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔

غَمِرَ (س) غَمْرًا وغَمَرًا. صَدْرُهُ عَلَيَّ: کینہ سے بھر جانا۔ غَمِرَتْ يَدُهُ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔

ڈالنا۔

المَغلَطة : وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو۔ ج مَغَالِيط.

الاُغْلُوطَة بمعنی مُغلَطَة ج اُغْلُوطَات واَغَالِيط.

الغَلُوطَة بمعنی مَغلَطَة کہا جاتا ہے هٰذِهٖ مَسْأَلَة غَلُوطَة : یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔

المِغلَاط : بہت غلطی کرنے والا۔

غَلَظَ (ن ض) وغَلُظَ (ک) غَلَظًا وغَلْظَةً وغِلْظَةً وغُلْظَةً وغِلَاظَةً : موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِيْظًا) ج غِلَاظ و (غَالِظ) ج غَلَظَة. غَلُظَتِ السُّنْبُلَةُ : خوشہ میں دانہ نکلنا...... الرَّجُلُ : سخت وتندخو ہونا۔

غَلَّظَهٗ : گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ اليَمِيْنَ : قسم کو موکد کرنا...... عَلَيْهِ فِيْ اليَمِيْن : قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْهُ مِيْثَاقًا غَلِيْظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔

اَغْلَظَ. المُسَافِرُ : مسافر کا سخت زمین پر اترنا...... الشَّئُ : غلیظ پانا...... لَهٗ فِي الْقَوْلِ : درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔

غَالَظَ مُغَالَظَةً : دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

اِسْتَغْلَظَ : گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا...... الشَّئُ : موٹا پانا۔

الغُلَاظ : گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔

الغَلْظ : سخت زمین۔

الغِلْظَة : مص۔ سختی۔ کندگی۔ موٹاپا۔ بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ غِلْظَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔

غَلَفَ (ن) غَلْفًا. الشَّئُ : ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔

غَلِفَ (س) غَلَفًا : غیر مختون ہونا۔

غَلَّفَ. الشَّئُ : غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا۔

اَغْلَفَ. الشَّئَ : غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔

تَغَلَّفَ واغْتَلَفَ : غلاف میں ہونا۔

تَغَلَّفَ الرَّجُلُ : داڑھی میں غالیہ۔ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔ اِغْتَلَفَ بِالغَالِيَة : غالیہ خوشبو لگانا۔

الغَلْف : مص ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔

الغُلْفَة : ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَف. الغُلْفَتَان : مونچھوں کے دونوں کنارے۔

اَلْمُغَلَّفُ : غلاف شدہ کتاب۔

الاَغْلَف : غیر مختون۔ کہا جاتا ہے قَلْبٌ اَغْلَف : یعنی ایسا دل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے "عَامٌ اَغْلَف" ارزانی کا سال۔

الغِلَاف : وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان، جز دان ج غُلُفٌ وغُلْف وغُلُفٌ.

الغَلْفَاء. اَغْلَف : کا مؤنث ج غُلْف اَرْض غَلْفَاء : بغیر چری ہوئی زمین۔ سَنَةٌ غَلْفَاء : ارزانی کا سال۔

غَلِقَ (س) غَلَقًا : تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (غَلِق)...... الرَّهْنُ فِيْ يَدِ المُرْتَهَن : حق مرتہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔

اَغْلَقَ وغَلَّقَ. البَابَ : دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔

غَلَقَ (ض) غَلْقًا ...... اور یہ اَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔

اُغْلِقَ. عَلَيْهِ الاَمْرِ : معاملہ کا مبہم ہونا۔

اُغْلِقَ القَاتِلُ فِيْ يَدِ الوالِي : قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تا کہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے "اُغْلِقَ فُلَانٌ بِجَرِيْرَتِهٖ" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلَاق) ہے۔

غَالَقَهٗ مُغَالَقَة : شرط لگانا۔

تَغَالَقَ. القَوْمُ : ایک دوسرے سے شرط لگانا۔

اِسْتَغْلَقَ. البَابُ : دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔ الكَلَامُ عَلَى فُلَانٍ : گفتگو کا بند ہو جانا۔

الغَلَقُ : قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ...... عِنْدَ البَنَّائِين : معماروں کی اصطلاح میں غلق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اغلاق : جج اَغَالِيْق.

كَلَامٌ (غَلِقٌ ومُغْلَقٌ) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

بَابٌ (غُلُقٌ) بند دروازہ۔

المغلق : جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.

المِغْلَقُ والمِغْلَاق والمُغْلُوق : قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِيق.

غَلِمَ (س) غَلَمًا وغُلْمَةً واغْتَلَمَ : شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ وغِلِيْمٌ ومُغْتَلِمٌ) مؤنث غلمه وغليم وغليمة ومغلمة

اغتلم الشَّرَابُ : جوش مارنا۔ اِغْتَلَمَتِ الاَمْوَاجُ : تیز ہونا۔

الغُلَامُ : سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور ج غِلْمَان وغِلْمَةٌ واَغْلِمَةٌ.

الغُلَامَة : غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی۔

الغُلُومَة والغُلَامِيَّة والغُلُومِيَّة : نوجوانی۔

الغَيْلَم : نر کر۔ کچھوا۔ مینڈک۔ کنوئیں میں پانی کا سوت۔ بہت بالوں والا نوجوان۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ غَيْلَم" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

غَلَنَ (ض) غَلْنًا الشَّبَابُ : جوش پر ہونا۔

غُلَوَانُ. الشَّبَابِ اَوِ الاَمْرِ : جوانی کی شدت اور ابتداء۔

غَلَا يَغْلُوْ غُلُوًّا : زیادہ ہونا۔ بلند ہونا...... النَّبْتُ : نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا...... بِالدِّيْنِ : دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔

غَلَا غَلَاءً. السِّعْر : بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت (غَالٍ وغَلِيٌّ)

غَلَا يَغْلُوْ غَلْوًا وغُلُوًّا. السَّهْمَ وبالسَّهْمِ : تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا۔

اِنْغَلَّ وتَغَلَّلَ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔

اِغْتَلَّ الضَّيْعَةَ: جائیداد سے غلہ کو لینا۔

...... الثَّوْبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔

اِغْتَلَّ وتَغَلَّلَ. بِالغَالِيَةِ: غالیہ لگانا۔

اِسْتَغَلَّ. الارضَ: زمین سے غلہ لینا۔

غَلَّهٗ: غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔

الغِلُّ: کینہ و دھوکا فریب۔

الغُلُّ: پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغْلَال وغُلُول: کہا جاتا ہے "هٰذَا غُلٌّ فِي عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔

الغَلَّة: مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّاتٌ وغِلَال.

الغُلَّة: سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَل.

الغَلَل: پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھننا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغْلَال.

الغِلَالَة: ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے نیچے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلَائِل: گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

الغَالِيَة: ایک قسم کی مرکب خوشبو۔

الغَلِيْل: سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔

الغَلِيْلَة مؤنث غلیل: زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلَائِل.

المِغْلَال: بہت غلہ والا۔

المُغْتَلّ: پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔

المُغِلَّات والمُسْتَغَلَّات: زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)

غَلَبَ الرَّجُلَ وغَلَبَ عَلَيْهِ (ض) غَلْبًا وغَلَبًا وغَلَبَةً ومَغْلَبًا ومَغْلَبَةً وغُلُبَّى وغِلِبَّى وغُلُبَّةً وغَلَابِيَةً واغْلَوْلَبَ: غالب ہونا کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَيْهِ الكَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے۔

غَلِبَ (س) غَلَبًا: موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغْلَب) مؤنث غَلْبَاء ج غُلْب.

غَلَّبَهٗ: غالب بنانا۔

غَالَبَهٗ غِلَابًا ومُغَالَبَةً: ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔

تَغَلَّبَ. عَلَى البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔

تَغَالَبُوْا على البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔

اِغْلَوْلَبَ العُشْبُ: گھنا ہونا...... القَوْمُ: بہت ہونا۔

اِسْتَغْلَبَ. عَلَيْهِ الضَّحِكُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔

الغَلَّاب: بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلَّابُوْن.

الغَالِب: فا۔ ج غَالِبُوْن وغَلَبَة کہا جاتا ہے "هٰذَا مَا يَحْدُثُ غَالِبًا وفِي الغَالِبِ" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔

الاَغْلَب: اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَى الاَغْلَب وفِي الاَغْلَب" یعنی علی الاکثر وفی الاکثر۔ الاَغْلَب: شیر۔

الغَلْبَاء: مؤنث اغلب: گھنے درختوں کا باغ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔

الغُلُبَّة: مص...... مِنَ الرِّجَال: جلد غالب آنے والا۔

المُغَلَّب: مفع۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔

المَغْلَبَة: مص۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔

غَلَتَ (ن) غَلْتًا. البَيْعَ او الشِّرَاءَ: فسخ کرنا۔

غَلِتَ (س) غَلَتًا: غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔

تَغَلَّتَهٗ واغْتَلَتَهٗ: اچانک پکڑ لینا۔ غفلت میں پکڑ لینا۔

الغَلَتَة: رات کا ابتدائی۔

غَلِثَ (س) غَلَثًا. القَوْمُ: سختی سے مقابلہ کرنا۔

واغْتَلَثَ. الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

غَلَثَ (ض) غَلْثًا. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔

الغَلَث: مص۔ غلہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ۔

الغَلِث: مجنون۔ والمُغَالِث: سخت جنگ کرنے والا۔

الغَلِث والغَلِيْث والمَغْلُوْث مِنَ البُرِّ: وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔

غَلَجَ (ض) غَلْجًا وغَلَجَانًا. الفَرَسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔

تَغَلَّجَ. عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

الغُلُجّ: عمدہ جوانی۔

الاُغْلُوْج: نرم و نازک شاخ۔ ج اَغَالِيْج.

اَلغَلَادِيْثِيَا: بڑے کانوں والا ایک درخت۔

غَلَّسَ فِي العَمَلِ: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ الـمَاءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔

اَلغَلَس: آخر رات کی تاریکی ج اَغْلَاس.

غَلْصَمَهٗ (ن) غَلْصًا وغَلْصَمَهٗ غَلْصَمَةً: حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔

الغَلْصَمَة: مص سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سرداران قوم۔ ج غَلَاصِم: کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غَلْصَمَةٍ مِنْ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔

غَلِطَ (س) غَلَطًا. فِي الاَمْرِ: غلطی کرنا۔ صفت (غَالِط) اور صفت مفعولی (مَغْلُوْط) فِيْهِ.

غَلَّطَهٗ: غلطی کی نسبت کرنا۔

غَالَطَهٗ غِلَاطًا ومُغَالَطَةً واَغْلَطَهٗ: غلطی میں ڈالنا۔

تَغَالَطَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو غلطی میں

الغَفَّارَة : لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔

الغَافِر : فا۔ ج غَافِرُوْن وغَفَرَةٌ.

الغَفُوْر : بہت بخشنے والا۔ مؤنث ومذکر دونوں کے لئے مستعمل ہے۔

الغَفَّار : بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفَّارَةٌ.

الغَفِیْر : مص۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا جَمًّا غَفِیْرًا وجَمَّ الغَفِیْرِ والجَمُّ الغَفِیْرُ" یعنی جماعت آ گئی جس میں شریف ورذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔

المِغْفِرَةُ : پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرات.

المِغْفَرُ والمِغْفَرَة : خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغَافِر.

المِغْفَرُ والمُغْفُر والمُغْفُوْر : ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَغَافِر ومَغَافِیْر. اَرْضٌ (مُغْفُوْرٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔

الغَوْفَرُ : خربوزہ کی ایک قسم۔

الغَفَش : آنکھ کا کیچڑ۔

غَافَصَهُ غِفَاصًا ومُغَافَصَةً : اچانک آ جانا۔ اچانک پکڑ لینا۔

الغَافِصَة : مصیبت زمانہ ج غَوَافِص.

غَفَقَهُ (ض) غَفْقًا بِالسَّوْطِ : کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ عَلَیْہِ : کسی پر اچانک آ جانا۔

الرَّجُلُ : اچانک واپس آ جانا۔

غَفَقَةً : کچھ تھوڑا سا سونا۔

غَفَّقَ : اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔

تَغَفَّقَ. الشَّرَابَ : تمام دن شراب پیتا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پیتا۔

اِغْتَفَقَ بِہٖ : احاطہ کرنا۔

الغَفْق : مص۔ ہلکی بارش۔

المَغْفِق : مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔

المُنْغَفَق : واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔

غَفَلَ (ن) غُفُوْلًا وغَفْلَةً وغَفَلًا عَنْہُ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا ...... الشَّیْءَ : چھپانا۔

غَفَّلَهٗ : غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّیْءَ : چھپانا۔

اَغْفَلَ. الشَّیْءَ : چھوڑ دینا ...... ہٗ : غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا ...... الکِتَابَ : نقطے نہ رکھنا ...... ہٗ : کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔

غَافَلَهٗ وتَغَفَّلَهٗ واغْتَفَلَهٗ واسْتَغْفَلَهٗ : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْتَفَلَهٗ : غافل سمجھنا۔

تَغَافَلَ : بتکلف غافل بننا۔ تَغَافَلَ : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغَافَلَ عَنِ الاَمْرِ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔

الغُفُل : مص۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ غُفُلٍ مِنْ عَیْشِہٖ" وہ فراخی عیش میں ہے۔

الغُفُل : بے علامت۔ بے حسب آدمی ...... مِنَ الشِّعْرِ : جس کا قائل معلوم نہ ہو ...... مِنَ الاَرْضِ : غیر آباد زمین ...... مِنَ الرِّجَالِ : ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الکُتُبِ : جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُّعَرَاءِ : مجہول شاعر ج اَغْفَال.

نَعَمٌ (اَغْفَال) بے علامت چوپائے۔

الغَافِل : فا۔ ج غَافِلُوْن وغُفُوْل وغُفَّل.

الغَفْلان : غافل۔

المُغَفَّلَان : غافل۔ غفلت ورزی اور بے خبری۔

المُغْفَلَة : ڈاڑھی بچہ۔

المُغَفَّل : مفع۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔

غَفَا یَغْفُوْ غَفْوًا وغُفُوًّا وغَفِیَ یَغْفَی غَفْیَةً واَغْفٰی : اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے اَغْفَیْتُ : اور غَفَیْتُ : کم بولا جاتا ہے۔ غَفَا الشَّیْءُ : پانی پر تیرنا۔

الغَفْوَة. غَفَا : کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔

غَفٰی یَغْفِی غَفْیًا واَغْفٰی. الطَّعَامَ : غلہ کو صاف کرنا۔ واَغْفَی الطَّعَامُ : بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اَغْفَی الرَّجُلُ : کھلیان میں بھوسے پر سو جانا۔

اِنْتَفَی. الشَّیْءَ : [illegible]

الغَفَی : گیہوں کا چھلکن۔

الغَفَاء : گیہوں کا چھلکن۔ درخت خرما کے لئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔

الغَفْیَة : بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔

الغُفَاءَة : آنکھ کی سفیدی۔

غَقَّ (ض) غَقًّا وغَقِیْقًا. القَارُ : قار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار) ...... الصَّقْرُ : شکرہ کا آواز کرنا۔

غَقُّ المَاءِ وغَقِیْقُهٗ : تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔

الغَقَّاق : اسم مبالغہ۔

غَلَّهٗ (ن) غَلًّا. فِی الشَّیْءِ : داخل کرنا۔

غَلَّ المَفَازَةَ : بیابان میں داخل ہونا ...... الشَّیْءَ : چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا ...... المَاءُ بَیْنَ الاَشْجَارِ : پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ [illegible] راستے سے بھٹک جانا۔

غُلُوْلًا : خیانت کرنا ...... فِی الشَّیْءِ : داخل ہونا ...... فِی البِلَادِ : گھسے ہوئے چلے جانا۔

غَلَّ (ن) غَلًّا وغَلَّلَ. الغُلَّةَ : [illegible] پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَلَّهٗ وغَلَّلَهٗ : ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔

غَلَّ (ض) غِلًّا وغَلِیْلًا. صَدْرُہٗ : کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔

غُلَّ غَلًّا وغُلَّةً : سخت پیاسا ہونا۔ [illegible] (غَلِیْل ومَغْلُوْل ومُغْتَلٌّ)

اَغَلَّ. الرَّجُلُ : خیانت کرنا۔ اَغَلَّتِ الاَرْضُ : غلہ والی ہونا۔ غلہ پیدا کرنا ...... [illegible] البَصَرَ : تیز نظر کرنا۔ اَغَلَّهٗ : خیانت کی طرف نسبت کرنا ...... عَلٰی عِیَالِہٖ : بال بچوں کے لئے غلہ لانا ...... الخَطِیْبُ : خطیب کا کلام میں صواب کو نہ پہنچنا ...... [illegible] الجِلْدَ : قصائی کا کچھ گوشت اور چربی ساتھ کھال کو کھینچنا۔

الْغِطْبِسُ: عیسائیوں کے اصطباغ کا دن۔

غَطَشَ (ض) غَطْشًا وغَطَشَانًا: مریض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔

غَطِشَ (س) غَطَشًا: کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغْطَش وغَطِش) مؤنث (غَطْشَاء وغَطِشَة) ج غُطْش وغَطِشَات.

اَغْطَشَ. اللَّيْلُ: رات تاریک ہونا۔

اللّٰهُ اللَّيْلَ: رات کو تاریک کرنا۔

تَغَطَّشَ. عَيْنُهُ: نگاہ کمزور ہونا۔

تَغَاطَشَ. عَنْهُ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔

اِغْطَاشَ: کمزور نظر والا ہونا۔

الْغُطَاش: رات کی تاریکی۔

الْغَطَشُ. فِي الْعَيْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔

فَلَاةٌ (غَطْشَاء وغَطِيش وغَطْشَى) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ غَطْشَى ونَحْنُ كَرِمَالِهَا غَطْشَى" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔

لیلة غطشاء: تاریک رات۔

غَطْغَطَت غَطْغَطَةً. الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا...... النَّوْمُ عَلَى فُلَانٍ: نیند کا غالب آنا...... وتَغَطْغَطَ الْبَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تَغَطْغَطَ الشَّيْءُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔

الْغَطَاغِط: بکری کے مادہ بچے، واحد (غُطْغُط).

الْغَطْغَطَة: مص۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔

غَطِفَ (س) غَطَفًا: پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفَاء) ج غُطْف.

الْغَطَفُ: مص۔ وسعت عیش۔

الْاَغْطَف. مِنَ الْعَيْشِ: آسودہ زندگی۔

الْغِطَمُّ: بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غَطْمَطَ. الْبَحْرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا...... الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَّيْلُ: آواز دینا۔

تَغَطْمَطَ. الْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا...... الصَّوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔

بَحْرٌ (غُطَامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔

الْغَطْمَطَم: بڑا سمندر۔

غَطَا يَغْطُو غَطْوًا وغُطُوًّا. الشَّيْءَ: چھپانا...... الْمَاءُ وغَيْرُهُ: بلند ہونا...... اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپا لینا۔

غَطَّى تَغْطِيَةً واَغْطَى اِغْطَاءً. الشَّيْءَ: چھپانا۔ اَغْطَى الْكَرْمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔

تَغَطَّى واِغْتَطَى: چھپنا۔

الْغِطَاء: پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِيَة.

الْغِطَايَة: عورت کی کرتی۔

غَطَى يَغْطِي غَطْيًا وغُطِيًّا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا...... الشَّبَابُ: جوانی کا بھرپور ہونا...... الْمَاءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غَاطٍ) ...... الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: چھپانا۔ ...... واَغْطَى. الشَّجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطَاه: چھپانا۔

الْغَاطِيَة: مؤنث غَاطِي: انگور کی بیل۔

غَفَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گرنا۔

اِغْتَفَّتْ وتَغَفَّفَتْ. الدَّابَّةُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلَانًا: تھوڑا دینا۔

تَغَفَّفَ. الْإِنَاءَ او الضَّرْعَ: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔

الْغَفّ: خشک شدہ پتے۔

الْغُفَّة: چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّةُ الْإِنَاءِ او الضَّرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الْغُفَّةُ: چوہا۔

غَفَرَ (ض) غَفْرًا. الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔ ...... الشَّيْبَ بِالْخِضَابِ: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔

غَفَرَ وغَفْرًا وغَفِيرَةً وغُفْرَانًا ومَغْفِرَةً وغُفُورًا. لَهُ الذَّنْبَ: چھپانا اور معاف کر دینا...... الْاَمْرَ: درست کرنا۔

غَفَرَ (ض) وغَفِرَ (س) غَفْرًا وغَفِرَ الْمَرِيضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفِرَ وغُفِرَ الْجُرْحُ: زخم کا تازہ ہونا۔ غُفِرَ الثَّوْبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔

غَفَّرَ. الشَّيْءَ: چھپانا، ڈھانکنا...... الرَّجُلُ: غفر اللّٰهه لَهُ: کہنا۔

اَغْفَرَهُ: چھپانا۔ اَغْفَرَ الرِّمْثُ: گوند نکالنا۔

تَغَفَّرَ: گوند چننا۔

تَغَافَرُوا: ہر ایک کا دوسرے کے لئے مغفرت کی دعا کرنا۔

اِغْتَفَرَ. اللّٰهُ ذَنْبَهُ: بخش دینا۔

اِغْفَارَّ. الثَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔

اِسْتَغْفَرَ. اللّٰهَ الذَّنْبَ ومِنَ الذَّنْبِ: بخشش طلب کرنا۔

الْغَفْر والْغَفَرُ: رواں کپڑے کا۔ الْغَفْر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الْغَفْر والْغَفَر والْغَفَار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔

الْغَفْر والْغُفْر: پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غِفَرَة واَغْفَار وغُفُور.

الْغِفْر: گائے کا بچہ۔

الْغَفِرُ: گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَفِرُ الْقَفَا وامْرَاَةٌ غَفِرَةُ الْوَجْهِ".

الْغَفَار: رخسارہ پر نشان۔

الْغُفْرَة: ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے "غَفَرَ الشَّيْءَ بِغُفْرَتِهِ" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کر دی۔

الْغِفَارَة: خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغَضفة: سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔

الاَغْضَف: لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ غَضَف

اَغْضَف: خوش حال زندگی۔

غَضَنَهُ (ن ض) غَضْنًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا...... النَاقَةُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔

اَغْضَنَ. السَحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔

اَغْضَنَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا...... عَلَيْهِ اللَّيْلَ: رات کا تاریک ہونا۔

غَاضَنَ مُغَاضَنَةً. عَيْنَه: آنکھ کا جھپکانا...... المَرْأَةَ: آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔

غَضَّنَ. الشَّيْءَ: موڑنا۔ شکن ڈالنا۔

غَضَّنَتِ السَمَاء: لگاتار برسنا...... النَاقَةُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَغَضَّن: مڑنا۔ شکن پڑنا۔

الغَضْن والغَضَن: کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ غَضَنُ العَيْن: آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن. غُضُوْنُ الاُذُن: کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْن" پیشانی پر شکن والا آدمی "وكَانَ الاَمْرَ فِيْ غُضُوْنِ ذٰلِكَ" یعنی اس کے درمیان میں۔

الغُضْنَة الغَضَنَة: باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔

الغَضِيْن: اونٹنی کا ناتمام بچہ۔

الاَغْضَن: خلقتاً تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ میچنے والا۔

غَضَا يَغْضُوْ غَضْوًا. اللَّيْلَ: تاریک ہونا...... البَعِيْرُ: اونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غَاضٍ)

غُضُوًّا: نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِيَة) ج غَوَاضٍ.

غَضِيَ يَغْضٰى غَضًى. البَعِيْرُ: درخت غضا کے کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِيَةٌ ج غضايا غَضِيَتِ الاَرْضُ: بہت درخت والی ہونا۔

اَغْضٰى اِغْضَاءً. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاضٍ) خلاف قیاس۔ اَغْضٰى عَيْنَه: آنکھ بند کرنا۔ عَلَى الاَمْرِ: خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْضٰى عَنْه طَرْفَهٗ" اس سے اس نے نگاہ پھیر لی۔ و"اَغْضٰى عَلَى القَذٰى" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔

تَغَاضٰى: آنکھیں بند کر لینا...... عَنْهُ: غفلت برتنا۔

الغَضَا: جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔ واحد (غَضَاة) جھاڑی۔ اَهْلُ الغَضَا: نجد کے رہنے والے۔

الغَاضِيَةُ. غَاضِي: کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَة غَاضِيَةٌ" یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِيَةٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ ج غَوَاضٍ.

الغَضْيَاءُ. غضا: کے اُگنے کی جگہ۔ اَرْض غَضْيَاء: بہت درخت غضا والی زمین۔

غَطَّ (ن ض) غَطًّا واَغَطَّ الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔

غَطَّ (ن) غَطًّا: سخت نچوڑنا۔

غَطَّ (ض) غَطِيْطًا. النَائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا بلبلانا۔

تَغَاطَّ. الرَجُلَانِ فِي المَاءِ: ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔

اِنْغَطَّ فِي المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔

الغَطَاط: سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔

والغَطَاط: صبح کی ابتداء۔

الغُطَيْطَة: تیز تلوار۔

غَطْرَسَ غَطْرَسَةً. عَلَى فُلَانٍ: تکبر کرنا...... الرَجُلُ: اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا...... بِالشَّيْءِ: خود پسند ہونا...... ہٗ: غضبناک کرنا۔

تَغَطْرَسَ: ناز کرنا۔ تکبر کرنا...... غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔

الغِطْرِس: متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِس.

الغِطْرِيْس: متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِيْس.

غَطْرَشَ. اللَّيْلُ بَصَرَهٗ: رات کا نگاہ کو تاریک کرنا...... بَصَرُهٗ: لگاتار تاریک ہونا۔

الرَّجُلُ: بڑائی ظاہر کرنا۔

تَغَطْرَفَ: ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔

الغِطْرَفَة: تکبر۔

الغُطْرَاف والغِطْرِيْف: سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غَطَارِفَة وغَطَارِيْف. الغِطْرِيْف: باز کا بچہ۔ یکھی۔

الغُطْرُوْف والغُطْرُوْف: خوبصورت خوش طبع جوان۔

غَطَسَ (ض) غَطْسًا. فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ کھانا...... ہٗ فِي المَاءِ: غوطہ دینا۔ فِي الاِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کے پینا۔

غَطَّسَهٗ. فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔

تَغَاطَسُوْا. فِي المَاءِ: پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَّجُلُ: غفلت برتنا۔

الغَاطِس. ھا. لَيْلٌ غَاطِسٌ: تاریک رات۔

الغِطَاس عِنْدَ النَصَارٰى: نصرانیوں کی ایک عید۔

الغَطَّاس: قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پرندہ جس کو غَوَّاص بھی کہتے ہیں۔

الغَطُوْس: لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔

المَغْطِس: غوطہ لگانے کی جگہ۔

المِغْطَس: بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مَغَاطِس.

غَطَشَ (ض) غَطْشًا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاطِش وغَطِش)

توڑنا...... الشَّيءُ : کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لا اَغُضُّکَ دِرْهَمًا" میں ایک درہم کو کم نہیں کروں گا...... مِنَ فُلَانٍ : کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غُضَّ بَصَرَه" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غُضَّ طَرْفَهٗ لِفُلَانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کرلی۔ "وغُضَّ لِیْ سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لئے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔

غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وغُضُوضَةً النَّبَاتُ وغیرہ : نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت(غَضٌّ) ج غِضَاض۔

غَضَّضَ : تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ ونرم ونازک ہونا۔ ذلت وخواری لاحق ہونا۔

اِنْغَضَّ. الطَّرْفُ : نگاہ کا بند ہونا۔

تَغَاضَّ. عَنْهُ : غفلت برتنا۔

الغَضَاضُ والغُضَاضُ : سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔

الغُضَّةُ : ذلت ونقصان ج غُضَض۔

الغَضِیْضَةُ والغَضَاضَةُ ج غَضَائِض : ذلت ونقصان۔

المَغَضَّةُ ج مَغَاضُّ : ذلت ونقصان۔

الغَضُّ : مص۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج غِضَاض۔

الغَضِیْض : تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔

طَرْفٌ غَضِیْضٌ : پست نگاہ۔ ج اَغِضَّاء واَغِضَّة: مؤنث غَضِیْضَةٌ ج غَضَائِض۔

غَضِبَ (س) غَضَبًا ومَغْضَبَةً عَلَیْهِ : غضبناک ہونا۔ صفت(غَضِبٌ وغَضُبٌ وغَضْبَانٌ) مؤنث غَضْبٰی وغَضُوْبٌ وغَضْبَانَةٌ۔ ج غَضْبٰی وغِضَاب وغَضَابٰی وغُضَابٰی اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَانٍ" یعنی فلاں کے لئے غضبناک ہو گیا۔ "وغَضِبَ مِنْ لَا شَیْءٍ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔

اَغْضَبَهٗ وغَاضَبَهٗ مُغَاضَبَةً : غضب پر برانگیختہ کرنا۔ وغَاضَبَهٗ : ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ غَاضَبَ فُلَانًا : ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ اَغْضَبَتِ العَیْنُ : آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔

تَغَضَّبَ واسْتَغْضَبَ عَلَیْهِ : غضبناک ہونا۔

الغَضْبَةُ : غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔

الغِضَاب والغُضَاب : آنکھ کا تنکا۔

الغُضَابِیْ : مکدر زندگی بسر کرنے والا۔

الغُضُبُّ والغُضْبَةُ والغَضُبَّةُ والغَضَبَةُ : غضبناک۔

غَضَرَهُ (ن ض) غَضْرًا. اللّٰهُ : خوش حال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ غَضَرَ الرَّجُلَ : کسی کو روکنا۔ منع کرنا...... الشَّیْءُ : کاٹنا۔

غَضِرَ (س) غَضَرًا وغَضَارَةً : آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت(غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّرَ عَنْهُ : تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ غَضَرَ عَلَیْهِ : مائل ہونا...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ : مال میں سے کچھ دینا۔

اُغْتُضِرَ : جوان مرنا۔

الغَضَار : خالص چیکنے والی مٹی۔ چیکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں۔

الغَضَارَة : مص۔ نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت وآسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر۔

الغَضْرَاء. مِنَ الاَرضِ : پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ : ایک پرندہ ہے اس کو بھی غَضْرَاء کہتے ہیں۔ ج غَضَارِیُّ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ غَضْرَاءَ مِنَ العَیْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔

الغَاضِر : فا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لئے تڑکے جانے والا۔ مؤنث(غَاضِرَة)

الغَضِیْر : نرم ونازک۔ سبز رنگ والا۔ اَرض غَضِیْرَة : خالص مٹی والی زمین۔

المُغْضِر : صاحب نعمت وآسودہ حال۔ ج مُغْضِرُوْن۔

المَغْضُوْر : صاحب نعمت وآسودہ حال۔ ج مَغْضُوْرُوْن ومَغَاضِیْر۔

الغُضْرُوْف : بمعنی غُرْضُوْف۔

غَضْغَضَ. المَاءَ : پانی کم کر دینا۔

...... وتَغَضْغَضَ. المَاءُ : پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔

غَضَفَ (ض) غَضْفًا. العُوْدَ : لکڑی توڑنا...... الکَلْبُ اُذُنَهٗ : کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا...... الوِسَادَةَ : تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا (...... غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا۔

غَضِفَ (س) غَضَفًا. اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ غَضِفَتِ الاُذُنُ: خِلْقَةً : ڈھیلا ہونا۔ صفت(غَضْفَاء) ج غُضْفٌ۔

غَضِفَ العَیْشُ : آسودہ ہونا۔ صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)

اَغْضَفَ. اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ ...... السَّحَابُ : بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا۔

غَضَّفَ. الشَّیْءُ : لٹکانا۔

تَغَضَّفَ. الجَارِیَةُ : لچکنا۔ نازو انداز سے چلنا...... الحَیَّةُ : کنڈلی مارنا اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْیَا عَلَیْهِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ تَغَضَّفَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ : رات کا آنا۔ البِئْرُ : کنوئیں کا منہدم ہونا۔

اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ : کنوئیں کا گرنا اِنْغَضَفَتْ اُذُنُهٗ : کان کا ٹوٹنا...... الضَّبَابُ : کہر کا تہ بتہ ہونا...... القَوْمُ فِی الغُبَارِ : قوم کا غبار میں داخل ہونا۔

الغَاضِف : فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔

الغَضَف : درخت خرما کے مانند ایک درخت واحد(غَضَفَة)

اَلغَضَنْفَرُ : شیر سخت جسم والا مرد۔

المَغشُوش :مقع ـ غیر خالص ـ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ مَغشُوشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔

غَشَمَهٗ (ن ض) غَشمًا تَغَشُّمَهٗ :ظلم کرنا۔

غَشَمَ (ض) غَشمًا الحَاطِبُ :لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔

الغَاشِم والغَشُوم والغَشَّام :ظالم۔ غاصب۔

المِغشَم :خود رائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔

الغَشَمشَم :بمعنی مِغشَم :بہت ظلم کرنے والا۔

الغَشَمشَمَة والغَشَمشَمِيَّة :دلیری۔ جرأت۔

غَشمَرَ غَشمَرَةً. السَّيلُ :سیلاب کا آنا ...... الرَّجُلُ :حق یا باطل میں خود رائی کرنا اور کوئی پروانہ کرنا ...... الاَمرَ :بے سوچے سمجھے کام کرنا ...... فُلَانًا :ظلم کرنا۔

تَغَشمَرَ. عَلَيهِ :غضبناک ہونا۔ فُلَانًا :زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ تَغَشمَرَ السَّيلُ او الجَيشُ :سیلاب یا لشکر کا آنا۔

الغَشمَرَة :مص۔ آواز۔ ج غَشَامِر۔

الغَشمَرِيَّة :ظلم۔

الغِشمِير :سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَهٗ بِالغِشمِيرِ" یعنی اس کو سختی سے لیا۔

غَشَا يَغشُو غَشوًا. فُلَانًا :کسی کے پاس آنا۔

غَشِيَ (س) غَشَاوَةً. الاَمرُ فُلَانًا :مبتلا کر دینا۔

غَشَا. الفَرَسُ وغیرہ :سفید سر والا ہونا۔

غَشِيَ (س) غَشَيَانًا. فُلَانًا :کسی کے پاس آنا ...... ہٗ بِالسَّوطِ :کوڑے سے مارنا۔

اِستَغشَى. ثَوبَهٗ وبِثَوبِهٖ :ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔

الغَشوَة والغَشَاوَة :دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشوَةُ: غشا کا اسم مرة۔

الاَغشَى. مِنَ الخَيلِ وغَيرِهَا :سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشوَاء۔

غَشِيَ يَغشَى غَشيًا وغِشَايَةً الاَمرُ وفُلَانًا :نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِيَ المَرأَةَ :جماع کرنا ...... المَكَانَ :آنا ...... اللَّيلُ :رات کا تاریک ہونا۔

غُشِيَ عَلَيهِ غَشيًا وغُشيًا وغَشَيَانًا :بے ہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغشِيٌّ عَلَيهِ۔

اَغشَى. الاَمرُ فُلَانًا :نازل کرانا۔ ڈھکوانا ...... اللَّيلُ :رات کا تاریک ہونا ...... اللّٰه عَلٰى بَصَرِهٖ :نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغشَانِي فُلَانًا :فلاں کے پاس آنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

غَشَّى. الشَّيءَ وعَلَى الشَّيءِ :ڈھانکنا۔ غَشَّيتُهُ الاَمرَ :میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔

تغشّى. بِثَوبِهٖ :اپنے آپ کو ڈھانکنا۔

تغشّى المرأة :جماع کرنا۔ تغشّاهُ الاَمرُ :کام نے اس کو ڈھانک لیا۔

اِستَغشَى. ثَوبَهٗ وبِثَوبِهٖ :اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔

الغِشَاء :پردہ۔ ج اَغشِيَة۔

الغِشَايَة والغُشَايَة والغُشيَة :پردہ۔

الغَشيَة والغَشى والغُشى والغَشَيَان :بے ہوشی۔ غشی۔

غَشَايَات الاَجنِحَة: پروں کے چار حصے والی کیڑے جن میں پھوڑا اور بعض چیونٹی کی اقسام ہیں۔

الغَاشِيَة :مؤنث غَاشِي :پردہ۔ دل کا پردہ۔ ج غَوَاشِي :مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِيَةُ فُلَانٍ :خدام۔ ملاقاتی۔ دوست احباب جو بار بار آئیں۔

الغِشيَان :آنا۔

غَصَّ (س-ن) غَصَصًا. بِالطَّعَامِ والمَاءِ :کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔ صفت (غَاصٌّ وغَصَّان) ...... المَكَانُ بِهِم :بھر جانا اور تنگ ہونا۔

غَصَّ (ن) غَصًّا. الشَّيءَ :قطع کرنا۔

اَغَصَّهٗ :اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغصّ علینا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔

اِغتَصَّ. المَكَانُ بِهِم :تنگ ہونا۔

الغُصَّة :جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ۔ ج غُصَص۔

غَصَبَهٗ (ض) غَصبًا عَلَى الشَّيءِ :مجبور ہونا ...... الشَّيءَ :زبردستی لے لینا ...... المَرأَةَ :زنا بالجبر کرنا ...... الجِلدَ :کھال سے بال اور اون دور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُون وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبتُهٗ مَالَهٗ اور کبھی مفعول اول میں مِن کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبتُ مِنهُ مَالَهٗ"۔

اِغتَصَبَ. الشَّيءَ :ظلم ودوتی سے لینا ...... المَرأَةَ :زنا بالجبر کرنا۔

غَاصَبَه :ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔

الغَصب :مص۔ چھینی ہوئی چیز۔

غَصَنَ (ض) غَصنًا. الغُصنَ :ٹہنی کو کاٹنا، ٹہنی کو کھینچنا ...... الشَّيءَ :لینا ...... ہٗ عَن حَاجَتِهٖ :پھیرنا، منع کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔

اَغصَنَ وغَصَّنَ. العُنقُودُ :بڑے بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغصَنَتِ الشَّجَرَةُ :درخت کا شاخ دار ہونا۔

الغُصن :شاخ ج غُصُون واَغصَان وغِصَنَة۔

الغُصنَة :شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی [illegible] (اَغصَنُ) سفید دم کا بیل۔

غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا و[illegible] وغَضَاضَةً. طَرفَهٗ ومِن طَرفِهٖ و صَوتَهٗ ومِن صَوتِهٖ :نگاہ یا آواز پست کرنا [illegible] ...... الغُصن :شاخ کو بغیر جدا کئے [illegible]

الغَازِی: غَازی ج غُزَّاۃٌ و غُزًّی و غُزِّیٌّ و غُزَّاء: مؤنث غَازِیَۃٌ ج غَوَازٍ و غَازِیَات.

الغَزَاۃ: اسم ہے غزو: کا ج غَزَوَات.

المَغْزُوَۃ: جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔

المَغْزَی: جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔

مغزی الکلام: مقصد کلام۔ ج مَغَازٍ.

المَغَازِی: غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔

اِمْرَاَۃٌ (مُغْزِیَۃٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اَتَانٌ او نَاقَۃٌ مُغْزِیَۃٌ: دیر سے جننے والی گدھی یا اونٹنی۔

غَسَّ (ن) غَسًّا. فِی الْبِلَادِ: داخل ہونا ...... الکَلَامَ: کلام میں عیب لگانا ...... ہ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا ...... الہِرَّۃَ: بلی کو ڈانٹنا اور غس کہنا۔

اِنْغَسَّ. فِی الْمَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔

الغُسُّ: کمزور نالائق۔

غَسَرَ (ن) غَسْرًا. عَلَی الغَرِیْمِ: قرض دار پر سختی کرنا۔

تَغَسَّرَ الغَزْلُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ الجھا ہوا ہونا ...... الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔ صفت (غَسِرٌ)

الغَسَرُ: جس چیز کو ہوا اڑا کر تالاب میں ڈال دے۔

اَغْسَفَ: تاریکی میں داخل ہونا۔

الغَسَفُ: تاریکی۔

غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا و اَغْسَقَ. اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

اَغْسَقَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا ...... المُؤَذِّنُ: موذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔

غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غُسُوقًا و غَسِقَ (س) غَسَقَانًا. المَاءُ: پانی گرنا ...... الغَیْمُ: بارش ہونا ...... العَیْنُ: آنکھ کا ڈبڈبانا اور تاریک ہونا۔

الغَسَقُ: اوّل شب کی تاریکی۔

الغَاسِقُ: قا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔

الغَسَاقُ والغَسَّاقُ: ٹھنڈا۔ بدبودار۔

غَسَلَ (ض) غَسْلًا و غُسْلًا. الشَّیْءَ: پانی سے میل کچیل دور کرنا ...... ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ جماع کرنا۔

غَسَّلَ. الشَّیْءَ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔

اِنْغَسَلَ: دھلنا ...... الشَّیْءُ: بہنا۔

اِغْتَسَلَ: نہانا ...... بِالطِّیْبِ: خوشبو لگانا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔

الغُسْلُ والغُسُلُ: اسم ہے غسل سے۔

الغِسْلُ والغُسْلُ: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَال.

الغِسْلَۃُ والغَسُوْلُ والغَسُّوْلُ: ہاتھ منہ دھونے کی چیز۔

الغُسَالَۃُ. مِنَ الشَّیْءِ: پانی جس سے دھویا جائے، دھونے سے جو پانی گرے، کپڑا جو دھویا جائے۔

الغَسِیْلُ: نہلایا ہوا۔ ج غَسْلَی و غُسَلَاءُ: مؤنث غَسِیْلَۃٌ ج غَسَائِل.

الغَاسُوْلُ: صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔

الغَسَّالُ: اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَۃٌ.

المَغْسَلُ والمَغْسِلُ: غسل خانہ۔ ج مَغَاسِل.

المُغْتَسَلُ: غسل خانہ ج مُغْتَسَلَات.

المُغْتَسَلُ: وہ پانی جس سے نہایا جائے۔

المِغْسَلُ: وہ چیز جس سے دھویا جائے۔

المَغْسِلَۃُ: وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔

الغِسْلِیْنُ: دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔

غَسْلَبَ. الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔

غَسَمَ (ن) غَسْمًا و اَغْسَمَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)

الغَسَمُ: سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔

الغُسَمُ والاَغْسَامُ: آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔

غَسَنَ (ن) غَسْنًا. الشَّیْءَ: چبانا۔

غُسَانُ القَلْبِ و غَسَّانُہٗ: دل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے "عَلِمْتُ اَنَّ ذٰلِکَ مِنْ غَسَّانِ قَلْبِکَ" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی سے ہے۔

الغَسَّانُ والغَیَسَانُ: جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ مِنْ غَسَّانِہٖ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔

الغَسَّانِیُّ: بہت خوبصورت۔

الغُسْنَۃُ والغُسْنَاۃُ: بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ: غُسْنَات و غُسُنَات.

الاَغْسَانُ: لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔

الغَیْسَانَۃُ: نرم و نازک عورت۔

غَسَا یَغْسُوْ غَسْوًا و غَسِیَ یَغْسَی غَسًی و اَغْسَی. اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

اَغْسَاہُ اللَّیْلُ: تاریکی ڈالنا۔

الغَسَاۃُ: کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات و غَسًی: شیخ (غَاسٍ) پیر فانی۔

غَشَّہٗ (ن) غَشًّا و غَشَّشَہٗ: خلاف ضمیر ظاہر کرنا اور خلاف مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔

اَغَشَّہٗ: دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔

اِغْتَشَّ و اِسْتَغَشَّ. الرَّجُلَ: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔

الغَشُّ: دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔

الغُشُّ: دھوکا باز۔ ج غُشُوْن.

الغَاشُّ: دھوکا باز ج غَشَشَۃٌ و غُشَّاش.

الغَشَشُ: گدلا پانی۔

الغِشَاشُ والغَشَاشُ: تاریکی کا اوّل و آخر۔ قَوْمٌ (غَشَشَۃٌ) دھوکہ باز لوگ۔

الغَرِن : کمزور۔

الغَرْیَن والغِرْیَن : تریا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بے وقوفی۔

الغِرْنِیق والغُرْنَیق والغُرْنُوق والغُرانق : ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ غُرَانِقٌ وصَبِیَّۃٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَۃٌ" ج غَرَانِق وغَرَانِیق وغَرانِقَۃ.

غَرَ یَغْرُو غَرْوًا. الرَّجُلُ : تعجب کرنا...... الجِلْدَ : سریش سے جوڑنا...... الشَّحْمُ قَلْبَہٗ : چربی کا دل پر چھا جانا۔

اَلْغَرْنُوقِی : ایک افریقی پھول کا نام۔

غَرِیَ یَغْرَیٰ غَرَاءً وغَرًا وغُرِیَ وغُرِّیَ واُغْرِیَ. بِکَذَا : بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَرِیَ الغَدِیْرُ : تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا ...... فُلَانٌ : بہت زیادہ غضبناک ہونا (...... غَرَاۃٌ) بِہٖ : چمٹنا۔ لازم ہونا۔

غَرّٰی تَغْرِیَۃً. الشَّیْءَ : سریش سے جوڑنا۔

اَغْرَی. الرَّجُلُ بِکَذَا : برانگیختہ کرنا۔ اَغْرَی العَدَاوَۃَ بَیْنَھُمْ : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔

غَارَی غِرَاءً ومُغَارَاۃً. فُلَانًا : سخت جھگڑا کرنا...... بَیْنَ الشَّیئَیْنِ : ایک کے بعد دوسرے کا لگا تار کرنا۔

الغَرَاء والغِرَاء : ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیٔی۔ الغِرَاءُ : خوبصورتی۔

الغَرَاء والغَرْوَی : خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لَا غَرْوَ ولَا غَرْوَیٰ مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔

الغَرِیُّ : خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔

المِغْرَاۃ : سریش پگھلانے کا آلہ۔

غَزَّ (ن) غَزَزًا واغْتَزَّ. بِفُلَانٍ : خاص کرنا...... الإبِلَ او الصَّبِیَّ : اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کے لئے رنگی ہوئی اون لٹکانا۔

غَازَّہٗ مُغَازَّۃً : سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔

اَغَزَّ. الشَّجَرُ : درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ البَقَرَۃُ : گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔

تَغَازَّ. القَوْمُ الشَّیْءَ : آپس میں جھگڑا کرنا۔

الغُزُّ : جنرا۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّیٌّ)

غَزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَۃً وغُزُرًا. الـمَاءُ وغیرہ : پانی وغیرہ کا کثیر ہونا۔ غَزُرَتِ النَّاقَۃُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

تَغَزَّرَ الرَّجُلُ : زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔

غَازَرَ واسْتَغْزَرَ : زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا۔

الغَزْرُ : مص۔ کھجور کے پتوں کی بکری۔

...... والغَزَارَۃ : کثرت۔

اَلْغَزْرُ : باریک کانوں کا بورا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔

الغَزِیْرُ : ہر چیز کا بہت۔ ج غِزَار.

الغَزِیْرَۃ : مؤنث غَزِیْر ...... مِنَ النُّوقِ : بہت دودھ والی اونٹنی ...... مِنَ العُیُوْنِ : بہت آنسوؤں والی آنکھ ...... مِنَ الآبَارِ والیَنَابِیْعِ : بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار.

المِغْزَار. مِنَ الإبِلِ : بہت دودھ والی اونٹنی۔

مَکَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔

غَزَلَ (ض) غَزْلًا واغْتَزَلَ. الصُّوفَ : اون کاتنا۔

غَزِلَ (س) غَزَلًا بِالنِّسَاءِ : عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔

غَازَلَ. المَرْاَۃَ : عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الاَرْبَعِیْنَ مِنَ العُمُرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہو گیا او "ھُوَ یُغَازِلُ رَغَدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔

اَغْزَلَتْ. الظَّبْیَۃُ : ہرنی کا بچے والی ہونا...... المَرْاَۃُ : عورت کا تکلا گھمانا۔

تَغَزَّلَ. فُلَانٌ : بتکلف عشق بازی کرنا۔

تـغـازل القَوْمُ : بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔

الغَزْل : مص۔ کاتا ہوا۔

الغَزَل : مص۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔

الغَزَال : ہرن کا بچہ۔ ج غِزَلَۃ وغِزْلَانٌ. ثَمَّ

الغَزَال : نام ایک نباتات کا۔

الغَزَالَۃ : غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَۃُ الضُّحٰی وغَزَالَتُہٗ : چاشت کی ابتداء۔

الغَزِل : عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔

الغَازِلَۃ : کاتنے والی۔ ج غُزَّل وغوازل۔

الغَزِیْل : عورتوں سے باتیں کرنے والا۔

الغَزَّال : بہت کاتنے والا۔

الاَغْزَل. غزل : کا اسم تفضیل۔

مِنَ الحُمّٰی : بار بار آنے والا بخار۔

المِغْزَل والمَغْزَل والمُغْزَل : تکلا ج مَغَازِل:

غَزَاہُ یَغْزُوْہُ غَزْوًا : طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ مَا یَغْزِیْ مِنْ ھٰذَا الـکَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔

غَـزْوًا وغَزَاوَۃً وغَزَوَانًا. القَوْمَ : کسی قوم سے جنگ کے لئے چلنا۔ جہاد کے لئے نکلنا۔

غَـزّٰی واَغْزٰی. فُلَانًا : جہاد کے لئے بھیجا جانا۔ سامان دینا، برانگیختہ کرنا...... ۃ : مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کر دینا۔

اِغْتَزٰی اِغْتِزَاءً. فُلَانًا : قصد کرنا...... بِہٖ : مخصوص کرنا۔

الغَزْوَۃ. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوَات.

کے دائیں بائیں پائی جاتی ہیں۔

غَرْغَرَ غَرْغَرَةً : غرغرہ کرنا۔ غرغرت القِدْرُ : ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غَرْغَرَةً : ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح : حلق میں نیزہ مارنا...... الرَّجُلُ : آواز کو گیر نکالنا۔ موت کے وقت خرخر کرنا...... اللَّحْمُ : گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔

تَغَرْغَرَ. بِالْمَاءِ او الدَّوَاءِ : پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔

الغِرْغِر : ایک قسم کی مرغی جس کو جنگلی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَة)

الغُرْغُور : بمعنی الغُرَيْر (دیکھئے الغُرَيْر)

الغُرْغُرَة : بوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔

غَرَفَ (ض) غَرْفًا. الشَّيْءَ : کاٹنا۔ نَاصِيَتَهُ : پیشانی کے بال کترنا۔

واغْتَرَفَ. المَاءَ بِيَدِهِ : پانی کا چلو لینا۔

تَغَرَّفَهُ : کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔

اِنْغَرَفَ. الشَّيْءُ : کٹنا۔ مرنا اور ٹوٹنا...... العَظْمُ : ہڈی کا ٹوٹنا...... فُلَانٌ : مرنا۔

الغَرْف : بمعنی (...... والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔

الغِرْفَة : چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غِرَف.

الغُرْفَة : چلو۔ ج غِرَاف...... : کوٹھری کے اندر کوٹھری۔ بالاخانہ۔ بالوں کا گچھا۔ ج غُرَف وغُرُفَات وغُرَفَات وغُرْفَات.

الغَارِفَة مؤنث غَارِف : اسم فاعل...... مِنَ النُّوقِ : تیز دوڑنے والی اونٹنی۔ ج غَوَارِف.

الغَرَّاف : ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔

الغَرَّاف : بہت چلو لینے والا۔ نَهْرٌ غَرَّاف : بہت پانی کی نہر۔ غَيْثٌ غَرَّاف : بہت بارش۔

الغَرُوف. مِنَ الآبَارِ : وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔

الغَرِيف. مِنَ الشَّجَرِ : گھنا درخت۔ بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔

الغَرِيفَة : گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے تلے کے نچلے حصہ کا چمڑا۔

المِغْرَف : تیز رفتار گھوڑا اور "فَارِسٌ مِغْرَف" بھی کہا جاتا ہے ج مَغَارِف.

المِغْرَفَة : چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف.

غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِي المَاءِ : ڈوبنا۔ صفت (غَرِق وغَارِق وغَرِيق) ج غَرْقَى

غَرِقَ فُلَانٌ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستغنی ہونا۔

غَرَقَ (ن) غَرْقًا. مِنَ اللَّبَنِ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔

أَغْرَقَ. فِي الأَمْرِ : مبالغہ کرنا۔

أَغْرَقَهُ وغَرَّقَهُ : ڈبو دینا۔ أَغْرَقَ وغَرَّقَ فِي الْقَوْسِ : کمان کو بہت زیادہ کھینچنا۔ أَغْرَقَ وغَرَّقَ اللِّجَامَ بِالفِضَّةِ : لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَغْرَقَ أَعْمَالَهُ بِالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمال صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔

غَارَقَهُ : قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي لَمِنِيَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔

اِغْتَرَقَ. النَّفَسَ : بہت ہانپنا۔

لَتَغِيرُ التَّصْدِيرَ : اونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔

الفَرَسُ الخَيْلَ : گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَغْتَرِقُ العَيْنَ" : یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔

اِسْتَغْرَقَ. الشَّيْءَ : کل لے لینا...... الغَايَةَ : مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا...... فِي النَّوْمِ : گہری نیند سونا...... فِي الضَّحِكِ : کھلکھلا کر ہنسنا۔

اِغْرَوْرَقَتْ. العَيْنُ : ڈبڈبا آنا

الغُرْقَة : دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق.

غَرْقَلَتِ. الدَّجَاجَةُ بَيْضَتَهَا : مرغی کا کچا انڈا دینا...... البَيْضَةُ : کچا انڈا گرنا۔

الغِرْقِئُ : انڈے کے سفیدی کی جھلی۔ انڈے کی سفیدی۔

غَرِلَ (س) غَرَلًا. الصَّبِيُّ : بچے کا غیر مختون ہونا۔ صفت (أَغْرَل) مؤنث غَرْلَاء ج غُرْل.

الغَرِل : ڈھیلا ڈھالا آدمی۔ بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ۔

الأَغْرَل : ارزانی کا سال۔ خوش عیش زندگی۔

الغُرْلَة : چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں۔

غَرِمَ (س) غُرْمًا وغَرَامَةً ومَغْرَمًا. الدَّيْنَ ونَحْوَهُ : قرض وغیرہ ادا کرنا۔ فِي التِّجَارَةِ : تجارت میں نقصان اٹھانا۔

أَغْرَمَهُ وغَرَّمَهُ الدَّيْنَ : قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَّحَابُ" یعنی بارش ہوئی۔

أُغْرِمَ. بِالشَّيْءِ : بہت خواہش مند ہونا۔

تَغَرَّمَ : تاوان برداشت کرنا۔

اِغْتَرَمَ : تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔

الغَرَامَة والغُرْم : تاوان۔ مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ضرر۔ مشقت۔

الغَرَام : اشتیاق۔ محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو۔ ہلاکت۔ عذاب۔

الغَرِيم : قرض خواہ۔ قرض دار۔ مخالف۔ ج غُرَمَاء وغُرَّام.

الغَرَامَاتِيقُ او الغَرَامَاطِيقُ : وہ علم جو بولنے اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف، علم نحو اور علم عروض۔ اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے۔

المَغْرَم : تاوان۔ ج مَغَارِم.

غَرِنَ (س) غَرَنًا العَجِينُ : گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔

الغِرْبَال : چھلنی۔ دف۔ چغل خور ج غَرَابِيْل.

المُغَرْبَل : مفع۔ گھٹیا۔ پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال پذیر ملک۔

الغِرْبِيْل : چھلنی۔ دف۔ چغل خور۔

غَرِثَ (س) غَرَثًا : بھوکا ہونا۔ صفت(غَرْثَان) ج غَرْثَى وغَرَاثَى وغِرَاث: مؤنث(غَرْثَى) ج غِرَاث.

غَرَّثَ. الكَلْبَ : کتے کو بھوکا رکھنا۔

الغَرِث والغَارِث : بھوکا۔

غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرَّدَ وأَغْرَدَ وتَغَرَّدَ. الطَائِرُ : پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور گٹکری کرنا أَغْرَدَهُ الطَائِر : گا کر خوش کرنا۔

اِسْتَغْرَدَهُ : گانے پر برانگیختہ کرنا۔

الأُغْرُوْد والأُغْرُوْدَة : پرندہ کی سریلی آواز ج أَغَارِيْد.

الغَرْد والغَرِد والغِرِّيْد : گانے والا۔

غَرَزَهُ (ض) غَرْزًا. بِالإِبْرَة ونَحْوِهَا : سوئی وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الإِبْرَةَ فِي الشَّئْ : داخل کرنا۔

الرَاكِبُ رِجْلَهُ فِيْ الغَرْزِ : رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ عُوْدًا بِالأَرْضِ : زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غَرَزَتِ الجَرَادَةُ : انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت(غَارِزٌ وغَارِزَةٌ)

غَرَّزَ. الإِبرة فِي الشَّئْ : داخل کرنا۔

غَرَّزَتِ الجَرَادَةُ: انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا۔

الغَنَم : بکری کو موٹی ہونے کے لئے دوھنے سے چھوڑ دینا۔

أَغْرَزَ. الإِبْرَةَ : بمعنی غَرَزَ...... الوَادِي: غرز نامی پودہ اگانا...... فِي الشَّئْ : داخل ہونا۔

اِغْتَرَزَ السَّيْر : روانگی قریب ہونا...... فُلانٌ السَّيْرَ : روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا...... الرَاكِبُ رِجْلَهُ فِيْ الغَرْزِ : سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔

الغَرْز : مص۔ رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غُرُوْز : کہا جاتا ہے "اِلْزَمْ غَرْزَ فُلانٍ" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "أُشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهِ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دو۔

الغَرَز : ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔

الغَرِيْزَة : طبیعت ج غَرَائِز.

الغَارِز : فا۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔ عُيُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے۔

التَغْرِيْز : کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے نکل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِيْز.

المَغْرِز : گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِز.

غَرَسَ (س) غَرْسًا وغِرَاسَةً الشَجَرَ : درخت کا پودہ لگانا۔

اِنْغَرَسَ : پودہ لگنا۔

الغَرْسُ : مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غِرَاس وأَغْرَاس.

الغِرْس : پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج أَغْرَاس.

الغَرِيْس : پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔

الغَرِيْسَة : کھجور کا پودا جو ابھی اُگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غَرَائِس وغِرَاس.

الغِرَاس : پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الغِرَاس" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الحَصَاد".

المَغْرِس : پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس.

الغِرْش. مِنَ المسكوكات : ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غُرُوْش.

غَرِضَ (س) غَرَضًا. إِلَيْهِ : مشتاق ہونا۔ صفت(غَرِض) ...... مِنْهُ : تنگ دل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔

غَرَضَ (ض) غَرْضًا. الإِنَاءَ : برتن بھرنا۔ کم بھرنا...... الشَّئْ : تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے(...... غَرِيْضًا) لَهُ : تازہ دودھ پلانا۔

غَرُضَ (ک) غَرَضًا: اللَحْمُ : گوشت تازہ ہونا۔ صفت(غَرِيْض) ج أَغَارِيْض.

غَرَّضَ : مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا...... الشَّئْ : تازہ چننا...... فِيْ سِقَايَهِ : مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَحْرٌ لا يُغَرَّضُ" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا۔ غَرَّضَ فُلانًا : نشانہ بنانا۔

أَغْرَضَ. فُلانًا : تنگ دل کرنا...... الغَرَضَ : نشانہ پر ٹھیک مارنا...... الإِنَاءَ : برتن بھرنا۔

غَارَضَ. الإِبِلَ : اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔

تَغَرَّضَ وانْغَرَضَ. الغُصْنُ : شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔

اِغْتَرَضَ. الشَّئْ : کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔

اُغْتُرِضَ فُلانٌ : جوان مرنا۔

الغَارِض : فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "آتِيْهِ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتداء میں۔

الغَرْض : مص۔ وادی کی ناقص شاخ ج غُرْضَان وغِرْضَان وأَغْرُض...... : کجاوہ کا تنگ ج أَغْرَاض وغُرُوْض.

الغُرْضَة: کجاوہ کا تنگ۔ ج غُرُض وغُرُوْض۔

الغَرَض: مص۔ مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَكَ" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج أَغْرَاض.

الغَرِيْض : طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔

الإِغْرِيْض : شگوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ ج أَغَارِيْض.

المَغْرِض : اونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِض۔

المَغْرُوْض: مفع بارش کا پانی۔

الغُرْضُوْف : نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غَرَاضِيْف. الغُرْضُوْفَان : دو لکڑیاں جو کجاوہ

الغُرْنُر: کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْمَنُ مِنَ غُرْنُرٍ" اور اس کا نام ہُغَرُ اور غُرْغُوْز بھی ہے۔

الاَغَرُّ: خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔ سردار شریف...... مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرم دن۔ مِنَ الخَیْلِ: پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ و غُرَّان.

الغِرَارَةُ: بورا۔ تھیلا۔ ج غَرَائِر.

الغُرَّانُ: پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرَّانِهِ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔

المُغَارُ: کم دودھ والی اونٹنی۔ ج مَغَارٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُ الكَفِّ" یعنی بخیل ہے۔

المَغْرُوْرُ: مقع۔ فریب خوردہ۔

غَرَبَ (ن) غَرْبًا: جانا...... فُلَانٌ عَنَّا: جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا...... فِیْ سَفَرِهٖ: طویل سفر کرنا۔ (...... غروبا) الرجل: دور ہونا...... النجم: ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔

غَرَبَ (ن) غُرْبَةً و غُرْبًا و غَرَابَةً: پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔

غَرُبَ (ک) غَرَابَةً. الكَلَامُ: مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا...... الشَّیْءُ: غیر مالوس ہونا۔

غَرِبَ (س) غَرَبًا: لوے چہرہ کالا ہونا۔

غَرَّبَ: دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا...... ہ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر براگیختہ کرنا۔ جلا وطن کرنا...... فِی الاَرْضِ: دور تک لے جانا۔

اَغْرَبَ: مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا...... فِی الضَّحْكِ و نَحْوِهٖ: مبالغہ کرنا...... الحَوْضَ: حوض کو بھرنا...... الفَرَسُ فِیْ جَرْيِهٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے...... ہ: علیحدہ کرنا اَغْرَبَ واُغْرِبَ بِالنَّزِیْفِ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَیْهِ وَ بِهٖ: برا سلوک کرنا۔

تَغَرَّبَ: وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔

اِغْتَرَبَ: وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔

اِسْتَغْرَبَ. الشَّیْءَ: نادر پانا یا سمجھنا...... اللَّمْعَ: آنسو بہانا...... واُسْتُغْرِبَ. فِی الضَّحْكِ: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔

عَلِقَ (س) عُلُوْقًا وعِلْقًا وعَلَقًا وعَلَاقَةً فُلَانًا وعَلِقَ بِهٖ: محبت کرنا۔ حُبُّهُ بِقَلْبِهٖ: محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَلِقَ مِنْهُ كُلَّ مَعْلَقٍ" یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہوگئی۔ عَلِقَ فَمَ فُلَانٍ: کُل کرنا۔ ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کے لئے عَلِقَ مَعَالِيْقَهُ: بولتے ہیں (...... عِلْقًا) اَمْرَهُ: جاننا۔ عَلِقَ يَفْعَلُ كَذَا: کرنے لگا۔

عُلِقَ الرَّجُلُ: گلے میں جونک لگایا جانا۔ جس کو لگایا جائے اس کو مَعْلُوْق کہتے ہیں۔

عَلَّقَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ وعَلَيْهِ ومِنْهُ: لٹکانا...... الاَمْرَ: چمٹ جانا...... البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بَابًا عَلٰى دَارِهٖ: دروازہ لگانا۔

عُلِقَهُ: دل کا مائل ہونا۔

اَعْلَقَ الرَّجُلُ: جونک لگانا...... القَوْسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا...... الصَّائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا...... اَظْفَارَهُ بِالشَّيْءِ: ناخن چبھو دینا...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: لٹکا دینا۔

تَعَلَّقَ الشَّيْءَ: لٹکانا...... الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ: کانٹے کا کپڑے سے اُلجھنا...... الصَّيْدُ بِالْحِبَالَةِ: شکار کا جال میں پھنسنا (...... واِعْتَلَقَ) فُلَانًا وبِهٖ: محبت کرنا۔

العَلَقُ: مص اور کہا جاتا ہے "فِيْ ثَوْبِهٖ عَلَقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے الجھنے سے پھٹن ہے (...... والعِلْقُ) ہر چیز کا نفیس۔ تھیلا۔ ج اَعْلَاق وعُلُوْق کہا جاتا ہے "هُوَ عِلْقُ عِلْمٍ" یعنی وہ علم کا شائق ہے۔

العَلَقُ: مص۔ خون۔ ہاتھ سے چپٹنے والی مٹی۔ لٹکائی ہوئی چیز۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَة.

العِلْقَة: لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔

العُلْقَة: درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلق ج عُلَق: کہا جاتا ہے "لِيْ فِيْ هٰذَا المَالِ عُلْقَة" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے "لَمْ يَبْقَ عِنْدَهٗ عُلْقَة" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔

العُلَّق: موت۔ جماعت کثیرہ۔ اشغال۔

العَلَاق: درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلایے کے طور پر کھائیں۔

العَلَاقَة: مص۔ دوستی۔ دشمنی۔ موت۔ گزر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد۔ تعلق۔ محبت۔ ج عَلَائِق کہا جاتا ہے "لِيْ فِيْ هٰذَا الاَمْرِ عَلَاقَة" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔

العِلَاقَة: ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔ ج عَلَائِق.

العَلُوْق: مصیبت۔ موت۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی چلائی۔

العَوْلَق: بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوک۔ ذم۔

العَلِيْق: جانوروں کا چارہ جیسے جَو وغیرہ۔

العُلَّيْق والعُلَّيْقٰى: ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔

التَّعْلِيْقَة: کتاب کا حاشیہ۔ ج تَعَالِيْق.

المُعَلَّقَة: مؤنث مُعلّق: وہ عورت جس کا شوہر غائب ہوگیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔

المُعَلَّقَات: زمانہ جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔

المِعْلَق: پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔

المِعْلَاق: زبان۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ج مَعَالِيْق. ورَجُلٌ مِعْلَاقٌ: جھگڑالو۔

عوام کے نزدیک (مِعْلَاق) کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے، جگر، دل پر ہوتا ہے اور فصیح (مُسْحَارَة) ہے۔

عَلْقَمَ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا...... الطَّعَامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔

العَلْقَم: اندرائن، حنظل۔ ہر کڑوی چیز۔

عَلَكَ (ن ض) عَلْكًا. العِلْكَ ونَحْوَهُ: چبانا...... نَابَيْهِ: دانت پیسنا۔

عَلَكَ الجِلْدَ: کھال کی کسی طرح سے

العُلْبَة : چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن ج عِلاَب وعُلَب.

العِلْبَة: درخت کی موٹی گرہ ج عِلَب.

العِلْبَاء : گردن کے پہلو کا پٹھا ج عَلاَبِيّ کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلْبَاؤُهُ" وہ بوڑھا ہو گیا۔

عَلَثَ (ض) عَلْثًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا۔ کہا جاتا ہے علث البُرَّ بالشعيرِ : گیہوں کو جو میں ملا دیا...... الزَّنْدُ : چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

عَلِثَ (س) عَلَثًا القَوْمُ: آپس میں سختی سے لڑنا۔

تَعَلَّثَ لَهُ الذُّنُوبَ : حیلہ کرنا۔ مکر کرنا۔ بِه : چمٹنا...... الشَّيْءَ: اچھی طرح نہ بنانا۔

اِعْتَلَثَ: بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا۔

العَلَث : گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (...... والعَلِيثَة) گیہوں جَو سے ملا ہوا۔

العُلاَثَة : دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز اِدھر اُدھر سے جمع کرنے والا آدمی۔

اَعْلاَثُ. الــزَّادِ : جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔

العَلِيث : جو گیہوں کے روٹی۔

العَلِــثُ والـمُعْلِـث : جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔

عَلَجَهُ (ن) عَلْجًا : معالجہ میں غالب آنا۔

عَلِجَ (س) عَلَجًا : مضبوط ہونا۔

عَـالَجَهُ مُعَالَجَةً وعِلاَجًا : مشق کرنا...... الْمَرِيْضَ : بیمار کا علاج کرنا۔

تَعَلَّجَ الرَّمَلُ : ریت کا اکٹھا ہونا۔

تَـعَـالَجَ : علاج کرنا...... الـقَوْمُ: آپس میں جنگ کرنا۔

اِعْتَـلَـجَ الـقَــوْمُ : لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔

اِعْتَـلَـجَتِ الْوَحْـشُ : ایک دوسرے کو مارنا...... الْأَرْضُ: لمبے لمبے سبزہ والی ہونا...... الْاَمْـوَاجُ : موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے: اِعْتَـلَـجَتِ الْهُمُوْمُ فِيْ صَدْرِه" غم اس کے سینہ میں موج مارنے لگے۔

الرَّمَلُ: ریت کا جمع ہونا۔

اِسْتَعْلَجَ جِلْدُهُ : کھال کا موٹا ہونا۔

فُلاَنٌ : داڑھی نکلنا۔

العِلْج : گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔ ج عُلُوج واَعْلاَج وعِلَجَة.

رَجُلٌ عَلْـجٌ وعَلِجٌ وعُلَج وعُلُجٌّ: مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔

العِلاَج : دواء۔ مشق۔ دفاع۔

العَلَج : چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔

العَلُوْج : پیغام۔ پیغامبر۔

العُلْجَان : کانٹے دار درخت۔

العَـلْـجَـم : لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا تالاب۔

العُلْجُمُ والعُلْجُوْم: بہت سیاہ۔

العُلْجُوْم : بہت کھجوروں والا باغ۔ سمندر کی موج۔ رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر بطخ۔ نر شترمرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج عَلاَجِيْم۔

عَلِدَ عَلَدًا: سخت ومضبوط ہونا۔ صفت عَلِد.

العَلْد : گردن کا پٹھا۔ ج اَعْلاَد.

العَلَنْدَى والعُلَنْدَى مِنْ كُلِّ شَيْئٍ : سخت و موٹا ج عَلاَنِد وعُلاَدَى.

العَلَنْدَد. مِنْ كُلِّ شَيْئٍ : سخت موٹا۔

العَلَنْدَس : بہت سخت۔ العَلَنْدَسَة : مؤنث

العَلَنْىِ: چیچڑ۔ بندۂ شکم۔

عَلِزَ (س) عَلَزًا وعَلَزَانًا : بےچین ہونا۔ صفت عَلِـزٌ. عَلِزًا اِلَى الشَّيْئِ : مائل ہونا۔ مشتاق ہونا...... مِنْ كَذَا : بہ تکلف مریض بننا۔

اَعْلَزَهُ : عاجز کرنا...... هُ الوَجْعُ : بےچین کر دینا۔

عَلَسَ (ض) عَلْسًا المَاءَ : پینا...... الْاِبِلُ : اونٹ کا کھانے کے لئے کچھ نہ پانا۔

عَـلِــسَ. الـدَّاءُ : مرض کا سخت ہونا...... الـرَّجُلُ: شور مچانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَسْنَاهُ تَعْلِيْسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔

العَلْــس والعَلاَس والعَلُوْس : خوراک کھانا۔

العَلَس : گیہوں کی ایک قسم۔ مسور ایک قسم کی چیونٹی۔ چچڑی۔

المُعَلَّس : تجربہ کیا ہوا۔

العِلَّوْش : گیدڑ۔ بھیڑیا۔

عَلِصَتِ التُّخَمَةُ فِيْ مِعْدَتِه : بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔

عَالَصَهُ عِلاَصًا : ایک دوسرے کو مارنا۔

اِعْتَلَصَ مِنْهُ شَيْئًا : تھوڑا سا لینا۔

العُلْصَة : تھوڑا سا۔

العِـلَّوْص : بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ عِـلَّـوْصٌ" بدہضمی والا مرد۔

عَلَصَهُ (ض) عَـلْـصًـا. الوَتَدَ ونَحْوَهُ : کھونٹ کو اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

عَلَطَ (ن ض) عَـلْطًا وعَلَطَ النَّاقَة : اونٹنی پر داغ لگانا...... هُ بِشَــرٍ : بدگوئی کرنا۔ عَـلَطَ البَعِيْرَ: اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔

تَعَلَّطَ. القَوْسَ : تانت چڑھانا۔

اِعْتَلَطَ. الرَّجُلُ وبِه : جھگڑا کرنا۔

اِعْلَوَّطَ. البَعِيْرَ : اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا...... الْاَمْــرَ : بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔

العُلُط مِنَ النُّوقِ : بےنشان و بےمہار اونٹنی ج اَعْلاَط. اَعْلاَط الكَوَاكِب : بےنام کے ستارے۔

العُلْطَة : گردن کا پٹہ۔ ج عُلَط.

العِلاَط : گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی وجھگڑا۔ اونٹ کی گردن کی رسی ج اَعْلِطَة وعُلُط (...... والاعْلِيط) اونٹ کی گردن کا نشان۔

عَلَفَ (ض) عَـلْـفًـا وعَـلَّفَ واَعْلَفَ الدَّابَّةَ : جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ الـنَّوْفَلُ بہت پینا۔

اَعْلَفَ وعَلَّفَ الطَّلْحَ : پھل نکلنا۔

أعْكَمَهُ: باندھنے میں مدد دینا۔ بندھوانا۔

عَاكَمَهُ مُعَاكَمَةً عَلَى فُلَانٍ: مدد کرنا۔

اِعْتَكَمَ الشَّیْءُ: ڈھیر لگنا۔

العِكْمُ ج اعكام وعكوم. لعكام ج عُكُم: گٹھری۔

العِكَم: بوری۔ بنڈل۔ گٹھری۔ کنوئیں کی چرخی۔ عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عُكُومٌ عَنْ كَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے بھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔

العُكْمُ: پُرگوشت۔

تَعَكَّنَ البَطْنُ: موٹاپے کی وجہ سے سلوٹ پڑنا۔

العُكْنَةُ: پیٹ کی سلوٹ۔ ج عُكَن وأعْكَان ودِرْعٌ ذَاتُ عُكَنٍ: وسیع وکشادہ زرہ۔

العِكَان: گلا۔

العَكْنَاءُ مِنَ النُّوقِ او الشَّاءِ: موٹے تھن والی اونٹنی یا بکری۔

العَكْنَان: بہت اونٹ۔ بہت شترمرغ۔

عَكَا يَعْكُو عَكْوًا. ذَنَبَ الدَّابَّةِ: جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مَعْكُوٌّ" یعنی دم مڑا ہوا گھوڑا۔۔۔۔۔ هُ فِی الحَدِیدِ: قید کرنا اور باندھنا۔ عَكَتِ الإبِلُ: موٹا ہونا۔ عَكَا الضَّبُّ بِذَنَبِهِ: گوہ کا اپنی دم کو موڑنا۔ الدُّخَانُ: دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔۔۔۔۔ عَلَى قَوْمِهِ: مائل ہونا۔۔۔۔۔ بِإزَارِهِ: ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔

العَكْوَةُ والعُكْوَةُ: جانور کی دم کی جڑ۔ زبان کی جڑ۔ ازار بند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ہر چیز کی موٹائی۔ العكوه: گلا۔ ج عُكًا وعِكَاءٌ.

المُعَكَّى مِنَ البَانِ الضَّانِ: ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔

الأعْكَى: سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا۔ مؤنث عَكْوَاءُ.

عَكَى يَعْكِي عَكْيًا وعَكِيَ واعْكَى: مرنا۔

عَكَى بِإزَارِهِ: ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔۔۔۔۔ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت عَاكٍ ج عُكَاةٌ. أعْكَاهُ: مضبوط باندھنا۔ عَكَّى الدُّخَانُ: دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔

عَلَّ (ن ض) عَلًّا وعَلَلًا وتَعِلَّةً: دوسری مرتبہ پینا۔۔۔۔۔ هُ: دوسری مرتبہ پلانا۔۔۔۔۔ هُ ضَرْبًا: لگاتار مارنا۔

عَلَّ عِلَّةً: مریض ہونا۔

عَلَّلَهُ: بار بار پلانا۔ ۔ه بِكَذَا: مشغول کرنا۔ کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشَّیْءَ: علت بیان کرنا۔ دلیل سے ثابت کرنا۔۔۔۔۔ الكَلِمَةَ: کلمہ کی تعلیل کی وجہ سے بیان کرنا۔ تعلیل کرنا۔۔۔۔۔ الثَّمَرَةَ: بار بار پھل توڑنا۔ المَالَ: بہترین انتظام کرنا۔۔۔۔۔ هُ: علاج کرنا۔

أعَلَّ الرَّجُلَ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔۔۔۔۔ هُ اللّٰهُ: بیمار کرنا۔۔۔۔۔ الكَلِمَةَ: تعلیل کرنا۔

تَعَلَّلَ: حجت ظاہر کرنا۔۔۔۔۔ بِكَذَا: مشغول رہنا۔

تَعَلَّلَتْ وتَعَالَّتْ. المَرْأَةُ مِنْ نِفَاسِهَا: نفاس سے پاک ہوجانا۔ تَعَالَلَ الصَّبِیُّ ثَدْیَ أُمِّهِ: بچے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔

اِعْتَلَّ: مریض ہونا۔۔۔۔۔ بِالأمْرِ: مشغول رہنا۔ عذر بیان کرنا۔ اِعتلت الریح: نرم ہونا۔۔۔۔۔ هُ: بہتان لگانا۔ اِعتلت الکلمة: حرف علت والا ہونا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: دوسری مرتبہ پینا۔۔۔۔۔ عَنْهُ: اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔

العَلُّ: موٹا بڑا بکرا۔ بڑی عمر کا لاغر۔ بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت۔ ج أعْلَالٌ.

العَلَّةُ: بہلاوہ۔ سوکن ج عَلَّاتٌ کہا جاتا ہے بنو علات: یعنی ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولادِ اخیاف کہتے ہیں۔

عَلَّ. لعلَّ: میں ایک لغت ہے۔

العِلَّةُ: بیماری۔ مشغول کر دینے والا واقعہ اور اسی سے ہے "لَا يَعْدَمُ مَانِعٌ عِلَّةً" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الید کے بچانے کے لئے منع کر دیتا ہے عِلَّةُ الشَّیْءِ: سبب ج عِلَّاتٌ وعِلَلٌ ج أعْلَالٌ العِلَّاتُ: حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جَرَى عَلَى عِلَّاتِهِ" یعنی ہر حال میں۔ یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ والعِلَّةُ فِی العُرُوضِ: وہ تغیر جو اشعار کے عروض وضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حرف العلة: الف' واؤ' یا۔

العَلَلُ: دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے عَلَلٌ بَعْدَ نَهَلٍ: پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔

العُلَالَةُ والتَّعِلَّةُ: بہلاوہ۔ العُلَالَةُ: پہلی مرتبہ دودھ دوہنے کی مہلت کے بعد دوہا ہوا دودھ۔ بقیہ دودھ' نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی' دوڑ کے بعد دوڑ۔

العَلِیلُ: مریض ج أعِلَّاءُ.

المُعَلُّ والمَعْلُولُ: مریض۔

العَلِیلَةُ: مؤنث عَلِیلٍ: عورت جو بار بار خوشبو لگائے۔ ج عَلِیلَاتٌ وعَلَائِلُ.

الیَعْلُولُ: سفید حوض۔ پانی کا بلبلا۔ سفید بادل تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اونٹ۔ ج یَعَالِیلُ: یا زائدہ ہے۔

عَلَبَ (ن) عَلْبًا وعَلَّبَ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ نشان لگانا۔ خراش لگانا۔

عَلَبَ (ن) عَلْبًا وعَلِبَ (س) عَلَبًا: سخت ہونا۔ صفت عَلِب.

عَلَّبَ وعَلِبَ واسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ: سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السَّیْفُ: دندانہ دار ہونا۔

العَلْبُ: مار کا نشان (۔۔۔۔۔ والعِلْبُ والعَلِب) سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ سخت چیز ج عُلُوبٌ: کہا جاتا ہے "رُجلٌ عِلْبٌ" سخت ظالم آدمی۔

عُكَّازَتِهِ: ڈنڈے پر سہارا لینا۔ تَعَكَّزَ قَوْسَه: کمان کو سہارا بنانا۔

عَكِزَ (س) عَكَزًا: سکڑنا۔

عَكَّزَ الرُّمْحَ: نیزے میں پھل لگانا۔

العِكْزُ: بخیل۔ بدخلق۔

العُكَّاز والعُكَّازَة: ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عَكَاكِيز وعُكَّازات.

العَكَازِيل: شیر کا بچہ۔

عَكَسَ (ض) عَكْسًا الكَلَامَ و نَحْوَهُ: کلام کو اُلٹ دینا۔ الشَّيْءَ: آخر کو اول کی طرف کر دینا۔ زمین کی طرف جھکا دے کر کھینچنا اور پٹک دینا۔ البَعِيرَ: اونٹ کو نکیل لگا کر رسی کو ٹانگ سے باندھ دینا...... رَأسَ البَعِيرِ: اونٹ کے سر کو موڑنا...... ہ عَنِ الأَمْرِ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا...... عَلٰى فُلَانٍ أَمْرَهُ: کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا...... الطَّعَام: کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔

عَكِسَ (س) عَكَسًا: تنگ خو ہونا۔

عَاكَسَ مُعَاكَسَةً وعِكَاسًا الكَلَامَ: کلام کو پلٹ دینا...... ہ: ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا۔

تَعَكَّسَ فِي مِشْيَتِهِ: رینگ کر چلنا۔

تَعَاكَسَ واعْتَكَسَ وانْعَكَسَ: پلٹ جانا۔

اِعْتَكَسَ: دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔

عِكَاسُ البَعِيرِ: نکیل کی رسی جو اونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں۔

عَكْسُ القَضِيَّةِ: دوسرا قضیہ معکوس۔

التَّعَاكُسُ: علم ہیئت میں نقات کو معکوس کرنا۔

الاِنْعِكَاسُ: شعاع ضوئی کو الٹ کرنا جیسے آئینے کے منہ کو الٹ کرنا اور ساکن پانی کی سطح کو۔

اَلْمَعْكُوْسُ: علم حساب میں عدد کو مقلوب کرنا۔

العُكَّاس: زکڑی۔

العَكِيْس: دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے۔ رسی جس سے اونٹ کو روکتے ہیں۔

درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت لگتا ہے۔

العَكِيسَةُ: بہت سے اونٹ۔ تاریک رات۔

عَكِشَ (س) عَكَشًا الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا...... النبتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔

عَكَشَ (ض) عَكْشًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ صفت عَكِش: صفت مفعول معکوش...... الرجلَ: مضبوط باندھنا...... عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔

تَعَكَّشَ الأَمْرُ: دشوار ہونا...... الشَّيْءُ: سکڑنا...... الشَّعْر: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔

العَكِشُ مِنَ الشَّعْرِ: پیچیدہ اور تہ بتہ بال۔ بیکار و فضول آدمی۔ شَجَرَةٌ عَكِشَةٌ: بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔

العُكَاش والعُكَّاش والعُكَّاشَة والعُكَاشَة: مکڑی یا مکڑی کا جالا۔

عَكَصَه (س) عَكْصًا عَنْ حَاجَتِهِ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عَكِصَ (س) عَكَصًا: بدخو ہونا۔ صفت عَكِص عَكِصَتِ الدَّابَّةُ: سرکشی کرنا۔

تَعَكَّصَ بِكَذَا عَلَيْهِ: بخل کرنا۔

رَمْلَةٌ عَكِصَةٌ: دشوار گزار تودہ ریت۔

عَكَظَهُ (ض) عَكْظًا: مغلوب کرنا۔ فخر کو رد کر دینا۔ روکنا...... الشَّيْءَ: رگڑنا...... الادِيْمَ: چمڑے کو دباغت کے لئے رگڑنا۔

عَكَّظَ بِالشَّيْءِ: فخر کرنا۔ عَكَّظَهُ وعَكْعَكَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عَاكَظَهُ مُعَاكَظَةً: ٹال دینا۔

تَعَكَّظَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا...... القَوْمُ: اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

تَعَاكَظَ القَوْمُ: مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

العَكِظ والعَكِيْظ: چھوٹے قد والا۔

عُكَاظ: عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع و فروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر و مؤنث ہے)

عَكَفَهُ (ن ض) عَكْفًا عَنِ الأَمْرِ: منع کرنا...... ہ عَلَى الأَمْرِ: کسی چیز پر روکے رکھنا۔

(...... عَكْفًا وعُكُوفًا) القَوْمُ حَوْلَهُ وبِهِ: گرداگرد چکر لگانا۔ عَكَفَ عَلَى الأَمْرِ: ہمیشہ لازم رہنا (...... واعْتَكَفَ وتَعَكَّفَ) فِي المَكَانِ: بند رہنا۔

عَكَّفَ الجَوْهَرَ: تہ بتہ رکھنا...... الشَّعْرَ: بالوں کو گھنگریالا کرنا...... ہ عَنْ كَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔

عَاكَفَهُ مُعَاكَفَةً: لازم رہنا۔

العَكِفُ مِنَ الشَّعْرِ: گھنگریالے بال۔

العَاكِف: فا۔ مقیم۔ ج عَاكِفُونَ وعُكَّف وعُكُوْف شَعْرٌ مُعَكَّوْف: کنگھی چوٹی کے ہوئے بال۔

المُعْكَف: منع۔ مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔

عَكَلَ (ن ض) عَكْلًا الشَّيْءَ: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا...... المَتَاعَ: سامان رکھنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنا...... البَعِيرَ: اونٹ کو رسی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ عَكَلَ فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا...... فُلَانٌ: مرنا......

وأَعْكَلَ واعْتَكَلَ عَلَيْهِ: مشکل و مشتبہ ہونا۔

اِعْتَكَلَ الرَّجُلُ: جدا ہونا۔ الثَّوْرَانِ: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔

العُكُلُ والعِكْل: لئیم۔ کمینہ ج أَعْكَال.

المِعْكَال: فا۔ بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُكُل.

العِكَال: اونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔

المِعْكَل: چرواہے کی سوٹی جس کو وہ درخت سے بنا لیتا ہے۔ ج مَعَاكِل.

عَكَمَ (ض) عَكْمًا المَتَاعَ: سامان کی گٹھری باندھنا...... عَلَيْهِ: حملہ کرنا...... الرَّجُلَ: انکار کرنا...... عَنِ الأَمْرِ: [illegible] ...... ہ عَنْ زِيَارَتِهِ: ہٹانا...... البَعِيرَ: [illegible] باندھنا...... لِأَرْضٍ كَذَا: قصد کرنا۔

عُكِمَ عَنْهُ: ہٹایا جانا۔

عَكَمَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کا [illegible]۔

کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ عُقِرَتْ قَوَائِمُ البَعِیْرِ : کونچیں کٹ جانا۔

تَعَاقَرَ الرَّاجِیَانِ : اونٹ کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔

العَقْر : گھر کا درمیانی حصہ۔ محلّہ۔ قوم۔ بلند عمارت اترنے کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔

العُقْـر : عورت کا مہر۔ قوم کے اُترنے کی جگہ۔ حوض کا پچھلا حصہ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ گھر میں عمدہ جگہ۔ بہترین گھاس۔ قصیدے کا بہتر شعر۔ محل۔ ج أعْقَار. بیضة العُقْر : مرغی کا پہلا انڈا۔ العُقْر : بانجھ (...... والعُقْر) بڑی آگ۔

العَقْرة والعُقْرة والعَقَارَة : بانجھ پن۔

العَقْرَاء : مؤنث الأعْقَر : اونچا ٹیلہ۔

العَقَار : گھر کا سامان۔ جائیداد کا ہر غیر منقول چیز۔ سرخ رنگ ج عَقَارَات.

المَعْقَار : گھر کا سامان۔ عمدہ مال۔ بہترین گھاس۔ شراب۔

العَقْر والعَقْرة والمِعْقَر : جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ اِمرأة عقرة : رحم کی بیماری والی عورت۔

العَقَّار : بہت زخمی کرنے والا۔ درخت۔ جڑی بوٹی سے علاج کرنے والا۔ دوا۔ ج عَقَاقِیر.

العِقِّیر : صیغہ مبالغہ۔ درخت۔

العَقُوْر : کاٹ کھانے والا جانور ج عُقُر.

المُعْقِرة والعَاقُوْر والمِعْقَر والمِعْقَار والمُعَقِّر. مِنَ السروج : پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین۔

العَقِیر : زخمی۔ دہشت زدہ ج عَقْرَی.

رَجُلٌ عَقِیرٌ : بے اولاد مرد۔

العَقِیْرَة : زخمی شکار۔ کٹی ہوئی پنڈلی۔ گانے والے یا رونے والے یا پڑھنے والے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ عَقِیْرَتَه" آواز بلند کی۔ نَخْلَةٌ عَقِیْرَةٌ : کٹے ہوئے سر کا درخت خرما۔

العَاقِر : بانجھ عورت ج عُقَّر وعَوَاقِر.

رَجُلٌ عَاقِرٌ : بے اولاد مرد ج عُقَّر.

الأعْقَر : اونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں مؤنث عَقْرَاء ج عُقْر.

العَقْرَی : جائیداد۔

المُعْقِر : بہت جائیداد والا۔

أرْضٌ مَعْقَرة : بہت بچھوؤں والی زمین۔

العَقْرَب : بچھو۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور غالب تانیث ہے۔ اُمّ عَرِیْط او اُمّ ساهرة کنیت ہے اور کہا جاتا ہے کہ نر کو عقربان کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مادہ کو عَقْرَبَة کہتے ہیں۔ ج عَقَارِب.

العَقْرَب : آسمان کے ایک برج کا نام۔

العَقَارِب : سختیاں۔ چغلیاں۔ کہا جاتا ہے دَبَّتْ عَقَارِبُه. ودَبَّتْ مِنْهُ عَقَارِبُ السِّعَایَةِ واللّٰه لَتَدِبُّ عَقَارِبُه" یعنی وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عَیْشٌ ذُوْ عَقَارِبَ : سختی و تنگی کی زندگی۔ عَقَارِبُ الشِّتَاءِ : ٹھنڈک کی سختی۔ عَقْرَبُ السَّاعَةِ : گھڑی کی سوئی۔

العَقْرَبَاء : مادہ بچھو۔

أرْضٌ مُعَقْرِبَة : بہت بچھوؤں والی زمین۔

المُعَقْرَب : موڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔ گٹھا ہوا مضبوط جسم۔ کامل مددگار۔

العَقَرْطَلَ والعِقِرْطِل : مادہ ہاتھی۔ ہتھنی۔

عَقَشَ (ن) عَقْشًا. العُوْدَ : لکڑی کو موڑنا ...... المَالَ : جمع کرنا۔

عَقَصَ (ض) عَقْصًا. الشَّعْرَ : بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا ...... المَرْأَةُ شَعْرَهَا : عورت کا جوڑا باندھنا۔

عَقِصَ (س) عَقَصًا. التَّیْسُ : مینڈھے کا پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا ...... الرَّجُلُ : بخیل ہونا۔ بدخلق ہونا۔ مڑی ہوئی انگلی والا ہونا۔

العَقِص : بخیل۔ بدخلق۔ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

العُقْصَة. مِنَ القَرْنِ وغَیْرِہٖ : سینگ وغیرہ کی گرہ ج عُقَص.

العِقْصَة : چوٹی ج عِقَص وعِقَاص.

العَقِیْصَة : چوٹی ج عَقَائِص وعِقَاص.

العِقَاص : موباف ج عُقُص.

الأعْقَص : وہ شخص جس کی انگلیاں مڑی ہوئی ہوں۔ جس کے دو اگلے دانت اندر کو گھسے ہوئے ہوں۔ بخیل ...... مِنَ التُّیُوْسِ : مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ مؤنث عَقْصَاء ج عُقْص.

المِعْقَص : ٹیڑھا تیر۔ ج مَعَاقِص.

المِعْقَاص : مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ بکری۔

عَقْعَقَ عَقْعَقَةً الطَّائِرُ بِصَوْتِهِ : ٹکری کرنا۔

العَقْعَق : کوے کی شکل کا ایک پرندہ۔ کوّا۔ عوام اسے قعق کہتے ہیں اور عرب اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

عَقَفَ (ض) عَقْفًا وعَقَّفَ العُوْدَ ونَحْوَه : فَتَعَقَّفَ وانْعَقَفَ : کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔ پس مڑ جانا اور ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت أعْقَف ومَعْقُوْف.

العَقْفَاء : مؤنث اعقف : لکڑی یا لوہا جس کے کنارے پر کجی ہو مڑے ہوئے سینگ کی بکری ج عُقْف (...... والعُقَیْفَاء) ایک گھاس ہے جس سے بکریاں مر جاتی ہیں۔

العَقُوْف. مِنْ ضُرُوْعِ البَقَر : گائے کا تھن کہ دوہتے وقت دودھ سیدھا نہ نکلے۔

العُقَاف : بکریوں کا ایک مرض جس سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں ایسی بکری کو عاقف کہتے ہیں اور اس کی جمع عَوَاقِف ہے۔

العُقَّافَه : لکڑی جس کے ایک طرف کجی ہو

شَوْکَةٌ عَقِیْفَة : مڑا ہوا کانٹا۔

المَعْقُوْف : مڑا ہوا۔ وہ جانور جس کو عُقَاف کی بیماری ہو۔ شَیْخٌ مَعْقُوْف : خمیدہ کمر بڈھا۔

عَقَلَ (ن ض) عَقْلاً. الدَّوَاءُ بَطْنَه : دواء کا قبض کر دینا ...... البَعِیْرَ : ٹانگ ران ملا کر رسّی سے باندھنا ...... المَرْأَةُ شَعْرَهَا :

مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔

المُعَاقِب : فا۔ بدلہ لینے والا۔

المُعَقِّبَات : رات دن کے فرشتے۔ تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔

الیَعْقُوب : نر چکور۔ ج یَعَاقِیب یا زائدہ ہے۔

العُقْبُول والعُقْبُولَة : سختی۔ بیماری یا عداوت کا بقیہ۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقَابِیل.

عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ : گرہ لگانا۔ البَیْعَ او الیَمِینَ : بیع یا قسم کو پکا کرنا...... الحَاسِبُ : حساب لگانا...... ہ عَلَی الشَّیْءِ : معاہدہ کرنا...... لَہُ الشَّیْءَ : ضامن ہونا...... الخَیْطَ : دھاگے میں گرہ لگانا...... البَنَّاءُ : معمار کا محراب بنانا...... البِنَاءَ بِالجَصِّ : عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا...... الزَّھْرُ : پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا...... العَسَلُ و نَحْوُہ : شہد کا گاڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِیَتَہ" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کے لئے تیار ہوا۔ "عَقَدَ عُنُقَہُ اِلَیْہِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَہُ الرِّیَاسَۃَ فِی قَوْمِہِ" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنا دیا "عَقَدَ لَہُ عَلَی الجَیْشِ" یعنی اس کو لشکر کا سردار بنا دیا۔

عَقِدَ (س) عَقَدًا : گرہ دار زبان والا ہونا...... اللِّسَانُ : زبان کا رکنا۔ صفت اَعْقَد وعَقِد.

عَقَّدَ البَیْتَ : محراب بنانا...... الیَمِینَ : قسم کو پکا کرنا...... الحَبْلَ : رسی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا...... الکَلَامَ : مبہم کلام کرنا (...... واَعْقَدَ) الدِّبْسَ ونَحْوَہ : شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔

عَاقَدَہُ مُعَاقَدَۃ : معاہدہ کرنا۔

تَعَقَّدَ الدِّبْسُ : شیرہ کا گاڑھا ہونا...... الرَّمْلُ : ریت کا تہ بتہ ہونا...... السَّحَابُ : بادل کا محراب کے مانند ہونا...... الاَمْرُ : دشوار ہونا...... الاِخَاءُ : مضبوط ہونا۔

اِنْعَقَدَ : گرہ لگنا...... الاَمْرُ لِفُلَانٍ : خالص ہونا...... الدِّبْسُ : شیرہ کا گاڑھا ہونا الزَّھْرُ : پھول کے اجزاء کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔

تَعَاقَدَ القَوْمُ : ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔

اِعْتَقَدَ المَالَ : جمع کرنا...... الاَمْرَ : تصدیق کرنا۔ نہایت پختہ یقین رکھنا۔ دین بنانا...... الشَّیْءُ : سخت ہونا اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوَی" جبکہ گٹھلی سخت ہو جائے...... الاِخَاءُ بَیْنَھُمَا : سچی ہونا۔ ثابت ہونا۔ باندھنا الدُّرَّ وَنَحْوَہُ : موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔

العَقْد : محراب ج اعقاد و عقود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس، بیس، تیس نوے تک۔

العِقْد : ہار ج عُقُود.

العَقِد والعَقَد : ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَۃ والعَقَدَۃ.

العُقْدَۃ : گرہ۔ جائیداد۔ شہر کی حکومت حاکموں کی بیعت...... مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کی مضبوطی۔ اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔ بہت درختوں والی جگہ۔ جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقَدُہ" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

العَاقِد : فا۔ ج عَقَدَۃ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَاقِدًا عُنُقَہ" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔

العَاقِدَۃ : مؤنث عَاقِد. ج عَاقِد وعَاقِدَات العاقدات : جادوگرنیاں۔

العَقَدَۃ : زبان کی جڑ۔

العَقَّاد : بہت عقد کرنے والا۔ دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

العِقَادَۃ : دھاگہ گھنڈی بنانے کا پیشہ۔

العَقِید : معاہدہ کرنے والا...... مِنَ الدِّبْسِ : گاڑھا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَقِیدُ الکَرَمِ اَوِ اللُّؤْمِ" یعنی فلاں آدمی طبعاً کریم یا لئیم ہے۔

العَقِیدَۃ : جس پر پختہ یقین کیا جائے جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ ج عقائد.

الاَعْقَد : وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔ جس میں گرہیں ہوں۔ کتا یا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔ مؤنث عَقْدَاء : ج عُقْد.

العُنْقُود والعِنْقَاد مِنَ العِنَبِ ونحوہ : گچھا۔ ج عَنَاقِید.

المَعْقِد : گرہ بندھنے کی جگہ۔ جڑ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنِّی مَعْقِدَ الاِزَارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعَاقِد.

المَعَاقِد : وہ منازل جہاں بار بار لوٹ لوٹ کر آئیں۔

المِعْقَاد : بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔

المُعَقِّد : فا۔ جادوگر۔

المُعْتَقَد : اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔

عَقَرَہ (ض) عَقْرًا : زخمی کرنا۔ ذبح کرنا۔

عَقَرَ الاِبِلَ : کونچیں کاٹنا۔ عَقَرَہُ : چلنے سے روک دینا...... بالصَّیْدِ : شکار کے پیچھے لگانا.

عَقَرَت (ض) عَقْرًا وعُقْرًا وعُقُرًا و
عَقُرَت (ک) عُقْرًا وعَقَارَۃً وعِقَارًا و
عُقِرَتْ. المرأۃ او الناقۃ : بانجھ ہونا۔ صفت العَاقِر.

عَقُرَ (ک) عُقْرًا. الاَمْرُ : بے نتیجہ ہونا۔

عَقِرَ (س) عَقَرًا : وحشت زدہ ہونا۔ متحیر ہونا کانپنا۔

عَقَّرَ الاِبِلَ : اونٹ کو بہت زخمی کرنا۔

عَاقَرَ مُعَاقَرَۃً. الشَّیْءَ : لازم پکڑنا۔ ہمیشگی کرنا...... الخَمْرَ : شراب پینے میں عادت کرنا...... ہ : گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ ہجو کرنا۔ اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔

اَعْقَرَہُ : وحشت زدہ کرنا۔ اَعْقَرَ اللّٰہُ المَرْاَۃَ : عورت کو بانجھ کر دینا۔

تَعَقَّرَ النَّبَاتُ : نباتات کا لمبا ہونا...... شَحْمُ النَّاقَۃِ : چربی کا گٹھا ہوا ہونا...... [illegible] جائیداد زیادہ ہونا...... الغَیْثُ : [illegible] ہونا (...... واِعْتَقَرَ) والعَقْرُ ظَھْرُ [illegible] الرَّحْلِ او السَّرْجِ : کجاوہ یا زین سے [illegible]

کوزی ج عُقُق ج عِقَاق.

الْعَقِيق: سرخ مہرے۔ واحد عَقِيقَة: وادی اور ہر پانی بہنے کی جگہ جس کو سیلاب نے وسیع کر دیا ہو ج أَعِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال۔ عرب میں چند مقامات کے نام۔

الْعَقِيقَة: نوزائیدہ بچے کے بال۔ توشہ دان۔ نہر۔ بکری جو پیدائش کے ساتویں دن بال مونڈتے وقت ذبح کی جائے۔ تیر جس کو زمانہ جاہلیت میں سهم الاعتذار کہتے تھے اور خون کے بدلے کا فیصلہ کرنے کے لئے آسمان کی طرف پھینکتے تھے۔ اگر خون میں لت پت واپس آتا تھا تو قصاص لیتے تھے اور اگر صاف آتا تھا تو دیت پر مصالحت کر لیتے تھے۔

عِقَّان الكرم او النَّخِيل: شاخیں جو انگور کی بیل یا درخت خرما کی جڑ سے نکلیں۔

عَقَبَ (ض ن) عَقْبًا: ایڑی مارنا۔ عَقَبَ الْقَوْسَ او السَّهْمَ: پٹھا لپیٹنا...... عَقْبًا وعُقُوبًا وعَاقِبَةً الرَّجُلَ او مَكَانَ الرَّجُلِ: پیچھے آنا۔ جانشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَبَ الشَّيْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی۔

عَقِبَ عَقَبًا: ایڑی میں درد ہونا۔

عَقَّبَه: پیچھے آنا۔ پیچھے لانا۔ عَقَّبَ الصَّلٰوةَ: نماز پوری کر لینے کے بعد دعا وغیرہ کے لئے بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "عَقَّبَ الشَّيْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی...... فِي الْأَمْرِ: کسی چیز کے طلب کرنے کے لئے کوشش کرنا اور آمد و رفت رکھنا...... الْحَاكِمُ عَلٰى حُكْمِ سَلَفِهِ: حاکم کا اپنے سلف کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنا۔

عَقَّبَه: بدنام کرنا اور غلطیوں کو بیان کرنا۔

عَاقَبَه مُعَاقَبَةً: پیچھے آنا۔ عَاقَبَه فِي الرَّاحِلَةِ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔

عَاقَبَه عِقَابًا ومُعَاقَبَةً بِذَنْبِه وعَلٰى ذَنْبِه: مواخذہ کرنا۔ سزا دینا۔ اسم العقوبة.

أَعْقَبَه: جانشین ہونا۔ اچھا بدلہ دینا۔ عرب کہتے تھے "أَعْقَبْتُ الرَّجُلَ" یعنی بہترین بدلہ دیا اور "عَاقَبْتُه" یعنی برا بدلہ دیا۔ عَاقِبَة: اچھے بدلے کو اور عِقَاب برے بدلے کو کہتے ہیں۔ أَعْقَبَه فِي الرَّاحِلَةِ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔ أَعْقَبَ فُلَانٌ: مرنا اور اولاد چھوڑ جانا...... الْأَمْرُ: اچھا انجام ہونا...... الرَّجُلُ: برائی سے بھلائی کی طرف لوٹنا۔ أَعْقَبَتِ الْأَرْضُ: زمین کا چرے جانے کے بعد پھر سرسبز ہونا۔ کہا جاتا ہے "أُعْقِبَ عِزُّهٗ ذُلًّا" یعنی اس کی عزت ذلت سے بدل گئی۔

تَعَقَّبَه: تلاش کرنا۔ نقائص تلاش کرنا۔ پیروی کرنا۔ جرم پر گرفت کرنا۔ تَعَقَّبَ عَنِ الْخَبَرِ: شک کی وجہ سے خبر کو دوسری مرتبہ پوچھنا۔ تَعَقَّبَ مِنْ أَمْرِه: نادم ہونا۔

تَعَاقَبَ. الرَّجُلَانِ أَوِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ تَعَاقَبَا عَلَى الرَّاحِلَةِ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔ الْقَوْمُ فِي الشَّيْءِ أَوِ الْأَمْرِ: باری باری کرنا۔

تَعَاقَبُوا عَلٰى فُلَانٍ بِالضَّرْبِ: کسی کو مارنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِعْتَقَبَ الْبَائِعُ السِّلْعَةَ: قیمت پر قبضہ کرنے کے لئے سامان کو روک لینا...... الرَّجُلَ: قید کرنا...... مِنْ كَذَا نَدَامَةً: انجام میں ندامت اٹھانا...... الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مدد کرنا۔

اِسْتَعْقَبَه: عیوب و نقائص کو تلاش کرنا۔

الْعَقْب: ہر پیچھے آنے والی چیز۔

الْعَقْب والْعَقِب: ایڑی۔ بیٹا۔ پوتا۔ ج أَعْقَاب. أَعْقَابُ الْأُمُوْرِ: اُمور کے انجام۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَقِبَهٗ وبِعَقِبِهٖ" جانشین ہوا "رَجَعَ عَلٰى عَقِبِهٖ" وہ جلدی سے اسی راستے سے واپس گیا جس سے آیا تھا "وَطِئَ عَقِبَهٗ" وہ اس کے نشان قدم پر چلا۔ "سَافَرَ عَلٰى عَقِبِ الشَّهْرِ" اس نے مہینے کے آخر میں سفر کیا۔

الْعُقْب والْعُقُب: انجام۔ نتیجہ۔ ج أَعْقَاب.

الْعَقَب: پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے۔ ج أَعْقَاب.

الْعُقْبَة: باری۔ بدل۔ تم کہتے ہو "تَمَّتْ عُقْبَتُكَ" تمہاری باری پوری ہو گئی "أَخَذْتُ مِنْ أَسِيْرِي عُقْبَةً" میں نے اپنے قیدی سے بدلہ لے لیا۔ الْعُقْبَةُ مِنَ الْجَمَالِ: حسن کا اثر۔

الْعُقْبَة: کھانے کے بعد جو میٹھی چیز کھائی جائے۔ شوربے کا بقیہ حصہ جو ہانڈی والے کو دیا جائے۔ رات دن۔ اس لئے کہ یہ باری باری آتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُقْبَةُ بَنِي فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا آخری ہے ج عُقَب

أَبُو عُقْبَةَ: سور۔

الْعِقْبَة: حسن کا اثر۔

الْعَقَبَة: دشوار گزار گھاٹی۔ پہاڑی دشوار راستہ۔ ج عِقَاب وعَقَبَات.

الْعُقْبٰى: کام کا بدلہ۔ ہر چیز کا آخر۔ آخرت۔

الْعُقُوْبَة والْعِقَاب والْمُعَاقَبَة: بدی کا بدلہ۔ سزا۔

الْعُقَاب: ایک قوی شکاری پرندہ ج عِقْبَان وأَعْقُب: ج عَقَابِيْن. الْعُقَاب: ایک ستارے کا نام۔ حوض کی طرف پانی کی نالی۔ ٹیلہ۔ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے۔

الْعَقِيْب: پیرو۔ پیچھے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَقِيْبُهٗ" وہ اس کے پیچھے پیچھے آتا ہے۔

الْعَقُوْب: اُمور خیر میں پیروی کرنے والا۔ اچھا جانشین۔

الْعَاقِب: فا۔ نائب۔ اچھا جانشین۔

الْعَاقِبَة: مؤنث۔ عاقب۔ نسل۔ ہر چیز کا آخر۔ اچھا بدلہ۔ ج عواقب.

الْعُقْبَان: بمعنی عاقبت.

الْعُقَيْب: ایک شکاری پرندہ جو چوہے اور خرگوش وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کو "مُرَزَّة" بھی کہتے ہیں۔

الْمِعْقَب: ہانکنے میں ماہر۔ اوڑھنی۔ بالی۔

الْمِعْقَاب: وہ عورت جس کی عادت ہو کہ ایک بار لڑکا جنے اور دوسری مرتبہ لڑکی۔ وہ

وعَفِيك: مؤنث عَفكَاء ج عُفك.

الاَعْفَكُ: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

عَفَنَ (ض) عَفنًا وعَفْنَ اللَّحْمَ: گوشت کو بدبودار کرنا۔ عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

عَفِنَ (س) عَفَنًا وعُفُونَةً وتَعَفَّنَ الشَّيْءُ: تری کی وجہ سے خراب ہونا...... اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت عَفِنٌ ومَعْفُونٌ ومُعَفَّنٌ ومُتَعَفِّنٌ.

اَلْعَفَنُ وَالْعُفُونَةُ: موذی مرض جو کہ اعضاء تناسل سے شروع ہوتا ہے اور ان کو خراب کر دیتا ہے یہ مرض کثرت کے ساتھ جنگ عظیم دوم کے دنوں میں ظاہر ہوئی۔ اس وجہ سے ان امراض متعدیہ کو ختم کرنے کے لئے جراثیم مار ادویات ایجاد کی گئیں۔

اَعْفَنَ الشَّيْءُ: بدبودار پانا۔

عَفَا يَعْفُو عَفْوًا عَنْهُ وَلَه ذَنْبَه وعَفَا عَنْ ذَنْبِه: درگزر کرنا۔ معاف کرنا۔ سزا کو چھوڑ دینا...... اللّٰهِ عنه: گناہوں کو معاف کرنا...... عَنِ الشَّيْءِ: رکنا...... عَنِ الحَقِّ: ساقط کرنا...... الشَّيْءُ: زیادہ کرنا...... عَلَيْهِ فِي العِلْمِ: بڑھ جانا...... الصُّوفَ: اون کاٹنا...... فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے جانا۔ عَفَتِ الاَرْضُ: زمین کا سبزی سے ڈھک جانا...... الشَّيْءُ: زیادہ اور لمبا ہونا۔ عَفَتِ الرِّيحُ الاَثَرَ اَوِ المَنْزِلَ: مٹا دینا...... (عَفَا عَفْوًا وعَفَاءً وعُفُوًّا) الاَثَرُ او المَنْزِلُ: مٹنا۔ اَثَرُ فُلَانٍ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔

عَفَا يَعْفُوا عَفْوًا وعَفَى يَعْفِي عَفْيًا الشَّعْرَ: بالوں کو چھوڑ دینا یہاں تک کہ لمبے اور زیادہ ہو جائیں۔ عَفَّى تَعْفِيَةً: بالوں کا لمبا اور زیادہ ہونا۔ عَفَّتِ الرِّيحُ المَنْزِلَ: مٹا دینا...... عَلٰى مَا كَانَ مِنْهُ: بگاڑ کے بعد درست کرنا۔ عَفَّتِ العِلَّةُ صَاحِبَهَا: ہلاک کرنا۔

عَافَى مُعَافَاةً وعِفَاءً وعَافِيَةً اللّٰهُ فُلَانًا: صحت دینا، بلا اور برائی سے بچانا۔

اَعْفَى اِعْفَاءً اللّٰهُ فُلَانًا: عافیت دینا...... الشَّعْرَ: بالوں کو بڑھنے کے لئے چھوڑ دینا...... الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ زائد مال کو خرچ کرنا...... مِنَ الاَمْرِ: بری کر دینا...... زَيْدًا بِحَقِّهِ: حق کو پورے طریقے سے ادا کر دینا...... الرَّجُلَ: دینا...... المَرِيضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔

تَعَفَّى تَعَفِّيًا: مٹنا اور مضمحل ہونا۔

تَعَافَى تَعَافِيًا: عافیت پانا...... الشَّيْءَ: چھوڑنا۔

اِعْتَفَى اِعْتِفَاءً: فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے آنا۔ اِعْتَفَتْ وَاسْتَعْفَتْ الاِبِلُ اليَبِيسَ: اوپر اوپر سے خشک گھاس کو چرنا۔ اِسْتَعْفَى الرَّجُلُ مُكَلِّفَه: استعفیٰ دینا۔ معافی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْفَى مِنَ الخُرُوجِ فَاَعْفَاه" یعنی فلاں نے نکلنے سے معافی مانگی اور اس نے معاف کر دیا۔

العَفَاء: مٹی۔ بارش۔ گھروں کی بربادی۔ ہلاکت۔ آنکھ کا پھولا۔

العِفَاء: زیادہ لمبے بال۔ شتر مرغ کے پر۔ اونٹ کے بال۔

العَفْوُ: عمدہ چیز۔ فضل ومعروف۔ ...... مِنَ المَالِ: خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو۔ زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔

العَفَا والعَفْو والعِفْو والعُفْو: گدھے کا بچہ ج عِفَا وعِفْوَة.

العَفْوَةُ: ریت۔ گدھے کا مادہ بچہ۔ ج عَفْو.

العَفْوَة والعِفْوَة والعُفْوَة: ہانڈی کا جھاگ۔ عفوة الشيء: چیز کا خالص۔ عَفْوَةُ الطَّعَامِ والشَّرَابِ: عمدہ کھانا پانی۔ العِفْوَة والعُفْوَة: مرد کے سر کے بال۔

العِفَاوَة: شوربے کا اچھا حصہ جو کسی معزز کو دیا جائے۔

العِفَاوَة: دیگ کا نچلا شوربہ۔

العِفَاوَة والعَفَاوَة والعُفَاوَة: ہانڈی کا جھاگ۔

العَفُوُّ: معاف کرنے والا، بہت معاف کرنے والا۔

العَافِي: فا۔ بخشنے والا۔ درگزر کرنے والا۔ لمبے بال والا۔ مٹنے والا ج عُفِيٌّ: دیگ کا نچلا شوربہ۔ گھاس، پانی طلب کرنے والا۔ گھاٹ پر اترنے والا مہمان۔ ہر طالب بخشش و رزق۔ ج عُفَاةٌ وعُفِيٌّ وعَافِيَة: کہا جاتا ہے "كَثُرَتْ عَلَى الكَرِيمِ عَافِيَةٌ" کریم پر بخشش کے طلب کرنے والے بہت ہوئے۔

العَافِيَة: عافی کا مصدر یا اسم۔ کامل صحت ہر طالب رزق ج عَافِيَات وعَوَافٍ.

المُعْفِي: فا۔ ساتھی جو سلوک کا طالب نہ ہو۔

عَقَّ (ن) عَقًّا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ عَقَّتِ الرِّيحُ المُزْنَ: بارش برسانا...... الدَّلْوُ: کنوئیں سے بھرا ہوا ڈول نکلنا...... (عُقُوقًا ومَعَقَّةً) الوَلَدُ وَالِدَه: والد کی نافرمانی کرنا اور شفقت نہ کرنا اور استخفاف کرنا۔ صفت عَقٌّ وعَاقٌّ ج عَقَقَة واَعِقَّة واَعَقّ وعُقَّق وعُقُق.

عَقَّ (س) عَقَقًا: پھٹنا۔

عَقَّتْ (ض) عَقَقًا وعُقُقًا وعِقَاقًا الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوق.

عَاقَّ مُعَاقَّةً اَبَاهُ: مخالفت کرنا۔

اَعَقَّ الكَرْمُ: انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخ نکلنا۔ فُلَانٌ: نافرمانی کرنا۔ اَعَقَّتِ الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوق.

اِنْعَقَّ الوَادِي: وادی گہری ہونا...... [illegible] غبار بلند ہونا...... العُقْدَة: گرہ مضبوط [illegible] ...... البَرْقُ: بجلی کا بادل میں چھپ جانا [illegible] (وَاعْتَقَّ) پھٹنا۔ اِعْتَقَّ السَّيْفَ: تلوار سونتنا [illegible] ...... المُعْتَذِرُ: عذر بیان کرنے میں [illegible] کرنا۔

العَاقُّ: اسم فاعل ج عَقُّون و[illegible] واَعِقَّة: مؤنث عَاقَّة ج عَوَاقُّ و[illegible]

العَقُّ والعَقَّة: گہرا گڑھا۔

العُقُّ والعُقَاق مِنَ المَاءِ: کڑوا پانی۔

العِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال ج عِقَق

العَقُوق مِنَ الحَمْلِ: حاملہ گھوڑی [illegible]

سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عَفَارَۃ.

العَفَارَۃ: خباثت۔ برائی۔

العِفْرِیَۃ: بڑا سخت مکار۔ خبیث۔

العِفْرِیَۃ والعِفْرَاۃ مِنَ الدِّیکِ والاِنْسَان: بمعنی عُفْرَۃ: جب کوئی غضبناک ہوکر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جَاءَ نَافِشًا عِفْرِیَتَہ".

العَفِیْر: گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِیْرٌ: بلا سالن کے روٹی (...... والمَعْفُوْرُ) مٹی میں لتھڑا ہوا۔

العَفِیْر: وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔

العَفِیْرَۃ: کبریلا کی گولی۔

العَفَّار: مؤنث کھجور میں مذکر کھجور کا پھول ڈالنے والا۔

العَفْرَاء. الاَعْفَر: کا مؤنث ج عُفْر: سفید زمین...... مِنْ لَیَالِی القَمَر: تیرھویں رات۔

العِفِرِّیْن: مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَیْثٌ عِفِرِّیْنَ: شیر۔ عِفِرِّیْن: نام شیر کی جھاڑی کا۔

المُعَافِر: ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کرلے۔

تَعَفْرَتْ: دیو ہونا۔ شریر ہونا۔

العِفْرِیْت: سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا اور یہ انسان، جنات، شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفَارِیْت: مؤنث عِفْرِیْتَہ.

عَفْرَمَہ: پچھاڑنا اور غالب ہونا۔

العِفْرِس والعِفْرِیْس والعِفْرَاس والعُفْرُوس والعَفَرْنَس: شیر۔

العَفَارِیْس: شترمرغ۔

عَفَزَ (ض) عَفْزًا. اَھْلَہ: اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا...... الجَمَّالُ بَعِیْرَہ: ساربان کا اونٹ کو بٹھانا۔

العَفْز بمعنی...... العَفَاز: کھایا ہوا اخروٹ۔

العَفَازَۃ: ٹیلہ۔

عَفَسَہ (ض) عَفْسًا: پچھاڑنا اور روندنا۔ قید کرنا...... عَنْ حَاجَتِہ: حاجت سے باز رکھنا روکنا...... المَاشِیَۃ: جانور کو بغیر چارے کے رکھنا...... ہٗ: زمین پر چپٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا...... ہٗ بِرِجْلِہ: چوتڑ پر لات مارنا۔

عَافَسَہٗ: کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یُعَافِسُ الاُمُوْرَ".

تَعَافَسَ واعْتَفَسَ القَوْمُ: آپس میں کشتی کرنا۔

اِنْعَفَسَ فِی التُّرَابِ: خاک آلود ہونا۔ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔

العِفَاس: فساد۔

المَعْفُوْس: قیدی۔

عَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

العُفَاشَۃ: بے خیر و برکت آدمی۔

الاَعْفَش: کمزور نگاہ والا۔

عَفَصَہٗ (ض) عَفْصًا: اُکھیڑنا۔ موڑنا۔ الرَّجُلَ: کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّہ مِنْہُ: حق لینا۔

عَفَصَ واَعْفَصَ القَارُوْرَۃَ: شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ اَعْفَصَ الحِبْرَ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔

عَفَّصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔

عَافَصَہٗ مُعَافَصَۃً: کشتی لڑنا۔

العَفْص: مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔

العَفَص: ناک کی کجی۔

العَفِص: کسیلا۔

العُفُوْصَۃ: کسیلا پن۔

العِفَاص: کاگ۔ ڈاٹ۔ شیشی کا سربند۔

عَفَطَتْ (ض) عَفْطًا وعَفِیْطًا وعَفَطَانًا. العَنْزُ: بکری کا ریح خارج کرنا...... الضَّاْنُ: بھیڑ کا چھینکنا...... (عَفْطًا) الرَّاعِی: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔ بِغَنَمِہ: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا...... فُلَانٌ فِی کَلَامِہ: لکنت کرنا۔

العَفَّاط: قا(...... والعَفِیْط) بہت گوز کرنے والا۔

العَافِطَۃ: مؤنث عَافِط: بھیڑ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَالَہ عَافِطَۃٌ ولا نَافِطَہ" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔ مراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔

الاَعْفَط: بے وقوف۔

العَفَّاط العِفَاطِیُّ والعِفْطِیُّ: ہکلا۔ لکنت والا۔

عَفَقَ (ض) عَفْقًا. الرَّجُلُ: غائب ہونا۔ بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔ تیز جانا۔ تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔ عَفَقَہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا...... ہٗ عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا...... العَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا...... عَلَیْہِ الصَّیْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کر لانا...... الرِّیْحُ الشَّیْءَ: پراگندہ کرنا۔ عَفَقَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

عَفَقَ الغنم بعضھا علی بعض: بکریوں کا اکٹھا کرنا۔

عَافَقَہ مُعَافَقَۃً وعِفَاقًا: فریب دینا۔ عَافَقَ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔

اَعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔

تَعَفَّقَ بِہ: پناہ لینا۔

اِعْتَفَقَ القَوْمُ بِالسُّیُوْفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا...... الاَسَدُ فَرِیْسَۃَ: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔

اِنْعَفَقَ فِی حَاجَتِہ: جلدی کرنا۔

العَفَّاقَۃ: دُبُر۔

رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّیَارَۃِ: بہت ملاقات کرنے والا۔

المُنْعَفِق: پانی پر سے واپس ہونے والا۔

عَفَکَ (ض) عَفْکًا الکَلَامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔ بے ہودہ کلام کرنا۔

عَفِکَ (س) عَفَکًا وعُفْکًا: سخت بے وقوف ہونا۔ صفت عَفِک وعَفِک

تَعَاظَمَ :تکبر کرنا۔ تَعَاظَمَهُ الْأَمْرُ: بڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَمْر لَا يَتَعَاظَمُهُ شَيْءٌ: وہ ایسا اَمر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں۔

اِسْتَعْظَمَ :تکبر کرنا...... الأَمْرَ: بڑا سمجھنا۔ انکار کرنا...... الشَّيْءَ: بڑا حصہ لے لینا۔

العَظْم :ہڈی ج اعظُمٌ وعِظَام وعِظَامَة.

عَظْمُ الشَّيْءِ وعُظْمُه :چیز کا بڑا حصہ۔ ج اَعظَام.

العِظْم والعِظَم والعُظْم: بڑائی۔

عَظْمُ الطَّرِيقِ :راستہ کا درمیان۔

العُظَام والعُظَّام :بڑا۔ مؤنث عُظَامَة وعُظَّامَة.

العَظْمَة: ہڈی کا ٹکڑا۔

العَظْمَة مِنَ السَّاعِد او اللِّسَان :کلائی یا زبان کا موٹا حصہ ج عَظَمَات. عَظَمَاتُ القَوْمِ :سرداران قوم (...... والعَظَمُوت والعُظَامَة) تکبر۔ نخوت۔ فخر۔

العِظَامَة والعُظَّامَة والعُظْمَة والإعْظَامَة : گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

العَظِيمَة :مؤنث عَظِيم: سخت مصیبت۔ ج عَظَائم. عَظَائِمُ اللّٰهِ :اللہ کے بڑے بڑے امور۔

العَظْمِيُّ :سفیدی مائل کبوتر۔

مُعْظَمُ الشَّيْءِ :چیز کا بڑا حصہ ج مَعَاظِم: کہا جاتا ہے "إِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِمَ وَاجِبَةَ المُرَاعَاةِ" فلاں کے لئے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔

المُعْظَمَة :سخت مصیبت۔

عَظَا يَعْظُو عَظْوًا. فُلَانًا :غمگین کرنا۔ غیبت کرنا۔ بھلائی سے روکنا۔ زہر پلانا۔

عَظَى يَعْظِي عَظْيًا فُلَانًا :غمگین کرنا۔

العَظَايَة العِظَايَة والعِظَاءَة والعَظَاءَة : چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاة وعِظَاة وعَظَايَات وعَظَايَا.

عَفَّ (ض) عَفًّا وعِفَّةً وعَفَافًا وعَفَافَةً وتَعَفَّفَ :حرام یا غیر مستحسن سے رکنا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت مذکر عَفِيف وعَفٌّ ج اَعِفَّة وأَعِفَّاء وعَفُّون :صفت مؤنث عَفِيفَة وعَفَّة :ج عَفِيفَات وعَفَائِف وعِفَّات

عَفَّ عَنْ كَذَا :باز رہنا۔ تَعَفَّفَ کذا۔ پاک دامن بننا۔ تھن کے بقیہ دودھ کو پینا۔

أَعَفَّ اللّٰهُ فُلَانًا :پاکدامن کرنا۔

تَعَافَّ النَّاقَةَ :اونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا...... المَرِيضَ: علاج کرنا۔

اِعْتَفَّ واسْتَعَفَّ عَنِ الخَبِيثِ :رکنا...... البَعِيرُ اليَبِيسَ :اونٹ کا مٹی کے اوپر اور پر خشک گھاس چرنا۔

العِفَّة :مص۔ پارسائی۔ پاکدامنی۔ طہارت بدن۔

العُفَّة والعُفَافَة :تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَأَلَه فما أَعْطَاهُ إِلَّا عُفَافَةً :یعنی تھوڑا سا دیا۔ العِفَاف: زوال۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلَى عِفَّانِ ذٰلِكَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا۔

عِفَتَ (ض) عَفْتًا الشَّيْءَ :موڑنا اور توڑنا...... كَلَامَه وفِي كَلَامِه :لکنت کی وجہ سے بولنے میں منہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفَّات.

العَفْت: لکنت۔

الأَعْفَت :بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بے وقوف۔

عَفَجَه (ض) عَفْجًا بِالعَصَا: لاٹھی مارنا۔

العَفْج اوالعِفْجُ والعَفَج والعَفِج :آنت ج اَعْفَاج وعِفَجَة.

العِفَج :بے وقوف۔

المِعْفَجَة والمِعْفَاج :لاٹھی۔ کپڑے دھونے کی موگری اور عوام (مِخْبَاط) کہتے ہیں۔

عَفَدَ (ض) عَفْدًا وعَفَدَانًا :دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔

اِعْتَفَدَ :بھوک کی وجہ سے مرنے کے لئے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔

عَفَرَه (ض) عَفْرًا فِي التُّرَابِ: مٹی میں تھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا...... الشَّيْءَ : زمین پر پٹک دینا۔

عَفِرَ (س) عَفَرًا واسْتَعْفَرَ: خاکستری رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت أَعْفَر.

عَفَّرَه. فِي التُّرَابِ :مٹی میں تھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کے لئے "قَدْ عُفِّرَ وأُرْغِمَ" بولا جاتا ہے "عَفَّرَ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا...... الشَّيْءَ: سفید کرنا۔ عَفَّرَتِ المَرْأَةُ فِي العِظَام: عورت کا دودھ چھڑانے کے لئے پستان پر مٹی لگانا۔

اِعْتَفَرَ. الشَّيْءُ :خاک آلود ہونا...... الثَّوْبَ فِي التُّرَابِ: کپڑے کو مٹی میں تھیڑنا...... فُلَانًا : قادر ہونا۔ قوی ہونا...... الرَّجُلَ : زمین پر پٹک دینا۔ کودنا...... ہ الأَسَدُ :شیر کا پچھاڑنا۔

تَعَافَرَ: الشَّهْدُ :ثرید کا سفید ہونا۔

تَعَفَّرَ وانْعَفَرَ فِي التُّرَابِ :مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا...... الشَّيْءُ: خاک آلود ہونا۔ تَعَفَّرَ الوَحْشُ: وحشی جانور کا موٹا ہونا۔

العَفْر والعَفَر :مٹی۔ خاک۔ ج أَعْفَار.

العِفْر والعُفْر :نر سور یا مطلقاً سور۔ بہادر۔ سخت موٹا۔ العُفُر: بعد۔ بے رونق بازار۔ مہینے کی ساتویں' آٹھویں' نویں رات۔ مرد دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج أَعْفَار وعِفَار.

رَجُلٌ عِفْرٌ وعِفِرٌّ وعِفْرَى وعِفْرِيَة: خبیث مرد۔

الأَعْفَر: ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔

العُفْرَة :خاکستری رنگ۔

العُفْرَة والعَفْرَة. مِنَ الدِّيكِ :مرغ کے گردن کے بال...... مِنَ الإِنْسَانِ :وسط سر کے بال...... مِنَ الأَسَدِ :شیر کے بال۔

عُفْرَةُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔

العُفْر : زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔

العُفُرَّةُ : کلوا لوگ۔ عُفُرَّة وعُفُرَّةُ الحَرِّ والبَرْدِ : گرمی یا سردی کی شدت۔

العَفَار :بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت جس

العُطْلَة : بیکاری۔

العَيْطَل والعَيْطَل : نرکھجور کے خوشے کا حصہ

العَيْطَل : خوبصورت دراز گردن۔

العَطْلَاءُ مِنَ النِّسَاءِ : بے زیور عورت۔

المِعْطَالُ مِنَ النِّسَاءِ : بے زیور رہنے کی عادی۔

التَّعْطِيل : بیکار رہنا۔ مَذْهَبُ التَّعْطِيل : صفات باری تعالیٰ کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔

المُعَطِّلَة : مذہب تعطیل والے۔

اِعْطَمَ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا۔ صفت عَاطِمٌ وعَطِيمٌ ج عُطُم.

العُطْم : دھنکی ہوئی اون۔

عَطَنَ (ن ض) عَطْنًا الجِلْدَ : کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔ صفت مفعول عَطِينٌ ومَعْطُونٌ (...... عُطُونًا) البَعِيرُ : اونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔ صفت عَاطِنٌ ج عُطَّانٌ وعُطُون عَطَنَة : مؤنث عَاطِنَة ج عَاطِنَات وعَوَاطِنُ وعُطُونٌ.

عَطِنَ (س) عَطَنًا. الجِلْدُ : کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔ صفت عَطِنٌ.

عَطَّنَ الجِلْدَ : کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (...... وأَعْطَنَ) الإِبِلَ : دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔ عَطَّنَ لِلإِبِلِ : اونٹ کے لئے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔ عَطَّنَتِ الإِبِلُ : اونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔

اِنْعَطَنَ الجِلْدُ : کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔

العَطَن والمَعْطِن والمَعْطَن : اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَعَاطِن.

المِعْطَان : گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تاکہ بال الگ ہو جائیں۔

رَجُلٌ عَطِنٌ وعَطِنَة : بدبودار مرد۔

عَطَا يَعْطُو عَطْوًا. الشَّيْءَ وإِلَيْهِ : لینا۔ إِلَيْهِ يَدَهُ : بلند کرنا۔

عَطَّى تَعْطِيَةً الرَّجُلَ : جلدی کرانا۔ خدمت کرنا۔

أَعْطَى إِعْطَاءً. ه الشَّيْءَ : دینا۔ أَعْطَى البَعِيرُ أو أَعْطَى البَعِيرُ بِيَدِهِ : مطیع ہونا۔

عَاطَى مُعَاطَاةً وعِطَاءً الرَّجُلَ الشَّيْءَ : دینا ...... ه : خدمت کرنا۔

تَعَاطَى تَعَاطِيًا. الشَّيْءَ : لینا۔ الأَمْرَ : مشغول ہو جانا ...... الرَّجُلُ : کسی چیز کو پکڑنے کے لئے پیر کی انگلیوں پر کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاطَيْنَا فَعَطَوْتُهُ" وادودہش میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہو گیا۔

تَعَطَّى تَعَطِّيًا : جلدی کرنا ...... الأَمْرَ : مشغول ہو جانا۔

تَعَطَّى واسْتَعْطَى اِسْتِعْطَاءً : عطیہ مانگنا۔

العَطَا والعَطَاء : جو چیز دی جائے۔ ج أَعْطِيَة : ج أَعْطِيَات.

العَطِيَّة : بمعنی عطا ج عَطَايَا وعَطِيَّات.

العَطَاءَة والعَطَاوَة : بمعنی عطا۔

المِعْطَاء : بہت زیادہ دینے والا (مذکر و مؤنث ج مَعَاطٍ ومَعَاطِي.

عَظَّهُ (ن) عَظًّا بِالأَرْضِ : چپکا دینا۔ عَظَّتْهُ الحَرْبُ : تکلیف پہنچانا۔

عَاظَّهُ مُعَاظَّةً وعِظَاظًا : سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ عَاظَّ القَوْمُ : جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا۔

العَظَّة : جنگ میں سختی۔

عَظَبَ (ض) عَظْبًا الطَّائِرُ : پرندے کا دُم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا۔

عَظَبَ (ن ض) عَظْبًا وعُظُوبًا جِلْدُهُ : کھال خشک ہونا ...... يَدُهُ : کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔

عَظِبَ (س) عَظَبًا عَلَى العَمَلِ : صبر سے برداشت کرنا۔ موٹا ہونا۔ صفت عَظُوب.

عَظَّبَهُ عَنْ بُغْيَتِهِ : ٹالنا۔ تاخیر کرنا ...... ه عَلَى الشَّيْءِ : عادی اور صابر بنانا۔

العَاظِب والعَظِب : جنگل اور خشک مقامات میں اترنے والا۔

عَظِبُ. الخُلُق : بدخلق۔

عَظِرَ (س) عَظْرًا. الإِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔

أَعْظَرَهُ الشَّرَابُ : معدہ میں ثقل ہونا اور اسم اس سے (العِظَارَة) ہے۔

العَظُور : شراب سے شکم سیر ج عُظُر.

العِظَار : شراب کی وجہ سے امتلاء۔

عَظْعَظَ السَّهْمُ : تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا ...... الجَبَانُ : بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا ...... فِي الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔

عَظَلَ (ن) وعَظِلَ (س) عَظْلًا وتَعَاظَلَ وعَظَّلَ واعْتَظَلَ الكِلَابُ أو الجَرَادُ : کتے کا یا ٹڈیوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔

عَاظَلَ الشَّيْءَ : سوار ہونا ...... الكَلَامَ : کلام میں تعقید لانا اور مکرر کہنا ...... الشَّاعِرُ فِي القَافِيَةِ : تضمین کرنا۔ بالكَلَامِ : اپنے ہی اوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا۔

عَظَّلَ وتَعَظَّلَ. القَوْمُ عَلَيْهِ : مارنے کے لئے ہجوم کرنا۔ تَعَظَّلَ فِي أَثَرِهِ : تلاش کرنا۔

العَاظِلُ والعَاظِلَةُ والعَظْلَى مِنَ الجَرَادِ : ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی۔

تَعَظْلَمَ اللَّيْلُ : سخت تاریک ہونا۔

العَظْلَمَة : تاریکی۔

عَظُمَ (ک) عِظَمًا وعَظَامَةً : بڑا ہونا۔ صفت عَظِيمٌ ج عُظَمَاء وعِظَامٌ وعُظُمٌ ...... الأَمْرُ عَلَيْهِ : دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا۔

عَظَمَ (ن) عَظْمًا. الكَلْبَ : کتے کو ہڈی کھلانا (...... عَظْمَةً) الرَّجُلَ : ہڈی پر مارنا۔

أَعْظَمَ الأَمْرُ : بڑا ہونا ...... الشَّيْءَ : بڑا کرنا۔ بڑا سمجھنا۔ اعظم الكَلْبَ عَظْمًا : کتے کو ہڈی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُعْظِمُنِي أَنْ أَفْعَلَ كَذَا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں۔

عَظَّمَهُ : تعظیم کرنا۔ توقیر کرنا۔ عَظَّمَ الشَّاةَ : ہڈی۔ ہڈی کاٹنا۔

تَعَظَّمَ : تکبر کرنا۔

ہے عَطَسَ فُلَانٌ وعَطَسَتْ بِهِ اللُّجُم : یعنی مرگیا۔

عَطَّسَ : چھینکوانا۔

العَاطِس : فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صبح۔

العَاطُوس : ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔

المَعْطَس والمَعْطِس : ناک۔ ج مَعَاطِس : کہا جاتا ہے "اُرْغِمَتِ المَعَاطِس" یعنی دشمن مغلوب ہوگئے۔

عَطِشَ (س) عَطَشًا : پیاسا ہونا۔ اِلَیْهِ : مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش وعَطْشٰی وعَطَاشٰی مؤنث عَطْشٰی وعَطْشَانَة ج عِطَاش.

اَعْطَشَهٗ وعَطَّشَهٗ : پیاسا کرنا۔ اَعْطَشَ الرَّجُلُ : پیاسے جانور والا ہونا۔

عَاطَشَهٗ فَعَطَشَهٗ : پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعول مَعْطُوش.

تَعَطَّشَ : پیاسا بننا۔

العَطِش والعَطُش : پیاسا۔ مؤنث عَطِشَة عَطُشَة.

العُطَاش : بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔

المَعْطَش : پیاس کا وقت ج مَعَاطِش.

المَعْطَشَة : زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش.

المُعَطَّش : بہت پیاسا (مذکر ومؤنث)

عَطْعَطَ. القَوْمُ عَطْعَطَةً : لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الکَلَامَ : کلام میں خلط ملط کرنا۔

عَطَفَ (ض) عَطْفًا وعُطُوْفًا اِلَیْهِ : مائل ہونا...... عَلَیْهِ : مہربانی کرنا...... عَنْهُ : پھر جانا ......ہ عَنِ الاَمْرِ : ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ : لگام پھیرنا...... کَلِمَةً عَلٰی اُخْرٰی : حرف عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا...... الشَّیْءَ : جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلٰی وَلَدِهَا : اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ وبِقَلْبِهٖ : دل کو مہربان کر دینا۔

عَطِفَ (س) عَطَفًا : لمبی پلکوں والا ہونا۔

عَطَّفَ الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةَ عَلٰی وَلَدِهَا : مہربان کرانا۔ الشَّیْءَ : جھکانا۔

تَعَطَّفَ : جھکنا اور مائل ہونا...... عَلَیْهِ : رحم دل ہونا اور احسان کرنا...... الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔

اِعْتَطَفَ. الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔

اِنْعَطَفَ : مڑنا۔

تَعَاطَفَ. القَوْمُ : بعض کا بعض پر مہربانی کرنا ...... فِیْ مِشْیَتِهٖ : ناز سے سر ہلاتے ہوئے چلنا۔

اِسْتَعْطَفَهٗ : مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔

العَطْف : کجی۔ جھکاؤ۔

العِطْف : بغل ...... مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ : کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ : مرد کے دونوں پہلو ج اَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوْف کہا جاتا ہے "ثَنٰی عَنِّیْ عِطْفَهٗ" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور زیادتی کی "هُوَ یَنْظُرُ فِیْ عِطْفَیْهِ" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّ ثَانِیَ عِطْفِهٖ" یعنی وہ تکبر سے چلا۔

العُطْفَة : انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصے۔

العَطَف : پلکوں کی درازی۔ درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچاں۔ واحد عَطَفَة.

العِطَاف : چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف واَعْطِفَة.

العَاطِف : فا۔ ازار۔ گھوڑدوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة. والعَاطِف عِنْدَ النُّحَاةِ : حرف عطف جیسے و او. فا. ثم. حتّٰی وغیرہ۔

العَاطِفَة : مؤنث عاطف : شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف.

العَطِیْف. مِنَ النِّسَاءِ : نازک فرمانبردار عورت۔

العَطِیْفَة : کمان۔ ج عَطَائِف.

العَطُوْف : مہربان۔ محسن۔ اِمْرَاَةٌ عَطُوْفٌ : شوہر اور بیٹوں سے محبت کرنے والی عورت ج عُطُف (...... والعَاطُوْف) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِیْف.

قَوْسٌ عَطْفٰی : ٹیڑھی کمان۔

المِعْطَف : چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف.

مُنْعَطِفُ الوَادِی ومُنْعَطَفُهٗ : وادی کا موڑ۔

المَعْطِف : گلا ج مَعَاطِف.

عَطِلَ (س) عَطَلًا الرَّجُلُ مِنَ المَالِ او الاَدَبِ وکَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ : خالی ہونا۔ صفت عَاطِلٌ وعُطُلٌ وعُطْلٌ. ج اَعْطَال.

عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلًا وعُطُوْلًا. المَرْاَةُ : عورت کے بے زیور ہونا۔ صفت عَاطِل وعَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلَات وعَوَاطِل وعُطُل واَعْطَال.

عَطَلَ (ن) عَطَالَةً. الاَجِیْرُ : مزدور کا بیکار ہونا۔

عَطَّلَ. الشَّیْءَ : بے کار چھوڑ دینا...... المَرْاَةَ : زیور اتار لینا...... القَوْسَ : کمان سے تانت نکال لینا۔ عُطِّلَتِ الاِبِلُ : بغیر چرواہے کے ہونا۔ عَطَّلَ الاِبِلَ : بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا۔ البِئْرَ : کنوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع ذائع کر کے چھوڑ دیا جائے اس پر بھی تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُوْدُ او الثُّغُوْرُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِعُ" یعنی کھیتیاں جو بوئی نہیں گئیں۔ "عُطِّلَتِ الرَّعِیَّةُ" رعیت بغیر والی کے [illegible] ایسی قوم کو "مُعَطَّلُوْن" کہیں گے۔

تَعَطَّلَ : بے کار رہنا۔ تَعَطَّلَت و[illegible] المَرْاَةُ : عورت کا بے زیور رہنا۔

العَطَل : گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ [illegible] عَطَلَهٗ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔

ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل وعَضْل.

عَضَّلَ عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔ کسی کے حصول مقصد میں حائل ہونا۔ عَضَلَ الْمَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ: نکاح کرنے سے روکنا...... الْمَكَانُ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَلَتِ الأَرْضُ بِـأَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہوگئی۔ عَضَّلَتِ الْمَرْأَةُ او الدَّجَاجَةُ وغَيْرُهُمَا مِنَ الْحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا دشوار ہوگیا۔ صفت مُعَضِّل.

ظَفَّرَهُ: کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّيْءُ: کسی چیز میں ناخن چبھونا...... الثَّوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا...... الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَهُ وأظْفَرَهُ بِعَدُوِّهٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ أظْفَر فُلانًا: منہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظِفر والظُفْر والظُفُر: ناخن ج أظْفَار ج أظَافِير: کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الدَّارِ ظُفُر" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا "ورَأيْتُهُ بِظُفُرِهٖ" یعنی میں نے اس کو دیکھا "فَلَمْ أظْفَارَهُ عَنْ أذَى النَّاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا۔ و "كَسَرَ أظْفَارَهُ فِي فُلاَنٍ" یعنی غیبت کی۔ "ظُفْرُ القِطِّ وظُفُرُ النَّسْرِ وظُفُرُ العُقَاب" نباتات کی قسمیں۔

الظُفْرُ والظَفَرة: ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری) الظَفَرة: ظافر کی جمع ہے۔

الظَفِر والظَفِيْر والظِفِّير: ہر معاملہ میں کامیاب۔

الأظْفَر: لمبے چوڑے ناخن والا۔

الأظْفَار: ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ أظْفَارُ الثَّوْب: کپڑے کی شکنیں۔ الأظْفَار: نسرطائر کے آگے کے ستارے۔

المُظَفَّر والمِظْفَار: ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلًّا وظُلُوْلاً. يَفْعَلُ كَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتُ وظَلْتُ وظِلْتُ"۔

ظَلَّ ظَلاَلَةً. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا...... الشَّيْءُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَهُ: سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَّوْطِ: دھمکانے کے لئے حرکت دینا۔

أظَلَّ. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ہ: سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ أظَلَّ الأمْرُ فُلاَنًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔

أظَلَّكَ الشهر: یعنی مہینہ آ گیا۔

تَظَلَّلَ. بِالشَّجَرَةِ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

اِسْتَظَلَّ بِالظِّلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا...... مِنَ الشَّيْءِ: سایہ لینا...... الكَرْمُ: انگور کی شاخ کا کٹ جانا...... العُيُوْن: چشمے کے پانی کا نیچے اُتر جانا...... الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِّلُّ: سایہ ج ظِلاَل وأظْلاَل وظُلُوْل: عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی...... مِنَ القَيْظِ: گرمی کی شدت...... مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا رواں۔

ظِلُّ الشَّبَابِ او الشِّتَاء: جوانی یا جاڑے کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بَقِيَ عِنْدِيْ ظِلَّ النَّهَار" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لئے کہ ظل کا بقاء و زوال شئے کے زوال و بقاء پر موقوف ہے۔ "وهُوَ فِي ظِلِّهٖ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے "ومَشَيْتُ عَلٰى ظِلِّيْ او انْتَعَلْتُ ظِلِّيْ" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہیں تھا۔ و "كَانَ ذٰلِكَ اليَوم أطْوَلَ مِنْ ظِلِّ القَنَاةِ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلاَنٌ تھلوی

ظ

ظ: اَلظَّاءُ: سترواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ یہ لثوی حروف میں سے ہے۔ یعنی حلق کا کوا اس کا مخرج ہے۔

ظَأَبَ (ن) ظَأْبًا: نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا...... **التَّيْسُ**: بکری کا ممیانا۔

ظَاءَبَهُ مُظَاءَبَةً: سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَبَةِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔

تَظَاءَبَا: ہم زلف ہونا۔

الظَّأْبُ: مص۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج ظُؤُوب وَأَظْؤُب.

ظَأَرَ (ف) ظَأْرًا وَظِئَارًا وَأَظْأَرَ وَاظَّأَرَ وَظَاءَرَ مُظَاءَرَةً. النَّاقَةَ او الْمَرْأَةَ عَلٰى وَلَدِ غَيْرِهَا: مہربان کرانا۔ **فَظَأَرَت وَاظَّأَرَت**: مہربان ہونا۔ اور صفت "ظَؤُوْر وَظَؤُوْرَة ج اِظْآر وَظُؤَّار. ظَأَرَهُ اِلٰى كَذَا**: مہربان کرانا۔ **اِظَّأَرَ عَلٰى عَدُوِّهِ**: حملہ کرنا۔ **ظَأَرَهُ وَظَاءَرَهُ وَاظْأَرَهُ عَلٰى كَذَا**: مہربان کرنا۔ **ظَاءَرَهُ عَلَى الْأَمْرِ**: طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ **ظَاءَرَ الرَّجُلُ**: دایہ بنانا۔ **ظَاءَرَتِ الْمَرْأَةُ**: دایہ گری کرنا۔

اِظَّأَرَ لِوَلَدِهِ ظِئْرًا: لڑکے کے لئے دایہ مقرر کرنا۔

الظِّئْرُ: غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْؤُر وَاَظْآر وَظُؤُوْر وَظُؤُوْرَة وَظُؤَار. **ظِئْرُ الْقَصْرِ**: ستون۔

الظِّئْرَة: تھونی۔ کھمبا۔

الظُّؤْرَة: دایہ۔ دائی پلائی۔

ظَاءَمَهُ مُظَاءَمَةً وَتَظَاءَمَا تَظَاؤُمًا: ہم زلف بننا۔

الظَّأْم: ہم زلف۔ ساڑھو۔

الظُّبَة: تلوار وغیرہ کی دھار۔ ج ظُبَات وَظُبًى وَظُبُوْن وَظِبُوْن وَاَظْب.

اَظْبَى الْمَكَانُ: بہت ہرنوں والی ہونا۔

الظَّبْيُ: ہرن نر یا مادہ ج ظِبَاء وَاَظْبٍ وَظُبِيٌّ وَظَبَيَات.

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِهِ دَاءُ الظَّبْيِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اس لئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَيْتَهُمْ فَارْبِضْ فِي دَارِهِمْ ظَبْيًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔

الظَّبْيَة: ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ ج ظِبَاء وَظَبَيَات. **الظَّبْيَة**: وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ۔

اَرْضٌ مَظْبَاة: بہت ہرن والی سرزمین۔

ظَرَّ (ن) مَظَرَّةً: دھاردار پتھر توڑنا۔ **النَّاقَةَ**: اونٹنی کو دھاری دار پتھر سے ذبح کرنا۔

اَظَرَّ: دھاردار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا۔

...... **الْمَكَانَ**: بہت دھاردار پتھروں والا ہونا۔

الظِّرّ وَالظُّرَر وَالظُّرَرَة: پتھر۔ دھاردار پتھر ج ظُرَّان وَظِرَّان وَظِرَار وَاَظِرَّة.

الظِّرَّان: چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے۔ "والطُّوْر الظِّرِّي والظِّرَّانِي" مذکور چقماق کے استعمال کا زمانہ۔

اَرْضٌ ظَرِيْرٌ وَمَظَرَّة: بہت چقماق والی سرزمین۔ **الظَّرِيْر**: رہنمائی کا نشان۔ ج ظِرَارٌ وَاَظِرَّة وَظِرَّان.

الْمِظَرَّة: چقماق۔ ج مَظَارّ.

ظَرِبَ (س) ظَرَبًا. بِكَذَا: چپکنا۔

الظَّرِب: ابھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج ظِرَاب وَاَظْرُب.

الظُّرُبّ مِنَ الرِّجَالِ: چھوٹے قد کا موٹا۔

الظَّرِبَان وَالظَّرِبَاء: بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور۔ ج ظَرَابِي وَظَرَابِيْن: کہا جاتا ہے "فَسَا بَيْنَهُمُ الظَّرِبَانُ" یعنی ان میں نا اتفاقی ہوگئی۔

الظِّرْبَى وَالظِّرْبَاء. ظِرْبَان: کا اسم جمع۔

الاَظْرَب: نواجذ کے پیچھے کے چار دانت

اَظْرَابُ اللِّجَامِ: لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔

ظَرُفَ (ک) ظَرْفًا وَظَرَافَةً: خوش شکل ہونا۔ چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظریف۔ ج ظُرَفَاء وَظِرَاف وَظُرُف

(٦) اَلْقَلِعَةُ الطَّائِرَةُ: دشمن کے علاقوں پر بمباری کرنے والا بڑا ہوائی جہاز۔

الطَّيَّار والمُطَار. مِنَ الخَيْلِ: تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔

اَرْضٌ مُطَارَةٌ: کثرت سے پرندوں والی زمین۔

الطَّيَّارَة: مؤنث طَيَّار: ہوائی جہاز۔

المَطَار: اڑنے کی جگہ۔

المُطَيَّر: مفع۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔

المُسْتَطِير: فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "صُبْحٌ مُسْتَطِيرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی، بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔

طَاسَ يَطِيسُ طَيْسًا الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔

الطَّيْس: عدد کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔

طَاشَ يَطِيشُ طَيْشًا: اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا...... السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش.

اَطَاشَ إطَاشَةً. السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔

الطَّيَّاش: بمعنی طَائِش: جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔

الطَّيْشَان: ہلکی۔ اوچھاپن۔

طَاعَ يَطِيعُ طَيْعًا: بمعنی طَاعَ يَطُوعُ طَوْعًا.

طَافَ يَطِيفُ طَيْفًا ومَطَافًا الخَيَالُ: خواب میں خیال آنا۔

طَيَّفَ تَطْيِيفًا واَطَافَ إطَافَةً وتَطَيَّفَ تَطَيُّفًا: بہت پھرنا۔

الطَّيْف: خیال و خواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔

الطِّيَاف: رات کی تاریکی۔

اَلطَّيْف: وہ صورت جو موشور میں سفید روشنی گزرنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے مختلف رنگ سرخ، مالٹا، زرد، سبز بنفشی اور صورت کے ذریعے گیس کی تلاش میں سہولت حاصل ہوتی ہے۔

طَامَ يَطِيمُ طَيْمًا: نیکوکار رہنا...... اللّٰهُ فُلَانًا عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔

الطِّيمَاء: جبلت۔ طبیعت۔

طَانَ يَطِينُ طَيْنًا وطَيَّنَ الحَائِطَ: دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الكِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللّٰهُ عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔

تَطَيَّنَ: گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔

الطِّين والطِّينَة: گارا۔ مٹی اور چونہ یا ریت چونہ ملا ہوا۔ الطِّينَة: گارے کا ایک حصہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَابِسُ الطِّينَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے۔ "لَهُ طِينَةٌ طَيِّبَةٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔

مَكَانٌ طَانٌ: بہت گارے کی جگہ۔

الطِّيَانَة: گارا بنانے کا پیشہ۔

الطَّيَّان: گارا بنانے والا۔

اَلطَّيُّون: ایک بدبودار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ایک کیڑے مار دوائی بھی تیار کی جاتی ہے۔

مانگنا۔ (...... واسْتَطَابَ اِسْتِطَابَا) الشَّیْءَ: اچھا پانا۔

الطَّاب: لذیذ۔ مزے دار۔

الطِّیْب: خوشبو۔ ج اَطْیَاب وطُیُوْب: حلال۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِیْبٌ لَکَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔

الطَّابَة: شراب۔ مدینہ منورہ کا لقب۔

الطِّیْبَة: حلال۔ طیبة الخمر: صاف شراب۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِکَ بِطِیْبَةٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا۔

الطَّیَّاب: بہت زیادہ پاکیزہ۔

الاَطْیَب: اسم تفضیل ج اَطَایِب مؤنث طُوْبٰی ج طُوْبَیَات.

الطُّوْبٰی: رشک۔ سعادت۔ خیر۔

الطَّیِّب: پاکیزہ۔ اچھا۔ حلال۔ مؤنث طَیِّبَة ج طَیِّبَات وطُوْبٰی: کہا جاتا ہے "کَلِمَةٌ طَیِّبَةٌ" پاکیزہ کلمہ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو۔ "بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔

الاَطَایِب والمَطَایِب. مِنَ الشَّیْءِ: عمدہ اشیاء۔

شَرَابٌ مُطَیِّبَةٌ: عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔

طَاخَ یَطِیْخُ طَیْخًا: بمعنی طَاخَ یَطُوْخُ طَوْخًا یعنی ہلاک ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔

طَیَّخَهُ: ہلاک کرنا...... الشَّیْءَ: ضائع کرنا۔

اَطَاخَهُ: ہلاک کرنا۔

تَطَایَخَ. الشَّیْءُ: بکھرنا۔

الطَّیْخَة: تباہی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمْ طَیْخَةٌ" یعنی ایسے اُمور پیش آئے جس نے تفریق کرادی۔ "وطَوَّخَتْهُم طَیْخَاتٌ" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا۔

طَاخَ یَطِیْخُ طَیْخًا: بُرے کام سے آلودہ ہونا۔ تکبر کرنا۔ باطل میں منہمک ہونا۔

...... **الاَمْرَ**: کام کو بگاڑ دینا۔

طَاخَهُ وطَیَّخَهُ: قبیح بات میں آلودہ کرنا۔

طَیَّخَ اَصْحَابَهُ: گالی دینا۔

تَطَیَّخَ: برائی سے آلودہ ہونا۔

الطَّیْخَة: مثنیٰ (...... والطَّائِخ والطَّیَّاخ): بے برکت۔ بے وقوف۔

طَارَ یَطِیْرُ طَیْرًا وطَیَرَانًا وطَیْرُوْرَةً الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا...... صِیْتُهٗ: مشہور ہونا۔

...... **الشَّعْرُ**: بال لمبے ہونا...... **بِکَذَا**: سابق ہونا۔

...... **اِلَی کَذَا**: دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُهٗ" وہ غضبناک ہوا۔ طیش میں آ کر جلد بازی کرنا۔

طَیَّرَهٗ وطَیَّرَ بِہٖ وَاَطَارَهٗ اِطَارَةً وطَایَرَهٗ مُطَایَرَةً: اڑانا۔ اَطَارَ وطَیَّرَ المَالَ: تقسیم کرنا۔ طَیَّرَ نَوْمَهٗ: نیند اڑا دینا۔

اِطَّیَّرَ وتَطَیَّرَ. بِالشَّیْءِ ومِنْهُ: بدفالی لینا۔

تَطَایَرَ: متفرق ہونا...... الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔

اِنْطَارَ. الشَّیْءُ: پھٹنا۔

اِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَةً الشَّیْءُ: متفرق ہونا۔ منتشر ہونا...... الحَائِطُ: دیوار کا پھٹنا...... السَّیْفَ: جلدی سے سونتنا۔ الطَّیْرَ: پرندے کو اڑانا۔

اُسْتُطِیْرَ: خوفزدہ ہونا۔ جلدی سے لے جایا جانا...... الصَّدْعُ فِی الحَائِطِ: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

الطَّائِر: فا۔ پرندہ ج طَیْر اور طُیُوْر واَطْیَار: جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں۔ نصیب۔ روزی۔ دماغ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَیْمُوْنُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے۔ "سِرْ عَلَی الطَّائِرِ المَیْمُوْنِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کے لئے دعا ہے) "هُوَ سَاکِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے۔

الطَّیْر: جمع طائر اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر: کا بمعنی بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُ اللّٰهِ" جیسا لَا اَمْرَ اِلَّا اَمْرُ اللّٰهِ اور طَیْرُ اللّٰهِ لَا طَیْرُکَ: جیسا صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُکَ اور کہا جاتا ہے "کَاَنَّ عَلٰی رُؤُوْسِهِمُ الطَّیْرَ" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہے اور اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اُونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چیچڑی چنتا ہے جس سے اُونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوا اڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔ "وَاُزْجُرْ اَحْنَاءَ طَیْرِکَ" دور کر اپنی خفت وغصہ کو۔

الطِّیَرَة والطِّیْرَة: بدشگون جس سے لیا جائے۔

الطَّیْرَة والطَّیْرُوْرَة: طیش۔ ہلکا پن۔ اوچھا پن۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاکَ وطَیْرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔

الطُّوَیْر. طَیْر: کی تصغیر۔

الطَّیَّار: منتشر۔ ترازو کی زبان۔ سکہ تولنے کی ترازو۔

اَلطَّیَّارَةُ: ہوائی جہاز۔ اس کی کئی اقسام ہیں:

(۱) طَائِرَةُ رُکَّاب: سواریوں کے لئے ہوائی جہاز اندرونی وبیرونی سفر کے لئے۔

(۲) طَائِرَةٌ حَرْبِیَّةٌ: ہوائی جنگی جہاز۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔

(۱) طَائِرَةُ طرار: دشمن کو دھکیلنے کے لئے۔

(۲) الطَّائِرَةُ الفالة: زمین پر روشنی چھوڑنے والا جہاز۔

(۳) اَلطَّائِرَةُ النَّافُوْرِیَّة: تیز ترین ہوائی جہاز۔

(۴) اَلطَّائِرَةُ القَانِصَةُ: دشمن کے ہوائی جہاز کو گرفتار (شکار) کرنے والا ہوائی جہاز۔

(۵) طَائِرَةُ الاِنْقِضَاض: دشمن کے ہوائی جہاز کو مار گرانے والا جہاز۔

لَنَـابِـہٖ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

الـمُـطَـوَّقَة : کنٹھے دار کبوتر۔ بوتن جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔

طَـالَ یَطُوْلُ طُوْلاً : لمبا ہونا...... عَـلَیْـہِ: غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔

طَوَّلَهٗ : لمبا کرنا۔ طَـوَّلَ لَهٗ : مہلت دینا...... لِلدَّابَة: جانور کی رسی ڈھیلی کردینا۔

تَطَوَّلَ تَطَوُّلاً. عَلَیْہِ : احسان کرنا۔

اَطَـالَـہٗ وَاَطْـوَلَہٗ اِطَالَةً وَاِطْوَالاً : لمبا کرنا۔

اَطَالَتِ الْمَرْاَةُ: لمبے لمبے بچے جننا۔

طَـاوَلَـہٗ مُطَاوَلَةً : ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔

تَـطَاوَلَ : دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا...... تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ...... عَلَیْـہِ الْعُمُر : بڑھنا۔ تَـطَاوَلاً: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِسْتَـطَـالَ اِسْتِطَالَةً : طویل ہونا...... عَـلَیْہِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا...... عَلٰی عِـرْضِـہٖ : بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَـالـوا علی القَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔

الطَّوْل : فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔

الطُّوْل : لمبائی ج اَطْوَال.

اَلـطُّوْلُ: السَّمَاوِی الْکَوْکَب: وہ زاویہ جو آسمانی کرہ کے دو دائروں کے سطح کے درمیان واقع ہونے والا ہے ان میں سے ایک کوکب کے پاس سے اور دوسرا نقطہ اصل کے پاس سے گزرتا ہے۔

الطِّیْلَة : عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰهُ طِیْلَتَہٗ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔

الطُّوَّل : لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔

الـطِّیْل والطِّوَل والطِّوَال والطِّیَال : زمانہ بھر۔

الـطَّـائِل والطَّائِلَة : قدرت۔ فضل۔ غنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ طَائِلَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج "طَـوَائِـل هٰذَا اَمْرٌ لاَ طَائِلَ فِیْـہِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا هُـوَ بِـطَائِلٍ او هُوَ غَیْرُ طَائِل" یعنی گھٹیا ہے اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الـطَّـوِیْل : لمبا۔ ج طِـوَال وطِیَال مؤنث طَـوِیلة ج طَـوِیلات کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ طَـوِیْـلُ الْبَـاعِ" یعنی سخی ہے۔ "هُـوَ قَـصِیْرُ الْبَاعِ" یعنی بخیل ہے۔

الاَطْوَل : اسم تفضیل۔ ج اَطَـاوِل: مؤنث طُـوْلٰـی ج طُـوَل. الـطُّـوْلـٰی: بلند مرتبہ۔ والسَّبْـعُ الـطُّـوَل : سات بڑی سورتیں قرآن پاک کی۔

الطُّوَال : لمبا۔ مؤنث طُوَالَة.

الطُّوَّال: بہت زیادہ لمبا۔

الْمِطْوَل : رسی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِل.

طَـوٰی یَطْوِیْ طَیًّا. الثَّوْبَ : کپڑے کو لپیٹنا ......ہ اللّٰهُ عُمُرَہٗ : موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَـوٰی فُلاَنٌ وَهُـوَ مَنْشُوْرٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَـوٰی الـحَدِیْثَ : بات چھپانا...... کَشْـحَہٗ عَلٰی الاَمْـرِ : پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَـوٰی کَشْـحَہٗ عَنِّیْ" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ وطَـوٰی الْبِلاَدَ : قطع مسافت کرنا...... الْبِـئْـرَ : پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَـوٰی الرَّجُلُ : بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا...... السَّیْـرُ فُلاَنًـا : لاغر کرنا۔

طَوِیَ (س) طَـوًی واَطْوًی : بھوکا ہونا۔ صفت طَیَّـان وطَوٍ طَاوٍ. : مؤنث طَیَّـا طَوِیَة وطَاوِیَة.

تَطَوَّتِ الحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْـطَـوٰی. الـقَـوْمُ عَـلَیْـهِ : اکٹھا ہونا(...... واطَّوٰی): لپیٹا جانا۔

الطَّوٰی: بھوک۔ منکِ۔

الطَّوِیْ والطِّوِیْ: لپٹی ہوئی چیز۔

الطَّیّ : لپیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "الغَیُّ فِیْ طِیِّ قَلْبِہٖ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے۔

الـطِّـیَّة : حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپیٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ چھت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰـی لِطِیَّتِـہٖ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا "لَقِیْتُہٗ بِـطِیَّـاتِ الْعِرَاق" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَاوِی. البَطْن : پتلے پیٹ والا۔

الـطَّـایَة : سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَایَات.

الـطَّـوِیّ: گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الاَطْـوَاء (...... والـطَّـوِیَّة): من بنا ہوا کنواں۔ الطَّوِیَّة: نیت۔ ضمیر۔

الاَطْوَاء : ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طَوِی۔

الـمَطْوٰی : لپیٹ۔ ج مَطَـاوٍ. مَطَاوِی الحَیَّةِ: سانپ کی کنڈلی۔

المِطْوٰی : جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَـابَ یَطِیْبُ طِیْبًا وطَابًا وطِیْبَةً وتَطْیَابًا : لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا۔ طَـابَتِ النَّفْسُ بِکَذَا : دل خوش ہونا۔ طَابَ عَیْشُہٗ: خوش عیش ہونا...... عَنِ الشَّیْ نَفْسًا : خوشی سے چھوڑ دینا...... الشَّـیْ : اچھا کرنا۔

طَابَتِ الاَرْضُ: گھاس اُگانا۔

طَیَّـبَ. الشَّـیْ : اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔ طَیَّـبَ خَاطِرَہٗ: تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَـابَ اِطَـابَةَ الشَّیْ : اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطْیَبَ اِطْیَابًا. الشَّیْ : اچھا پانا۔

طَـایَبَـہٗ مُطَایَبَةً : ہنسی مذاق کرنا۔ کھیل کود کرنا۔

تَطَیَّبَ : خوشبو لگانا۔

اِسْتَـطَـابَ اِسْتِطَـابَةً. الْقَوْمُ : شیریں پانی

بردار ہونا۔ صفت طائع ج طوع وطائعون کہا جاتا ہے "اَمَرَهٗ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقع پر بابِ افعال ہی سے استعمال ہے مجرد سے نہیں۔ "لِسَانُهٗ لَايَطُوْعُ بِكَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی و "طَاعَ لَهُ الْمَرْتَعُ" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔

اَطَاعَهٗ إِطَاعَةً وطَاعَةً: فرمانبردار ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَهُ المرعی: واَطَاعَهٗ: چراگاہ کا کشادہ ہونا۔

اِنْطَاعَ اِنْطِيَاعًا. لَهٗ: فرمانبردار ہونا۔

تَطَوَّعَ: بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِي الْجُنْدِيَّةِ: لشکر میں رضاکارانہ شامل ہو جانا۔ بِالشَّيْءِ: تبرع کرنا...... بِالشَّيْءِ وللشَّيْءِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا...... الشَّيْءَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔

تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔

اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَةً. الاَمْرَ: طاقت رکھنا اور حذفِ تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ يَسْطِيْعُ بھی کہا جاتا ہے۔

الطَّوَاعَةُ: طوع کا اسم مصدر ہے۔

الطَّوَاعِيَةُ: فرماں برداری۔

الطَّاعُ والطَّوْعُ والطَّيِّعُ: فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوْعُ يَدِكَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے۔

فَرَسٌ طَوْعُ الْعِنَانِ: یعنی نرم و تابعدار گھوڑا۔ "عَمِلَهٗ طَوْعًا" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔

المِطْوَاعُ والمِطْوَاعَةُ: فرمانبردار۔

المُطَّوِّعَةُ: رضاکارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔

المُتَطَوِّعُ والمُطَّوِّعُ: فرائض وواجبات کے علاوہ اعمالِ صالحہ کو بطور نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ يَطُوْفُ طَوْفًا وطَوَافًا وطَوَفَانًا بِالمَكَانِ وحَوْلَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا...... فِي البِلَادِ: ملک میں پھرنا...... بِهِ الخَيَالُ فِي النَّوْمِ: خواب میں نظر آنا۔

طَوَّفَهٗ تَطْوِيْفًا وتَطْوَافًا: گھومنا۔ طَوَّفَ فِي البِلَادِ: ملک میں پھرنا۔

طَوَّفَ وتَطَوَّفَ واِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَةً بِالشَّيْءِ وحَوْلَهٗ: بہت چکر لگانا۔ "طَوَّفَ النَّاسُ اوالجَرَادُ" آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔ اِسْتَطَافَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

اَطَافَ. بِالشَّيْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا۔ قریب ہونا...... عَلَيْهِ وبِهِ: رات کو آنا...... عَلَيْهِ: گرد گھومنا۔

الطَّوْفُ: پانی پر تیرنے والی چیز۔ کشتی۔

الطَّوْفُ: رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیوار ج اَطْوَاف.

الطَّافُ: بہت زیادہ طواف کرنے والا۔

الطُّوْفَانُ: سخت سیلاب۔ سخت بارش۔ رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن۔

مِنَ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔

الطَّائِفُ: فا۔ چوکیدار۔

الطَّائِفَةُ: مؤنث طائف: جماعت۔ گروہ۔ ٹکڑا کسی چیز کا' وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں۔ ج طَائِفَات طَوَائِف.

الطَّوَّافُ: بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ کشتی۔ کشتی بنانے والا۔

المَطَافُ: طواف کرنے کی جگہ۔

طَاقَ يَطُوْقُ طَوْقًا وطَاقَةً واَطَاقَ الشَّيْءَ: قادر ہونا۔

اَطَاقَ عَلَى الشَّيْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَهُ الشَّيْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَه الطَّوْقَ: طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَهٗ بِالسَّيْفِ وَغَيْرِهٖ" اس نے اُسے تلوار باندھ دی۔

اِطَّوَّقَ وتَطَوَّقَ: طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔

الطَّاقُ: محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات وطِيْقَان. الطَّاق: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا (...... الطَّائِق): پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ وطَائِقُ كُلِّ شَيْءٍ: احاطہ کرنے والا۔

الطَّوْقُ: گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا ج اَطْوَاق.

الطَّوْقُ والطَّوْقَةُ: قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فِيْ طَوْقِيْ" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَةَ

أَطْهٰى إِطْهَاءً: پکانے یا بھوننے میں ماہر ہونا۔

الطَّهْو: کام۔

الطَّهْى: تنکا۔

الطُّهْى: گناہ۔ پکا ہوا۔

الطَّهْى: سخت مار۔ پتلا بادل۔

الطَّاهى: فا۔ باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے والا۔ ج طُهَاة وطُهِى: مؤنث طَاهِيَة ج طَوَاهٍ وطَاهِيَات.

الطِّهَايَة: پکانے کا پیشہ۔

الطُّهَاوَة: دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی۔

الطَّهَاءَة: بلند بادل۔

طَاءَ يَطَاءُ ويَطُوءُ طَوْءًا: آنا جانا۔ فِى الْأَرْضِ: دور تک نکل جانا۔

تَطَاءَتْ تَطَايُؤًا. الأسْعَارُ: بھاؤ کا گراں ہونا۔

الطَّاءَة: کیچڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوئِىٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الطَّوْب: پکی اینٹ۔ واحد طُوبَة.

الطَّوَّاب: خشت پز۔

طَاحَ يَطُوحُ طَوْحًا: حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا...... السَّهْمُ: نشانہ سے خطا کرنا۔

طَوَّحَهٗ: حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِہٖ: خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاءِ آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِهٖ طَوَائِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔

طَوَّحَ تَطْوِيحًا وطَيَّحَ تَطْيِيحًا الشَّئَ: ضائع کرنا۔

طَاوَحَهٗ مُطَاوَحَةً بِكَذَا: ایک دوسرے پر پھینکنا۔

أَطَاحَهٗ: ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ أَطَاحَ الشَّعْرَ: بال گرا دینا۔

تَطَوَّحَ. فِى الْبِلَادِ: سرگرداں ہونا اور ادھر ادھر پھرنا۔ فِى الْبِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَامَ عَلٰى مَطِيَّتِهٖ. يَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و رفت رکھتا ہے۔

تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا الْقَوْمُ فُلَانًا بِالْأَمْرِ او بِالضَّرْبِ: آپس میں تنازع کرنا۔

تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوٰى: فراق اور بعد نے اس کو پھینک دیا۔

الطَّوَح: دور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "نِيَّةٌ طَوَحٌ" دور کی نیت۔

الطَّوَائِح: شدائد۔ مہلکات۔

الْمَطَاوِح: ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَة.

الْمِطْوَاح: لاٹھی۔

طَاخَهٗ يَطُوخُهٗ طَوْخًا: قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاخ.

طَادَ يَطُودُ طَوْدًا: ثابت رہنا۔

طَوَّدَ وتَطَوَّدَ فِى الْبِلَادِ: پھرنا۔ طَوَّدَ بِهٖ: مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔

اِنْطَادَ: ہوا میں بلند ہونا۔

الطَّوْد: مص۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج أَطْوَاد وطِوَدَة.

الْمَطَادَة: دور دراز کا بیابان۔

الْمَطَاوِد: خطرناک مقامات۔

الْمُنْطَاد: بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِيد.

طَارَ يَطُورُ طَوْرًا وطَوَرَانًا بِفُلَانٍ: قریب ہونا۔

الطَّوْر: اندازہ و حد۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهٗ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ و "جَاوَزَ طَوْرَهٗ" اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهٗ طَوْرًا بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار ج أَطْوَار اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ أَطْوَار" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔

الطُّوْر: پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اس کے مقابل ہو۔

الطَّوَار: وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو۔(...... والطِّوَان): مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَسْكُنُ الدَّارُ عَلٰى طَوَارِ دَارِى" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔

الطُّورِىّ والطُّورَانِى: وحشی پرندہ ہو یا آدمی۔ الطُّورِى: اجنبی۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُورِىٌّ او طُورَانِىٌّ" یعنی کوئی نہیں۔

طَارَةُ الْمُنْخَل: چھلنی کا گھیرا اور یہ محرف ہے۔ صحیح "الإطَار" ہے۔

الطَّارَة والطَّار. عِنْدَ الْعَامَّة: دائرہ۔ دف۔ کہا جاتا ہے "لَقِىَ مِنْهُ الْأَطْوَرِيْنَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی اور مبالغہ کے ارادہ سے جمع سالم لایا جاتا ہے "بَلَغَ فُلَانٌ فِى الْعِلْمِ أَطْوَرَيْهِ" فلاں علم کی دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔

الطُّورْبِيل یا الطُّورْبِيد: سمندری سرنگ (ٹنل)۔

طَاسَ يَطُوسُ طَوْسًا. الْوَجْهُ: چہرے کا خوبصورت ہونا...... الشَّئُ: روندنا۔

طَوَّسَهٗ: مزین کرنا۔ طَوَّسَ الْمُصَوِّرُ: مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِهٖ: لے جانا۔

تَطَوَّسَ لِلْحَمَامَة: کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ الْمَرْأَةُ: آراستہ و مزین ہونا۔

الطَّوْس: چاند۔

الطُّوس: ایک مسہل دوا کا نام۔

الطَّاس: پانی پینے کا برتن۔ یا الطاسة ج طَاسَات.

الطَّاوُوس الطَّاوُس: مور۔ تصغیر طُوَيْس: ج أَطْوَاس وطَوَاوِيس.

طَوَّشَ. الرَّجُلُ: ٹال مٹول کرنا...... الْغُلَامَ: آختہ کرنا۔

الطَّوَاشِىُّ: آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِيَة مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔

طَاعَ يَطُوعُ ويَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ: فرماں

"طَلَعَتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَهَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "غَرَبَتْ اَطْنَابَهَا" یعنی غروب ہوا...... والاُطْنَابَة) : کمان کے قبضہ پر باندھنے والا تسمہ ج اَطَانِیب کہا جاتا ہے "خَيْلٌ اَطَانِيبُ" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے۔

المِطْنَب : کندھا۔ مونڈھا۔ ج مَطَانِب.

المُطْنِب: فا۔ بہت تعریف کرنے والا۔

جَيْشٌ مِطْنَابٌ : بہت بڑا لشکر۔

الطُّنْبُوْر والطِّنْبَار : ستار ج طَنَابِيْر.

طَنْبَلَ طَنْبَلَةً الرَّجُلُ : عقل مندی کے بعد بے وقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بَيْنَهُم طُنْبُلَة" یعنی ان کے درمیان شروفساد ہے۔

الطُّنْبُل : بے وقوف۔ کند ذہن۔

الطُّنْجَرَة : تانبے کی دیگچی۔

الطِّنْجِيْر : کڑاہی۔ کنایہ از بزدل وکمینہ۔

طَنِخَ : (س) طَنَخًا: بدہضمی ہونا۔ دل پر چربی غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخٌ وطَانِخٌ طَنِخَت نَفْسُه : جی کا بگڑنا۔

اَطْنَخَهُ وطَنَّخَهُ : بدہضمی کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ طِنْخٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

طَنَزَ : (ن) طَنْزًا بِهِ: تمسخر کرنا۔

تَطَانَزَ القَوْمُ : ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا۔

الطَّنَّاز : تمسخر کرنے والا۔

الطُّنْطُلَة. عِنْدَ العَامَّةِ : حلق کا کوا۔ صحیح لفظ طُلَاطِلَة : ہے۔

طَنْطَنَ طَنْطَنَةً. الجَرَسُ والطَّسْتُ والذُّبَابُ ونَحْوُهَا : جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا۔

طَنِفَ : (س) طَنَفًا: متہم ہونا(...... طَنَافَةً وطُنُوْفَةً وطَنَفًا) بد باطن ہونا۔ صفت طَنِف.

طَنَّفَهُ : متہم کرنا۔ طَنَّفَ الجِدَارَ : دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا۔ کالس نکالنا۔ مہتابی بنانا ...... نَفْسَهُ اِلٰى كَذَا: لالچ کے قریب کرنا۔

تَطَنَّفَ القَوْمَ : قوم پر پہنچ کر گھیر لینا۔

الطَّنَف والطُّنْف والطُّنُف : پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی ابھری ہوئی چٹان۔ چھجہ۔ کالس۔ مہتابی ج طُنُوْف واَطْنَاف.

المُطَنِّف : چھجہ یا کالس والا۔ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا۔

طَنْفَسَ : بد خلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا۔

الطِّنْفِس : ردی۔ بدشکل۔

الطُّنْفُسَة والطَّنْفَسَة والطِّنِفْسَة : فرش۔ چٹائی۔ کپڑا۔ ج طَنَافِس.

الطُّنُو : بدکاری۔

الطِّنْو : فرش۔

طَنِيَ : (س) طَنًى واَطْنَى : تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ وطَنِيٌّ فِي فُجُوْرِهِ او فَسَادِهِ : بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا(...... طَنِيَ) اللَّدِيغُ مِنَ لَدْغِ العَقْرَبِ : بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا۔

اَطْنَاهُ المرض : مرض کا باقی رہ جانا۔

طَنَّى : تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔

الطَّنَى : تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔

الطِّنْي : بدکاری وفساد۔

الطَّانِي : فا۔ زناکار ج طُنَاة.

طَهَرَ (ن) وطَهُرَ (ک) طُهْرًا وطُهُوْرًا وطَهَارَةً : پاک ہونا۔ صفت طَاهِرٌ ج اَطْهَار طَهِرٌ ج طَهِرُوْنَ وطَهِيْر ج طَهَارَى کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاهِرُ الثِّيَاب" یعنی پاک دامن۔

طَهَرَهُ : (ف) طَهْرًا : دور کرنا۔

طَهَّرَهُ : پاک کرنا۔ طَهَّرَ الشَّيْءَ بِالمَاءِ : دھونا۔

تَطَهَّرَ واطَّهَّرَ : میل کچیل سے پاک ہونا۔ نہانا۔

الاَطْهَار : عورت کی پاکی کا زمانہ۔

الطَّهُوْر : جس سے پاکی حاصل کی جائے۔

الطُّهْرَة : پاکی۔ پانی سے نہانا۔

المَطْهَر : موت کے بعد ایک مدتِ معینہ کے لئے ابرار و صالحین کے نفوس کو پاک کرنے کی جگہ (کلمۂ نصرانیہ)

المَطْهَرَة والمِطْهَرَة : لوٹا۔ طہارت حاصل کرنے کا مکان۔ کہا جاتا ہے "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے۔ ج مَطَاهِر.

المُطَهِّرَة : متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔

طَهَسَ : (ف) طَهْسًا. فِي الاَرْضِ : داخل ہونا اور گھسنا۔

طَهَشَ : (ف) طَهْشًا العَمَلَ : کام کو بگاڑ دینا۔

اَطْهَفَ. السِّقَاءُ : نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ فِي الكَلَامِ: آسانی اور روانی سے کہنا...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ طُهْفَةً : کچھ حصہ دینا۔

الطَّهْف : بھوسہ۔

الطَّهَف : پناہ۔

زُبْدَةٌ طُهْفَةٌ : نرم مکھن۔

الطِّهْفَة. مِنَ الشَّيْءِ : ٹکڑا۔

الطَّهَاف. مِنَ السَّحَابِ : بلند بادل۔

الطُّهَافَة : گیسو۔

طَهَقَ : (ف) طَهْقًا: تیز چلنا۔

طَهَلَ وطَهِلَ (ف س) طَهْلاً وطَهَلاً وتَطَهَّلَ. المَاءُ: بدبودار ہونا۔ صفت طَاهِلٌ وطَهِلٌ.

اَطْهَلَتِ. الاَرْضُ: تھوڑی سی گھاس اگانا۔

الطُّهْلَة : تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے۔

طَهُمَ الشَّيْءُ: موٹا ہونا...... مِنْهُ : نفرت کرنا۔

تَطَهَّمَ الطَّعَامَ : ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔

المُطَهَّم : موٹا۔ کمزور۔ مکمل اور خوش نما اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت۔ عمدہ گھوڑا۔

طَهَا يَطْهُوْ طَهْوًا : سفر کرنا۔ جانا۔

طَهَا يَطْهُوْ ويَطْهَى طَهْوًا وطُهُوًّا وطُهِيًّا وطَهَايَةً. اللَّحْمَ : پکانا یا بھوننا۔

طَمْطَمَ: وسطِ سمندر میں تیرنا۔

الطَمْطَام: وسطِ سمندر۔

الطِمْطِمُ والطِمْطِمِيّ والطُمْطُمَانِي: زبان کی لکنت والا۔

طَمِعَ: (س) طَمْعًا وطِمَاعًا و طَمَاعِيَةً فِيْ الشَّيْ وبِهٖ: لالچ کرنا۔ صفت طَامِعٌ وطَمِعٌ وطَمِعٌ ج طَمِعُوْنَ وطُمَعَاء واَطْمَاع وطَمَاعٰی.

طَمُعَ: (ک) طَمَاعَةً: بہت لالچ کرنا۔

طَمَّعَهٗ: لالچ پر برانگیختہ کرنا۔

اَطْمَعَه: لالچ میں ڈالنا۔

تَطَمَّع: لالچی ہونا۔ خواہش مند ہونا۔

الطَمَع: وہ چیز جس کی خواہش کی جائے۔ لشکر کی تنخواہ۔ ج اَطْمَاع.

الطَمَاعَة: خواہش مندی۔

الطَمَّاع والمِطْمَاع: بہت زیادہ لالچی۔

المَطْمَع: جس کی خواہش کی جائے۔ ج مَطَامِع.

المَطْمَعَة: باعث طمع۔ لالچ پر اُکسانے والی چیز۔

طَمِفَتْ: (س) طَمَفًا عَيْنُهٗ: آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔

طَمَلَ: (ن) طَمْلاً الخَبَّازُ الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا...... الثَوْبَ: کپڑے کو گہرا رنگنا۔

الدَمُ السَهْمَ وغَيْرَهٗ: خون کا تیر کو لتھیڑنا۔ الرَاعِيْ: چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔

طَمِلَ: (س) وطُمِلَ طَمَلاً: خون تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔ صفت طَمِيْلٌ.

اَطْمَلَ. الكِتَابَ: مٹا دینا۔

اِنْطَمَلَ الرَجُلُ: چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔

الطَمْل: خمیر۔ گوندھا ہوا آٹا۔ خلوق۔

الطِمْل: بے وقوف۔ کمینہ۔ بدکار۔ بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے۔ کالا کمبل۔ فقیر۔ بدحال بدشکل ہار۔ پرانا کپڑا۔ ج طُمُول (...... والطُمْلَة والطُمَلَة): گدلا پانی۔ کیچڑ۔

الطَامِل: فا۔ مرد بدکار جو اپنے فعل کی پرواہ نہ کرے۔

الطَمِيْل: گدلا پانی۔ گمنام۔ چٹائی۔ باز تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔ بکری کا بچہ۔ سَهْمٌ طَمِيْلٌ: خون سے لت پت تیر۔ خُبْزٌ طَمِيْلٌ: بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔

الطُمْرُوْل: بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔

الطُمْرُوْلَة: بدکار کی بدکاری۔

المِطْمَلَة: بیلن۔

طَمْأَن طَمْأَنَةً وطَأْمَنَ. ظَهْرَهٗ: پیٹھ کو پست کرنا۔ جھکانا...... الشَّيْءَ: ساکن کرنا۔

تَطَأْمَنَ: پست ہونا۔

اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا وطُمَأْنِيْنَةً اِلَيْهِ: آرام لینا۔ قرار پکڑنا۔ پست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ عَمَّا كَانَ يَفْعَلُهٗ" یعنی چھوڑ دیا۔

الطَمْن: ساکن ج طُمُوْن.

المُطْمَئِنّ: ساکن...... مِنَ الاَرْضِ: نرم پست زمین۔

طَمَا يَطْمُوْ طُمُوًّا وطَمٰى يَطْمِيْ طَمْيًا المَاءُ: پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا...... البَحْرُ: سمندر کا بھر جانا...... النَبْتُ: نباتات کا طویل ہونا۔ بڑھنا۔

طَمَتْ هِمَّتُهٗ: ہمت بلند ہونا۔ طَمَا بِهِ الهَمُّ او الخَوْفُ: غم یا خوف کا سخت ہونا۔

طَنَّ: (ض) طَنًّا وطَنِيْنًا وطَنَّ الذُبَابُ او النَاقُوْسُ وشِبْهُ ذٰلِكَ: بھنبھنانا۔ بجنا۔ آواز دینا۔ وَطَنَّ فُلاَنٌ: مرنا۔

اَطَنَّ: بجانا۔ آواز کرانا۔ اَطَنَّ السَّاقَ: پنڈلی کو کاٹ دینا۔

الطُنّ: جسم ج اَطْنَان وطِنَان: بانس کا گٹھا اور ایک بانس طُنَّةٌ کہلاتا ہے۔ الطُنّ: دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔

الطَنَّان: زیادہ بجنے والا۔ کہا جاتا ہے "لِفُلاَنٍ ذِكْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے۔ "وَتِلْكَ قَصِيْدَةٌ طَنَّانَةٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔

اَلطُّنَّانَةُ: زیادہ چمکیلے بالوں والے مختلف اقسام کے کیڑے جن کے اڑنے سے بھنبھنانے کی آواز آتی ہے پھولوں کے لئے فائدہ مند ہے۔

الطُنِيّ. مِنَ الرِجَالِ: بڑے ڈیل ڈول کا۔

طَنَأَ: (ف) طَنْأً وطَنِيَ: (س) طَنَأً: شرم کرنا۔

اَطْنَأَ: کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔

اَطْنَأَ اِلَى الحَوْضِ: حوض کی طرف جانا اور پانی پینا۔

اَطْنَأَ اِلَى البِسَاطِ: بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّةٌ لاَ تُطْنِيْ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مرجائے۔

الطِنْءُ: بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "زُبِيَ فُلاَنٌ فِيْ طِنْئِهٖ" یعنی مرگیا۔ بجھی ہوئی راکھ۔ خواہش نفس کی طرف میلان۔ بدکاری۔ بچھونا۔ فرش باغ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ بَعِيْدُ الطِنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ منزل۔ تہمت۔

طَنِبَ: (س) طَنَبًا الرُمْحُ: نیزے کا ٹیڑھا ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَطْنَبُ: مؤنث طَنْبَاء.

طَنَّبَ الخَيْمَةَ: خیمہ لگانا...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا...... الذِئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا...... السِقَاءَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَانَبَ القَوْمَ: قوم کے خیموں کی رسی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسّی ملانا۔

اَطْنَبَتِ الرِيْحُ: ہوا کا غبار کو اُڑانا۔

الاِبِلُ: بعض اُونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا۔

فِيْ الوَصْفِ او العَذَلِ: مبالغہ کرنا۔

تَطَانَبَ القَوْمُ: خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا۔

الطُنُب: خیمہ کی لمبی رسّی۔ جسم کا پٹھا۔ درخت کی جڑ ج اَطْنَاب وطِنَبَة: کہا جاتا ہے۔

الطَّلِي: شخص۔ قطران ملا ہوا۔ سخت مریض۔ ہرن کا بچہ ج أطْلاء: ۔ خواہش۔ کہا جاتا ہے "قَضٰى طَلاتَه" یعنی اپنی خواہش پوری کی۔

الطِّلٰی: لذت۔

الطِّلاء: قطران۔ انگور کا رس جس میں سے پکانے کی وجہ سے دو تہائی جاتا رہے اور شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے۔ رسّی جس سے ہرن کے بچے کے پیر کو باندھیں (...... والطِّلایَة): ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔

الطُّلاۃ: خون کے اوپر کی باریک جھلی۔

الطُّلٰی: دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

الطُّلْیَة والطُّلاۃ: گردن ج طُلًی۔

الطَّلِي: بکری کا چھوٹا بچہ۔ ج طُلْیَان (...... والطِّلْیَان): دانتوں کی زردی۔

المِطْلٰی والمِطْلاء: تنگ نالہ ج مَطَالٍ۔

المُطَلّٰی: دائم المرض۔ کمزور مریض۔ قیدی کہ جس کی رہائی کی اُمید نہ ہو۔

طَمَّ: (ن) طَمًّا وطُمُوْمًا. الإناءَ: برتن بھرنا ...... الشَّعْرَ: بال کاٹنا یا گرہ لگانا ...... المَاءُ: ڈھانپ لینا ...... الشَّيْءُ: زیادہ ہونا ...... الأمْرُ: بڑا ہونا۔

طَمَّ: (ض ن) طَمًّا البِئْرَ: کنوئیں کو پاٹ دینا۔

طَمَّ: (ن ض) طَمًّا وطَمِيْمًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔

طَمَّ وطَمْطَمَ وتَطَمْطَمَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا ٹہنی پر اُترنا۔

أطَمَّ إسْتَطَمَّ الشَّعْرُ: بال کاٹنے وقت قریب ہونا۔

الطِّمُّ: پانی۔ سمندر۔ عدد کثیر۔ عمدہ گھوڑا۔ تعجب۔ تعجب انگیز۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ والرِّمِّ" یعنی بہت مال لایا۔

الطُّمَّة مِنَ النَّاسِ: جماعت طُمَّةُ القَوْمِ: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔

الطَّمِيْمُ: آہستہ دوڑ۔ عمدہ گھوڑا۔ طَمِيْمُ النَّاسِ: مختلف قسم کے لوگ۔

فَرَسٌ طَمُوْمٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

الطَّامَّة: بڑی مصیبت۔ قیامت۔

الأطْلَيْم: تالیں۔

طَمْأنَ: دیکھو مادہ "طَمَنَ"۔

طَمَثَ: (ن ض) طَمْثًا. الشَّيْءُ: چھونا۔

طَمَثَتْ وطَمُثَتْ (ن ک) طَمْثًا. المَرْأةُ: حائضہ ہونا۔ صفت طَامِث۔

الطَّمْث: مس۔ میل کچیل۔ فساد۔ خون۔ حیض۔ تہمت۔ کہا جاتا ہے "مَا بِفُلانٍ طَمْثُ رِيْبَةٍ" یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں۔

طَمَحَ: (ف) طَمْحًا وطِمَاحًا وطُمُوْحًا بَصَرُهُ إلَيْهِ: نگاہ اٹھانا۔ بِبَصَرِهِ وإلَيْهِ: بلندی کی جانب دیکھنا ...... بِأنْفِهِ: مغرور ہونا۔ ناک چڑھانا ...... بِهِ: لے جانا ...... فِي الطَّلَبِ: کوشش کرنا۔

طَمَحَتْ: (ف) طِمَاحًا وطُمُوْحًا. الدَّابَّةُ: جانور کا سرکش ہونا ...... المَرْأةُ عَلٰى زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ صفت طَامِح ج طَوَامِح۔

طَمَّحَ الفَرَسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اُٹھانا ...... بِالشَّيْءِ فِي الهَوَاءِ: پھینکنا۔

أطْمَحَ بَصَرَهُ إلَيْهِ: نگاہ اُٹھانا۔

بَحْرٌ طَمُوْحُ المَوْجِ: بلند موج والا سمندر۔

طَمَحَاتُ الدَّهْرِ وطَمَحَاتُهُ: مصائب۔

الطِّمَاح: غرور۔ فخر۔

الطَّمَّاح: دور۔ حریص۔

طَمَخَ: (ن) طَمْخًا. بِأنْفِهِ: تکبر کرنا۔

طَمَرَ: (ض) طَمْرًا. الشَّيْءَ: دفن کرنا۔ چھپانا (...... طَمْرًا وطُمُوْرًا وطِمَارًا وطَمَرَانًا): کودنا۔ اُچھلنا۔

طَمَرَ: (ن) طُمُوْرًا: جانا۔ سفر کرنا۔

طَمَرَ: (ن) طَمْرًا. المطمورة: کھتی بھرنا۔

(...... وطَمِرَ: (س) طَمَرًا) الجُرْحُ: سوج جانا۔

اليَدُ: ورم آ جانا۔

طُمِرَ فِي ضِرْسِهِ: داڑھ میں درد ہونا۔

طَمَّرَ الشَّيْءَ: لپیٹنا اور دفن کرنا ...... البَيْتَ: پردہ لٹکانا۔

إطْمَرَّ. عَلٰى فَرَسِهِ: پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔

الطِّمْر: پرانا کپڑا جو کسی چیز کا مالک نہ ہو ج أطْمَار: کہا جاتا ہے "لاَحَتِ الشَّمْسُ فِي الأطْمَارِ" یعنی زرد رنگ کا ہوگیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔

الطِّمِرّ والطِّمِرُ والطِّمْرِير والطُّمْرُوْر: لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔

الطَّامِر: فا۔ پسو۔ ج طَوَامِر کہا جاتا ہے "هُوَ طَامِرُ بْنُ طَامِرٍ" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔

الطِّمْرُ: جہل نادانی۔

طُمْرَةُ الشَّبَابِ: ابتدائے شباب۔ عنفوان شباب۔

الطَّامُوْر والطُّوْمَار: صحیفہ۔ ج طَوَامِيْر کہا جاتا ہے "كَتَبَ فِي الطُّوْمَارِ والطَّوَامِيْرِ"۔

المِطْمَر والمِطْمَار: معماروں کا دھاگا۔ پرانے لباس والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى مِطْمَارِ أبِيْهِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے۔

المَطْمُوْرَة: کھتی۔ قید۔

طَمَسَ: (ن) طُمُوْسًا: دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "لا أدْرِيْ أيْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ...... بِعَيْنِهِ: دور تک دیکھنا۔

طَمَسَ: (ن ض) طَمْسًا وطُمُوْسًا وتَطَمَّسَ وانْطَمَسَ: مٹنا۔ طَمَسَ النَّجْمُ أو البَصَرُ: ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔

طَمَسَ: (ض) طَمْسًا الشَّيْءَ: مٹانا۔ ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔ جڑ کھود دینا ...... الغَيْمُ النُّجُوْمَ: بادل کا ستارے کی روشنی کو زائل کر دینا۔

طَمَسَ: (ض) طَمَاسَةً الشَّيْءَ: اندازہ کرنا۔

رُبُوْعٌ طِمَاسٌ: مٹے ہوئے مکانات۔

الطَّمِيْس والمَطْمُوْس: اندھا۔

طَلَقَ :(ض) طَلْقًا. الشَیٔ فُلانًا : دینا۔ طَلَقَ یَدَہٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا۔

طَلَقَتْ :(ن) طَلاقًا. المَرْاَۃُ مِنْ زَوْجِهَا: عورت کا شوہر سے جدا ہونا اور اس کو چھوڑ دینا۔ صفت طَالِق ج طُلَّق وطَالِقَة. ج طَوَالِق النَاقَة: پاؤں باندھنے کی رسی سے کھل جانا۔

طَلِقَ :(س) طَلَقًا: بعید ہونا۔

طَلُقَ :(ک) طُلُوْقًا وطُلُوْقَة. اللِسَانُ: فصیح خوش بیان ہونا۔

طَلُقَ :(ک) طُلُوْقَة وطَلاقَة الرَجُلُ : ہنس مکھ ہونا۔

طُلِقَتِ المَرْاَۃُ طَلْقًا :دردِزہ والی ہونا۔ صفت مَطْلُوْقَة.

طَلَّقَ قَوْمَہٗ :قوم کو چھوڑ دینا۔ جدائی اختیار کرنا...... المَرْاَۃَ زَوْجُهَا :قیدِ نکاح سے علیحدہ کر دینا۔ النَخْلَةَ :درخت خرما میں گابھا دینا۔

اَطْلَقَ المَرْاَۃَ والنَخْلَة :بمعنی طَلَّقَ...... المَوَاشِیَ: چھوڑ دینا...... الاَسِیْرَ: قیدی کو آزاد کرنا...... یَدَہٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا...... فِیْ کَلامِہٖ :تعمیم کرنا۔ مقید نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَقَ رِجْلَہٗ" یعنی جلدی کی "اَطْلَقَ الدَوَاءُ بَطْنَہٗ" یعنی دوا نے اس کے پیٹ کو چلا دیا یعنی دست جاری ہو گیا۔ "اَطْلَقَ خَیْلَہٗ فِیْ الحَلْبَةِ" یعنی اپنے گھوڑے کو میدانِ مسابقت میں دوڑایا۔

تَطَلَّقَ وَجْهُہٗ :کشادہ رو ہونا۔ تَطَلَّقَتِ الخَیْلُ :گھوڑوں کا بغیر روک کے منتہی پر پہنچ جانا۔

اِنْطَلَقَ :جانا...... لِسَانُہٗ: زبان کا رواں ہونا...... وَجْهُہٗ :کشادہ رو ہونا...... نَفْسُہٗ لِلاَمْرِ :شرح صدر ہونا...... اُنْطُلِقَ بِہٖ :لے جایا جانا۔

اِطَّلَقَ :ہنس مکھ ہونا۔

اِسْتَطْلَقَ. البَطْنُ :پیٹ چلنا...... الظَبْیُ : ہرن کا تیزی سے دوڑنا اور کسی چیز کی طرف مائل نہ ہونا...... الاَمْرَ: کام میں جلدی کرنا۔

الطَلْق :مص۔ دردِزہ۔ ہرن۔ ج اطلاق (...... والطِلْق والطُلُق والطُلَق والطَلِق والطَلِیْق) : آزاد۔ غیر مقید۔ کہا جاتا ہے "حُبِسَ طَلْقًا وطُلُقًا" یعنی بغیر ہتھکڑی کے قید کیا گیا۔ یوم طَلْق :دن جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی۔ فَرَسٌ الیَدِ: گھوڑا جس کی اگلی ٹانگوں میں سفیدی نہ ہو۔ رَجُلٌ طَلْقُ الیَدَیْنِ: سخی۔ رَجُلٌ طَلْقُ الوَجْهِ وطِلْقُہٗ وطُلُقُہٗ وطَلِقُہٗ وطَلِیْقُہٗ: کشادہ رو مرد۔ ہنس مکھ۔ کہا جاتا ہے "لِسَانُہٗ طَلْقٌ وطَلِیْقٌ طَلِیْقٌ" یعنی اس کی زبان تیز و طرار ہے۔ الطِلْق: حلال۔ حصہ۔ کھال کا بنا ہوا بند۔ الطِلْق والطَلْق: ابرک۔

الطَلَق :مص۔ گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر۔ آنت۔ رسی مضبوط بٹی ہوئی۔ کھال کا بنایا ہوا بند ج اطلاق کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْ مَالِہٖ طَلَقًا" مجھے اس کے مال میں سے حصہ ملا۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی الاِطْلاقِ او مُطْلَقًا" یعنی عام طریقہ سے بلا کسی استثناء کے۔

الطُلَقَاء: وہ حضرات جو فتح مکہ کے دن اسلام لائے اور ان پر احسان کیا گیا۔

الطَلاق والمِطْلاق والمِطْلِیْق: بہت زیادہ طلاق دینے والا۔

المُطْلَق :خلاف مقید...... مِنَ الخَیْلِ: وہ گھوڑا جس کی ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو۔

طَلَمَ:(ن) طَلْمًا وطَلَّمَ. الخُبْزَۃَ :روٹی کو ہاتھ سے ہموار کرنا۔ طَلَمَ العَرَقَ عَنْ جَبِیْنِہٖ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

الطُلْم: روٹی پھیلانے کا تختہ۔

الطَلَم: دانتوں کا میل۔

الطُلْمَة: روٹی ج طُلَم. المِطْلَمَة :بیلن۔ عام لوگ اسے شوبک کہتے ہیں۔

طَلْمَسَ: ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا...... الکِتَابَ: مٹانا۔

اِطْلَمَسَ. اللَیْلُ: سخت تاریک ہونا۔

الطِلْمِسَاء : تاریکی۔ بغیر کسی علامت کے زمین۔ پتلا بادل۔

طَلَہٗ :(ف) طَلْهًا. الرَجُلُ فِی البِلادِ: جانا۔ آہستہ چلنا۔

اِطْلَہٗ اِطِّلاهًا: مطلع ہونا۔

الطُلَہ: پتلا بادل۔

الطُلْهَة: بقیہ مال۔

طَلاہٗ یَطْلُوْہٗ طَلْوًا: ٹانگ باندھنا۔

طَلا یَطْلُوْ طَلاوَۃً الرَجُلُ: دیر کرنا۔

اَطْلَتِ الوَحْشِیَّةُ: بچے والی ہونا۔

اِطْلَوْلٰی اِطْلِیْلاءً: اچھی گفتگو والا ہونا۔

الطَلاءُ والطَلْوُ :ہرن کا بچہ پیدا ہوتے وقت۔ ہر چیز کا چھوٹا ج اَطْلاءٌ وطِلاءٌ وطُلِیٌّ وطِلْیَانٌ وطُلْیَان.

الطِلْو: بھیڑیا۔

الطِلْوَة: جانوروں کا بچہ۔

الطُلْوَة: صبح کی سفیدی۔

الطُلاوَۃ والطَلاوَۃ والطِلاوَۃ: وہ حسن [illegible] رونق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا کَلامٌ مَا عَلَیْہِ طَلاوَۃٌ" یعنی یہ ایسی گفتگو ہے جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں۔ منہ میں کھانے کا بقیہ۔ جادو۔ خون یا دودھ پر کی پتلی جھلی۔ الطَلاوَۃ جو کسی چیز پر طلاء کیا جائے۔

طَلٰی یَطْلِی طَلْیًا: ٹانگ باندھ کر رکھنا... البَعِیْرَ القَطِرَانَ او بِالقَطِرَانِ: اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) ...... الشَیٔ [illegible] روکنا۔

طَلِیَ :(س) طَلٰی فُوْہٗ :دانتوں میں زردی ہونا...... لِسَانُہٗ: زبان کا ثقیل ہونا۔

طَلّٰی تَطْلِیَةً: گانا...... فُلانًا: قید کرنا۔ گالی دینا...... البَعِیْرَ القَطِرَانَ: اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) ...... اللَیْلُ الآفَاقَ: رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا۔

اَطْلٰی: کمزوری یا کسی وجہ سے گردن کا جھکنا۔

تَطَلّٰی: کھیل کود میں منہمک رہنا...... (واطّلی) بِالقَطِرَانِ: قطران سے لت پت ہونا۔

بادل ج طَلَس.

الـمِطْلَسَة: چیتھڑا جس سے لکھی ہوئی تختی صاف کی جائے۔

الطَّلِس: اندھا۔

الطَّيْلَس: سبز رنگ کی چادر جس کو مشائخ و علماء استعمال کرتے تھے اور یہ عجمیوں کا لباس ہے ج طَيَالِس.

الطَّيْلَسَان: بمعنی طَيْلَس ج طَيَالِس وطَيَالِسَة.

الأَطْلَس: بھیڑیا جس کے بال گر گئے ہوں اور اس کا رنگ خاکستری مائل بہ سیاہی ہو۔ پرانا کپڑا۔ میلا۔ چور۔ ریشمی کپڑا۔

طَلْسَمَ عَنِ القِتَال: لڑائی سے پیچھے ہٹنا...... الـرَّجُلُ: سر جھکانا اور منہ بگاڑنا...... السَّاحِرُ: جادوگر کا منتر لکھنا۔

الـطِّلَّسْم: جادو کی لکیریں یا تحریر ج طَلَاسِم.

الطِّلَّسْم: بمعنی طِلَّسْم ج طِلَّسْمَات.

الطَّلَش: چھری۔

طَلْطَلَهٗ: حرکت دینا۔

الطُّلَيْطِل والطُّلَيْطِلَة: مصیبت۔

الطُّلَاطِلَة: مصیبت۔ موت۔ حلق کا کوا۔

الطُّلَاطِل: موت۔ سخت مرض۔

طَلَعَ (ن) طُلُوْعاً ومَطْلَعاً ومَطْلِعاً الـكَوْكَبُ ونَحْوُهٗ: ستارہ وغیرہ کا نکلنا...... عَلَيْهِمْ: متوجہ ہونا...... عَنْهُمْ: غائب ہونا اور دور ہونا۔

طَلَعَ: (ف ن) وطَلِعَ (س) طُلُوْعاً الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا...... عَلَى الأَمْرِ: جاننا ...... البِلَادَ: ملکوں کا قصد کرنا۔ المَكَانَ: پہنچنا...... مِنَ البِلَادِ: شہروں سے نکلنا...... (وطَلَّعَ) النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا۔ طَلَّعَ الكَيْلَ: پیمانہ کو بھرنا۔

طَالَعَهٗ مُطَالَعَةً وطِلَاعاً: زیادتی غور و فکر سے مطلع ہونا...... الـكِتَابَ: کتاب پڑھنا ...... ہ بـالأَمْرِ: پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَالِعْنِي كُلَّ وَقْتٍ بِكُتُبِكَ" یعنی اپنی کتابوں کو ہر وقت میرے سامنے پیش کرو۔

أَطْلَعَ الكَوْكَبُ: ستارہ کا نکلنا...... النَّبَاتُ: نباتات کا اُگنا...... النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا...... الشَّجَرُ: درخت کے پتے نکلنا...... النَّخْلَةُ: درخت خرما کا طویل ہونا...... عَلَى الشَّيْءِ: جھانکنا...... الفَجْرَ: فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا...... ہ عَلَى سِرِّہٖ: واقف کر دینا۔ أَطْلَعَ إِلَيْهِ مَعْرُوْفاً: اچھا سلوک کرنا۔ أَطْلَعَهٗ طِلْعَ أَمْرِہٖ: حقیقت حال کو ظاہر کر دینا...... الرَّجُلُ: قے کرنا...... الرَّامِي: تیر کا نشانہ کے اوپر سے نکل جانا...... عَلَى فُلَانٍ: اچانک پہنچ جانا۔

اِطَّلَعَ الأَمْرَ وعَلَيْهِ: جاننا...... عَلَيْنَا: اچانک آ جانا...... الفَجْرَ: طلوع فجر کو دیکھنا۔ اِطَّلَعَ طِلْعَ العَدُوِّ: دشمن کی حقیقت حال سے واقف ہونا۔

تَطَلَّعَهٗ: جاننا۔ چہرے کی طرف دیکھنا۔ الـرَّجُلَ: پالینا۔ غالب آنا۔ تَطَلَّعَ المِكْيَالُ: پیمانہ کا بھر جانا...... المَاءُ مِنَ الإِنَاءِ: پانی کا برتن سے اُبل پڑنا۔

اِسْتَطْلَعَهٗ: ظاہر ہونے کی خواہش کرنا۔ حقیقتِ حال دریافت کرنا۔ "اِسْتَطْلَعَ رَأْيَ فُلَانٍ واسْتَطْلَعَهٗ رَأْيَهٗ" کسی کی رائے و تدبیر پر غور کرنا۔

الطِّلْعُ: مقدار۔ تم کہتے ہو "الجَيْشُ طِلْعُ أَلْفٍ" یعنی لشکر ہزار کی مقدار میں ہے ...... "مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا گابھا۔ شگوفہ۔

الطِّلْعُ: اسم ہے اطلاع کا۔ کہا جاتا ہے "اِطَّلَعَ طِلْعَ العَدُوِّ" وہ دشمن کی حقیقتِ حال کو جان گیا۔ سانپ۔

الطَّلْعُ والطِّلْعُ: بلند مکان جہاں سے جھانکیں۔ گوشہ۔

الطَّلْعَة: دیدار۔ چہرہ۔

اِمْرَأَةٌ طُلَعَةٌ: عورت بہت زیادہ ظاہر ہونے والی۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ طُلَعَةٌ" یعنی اپنی خواہشات کی طرف زیادہ میلان رکھنے والا نفس۔

الطِّلَاعُ مِنَ الإِنَاءِ: پُری ج طُلُعٌ۔ وطِلَاعُ الشَّيْءِ: مقدار شئی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِلَاعُ هٰذَا" یعنی یہ اس کی مقدار ہے "عَيْنٌ طِلَاعٌ" آنسو سے بھری ہوئی آنکھ۔ قَدَحٌ طِلَاعٌ: بھرا ہوا پیالہ۔

الطَّلَّاعُ: مبالغہ طالع: کہا جاتا ہے "هُوَ طَلَّاعُ الثَّنَايَا والأَنْجُدِ" یعنی وہ بڑے بڑے امور کا قصد کرتا ہے یا وہ امور میں تجربہ کار ہے جن کی تدبیر اچھی طرح کرتا ہے۔

الطُّلَعَاء والطُّلَوْلِع: قے۔

الطَّلِيْعَةُ مِنَ الجَيْشِ: ہراول۔ مقدمة الـجیش: جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تاکہ دشمن کے احوال و کوائف کی تفتیش کرے۔ واحد و جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ ج طَلَائِع.

الـطَّالِع: فا۔ پہلی رات کا چاند۔ فجر کاذب ...... عِنْدَ أَصْحَابِ الفَالِ: زائچہ۔ ستاروں کے طلوع سے جس پر سعد و نحس کا شگون لیا جائے۔ ج طَوَالِع.

الطُّلُوْع: بمعنی طالع.

المَطْلَع والمَطْلِع: ستاروں کے طلوع ہونے کی جگہ۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ ج مَطَالِع. مَطْلَعُ الأَمْرِ: کسی کام کے حصول کا ذریعہ و طریقہ۔ مَطْلَعُ القَصِيْدَة: قصیدہ کا پہلا شعر۔

المُطْلِع: فا۔ قوی غالب۔

المُطَّلَع: مفع۔ آنے کی جگہ۔ اونچے سے جھانکنے کی جگہ۔

طَلَفَ عَلَيْهِ: زیادہ کرنا۔

أَطْلَفَهٗ كَذَا: ہبہ کرنا۔ أَطْلَفَ الدَّمَ: خون کو رائیگاں کر دینا۔

الطَّلَف: داد و دہش۔ آسان چیز۔ زائد چیز (...... والـطَّلْف): رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ طَلَفاً" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔

الطَّلِيْف: ماخوذ۔ رائیگاں۔ باطل۔

الطِّلّ: سانپ۔

الطَّلَّةُ: خوش نما دل پسند۔ لذیذ خوشبو۔ لذیذ شراب۔ بیوی۔ ہلکی بارش کا تر کیا ہوا باغ۔ کھانے پینے کی وسعت۔ بڑھیا عورت۔ بدزبان۔

الطُّلَّةُ: ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار گردن ج طُلَل۔

الطُّلَّاء: بے بدلہ خون۔

الطَّلَلُ: بلند جگہ۔ ویران مکانات کے نشانات۔ ہر چیز کا جسم اور اسی سے ہے "اَعْجَبَنِی طَلَلُهٗ ورَاقَنِی هَیْکَلُهٗ" یعنی اس کا جسم اور ڈیل ڈول مجھے پسند آیا ج اَطْلَال وطُلُوْلُ و طَلَلُ السَّفِیْنَة: کشتی کا پردہ۔ طَلَلُ الْمَاء: پانی کی سطح الطَّلَلُ مِنَ الدَّارِ: چبوترہ۔

الطَّلَالَة: ہر چیز کا جسم۔ اچھی ہیئت۔ اچھی حالت۔ تروتازگی۔ شادمانی۔ ویران مکان کے نشانات۔

الطَّلِیْل: پرانی چٹائی۔ ج طِلَّة واَطِلَّة وطُلُل۔

الْمُطَلُّ: بلند مکان جس سے جھانکا جائے۔

الْمَطْلُوْل: مفع ...... مِنَ الاَمَاكِن: جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

الْمُطَلَّل: کہر۔

طَلَبَ: (ن) طَلَبًا. الشَّیْءَ: ڈھونڈنا۔ اِلَیْهِ: راغب ہونا۔

طَلَبَ: (س) طَلَبًا: دور ہونا۔

تَطَلَّبَ واِطَّلَبَ. الشَّیْءَ: تکلف کے ساتھ اور بار بار ڈھونڈنا۔

طَلَّبَ. الشَّیْءَ: مہلت سے ڈھونڈنا۔

طَالَبَهٗ طِلَابًا ومُطَالَبَةً: اپنا حق مانگنا۔

اَطْلَبَهٗ: مانگنے کے لئے مجبور کرنا۔ طلب کردہ چیز کو دینا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَبَهُ الفَقْرُ" یعنی فقر نے مانگنے پر مجبور کر دیا۔ اَطْلَبَ الْمَاءُ: دور ہونا کہ بغیر ڈھونڈے نہ مل سکے۔

الطِّلْبَة: اسم ہے مطالبہ کا۔ طلب کی نوعیت (...... والطَّلِبَة): جو چیز طلب کی جائے۔

الطِّلْب: جو چیز طلب کی جائے۔ طلب کرنے والا۔ ج اَطْلَاب وطِلَبَة۔

الطُّلْبَة: دور کا سفر۔

الطَّالِب: فا۔ شاگرد۔ ج طَلَبَة وطُلَّاب وطَلَب وطُلَّب۔

الطَّلُوْب: بہت زیادہ طلب کرنے والا۔ بِئْرٌ طَلُوْبٌ: کنواں جس کا پانی دور ہو۔ ج طُلُب۔

الطَّلِیْب: بہت زیادہ مانگنے والا۔ ج طُلَبَاء۔

الطَّلَّاب: بہت زیادہ مانگنے والا۔

الطَّلِیْبَة: مؤنث طَلِیْبٌ: ج طَلَائِب۔

الْمَطْلَب: طلب کرنا۔ مقصد۔ کسی علم کا کوئی مسئلہ ج مَطَالِب۔

الْمُطْلِب: فا۔ مَاءٌ مُطْلِبٌ: دور کا پانی۔

الْمَطْلُوْب: مفع۔ جو طلب کیا جائے۔ ج مَطَالِیْب۔

طَلَثَ: (ن) طُلُوْثًا. الْمَاءُ: پانی بہنا۔ جاری ہونا۔

طَلَثَ عَلٰی كَذَا: زیادہ ہونا۔

الطُّلْثَة: جاہل۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن۔

طَلَحَ: (ف) طَلْحًا و طَلَاحَةً. الْبَعِیْرُ: اُونٹ کا تھکنا۔ صفت طَلْحٌ وطِلْحٌ وطَلِیْحٌ۔

طَلَحَ الْبَعِیْرَ و طَلَّحَهٗ واَطْلَحَهٗ: تھکانا۔

طَلَحَ عَلٰی فُلَانٍ: اصرار کرنا۔ طَلِحَ الْبَعِیْرُ: تھکنا۔

طَلَحَ: (ن) طَلَاحًا: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔

طَلِحَ: (س) طَلْحًا وطُلِحَ: پیٹ خالی ہونا۔ صفت طَلِیْحٌ وطَلِحٌ وطِلْحٌ. طَلِحَتِ الاِبِلُ طَلَحًا: ببول کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔

الطَّلْحُ: شگوفہ۔ درخت خرما۔ کیلا۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ببول کا درخت۔ واحد طَلْحَة۔

الطِّلْح: لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ طِلْحٌ ونَاقَةٌ طِلْحٌ ج اَطْلَاحٌ وطِلَاحٌ"۔

مَكَانٌ طَلِحٌ: جس میں ببول کے درخت زیادہ ہوں۔

الطِّلْح: نعمت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ طِلْحٍ" وہ خوش عیش ہے۔

الطَّالِحُ: فا۔ بدکار۔ ج طَالِحُوْن وطُلَّح۔ نَاقَةٌ طَالِحٌ واِبِلٌ طُلَّح: تھکے ہوئے اُونٹ۔

الطِّلَاح: کیکر کا درخت۔ اِبِلٌ طِلَاحٌ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اُونٹ۔

الطَّلِیْح: چیچڑی۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ طَلِیْحٌ ونَاقَةٌ طَلِیْحَة وطَلِیْحٌ ج طَلَائِح وطَلْحٰی۔

الطَّلْحِیَّة: کاغذ کا ایک ورق ج طَلَاحِی۔

الْمُطَّلِح فِی الْكَلَامِ: بہتان گھڑنے والا ...... فِی الْمَالِ: مال میں ظلم کرنے والا۔

طَلَخَ: (ن) طَلْخًا. الشَّیْءَ: کالا کرنا ...... الْكِتَابَةَ: خراب کر دینا ...... فُلَانًا بِالْقَذَرِ: لت پت کر دینا۔

اِطْلَخَ. الدَّمْعُ: بہنا۔ بکھرنا۔

الطَّلَخ: خراب پانی۔

الطَّلْخَاء: بے وقوف عورت۔

اُطْلَخَمَّ. الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔

اُمُوْرٌ مُطْلَخِمَّات: سخت ودشوار امور۔

طَلَسَ: (ض) طَلْسًا. الْبَصَرُ: نگاہ کا ضائع ہونا ...... وطَلَّسَ الْكِتَابَة: لکھے ہوئے کو مٹا دینا۔

طَلِسَ: (س) طَلَسًا وطَلُسَ (ک) طُلْسَةً: خاکستری مائل بہ سیاہی ہونا۔ صفت اَطْلَس: ج طُلْس۔

طُلِسَ بِهٖ فِی السِّجْنِ: قید خانے میں ڈالا جانا۔

تَطَلَّسَ. الْكِتَابُ: مٹنا ...... تَطَيْلَسَ الرَّجُلُ: طَيْلَسَان: استعمال کرنا۔

اِنْطَلَسَ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔

اِطْلَنْسٰی اِطْلِنْسَاءً. الْعَرَقُ: سارے جسم پر پسینہ بہنا۔

الطَّلْس: کالی چادر۔

الطِّلْس: مٹایا ہوا کاغذ۔ میلا کپڑا ج اَطْلَاس۔

الطُّلْسَةُ: خاکستری مائل بہ سیاہی۔ چتلا پن

سے دوسری جانب کودانا۔

الطَّفْرَة : اونچائی کی کودائی ...... مِنَ اللَّبَنِ : بالائی۔

طَفِسَ : (س) طَفَسًا وطَفَاسَةً : گندا ہونا۔ صفت طَفِسٌ.

طَفَسَ : (ن) طُفُوسًا. الرَّجُلُ : مرنا۔

طَفْطَفَ طَفْطَفَةً : دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔

الطَّفْطَفَة والطِّفْطِفَة : کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طَفَاطِف.

الطُّفْطَاف : جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تروتازہ نرم شاخیں۔

طَفِقَ : (س) وطَفَقَ (ض) طَفَقًا وطُفُوقًا. يَفْعَلُ كَذَا : شروع کرنا۔ طَفِق المَوْضِعَ : لازم ہونا۔ طَفِق بِمُرَادِهِ : کامیاب ہونا۔

أَطْفَقَهُ. بِمُرَادِهِ : کامیاب کرانا۔

طَفُلَ : (ک) طُفُولَةً وطَفَالَةً : نرم و نازک پروردہ ہونا۔

طَفَلَ : (ن) طُفُولاً : رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔

طَفِلَ (س) طَفَلاً وطُفِلَ النَّبَاتُ : نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہونا۔

طَفَّلَ اللَّيْلُ : قریب ہونا۔ طَفَّلَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ...... الرَّجُلُ : طفیلی ہونا ...... الكَلامَ : غور کرنا۔

طَفْلَلَهٗ : نرمی برتنا اور یہ طَفَّلَ الرَّاعِيُ الإبِلَ سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اونٹوں سے نرمی کرے تاکہ اونٹ کے بچے بھی ساتھ ہوجائیں۔

أَطْفَلَ : رات کے وقت داخل ہونا۔

إطْفَلَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے وقت سرخ ہونا ...... الأُنْثٰی : بچہ والی ہونا۔

أطْفَلَ الكَلامَ : سوچنا۔

تَطَفَّلَ : بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی ہونا۔

الطَّفْل : نرم و نازک۔ ج طِفَال وطُفُول : مؤنث طَفْلَة.

الطِّفْل : ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسْعٰى لِيْ فِيْ اِطْفَالِ الحَاجَات" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے۔ ہر وحشی جانور کا بچہ۔ مؤنث طِفْلَة کہا جاتا ہے جَارِيَةٌ طِفْلٌ وطِفْلَةٌ اور طِفْلٌ : واحد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے اس لئے کہ اسم جنس ہے۔ الطِّفْل : حاجت رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "تَطَايَرَتْ أَطْفَالُ النَّارِ" یعنی چنگاری اُڑی۔ رِيْحٌ طِفْلٌ : نرم نرم چلنے والی ہوا۔ ج أَطْفَال.

الطَّفَل : بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طَفَلُ الغَدَاةِ : طلوع آفتاب کے کچھ بعد۔ طَفَلُ العَشِيِّ : غروب آفتاب سے کچھ قبل۔

اَلطُّفَيْلِي مِنَ النَّبَاتِ وَالْحَيَوَانِ : دوسروں کے سہارے زندگی گزارنے والے۔ جانور، درخت و پودے۔

الطُّفَال والطِّفَال : خشک گارا۔

الطُّفُوْلِيَّة والطَّفَالة والطُّفُوْلَة : بچپنا۔

الطُّفَيْل : گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

الطُّفَيْلِيّ : بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔

المُطْفِل : بچہ والی (انسان ہو یا جانور) ج مَطَافِل ومَطَافِيْل : کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مُطْفِلٌ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔

طَفَنَ : (ن) طَفْنًا : مرنا ...... ہ : قید کرنا۔

اِطْفَانَّ. المَكَانُ : قابلِ اطمینان ہونا ...... الرَّجُلُ : اچھی عادت والا ہونا۔

الطَّفَانِيْن : جھوٹ۔ لغو بے ہودہ گفتگو۔ قید۔

شَقَأَ (ف) شَقْأً وشُقُوءًا. النابُ: دانت نکلنا۔ شَقَأَ الرَّاسَ: مانگ نکالنا اور کنگھا کرنا۔ و راسَه: سر پھاڑنا۔ فلانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔

المَشْقَأ: مانگ۔

المِشْقَأ والمِشْقاء والمِشْقَأة: کنگھا۔

شَقُحَ (ک) شَقاحَة: قبیح ہونا۔ صفت (شَقِيح)

شَقَحَ (ف) شَقْحًا. الشَّيءَ: توڑنا۔ الجَوزَةَ: گری نکالنا ... ه الله: قبیح بنانا۔ الكَلبُ: کتے کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگ اٹھانا۔

شاقَحَه مُشاقَحَة: باہم گالی گلوچ کرنا۔

اَشْقَحَه: دور کرنا۔ (شَقَّحَ وشَقْحَ) البُسْر: رنگ پکڑنا۔ النَّخلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شَقْحًا وقَبْحًا له): یعنی اس کے لئے دوری ہو۔

الاَشْقَح: سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحاء. ج شُقْح.

الشَّقْحِيّ: سرخ رنگ والا۔

شَقِذَ (س) شَقَذًا: تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شَقِذ وشَقَذ وشَقِيذ وشَقْذان)

شَقَذَ (ض) شَقْذًا وشَقِذَ (س) شَقَذًا: دور جانا۔

شاقَذَه: باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔

تَشَقَّذَه: دھتکارنا۔

الشَّقَذ والشِّقْذ والشُّقْذ: گرگٹ کا بچہ۔ ج شِقْذان وشُقْذان. الشَّقَذ: جس۔ کہا جاتا ہے "ما لَه شَقَذٌ ولا نَقَذٌ" اس کے پاس کچھ نہیں۔ و "هذا لَيسَ بِه شَقَذٌ ولا نَقَذٌ" اس میں کوئی خلل اور نقصان نہیں۔

الشِّقْذان: بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے کوڑے۔ بھٹ۔ تیتر وغیرہ کے چوزے۔

الشَّقَذان: جس ج شِقْذان و (الشِّقْذ والشُّقْذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔

الشَّقْذاء: بہت بھوکا عقاب۔

شَقِرَ (س) وشَقُرَ (ک) شَقَرًا وشُقْرَة: سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (اَشْقَر) مؤنث شَقْراء: ج شُقْر.

اِشْقَرَّ: گہرا سرخ و زرد رنگ کا ہونا۔

الشُّقْر: امر مستور و پوشیدہ۔ ج شُقُور کہا جاتا ہے "اَفْضَيْتُ اِلَيهِ بِشُقُوري" میں نے اپنے ان امور کو اس پر مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بَثَّه شُقُورَه" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔

الشِّقِر: سرخ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بِالشِّقِرِ والبِقِرِ" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔

الشَّقِر والشَّقِرَان والشُّقّار والشُّقّارَى: ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔

الشِّقِرّاق والشِّقِرّاق: فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شُقْرُق اور شِرِقْرِق بھی کہتے ہیں۔

شَقْشَقَ شَقْشَقَةً. الجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا ... العُصْفُورُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

الشِّقْشِقَة: بوقت مستی اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ ج شَقاشِق اور فصیح کے لئے "هَدَرَتْ شِقْشِقَتُه" کہا کرتے ہیں۔ و "فلانٌ شِقْشِقَةُ قَومِه" فلاں اپنی قوم میں شریف و فصیح ہے۔

شَقَصَ. الذَّبِيحَةَ: ذبح کیے ہوئے جانور کو حصہ داروں کے لئے کاٹ کر برابر حصہ کرنا۔

الشِّقْص: حصہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔

الشَّقِيص: شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔

المِشْقَص: چوڑا لمبا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مَشاقِص.

المُشَقِّص: قصاب۔

الشَّقِيط: مٹی کا مٹکا یا پکی ہوئی مٹی۔

الشَّقِيذ: پکی ہوئی مٹی۔

شَقَعَ (ف) شَقْعًا. فِي الإناءِ: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔

الشَّقَف: ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے۔ واحد (شَقَفَة)

الشَّقْلُوف. مِنَ الشُّيُوخ: لو جھکا ہوا تھوڑا۔ صحیح الشلقوف بالعکس ہے۔

شَقَلَ (ن) شَقْلًا. الدَّراهِمَ: تولنا ــــ المَرأَةَ: جماع کرنا۔

شَوْقَلَ شَوْقَلَةً: حلیم و بردبار ہونا۔

الشاقُول: معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔

شَقَنَ (ن) شَقْنًا وشُقُونًا. العَطِيَّةَ: کم دینا۔ و اَشْقَنَ الرَّجُلُ: کم مال ہونا۔

شَقُنَ (ک) شَقانَةً. العَطِيَّةُ: کم ہونا۔ صفت (شَقْن وشَقِن وشَقِين)

المِشْقَن: سہاگا (جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ)۔

شَقا يَشْقُو شَقْوًا وشُقُوًّا. ه فلانًا: بد بخت بنانا۔ شَقَى خَبَرَه: تنگی کرنا۔

شَقِيَ يَشْقَى شَقًا وشَقاءً وشَقاوَةً وشِقاوَةً وشِقْوَةً وشَقْوَةً: بد بخت ہونا۔ صفت (شَقِيّ) ج اَشْقِياء.

شاقَى. فلانًا: بد بخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شاقانِي فَشَقَوْتُه" اس نے بد بخت ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بد بخت ہوا ...... ه فِي الحَربِ: لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا ...... ه عَلى كَذا: صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

شَفَةُ الشَّيْءِ كَشَفَتِهِ: ڈول کسی چیز کا کنارہ۔

الشَّفِهُ: پیاسا۔

الشُّفَاهِيُّ والأَشْفَهُ: بڑے ہونٹوں والا۔

الحُرُوفُ الشَّفَهِيَّةُ: ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ ب ف م ہیں۔

المَشْفُوهُ: مِنْهُ مَاءٌ مَشْفُوهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَشْفُوهٌ عَنَّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "هُوَ مَشْفُوهُ المَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور بہت داد و دہش والا ہے۔

شَفَا يَشْفُو شَفْوًا. الهِلَالُ: چاند کا طلوع ہونا...... الشَّخْصُ: ظاہر ہونا...... الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا......

الشَّفَا: نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ ہر چیز کا حد و کنارہ۔ تثنیہ شَفَوَان. ج أَشْفَاء آدمی کے لئے موت کے وقت اور چاند کے لئے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لئے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ مِنْهُ إِلَّا شَفًا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔

الأَشْفَى: جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔

شَفَى يَشْفِي شِفَاءً. اَللّٰهُ فُلَانًا مِنَ المَرَضِ: تندرست کرنا۔ صحت یاب کرنا...... فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے لئے شفا مانگنا...... الشَّمْسِ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (...... وشَفِيَ (س) شَفِيَ الهِلَالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔

شُفِيَ. المَرِيضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔

أَشْفَى إِشْفَاءً. فُلَانًا: شفا مانگنا...... عَلَيْهِ: کنارے پر آ لگنا اور اسی سے ہے "أَشْفَى المَرِيضُ عَلَى المَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آ لگا...... العَلِيلُ: حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کے لئے)

...... المُسَافِرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا...... المَرِيضَ: مفید دوا بتانا۔ تم کہتے ہو "أَشْفِنِي" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو۔ أَشْفَاهُ الشَّيْءَ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔

تَشَفَّى. مِنْ غَيْظِهِ: غصے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَفَّيْتُ مِنْ فُلَانٍ" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہو گیا (...... واشْتَفَى بِكَذَا: شفا حاصل کرنا۔

اَلْمُسْتَشْفَى: ہسپتال (دواخانہ)

اِسْتَشْفَى. بِهِ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُسْتَشْفَى بِرَأْيِهِ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے...... المَرِيضُ مِنْ عِلَّتِهِ: صحت یاب ہونا۔

الشِّفَاءُ: مص۔ دوا۔ (مجاز ہے اس لئے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو مسبب کا تھا) ج أَشْفِيَةٌ ج أَشَافٍ.

الشَّافِي: قَاطِعٌ مِنَ الأَدْوِيَةِ وَنَحْوِهَا: مفید دوا وغیرہ۔ الجَوَابُ الشَّافِي: ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو۔

الإِشْفَى. مُثَنَّى. سُوجا ج أَشَافٍ.

شَقَّ (ن) شَقًّا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے ہے شَقَّ عَصَاءَ القَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا۔ و "شَقَّ فُلَانٌ العَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا۔

شَقَّ (ن) شَقًّا ومَشَقَّةً. الأَمْرُ: دشوار ہونا...... عَلَى فُلَانٍ: مشقت میں ڈالنا...... البَرْقُ: بجلی کا وسطاً آسمان تک سیدھی پھیلنا...... الفَرَسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا...... شُقُوقًا) النَّبْتُ: اُگنا...... نَابُ البَعِيرِ: دانت نکلنا (...... شَقًّا) الصُّبْحُ: فجر طلوع ہونا۔

شَقَّقَ. الحَطَبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا...... الكَلَامَ: برمحل کہنا۔

شَاقَّهُ شِقَاقًا ومُشَاقَّةً: مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔

تَشَقَّقَ. الحَطَبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَتْ عَصَاهُمْ بِالبَيْنِ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

تَشَاقَّ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا...... الرَّجُلَانِ: باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوا ثِيَابَهُمْ: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔

اِنْشَقَّ. الشَّيْءُ: شگاف پڑنا...... الأَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا...... الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَقَّتْ عَصَاهُمْ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

اِشْتَقَّ. الشَّيْءَ: آدھا لینا...... الكَلِمَةَ مِنَ الكَلِمَةِ: مشتق کرنا جیسے الضَّرْبُ: سے ضَرَبَ...... الفَرَسُ فِي عَدْوِهِ: دائیں بائیں جانا...... فِي الكَلَامِ أَوِ الخُصُومَةِ: اِدھر اُدھر ہٹ جانا...... الطَّرِيقَ فِي الفَلَاةِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔

الشَّقُّ: مص۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ج شُقُوق.

الشِّقُّ: جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ سگا بھائی۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "المَالُ بَيْنِي وَبَيْنَكَ شِقٌّ أَوْ شَقٌّ شَعَرَةٍ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔

الشِّقَّةُ: کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شِقَق وشِقَاق.

الشِّقَّةُ والشُّقَّةُ: دور کا سفر۔ مسافت جس کو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لئے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقَق.

الشَّقِيقُ: دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔

الشَّقِيقَةُ: حقیقی بہن۔ باغوں کے درمیان

خادم۔ عیش (مُشْفِر) تنگ زندگی۔

المِشْفَر : شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اُونٹ کے ہونٹ کے لئے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشَافِر.

الشُفَارِج: میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔

شَفَزَهٗ (ض) **شَفْزًا**: لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔

شَفْشَفَ. الرَجُلُ : کانپنا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِفٌ ومُشَفْشَفٌ) ...... بِه : خلط ملط ہونا...... الدَوَاءَ عَلَى الجُرْحِ : زخم پر دوا چھڑکنا...... الهَمُّ فُلَانًا : دُبلا کرنا...... الصَقِيْعُ النَبَاتَ : پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا...... الحَرُّ والبَرْد الشَّيْءَ : خشک کرنا...... عَلَيْهِ: ڈرنا۔

تَشَفْشَفَ. النَبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔

الشَفْشَاف : اولوں والی بارش۔ عوام لَفْنَاف کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَاف : چھدرا بُنا ہوا کپڑا۔

شَفَعَ (ف) **شَفْعًا. الشَّيْءَ**: جوڑا کرنا۔ دہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ وِتْرًا فَشَفَعَهٗ بِآخر" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا...... جَارَهٗ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا...... النَاقَةُ: ایک بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شُفِعَ) لِيَ الاَشْخَاصُ : نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دکھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَة)

شَفَعَ (ف) **شَفَاعَةً. لِفُلَانٍ اَوْفِيْهِ اِلَى زَيْدٍ**: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَيْهِ بِالعَدَاوَةِ : کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَادِيْنِي وَلَهٗ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لئے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے...... لِفُلَانٍ فِي المَطْلَبِ: کسی کے لئے کوشش کرنا۔

شَفَّعَ. الشَّيْءَ: جفت بنانا۔ شَفَّعَنِيْ فِيْ فُلَانٍ : سفارش قبول کرنا۔

تَشَفَّعَ. لِيْ وَاِلَيَّ بِفُلَانٍ اَوْ فِيْ فُلَانٍ : سفارش کرنے کو کہنا۔

اِسْتَشْفَعَ. زَيْدًا اِلَى عَمْرٍو : سفارش کرنے کی درخواست کرنا...... لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ : مدد طلب کرنا۔

الشَفْعُ : مص۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "اَشَفْعٌ هُوَ اَمْ وِتْرٌ" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج اَشْفَاع وشِفَاع.

الشُفْعَةُ. عِنْدَ الفُقَهَاء : زمین یا مکان میں ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ...... مِنَ الضُحٰى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ ج شُفَع.

الشَافِعُ : فا۔ نَاقَةٌ شَافِعٌ : بچے والی حاملہ اُونٹنی۔ عَيْنٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَاقَةٌ (شَفُوْعٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں دو برتن بھرنے والی اُونٹنی۔

الشَفِيْعُ : سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء. الشَفِيْعُ مِنَ العَدَدِ: جفت۔

الاَشْفَعُ: لمبا۔

المُشَفَّعُ: وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔

المُشَفِّعُ: سفارش قبول کرنے والا۔

المَشْفُوْعُ : پاگل دیوانہ۔ اِمْرَأَةٌ مَشْفُوْعَةٌ : نظر بد لگی ہوئی عورت۔

شَفِقَ (س) **شَفَقًا. عَلَيْهِ** : مہربان ہونا۔ خیر خواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت "شَفِقٌ وشَفُوْقٌ وشَفِيْقٌ) شَفِقَ مِنَ الاَمْرِ : خوف کرنا۔ لالچ کرنا...... عَلَى الشَّيْءِ: بخل کرنا۔

شَفَّقَهٗ : مہربان بنانا۔ شَفَّقَ الشَّيْءَ: کم کرنا...... الثَوْبَ: کپڑا خراب بننا۔

اَشْفَقَ. الشَّيْءَ : کم کرنا...... عَلَيْهِ مِنْهُ : کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا...... عَلَى الصَغِيْرِ : مہربان ہونا...... الرَجُلُ: شفق کا وقت پانا...... الرِيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اُڑانا۔

الشَفَقُ: مص۔ غروب آفتاب کے بعد اُفق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ روی چیزیں۔ دن۔ خوف۔ جانب۔ ثَوْبٌ شَفَقٌ : کمزور کپڑا۔ ج اشفاق.

الشَفَقَةُ: مہربانی۔ رحمت۔ خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْنِيْ مِنْهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِيْ عَلَيْهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔

المِشْفَلَةُ: اوجھ۔ ج مَشَافِل.

شَفَنَ (ض) **وشَفِنَ** (س) **شُفُوْنًا. الرَجُلَ واِلَى الرَجُلِ** : ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ وشَفُوْنٌ)

الشَفْنُ والشَفِنُ : زیرک دانا۔ الشَفْنُ: انتظار۔ میراث کا منتظر۔

الشَفُوْن : بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدت حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ ج شُفُن.

الشَفَتَرِيّ والشَفَتَرِى: متفرق۔

شَفَهَ (ف) **شَفْهًا. فُلَانًا** : ہونٹ پر مارنا۔ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا...... الاِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ العِيَال تَشْفَهُ مَالِي" قریب ہے کہ میرے اہلِ وعیال میرے مال کو ختم کر دیں...... هٗ عَنِ الاَمْرِ: غافل کر دینا۔

شُفِهَ. زَيْدٌ: بہت سائلین کا ہونا...... الشَّيْءُ: بہت طالبین کا ہونا...... الطَعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوْهٌ)

شَافَهَهٗ شِفَاهًا ومُشَافَهَةً: روبرو گفتگو کرنا...... الشَّيْءَ: قریب ہونا۔

الشَفَةُ والشِفَةُ. مِنَ الاِنْسَان : ہونٹ۔ ج شِفَاه وشَفَهَاتٌ اور نسبت کے لئے (شَفَهِيٌّ وشِفَهِيٌّ وشَفَوِيٌّ) اور تصغیر (شُفَيْهَة) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الشَفَة" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهٗ فِي النَاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ "وَمَا اَحْسَنَ شَفَةَ النَاسِ عَلَيْكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمْتُهٗ بِبِنْتِ شَفَة" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔

تَشَغَّفَ. القَلْبَ: وسوسہ ڈال کر پراگندہ کرنا۔

الشَّغَفُ: مص۔ دل کا پردہ۔

الشَّغَفُ: مص۔ انتہائی محبت۔ شَغَفُ القَلْبِ: دل کا پردہ۔

الشَّغَافُ: دل کا پردہ۔ سویداء: دل۔ ج شُغُفٌ واَشْغِفَةٌ.

الشَّغَافُ والشُّغَافُ: ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کی نیچے ہوتی ہے۔

الشَّغْفَرُ: خوبصورت عورت۔

شَغَلَهُ (ف) شَغْلاً وشُغْلاً واَشْغَلَهُ. بِكَذَا: مشغول کرنا۔۔۔۔۔ عَنْهُ: غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْهُ بِكَذَا: مشغول رہنا۔ کسی میں لگا رہنا اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَهُ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔

شَغَّلَهُ: مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

تَشَغَّلَ وتَشَاغَلَ واشْتَغَلَ. بِكَذَا: مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُهُ: مبتلائے افکار ہو کر پریشان ہونا۔ اِشْتَغَلَ فِيهِ السُّمُّ: زہر کا اثر کرنا۔۔۔۔۔ الدَّوَاءُ فِيهِ: دوا کا مفید ہونا۔ وتَشَاغَلَ عَنْهُ: غافل ہونا۔

الشُّغْلُ والشُّغُلُ والشَّغَلُ: مصروفیت۔ مشغولیت۔ ج اَشْغَال وشُغُول.

الشُّغْلُ: پری۔ بھراؤ۔

الشَّاغِلُ: فا۔ مبالغہ کی صورت میں "اَنَا فِي شُغْلٍ شَاغِلٍ" کہا جاتا ہے۔

الشَّغْلَةُ: اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شَغْل.

الشَّغِلُ: کام میں لگا ہوا۔ مصروف۔

الشَّغَّالُ: بہت کام والا۔

الاُشْغُولَةُ والمَشْغَلَةُ: کام۔ مشغلہ۔

المَشْغُولُ: مفع۔ بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَشْغُولٌ" بھری ہوئی جگہ۔ دَارٌ مَشْغُولَةٌ: آباد گھر۔ جَارِيَةٌ مَشْغُولَةٌ: شوہر والی۔ مَالٌ مَشْغُولٌ: تجارت و کاروبار میں لگا ہوا مال۔

الشَّغِمُ: لالچی۔ بہت حریص۔

الشُّغْمُومُ والشِّغْمِيمُ: خوبصورت لمبا۔

الشُّغْنَةُ: تر ٹہنی۔ ج شُغَن.

الشُّغْنُبُ والشُّغْنُوبُ: نازک و تر ٹہنی۔

شَغَتْ تَشْغُو شُغُوًّا وشَغِيَتْ تَشْغَى شَغًا. السِّنُّ: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔ شَاغِيَةٌ. ج شَوَاغٍ: اور ایسے دانت والے کو (اَشْغَى) اور مؤنث کے لئے (شَغْوَاء وشَغْيَاء) ج شُغْوٌ.

اَشْغَى اِشْغَاءً. القَوْمُ بِهِ: لوگوں کی مخالفت کرنا۔۔۔۔۔ فُلَانٌ رَايَهُ: پریشان کرنا۔

الشَّغْوَا: عقاب۔

شَفَّ (ض) شُفُوفًا وشَفِيفًا وشَفَفًا. الشَّيءُ: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شَفِيفٌ وشَفَافٌ) عَنْهُ الثَّوْبُ: کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ تنگ ہونا (۔۔۔۔۔ شُفُوفًا) الجِسْمُ: بدن کا دبلا ہونا (۔۔۔۔۔ شَفًّا) الشَّيءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتَ عَلَيْهِ" تم نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا "هٰذَا دِرْهَمٌ يَشِفُّ قَلِيلاً" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔۔۔۔۔ لَهُ الاَمْرُ: قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا (۔۔۔۔۔ شَفِيفًا) فَمُ فُلَانٍ: دانتوں اور مسوڑوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔

شَفَّهُ (ن) شَفًّا وشُفُوفًا وشَفَّفَهُ. المَرَضُ او الهَمُّ: کمزور کرنا۔ دبلا کرنا۔ شَفَّ المَاءَ: سب پانی پی لینا۔

اَشَفَّهُ. عَلَى فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلَى فُلَانٍ: سبقت لے جانا۔ بڑھنا۔۔۔۔۔ الدِّرْهَمَ: زیادہ کرنا یا کم کرنا۔

اِشْتَفَّ وتَشَافَّ. مَا فِي الاِنَاءِ: برتن سے سارا پانی پی جانا اور کہا جاتا۔ "اِشْتَفَّ البَعِيرُ الحِزَامَ" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔

اِسْتَشَفَّ. لَهُ السِّتْرُ: پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے کے عیوب کو دیکھنے کے لئے روشنی میں پھیلانا۔۔۔۔۔ الشَّيءَ: دیکھنا اور معلوم کرنا۔۔۔۔۔ الكِتَابَ: غور کرنا۔۔۔۔۔ هُ: پار کی چیز دیکھنا۔۔۔۔۔ مَا فِي الاِنَاءِ: برتن سے سب پی لینا۔۔۔۔۔ پوری پوری رغبت کرنا۔

۔۔۔۔۔ فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں فائدہ اٹھانا۔

الشَّفُّ والشِّفُّ: کپڑا یا باریک پردہ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَفٌّ وشِفٌّ" باریک کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج شُفُوف. الشِّفُّ: تھوڑی چیز۔

الشَّفِيفُ: مص۔ آفتاب کی سخت گرمی۔ سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شِفَاف. ثَوْبٌ شَفِيفٌ: باریک کپڑا۔

الشَّفَفُ: مص۔ کم۔ ہلکاپن۔ بدحالی۔

الشَّفَّانُ: بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔

الشُّفَافَةُ: برتن کا بقیہ پانی۔ شُفَافَةُ النَّهَارِ: دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے۔

المَشْفُوفُ: بدبودار پھنسیوں والا۔

شَفْتَرَ واشْفَتَرَّ. القَوْمُ: تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ اِشْفَتَرَّ العُودُ: ٹوٹنا۔۔۔۔۔ السِّرَاجُ: زیادہ چوڑی بتی کا ہونا۔

شَفْتَنَ شَفْتَنَةً: جماع کرنا۔

شَفِرَ (س) شَفَارَةً: گھٹنا۔ کم ہونا۔

شَفَّرَ. المَالُ: کم ہونا۔۔۔۔۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔۔۔۔۔ عَلَى الاَمْرِ: متوجہ ہونا۔۔۔۔۔ الشَّيءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

الشَّفْرُ والشُّفْرُ: ج اَشْفَار و(الشَّفِيرُ) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ۔۔۔۔۔ مِنَ الوَادِي: وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ شَفْرٌ وشُفْرٌ وشَفْرَةٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الشَّفْرَةُ: بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شَفْر وشِفَار وشَفَرَات. الشَّفْرَةُ: نوکر۔

اَشْغَنَ. غَلُوْهُ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔

اِشْغَانَّ واشْغَنَّ. شَعْرُهُ: چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔

الشَّغَنُ: خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں۔ شَعْرٌ (مَشْغُوْنٌ) پراگندہ بال۔

الشَّعَانِيْن: عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِيْن)

رَجُلٌ (مُشْعَانٌّ) الرَّاسِ: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد۔

شَغَبَ. الكَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشْغَبٌ ومُشْغِبٌ)

شَغَا يَشْغُو شَغْوًا. الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔

شَغِيَتْ تَشْغَى شَغًا. الغَارَةُ: چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَغْوَاء)

اَشْغَى. بِهِ: اہتمام کرنا...... القَوْمُ الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔

غَارَةٌ (شَغْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَجَرَةٌ شَغْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔

الشَّاغِي: فا۔ دور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاغِيَة ج شَوَاغٍ: کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيْلُ شَوَاغِي وشَوَائِع" گھوڑے متفرق آئے۔

الشُّغَى: پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَغْوَة)

شَعْوَذَ شَعْوَذَةً: شعبدہ بازی کرنا۔ نظر بندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ ومُشَعْوَذٌ)

شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) وشَغْبًا وشَغَبًا وشَغَّبَ. القَوْمَ وبِهِمْ وعَلَيْهِمْ: فساد برپا کرنا۔ جاتی ڈالنا۔ صفت (شَغِبٌ وشِغَبٌ وشَغَّابٌ ومِشْغَبٌ ومُشَاغِبٌ ولُومَشَاغِب)

شَغَبَ (ف) شَغْبًا. عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹنا۔ پھر جانا۔

شَاغَبَهُ: جھگڑا کرنا۔

تَشَاغَبَ. الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبْتُ مِنْهُ كَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔

الشَّغْبُ والشَّغَبُ: مص۔ شور و غوغا۔

الشَّغُوْبُ: فساد انگیز۔ جھگڑالو۔

تَشَغْبَرَتْ. الرِّيْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

الشَّغْبَرُ: گیدڑ۔

شَغَرَتْ (ن) شُغُوْرًا. الأَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَةٌ) ...... الرَّجُلُ: دور ہونا...... السِّعْرُ: بھاؤ گھٹنا...... النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔

شَغَرَهُ (ن) شَغْرًا وشِغَارًا. عَنْ بَلَدِهِ: جلا وطن کرنا۔

شَغَرَ (ف) شَغْرًا. الكَلْبُ: کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔

شَاغَرَهُ مُشَاغَرَةً وشِغَارًا: کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کر دے...... الرَّجُلَانِ عَلَيْهِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔

اَشْغَرَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا راستے سے دور ہونا۔ ...... الرُّفْقَةُ: ساتھیوں کا راستے سے جدا ہونا۔ ...... الحِسَابُ عَلَيْهِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

اِشْتَغَرَ. الحِسَابُ عَلَيْهِ: غلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔ ......الأَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ غلط ملط ہونا۔ ...... عَلَيْهِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا...... الحَرْبُ بَيْنَ القَوْمَيْنِ: وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا۔ فِي الفَلَاةِ: بیابان میں دور تک جانا۔

تَشَغَّرَ. البَعِيْرُ: تیز دوڑنا...... فِي أَمْرٍ قَبِيْحٍ: الجھا کو پھنسنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا (شَغَرَ بَغَرَ وشِغَرَ بِغَرَ)" وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ إِنَاءٌ (شَغَّارٌ) خالی برتن۔

الشِّغَارُ: مص۔ دھتکار۔ جلاوطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ وآبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنوئیں۔

الشَّغَّارَةُ: چقماق۔

الشِّغِّيْرُ: بدخلق۔

المِشْغَرُ: وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔

الشَّوْغَرُ: مضبوط خلقت۔

الشَّوْغَرَةُ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔

الشُّغْرُوْرُ: ایک قسم کی گھاس۔

الشَّغْرِبِيَّةُ: ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔

شَغَزَ (ف) شَغْزًا. عليهم: زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا...... بَيْنَهُمْ: جھگڑا فساد ڈالنا۔

الشَّغْزَبِيَّةُ: بمعنی الشَّغْرِبِيَّة.

تَشَغْزَبَتِ. الرِّيْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شَغْشَغَ. الشَّيْءَ: داخل کرنا، نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے...... المُلْجِمُ: جانور کو سدھانے کے لئے لگام کو ہلانا۔ فِي الأَمْرِ: جلدی کرنا...... فِي الشُّرْبِ: کم کرنا...... فِي الإِنَاءِ تَمْلَأَةً او غَيْرِهِ: بغیر بھرنے کے ڈالنا...... البِئْرَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِي" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔

شَغَفَهُ (ف) شَغْفًا: دل کے پردے کو زخمی کرنا...... فُؤَادَهُ: دل پر غالب ہونا۔ ...... اليَبِيْسُ: سبزی نکل آنا۔

شَغِفَ (س) شَغَفًا وشُغِفَ. بِهِ: فریفتہ ہونا۔ شُغِفَ حُبُّهُ: محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔

پر ہوتی ہے۔

الشَعِيْرَةُ: علامت۔ ج شَعَائِر. شَعَائِر الحج: حج کے رسوم وعلامات۔

الشَعِيْرِی: شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔

الاَشْعَر: بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء. ج شُعْر: کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ اَشْعَر الرَّقَبَةِ" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الاَشْعَر: ج اَشَاعِر: جانور کے کھر کے گرداگرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے کے نیچے نکلے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ اَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَعْرَاء. الاَشْعَر: کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرڈر۔ ایک شور قسم کا درخت۔ اَرْضٌ شَعْرَاء: بہت درختوں والی زمین۔ رِمَالٌ شَعْرَاء: نصی نامی گھاس اُگانے والا ریگستان۔

الشَعْرَاءُ مِنَ الدَّوَاهِی: سخت مصیبتیں۔ ج شُعْر.

الشَاعِر: فا۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء مؤنث شَاعِرَة. ج شَوَاعِر وشَاعِرَات.

شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

الشِعْرَیٰ: ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُعْرُوْر: گھٹیا درجہ کا شاعر۔ سب سے بہترین درجہ کے شاعر کو خِنْذِيْذ اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے بھی کم درجے والے کو شُعْرُوْر کہتے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُتَشَاعِر کہلاتا ہے۔ الشُعْرُوْر: چھوٹی ککڑی۔ ج شَعَارِيْر واحد (شُعْرُوْرَة)

المَشْعَر: علامت۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ۔ ج مَشَاعِر. المَشَاعِر: حواس۔

شَعْشَع. الشَرَابَ: پانی ملانا...... الشَیْءَ: بعض کو بعض سے ملانا۔ شَعْشَعَتِ الشَمْسُ: آفتاب کی روشنی پھیلنا...... الضَوْءُ: روشنی پھیلنا۔ شَعْشَع عَلَيْهِمُ الخَيْلَ: سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَعَ. الشَهْرُ: مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَعْشَع والشُعْشُع والشَعْشَاع والشَعْشَعَان والشَعْشَعَانِیُّ: لمبا۔ خوبصورت زیرک۔ سبک (...... والشَعْشَع) مِنَ الظِّلِّ: ہلکا سایہ۔

شَعَفَهُ (ف) شَعَفًا. الحُبُّ: محبت کا دل پر غالب ہونا...... ہ بالقِطْرَان: قطران ملنا ...... الشَیْءُ الشَیْءَ: غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفًا. بِفُلاَنٍ وبِحُبِّ فُلاَنٍ: شیفتہ وفریفتہ ہونا...... النَاقَةُ: اُونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا (دیکھو لفظ شعف) صفت (شَعْفَاءُ)

شُعِفَ. بِفُلاَنٍ: کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔

الشَعَفُ: مص۔ کوہان کی چوٹی۔ ایک بیماری جو اُونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الشَعْفَةُ: اسم مرۃ۔ بارش کی ایک بوند۔ ہلکی بارش جو زمین کو تر کردے۔

الشَعَفَة: پہاڑ کی چوٹی۔ سر کے بالوں کی لٹ۔ الشَعَفَةُ مِنَ القَلْبِ: دل کا سرا جو شہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے وشَعَفَةُ كُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی چوٹی۔ ج شَعَف وشُعُوف وشِعَاف وشَعَفَات.

الشَعَاف: محبت کی دیوانگی۔ شیفتگی۔ فریفتگی۔

الشَعَاف: شیفتگی وفریفتگی۔

المَشْعُوْف: محبت میں دیوانہ وشیفتہ۔

شَعَلَ (ف) شَعْلاً. النَارَ: آگ بھڑکانا...... الاَمْرَ: غور کرنا۔

شَعِلَ (س) شَعَلاً واشْعَلَّ. الفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی میں سفید داغ ہونا۔ صفت (شَاعِلٌ وشَعِلٌ واَشْعَلُ)

شَعَّلَ. النَارَ: آگ بھڑکانا۔

اَشْعَلَ. النَارَ: آگ بھڑکانا...... ہ: غضبناک کرنا۔ غصہ دلانا...... الجَمْعَ: متفرق کرنا ...... الخَيْلَ فِی الغَارَةِ: سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا...... السَقْیَ: اچھی طرح سیراب کرنا۔ اَشْعَلَتِ القِرْبَةُ: مشک کا متفرق ٹپکنا...... الطَعْنَةُ: جگہ جگہ خون ٹپکنا ...... العَيْنُ: زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔

اِشْعَلَّ اِشْعِلاَلاً واشْعَالَّ اِشْعِيْلاَلاً. رَاسُ الرَجُلِ: کھڑے بال والا ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔

تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ. النَارُ: آگ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَعَلَ الرَاسُ شَيْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی۔ و "اِشْتَعَلَ فُلاَنٌ" وہ غصہ سے بھڑک اٹھا۔

الشَعْل: مص۔ غُلاَمٌ شَعْلٌ: سبک تیز خاطر لڑکا۔

الشَعَل: مص۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے۔

الشُعْلَة: گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ ج شُعَل.

الشَعِيْل: ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔

الشَعِيْلَة: بھڑکی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔ ج شُعُل.

الاَشْعَل. مِنَ النَاسِ: پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔

المِشْعَل والمِشْعَال: چھلنا۔ چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ج مَشَاعِل ومَشَاعِيْل.

المَشْعَلُ والمَشْعَلَةُ: قندیل۔ ج مَشَاعِل

المَشْعَلَة: آگ بھڑکانے کی جگہ۔

الشُعْلُوْل: آگ کی بھڑک۔ لوگوں کا گروہ۔ ج شَعَالِيْل: کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا شَعَالِيْل" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے۔

شَعَمَ (ف) شَعْمًا. الرَجُلُ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

کی تفریعات بہت ہیں۔

شَعْبَانُ: قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ۔ ج شَعْبَانَات وشَعَابِیْن (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوْبُ: موت کے لئے علم ہے اور غیر منصرف ہے۔

الاَشْعَبُ: جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب.

الشَّعَّاب: شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے۔

الشَّعِیب: کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج شُعُب.

الشَّاعِبَان: دونوں کندھے۔

المَشْعَب: راستہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب.

المِشْعَبُ: سوراخ کرنے کا آلہ۔ ج مَشَاعِب.

المُشَعَّب: درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ: شعبدہ بازی کرنا۔ بازی گری کرنا۔

شَعِثَ (س) شَعَثًا. الاَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (...... شَعَثًا وشُعُوْثَةً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔

شَعَّثَ. الشَّیْئَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ ہونا...... ہ بِخَیْرٍ: خیر پہنچانا۔ مِنَ فُلَانَ: چشم پوشی کرنا...... منہ شَیْئًا: لے لینا۔ نکال لینا...... عَنْہُ: مدافعت کرنا...... مِنَ الطَّعَام: تھوڑا کھانا...... الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیث جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فَاعِلَاتُنْ" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔)

تَشَعَّثَ: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا...... مِنَ الطَّعَام: تھوڑا کھانا...... الشَّعْرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا...... الشِّعْرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔

الاَشْعَثُ: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء۔ ج شُعْث.

الشَّعْث: پراگندگی معاملہ۔

الشَّعَث: مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے اَمر کو جمع کر دیا۔

الشَّعِث والشَّعْثَان: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔

شَعَرَ (ن) شِعْرًا وشَعْرًا. الثَّوْبَ: کپڑے میں بال بھرنا...... الرَّجُلُ: شعر کہنا...... بِفُلَانٍ: کسی کے لئے شعر کہنا۔

شَعَرَ (نَ) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشَعْرَیٰ وشُعْرَیٰ وشِعْرَیٰ وشَعْرَةً بتثلیث الشین وشُعُورًا وشُعُورَةً ومَشْعُوْرًا ومَشْعُوْرَةً ومَشْعُوْرَاءَ بِهٖ: جاننا۔ محسوس کرنا...... لَهٗ: سمجھنا۔

شَعِرَ (س) شَعَرًا: زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔

شَعَّرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا...... الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑے میں بال بھرنا۔

اَشْعَرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا...... الثَّوْبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا...... ہ الاَمْرَ وبِالاَمْرِ: جتا دینا۔ خبر دینا۔ ہ الشِّعَار: شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا اور کہا جاتا ہے "اَشْعَرَ الهَمُّ قَلْبِي" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔ اَشْعَرَہُ بِکَذَا: مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا...... اَمْرَ فُلَانٍ: مشہور کرنا...... الرَّجُلَ: برے نام سے مشہور کرنا...... ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔

شَاعَرَہُ فَشَعَرَہُ: شعروں میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔

اُشْعِرَ. المَلِکُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔

تَشَعَّرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔

تَشَاعَرَ: بتکلف شاعر بننا۔

اِسْتَشْعَرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا...... الشِّعَارَ: پہننا...... القَوْمُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا...... بِالثَّوْبِ: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوْفَ اللّٰهِ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لئے شعار بنالو۔

الشَّعْرُ والشَّعَرُ: بال۔ ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُوْر: واحد (شَعْرَۃ) ج شَعَرَات. شَعْرُ الغُوْل: ایک قسم کی نباتات۔

الشِّعْر: مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار. "لَیْتَ شِعْرِیْ فُلَانًا او عَنْ فُلَانٍ اَوْ لِفُلَانٍ مَا صَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہو گیا ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔

الشِّعْرَۃ: بال کا ایک ٹکڑا (...... والشِّعْرَاءُ) ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔

الشَّعِرُ والشَّعْرَانِیُّ: بہت اور لمبے بال والا۔

الشَّعَار: درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شَعَارُ الحَجِّ: احکام حج ورسوم حج۔ واحد (شَعَارَۃ)

الشِّعَار: مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقع پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سِرُّ اللَّیْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت، بدن کے بالوں سے متصل لباس، گھوڑے کا جھول۔ کثرت گنجان درخت۔ ج اَشْعِرَۃ وشُعُر. شِعَارُ الحَجِّ: علامت ورسوم حج۔ وشِعَارُ المَمْلَکَۃ: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَۃ)۔

الشَّعِیْرُ: جو۔ واحد (شَعِیْرَۃ) ج شَعِیْرَات اور شَعِیْرَۃ: کا اطلاق اس پائش پر بھی ہوتا ہے جو چھری کے پالوں کے جو پال سے [illegible] ہو۔ نیز گوہانجنی جو آنکھ کے پلک کے [illegible]

میں خوشہ نکلنا...... السُّنبُلُ: بالوں سے پُر ہونا۔

يَشْعَعُ الذِّئْبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔

الشَّعُّ: مکڑی کا جالا۔ شُعُّ الشَّمْسِ: آفتاب کی کرن۔

الشُّعَاعُ: آفتاب کی کرن۔ ج اَشِعَّةٌ وشُعُعٌ وشِعَاعٌ۔

اَلشُّعَاعُ: (علم الہندسہ)۔ خط مستقیم کا ٹکڑا جس کو سامنے لے جایا گیا ہو خط مستقیم کا قطعہ جو مرکز اور نقطہ دائرہ کو ملا دے۔ اس کا نام شعاع الدائرہ ہے۔

اَشِعَّةُ: س، اور رُنتجن: غیر مرئی شعاعیں غیر شفاف اجسام جیسے لکڑی اور معدنی پلیٹ کو جلاتی ہے۔

اَشِعَّةُ مَا قَبْلَ الاَحْمَرِ: سفید روشنی میں موجود غیر مرئی شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں سرخ رنگ سے قبل ہوتا ہے بہت گرم ہوتی ہیں۔ اَشِعَّةُ مَا بَعْدَ البَنَفْسَجِي غیر مرئی سفید روشنی میں موجود شعاعیں جن کا وقوع شرارت میں بنفشجی کے بعد ہوتا ہے۔ یہ فوٹوگرافی کی پلیٹ پر نشان چھوڑ جاتی ہے۔ اس کے ذریعے اس کے وجود کا علم ہوتا ہے۔

الاشعة المُنْهَبِطَةُ: ہلکے (خفیف) گیس کی نالی میں بجلی کے آنے کی وجہ سے نیچے سے اوپر کی طرف بجلی کے شرارے جاتے ہیں۔

اَلْمِشَعُّ: شعاع کو چھوڑنے کا آلہ۔

الشَّعَاعُ: مص۔ خون وغیرہ کا بکھرنا۔ ہلکا سایہ...... مِنَ اللَّبَنِ: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ، ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالعَصَا عَلَى الحَائِطِ فَتَطَايَرَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے پرخچے اُڑ گئے و "ذَهَبَ القَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی و "طَارَ قَلْبُهُ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہو گیا۔ و "تَطَايَرَتْ نَفْسُهُ شَعَاعًا" خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ و پریشان ہو گیا۔

شَعَاعُ السُّنْبُلِ وشَعَاعَةُ وشِعَاعَةُ وشَعَّةٌ: خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ خوشہ پر رہے۔

الشَّعُّ والشَّعِيعُ: جلدی۔ والشَّعُّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: بکھری ہوئی۔

شَعَبَ (ف) شَعْبًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ متفرق کرنا۔ درست کرنا۔ بگاڑنا (ضد) پھاڑنا۔ ...... الشَّيْءُ: ظاہر ہونا...... القَوْمُ: متفرق ہونا ...... الرَّجُلُ: مرنا۔ شَعَبَتْهُ المَنِيَّةُ: اچانک ہلاک کرنا...... فُلانًا: مشغول کرنا...... اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِي شُعْبَةً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ اِلَى القَوْمِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا ...... الاَمِيرُ رَسُولًا اِلَى مَوْضِعِ كَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعِبَ (س) شَعَبًا. الرَّجُلُ اَوِ الثَّوْرُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔

شَعُبَ واَشْعَبَ. عَنْهُ: ہمیشہ کے لئے جدا ہونا۔ اَشْعَبَ الرَّجُلُ: مرنا۔

شَاعَبَ. وشَاعَبَتْ نَفْسُهُ: مرنا۔ شَاعَبَ الحَيٰوةَ: ہلاک کرنا...... صَاحِبَهُ: دور ہونا۔

اَلشَّعْبُ: بڑا قبیلہ۔ وہ طبقات جن پر عرب کی نسل تقسیم ہیں درج ذیل ہیں: (۱) الشَّعْبُ (۲) اَلْقَبِيلَةُ (۳) اَلْعِمَارَةُ (۴) اَلْبَطْنُ (۵) اَلْفَخِذُ (۶) اَلْفَصِيلَةُ (۷) اَلْعَشِيرَةُ: شعب میں کئی قبائل ہوتے ہیں قبیلہ میں کئی عمارہ، عمارہ میں کئی بطن بطن میں کئی فخذ، فخذ میں کئی فصیلہ اور فصیلہ میں کئی عسیرہ ہیں۔

خزیمہ شعب ہے کنانہ قبیلہ، قریش عمارہ، قصی بطن، ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ ہے۔ عشیرہ سے مراد ایک باپ کے قریب ترین بیٹے۔

تَشَعَّبُوا: متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا...... النَّهْرُ: متفرق شاخیں نکلنا...... عَنْهُ: دور ہونا۔ تَشَعَّبَتْهُمُ الفِتْنَةُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: متفرق شاخیں پھیلنا...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ. عَنْهُ: دور ہونا...... اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: جڑ سے شاخیں نکلنا...... الطَّرِيقُ اَوِ النَّهْرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ واِنْشَعَبَ نَفْسُهُ: مرنا...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِهِ القَوْلُ: بات میں سے بات نکلنا۔

الشَّعْبُ: مص۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے۔ ج شُعُوبٌ۔

الشُّعُوبِيَّةُ: وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِيٌّ)

الشِّعْبُ: پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درۂ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَابٌ اور کہتے ہیں۔ "شَغَلَتْ شِعَابِي جَدْوَايَ" یعنی اہل وعیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَبُ: مص۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَةُ: فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی۔ پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَبٌ وشِعَابٌ وشُعَبُ الدَّهْرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعَبُ السَّفُّودِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کے لئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ اليَدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَسْأَلَةٌ كَثِيرُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس

مُتَشَاطِرُونَا" ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں۔

الشِّطْرَنْج: ایک مشہور کھیل ہے۔ سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب۔ اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ فرزیں فیل اسپ رخ اور پیدل کہلاتے ہیں۔ ج شِطْرَنْجَات.

شَطَسَ (ن) شَطْسًا. فِي الْأَرْضِ: سفر کرنا۔

الشَّطْس: مص۔ چالاکی۔

الشُّطْس والشُّطْسَة: مخالفت۔ دشمنی۔ عناد۔

الشَّطُوْس: ہر طرف کو جانے والا۔ حکم کے خلاف چلنے والا۔

شَطِعَ (س) شَطَعًا. الرَّجُلُ: مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔

شَطَفَ (ن) شَطْفًا. الرَّجُلُ: جانا اور دور ہونا...... عَنِ الشَّيْءِ: ہٹنا...... الثَّوْبَ وغیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا۔

سَهْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ نِيَّةٌ (شَطُوْفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں۔

الشُّطْفَة. مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑا۔ ج شُطَف.

شَطَمَ (ن) شَطْمًا. اِمْرَأَتَهُ: جماع کرنا۔

شَطَنَهُ (ن) شَطْنًا: مخالفت کرنا۔ دور کرنا۔ رسی سے باندھنا۔ شَطَنَ فِي الْأَرْضِ: داخل ہونا(...... شُطُوْنًا) الدَّارُ: دور ہونا۔ الرَّجُلُ: حق وغیرہ سے دور ہونا......

اَشْطَنَهُ: دور کرنا۔

شَيْطَنَ شَيْطَنَةً وتَشَيْطَنَ: شیطانی فعل کرنا۔

الشَّاطِن: نا۔ خبیث۔ حق سے دور ہونے والا۔

الشَّطَن: رسی۔ ج اَشْطَان.

بِئْرٌ (شَطُوْنٌ) زیادہ گہرا کنواں۔ حَرْبٌ شَطُوْنٌ: بہت سخت جنگ۔ نِيَّةٌ شَطُوْنٌ: ارادۂ بعید۔ رُمْحٌ شَطُوْنٌ: لمبا نیزہ جانیزہ۔

الشَّطِيْن: دور۔

الشَّيْطَان. ج شَيَاطِيْن: دیو۔ ہر سرکش و نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی سے ہے "شَيَاطِيْنُ الْعَرَبِ" عرب کے سرکش و نافرمان لوگ۔ سانپ۔ شَيْطَانُ الْفَلَاةِ: پیاس۔ مُخَاطُ الشَّيْطَانِ: ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانے میں کڑی کے جالے کی مانند فضا میں معلوم ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "رَكِبَهُ شَيْطَانُهُ" یعنی وہ غضبناک ہوا اور "شَيَاطِيْنُ الرَّأسِ" غصے کا جوش۔

الْمُشَيْطَنَةُ: اُونٹ کے چوتڑ کا داغ۔

الْمُشَاطِنُ: ڈول کو دور سیوں سے کھینچنے والا۔

شَظِيَ (س) شَظًى. الْمَيِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔

شَظَّى تَشْظِيَةً. الشَّاةَ: کھال اُتارنا اور گوشت کو جدا جدا کرنا۔

اِنْشَظَى. الشَّيْءُ: پراگندہ و متفرق ہونا۔

شَظَّهُ (ن) شَظًّا. الْأَمْرُ: دشوار ہونا۔ تنگی میں ڈالنا(...... وشَظَّظَ وأَشَظَّ) الْقَوْمَ: پراگندہ و متفرق کرنا۔ دھکارنا۔ شَظَّظَ وأَشَظَّ الْجَوَالِقَ: تیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا۔

الشَّظّ: مص۔ دن کا بقیہ۔ ج أَشْظَاظ.

الشِّظَاظ: تیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے دونوں گوشوں میں داخل ہو۔ ج أَشِظَّة.

الشَّظِيْظ: بندھا ہوا بورا۔ چری ہوئی لکڑی۔ ج شَظَائِظ. کہا جاتا ہے "طَارُوْا شَظَاظًا اور شِظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔

شَظِفَ (س) شَظَفًا. الْعَيْشُ: تنگ گزران ہونا...... الرَّجُلُ: تنگ زندگی والا ہونا۔ صفت(شَظِفٌ) الْعَيْشِ: شَظِفَتْ يَدُهُ: سخت اور کھردرا ہونا...... السَّهْمُ: تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا۔ (...... وشَظُفَ (ک) شَظَافَةً) الشَّجَرُ: سخت ہونا صفت(شَظِيْفٌ)

شَظَفَهُ (ن) شَظْفًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔

الشَّظَف: مص۔ ج شِظَاف و (الشِّظَاف) تنگی و سختی۔

الشِّظَاف: دوری۔

الشَّظْف: مص۔ لاٹھی کی کجی۔

الشِّظْف: خشک روٹی۔ کھونٹی کی مانند لکڑی۔ کھجی۔ ج شِظَفَة.

الشَّظِف: بدخلق۔ بد انجام۔ ٹکڑوں شَظِف: ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ أَرْضٌ شَظِفَةٌ: سخت خشک زمین۔

الْمُشَظِّف: بے ارادہ تعریض کرنے والا۔

الشَّنْظَم والشِّنْظِمِيُّ: لمبا تکاور جوان (گھوڑا یا اُونٹ یا آدمی) مؤنث شَنْظَمَة ج شَنَاظِمَة. الشَّنْظَم: بڑھاپے کی۔ شیر۔

شَظِيَ (س) يَشْظَى شَظًى: پھٹنا۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔

شَظَى يَشْظِي شَظْيًا. السِّقَاءُ: خوب اچھی طرح بھر جانا...... الْمَيِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔

شَظَّى تَشْظِيَةً. الْقَوْمَ: متفرق کر دینا۔ الْفَرَسَ: گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔

اَشْظَى ہ: گھٹنے کی باریک ہڈی پھاڑنا۔

تَشَظَّى: پھٹنا۔ متفرق ہونا...... الْعُودُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنْشَظَى: پھٹنا۔

الشَّظَى: مص۔ دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان کے چھوٹے چھوٹے پٹھے۔ قوم کے پیرو۔ اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں۔

الشَّظِيَّةُ: کمان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج شَظَايَا وشَظِيٌّ.

الشِّيْظَة: پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک طرف کو نکلا ہوا ہو۔

شَعَّ (ض) شَعًّا وشَعَاعًا. الْمَاءُ: بکھرنا۔ پھیلنا...... شَعًّا وشَعِيْعًا: جلدی کرنا۔

شَعَّ (ن) شَعًّا وشَعَاعًا. الْغَارَةَ: بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "شَعَّ الْغَارَةَ عَلَيْهِمْ" ہر طرف سے لوٹ ڈالنا۔

أَشَعَّ إِشْعَاعًا. الْحَمْلَةَ ونَحْوَهَا: [illegible]...... الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا...... [illegible]

کی خوبصورتی اور اعتدال۔

الشَّاطُّ: فا۔ رَجُلٌ شَاطٌّ: سڈول بدن والا مرد۔ مؤنث شَاطَّة۔

شَطَأَ (ف) شَطْأً وشُطُوءًا: کنارہ پر چلنا ...... الدَّابَّةَ بِالحِمْلِ: جانور پر بوجھ لادنا۔ ...... فُلانًا: مغلوب کرنا ...... الاُمُّ بِالوَلَدِ: بچہ گرا دینا (...... وأَشْطَأَ) الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ أَشْطَأَ الشَّجَرُ بِغُصُونِهِ: درخت میں ٹہنی نکلنا۔ أَشْطَأَ الرَّجُلُ: زکام والا ہونا۔ أَشْطَأَ الوَادِي: دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں "مِلْنَا لِوَادِي كَذَا فَوَجَدْنَاهُ مُشْطِئًا" ہم فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔

شَطَّأَ تَشْطِيئًا. النَّهْرُ: دونوں کناروں پر بہنا۔

شَاطَأَهُ: ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنارے پر چلنا۔

الشَّطْأُ: کنارہ۔ ج شُطُوء (والشَّطْءُ) کھیتی کے پتے یا خوشہ۔ درخت خرما کے پودے۔ مِنَ الشَّجَرِ: شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔ ج أَشْطَاء۔

الشُّطْأَةُ: زکام۔

الشَّاطِئُ: فا ...... مِنَ النَّهْرِ: جانب۔ تم کہتے ہو "شَاطِئُ الأَوْدِيَةِ" اس کی جمع نہیں آتی۔ ...... مِنَ البَحْرِ: کنارہ۔ ج شَوَاطِئ وشُطْآن۔

شَطَبَ (ن) شَطْبًا. الشَّيْءَ: لمبا کاٹنا یا چیرنا ...... ہ وشَطَّبَ قَوْلَهُ: لکیر کھینچنا ...... الرَّجُلُ: دور ہونا ...... عَنْهُ: اعراض کرنا۔ ہٹنا ...... الرُّمْحُ عَنْ مَقْتَلِهِ: نیزے کا خطا کرنا۔

شَطَّبَهُ: جسم میں عمل تشریح کرنا۔

تَشَطَّبَ: کٹنا (...... وانْشَطَبَ) المَاءُ ونَحْوُهُ: بہنا۔

الشَّطْبُ: مص۔ لمبا خوبصورت قد وقامت والا۔ درخت خرما کی تر وسبز شاخ۔ ج شُطُوب۔

الشَّطْبَةُ. مِنَ النَّخْلِ: کھجور کی سبز شاخ۔ تلوار۔ ج شُطَب۔ لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی جائے (...... والشِّطْبَةُ) لمبی خوبصورت لڑکی۔ اچھے گوشت والا گھوڑا۔

الشُّطْبَةُ والشُّطْبَةُ والشِّطْبَةُ: تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری۔ ج شُطَب۔

الشَّطِيبَةُ: اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو۔ جیسے شَطَائِب۔

الشَّطَائِبُ: مختلف فرقے۔ سختیاں۔

سَيْفٌ (مَشْطُوبٌ ومُشَطَّبٌ) دھاری دار تلوار۔ رَجُلٌ مُشَطَّبٌ: وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔

شَطَرَ (ن) شَطْرًا. الشَّيْءَ: دو برابر حصوں میں کرنا ...... بَيْتَ الشِّعْرِ: شعر کا نصف حذف کرنا ...... النَّاقَةَ او الشَّاةَ: ایک جانب کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا اور کہتے ہیں شَطَرَ شَطْرَهُ: اس نے اس کی جانب کا قصد کرنا۔

شَطَرَت (ن) شُطُورًا. النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔ شَطَرَ بَصَرُهُ: اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے جانب بھی ...... الدَّارُ: دور ہونا (شَطَارَةً) شوخ و بے باک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا۔ (...... شُطُورًا وشُطُورَةً وشَطَارَةً) عَنْهُمْ: جدا و بعید ہونا ...... عَلٰى أَهْلِهِ: خباثت و کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا ...... إِلَيْهِمْ: متوجہ ہونا۔

شَطُرَ (ک) شَطَارَةً: شوخ و بے باک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا (...... شُطُورَةً النَّاقَةُ) اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا۔ ایک پستان خشک ہونا۔

شَطَّرَ. الشَّيْءَ: دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ ...... الشِّعْرَ: شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولدۃ) ...... النَّاقَةَ وبِالنَّاقَةِ: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

شَاطَرَهُ. مَالَهُ: آدھا آدھا تقسیم کر لینا۔ فُلانًا: کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا ...... النَّاقَةَ: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

الشَّطْرُ: مص۔ جزء۔ نصف اور اسی سے ہے "شَطْرُ بَيْتِ الشِّعْرِ" شعر کا نصف واحد ذوری۔ جہت۔ جانب اور اسی سے ہے "شَطَرَ شَطْرَهُ ...... و "فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ المَسْجِدِ" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو۔ ج أَشْطُر وشُطُور: ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے۔ ہر دو بالکوں کو شطر کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "حَلَبَ أَشْطُرَ الدَّهْرِ" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے "هٰذَا حَلْبٌ لَكَ شَطْرُه" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے۔

الشِّطْرَةُ: اسم نوع اور کہا جاتا ہے "أَوْلَادُ فُلَانٍ شِطْرَةٌ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر نصف مؤنث ہے۔

الشَّطْرَان: صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث شَطْرَى۔

الشَّاطِرُ: فا۔ شوخ و بے باک۔ چالاک و خبیث۔ ج شُطَّار۔

الشَّطُورُ. (مِنَ النِّعَاجِ او النُّوقِ) بھیڑ نا۔ اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو۔ ثَوْبٌ شَطُورٌ: کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے لمبی ہو۔ دَارٌ شَطُورٌ: دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان۔

الشَّطِيرُ: دور۔ اکیلا۔ مسافر۔ اجنبی۔ ج شُطَرَاء وشُطُر: آدھا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَطْرُهُ وشَطِيرُهُ" یہ اس کا آدھا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے "هٰذَا نِصْفُه ونَصِيفُه"۔

المَشْطُورُ: مفع۔ چٹنی لگی ہوئی روٹی۔ مِنَ الرَّجَزِ: فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء میں سے تین جز حذف کیا ہوا۔

المُشَاطِرُ: ہمسایہ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ

وشِصٌ.

شَسِبَ (س) وشَسُبَ (ک) شَسَبًا وشُسُوبًا: خشک ولاغر ہونا۔ صفت (شَاسِبٌ) ج شُسُبٌ.

الشِسْبُ والشَسِيْبُ. مِنَ القِسِيِّ: کمان جس کی لکڑی پتلی ہو۔

الشَسُوب. مِنَ النُوْقِ: اُونٹنی جس کا بچہ سردی میں مرجائے اور پھر دودھ نہ دے۔

شَسَعَ (ف) شَسْعًا وشُسُوْعًا. المَنْزِلُ: دور ہونا۔ صفت (شَسُوْعٌ) ج شُسْعٌ و(شَاسِعٌ) (...... شَسْعًا وشَسَّعَ واَشْسَعَ) النَعْلَ: جوتے کے لئے تسمہ بنانا۔

اَشْسَعَ. الشَيْئَ: دور کرنا۔

شَسِعَ (س) شَسَعًا. النَعْلُ: جوتے کا تسمہ ٹوٹنا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔

...... بِہٖ: دور کرنا۔

الشِسْعُ: جوتی کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "اَوْنٰی مِنَ الشِسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔ تنگ زمین۔ کسی جگہ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعٍ مِنَ الوَادِی" وہ وادی کے کنارے پر اُترا۔ تھوڑا مال۔ زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "هُوَ شِسْعُ مَالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ ج اَشْسَاع.

شَسَفَ (ن) شَسُفَ (ک) شُسُوْفًا شَسَافَةً وشَسَافَةً: خشک ولاغر ہونا۔ صفت (شَاسِفٌ وشَسِيْفٌ)

الشِسْفُ: خشک روٹی کی ٹکیہ۔

الشَسَفُ: کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔

الشَسِيف: وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔

الشَوْشَبُ: بچھو۔ جوں۔

شَصَّ (س ض) شُصُوصًا وشِصَاصًا. الــنَاقَةُ: اُونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا ...... المَعِيْشَةُ: تنگ گزارن ہونا ...... الرَجُلُ: دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَيْنَ شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

شَصَّهُ (ن) شَصًّا واَشَصَّهُ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ اَشَصَّ الرَجُلُ: دور چلا جانا۔ اَشَصَّتِ النَاقَةُ: اُونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ صفت شَصُوصٌ. مُشِصٌّ: نہیں کہتے۔

الشِصُّ: مشاق چور۔ ج شُصُوص (...... والشَصُّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔ جس کو "سِنَّارَة" بھی کہتے ہیں۔ ج شُصُوص.

الشَصُوصُ. مِنَ النُوْقِ او الشِيَاهِ: کم دودھ والی اُونٹنی یا بکری۔ ج شُصُص وشَصَائِص وشِصَاص. سِنَةٌ شَصُوصٌ: خشک سال۔ کہا جاتا ہے "نَفَى اللّٰهُ عَنكَ الشَصَائِصَ" اللہ تمہاری سختیوں کو دور کرے۔

شَصَبَ (ن) شُصُوْبًا وشَصِبَ (س) شَصَبًا. العَيْشُ: تنگ گزارن ہونا۔ صفت (شَاصِبٌ) ...... الاَمْرُ: دشوار ہونا ...... المَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔

شَصَبَ (ن) شَصْبًا. الشَاةَ: بکری کی کھال اُتارنا۔

اَشْصَبَ. اللّٰهُ عَيْشَهُ: تنگ گزارن کرنا۔

الشِصْبُ: سختی۔ قحط۔ خشک سالی۔ حصہ۔ ج اَشْصَاب.

الشَصْبُ والشَصَبُ: خشکی۔

الشُصُبُ: کھال اتری ہوئی بکری۔ عَيْش (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی۔

الشَصِيبُ: حصہ۔ مسافر۔

الشَصِيبَةُ: سختی و خشک سالی۔ کنوئیں کی گہرائی۔ ج شَصَائِب. الشَصَائِب: پالان کی لکڑی۔

الشَصَّاب: قصاب۔

الشَيْصَبَان: چیونٹیا یا اس کا سوراخ جنوں کا ایک قبیلہ۔ شیطان کا نام۔

شَصَرَ (ن) شَصْرًا. الثَوْبَ: کپڑے کو دور دور سینا۔ لنگر ڈالنا ...... فُلَانًا بِالرُمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا ...... ہ: الثَوْرُ: بیل کا سینگ مارنا۔

الشَصَرُ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَصَرَة: ایک چھوٹا پرندہ۔ ج اَشْصَار.

الشَاصِرُ: ق۔ الشَاصِرُ مِنَ الظِبَاءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَاصِرَة ج شَوَاصِر. الشَاصِرَة: درندوں کے لئے ایک جال۔

الشَوْصَرُ. مِنَ الظِبَاءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔

الشَصِيرُ: کانٹے کی چبھن۔

شَصَا يَشْصُو شُصُوًّا وشَصِيَ يَشْصَى شُصِيًّا. البَصَرُ: نگاہ کا ٹھہرا جانا ...... السَحَابُ: بادل کا بلند ہونا ...... القِرْبَةُ: مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا ...... المَيِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔ کہا جاتا ہے "شَاصِيًا بِرِجْلِهٖ" اس نے اپنی ٹانگ اٹھائی۔

اَشْصٰى. بَصَرَهٗ: ٹکٹکی لگانا۔ نگاہ اٹھانا۔

الشَصْوُ: سختی۔ مساک۔

شَطَّ (ض ن) شَطًّا وشُطُوْطًا: دور ہونا ...... فُلَانًا: دور کرنا۔ ظلم کرنا۔

شَطَّ (ض) شَطَطًا: زیادتی کرنا۔ حق سے دور ہو جانا ...... عَلَيْهِ فِی قَوْلِهٖ وحُكْمِهٖ: ظلم کرنا ...... فِی سِلْعَتِهٖ: حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔

اَشَطَّ يُشِطُّ اِشْطَاطًا وشَطَّطَ يُشَطِّطُ تَشْطِيْطًا: زیادتی کرنا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ حق سے دور ہو جانا ...... عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

شَطْشَطَ: زیادتی میں مبالغہ کرنا۔

شَاطَّهُ: زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الشَطُّ: مص۔ دریا یا سمندر کا کنارہ بمعنی شُطُوط وشُطَّان: کوہان کی ایک جانب بمعنی شُطُوط.

الشَطَّةُ: اسم مرۃ۔ جَارِيَةٌ شَطَّةٌ بمعنی بدن والی لونڈی۔

الشِطَّةُ والشَطَاطَةُ والشَطَاطُ والشُطُوْطُ: دوری۔ الشَطَاطُ والشِطَاطُ: [illegible]

شَارَى مُشَارَاةً وَشِرَاءً. الرَّجُلَ: خرید و فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

اِشْتَرَى: خریدنا۔ بیچنا۔

تَشَارَى تَشَارِيًا. الرَّجُلَانِ: باہم غضبناک ہونا۔

تَشَرَّى تَشَرِّيًا: متفرق ہونا۔ خوارج میں سے ہونا۔

اِسْتَشْرَى اِسْتِشْرَاءً. الفَرَسُ فِيْ سَيْرِهٖ: تیز دوڑنا...... الرَّجُلُ فِيْ الْاَمْرِ: اصرار کرنا۔ اِسْتَشْرَتِ الْاُمُوْرُ: بڑا اور دشوار ہونا ...... الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔

اِشْرَوْرَى اِشْرِيْرَاءً: مضطرب ہونا۔

الشَّرْيُ: اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے۔ "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اَرْيٌ وَشَرْيٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو بیج سے اُگا ہو۔ واحد (شَرْيَةٌ)

الشِّرَاءُ۔ ج اَشْرِيَةٌ و (الشِّرٰى) خرید و فروخت۔

الشَّرَاءُ: طرف۔ جانب۔

الشَّرَى: پتی اچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔ راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اَشْرَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے۔ الشَّرَى: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں (...... والشَّرَاةُ) ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَاةٌ" یعنی عمدہ اونٹ۔

الشَّرِيُّ. مِنَ الخَيْلِ: پسندیدہ۔ رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا۔

الشَّرِيَّةُ. الشَّرِيُّ: کا مؤنث۔ طریقہ۔ طبیعت۔ روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔

الشَّرْوَى: مثل یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَهِيَ وَهُمَا وَهُمْ وَهُنَّ شَرْوَاكَ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَا يَمْلِكُ شَرْوَى نَقِيْرٍ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں۔ نقیری کے لئے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔

الشِّرْيَانُ: ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔ اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے۔ ج شَرَايِيْنُ۔

الشِّرْيَانَاتُ: جسم کی باریک رگیں۔

الشَّارِي: اسم فاعل۔ ج شُرَاةٌ: زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو نیکی پر دلالت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ الشُّرَاةُ: خوارج۔

المُشْتَرِي: فا۔ خریدار۔ ایک سیارہ کا نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔

شَرْيَفَ. الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کاٹنا۔

الشِّرْيَافُ: کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں۔

شَزَّ (ض) شَزَازَةً: بہت خشک ہونا۔ صفت (شَزٌّ وشَزِيْزٌ)

شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوْبًا: کھردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا۔ صفت (شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد۔ ج شُزَّب وشَوَازِب،

شَزَّبَ. الفَرَسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَشَازَبَ. القَوْمُ عَلَى المَاءِ وغَيْرِهٖ: اپنے حصہ کا منتظر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مُتَشَازِبُوْنَ" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔

الشَّزْبَةُ: اسم مرۃ۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔

الشُّزْبَةُ مِنَ الاٰتُنِ: دبلی پتلی گدھی۔ الشُّزْبَةُ: فرصت: کہا جاتا ہے مَضَتْ شُزْبَتُهٗ اس کی فرصت کا موقع نکل گیا۔

الشَّزِيْبُ: لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو۔ کمان جو نئی ہو نہ پرانی۔ ج شُزُوْب.

الشَّوْزَبُ: علامت۔

شَزَرَ (ض) شَزْرًا. الرَّجُلَ وَاِلَيْهِ: غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا...... فُلَانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر بد لگانا۔

شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واِسْتَشْزَرَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ اِسْتَشْزَرَ الشَّيْءَ: بلند کرنا...... الشَّيْءُ: بلند ہونا۔

اَشْزَرَهُ. اللّٰهُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔

تَشَزَّرَ: غضبناک ہونا...... لِلْقِتَالِ: آمادۂ جنگ ہونا۔

شَازَرَهُ مُشَازَرَةً: دشمنی کرنا۔

تَشَازَرَ القَوْمُ: ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا۔

الشَّزْرُ: مص۔ سختی۔ دشواری۔ کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت۔

الشَّزَرُ والشُّزْرَةُ: آنکھ کی سرخی۔

الاَشْزَرُ: سرخ۔ عَيْنٌ شَزْرَاءُ: غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ۔

شَزِنَ (س) شَزَنًا. الرَّجُلُ: چست ہونا۔

تَشَزَّنَ. الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ ...... لَهٗ فِي الخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں سختی برتنا۔ ...... لِلسَّفَرِ: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا۔ (...... تَشَزُّنًا وتَشْزِيْنًا) الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔ الشَّاةَ: ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔

الشَّزْنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔

الشَّزَنُ والشُّزُنُ: سختی۔ جانب دوری۔ زمین کی سختی۔ مِنَ العَيْشِ: زندگی کی سختی۔

الشَّزْنَةُ. مِنَ النِّسَاءِ: بخیل عورت۔

الشُّزْنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔

الشُّزُوْنَةُ: سختی۔

شَزَا يَشْزُوْا شَزْوًا: بلند ہونا۔

شَسَّ (ض) شُسُوْسًا. الشَّيْءُ: خشک ہونا۔

الشَّاسُّ: لاغر ضعیف و خشک۔

الشَّسُّ: سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو۔ ج شِسَاس وشُسُوس

وشِرکَۃً: شریک ہونا۔

شَرَّکَ. النَعلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

اَشرَکَہٗ. فِی اَمرِہٖ: کام میں شریک بنانا۔

اَشرَکَ بِاللّٰہ: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔ صفت (مُشرِک ومُشرِکیّ) اور اسم (الشِرک)

...... النَعلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

شارَکَہٗ وتَشارَکا: باہم شریک ہونا۔

اِشتَرَکَ. الاَمرُ: مشتبہ ہونا۔ اِشتَرَکَ القَومُ فِی کَذَا: باہم شریک ہونا۔

الشِرکُ. شَرِکَ واَشرَکَ کا اسم۔ شریک حصہ اور اسی سے ہے "بَیعَ شِرکٍ مِن دارِہٖ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشراک.

الشِرکَۃ: مص۔ شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو۔

الشَرَک: جال۔ پھندا۔ ج شُرُک واَشراک: راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات۔ واحد (شَرَکَۃ)

الشِراک: جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پٹی۔ ج اُشرُک وشُرُک.

الشُرَکیّ والشُرُکیّ: تیز چال اور کہا جاتا ہے "لَطَمَہٗ لَطمًا شُرَکِیًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پیاپے طمانچے مارے۔

الشَرِیک: ساجھی۔ شریک۔ ج شُرَکاء واَشراک: مؤنث شَرِیکَۃ. ج شَرائِک.

المُشارِک: ساجھی۔ حصہ دار۔

السَّوْدَاء والسُّوَیْدَاء. عِنْدَ الأَطِبَّاء: ایک خلط کا نام۔ مالیخولیا کی بیماری۔ الحَبَّةُ السَّوْدَاء: کلونجی۔ سَوْدَاءُ القَلْب وسُوَیْدَاؤُہٗ: دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّؤْدَد والسُّوْدُد: مرتبہ بلند۔ سرداری۔ مَاة (مَسْوَدَة)

المَسْوُوْد: مرض مالیخولیا کا بیمار۔

المُسَوَّدَة والسَّوَاد. عِنْدَ الکُتَّاب: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔ اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَیَّضَة: کہتے ہیں۔

۔۔۔۔۔ عِنْدَ الطَّبَّاعِیْن: پروف (المُسَوَّدَة والمُسْوَدَّة) مِنَ الأَیَّام: سخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔

السَّوْذَق والسُّوْذَق والسَّوْذَانِق والسَّوْذَنِیْق: شکرا یا شاہین۔

سَارَ یَسُوْرُ سَوْرًا. الحَائِط: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔ (۔۔۔۔۔ سَوْرًا وسُؤُوْرًا) إِلَیْہِ: کودنا۔۔۔۔۔ الشَّرَابُ فِیْ رَأْسِہٖ: شراب کا سر کو چکرانا۔

سَوَّرَ. المَدِیْنَة: شہر پناہ پانا۔۔۔۔۔ المَرْأَة: کنگن پہنانا۔۔۔۔۔ الحَائِط: دیوار پر چڑھنا۔

سَاوَرَہٗ سِوَارًا ومُسَاوَرَة: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَاوَرَتِ الحَیَّةُ الرَّاکِبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ۔۔۔۔۔ ہ الشَّرَابُ: سر کو چکرانا۔

تَسَوَّرَ: کنگن پہننا۔۔۔۔۔ الحَائِطَ وعَلَیْہِ: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔

السُّوْر: شہر پناہ۔ ج أَسْوَار وسِیْرَان.

السُّوْر: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ سُوْرٌ مِنَ الإِبِل" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔

سُوْرِیَة وسُوْرِیَّة: ملک شام۔

السَّوْرَة. سَارَ: کا اسم مرۃ۔

سَوْرَة. الخَمْرِ (سُوَارُھَا) شراب کی تیزی۔ سَوْرَةُ السُّلْطَان: بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَةُ المَجْد: بزرگی کا اثر۔ سَوْرَةُ البَرْد: سردی کی تیزی۔

السُّوْرَة: مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عِنْدَکَ سُوْرَة" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "وَلَہٗ سُوْرَةٌ فِی المَجْد" اس کے لئے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَـــہٗ عَلَیْکَ سُوْرَة" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت۔۔۔۔۔ مِنَ الکِتَاب: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّوْرَة: بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوَر وسُوْر وسُوْرَات وسُوَرَات.

السِّوَار والسُّوَار والأُسْوَار: کنگن۔ ج سُوْر وأَسْوِرَہ وأَسْوِرَة وأَسَاوِر وأَسَاوِرَة وسُؤُوْر. الأَسَاوِرَة: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آ کر رہ پڑی تھی۔

السَّوَّار: وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ کَلْبٌ سَوَّار: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔ السَّوَّار: شیر۔

الأُسْوَار والإِسْوَار: گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیرانداز۔۔۔۔۔ عِنْدَ الفُرْس: فوجی افسر۔ ج أَسَاوِر وأَسَاوِرَة.

السُّوَّارِی: بلندی۔

المِسْوَر والمِسْوَرَة: چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر.

المُسَوَّر: کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔ مَلِکٌ مُسَوَّرٌ: طاقتور بادشاہ۔

السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان: ایک دوا کا نام۔ جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ یَسُوْسُ سِیَاسَةً. الدَّوَابَّ: دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا۔۔۔۔۔ القَوْمَ: امور کی تدبیر وانتظام کرنا۔۔۔۔۔ الأَمْرَ: انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَة وسُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْ سَاسَ وَسِیْسَ عَلَیْہِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ یَسَاسُ وسَوِسَ یَسْوَسُ وسِیْسَ یُسَاسُ سَوْسًا وتَسَوَّسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا

آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَهْوٌ)

أَسْهَى. الرَّجُلُ: سہو بنانا (دیکھئے نیچے لفظ سَهْوَة).

سَاهَى. الرَّجُلَ فِي الْمُعَاشَرَةِ: نرمی کرنا۔ خوش خلقی کا برتاؤ کرنا …… ہ: غافل کرنا۔ استہزاء کرنا۔

سَهَّاهُ: فریبان میں گرم کرکے خشک کرنا۔

السَّهْو: مص۔ سکون۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلْهُ سَهْوًا رَهْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی و نرمی سے کرو۔ "مَاءٌ سَهْوٌ" ٹھہرا ہوا صاف پانی "جَمَلٌ سَهْوٌ" نرم تابعدار اونٹ "اَمْرٌ سَهْوٌ" نرم کام۔ "رِيحٌ سَهْوٌ" نرم ہوا۔ ج سِهَاءٌ.

السُّهَى والسُّهَا: بنات نعش صغری میں بہت ہی چھوٹا سا ستارہ اور اسی سے مثل ہے "أُرِيهَا السُّهَى وَتُرِينِي الْقَمَرَ" جو سوال از آسمان و جواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں۔

السِّهْو والسَّهْوَاء: رات کا ایک حصہ۔

السَّهْوَة. السِّهْو: کا مؤنث۔ سہا: کا اسم مرۃ۔ ج …… سِهَاء: کانس۔ مہتابی۔ طاقچہ۔ روشندان۔ صحن کے سامنے کا پردہ۔ پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے۔ پتھر کی چٹان۔ پالکی۔ نرم کمان۔

السَّاهِي: فا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ سَاهٍ رَاهٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ۔ ج جِمَالٌ سَوَاهٍ رَوَاهٍ …… الْأَسَاهِي. الوان: رنگ (اس کے لئے مفرد نہیں۔)

سَهْوَكَهُ: پچھاڑنا۔ ہلاک کرنا۔

تَسَهْوَكَ: پچھاڑا جانا۔ ہلاک ہونا۔ پشت پھیرنا۔ نرم چلنا۔

سَاءَ يَسُوءُ سَوَاءً. الشَّيْءُ: قبیح ہونا۔ برا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَتْ سِيرَتُهُ" اس کی عادت بری ہے۔

سَاءَهُ يَسُوءُهُ سَوْءًا وَسُوءًا وَسَوَاءً وَسَوَاءَةً وَسَوَايَةً وَسَائِيَةً وَمَسَاءً وَمَسَاءَةً وَمَسَائِيَةً وَمَسَايِئَةً الْأَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ مکروہ سلوک کرنا …… بِهِ ظَنًّا: برا گمان کرنا۔

سَوَّأَهُ تَسْوِئَةً وَتَسْوِيئًا: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

سَوَّأَ عَلَيْهِ عَمَلَهُ: عیب لگانا سرزنش کرنا۔

أَسَاءَ إِسَاءَةً. الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا …… إِلَيْهِ: برا سلوک کرنا۔

اِسْتَاءَ: غمگین ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَهُ فَاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا۔

السُّوءُ. سَاءَهُ: کا اسم۔ آفت۔ شر و فساد۔ ج أَسْوَاء.

السَّوْءُ: مص۔ رَجُلُ سَوْءٍ: وَرَجُلُ السَّوْءِ: بدکار مرد۔ والسُّوءُ: فساد۔ آگ۔ آنکھ کی کمزوری۔

السَّيِّئُ: قبیح۔ برا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَيِّئُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے۔

السَّيِّئَةُ. السَّيِّئُ: کا مؤنث۔ برائی۔ گناہ۔ ج سَيِّئَات.

السَّوْءَةُ: فاحشہ۔ بری عادت۔ شرمگاہ۔ ج سَوْءَات.

الْأَسْوَأُ: اسم تفضیل مؤنث سُوأَى: برا۔

السُّوأَى: جہنم کی آگ۔

السَّوْآءُ: بری عادت۔ بدشکل عورت۔

الْمَسَاءَةُ: برا قول یا فعل۔ ج مَسَاوِئُ.

الْمَسَاوِئُ: برائیاں۔ عیوب۔ نقائص۔

السُّوبَةُ: دور کا سفر۔

السُّوبِيَةُ: گیہوں کی شراب۔

سَاجَ يَسُوجُ سَوْجًا وَسُوَاجًا وَسَوَجَانًا: آہستہ آنا جانا۔

سَوَّجَ وَسَيَّجَ. الْكَرْمَ وَنَحْوَهُ او عَلَى الْكَرْمِ: انگور وغیرہ میں باڑ لگانا۔

السِّيَاجُ: دیوار۔ انگور وغیرہ کی باڑ۔ ج سِيَاجَاتٌ وَأَسْوِجَةٌ وَسُوجٌ.

السَّاجُ: ساکھو کا درخت۔ ج سِيجَان: واحد (سَاجَةٌ) کشادہ گول چادر۔ کِسَاءٌ (مُسَوَّجٌ) گول کیا ہوا کمبل۔

السَّاحَةُ: گوشہ۔ کنارہ۔ مکانوں کے درمیان کا چوک۔ ج سَاحٌ وَسُوحٌ وَسَاحَات.

سَاخَ يَسُوخُ سَوْخًا وَتَسَوَّخَ. فِي الطِّينِ: گارے میں دھنس جانا۔ سَاخَ الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: تہ نشین ہونا (سَاخَتْ) بِهِمُ الْأَرْضُ. سُؤُوخًا وَسُوُوخًا وَسَوَخَانًا: نگل لینا۔

السُّوَاخُ وَالسُّوَّاخُ وَالسُّوَّاخَى وَالسُّوَاخِيَةُ: بہت کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتَّى صَارَتِ الْأَرْضُ سُوَّاخَى" ہمارے اوپر بارش ہوئی۔ یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہو گئی۔ و"سَبْخَاءُ سُوَّاخَى" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے۔

سَادَ يَسُودُ سِيَادَةً وَسُودُدًا وَسُودَدًا وَسَيْدُودَةً وَسُوْدًا: شریف ہونا۔ بزرگ ہونا …… قَوْمَهُ: سردار ہونا …… ہ: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا۔ صفت (سَائِد) ج سَادَة جج سَادَات …… الرَّجُلُ: کسی سے راز کی بات کہنا۔ (مُسَاوَدَة) الرَّجُلُ: زرد کائی جمے ہوئے پانی کو پینا۔

سَوِدَ يَسْوَدُ سَوَدًا وَاسْوَدَّ يَسْوَدُّ اسْوِدَادًا وَاسْوَادَّ اسْوِيدَادًا: کالا ہونا۔

سَوَّدَ: دلیر ہونا …… ہ: سردار بنانا۔ …… الشَّيْءَ: کالا کرنا …… الرَّجُلَ: سرداردل کو قتل کرنا۔

سَاوَدَهُ: مکر و فریب کرنا۔ رات کے اندھیرے میں ملنا۔ سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا۔ راز کی بات کہنا۔ سَاوَدَ الْأَسَدَ: شیر کو ہٹانا۔ ہانکنا۔

أَسْوَدَتْ إِسْوَادًا وَأَسَادَتْ بِسَخْلَةٍ الْمَرْأَةُ: کالا بچہ جننا۔ سردار جننا۔

تَسَوَّدَ: نکاح کرنا۔ سردار ہونا۔ کالا ہونا۔

اِسْتَادَ. الْقَوْمَ: سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا …… فِي بَنِي فُلَانٍ: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا۔

السَّوْد: سیاہ پتھروں والا ہموار میدان ج أَسْوَاد: ایک قطعہ کو (سَوْدَة) کہتے ہیں۔

السَّوْدَة: کھجور کے درختوں والی زمین۔

السَّوْدَد: مص۔ سرداری۔ ایک قسم کی

السَّـاهِف: قا۔ ہلاک ہونے والا۔ جس پر جان کنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔ سَاهِف الوَجْهِ: حقیر چہرے والا۔

السَّهْف: مس۔ مچھلی کے سفنے۔

السُّهَـاف: پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طَـعَـام (مَسْهَفَة) بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رَجُـلٌ مَسْهُوْف: بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔

السَّهْـوَق: بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنا۔

السَّهْوَق: کشادہ قدم والا۔

سَهَكَ: (ف) سَهْكًا. الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا...... الرِّيْحُ التُّرَابَ عَنْ وَجْهِ الْأَرْضِ: غبار اڑانا...... الشَّيْءَ: کسی چیز کو گھسنا۔

سَهَكَتْ سُهُوْكًا. الدَّابَّةُ: جانور کا آہستہ چال چلنا۔

سَهِكَ: (س) سَهَكًا: بدبودار ہونا۔ صفت (سَهِك) کہا جاتا ہے "يَدِيْ سَهِكَةٌ مِنَ السَّمَكِ" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔

السَّهَك والسُّهْكَة والسُّهُوْكَة: پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔

السَّهَكُ: لوہے کا زنگ۔

رِيْحٌ (سَاهِكَةٌ) بہت تیز ہوا۔ ج سَوَاهِك وسَاهِكَات۔ (رِيْحٌ سَهُوْك ومُسْهِك ومَسْهُوْك ومُسْهِكَة) بہت تیز ہوا۔

السَّهِيْك: غبار جس کو ہوا اڑا دے۔

السَّهَّاك والمِسْهَك: ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔

المِسْهَك مِنَ الخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔

المَسْهَكُ والمَسْهَكَة: تیز ہوا کی گزرگاہ۔

سَهُلَ: (ک) سُهُوْلَةً. المَكَانُ: نرم ہونا۔

سَهُلَ (ک) سُهْلَةً وسَهَالَةً. الأَمْرُ: آسان ہونا۔ صفت (سَهْلٌ وسَهِلٌ)

سَهَّلَ الأمر لَهُ وعَلَيْهِ: آسان کر دینا۔ ...... المَوْضِعَ: نرم کر دینا۔

سَاهَلَهُ مُسَاهَلَةً: نرم برتاؤ کرنا۔

أَسْهَلَ: پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اترنا...... الدَّوَاءُ: پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔ ...... الرَّجُلُ: لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا۔ الأَمْرَ: نرم پانا۔

أُسْهِلَ. الرَّجُلُ: اسہال والا ہونا۔

تَسَهَّلَ. الأَمْرُ: آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَسَهَّلَ لِي أَنْ أَفْعَلَهُ" میرے لئے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔

تَسَـاهَلَا: ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔

تَسَاهَلَ الأَمْرُ عَلَيْهِ: آسان ہونا۔

اِسْتَهَلَ. المَكَانَ: نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔

اِسْتَسْهَلَهُ: آسان سمجھنا۔

السَّهْـــل: نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سُهُوْلٌ وسُهُوْلَةٌ: اور نسبت کے لئے (سُهْلِي) جیسے "بَعِيْرٌ سُهْلِيٌّ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ اور تم کہتے ہو "أَرْضٌ سَهْلٌ" "سَهْلُ الوَجْهِ" کم گوشت والا چہرہ۔

سَهْلُ الخُلُقِ: نرم اخلاق والا اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "أَهْلًا وسَهْلًا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے۔ اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا۔ سخت زمین پر نہیں۔

السِّهْلَة والسِّهْل: ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہا لاتا ہے۔ السِّهْلَةُ: اسہال۔

الإِسْهَال. عِنْدَ الأَطِبَّاء: دست آنا۔

السَّهُوْل: دست آور دوا۔

سُهَيْـــل: ایک روشن ستارہ جو بلادِ عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر گبریلے مرجاتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔

وتُنْكِرُ مَوْتَهُمْ وأَنَا سُهَيْلٌ
طَلَعْتُ بِمَوْتِ أَوْلَادِ الزِّنَاءِ

سَهَمَ (ف) وسَهُمَ (ک) سُهُوْمَةً وسُهُوْمًا: لاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا ...... وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سَهَمَهُ: قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔

سُهِمَ: لو کی لپٹ لگنا۔

سَاهَمَهُ: قرعہ اندازی کرنا۔

أَسْهَمَ. لَهُ فِي كَذَا: حصہ مقرر کرنا...... بَيْنَ القَوْمِ: قرعہ ڈالنا...... فِي الكَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِمٌ مُسْهَمٌ)

تَسَـاهَمَ واسْتَهَمَ. القَوْمُ: باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تَسَاهَمُوْا الشَّيْءَ: باہم تقسیم کرنا۔

السَّهْم: ج سِهَام: قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سَهْمُ الرَّامِي: ایک ستارہ۔ ج أَسْهُم وسُهْمَة وسُهْمَـان: حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَهُ فِي القِسْمَةِ سُهْمَان" تقسیم میں اس کو دوہرا حصہ ملا۔

السُّهْمَة: قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔

السُّهُم: آفتاب کی کرنیں۔ حرارتِ غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔

السَّاهِمَة. مِنَ النُّوْقِ: دبلی پتلی اونٹنی۔

السَّهَام: لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ ترمرے یعنی مکڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

السُّهَام: دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

السَّهِيْم: شریک۔ حصہ دار۔

المُسْهَم: لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دوغلا گھوڑا۔

المُسَهَّمَة. مِنَ الثِّيَابِ: دھاری دار کپڑا۔

المُسْهَم والمَسْهُوْم. مِنَ الإِبِلِ: سُهَام: بیماری والا اونٹ۔

السَّهُوْم: عقاب۔

سَهَـا يَسْهُوْ سَهْوًا وسُهُوًّا. فِي الأَمْرِ وعَـنِ الأَمْـرِ: غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (سَـاهٍ وسَهْوَان)

...... إِلَيْهِ: پست نگاہ سے دیکھنا۔

سَـهُوَ يَسْهُوْ سَهَاوَةً. الفَرَسُ: گھوڑے کا

درمیانے دن۔

الـمَسْنُوُّ والمَسْنِيُّ: رہٹ سے سیراب کی ہوئی چیز۔

اَلسَّنَةُ النَّجُومِيَّةُ اَوِ الْمَعلومِيَّة: زمین کا سورج کے اردگرد گردش کرنے کا وقت جب کہ اس کو سورج کے مرکز سے کسی سیارے کے ساتھ جمع ہوتے ہوئے دو دفعہ دیکھا جاتا ہے۔

الـمُسَنَّاة: بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسَنَّوَات ومُسَنَّيَات: کہا جاتا ہے "عَقَلُوْا مُسَنَّيَاتٍ لِحَبْسِ المِيَاهِ" انہوں نے پانی روکنے کے لئے بند باندھا۔

سَنِيَ: (س) سِنَاءً: بلند مرتبہ ہونا۔

سَانَى مُسَانَاةً وسِنَاءً. الرَّجُلَ: خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَانَيْتُهُ حَتّٰى اِسْتَخْرَجْتُ مَا عِنْدَهُ" میں نے اس کے ساتھ نرمی کرکے جو کچھ اس کے پاس تھا سب نکلوالیا۔

اَسْنٰى اِسْنَاءً. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ ......النَّارَ: آگ روشن کرنا...... لَهُ الجَائِزَةَ: بیش قیمت انعام دینا "جَاوَرْتُهُ فَاَسْنٰى جِوَارِي" میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوسی کا حق ادا کردیا...... القَوْمُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔

تَسَنّٰى. الاَمْرُ: تیار ہونا...... الرَّجُلُ: آسانی ونرمی کرنا...... الشَّيْءُ: متغیر ہونا...... القُفْلُ: تالا کھلنا...... الرَّجُلَ: راضی کرنا۔

السَّنٰى: بجلی۔ ریشم۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَاء: مص۔ بمعنی سنی۔ بلندی۔ روشنی۔

السَّنَايَا: شریف وعالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَنَايَا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)

السَّنِي: عالی مرتبہ۔ مؤنث سَنِيَّةٌ.

السِّنَايَة: تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهُ بِسِنَايَتِهِ" میں نے اس کو سارا کا سارا لے لیا۔

السُّنُوْنُوْ: ابابیل۔ واحد سُنُوْنُوَةٌ وسُنُوْنِيَةٌ.

سَهَبَ: (ف) سَهْبًا. الشَّيْءُ: کھلنا۔

اَسْهَبَ. اَلْكَلَامَ وفِي الْكَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِب ومُسْهَب) ثانی نادر ہے۔ ......الرَّجُلُ: بہت دینا۔ حریص ولالچی ہونا۔ ......الفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔ اَسْهَبُوْا الدَّابَّةَ: جانور کو چرنے کے لئے چھوڑ دینا۔

اُسْهِبَ: مدہوش ہونا۔ عقل کھو دینا یا زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔ اُسْهِبَتِ البِئْرُ: زیادہ گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت (سَهْبَةٌ ومُسْهَبَةٌ)

اِسْتَهَبَ: بہت دینا۔

السَّهْب: مص۔ بیابان...... مِنَ الخَيْلِ: کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى سَهْبٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

السُّهْب والسُّهُب. مِنَ الْاَرْضِ: وسیع وہموار میدان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوْا سُهْبًا او سُهُبًا مِنَ الاَرْضِ" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔

السَّهْبَل: دلاور۔

سَهَجَتِ (ف) سَهْجًا. الرِّيْحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا...... الرِّيْحُ الْاَرْضَ: ہوا کا زمین کو صاف کر دینا...... الطِّيْبَ: خوشبو گھسنا ......القَوْمُ لَيْلَتَهُمْ: تمام رات چلنا۔

السَّاهِج: ج سُهَّجٌ (والسَّيْهَج والسَّيْهُوْج والسَّهُوْج) مِنَ الْاَرْيَاحِ: تیز ہوائیں۔

المَسْهَج: تیز ہوا کی گزرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے۔

المِسْهَج: ہر حق وباطل میں بولنے والا۔ فصیح وبلیغ۔

سَهْجَرَ سَهْجَرَةً: ڈرتے ہوئے دوڑنا۔

سَهِدَ: (س) سَهَدًا وتَسَهَّدَ: بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَهَّدَهُ: بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "سَهَّدَهُ الْهَمُّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔

السُّهْد والسُّهَاد: بے خوابی۔

السُّهُد: کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهُدٌ" کم سونے والا مرد "عَيْنٌ سُهُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔

السَّهْدَة: بیداری اور کہا جاتا ہے "مَا رَاَيْتُ مِنْهُ سَهْدَةً" میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔ السَّهْوَد: بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَهْوَدٌ" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْهَدُ مِنْكَ رَاْيًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔

المُسَهَّد: مثلِ کم نیند والا۔

السَّهْلَد: بعید۔

سَهِرَ: (س) سَهَرًا: ساری رات بیدار رہنا۔ صفت (سَاهِرٌ وسَهْرَانُ) اور کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاهِرَةٌ" رَت جگے والی رات۔

سَهَرَ البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْهَرَ: جاگتے رکھنا۔

سَاهَرَهُ: اکٹھے جاگنا۔

السُّهَار: بیداری۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهَارُ العَيْنِ" کم سونے والا مرد۔

السَّاهُوْر: بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند کہا جاتا ہے "دَخَلَ الْقَمَرُ فِي السَّاهُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آگیا۔ سَاهُوْرُ عَيْنِ الْمَاءِ: چشمہ کا منبع۔ السَّاهُوْر: مہینے کے باقی نو دن۔

السَّهَّار والسُّهَرَة: بہت بیدار رہنے والا۔

السَّاهِرَة. السَّاهِرُ: کا مؤنث۔ زمین اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔

الاَسْهَرَان: آنکھ کی دو رگیں، ناک کی دو رگیں۔

المِسْهَار: بیداری پر قادر۔

سَهَفَ: (س) سَهْفًا. القَتِيْلُ: مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔

سَهِفَ: (س) سَهَفًا: بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَهْفَهُ: خفیف سمجھنا۔

سَنعاء.

السَّنِعَة: پہاڑی راستہ۔ ج سَنَائِع.

السُّنْعُبَة: نمولا۔ اوپر والے ہونٹ کے اندرونی حصہ میں ابھرا ہوا گوشت۔

سَنَفَ: (ن ض) سَنْفًا. البَعِيرَ: اونٹ پر تنگ باندھنا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا۔

أَسْنَفَ. البَعِيرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔ أَسْنَفَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا...... الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ البَرْقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا...... الأَمْرَ: مضبوطی سے کرنا...... البَعِيرُ: تنگ باندھنا۔

السَّنَف: لکڑی جو پتوں سے خالی ہو، پھلی کا چھلکا۔ پہا۔ ج سُنُوف

السِّنْف: ایک تخم دانہ جو گیہوں، جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنْفَة) ج سِنَفٌ جج سِنَفَة.

السَّنِيف: بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ ج سُنُفٌ وسُنْفٌ وأَسْنِفَة.

المُسْنِفَة. مِنَ السِّنِين: خشک سال۔ مِنَ الأَرَاضِي: قحط زدہ زمین۔

سِنَافُ. البَعِيرِ: اونٹ کا تنگ۔ ج سُنُفٌ وسُنْفٌ وأَسْنِفَة.

السَّنْفَتَان والسُّنْفَتَان: دو لکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔

المِسْنَاف: وہ اونٹ جو کجاوہ کو اِدھر اُدھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ ج مَسَانِيف.

سَنِقَ: (س) سَنَقًا: بدہضمی ہونا۔ (بقول بعض سَنِقَ: صرف حیوانات کے لئے مخصوص ہے۔)

أَسْنَقَهُ. النَّعِيمُ: ناز و نعمت والا ہونا۔ خوش حال ہونا۔

السُّنْقُر والسُّنْقُو: ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔

السُّنْك: نمایاں راستے۔

السِّنْكِسَار والسِّنْكْسَار. عِنْدَ النَّصْرَانِيِّينَ: نصرانیوں کے اولیاء و صالحین کے حالات کا مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)

سَنِمَ: (س) سَنَمًا. البَعِيرُ: بڑے کوہان والا ہونا...... النَّبْتُ: خوشہ یا پھول نکلنا۔

سَنَّمَ. الكَلَأُ البَعِيرَ: موٹے کوہان والا کر دینا...... الإِنَاءَ: برتن بھرنا...... الشَّيْءَ: بلند کرنا...... القَبْرَ: قبر کو کوہان نما کرنا...... المِكْيَالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کر دینا۔

أَسْنَمَ. الكَلَأُ البَعِيرَ: موٹے کوہان والا کر دینا...... الدُّخَانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔

أَسْنَمَتِ النَّارُ: آگ سے لپٹ اُٹھنا۔

تَسَنَّمَ. النَّاقَةَ: اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا...... الشَّيْءَ: کسی چیز پر چڑھنا...... فُلَانًا: غفلت میں پکڑ لینا...... ہ الشَّيْبُ: بڑھانا۔ پھیل جانا۔

السَّنِم. مِنَ الإِبِلِ: بڑے کوہان والا اونٹ...... مِنَ النَّبَاتِ: زمین سے بلند شگوفے والے پودے۔

السَّنَام: کوہان۔ ج أَسْنِمَة: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَنَامُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔

سَنَمَةُ. النَّبَات: نباتات کا اوپر کا حصہ جیسے بالی، شگوفہ۔ رَجُلٌ (سَنِيمٌ) عالی مرتبہ مرد۔

السُّنُم: گائے۔

التَّسْنِيم: جنت کے ایک چشمہ کا نام۔

المُسَنَّم. مِنَ الجِمَال: اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔

السِّنِمَّار: چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا۔

السَّنَمُورَة: ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)

سَنِهَ: (س) سَنَهًا: بہت برسوں والا ہونا۔ صفت (سَنِهٌ) ...... الطَّعَامُ أَوِ الشَّرَابُ: بگڑ جانا متغیر ہونا۔

سَانَهَ. الرَّجُلَ: سال وار معاملہ کرنا۔

سَانَهَتِ النَّخْلَةُ: ایک سال کے ناغے پھل لانا۔

تَسَنَّهَ: بہت برسوں والا ہونا...... الخُبْزُ: بدبودار ہونا...... عِنْدَهُ: ایک سال تک اقامت کرنا۔

السَّنْهَاء. مِنَ النَّخْلِ: ایک سال کے ناغہ سے پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔ کہا جاتا ہے "سَنَةٌ سَنْهَاءُ" بغیر بارش و بغیر پیداوار کا سال۔

سَنَا۔ يَسْنُو سَنْوًا وسَنَاوَةً وسُنُوًّا وسِنَايَةً. السَّحَابُ الأَرْضَ: بادل کا زمین کو سیراب کرنا...... البَرْقُ: بجلی کوندنا...... البَابَ: دروازہ کھولنا۔ سَنَتِ النَّارُ: روشنی بلند ہونا...... السَّمَاءُ: برسنا۔ سَنَا عَلَى الدَّابَّة: جانور پر پانی لانا...... الدَّلْوَ: ڈول کو کنوئیں سے کھینچنا۔

سَانَى سِنَاءً ومُسَانَاةً. الرَّجُلَ: ایک سال کے لئے معاہدہ کرنا یا اجرت پر رکھنا۔

تَسَنَّى تَسَنِّيًا. الشَّيْءُ: چڑھنا۔ "تَسَنَّتِ العُقْدَةُ" گرہ کھلنا۔

السَّنَة: سال۔ ج سُنُون وسِنُون وسَنَوَات وسَنَهَات. تصغیر سُنَيَّة وسُنَيْنَة وسُنَيْهَة: نسبت کے لئے سَنَوِي سَنَهِي.

سَنَةٌ سَنْوَاء: سخت سال۔

السَّنَاء: بجلی کی چمک۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السنة الضوئية: (فلکیات) وہ مسافت جس میں روشنی ایک سال بھر میں طے کرتی ہے۔ یعنی ۹۴۶۸ ارب کلومیٹر سب سے قریب ستاری طرف چار ضوئی سالوں سے زیادہ دور ہے۔

السَّانِي: فا۔ پانی لانے والا۔ ج سُنَاة.

السَّانِيَة: رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں سے پانی لایا جائے۔ ج سَوَانٍ.

السَّنَةُ الانْقِلَابِيَّة أَوِ الاسْتِوَائِيَّة: وہ وقت جو کہ سورج کے گزرنے کے لئے ہوتا ہے اعتدال ربیع کے نقطہ پر دو دفعہ مسلسل۔ جس کی قیمت (مقدار) ۲۶۲۲، ۳۶۵ شمسی

پہاڑ پر چڑھنا۔ سَنَدَ لِلْاَرْبَعِیْن: چالیس کے قریب ہونا۔ سَنَدَ ذَنَبُ النَّاقَۃِ: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سَنَّدَ. سَنَدَ: (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا۔ ...... الشَّیْئَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

سَانَدَ مُسَانَدَۃً وسِنَادًا. شِعْرَہٗ فِیْ شِعْرِہٖ: شعر میں مختلف ردیف لانا ...... الرَّجُلَ: مدد کرنا ...... ہ عَلَی الْعَمَلِ: کفایت کرنا ...... ہ اِلَی الشَّیْئِ: ٹیک لگانا۔

اَسْنَدَ. فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ...... ہ فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھانا ...... فِی الْعَدْوِ: دوڑنے میں کوشش کرنا ...... اَسْنَدَہٗ اِلَی الشَّیْئِ: ٹیک لگانا۔

السَّنَد ایک قسم کی چادر۔ سہارا اور مولدین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل ہے۔ ج سَنَدَات: پہاڑ کا وہ حصہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَسْنَاد.

السَّنُدَۃ: ایک قسم کی نباتات۔

السِّنَاد: قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی سے پہلے ہو۔ نَاقَۃٌ سِنَادٌ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ دبلی، قوی۔

الإسْنَاد: مص۔ عِنْدَ اَہْلِ الْمُنَاظِرَۃ: حوالہ دینا۔ ج اَسَانِیْد والاِسْنَادُ فِیْ عِلْمِ الْعَرَبِیَّۃِ: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے درمیان نسبت۔ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ وقَامَ زَیْدٌ.

السَّنْدَان: نہائی۔ اہرن۔ ج سَنَادِیْنُ (دخیل)

السِّنْدَان: بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی بھیڑیا۔

السِّنْدَانَۃ: گدھی۔

السِّنْدِیَان: شاہ بلوط کا درخت۔ واحد (سِنْدِیَانَۃٌ) فارسی کلمہ ہے۔

السَّنِیْد: لے پالک۔ منہ بولا بیٹا۔

المُسْنَد. مِنَ الحَدِیْثِ: جس کی سند قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مَسَانِد ومَسَانِیْد.

المُسْنَد: ایک قسم کا طرز تحریر جس کو بَنُو حِمْیَر استعمال کرتے تھے۔ منہ بولا بیٹا۔

زمانہ۔

المَسْنَد والمِسْنَد: جس پر ٹیک لگائی جائے۔ ج مَسَانِد کہا جاتا ہے۔ "خَرَجَ الْقَوْمُ (مُتَسَانِدِیْنَ)" لوگ مختلف جھنڈوں کے نیچے ہو کر نکلے۔ کسی ایک امیر کے تحت میں نہیں تھے۔

المُسْتَنَد: جس پر اعتماد و بھروسہ کیا جائے۔

السِّنْدَاْوُ والسِّنْدَاْوَۃ: ہلکا۔ دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور پتلے جسم والا۔ السِّنْدَاْوَۃ: کپڑے کا ٹکڑا جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے لئے باندھا جاتا ہے۔

جَمَلٌ (سَنْدَاْبٌ) قوی اور سخت اونٹ۔

سَنْدَرَ: جلدی کرنا۔

السَّنْدَرَۃ: مص۔ جلدی۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا پیانہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول "اَکِیْلُکُمْ بِالسَّیْفِ کَیْلَ السَّنْدَرَۃ" کا مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت زیادہ قتل کروں گا۔

السَّنْدَرِیُّ: دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط۔ کمان۔ نیلگوں۔ نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔ ایک بڑا پیانہ (...... والسَّنْدَر والسِّنْدَر) دلیر۔

السِّنْدَرُوْس: ایک قسم کا گوند یا کہرباہ کی مانند ایک معدنی چیز۔

السُّنْدُس: ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

السَّنْدَل: ایک قسم کا پرندہ۔ چری موزہ کا پاتابہ۔

سَنِرَ (س) سَنَرًا: بدخلق ہونا۔

السَّنِوْر (س) سَنَرًا: بدخلق ہونا۔

السَّنَوَّر ایک ہتھیار، زرہ کی مانند چمڑے کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔

السِّنَّوْر: بلی۔ سردار، دُم کی جڑ۔ گردن کی ہڈی کے مہرے۔ ج سَنَانِیْر.

السُّنَّار: بلی۔

سِنْسَنَتِ. الرِّیْحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔

السِّنْسِن: پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے سرے۔ ج سَنَاسِن (...... والسِّنْسِنَۃ) ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الرِّیْحُ سَنَاسِنَ" ہوا ایک ہی طریقہ پر آئی۔

سَنُطَ: (ک) سَنَاطَۃً وسَنِطَ: (س) سَنَطًا: کوسج یا ہلکی داڑھی والا ہونا۔ صفت (سِنَاط وسُنَاط وسَنُوْط) ج سُنُط واَسْنَاط.

السِّنْط: کٹنا۔ پیچھا۔

السَّنْطَبَۃ: بے ڈول لمبائی۔

السِّنْطَاب: لوہار کا ہتھوڑا۔

السِّنْطِیْر والسَّنْطُوْر: ایک قسم کا ستار جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔

سَنْطَلَ. الرَّجُلُ: سر جھکا کر چلنا۔

السَّنْطَلَۃ: مص۔ لمبائی۔

السُّنْطَالَۃ: سر جھکا کر سکون کی چال۔

السِّنْطِیْل: لمبا۔

المُسَنْطَل: ملع۔ سست چال چلنے والا۔ جو قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا بڑے پیٹ والا۔

اِسْطَنْبُوْل: ایک پودے کا نام جس کا تنا ملائم پھول گلابی ہوتے ہیں۔

السَّنْطَلِیْل: لمبے قد والا۔

سَنَعَ: (ف ن) وسَنُعَ (ک) سَنَاعَۃً وسُنُوْعًا: حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (سَنِیْعٌ) مؤنث سَنِیْعَۃٌ.

اَسْنَعَ. الغُلَامُ: لڑکے کا طویل و خوبصورت ہونا ...... الرَّجُلُ: خوبصورت بچوں والا ہونا۔ گٹے کا درد والا ہونا ...... الشَّیْئَ: زیادہ کرنا۔

السِّنْع: گٹے کے مقام کی بریگی۔ گٹے کا جوڑ۔ ج سِنَعَۃٌ واَسْنَاعٌ.

السَّنَع: خوبصورتی۔

الاَسْنَع: لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَسْنَعُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے افضل ہے۔ مؤنث

السَّنُوْنُ: منجن۔

السَّنِیْنُ: سان پر تیز کیا ہوا۔ پتھر کے رگڑنے سے جو گرے وہ زمین جس کی گھاس کو چر لیا گیا ہو۔ سَنِیْنُ الْمَرْءِ: ہم عمر۔ مؤنث سَنِیْنَةٌ۔ السَّنِیْنَةُ: ایک طرز پر چلنے والی ہوا۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔ ج سَنَائِن۔

المِسَنُّ: سان جس پر چھری وغیرہ کو تیز کیا جائے۔

المُسِنُّ. مِنَ الدَّوَابِّ: بڑی عمر والا جانور۔ ج مَسَانٌّ۔

المَسْنُوْنُ: ملع۔ حَمَأٌ مَسْنُوْنٌ: بدبودار کیچڑ۔ رَجُلٌ مَسْنُوْنُ الْوَجْهِ: چمکدار کتابی چہرے والا۔ مَرْمَرٌ مَسْنُوْنٌ: نرم چکنا کیا ہوا سنگ مرمر۔

طَرِیْقٌ (مُسْتَنٌّ ومُسْتَسَنٌّ) آمدورفت والا راستہ۔

مُسْتَنُّ. الطَّرِیْقِ: راستہ کا نمایاں حصہ۔

المُسْتَنُّ: شیر۔

السَّنَبُ: سخت برائی۔

السِّنَابُ والسِّنَابَةُ: لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔

السَّنِبُ: بہت دوڑنے والا۔

السَّنْبُ والسَّنْبَةُ والسَّنْبَةُ: زمانہ کا ایک حصہ۔

السَّنُوْبُ والسَّنَّابُ والسِّنَّابُ. والسَّنُّوْتُ: غضبناک۔ بہت شر والا۔ غیبت کرنے والا۔ جھوٹا۔

السُّنَّاءُ: دبر۔

السُّنَاذَج: سان کا پتھر۔ (جدید)

السَّنْبُوْسَقُ والسَّنْبُوْسَکُ: سموسہ (")

السُّنْبُوْقُ: ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔

السُّنْبُکُ: کھر کا کنارہ والسُّنْبُکُ مِنَ السَّیْفِ: آرائش تلوار کا کنارہ...... مِنْ بَیْضَةِ الْحَدِیْدِ: خود کا بالائی حصہ...... مِنَ الْمَطَرِ: ابتداء بارش۔ ہر چیز کا اول۔ کم نفع والی سخت زمین۔ ج سَنَابِکُ: کہا جاتا ہے۔ "طَلَبَ الرِّزْقَ فِیْ سَنَابِکِ الْأَرْضِ" اس نے اطراف زمین میں روزی تلاش کی۔

سَنْبَلَ. الزَّرْعُ: خوشوں والی ہونا۔

...... الرَّجُلُ ثَوْبَهُ: کپڑے کو لٹکا کر کھینچنا۔

السُّنْبُلُ. مِنَ الزَّرْعِ کَالْبُرِّ وَالشَّعِیْرِ: خوشہ بالی۔ واحد (سُنْبُلَةٌ) ج سَنَابِلُ وسُنْبُلَاتٌ: ایک خوشبودار گھاس۔ السُّنْبُلُ الرُّوْمِیُّ: ایک خوشبودار بوٹی و السُّنْبُلَةُ: آسمان کے ایک برج کا نام۔

أَسْنَتَ. الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔

سَنَّتَ. الْقِدْرَ: ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔

سَانَتُوْا. الْأَرْضَ: نباتات تلاش کرنا۔

عَامٌ (سَنِتٌ وسَنِیْتٌ مُسْنِتٌ) قحط سالی۔

رَجُلٌ سَنِتٌ: بے نفع مرد۔

السَّنُّوْتُ والسِّنَّوْتُ: زیرہ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔

المُسْنِتُ: مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

السُّنْتُبُ: بد خلق۔

سَنَجَ: (ن) سَنْجًا. الثَّوْبَ: کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔

السِّنَاجُ: دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر (...... والسِّنْجُ) چراغ۔

سَنْجَةُ. الْمِیْزَانِ: باٹ۔ ج سَنَجَات (دخیل)

السُّنْجَةُ: سیاہ سفید رنگ (ثَوْبٌ مُسَنَّجٌ) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔

السِّنْجَابُ والسُّنْجَابُ: چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دم بہت گچھے دار بالوں سے اوپر کو اٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔

السِّنْجَقُ: جھنڈا۔ ج سَنَاجِق: جدید۔

سَنَحَ: (ف) سُنْحًا وسُنُحًا وسُنُوْحًا. الْأَمْرُ أَوِ الرَّأْیُ: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔

لِیَ الشِّعْرُ: آسان ہونا...... بِکَذَا: اشارہ سے سمجھانا...... الرَّجُلُ عَنْ رَأْیِهِ: رائے سے پھیر دینا۔

...... بِهِ وعَلَیْهِ: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔

(...... سُنُوْحًا وسَانَحَ سِنَاحًا ومُسَانَحَةً) الطَّیْرُ أَوِ الظَّبْیُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔

تَسَنَّحَ. مِنَ الرِّیْحِ: ہوا کی طرف پشت پھیرنا۔

تَسَنَّحَهُ واسْتَسْنَحَهُ. عَنْ کَذَا: کھود کرید کرنا۔

السُّنْحُ: یمن۔ برکت...... مِنَ الطَّرِیْقِ: درمیانی راہ۔

السَّانِحُ: فا۔ بائیں جانب سے آنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں بارح ہے۔ جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سَانِح" سے نیک شگون اور "بَارِح" سے بد شگون لیا کرتے تھے اور اسی سے مثال ہے "مَنْ لِیْ بِالسَّانِحِ بَعْدَ الْبَارِحِ" یعنی میرے لئے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

السَّنِیْحُ: بائیں جانب سے آنے والا۔ موتی۔ زیور۔ ج سُنُح۔

السَّنَخْنَحُ: رات کو نہ سونے والا۔

سَنَخَ: (ف) سُنُوْخًا. فِی الْعِلْمِ: راسخ ہونا۔

سَنِخَ: (ف) سَنَخًا: بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث سَنِخَةٌ...... مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا...... الْفَمُ: دانتوں سے خالی ہونا۔ أَسْنَانُهُ: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِّنْخُ: اصل...... مِنَ السِّنِّ: دانت اگنے کی جگہ۔ ج أَسْنَاخ وسُنُوْخ. سَانِخُ النَّصْلِ: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنْخُ الْکَلِمَةِ: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سِنْخُ الْحُمّٰی: بخار کی تیزی۔

السَّنَخُ: اونٹ۔

السَّنَخَةُ والسَّنَاخَةُ: بدبودار ہوا۔

سَنَدَ (ن) سُنُوْدًا واسْتَنَدَ وتَسَانَدَ. إِلَیْهِ: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سَنَدَ إِلَی الْجَبَلِ:

احاطہ کئے ہوئے ہو۔ ہر وہ چیز جو تم سے اوپر ہو۔ گھوڑے کی پیٹھ۔ ہر چیز کی چھت۔ بارش، بادل، گھاس۔ نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ۔ ج سَمَاوَات وسَمٰوَات: (الف کو صرف کتابت میں حذف کرکے) وسُمِيٌّ واَسْمِيَة (...... والسَّمَاوَة) گھر کا چھجہ۔ وسَمَاوَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا ڈھانچہ۔

السُّمَاء: اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "ذَاعَ سُمَاهُ" اس کی شہرت و نیک نامی پھیل گئی۔

الاِسْم والاُسْم: نام۔ وہ لفظ جو کسی جوہر یا عرض کی تعیین و تمیز کے لئے وضع کیا گیا ہو۔ اس کا ہمزہ ہمزۂ وصل ہے۔ ج اَسْمَاء واَسَام واَسَامِي واَسْمَاوَات اور بَسْمَلَه میں ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور دوسری جگہ باقی رکھتے ہیں۔ بَسْمَلَه: کے معنی بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اسم الجلالة: باری تعالیٰ کا نام۔

السَّمُ والسِّمُ والسُّمُ: اسم کے لغات۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا سَمُهُ" یعنی یہ اس کا نام ہے۔

السَّمِيُّ: بلند ہونے والا۔ سَمِيُّكَ: ہم نام نظیر۔

بَسْمَلَةٌ: عیسائیوں کے نزدیک باپ، بیٹے اور روح م دس کے نام پڑھنا۔ مسلمانوں کے نزدیک بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

الاِسْمِيَّة: ان فلاسفہ کا مذہب جو کہ اجناس اور انواع کے بذاتِ خود وجود یا حقیقت کا انکار کرتے ہیں۔

السَّمَوِيُّ: اسم کی جانب منسوب۔

المِسْمَاة: شکاری کی اونی جراب۔

المُسَمَّى: ملمع۔ معین۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مُسَمَّى قَوْمِهٖ ومِنْ مُسَمَّاهِمْ" وہ قوم کے بہترین لوگوں میں سے ہے۔

سَنَّ (ن) سَنًّا. السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ "هٰذَا مِمَّا يَسُنُّكَ عَلٰى طَعَامٍ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو تمہیں کھانے کی رغبت دلاتی ہے...... الرُّمْحَ: تیر پر پھل لگانا...... الاَسْنَانَ: مسواک کرنا...... العُقْدَةَ: گرہ کھولنا...... الاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا...... الرَّجُلَ: کسی کو بھالا مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ دانت توڑنا۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا۔ ...... الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ آسان کرنا۔ جاری کرنا۔ ...... الطَّرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا...... عَلَيْهِمْ السُّنَّةَ: طریقہ مقرر کرنا...... الطِّيْنَ: مٹی کا برتن وغیرہ بنانا...... الشَّيْءَ: تصویر بنانا...... المَاءَ او التُّرَابَ: پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرانا۔ ...... العَيْنُ الدَّمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا...... الاَمِيْرُ رَعِيَّتَهٗ: بہتر انتظام کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ فُلَانٌ طَرِيْقًا مِنَ الخَيْرِ" فلاں نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی تھی۔

سُنَّتِ. الارضُ: زمین کا چرنے سے صاف ہونا۔

سَنَّنَ. السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔ ...... الرُّمْحَ: نیزے پر پھل لگانا...... الرُّمْحَ اِلَيْهِ: کسی کے سامنے نیزہ کرنا...... القَوْلَ: اچھی گفتگو کرنا...... الاَسْنَانَ: مسواک کرنا۔

اَسَنَّ. الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا...... الصَّبِيُّ: بچے کا دانت نکلنا۔ اَسَنَّ اللّٰهُ سِنَّهٗ: دانت اگانا...... المَاءَ: پانی گرانا...... الرُّمْحَ: نیزے پر پھل لگانا۔

اِسْتَنَّ. المَاءُ: پانی گرنا...... الطَّرِيْقُ: راستہ واضح ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑوں کا آگے پیچھے دوڑنا...... السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنَّ بِهِ الهَوٰى حَيْثُ اَرَادَ" یعنی اس کو خواہش نفس ہر طرف لے گئی...... الرَّجُلُ: دانتوں کو خلال کرکے صاف کرنا۔ (...... وتَسَنَّنَ) بِسُنَّتِهٖ: عمل کرنا۔ پیروی کرنا اور اسی سے ہے "اِسْتَنَّ بِسِيْرَةِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کی سیرت کی پیروی کی۔ و تَسَنَّنَ فِي عَدْوِهٖ: اپنے رخ پر دوڑنا۔

اِسْتَسَنَّ: زیادہ عمر والا ہونا...... الطَّرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا...... الطَّرِيْقُ: آمد و رفت والا ہونا...... العَيْنُ: بہتے ہوئے آنسو والی ہونا...... بِسَيْفِهٖ: تلوار کو حرکت دینا...... بِالشَّيْءِ: تابعداری کرنا۔

السِّنُّ: ج اَسْنَان واَسِنَّة اَسُنٌّ: دانت (مؤنث) دارنتی یا کنگھی وغیرہ کا دندانہ۔ لہسن کا جوا۔ قلم میں تراشنے کی جگہ۔ ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ چریدگی اور اسی سے ہے "اَعْطُوا السِّنَّ حَظَّهَا مِنَ السِّنِّ" یعنی جانوروں کو ان کے چرنے کا حق دو۔ ج اَسْنَان: عمر (مؤنث) کہا جاتا ہے "طَعَنَ وطُعِنَ فِي سِنِّهٖ" یعنی وہ بوڑھا ہو گیا۔ و "هُوَ حَدِيْثُ السِّنِّ" وہ نئی عمر کا ہے "هُوَ كَبِيْرُ السِّنِّ و كَبُرَتْ سِنُّهٗ" وہ بوڑھا ہے و "هُوَ سِنُّ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم عمر ہے۔ و "لَهٗ اِبْنٌ سِنُّ اِبْنِكَ و اَوْلَادُهٗ اَسْنَانُ بَنِيْكَ" اس کے لڑکے تمہارے لڑکوں کے ہم عمر ہیں۔

السَّنَن: طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ فُلَانٌ عَلٰى سَنَنٍ وَاحِدٍ" فلاں ایک ہی طریقہ پر قائم رہا...... اِمْضِ عَلٰى سَنَنِكَ" تم اپنے طریقہ پر چلے چلو "مَرَّ السَّهْمُ فِي سَنَنِهٖ" تیر سیدھا نکل گیا ادھر ادھر نہیں ہوا۔ (...... والسِّنَن والسُّنَن والسُّنُن) مِنَ الطَّرِيْقِ: کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔

السَّنَّة. سَنَّ: کا اسم مرۃ۔ مادہ ریچھ۔ مادہ چیتا۔

السُّنَّة: خصلت۔ طریقہ۔ طبیعت۔ شریعت۔ چہرہ یا اس کا دائرہ۔ ج سُنَن۔

اَهْلُ السُّنَّة: وہ لوگ جو حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی خلافت کے قائل ہیں۔

السُّنِّيَّة: اسلام کا ایک بڑا فرقہ جو سنت کی جانب منسوب ہے۔ واحد (سُنِّي)

السِّنَّة: دوسروں والا کلہاڑا۔ سِنَّة مِنَ الثُّوْمِ: لہسن کا ایک جوا۔

السِّنَان: نیزے کا پھل۔ ج اَسِنَّة. السِّنَان: سان۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ سِكِّيْنَهٗ بِالسِّنَانِ" اس نے اپنی چھری کو سان سے تیز کیا۔

کا بچہ۔

السَّوْمَل: پرانا بوسیدہ کپڑا۔

السَّوْمَلَة: چھوٹی پیالی۔

السَّمَوْل: وسیع زمین۔ نرم مٹی والی زمین۔

سَمْلَجَ. اللَّبَنَ فِي حَلْقِهِ: آسانی سے نگلنا۔

السَّمَلَّج والسُّمَالِج: میٹھا دودھ۔

السَّمَلَّع: بھیڑیا۔ بد اور خبیث کے لئے بھی بولتے ہیں۔

السَّمَلَّق: ہموار و بنجر زمین۔

سَمِنَ: (س) سِمَنًا وسَمَانَةً: موٹا ہونا۔ صفت (سَامِنٌ وسَمِينٌ) ج سِمَان.

سَمَنَ: (ن) سِمْنًا وسَمْنَ. الطَّعَامَ: گھی ڈالنا۔ وسَمَّنَهُ: موٹا کرنا۔ سَمَّنَ القَوْمَ: گھی کا توشہ دینا۔ سَمَّنَ لَهُ: بہت دینا۔

اَسْمَنَ: موٹا ہونا۔ بہت گھی والا ہونا۔ موٹے جانوروں والا ہونا۔ موٹا جانور خریدنا یا اس کا مالک ہونا یا اسے ہبہ کرنا۔

......الفَرَسَ: گھوڑے کو موٹا کرنا...... الخُبْزَ: روٹی گھی میں تر کرنا...... الرَّجُلَ: گھی کھلانا۔

تَسَمَّنَ: موٹا ہونا۔ بغیر شرافت کے مدعی شرافت ہونا۔

اِسْتَسْمَنَ: اپنے لئے گھی طلب کرنا......ہ: موٹا پانا یا سمجھنا اور اسی سے مثال ہے "اِسْتَسْمَنْتَ ذَاوَرَمٍ" تم نے سوجے ہوئے کو موٹا سمجھ لیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ کوئی شخص حقیقت واقعہ کے خلاف محض ظاہر سے دھوکا کھا جائے۔

السَّامِن: فا۔ بہت گھی والا (فاعل ذیکذا ہے باب تامر ولابن سے۔)

السَّمْن: مص۔ گھی۔ ج اَسْمُن وسُمُون سُمْنَان.

السَّمَّان: گھی بیچنے والا۔

السَّمْنَة: گھی۔ یہ السمن سے خاص ہے۔

السُّمْنَة: موٹا کرنے والی ایک دوا۔ ایک قسم کی گھاس جس کے دانے فلفل کی طرح ہوتے ہیں اور اس کو عورتیں فربہی کے لئے استعمال کرتی ہیں۔

السَّمِين: موٹا...... مِنَ الكَلَامِ: با موقع گفتگو۔

السَّمِينَة. السَّمِين: کا مؤنث۔ ج سِمَان.

أَرْضٌ سَمِينَةٌ: بغیر پتھر والی زمین۔

المُسْمِن: پیدائشی موٹا۔

طَعَامٌ (مُسْمَنَة) موٹا کرنے والی خوراک۔

السُّمَانَى: بٹیر کی قسم کا ایک پرندہ۔ واحد و جمع دونوں کے لئے اور کہا گیا ہے کہ واحد (سُمَانَاةٌ) ہے ج سُمَانَيَات.

السَّمَنْجُونِيُّ: آسمانی رنگ والا۔ (جدید)

السَّمَنْدُ والسَّمَنْدَل والسَّنْدَل: ایک قسم کا پرندہ۔

سَمَهَ: (ف) سُمُوْهًا: مدہوش ہونا...... الفَرَسُ گھوڑے کا بغیر تھکن کے بہت تیز دوڑنا۔

سَمَّهَ. الإِبِلَ: بیکار چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (مُسَمَّهٌ)

السَّامِه: حیران۔ ج سُمَّهٌ.

السُّمَّهَى: فضاء آسمانی۔ ترمرے۔ (یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں فضاء آسمانی سے مکڑی کے جالے کی مانند اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے)

(......والسُّمَّه والسُّمَّهَى والسُّمَيْهَى والسُّمَيْهَاء والسُّمَّيْهَاء) جھوٹی اور باطل چیزیں۔

سَمْهَجَ. كَلَامَهُ: جھوٹ بولنا۔ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا...... الشَّيْءَ: چھوڑنا۔

......الدَّرَاهِمَ: رواج دینا...... اليَمِينَ: قسم میں سختی کرنا۔

السِّمْهَاج: جھوٹ۔

اِسْمَهَدَّ. السَّنَامُ: کوہان کا بڑا ہونا۔

السَّمَهْد: خشک و سخت چیز۔

السَّمَهْد والسَّمَهْدَد: بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

اِسْمَهَرَّ: مضبوط و سخت ہونا۔ نیزہ کی طرح سیدھا ہونا...... الظَّلَامُ: بہت اندھیرا ہونا۔

السَّمْهَرِيُّ: مضبوط نیزہ [illegible]

سَمْهَرِيٌّ ورِمَاحٌ سَمْهَرِيَّةٌ" قَدٌّ سَمْهَرِيٌّ: معتدل قد۔

سَمَا يَسْمُو سُمُوًّا: بلند ہونا...... البَصَرُ: اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَوْتُ إِلَيْهِ بَصَرِي" اس کی طرف میں نے نگاہ اٹھائی و "سَمَا إِلَيْهِ بَصَرِي" اس کی طرف میری نگاہ اٹھی۔ و "نَفْسُهُ تَسْمُو إِلَى مَعَالِي الْأُمُوْرِ" اس کا نفس بڑے بڑے اُمور کی طرف مائل ہے

......بِهِ: بلند کرنا...... القَوْمُ: شکار کے لئے جانا

(سَمَا يَسْمُو سَمْوًا) الرَّجُلَ زَيْدًا وبِزَيْدٍ: نام رکھنا۔

سَمَّى. الرَّجُلَ زَيْدًا أَوْ بِزَيْدٍ: نام رکھنا...... الشَّارِعُ فِي العَمَلِ: کام شروع کرنے والے کا اللہ کا نام لینا۔

أَسْمَى. الشَّيْءَ: بلند کرنا...... الرَّجُلَ زَيْدًا وبِزَيْدٍ: نام رکھنا......ہُ مِنْ بَلَدٍ إِلَى بَلَدٍ: روانہ کرنا۔

سَامَى مُسَامَاةً. الرَّجُلَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُسَامَى" فلاں سے فخر میں مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تَسَامَى تَسَامِيًا. القَوْمُ: باہم فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو نام لے کر پکارنا...... عَلَى الخَيْلِ: گھوڑے پر سوار ہونا۔

تَسَمَّى: نام پانا...... إِلَى وبِالْقَوْمِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَمَى اِسْتِمَاءً. الصَّائِدُ: شکار کی جرابیں پہننا۔ شکار کرنا......ہ: کسی کی زیارت کو جانا۔ کسی کے اندر خیر و صلاح معلوم کرنا۔

اِسْتَسْمَى اِسْتِسْمَاءً: نام پوچھنا۔

السَّامِي: فا۔ ج سَامُوْن وسُمَاة: مؤنث سَامِيَةٌ: ج سَامِيَاتٌ وسَوَامٍ: کہا جاتا ہے "رَدَدْتُ مِنْ سَامِي طَرْفِهِ" یعنی میں نے اس کے نخوت و غرور کو توڑ دیا۔ السَّامِي: شکار کی اونی جراب پہنے ہوئے شکاری۔ ج سُمَاة.

[illegible] اء: آسمان۔ فضاء واسع جو زمین کو

بِسَمْعٍ" یہ سننے کے لائق ہے اور جب کوئی آدمی کسی غیر پسندیدہ خبر کو سنتا ہے تو کہتا ہے "سِمْعًا لا بِلْغًا او سَمْعًا لا بَلْغًا" یعنی خدا کرے کہ سنی جائے اور پہنچے نہیں۔ السِّمْعُ: بھیڑیئے کا بچہ بجو سے۔ مؤنث (سِمْعَةٌ) اس کی قوت سامعہ بہت تیز ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے مثال ہے "هُوَ اَسْمَعُ مِنْ سِمْعٍ".

السَّمْعَةُ. سَمِعَ: کا اسم مرۃ۔ اُذُنٌ سَمْعَةٌ: سننے والا کان۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رِيَاءً وَسُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لئے کیا۔

السُّمْعَةُ: شہرت۔ سنی ہوئی بات۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رِيَاءً وَسُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لئے کیا۔

السَّمَاعُ: مص۔ شہرت۔ گیت اور اصطلاح میں سماع خلاف قیاس کو کہتے ہیں یعنی جس کو عرب سے سن کر استعمال کیا جائے اور اس پر قیاس نہ کیا جا سکے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا امر ذُوْ سَمَاعٍ" یہ امر سننے کے قابل ہے۔ و "قَالُوْا ذَالِكَ سَمَاعَ اُذُنِي" لوگوں نے اس کو میرے سامنے کیا۔

سَمَاعِ: بروزن قطام اسم فعل بمعنی اِسْمَعْ.

السَّمَّاعُ: بہت سننے والا۔ فرمانبردار۔ جاسوس۔

السَّمِيْعُ: سننے والا۔ سنانے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ سنی ہوئی بات۔ ج سُمَعَا. اُمُّ السَّمِيْعِ: دماغ۔ اُذُنٌ سَمِيْعٌ وَسَمِيْعَةٌ: سننے والا کان۔

السَّامِعَةُ: کان۔

السَّامِعَانِ: دونوں کان۔

اُذُنٌ (سَمْعَةٌ وَسَمِعَةٌ وَسَمُوْعٌ وَسَمِيْعٌ وَسَمَّاعَةٌ) سننے والا کان۔ السَّمَّاعَةُ: ایک آلہ کا نام جو سننے کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے۔

التَّسْمِعَةُ: کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ تَسْمِعَتَكَ او تَسْمِعَةً لَكَ" میں نے اس کو کیا ہے تا کہ تم سن سکو۔

المَسْمَعُ: سننے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّي بِمَرْأًى وَمَسْمَعٍ" یا "هُوَ مِنِّي مَرْأًى وَمَسْمَعٌ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتوں کو سن سکتا ہوں۔

المِسْمَعُ والمِسْمَعَةُ: کان۔ ج مَسَامِعُ: ڈول کا دستہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔

المُسْمِعُ: فا۔ قید۔

المُسْمِعَةُ: گانے والی۔ کہا جاتا ہے "غَنَّتْهُمْ مُسْمِعَةٌ".

المُسَمَّعُ: مفع۔ قید کیا ہوا (المُسَمَّعُ) شیطان خبیث۔

اِسْمَغَدَّ اِسْمِغْدَادًا: زخم کا سوجنا۔

سَمَقَ: (ن) سَمْقًا وسُمُوْقًا. النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ صفت (سَامِقٌ وسَمِقٌ)

السُّمَاقُ: خالص۔ کہا جاتا ہے "اُحِبُّكَ حُبًّا سُمَاقًا" میں تم سے خالص محبت کرتا ہوں۔

السُّمَّاقُ والسَّمُّوْقُ: ایک درخت جس کا پھل بہت کھٹا ہوتا ہے۔ پھل کو بھی کہتے ہیں۔ واحد سُمَّاقَةٌ وسَمُّوْقَةٌ.

السَّمِيْقُ: بل کا جوا۔

السَّمِقُ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا مرد۔

اِسْمَقَرَّ اِسْمِقْرَارًا. اليَوْمُ: بہت گرم ہونا۔

سَمَكَ (ن) سَمْكًا. الشَّيْءُ: بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَكَ اللّٰهُ السَّمَاءَ" اللہ نے آسمان کو بلند کیا۔

سَمَكَ: (ن) سَمْكًا وسُمُوْكًا وسَمُكَ (ن) سَمَاكَةً: بلند ہونا۔

سَمَّكَ. الشَّيْءُ: کسی چیز کو دبیز بنانا۔

تَسَمَّكَ: بلند ہونا۔

اِسْتَسْمَكَ. الثِّيَابُ: کپڑوں میں سے لمبا اختیار کرنا۔ مچھلی کھانا۔

السَّمْكُ: مص۔ چھت یا چھت کی دبازت۔ ہر اونچی اور موٹی چیز کا قد۔

السَّمَكُ: مچھلی۔ ج سِمَاكٌ وسُمُوْكٌ واسماك: واحد (سَمَكَةٌ)

السِّمَاكُ: چیز کے اٹھانے کا اوزار۔ ج سُمُكٌ...... مِنَ الزَّوْرِ: ہنسلی سے ملی ہوئی پسلی۔

السِّمَاكَانِ: دو روشن ستارے ایک کو السِّمَاكُ الرَّامِحُ اور دوسرے کو السِّمَاكُ الاَعْزَلُ کہتے ہیں۔

السُّمَيْكَاءُ: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔

السَّمَّاكُ: مچھیرا۔ مچھلی بیچنے والا۔

السَّمِيْكُ والمَسْمُوْكُ: لمبا۔

المَسْمُوْكُ مِنَ الخَيْلِ: مضبوط گھوڑا۔

المِسْمَاكُ: خیمہ وغیرہ اٹھانے کی لکڑی۔

المُسْمَكَاتُ والمَسْمُوْكَاتُ السَّبْعُ: ساتوں آسمان۔

سَمَلَ: (ن) سَمْلًا. عَيْنَهُ: آنکھ پھوڑنا۔ الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا...... بَيْنَهُمْ: صلح کرانا...... الدَّلْوَ: ڈول کا تھوڑا پانی نکالنا۔

سَمَلَ: (ن) سُمُوْلًا وسُمُوْلَةً وسَمُلَ (ک) سَمَالَةً. الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا۔ صفت (سَمِلٌ)

سَمَّلَ. الحَوْضَ: حوض کا تھوڑا پانی دینا۔ ...... الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا ...... فُلَانًا بِالقَوْلِ: نرمی سے بات کرنا۔

اَسْمَلَ. الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا ...... بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔

تَسَمَّلَ: تھوڑا پانی پینا...... النَّبِيْذَ: نبیذ کے پینے میں اصرار کرنا۔

اِسْتَمَلَ. عَيْنَهُ: آنکھ پھوڑنا۔

السَّمَّالُ: آنکھوں کو پھوڑنے والا۔

السَّمَلُ: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج اَسْمَالٌ: حوض کا بقیہ پانی۔

ثَوْبٌ (سَمَلَةٌ وسَمُوْلٌ وسَمِيْلٌ) پرانا بوسیدہ کپڑا۔

السَّمَالُ: پانی کے حوض کا کیڑا۔

السُّمْلَةُ والسَّمَلَةُ: تھوڑا پانی۔ ج سَمَلٌ واَسْمَالٌ وسِمَالٌ وسُمُوْلٌ.

السُّمْلَانُ. مِنَ المَاءِ والنَّبِيْذِ: پانی یا شراب

لمبا۔

السَّمَرْمَر: ایک قسم کا پرندہ جو ٹڈیوں کا بہت شکار کرتا ہے اور ٹڈیاں اس کی آواز سے بھاگتی ہیں۔ السَّمَرْمَرَة: بھوت۔

سَمْسَرَ سَمْسَرَةً: دلال ہونا۔

السِّمْسَار: دلال۔ چیز کا مالک و منتظم۔

سِمْسَارُ الاَرْضِ: زمین کا ماہر۔ ج سِمَاسِرَة و سَمَاسِر و سَمَاسِيْر.

السَّمْسَرَة: مص۔ دلالی کا پیشہ۔ دلالی کی اُجرت۔

السِّمْسِق والسَّمْسَق والسُّمْسُق والسُّمْسَق: چنبیلی۔ مرزنجوش۔

سَمْسَمَ. الثَّعْلَبُ: لومڑی کا دوڑنا ...... الرَّجُلُ: نرم چال چلنا۔

السَّمْسَم: لومڑی۔ بھیڑیا۔ زہر۔

السُّمْسُم: سرخ چیونٹی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد (سُمْسُمَة) ہلکا پھلکا مرد۔ ج سماسم.

اَلسِّمْسِمُ: تل دھنیا۔ سانپ کی ایک قسم۔

رَجُلٌ (مُسَمْسِمُ) الوَجْهِ: خالدار چہرے والا مرد۔

سَمَطَ: (ن) سُمُوْطًا. الرَّجُلُ: چپ رہنا۔

عَلَى اليَمِيْنِ: قسم کھانا ...... اللَّبَن: مٹھاس میں تغیر ہونا۔ صفت (سَامِط)

سَمَطَ: (ن ض) سَمْطًا. الجَدْيَ: بکری کے بچے کو بالوں سے صاف کر کے بھوننا۔

...... الشَّيْءَ: لٹکانا ...... السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَطْتُ الرَّجُلَ يَمِيْنًا عَلَى حَقِّي" میں نے مرد کو اپنے حق پر قسم کھلائی۔

...... سَمَّطَ: چپ رہنا ...... الشَّيْءَ: لازم ہونا۔ زین کے تسمہ سے لٹکانا ...... الشَّاعِرُ: مُسَمَّط: اشعار نظم کرنا (دیکھو مُسَمَّط) "سَمَّطَ قَصِيْدَةَ فُلَانٍ" کسی کے قصیدہ کے اشعار کے ہر ہر شعر کے مصرعوں میں اپنی جانب سے ایک مصرعہ بڑھانا۔

اَسْمَطَ: چپ ہونا۔

تَسَمَّطَ. الشَّيْءُ بِهٖ: لٹکنا۔

السِّمْط: لڑی جس میں مہرہ یا موتی پروئے ہوئے ہوں۔ زین کا تسمہ جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ کہا جاتا ہے "عَلَّقَهُ بِسُمُوْطِ سَرْجِهٖ" اس نے اس چیز کو زین کے تسموں سے لٹکایا ...... مِنَ العِمَامَةِ: پگڑی کا شملہ۔ گلو بند (زیور) سے لمبا ہار۔ السِّمْط مِنَ الثِّيَابِ: چادر کے نیچے نمایاں ہونے والا کپڑا ...... مِنَ الرَّمْلَ: ریت کی لکیر۔ رَجُلٌ سِمْطٌ: ہلکا پھلکا چالاک مرد۔ ج سُمُوْط.

السَّمْط: مص۔ فقیر۔

السُّمْط: اونی کپڑا۔

نَعْلٌ (سُمْطٌ و اَسْمَاطٌ) اکہرے چمڑے کا جوتا۔ نَاقَةٌ سُمُطٌ و اَسْمَاطٌ: بے داغ کی اونٹنی۔ سَرَاوِيْلُ اَسْمَاطٌ: اکہرا پاجامہ۔

السَّامِط: فَاءَةٌ سَامِطٌ: جوش دیا ہوا پانی جو کسی چیز سے بال وغیرہ صاف کر دے۔

السِّمَـاط: صف بستہ چیز۔ دستر خوان۔

سِمَاطُ الطَّرِيْقِ: راستہ کے دونوں جانب۔

سِمَاطُ القَوْمِ: قوم کی قطار۔ ج سُمُط اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى سِمَاطٍ وَاحِدٍ" وہ ایک نظام میں ہیں۔

السَّمِيْط: بال صاف کر کے بھونا ہوا بکری کا بچہ۔ مرد سبک حال۔ فقیر۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔ نَعْلٌ سَمِيْطٌ: ایک چمڑے کا جوتہ۔

السُّمَيْط: پختہ اینٹوں کا ردہ۔

المُسَمَّط. مِنَ الشِّعْرِ: وہ شعر جو اجزاء عروضیہ پر ہو اور قافیہ کے حروف روی کے علاوہ دوسرے قافیہ پر ہو اور کہا جاتا ہے "حُكْمُكَ مُسَمَّطًا" تمہارا حکم پورا کیا ہوا ہے۔ تم پر کوئی اعتراض نہیں۔ اس کی تقدیر یہ ہے "لَكَ حُكْمُكَ مُسَمَّطًا" اور مُسَمَّطًا حالیت کی وجہ سے منصوب ہے۔ و "هُوَ لَكَ مُسَمَّطًا" وہ تمہارے لئے خوشگوار ہے۔ و "خُذْ حُكْمَكَ مُسَمَّطًا" تم اپنے حکم کو جاری کرو جور نہیں ہوگا۔

السَّمَنْطَل: ایک قسم کا پرندہ جس کی گردن لمبی

ہوتی ہے اور ہمیشہ اتھلے پانی کے قریب دکھائی دیتا ہے۔

سَمِعَ (س) سَمْعًا و سِمْعًا و سَمَاعًا و سَمَاعَةً و سَمَاعِيَةً و مَسْمَعًا. الصَّوْتَ: سننا۔ صفت (سَامِع) ج سُمَّاع و سَمَعَة و سَامِعُوْن ...... لَهُ اللّٰهُ: قبول کرنا ...... مِنْهُ و لَهُ: دینا۔

اِلَيْهِ: کان لگانا۔ متوجہ ہونا۔

سَمَّعَهُ. الصَّوْتَ: سنانا۔ سَمَّعَ بِهٖ: عیوب کو پھیلانا۔ رسوا کرنا۔ بری باتیں سنانا اور گالی دینا۔ سَمَّعَ بِكَذَا: کسی کے متعلق کوئی چیز پھیلانا۔

...... بِفُلَانٍ فِي النَّاسِ: شہرت دینا۔

اَسْمَعَهُ: سنانا۔ گالی دینا۔ ڈول میں دستہ لگانا۔

تَسَمَّعَ و اِسَّمَّعَ. الرَّجُلَ و اِلَيْهِ: کان لگانا۔

تَسَامَعَ. بِهِ النَّاسُ: کسی کے متعلق لوگوں کا ایک دوسرے سے سننا۔

اِسْتَمَعَ. لَهُ و اِلَيْهِ: کان لگانا۔

اِسْتَسْمَعَهُ: سننا۔

السَّمْع: مص۔ سننے کا حاسہ۔ کان۔ سنی ہوئی بات۔ سنا ہوا ذکر۔ ج اَسْمَاع و اَسْمُع: و ج اَسَامِع و اَسَامِيْع: ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَابَيْنَ سَمْعِ الارضِ و بَصَرِهَا" جبکہ کوئی نہ جانتا ہو کہ کہاں گیا یا ایسی زمین میں ہو جہاں اس کو کوئی دیکھنے والا' سننے والا نہ ہو۔ و "اَلْقَى نَفْسَهُ بَيْنَ سَمْعِ الاَرْضِ و بَصَرِهَا" اس نے اپنے آپ کو ایسی جگہ میں ڈال دیا جہاں کوئی دیکھنے والا' سننے والا نہیں۔ و "سَمْعَكَ اِلَيَّ" میری بات سنو۔ میری طرف توجہ کرو۔ و "سَمْعَ اُذُنِيْ فُلَانًا يَقُوْلُ ذٰلِكَ" فلاں کو یہ کہتے ہوئے میرے کانوں نے سنا اور کہتے ہیں "سِمْعُ اُذُنِيْ و سَمْعَةُ اُذُنِيْ و سِمْعَةَ اُذُنِيْ."

اُمُّ السَّمْع: دماغ۔

السِّمْع: اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سِمْعٌ" اچھی شہرت کا مرد۔ و "هٰذَا اَمْرٌ ذُوْ

سَمَاحِیْقُ مِنَ الشَّحْمِ" بکری کے اوجھ کی چادر پر چربی کی کچھ جھلی سی ہے۔

سَمَخَ (ن) سَمْخًا. الزَّرْعُ: کھیتی کا اُگنا۔

(سَمَخَهٗ (ن) سَمْخًا) کان کے سوراخ پر چوٹ لگا کر زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَخَنِیْ بِحِدَّةِ صَوْتِهٖ وَ کَثْرَةِ کَلَامِهٖ" اس نے آواز کی تیزی اور کثرت گفتگو سے میرے کان کو زخمی کر دیا۔

...... زَرْعٌ حَسَنُ (السِّمْخَةِ) اچھی اُگنے والی کھیتی۔

السِّمَاخ: کان کا سوراخ۔

سَمَدَ: (ن) سُمُوْدًا: حیران کھڑا ہونا۔ متحیر ہونا۔ گانا۔ تکبر سے سر اٹھانا اور سینہ تاننا ......فِی العَمَلِ: کوشش کرنا اور تکلیف اٹھانا ......الإبِلُ: اونٹ کا تیز چلنا (...... سَمْدًا) الرَّجُلَ: قصد کرنا۔

سَمَّدَ. الاَرْضَ: کھاد ڈالنا...... الشَّعْرَ: بال کو جڑ سے مونڈنا...... الرَّجُلَ: کھیل کود میں ڈالنا۔ غافل کر دینا۔

اِسْمَدَّ اِسْمِدَادًا واسْمَادَّ اِسْمِیْدَادًا الرَّجُلُ: غصہ سے پھولنا...... یَدَهٗ: ہاتھ کا سوجنا...... الشَّیْءُ: ضائع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَکَ (سَمْدًا)" وہ تمہارے واسطے ہمیشہ کے لئے ہے۔

السَّمَاد: کھاد۔

السَّامِد: فا۔ وَطْبٌ سَامِدٌ: بھری ہونے سے کھڑی مشک۔

اِسْمَدَرَّ اِسْمِدْرَارًا: نگاہ کمزور ہونا۔

السُّمَّدُوْر: آنکھ کا پردہ۔ بادشاہ (اس وجہ سے کہ اس کی طرف دیکھنے سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔)

السَّمَادِیْر: نشہ یا بے ہوشی یا دوران سر کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری۔

السَّمَنْدَر والسَّمَنْدَل: ایک جانور جو پانی اور خشکی میں رہتا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کے جسم پر کچھ ایسا مادہ ہوتا ہے جو آگ بجھا دیتا ہے اور اسی بنا پر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ جلتا نہیں۔

السَّمَیْدَع: فیاض سردار۔ شریف بہادر بھیڑیا۔ تلوار۔ ج سَمَادِع۔

السَّمِیْد والسَّمِیْذ: سفید آٹا۔

سَمَرَ: (ن) سَمْرًا. العَیْنَ: گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا (...... سَمَرًا وسُمُوْرًا) رات میں قصہ گوئی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ مَا سَمَرَ السَّمِیْرُ او ابْنُ سَمِیْرٍ وابْنَا سَمِیْرٍ" میں اس کو جب تک لوگ قصہ بیان کرتے رہیں گے نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کروں گا۔

سَمَرَ (ن ض) سَمْرًا وسَمَّرَ. اللَّبَنَ: دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا...... الخَمْرَ: شراب پینا...... النَّبَاتَ: گھاس چرنا...... البَابَ وغیرہ: دروازے کو میخ سے مضبوط کرنا...... السَّهْمَ: تیر چلانا۔

سَمِرَ (س) وسَمُرَ (ک) سُمْرَةً اِسْمَرَّ اِسْمِرَارًا واسْمَارَّ اِسْمِیْرَارًا: سفیدی۔ سیاہی کے درمیان رنگ والا ہونا۔ گندم گوں ہونا۔ صفت (اَسْمَر) مؤنث سَمْرَاء۔ ج. سُمْر.

سَامَرَهٗ: رات کو باتیں کرنا۔ رات کو قصہ گوئی کرنا۔

تَسَمَّرَ: میخ لگنے سے مضبوط ہونا۔

تَسَامَرَ. القَوْمُ: رات کو باہم باتیں کرنا۔

السَّمَر: مص۔ قَوْمٌ سَمْرٌ: رات کو باتیں کرنے والے لوگ۔

السَّمَر: رات کو باتیں سنانے والا۔ ج اَسْمَار: رات' رات کی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "لا آتِیْهِ سَمَرًا" میں اس کے پاس رات کو نہیں آؤں گا۔ رات کی گفتگو۔ چاند کا سایہ اور کبھی سمر قمر کے مقابلے میں بولتے ہیں جہاں سایہ ہو اس کو سَمَر اور جہاں چاندنی ہو اس کو قمر کہتے ہیں۔ زمانہ۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس اور "حَلَفْتُ بِالسَّمَرِ والقَمَرِ" و "لا آتِیْکَ السَّمَرَ والقَمَرَ" و "لا اُکَلِّمُهُ السَّمَرَ والقَمَرَ" ان سب ترکیبوں میں "مُدَّةَ وُجُوْدِ السَّمَرِ والقَمَرِ" محذوف ہے۔ مراد ہمیشگی ہے۔

السَّمَرَة: رات کی گفتگو۔

السَّمُر: ببول کا درخت۔ ج اَسْمُر۔ واحد (سَمُرَة)

السَّامِر: فا۔ ج سُمَّر وسُمَّار: رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ تم کہتے ہو "اَمْسَیْتُ البَارِحَةَ فِی سَامِرِ الحَیِّ" میں گزشتہ رات قبیلہ کی مجلس گفتگو میں تھا (والسَّامِرَة) اسم جمع بمعنی رات کو باتیں کرنے والے۔

السَّامُوْر: ہیرا۔

السَّمَار: بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

الاَسْمَرُ: نیزہ۔ ہرن کا دودھ۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ اَسْمَر" بغیر بارش کا خشک سال۔

الاَسْمَرَان: پانی اور گیہوں' پانی اور نیزہ۔

السَّمُوْر: تیز رفتار۔ اصیل اونٹنی۔

السَّمُّوْر: ایک جانور جو نیولے کے مشابہ اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور اس کی کھال سے بہت بیش قیمت پوستین تیار ہوتی ہے اور بسا اوقات اس جانور کی کھال کو بھی سَمُّوْر کہتے ہیں۔ ج سَمَامِیْر۔

السَّمِیْر: رات کو باتیں سنانے والا۔ رات کا قصہ گو۔ زمانہ۔ اِبْنَا سَمِیْر: دن اور رات۔ کہا جاتا ہے "لا اَفْعَلُهٗ سَمِیْرَ اللَّیَالِیْ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا اور کہا جاتا ہے "اِبْنُ سَمِیْر" بے چاند کی رات۔

السِّمِّیْر: رات میں باتیں سنانے والا۔

المِسْمَار: کیل۔ میخ۔ اونٹوں کا بہتر رکھوالا۔ ج مَسَامِیْر۔

المُسَمَّر: کم گوشت' مضبوط پٹھوں والا۔ مکدر زندگانی۔

السَّمْرَاء اَسْمَر: کا مؤنث۔ گیہوں۔ گیہوں کا آٹا جس سے بھوسی جدا نہ کی گئی ہو۔

السُّمَیْرِیَّة: ایک قسم کی کشتی۔

سَمْرَت. السُّمْرُوْت: لمبا (السُّمْرُوْتُ)

کرنے والا زہر۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ سَمَّ حَاجَتِہٖ" اس نے اپنا مقصد حاصل کرلیا۔

السَّمّ: ہر وہ چیز جو سمندر سے نکلے مثل سنکھ گھونگا وغیرہ کے۔

السُّمَّۃ: قرابت۔ کھجور کی چٹائی جس کو درخت خرما کے نیچے بچھا دیں تاکہ کھجوریں اسی پر گریں۔ زینت کے لئے پرئی ہوئی کوڑیاں۔ ج سُمَم وسِمَام.

سُمِّیَّۃُ. الشَّیْءِ: کسی چیز کا زہریلا اثر۔

السَّمَام: ہلکا پھلکا تیر۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ واحد (سَمَامَۃ)

السِّمَام والسُّمُوْم. مِنَ الْاِنْسَان: منہ۔ نتھنے۔ کان۔ السَّمَام: بھیڑیا۔

السَّمُوْم: گرم ہوا۔ مؤنث۔ ج سَمَائِم.

السَّمَامَۃ: کالبد انسانی۔ تم کہتے ہو "فُلَانٌ بَهِيُّ السَّمَامَةِ" فلاں خوبصورت بدن والا ہے۔ کھنڈرات۔ جھنڈا۔ گھوڑے کی گردن کا خوبصورت دائرہ۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ جس کے انڈوں کا حاصل کرنا غیر ممکن ہے۔ اسی وجہ سے عرب کا قول ہے "کَلَّفْتَنِیْ بَیْضَ السَّمَائِم" تم نے مجھ کو تکلیف ما لا یطاق دی۔ اور ایک قول بَیْضَ السَّمَاسِم کا ہے۔ سَمَاسِم سِمْسِمَۃ کی جمع ہے جس کے معنی سرخ چیونٹی کے ہیں۔

السَّامّ: زہریلا۔

السَّامَّۃ. سَام: کا مؤنث۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ ذٰلِکَ السَّامَّۃُ والعَامَّۃُ" اس کو خاص اور عام سب جانتے ہیں۔

سَامُّ اَبْرَص وسَمُّ اَبْرَص: چھپکلی۔ ٹنی۔ سَامَّا اَبْرَص. ج اَبَارِص وسَوَامُّ اَبْرَص.

یَوْمٌ سَامٌّ ومَسِمٌّ ومَسْمُوْمٌ: ...... گرم ہوا والا دن۔

الاَسَمُّ. الاَنْفِ: تنگ نتھنے والا۔

المَسَام. مِنَ الجِلْدِ: جسم کے باریک سوراخ اور بعض لوگ۔ اس کو سُمّ بمعنی سوراخ کی جمع قرار دیتے ہیں جیسے مَحَاسِن حُسْن کی جمع۔

اَهْلُ (المَسَمَّۃ): خاص لوگ۔ رشتہ دار۔

سَمَالَ. العَلُّ: بھی والا ہونا۔

اِسْمَالَّ. اِسْمِئْلَالاً: دبلا ہونا۔

الظِّلُّ: کوتاہ ہونا۔

السَّمَال: سایہ۔

السَّمَوْأَل: سایہ۔ سرکہ کے اوپر کی مکھی۔ ایک شخص کا نام جو وفاء عہد کے لئے ضرب المثل ہے۔

المُسْمَئِلّ: فا۔ پرانا کپڑا۔

زَمَّتِ: (ن) زُمُوْمًا. القِرْبَةُ: مشک کا بھرنا...... نَابُ البَعِيْرِ: اونٹ کے دانت نکلنا۔

(...... زَمِيْمًا) الزَنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔

اَزَمَّ. النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

زَامَّ مُزَامَّةً: تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اِنْزَمَّ: بندھنا۔

اِزْدَمَّ: تکبر سے سر بلند کرنا...... الذِئْبُ السَخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچے کو سر بلند کر کے لے جانا۔

الزِمَام: جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج اَزِمَّة. زِمَامُ النَعْلِ: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِمَامُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ و"هُوَ زِمَامُ الاَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دار و مدار ہے۔ و"اَلْقَوْا فِيْ يَدِهٖ زِمَامَ الاَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ و"هُوَ عَلٰى زِمَامِ اَمْرِهٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و"هُوَ يَصْرِفُ اَزِمَّةَ الاُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔

الزَام: فَا رَجُلٌ زَامٌ: گھبرانے والا مرد۔ ج زُمَّمٌ: کہا جاتا ہے "دَارِيْ مِنْ دَارِهٖ (زَمَمٌ):

گناہ۔ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلّات.

الزِلّة: چکیلے پتھر واحد زِلٌّ.

الزُلّة: احسان۔ دمہ۔

مَـاءٌ (زُلالٌ وزَلُـولٌ وزَلِيـلٌ وزُلازِلٌ): صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الـــزُلالُ: بہت پھسلنے والا۔

الأزَلُّ: تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلّاءُ قَوسٌ زَلّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے۔

المَزَلّة والمِزَلّة: پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزالُّ.

المُزَلِّلُ: قا۔ بہت بھلائی کرنے والا۔

زَلِبَ: (س) زَلَبًا. بِـهِ: لازم رہنا۔ چپٹا رہنا۔ جدا نہ ہونا۔

الزُلبَة: لقمہ۔ تیر۔

الزَلابِيَة: جلیبی۔

زَلَجَ: (ض) زَلْـجًا وزَلِيـجًا وزَلَـجانًا: تیزی سے چلنا۔

زَلَجَ: (ن) زَلْـجًا وأزْلَجَ. البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مِزْلاج)

زَلَجَ: (ن) زَلَجانًا. فُلانًا: آگے ہونا۔

زَلِجَ: (س) زُلُوجًا وتَزَلَّجَ: پھسلنا اور اسی سے مَـــزْلَـجٌ: ہے۔ ان سواروں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں ج مَزالِج. زَلَجَ الكَلامُ مِنْ فِيهِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا...... المَـاءُ عَنِ الحَنجَرَةِ: پانی کا حلق سے پیٹ میں اتر جانا۔

زَلَّجَ. الكَلامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔

...... عَيْشَه: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔

تَـزَلَّـجَ. الشَيْئُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے "تَـزَلَّـجَ السَـهْـمُ عَنِ القَوسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔ النَبِيذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔

مَكَانٌ (زَلْجٌ وزَلَجٌ وزَلِيجٌ): پھسلنے کی جگہ۔

الزالج: قا۔ مصیبتوں سے نجات پانے والا۔ بہت پینے والا۔ سَـهْـمٌ زَالِـجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔

الزَلُوج: تیز رفتار۔ سَـهْـمٌ زَلُوجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَـدَحٌ زَلُوجٌ: ہاتھ سے پھسل جانے والا پیالہ۔ عَـقَـبَةٌ زَلُوجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔

الزُلَج: چکنی چٹانیں۔

نَاقَةٌ (زَلجى وزَلِجَة): تیز رفتار اونٹنی۔

الزِلاجُ والـمِزلاجُ والمِزلاخ: ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔

المُزَلَّج: کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔

زَلَحَ: (ف) زَلْحًا وتَزَلَّحَ: چکھنا۔

الزَلْح: باطل۔ کہا جاتا ہے "أمْرٌ زَلْحٌ" امر باطل۔

الزُلَح: بڑے کشادہ پیالے۔

تَزَلْحَبَ. عَنْهُ: پھسلنا۔

زَلْحَفَه: علیحدہ کرنا۔

تَزَلْحَفَ وازْلَحَفَ: علیحدہ ہونا۔

الزِلْحَفَة: کچھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)

الزَلَحْلَح: ہلکا پھلکا مرد۔

الزَلَحْلَحَة: پھلکا چپاتی۔ لگن۔

زَلِخَ: (س) زَلَخًا: موٹا ہونا۔

زَلَخَ: (ض) زَلْـخـانًا وزَلَخانًا. الرَجُلُ: چلنے میں آگے ہونا...... رِجْلُه: پھسلنا۔

زَلَخَ: (ض ن) زَلْـخًـا. فُلانًا بِالرُمْحِ: بھونکنا...... رَأسَهُ: زخمی کرنا۔

زَلَّخَهُ: چکنا و ہموار کرنا۔

أزْلَـخَ. البَـابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا۔ (دیکھئے مزلاج)

تَزَلَّخَ: پھسلنا۔

مَكَانٌ (زَلْخٌ وزَلَخٌ): پھسلنے کی جگہ۔

الدَلُوخ: تیز رفتار۔ بِـئْـرٌ زَلُوخٌ: کنواں جس کے منہ پر پھسلن ہو۔

الزُلَخة: بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔

زَلْدَبَ زَلْدَبَةً. اللُقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔

زَلِزَ: (س) زَلَزًا: بے قرار ہونا۔

الزَلَز والزَلَز: سامان خانہ۔ آنے کا راستہ۔

زَلْزَلَ زَلْزَلَةً وزِلْزالًا وزَلْزالًا وزُلْزالًا اللهُ الأرْضَ: بھونچال لانا...... ہ: ڈرانا۔ خوف دلانا...... الإبِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔

تَزَلْزَلَتِ. الأرْضُ: بھونچال ہونا۔ نَـفْـسُـهُ: موت کے وقت جان کا گھونگرو میں بولنا۔

الزَلْزَلَة: مص۔ بھونچال۔ ج زَلازِل.

الزَلازِل: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔

الزُلْزُل: ماہر جنگی۔ نقارچی۔ غُلامٌ زُلْزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔

الزَلْزَل: سامان خانہ۔

الــزُلْــزُوَل: سبک ظریف۔ سکی۔ جنگ و بدی۔

زَلَعَ (ف) زَلْعًا. الشَيْئَ: فریب سے چھیننا۔ ...... رِجْلَه: جلانا...... المَاءَ مِنَ البِئرِ: پانی نکالنا۔ ...... رَأسَهُ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَعْتُ لَهُ مِنَ مَالِي زَلْعَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔

زَلِعَتْ: (س) زَلَعًا وزُلُوعًا وتَزَلَّعَتْ: قَدَمُهُ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا...... كَفُّهُ: اوپر سے پھٹنا...... الجَـرْحُ: خراب ہونا۔

تَزَلَّعَ رِيْشَه: پر کا گر جانا۔

زَلَعَتْ: (ن) زُلُوعًا. الشَمْسُ: آفتاب طلوع ہونا...... النَارُ: آگ کا بلند ہونا۔

أزْلَعَهُ. فِي الشَيْئِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔

إزْدَلَعَ. الشَيْئَ: فریب سے چھیننا۔ حَقَّهُ: کسی کا حق کاٹ لینا...... الشَجَرَةَ: درخت کاٹنا۔

الزَلَعَة: خراب شدہ زخم۔

الزَوْلَع: پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔

الزَيْلَع: چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔

المُزَلَّع: پھٹے ہوئے پیروں والا۔

إزْلَعَبَّ. السَحَابُ: گہرا گھرنا۔

سَيْلٌ (مُزْلَعِبٌّ): بڑا سیلاب۔

زَلَغَ: (ن) زُلُوغًا. النَجْمُ: ستارہ طلوع ہونا...... النَارُ: آگ کا بلند ہونا۔

تَزَلَّغَتْ. رِجْلُه: پھٹنا۔ (جیسے تَزَلَّعَتْ

زَکَّ: (ن) زَکًّا وزَکَکًا وزَکِیْکًا الشَّیْخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (۔۔۔۔۔ زَکًّا) الغُلَامُ: دوڑنا۔۔۔۔۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔۔۔۔۔ بِسَلْحِہٖ: بیٹ کرنا۔ زَکَّتْہُ المَاءُ: آسودہ کرنا۔۔۔۔۔ عَلٰی فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔

زُکَّ. الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔

اَزَکَّ. عَلَی الاَمْرِ: اصرار کرنا۔۔۔۔۔ بِرَاْیِہٖ: خود رائے ہونا۔

تَزَکَّکَ: ساز و سامان لینا یا ہتھیار اٹھانا۔

اِزْدَکَّ. الزَّرْعُ: سیراب ہونا۔

الزُّکُّ: فاختہ کا چوزہ۔

الزِّکَّۃُ: ہتھیار۔

الزُّکَّۃُ: غم و غصہ۔

زَکَاَہُ: (ف) زَکْأً: مارنا۔۔۔۔۔ زَکَاَہُ الدَّرَاہِمَ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا۔۔۔۔۔ زَکَاَہُ حَقَّہٗ: پورا کرنا۔۔۔۔۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔

اِزْدَکَاَ. حَقَّہٗ مِنْہُ: حق وصول کرنا۔

رَجُلٌ (زُکَأٌ وزُکَاَۃٌ وزُکَّاءٌ) النَّقْدِ: جلدی نقد دینے والا۔

المَزْکَاُ: جائے پناہ۔

زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوْبًا. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔۔۔۔۔ المَرْاَۃُ: عورت کا ایک ہی مروڑ میں بچہ کو جننا۔۔۔۔۔ المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

اِنْزَکَبَ. البَحْرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔

الزُّکْبَۃُ: لڑکا۔ نطفہ۔

زَکَتَ (ن) زَکْتًا واَزْکَتَ وزَکَّتَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

اَزْکَتَ. المَرْاَۃُ بِغُلَامٍ: لڑکے کو جننا۔

المَزْکُوْتُ: انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی۔ بھرا ہوا مشکیزہ۔

زَکَرَ (ن) زَکْرًا وزَکَّرَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

زَکِرَ وتَزَکَّرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔

الزُّکْرَۃُ: شراب وغیرہ کے لئے چمڑے کا برتن۔ ج زُکَر.

زَکَمَہُ (ن) زَکْمًا واَزْکَمَہٗ: مبتلائے زکام ہونا۔۔۔۔۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَکَمَتْ بِہٖ اُمُّہٗ: جننا۔

زُکِمَ: زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزْکُوْم)

الزُّکْمَۃُ: زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ زُکْمَۃُ سُوْءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔

الزُّکْمَۃُ: اجڈ۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ زُکْمَۃُ وَلَدِ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے۔

زَکِنَ (س) زَکَنًا. الاَمْرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنْتُ اللّٰہَ رَجُلَ سُوْءٍ" میں نے جانا کہ وہ بُرا آدمی ہے۔۔۔۔۔ مِنْہُ عَدَارَۃً: کسی کی دشمنی کا علم ہونا (۔۔۔۔۔ زُکُوْنًا) اِلَیْہِ: پناہ لینا۔ مل جل جانا۔

زَکَّنَ: گمان کرنا۔۔۔۔۔ عَلَیْہِ: مشتبہ کرنا۔

زَاکَنَہٗ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الجَیْشُ یُزَاکِنُ الاَلْفَیْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے۔۔۔۔۔ ہٗ: قریب و ہم نشین ہونا۔

اَزْکَنَہٗ. الاَمْرَ: جتانا۔ سمجھانا۔۔۔۔۔ الشَّیْءَ: صحیح گمان کرنا۔

الزَّکَانَۃُ و الزَّکَانِیَۃُ: صحیح گمان۔

رَجُلٌ (زَکِنٌ): سمجھدار مرد۔

رَجُلٌ (زُکَنٌ): اچھی یادداشت والا مرد۔

زَکَا یَزْکُوْ زَکَاءً وزُکُوًّا وزَکِیَ (س) زَکِیَ. الزَّرْعُ: بڑھنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: نیک و صالح ہونا۔ خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا۔۔۔۔۔ الاَرْضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَایَزْکُوْ بِکَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔

زَکّٰی: بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔ ہُ اللّٰہُ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔ زکوٰۃ لینا۔ زَکّٰی لَہٗ: زکوٰۃ ادا کرنا۔۔۔۔۔ نَفْسَہٗ: خود ستائی کرنا۔

اَزْکٰی. الزَّرْعُ: بڑھنا۔۔۔۔۔ ہُ اللّٰہُ: نشوونما کرنا۔

تَزَکّٰی: صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا۔۔۔۔۔ الشَّیْءُ: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔

الزَّکَا: جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَخَسًا ھٰذَا اَمْ زَکًا" یہ طاق ہے یا جفت۔

الزَّکَاۃُ: چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوٰۃ۔ صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج زَکَا وزَکَوَات.

التَّزْکِیَۃُ: تَزَکّٰی کا مصدر۔

الزَّاکِیْ: فا۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُکَاۃٌ.

الزَّکِیُّ: اچھی نشوونما پانے والا۔ ج اَزْکِیَا: مؤنث زَکِیَّۃٌ: کہا جاتا ہے "اَرْضٌ زَکِیَّۃٌ" عمدہ زرخیز زمین۔

زَلَّ: (ض س) زَلًّا وزَلَلًا وزُلُوْلًا وزَلِیْلًا ومَزِلَّۃً وزِلِّیْلٰی وزِلِّیْلَاءَ: پھسل کر گرنا۔۔۔۔۔ عَنِ الحَقِّ اَوِ الصَّوَابِ: پھر جانا۔۔۔۔۔ عُمْرُہٗ: گزر جانا۔۔۔۔۔ (زَلَّ زَلِیْلًا زُلُوْلًا): جلدی گزرنا۔

زَلَّ زُلُوْلًا. الدِّرْہَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌّ) ج زَوَالٌ: کہا جاتا ہے "دَرَاہِمُ زَوَالٌ" کم وزن والے درہم۔

زَلَّ: (س) زَلَلًا: ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلُّ): مؤنث (زَلَّاءُ. ج زُلٌّ).

اَزَلَّہٗ: پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَیْہِ نِعْمَۃً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ و "اَزَلَّ اِلَیْہِ مِنْ حَقِّہٖ شَیْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّہٗ اِلَی القَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔

اِسْتَزَلَّہٗ: پھسلانا۔ لغزش کرانا۔

الزَّلُّ: پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "مَکَانٌ زَلٌّ واَرْضٌ زَلٌّ".

الزَّلَلُ: مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ زَلَلِیْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "فِیْ مِیْزَانِہٖ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان ہے۔

الزَّلَّۃُ. زَلَّ: کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔

الزَافِرَة: جماعت۔ دستہ فوج۔ معصیت۔ تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرد اگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زَافِرَةُ الرَّجُلِ: مرد کے اقارب و انصار۔ زَافِرَةُ البِنَاءِ: عمارت کا تھم۔ ج زَوَافِر الزَوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِيدُ الزَوَافِر" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اٹھانے کی ٹٹی۔ زَوَافِرُ المَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔

المُزْفَر والمُزْدَفَر: لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

المَزْفُوْر۔ مِنَ الدَّوَاب: مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زَفْزَفَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا ...... الطَائِر: پر پھیلا کر اُترنا ...... الرِّيح الحشيش: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا ...... المَرْكَبُ: سواری کے چلنے سے آواز سنائی دینا۔

زَفَنَ(ض) زَفْنًا: ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوْتُ مِنْهُ فَزَفَنَنِي" میں اس سے قریب ہوا اس نے مجھے دھکا دیا۔

الزِفْن: چھت کے اوپر کا سامان۔ النَاقَةُ (الزَافِنَةُ والزَفُوْن): لنگڑی اونٹنی۔

الزَفَان: ناچنے والا۔

الاِزْفَنَّة: حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفَنَّة: متحرک مرد۔

الزَيْزَفُوْن: ایک درخت جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔ نَاقَةٌ زَيْزَفُوْن: تیز رفتار اونٹنی۔

زَفَى يَزْفِى زَفْيًا وزَفَيَانًا۔ زَفَتِ القَوْسُ: آواز دینا ...... الرِيحُ السَحَابَ والتُرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اُڑانا ...... الرَجُلُ: بنفسه: جان دینا۔

اَزْفَى۔ الشَيْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور اسی سے ہے "اَزْفَتُ العَرُوْسَ" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لے جائیں۔

الزَافِي: سبک تیز رفتار۔

الزَفَيَان: مس۔ ہلکاپن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفَيَان: تیز رفتار اونٹنی۔

المَزْفِيُّ والمُنْزَفِيّ والمُتَزَفِّي: ڈرایا ہوا۔

زَقَّ(ن) زَقًّا۔ الطَائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا ...... فَرْخَه: چوزہ کو چوگا دینا ...... الكَبْشَ: مینڈھے کی کھال اتارنا۔ الجِلْدَ: بال کاٹنا۔

الزِق: مشک۔ زِقُّ الحَدَّاد: لوہار کی بھٹی۔ ج اَزْقَاق وزِقَاق وزُقَّان واَزُقّ.

الزُق: شراب۔ ج زُقَقَة۔

الزَقَقَة: چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں۔ چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔

الزُقَاق: گلی۔ تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) ج اَزِقّه وزُقَّان۔ الزُقَّان وبَحْرُ الزُقَاقِ: جبرالٹر کی آبنائے۔

الزُقَّة والزُقُّق: پن ڈبی نامی ایک پرندہ۔

الزَقَّاق: مشک بنانے والا۔

زَقَبَ(ن) زَقْبًا۔ الجُرَذُ فِي الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزَقَبَه فِي الجُحْرِ: داخل کرنا (لازم و متعدی)

زَقَبَ۔ المُكَّاءُ: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)

اِنْزَقَبَ۔ الجُرَذُ فِي الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

الزَقَب: تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْتُهُ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔

زَقَحَ: (ف) زَقْحًا وزُقَاحًا۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔

الزَقْر: شکرا۔ (الصَقْر: میں ایک لغت ہے۔

الزَقَر: دوزخ۔ (السَقَر: میں ایک لغت ہے)

زَقْزَقَ زَقْزَقَةً وزِقْزَاقًا۔ الطَائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا چہچہانا ...... فَرْخَهُ: چوزہ کو چوگا دینا ...... الصَبِيَّ: بچہ کو کدانا ...... الرَجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔

الزَقْزَاق: آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چڑیاں۔

زَقَعَ: (ف) زَقْعًا وزُقَاعًا۔ الدِّيكُ: مرغ کا ککڑوں کوں کرنا ...... الحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔

زَقَفَ: (ن) زَقْفًا وتَزَقَّفَ وازْدَقَفَ الشَيْءَ: چھین لینا یا جلدی سے اُچک لینا اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الكُرَةَ بِالصَوْلَجَان" وہ گیند کو بلے سے جلدی لے گیا۔ تَزَقَّفَ وازْدَقَفَ اللُقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔

الزُقْفَة: ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔

زَوْقَلَ۔ العِمَامَةَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔

زَوَاقِيلُ۔ العِمَامَةِ: عمامہ کے پیچھے سے لٹکے ہوئے بال۔

الزُقْل والزَوَاقِيل: چور۔ لٹیرے۔

الزَقِيلَة: تنگ گلی۔

زَقَمَهُ: (ن) زَقْمًا وازْدَقَمَهُ: نگلنا۔

اَزْقَمَهُ۔ الشَيْءَ: نگلوانا۔

زَقَّمَه: تھوہر کھلانا۔

تَزَقَّمَ: لقمہ کرنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ اللَبَنَ: دودھ بہت پینا۔

الزَقُّوم: جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ۔ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کی مانند ہوتا ہے۔

الزَقْمَة۔ زَقَم: کا اسم مرۃ۔ طاعون۔

زَقَن: (ن ض) زَقْنًا۔ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

اَزْقَنَهُ: اٹھانے میں مدد دینا۔

زَقَا يَزْقُو زَقْوًا وزُقَاءً وزُقِيًّا وزُقُوًّا وزَقَى (ض) زَقْيًا۔ الطَائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) ج زُوَاق: صفت مؤنث (زَاقِيَة) ج زَوَاقٍ ...... الصَبِيُّ: بچہ کا بہت رونا۔

اَزْقَاهُ: رلانا۔

الزُقْيَة: روپے پیسوں کا ڈھیر۔

الزَقْيَة: چیخ۔

الزَّغْو مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: زیادتی۔ افراط۔

الزُّغَار: کیچوا۔

زَغْرَبَ: ہنسنا۔

الزَّغْرَب: بہت پانی۔ بِئْر زَغْرَبٌ وزَغْرَبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔

زَغْرَدَ زَغْرَدَةً. البَعِيْرُ: اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا۔

زَغْزَغَ. الكَلَامَ: رکیک گفتگو کرنا۔ الشَّيْءَ: چھپانا...... بِالرَّجُلِ: تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔

الزُّغْزُغ: سبک و چست آدمی۔ حسب و نسب میں مطعون۔

الزُّغْزُغ: پست قد حقیر۔ ایک پرندہ۔

الـزُّغْـزُغِيَّة: عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔

الـزَّغْـزَغِيَّة: ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔

زَغَفَ: (ف) زَغْفًا. المَاءُ: پانی بہت ہونا۔

...... فِيْ حَدِيْثِهِ: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "زَغَفَ كَلَامًا كَثِيْرًا" و "زَغَفَ لَنَا مَالًا كَثِيْرًا" اس نے بہت بکواس کی اور اس نے ہم کو بہت مال دیا...... ہ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

اِزْدَغَفَ. الشَّيْءَ: سارا لے لینا۔

الزَّغْف: مص۔ کشادہ اور لمبی زرہ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔

دِرْعٌ (زَغِيْفٌ): کشادہ، مضبوط، اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوْعٌ زَغْفٌ وزَغَفٌ وأَزْغَافٌ وزُغُوْفٌ".

الـــزَّغَف: چھپٹیاں۔ درخت کی کمزور شاخیں۔

الزَّغَّاف: بہت بولنے والا۔

الزُّغْفَة والزَّغَفَة: کشادہ یا مضبوط زرہ۔

المِزْغَف: حریص۔ بہت خواہش مند۔

زَغْفَلَ زَغْفَلَةً: جھوٹ بولنا۔

زَغَلَ (ف) زَغْلًا. المَاءَ: پانی بار بار گرانا...... الشَّرَابَ: کلی کرنا...... الصَّبِيُّ أُمَّهُ: بچہ کا دودھ پینا۔

أَزْغَلَ. المَاءَ: گرانا...... الأُمُّ وَلَدَهَا: بچہ کو دودھ پلانا...... الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا...... الشَّرَابَ: کلی کرنا۔

الزَّغَل: دھوکا۔

الزُّغَلِيّ: دھوکا دینے والا۔

الـزُّغْـلَة: کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔

الـزُّغْـلُوْل: بچہ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔ ج زَغَالِيْل.

تَـزَغَّـمَ. الجَـمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا اور اسی سے ہے "تَـزَغَّـمَ الـرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔

الزَّغُوْم والزُّغْمُوْم: گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔

زَفَّ: (ض) زَفًّا وزُفُوْفًا: تیز دوڑنا...... الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا (...... زَفًّا وزَفِيْفًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اترنا۔

زَفَّ (ن) زَفًّا وزِفَافًا. العَرُوْسَ إِلٰى زَوْجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا...... البَرْقُ: چمکنا۔

أَزَفَّ. العَرُوْسَ إِلٰى زَوْجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا...... الرَّجُلُ: تیز دوڑنا...... ہ: تیز دوڑانا۔

اِزْدَفَّ. الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا...... العَرُوْسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

اِسْتَزَفَّهُ. السَّيْلُ: سیلاب کو بہا لے جانا۔

...... ہ السَّيْرُ: سبک بنانا۔

الزَّف: چھوٹے چھوٹے پر۔

الـزَّفِيْف: پرندہ کے روئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔

الزَّفَّة. زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ زَفَّةً أَوْ زَفَّتَيْنِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔

الزُّفَّة: گروہ۔

الأَزَفّ: تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔

الـزَّفِيْف والـزَّفَّان والزَّفَّاف: سبک تیز رفتار۔ الزَّفُوْف: شتر مرغ...... مِنَ النُّوْق: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قَـــوْسٌ زَفُوْفٌ: آواز دینے والی کمان۔

المِزَفَّة: پالکی۔

زَفَتَ: (ن) زَفْتًا. الإِنَاءَ: بھرنا...... الرَّجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِيْثَ فِيْ أُذُنِ الأَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔

زَفَّتَ. السَّفِيْنَةَ: کشتی پر زفت ملنا۔

الـزِّفْـت: تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔

زَفَدَ (ن) زَفْدًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔

فَرَسَهُ شَعِيْرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔

اِزْدَفَتَ. المَالَ: سارا لے لینا۔

زَفَرَتْ (ض) زَفْرًا وزَفِيْرًا. النَّارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا...... الأَرْضُ: نباتات اگانا۔ زَفَرَ الرَّجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔ الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا شروع کرنا۔

وزَفَرَ الشَّيْءَ زَفْرًا: اٹھانا...... المَاءَ: پانی کھینچنا۔

اِزْدَفَرَ. الشَّيْءَ: اٹھانا۔

اَلـــزِّفْـــر: بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت یا دستہ فوج۔ ج أَزْفَار.

الزَّفَر: درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔

الـزُّفَر: شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سخی۔ سردار۔ مشک کے اٹھانے کے لئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج۔

الزَّفِيْر: مص۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء اور انتہا کو الشَّهِيْق: کہتے ہیں۔

الزَّفْرَة الزُّفْرَة: لمبی سانس۔ گرم سانس۔

زُفْرَةُ الدَّابَّةِ زَفْرَتُهَا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔

الزَّفْرَة: زَفَرَ الرَّجُلُ أَوِ الحِمَارُ: کا اسم ج زَفَـــرَات: کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْـرَات: کہتے ہیں۔ فَـرَسٌ (أَزْفَر): بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفْر.

زَعَقَ: (ف) زَعْقًا: چلانا، چیخنا...... ہ وزَعَقَ بِه: ڈرنا...... بِالدَّابَّةِ: تیز چلا کر ہانکنا۔ الـرِّيحُ الـتُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا...... ہ، الـعَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا...... القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔

زَعُقَ: (ک) زَعَاقَةً. المَاءُ: پانی کا بے حد کھاری ہونا۔

زَعِقَ (س) زَعَقًا: شادماں ہونا(...... وزُعِقَ اِنْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔

اِنْزَعَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔

اَزْعَقَهُ: ڈرنا خوف دلانا...... السَّيْرَ: چلنے میں جلدی کرنا...... القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔

الـزَّعِق: رات میں ڈرنے والا۔ شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔

الزَّعْقَة: چیخ۔

الزُّعَاق: بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔

الزُّعُوْقَة. زُعَاق: کا اسم۔

الزَّعَاق. مِنَ الخَيْلِ: بہت اور تیز چلنے والا۔ گھوڑا، پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔

الزَّعِيْق: خوفزدہ۔

المِزْعَق: زمین کھودنے کا اوزار۔

زَعِـلَ (س) زَعَلاً: شادماں ہونا...... مِـنَ المَرَض وغَيْرِہ: تنگ دل ومضطرب ہونا۔

اَزْعَلَه: شادماں کرنا۔ مِنْ مَكَانِهٖ: ہٹانا۔

تَزَعَّلَ: شادماں ہونا۔

الـزَّعِـل والـزَّعْلَان والاَزْعِيْل: شادماں۔

الزَّعِل: بھوک سے بلبلانے والا۔

زَعَمَ: (ف ن) زَعْـمًـا وزِعْـمًـا وزُعْمًا ومَـزْعَـمًا: سچ یا جھوٹ کہنا اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے(...... زَعَـامَةً) ...... عَلَى القَوْمِ: سردار بننا۔

زَعَمَ: (ف ن) زَعْـمًا. بِالمَالِ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا...... الـلَّبَنُ: دودھ خریدار ہونے لگنا۔

زَعِمَ: (س) زَعَمًا. فِيْهِ: لالچ کرنا۔

اَزْعَـمَ. الاَمْرُ: ممکن ہونا...... الـلَّبَنُ: دودھ خریدار ہونے لگنا...... اِلَيْـهِ: فرمانبردار ہونا، تابع ہونا...... عَـلَـى القَوْمِ: سردار بننا۔ الاَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا...... ہ: کھلانا۔ اَزْعَمَهُ المَالَ: مال کا ضامن بنانا۔

زَاعَمَه: جھیڑ کرنا۔

تَزَعَّمَهٗ: جھوٹی باتیں بیان کرنا۔

تَزَاعَمَ. القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔

الـزَّعِـم. مِـنَ الشِّوَاءِ: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔

الـزَّعْمَة. زَعَمَ: کا اسم مرۃ۔ ج زَعَـمَات: کہا جاتا ہے "هَـــذَا وَلَا زَعْـــمَتَكَ اوزَعَمَاتُكَ" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔

الزُّعْمِيّ: جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔

الـزَّعَامَة: مص۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار۔ زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔

الـزَّعُوْم: گفتگو میں عاجز۔ چربی دار عورت۔ کم چربی والی عورت (ضد)

الزُّعْمُوْم: گفتگو میں عاجز۔

الـزَّعِيْم: ضامن۔ کفیل۔ سردار۔ رئیس۔ ج زُعَماء.

الـمَـزْعَم: مص۔ لالچ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هَـذَا اَمْرٌ مُزْعَمٌ" یعنی یہ امر غیر موثوق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ "وهَذَا اَمْرٌ فِيْهِ مُـزَاعِـم" یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔

المِزْعَامَة: سانپ۔

زَعْنَفَتِ. المَاشِطَةُ العَرُوْسَ: مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔

الـزِّعْـنِفَة والزَّعْنَفَة: پستہ قد مرد یا عورت۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ ردی۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔ مصیبت۔ ج زَعَـانِف الـزَّعَـانِف: مچھلی کے پر۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔

زَعَايَزْعُوْزَعْوًا: منصف ہونا۔ عادل ہونا۔

زَغِبَ: (س) زَغَبًـا وزَغْـبَ وازْغَـابَّ الـصَّبِيُّ اوالفَرْخُ: بچہ یا چوزہ کا رواں نکلنا۔ صفت(زَغِب)

اَزْغَـبَ. الكَرْمُ: انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔

الـزَّغَـب: پردوں یا بالوں کے روئیں۔ واحد (زَغَبَة)

الزُّغَابِي والزُّغَابَة چھوٹے روئیں۔ کہا جاتا ہے "مَـا اَصَبْـتُ مِـنْـهُ زُغَابَةً" میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا۔

الاَزْغَـبُ: روئیں دار۔ مؤنث زَغْبَاء. ج زُغْبٌ: قطا کا چوزہ۔

الزُّغْبَة: گلہری۔

الزُّغْـب: پستہ قد بخیل۔

زَغْبَر. الثَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔

الـزَّغْبَر والزِّغْبِر والزِّغْبُر: رواں۔ کہا جاتا ہے "اَخَـذَ الشَّـئَ بِزَغْبَرِہٖ" اس نے ساری چیز لے لی۔

الزُّغْبُرَة. عِنْدَ العَامَّةِ: رواں۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ الزَّغَب ہے۔

الزَّغْبَد: مکھن۔

زَغَد: (ف) زَغْـدًا. الـسِّقَاءُ: مشک نچوڑنا...... فُلَانًا: گلا دبانا...... البَعِيْرُ: اونٹ کا سخت بلبلانا...... الـنَّهْرُ: دریا کا چڑھنا۔ موج مارنا...... ہ بِالكَلَامِ: اکسانا۔ بھڑکانا۔

اَزْغَـدَت. الـمَـرْأَة وَلَدَها: عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔

الزَّغِيْد والزَّغِيْدَة: مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔

نَهْرٌ (زَغَّادٌ): بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔

المُزْغِد: غضبناک۔

زَغَــرَ (ف) زَغْــرًا. الشَّـئَ: چھین لینا۔ زبردستی لینا...... الشَّــــئُ: بکثرت ہونا...... البَحْرُ: چڑھنا۔ موج مارنا۔

دینا۔ کنویں پر زرنوق لگانا۔ دیکھیے "زرنوق"۔

......فُلَانًا الِلبَاسَ: کسی کو لباس پہنانا۔

تَزَرْنَقَ. بالثِیَاب: کپڑے پہننا......الرَّجُلُ: چھوٹی نہر سے اُجرت پر آب کشی کرنا۔

الزُرْنُوق: چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔

الـزُرْنُوقَـان: کنویں کے من پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔

الزَرْنَقَة: مص۔ زیادتی۔ حسن کامل۔

الزِرنیق: ہڑتال۔

زَرَیٰ (ض) زَرْیًـا وزُرْیًا وزَرَایَةً ومَزْرِیَةً ومَـزْرَاةً وازْرَیٰ وتَزَرّیٰ. عَلَیْهِ عَمَله: کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔ اَزْرَیٰ بـالاَمْر: سستی کرنا۔ اَزْرَیٰ بِه واَزْرَاهُ: عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔

زَارَاهُ مُزَارَاةً: ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔

اِزْدَرَیٰ واسْتَزْرَیٰ. ہ: حقیر سمجھنا۔

الزَرِیّ: ناکارہ۔ ذلیل۔

المِزْرَاء: لوگوں کو عیب لگانے والا۔

زَطّ: (ن) زَطًّا. الذُبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔

الزُطّ: جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِیّ.

زَعَبَ: (ف) زَعْبًـا. الِانَـاءَ: برتن کو بھرنا......القِرْبَةَ: مشک بھری ہوئی اٹھانا۔

الـقِرْبَةَ: پانی گرانا......السَیْـلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا......الـوادی: وادی کا بھر جانا

......الشَیْءُ: کاٹنا......لَهُ مِنَ المَالِ: زَعْبًا وزَعْبَةً وزُعْبَةً: مال کا کچھ حصہ دینا......المَرأةَ: جماع کرنا۔

زَعَـبَ: (ف) زَعِیْبًـا. الغُـرَابُ: کائیں کائیں کرنا۔

تَزَعَّبَ: غضبناک ہونا۔ شادماں ہونا۔

......فِي اَكْلِهِ وشُرْبِهِ: بہت کھانا پینا۔ القَومُ المَالَ: قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا۔

اِزْدَعَبَ. الشَیْءَ: کاٹ لینا۔

الـزَعْبَة والـزُعْبَة والـزِعْـب: مال کا ایک حصہ۔

الاَزْعَـــب: پستہ قد۔ کمینہ۔ موٹا۔ مؤنث زَعْبَاءُ ج زُعْبٌ.

سَیْلٌ (زَاعِـبٌ وزَعُوب): وادی کو بھرنے والا سیلاب۔

الزَاعِب: اچھا رہبر۔

زَعِیْـبُ. الـنَـحْــلِ: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

الزُعْبُوب: پستہ قد کمینہ۔

زَعْبَقَ. القَوْمَ: پریشان ومتفرق کرنا۔

......الشَیْءُ: جدا جدا کرنا۔

تَزَعْبَقَ. الشَیْءُ مِنْ یَدِی: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا۔

زَعْبَـلَ: بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زَعَابِل.

زَعَـجَه: (ف) زَعْـجًـا واَزْعَج: بے قرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ زرعَـجَ الـرَجُـلُ: چلانا۔

اَزْعَجَه اِلَی المَعْصِـیَةِ: گناہ پر اُبھارنا۔

اِنْزَعَجَ: بے قرار ہونا۔ ہٹنا۔

الزَعِج: بے قراری۔

المِزْعَاج: ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔

زَعِرَ: (س) زَعَـرًا او اِزْعَرّ وازْعَار. شَعْرُهُ اَوْ رِیْشُـهُ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا۔ زَعِرَ الرَجُلُ: بے خیر ہونا۔

الزَعَارَة والزَعَارّة: بدخوئی وتندمزاجی۔

الـزَعِـر والاَزْعَر: کم اور متفرق بالوں والا۔

مَـوْضِـعٌ زَعِرٌ واَزْعَر: کم پیداوار والی جگہ۔ مؤنث زَعِرَةٌ وزَعْرَاءُ.

الـزُعَـرَة: ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ۔

الاَزْعَرُ: چور۔ سرکش۔ چھیننے والا۔ مؤنث زَعِرَة وزَعْرَاء: ج زُعْرٌ وزُعْرَانٌ.

الزُعْرَان: نوجوان لوگ۔

الـــزُعْـــرُوْر: ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْــرُوْرَة) زَعْـــلُ زُعْـــرُوْر: بدخلق وبے خیر مرد۔ ج زَعَارِیْر. الزَعَارِیْر: گوبر وغیرہ جو اون میں لگ جائے اور جم جائے۔

بَحْرٌ (زَعْرَق): بہت پانی والا سمندر۔

زَعْزَعَه زَعْزَعَةً: سخت حرکت دینا۔

......الِابِلَ فِی السَیْرِ: ہانکنا۔

تَزَعْزَعَ: ہلنا۔

الـزَعْزَعَة: مص۔ ج زَعَـازِع. الزَعَازِع: زمانہ کے مصائب۔

رِیْـحٌ (زَعْزَعٌ وزُعْزُعٌ وزَعْزَاعٌ وزُعَازِعٌ وزَعْـزَعَـان): آندھی۔ ہوا کا طوفان......

جَرْیٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔

بَحْرٌ (زَعْزَقة): بہت پانی والا سمندر۔

زَعَـطَ: (ف) زَعْــطًــا: گلا گھونٹنا......الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا۔

الــزَاعِـط: فا۔ مَـوْتٌ زَاعِـطٌ: جلدی کی موت۔

زَعَفَـه (ف) زَعْفًا واَزْعَفَهُ وازْدَعَفه: فوراً مارڈالنا۔ زَعَفَ الـجَرِیْحَ واَزْعَفَ عَلَیْهِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الحَدِیْثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔

سَمّ (زُعَاف): زہر قاتل۔

مَــوْتٌ (مُــزْعِف): فوراً ہلاک کرنے والی موت۔

سَیْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔

الزُعُوْف: ہلاکت کی جگہیں۔

الـــزَعْـوْلَة: پتھر جس کو کنویں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔

زَعْفَـرَهُ: زعفران سے رنگنا......الـطَعَـامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔

تَـــزَعْـفَــــر: زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔

الـزَعْفَرَان: زعفران۔ کیسر۔ ج زَعَـافِر.

زَعْفَرَانُ الحَدِیْد: لوہے کا زنگ۔

زَعْـفَـقَ. الـزُعَـافِق: بخیل۔ بدخلق۔ ج زَعَافِق.

کھیتی۔

الزَّرِیْع: وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے۔

المَزْرَعَة والمَزْرُعَة: کھیتی۔ ج مَزَارِع.

المُزْدَرَع: کھیتی کرنے کی جگہ۔ کشت زار۔

زَرَفَ: (ن) زَرْفًا: کودنا...... فِیْ الکَلَامِ: زیادتی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ (...... زُرُوْفًا وزَرِیفًا) اِلَیْهِ: قریب ہونا۔ دیر لگانا۔ جلدی کرنا (ضد)

زَرِفَ: (س) زَرَفًا. الجَرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔

زَرَّفَهٗ: علیحدہ کرنا۔ دور کرنا...... الشَّیْءَ: زیادتی کرنا...... فِیْ الکَلَامِ: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا...... القَوْمَ: جدا جدا کرنا ...... الرُمْحَ فِیْهِ: نیزہ بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "زَرَّفَ عَلٰی السِتِّیْنَ" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔

اَزْرَفَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔ الجَرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔ ...... النَاقَةَ: اونٹنی کو اُکسانا۔ تیز کرنا...... الرَجُلُ: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)

اِنْزَرَفَ. القَومُ: گھاس پانی کی تلاش میں جانا...... الرِیْحُ: گزر جانا...... الشَّیْءُ: آرپار ہونا۔

الزَرَافَة والزُرَافَة والزَرَافَّة والزُرَافَّة: ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں۔ ج زَرَافِیُّ زَرَافٰی زَرَافَات. زَرَائِف.

الزُرَافَة: بہت چھوٹا۔

الزَرَافَة والزَرَافَّة: دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔ ج زَرَافَات اور اسی سے ہے "طَارُوا اِلَیْهِ زَرَافَات ووُحْدَانا".

الزَرْافَة والزَرَافَة: وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے۔ ج زَرَافَات زَرْافَات.

المِزْرَاف والزَرُوْف والزَرْوَف. مِنَ النُوْق: تیز رفتار اونٹنی۔

زَرْفَنَ. شَعْرَهٗ: بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔

الزُرْفِیْن: چھوٹی زنجیر۔ ج زَرَافِیْن.

زَرَقَ: (ض ن) زَرْقًا. الطَائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ زَرَقَتْ عَیْنُهٗ نَحْوِیْ: کنکھیوں سے دیکھنا...... زَرَقَ الطَائِرَ: پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا...... الرَجُلَ بِبَصَرِهٖ: گھورنا ...... النَاقَةُ الرَحْلَ: اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

زَرِقَ: (س) زَرَقًا. الرَجُلُ: اندھا ہونا۔ ...... عَیْنُهٗ: نیلگوں ہونا...... الشَیْءُ: نیلگوں ہونا۔ آسمانی رنگ کا ہونا۔

اَزْرَقَتْ. عَیْنُهٗ نَحْوِیْ: آنکھ کا پھرنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا...... النَاقَةُ حَمْلَهَا: اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

اِزْرَقَّ اِزْرِقَاقًا واِزْرَاقَّ اِزْرِیْقَاقًا: نیلگوں ہونا...... عَیْنُهٗ نَحْوِیْ: بمعنیٰ اَزْرَقَتْ عَیْنُهٗ.

اِنْزَرَقَ: پیچھے ہٹنا۔ چت لیٹنا۔ السَهْمُ: آرپار ہونا۔

الزَرَق والزُرْقَة: آسمانی رنگ۔ نیلگونی۔

الزُرَق: کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔

الزَرْقَة: تعویذ کا مہرہ۔

الزُرَّق: ایک شکاری پرندہ۔ ج زَرَارِق: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ تیز نظر والا۔

الاَزْرَق: نیلگوں۔ مؤنث زَرْقَاء، ج زُرْق.

الاَزْرَق: باز۔ نَصْلٌ اَزْرَق: چمکیلا تیر کا پھل۔ مَاءٌ اَزْرَق: صاف پانی۔ عَدُوٌّ اَزْرَق: سخت دشمن اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی۔ اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق: کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اس لئے ان پر بھی اُزرق کا اطلاق کرتے ہیں۔

الزَرْقَاء. اَزْرَق: کا مؤنث۔ ج زُرْق: شراب۔ آسمان۔

الزُرَیْق واَبُوْزُرَیْق: چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔

الزُرَیْقَاء: دودھ اور زیتون کے تیل میں ترکیا ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔

الزَرَّاقَة. والعَامَّةُ تُسَمِّیْهَا الزَارُوْقَةُ: پچکاری (عوام اسے زَارُوْقه: کہتے ہیں۔)

الاَزَارِقَة: خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔ واحد (اَلاَزْرَقِیُّ)

المِزْرَاق: چھوٹا نیزہ...... مِنَ الاَبَاعِر: پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ ج مَزَارِیْق.

زَرْقَفَ واِزْرَنْقَفَ: جلدی کرنا۔

زَرْقَلَ زَرْقَلَةً. لِیْ بِحَقِّیْ: حق دینا۔ الشَعْرَ: بالوں کو جھاڑنا۔

الزُرْقُم: بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زَرَاقِم.

الزَرَاقِم: بہت سے سانپ۔

زَرِکَ: (س) زَرَکا بدخلق ہونا۔

زَرَمَهٗ (ض) زَرْمًا وزُرْمَةً واَزْرَمَهٗ: کاٹنا۔ کہتے ہیں "زَرَمَتْ بِهٖ اُمُّهٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔ وزَرَمَهُ الدَهْرُ: زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا۔

زَرِمَ: (س) زَرْمًا. الشَیْءُ: منقطع ہونا۔

اِزْدَرَمَه: نگلنا۔

اِزْرَاَمَّ: غضبناک ہونا۔ سکڑنا۔

الزَرِم: ذلیل تھوڑے جنتے والا۔ بخیل۔ تنگ حال۔

الاَزْرَم: منقطع۔ بلی۔

الزَرِیْم: تھوڑے جنتے والا۔ ذلیل۔

الزُرْمُوْج: جوتا۔

زَرْنَقَ زَرْنَقَةً. الاَرْضَ: چھوٹی نہر سے پانی

الزَّرَّة: دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل۔

الزُّرَارَة: ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے اور وہ اس سے چمٹ جائے۔

الزُّرَّار والزِّرِّيْر: سریع الفہم۔ تیز خاطر۔

الزِّرِّيْرُ: ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زِرِّيْرَة)

الزارَّة: جانوروں کو لگنے والی مکھی۔

حِمَارٌ (مِزَرٌّ): دانت سے کاٹنے والا گدھا۔

زَرْلَم اِزْرَأَم اِزْرِنْمَامًا واِزْرَأَمَّ. اِزْرِيْمَامًا. كَلاَمَهُ او دَمُهُ او بَوْلُهُ: گفتگو یا خون میں پیشاب کا منقطع ہونا۔

زَرَبَ: (ن) زَرْبًا. المَوَاشِيَ: جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ: بکریوں کے لئے باڑہ بنانا۔

زَرِبَ: (س) زَرْبًا. المَاءُ: پانی کا بہنا۔

اِنْزَرَبَ: باڑہ میں داخل ہونا۔

اِزْرَبَّ. النَبَاتُ: نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔

الزَرْب: مص۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ (.....والزِرْب): باڑہ۔ ج زُرُوْب.

الزِرْب پانی بہنے کی جگہ۔

الزَارُوْب. عِنْدَ العَامَةِ: لمبی پتلی گلی۔ فصیح لفظ الزقب ہے۔

الزُرْبِيُّ والزُرْبِيَّة: مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے.....مِنَ النَبتِ: گھاس جو زرد ہو یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِيّ.

الزَرْبِيَّة: کی حضوری۔

الزَرِيْبَة: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زِرَاب وزَرَائِب.

المِزْرَاب: پرنالہ۔ ج مَزَارِيْب.

زَرْجَنَهُ: فریب دینا.....القَوْمُ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔

الزَرَجُوْن: انگور کی ٹہنیاں۔ واحد.....(زَرَجُوْنَة) ایک قسم کا سرخ رنگ۔ شراب (معرب)

زَرِحَ (س) زَرَحًا: ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔

الزَّارِح: فا۔ چست۔ ج زُرَّاح.

الزَرَوَّح والزَرُوَحَة: چھوٹا ٹیلہ۔ ج زَرَاوِح. المُزْرِح: پست زمین۔

تَزَرْلَق: بیع عُنْيَة: کرنا۔ بیع عینہ: کا مطلب یہ ہے کہ کسی شے کو فروخت زائد قیمت کے ساتھ انتظار قیمت کے عوض۔ زائد چیز لینا۔

زَرَدَهُ (ن) زَرْدًا: گلا گھونٹنا۔ الدِرْعَ: زرہ بننا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ عَنْهُ عَلٰی صَاحِبِهِ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔

زَرِدَ: (س) زَرَدًا واِزْدَرد وتَزَرَّدَ. اللُقْمَةَ: لقمہ کو جلدی نگلنا اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ اليَمِيْنَ" اس نے لاپروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔

الزَرَد: بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ ج زُرُوْد.

حِمَارُ الزَرَدِ: ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔

الزَرِد: جلدی نگلنے والا۔

الزَرْدَة: ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔

الزِرَاد والمِزْرَد: اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔

الزَرَّاد: گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانے والا۔

الزِرَادَة: زرہ بنانے کا پیشہ۔

المَزْرَد: گلا۔

المُزْدَرَد: مفع۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِمُزْدَرَدِهِ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔

زَرْدَبَهُ وزَرْدَمَهُ: گلا گھونٹنا۔ الطَعَامَ: کھانے کو نگلنا۔

الزَرْدَمَة: سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔

زَرْزَر. الزُرْزُوْرُ: زرزور پرندہ کا آواز کرنا......الرَّجُلُ: ہمیشہ [illegible] کھانا

......بالمَكَان: اقامت کرنا۔

الزُرْزُوْر: ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعض میں سفید چتی ہوتی ہے۔ ج زَرَازِيْر وزَرَازِر.

الزُرْزَار والزُرَازِر: سریع الفہم تیز خاطر۔ ج زَرَازِرَة.

الزُرْزُوْرِي. : وہ جو زُرْزُوْر: پرندہ کے رنگ کا ہو۔

زَرَطَ: (ض) زَرْطًا. اللُقْمَةَ: لقمہ کو نگلنا۔

زَرَعَ: (ف) زَرْعًا واِزْدَرَعَ: بونا۔ بیج ڈالنا......الارض: جوتنا۔ زَرَعَ اللّٰهُ النَبَاتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زُرِعَ لَهُ بَعْدَ شَقَاوَةٍ" یعنی اس کو فقر و حاجت کے بعد مال و دولت حاصل ہوئی۔

زَارَعَ مُزَارَعَةً: بونا......فُلاَنًا: بٹائی پر معاملہ کرنا۔

اَزْرَعَ. الزَرْعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کا ٹنا......القَوْمُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔

تَزَرَّعَ. اِلَى الشَرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا۔

الزَارِع: فا۔ ج زَارِعُوْنَ وزُرَّاع: ایک کتے کا نام اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زَارِع" کہتے ہیں۔

الزَرْع: مص۔ کھیت۔ اولاد۔ ج زُرُوْع.

الزُرْعَة: بیج (......والزِرعَة والزَرْعَة الزَرُعَة): کھیتی۔ کہا جاتا ہے "مَافِي هٰذِهِ الاَرْضِ زُرْعَةٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے......الزُرعَة: چکور کا بچہ۔

الزِرَاعَة: کاشتکاری۔ کھیت۔

الزَرِيْعَة: بوئی ہوئی چیز۔ کھیتی۔

الزَرَّاع: بہت کھیتی کرنے والا۔ چغل خور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بودیتا ہے) ج زَرَّاعُوْن وزَرَّاعَة.

الزَرَّاعَة. زَرَّاع: کا مؤنث۔ کشت زار ج زَرَّاعَات.

الزَرِيْع: صرف بارش سے سیراب ہونے والی

باھی۔

زَخَمَرَ. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

زَخَنَ: (ف) زَخْنًا: دیر کرنا......ہ عَنِ المَكَانِ: دور کرنا۔

تَزَخَّنَ: دیر کرنا' سمٹنا......عَنْ مَكَانِهِ: ہلنا......عَلٰی الشَّیْءِ وعَنْهُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔

رَجُلٌ زُخَنٌ: پستہ قد مرد۔ مؤنث زُخَنَةٌ.

الزَّخَنَةُ: سخت گرمی۔ مع ساز وسامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زُخَنَةٌ" ان لوگوں کے لئے دیر کا کام ہے۔ "ولَهُ زُخَنَةٌ بَعْدُ" جب کہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔

الزُّخَنَةُ: وادی کا موڑ۔

زَخَّ: (ن) زَخًّا: غضبناک ہونا......بِالإبِلِ: اونٹوں کو تیز چلانا......ہ: گڑھے میں دھکیلنا......المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

زَخَّ: (ن) زَخًّا وزَخِيخًا. الجَمْرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔

الزَّخُّ: مص۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔

الزَّخَّةُ: کینہ۔ غصہ۔ غضب (......والمَزَخَّةُ والمِزَخَّةُ): بیوی۔

زَخْزَخَ. المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

زَخَرَ: (ف) زَخْرًا وزُخُورًا وتَزْخَارًا. البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا......الوَادِی: لمبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا......النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا......القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کے لئے پر جوش ہونا......الحَرْبُ او القِدْرُ: جوش مارنا......ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا......بِمَا عِنْدَهُ: فخر کرنا۔

زَاخَرَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَهُ فَزَخَرَهُ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَزَخَّرَ. البَحْرُ او الوَادِی: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔

تَزَخْوَرَ. بِمَا عنده: فخر کرنا۔

الزَّاخِرُ: فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا......مِنَ الشَّرَفِ: بلند عزت۔

زَوَاخِرُ. الوَادِی: وادی کی گھاس۔

الزَّخَّارُ. زَخَرَ: کا اسم مبالغہ۔

نَبَاتٌ (زَخْوَرٌ وزُخَارِیٌّ وزَخْوَرِیٌّ): لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِیُّ النَّبَاتِ: پودہ کی تر و تازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخَارِیَّهَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔ كَلَامٌ زَخْوَرِیٌّ: متکبرانہ و دھمکی آمیز گفتگو۔

الزُّخْوَرِیُّ: لمبا۔

زَخْرَفَهُ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا......الكَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔

تَزَخْرَفَ. الرَّجُلُ: مزین ہونا۔

الزُّخْرُفُ: سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔

زُخْرُفُ الكَلَامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو۔ زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زَخَارِفُ. الزَّخَارِفُ: کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔

زَخَارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔

زَخَفَ: (ف) زَخْفًا وزَخِيفًا: تکبر کرنا۔

زَخَّفَ. فِی القَوْلِ: بہت بولنا۔

تَزَخَّفَ: مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔

المِزْخَفُ: فخر کرنے والا متکبر۔

زَخَمَهُ: (ف) زَخْمًا: سختی سے ہٹانا۔

زَخِمَ: (س) زَخَمًا وازْخَمَ. اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِمٌ)

اِزْدَخَمَ. الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

الزَّخَمَةُ: بدبودار گوشت۔

الزَّخْمَاءُ: بدبودار عورت۔

الزِّدْبُ: حصہ۔ ج اَزْدَابٌ.

زَدَرَ: لوٹنا (صَدَرَ: میں ایک لغت ہے)

اَزْدَرَ: لوٹانا (اَصْدَرَ میں ایک لغت ہے)

الاَزْدَرَانِ: دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَزْدَرَيْهِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔

اِزْدَرَمَ: نگلنا۔

اَزْدَفَ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا (اَسْدَفَ میں ایک لغت ہے)

الزِّدْقُ: سچائی (الصدق: میں ایک لغت ہے)

زَدَا: (ن) زَدْوًا. الصَّبِیُّ الجَوْزَ وبالجَوْزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔

المَزْدَاةُ والمِزْدَاءُ: اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔

اَزْدٰی اِزْدَاءً: سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔

زَرَّ: (ن) زَرًّا. القَمِيصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا......الشَّیْءَ: جمع کر کے باندھنا......المَتَاعَ: سامان کو جھاڑنا......الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔

زَرَّهُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا......الشَّعَرَ: بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَيْنَهُ: آنکھ تنگ کرنا۔

زَرَّ: (س) زَرًّا. الرَّجُلُ: گھنڈی لگانا' اپنے مخالف پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔

زَرَّ: (ض) زَرِيرًا. سِنَانُ الرُّمْحِ: نیزے کے پھل کا چمکنا......العَيْنُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔

اَزَرَّ. القَمِيصَ: بٹن لگانا۔

زَرَّرَ. ثَوْبَهُ: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔

تَزَرَّرَ. القَمِيصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔

الزِّرُّ: گھنڈی۔ بٹن۔ ج اَزْرَارٌ وزُرُورٌ: دل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَّيْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّیْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ و "اَعْطَاهُ الشَّیْءَ بِزِرِّهِ" اس نے اس کو ساری چیز دے دی۔ و "جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّهِ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔

الزَّرَّةُ: دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

ہونا۔

زَخَرَ: (ف ض) زَخِيرًا وزُخَارًا وزُخَارَةً: پیچش میں مبتلا ہونا۔ حمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا۔ زَخَرَتْ بِهٖ اُمُّهٗ: جننا۔ زَخَرهٗ بِالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔

زُخِرَ: مبتلائے پیچش ہونا۔

زَخَرَ: پیچش میں مبتلا ہونا۔

زَاخَرَهٗ: دشمنی کرنا۔

تَزَخَّرَ: پیچش میں مبتلا ہونا...... عَنْهُ اُمُّهٗ: جننا۔

الزُّحَار والزَّحِير: پیچش۔

الزُّحَر والزَّحَّار والزَّحْرَان: بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔

زَحْزَحَهٗ. عَنْ مَكَانِهٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔

تَزَحْزَحَ: دور ہونا۔ ہٹنا۔

الزَّحْزَح: دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِزَحْزَحٍ مِنْهُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔

الزَّحْزَاح: دور۔

زَحَفَ: (ف) زَحْفًا وزَحَفَانًا وزُحُوفًا: آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا...... اِلَيْهِ: چلنا...... کہا جاتا ہے "زَحَفَ الْعَسْكَرُ اِلَى الْعَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا...... الشَّيْئَ: آہستہ آہستہ کھینچا۔

...... الْبَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔ زَاحِفٌ وزَاحِفَةٌ: تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت مؤنث زَاحِفَةٌ ج زَوَاحِف و(زُحُوف) ج زُحُف ...... السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف) ج زَوَاحِف.

اَزْحَفَ: اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچنا...... ہ طُوْلُ السَّفَرِ: تھکا دینا...... الْبَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا...... الـرَّجُـلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا۔ اَزْحَفَ بَنُوْ فُلَانٍ: بڑا لشکر بننا۔

زَاحَفَا هُمْ: ایک دوسری کی طرف گھسٹنا۔

تَزَحَّفَ وازْدَحَفَ. اِلَيْهِ: چلنا۔

تـزَاحَفَ. الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔

الـزَّحْف: مص۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ ج زُحُوف.

الزُّحْفَة: قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دور نہ جائے۔

الـزِّحَـاف. فِي الْعَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔

الـزَّحَّـاف: گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّـافَة.

الـزَّحَّـافَـات مِنَ الْحَيَوَان: رینگنے والے جانور۔

الـمَـزْحَف: گھسٹنے کی جگہ۔ ج مَـزَاحِف.

مَزَاحِفُ الْحَيَّات: سانپوں کے رینگنے کی جگہ۔

مَزَاحِف السَّحَاب: قطرہ گرنے کی جگہ۔

بَعِيرٌ (مِزْحَاف): اونٹ جس کو تھک جانے کی عادت ہو۔ ج مَزَاحِف ومَزَاحِيف.

زَحَكَ (ف) زَحْكًا. بِالْمَكَان: اقامت کرنا...... مِنْهُ: قریب ہونا...... عَنْهُ: بعید ہونا...... الْبَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا۔

اَزْحَكَ: تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔

زَاحَكَهٗ. عَنْ نَفْسِهٖ: دور کرنا۔

تـزَاحَكَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)

زَحَلَ: (ف) زُحُـوْلاً. عَـنْ مَكَانِهٖ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِـل وزَحِل)

زَحَلَ: (ف) زَحْلاً: تھکنا۔

اَزْحَلَهٗ. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔

اَزْحَلَهٗ وزَحَّلَهٗ: دور کرنا۔

تَزَحَّلَ. عَنْ مَكَانِهٖ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔

زُحَـل: ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بعد کے لئے بطورِ مثال کے بیان کرتے ہیں...... ورَجُـلٌ زَحِلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا برا۔

الـزُّحَـلَة: کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔ مَسَـافَةٌ (زَحُـوْل): دور کی مسافت۔

الـزِّحْـلِـيـل: تیز۔ علیحدہ رہنے والا (...... والـزُّحْـلُـوْل): تنگ پھسلنے کی جگہ۔

الزُّحْلُوْل: ہلکے پھلکے جسم والا۔

الـمَزْحَل: وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَـلَ: کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "اِذَا لَـمْ يَكُنْ عَنْ شَفْرَةِ السَّيْفِ مَزْحَل" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔

زَحْـلَفَ. الشَّـيْئَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا...... الاِنَـاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْـلَفَ فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔

تَزَحْلَفَ: لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔

تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔

الـزُّحْـلُـوفَة: چکنی ڈھلوان جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحَالِف وزَحَالِيف.

الـزَّحَـالِف: چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔

زَحْلَقَ وزَحْـلَكَ وتَزَحْلَقَ وتزَحْلَكَ والزُّحْـلُوْقَة والزُّحْلُوْكَة: بمعنی زَحْلَفَ وتَزَحْلَفَ والزُّحْلُوْفَة.

الزُّحْلُوْقَة: لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں جانب بیٹھ کر جھولیں۔

زَحَمَهٗ: (ف) زَحْـمًـا وزِحَامًا: تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

زَاحَمَهٗ: تنگی کرنا۔ زَاحَمَ الْخَمْسِيْنَ: قریب ہونا۔

اِزْدَحَـمَ وتَـزَاحَمَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔

الاَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔

الزَّحْم: مص۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔

الزَّحْمَة: بھیڑ۔ تنگی۔

الزِّحَام: مص مص۔ يَوْمُ الزِّحَام: قیامت کا دن۔

المِزْحَم: بہت بھیڑ کرنے والا (اَبُوْ مَزَاحِم):

اوپر کا لوہا سنان ہے) مثل ہے "جَعَلَ الزُّجَّ قُدَّامَ السِّنَانِ" یعنی اس نے ادنیٰ کو اعلیٰ پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجَاج وأَزِجَّة وزِجَجَة اور کبھی الزِجَاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَجَاج والزُجَاج والزِجَاج: شیشہ (زَجَاجَة زِجَاجَة زُجَاجَة): شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشِيْشَةُ الزُجَاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُجَاجِيّ: شیشہ بیچنے والا۔

الزَجَّاج: شیشہ بنانے والا۔

الزِجَاجَة: شیشہ گری کا پیشہ۔

الزُجُج: پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے۔ سدھائے ہوئے گدھے۔

الأَزَجّ: لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شترمرغ۔ مؤنث زَجَّاء ج زُجّ.

المِزَجّ: چھوٹا نیزہ۔ رُمْحٌ (مُزَجَّجٌ): نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجَّة: وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُجْبَة: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ مِنْهُ زُجْبَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَرَهُ: (ن) زَجْرًا. عَنْ كَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا...... الرِيْحُ السَحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اٹھا کر لانا...... الكلبَ وبالكلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا ...... الطَيْرَ: شگون لینے کے لئے پرندہ کو اڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت اَنْ يَكُوْنَ كَذَا و كَذَا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

إِزْدَجَرَهُ: منع کرنا۔ روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (...... وانْزَجَرَ): رک جانا۔

تَزَاجَرَ. القَوْمُ عَنِ الشَرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَجْر: مص۔ (...... والزَجَر): ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجور.

الزَاجِر: فا...... زَاجِرُ الإِنْسَانِ: ضمیر۔ أَبُو زَاجِر: کوا۔

الزَجَّار: بہت ڈانٹنے والا۔

نَاقَةٌ (زَجُوْر): اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزْجَر: ڈانٹنے کی جگہ (...... والمَزْجَرَة): ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِكْرُ اللّٰهِ مَزْجَرَةٌ للشَيْطَانِ" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ: (ن) زَجْلاً. ہ وبِہٖ: تیر مارنا۔ دفع کرنا...... ہ بِالرُمْحِ: نیزہ مارنا...... الحَمَامَ: کبوتر کو دور جانے کے لئے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمَامُ الزَاجِل یا حَمَامُ الزَجَّال: کہتے ہیں۔

زَجِلَ: (س) زَجَلاً: خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزَاجِل) القَوْمُ: کھیل کود کرنا۔

الزَجَل: شعر کی ایک قسم۔ سَحَابٌ ذُوْزَجَلٍ: گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنِّ: جنوں کی گنگناہٹ۔

الزَجْلَة: لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات.

الزُجْلَة: لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل. مَسَافَةٌ (زَجُوْن) دور کی مسافت۔

الزَاجِل والزَاجَل: حلقہ کی مانند لکڑی جو رسی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے پچھلے حصہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَوَاجِل.

الزَجَّالَة: چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزْجَل والمِزْجَال: چھوٹا نیزہ۔

المَزْجَل: کبوتروں کی روانگی کی جگہ۔ نَاقَةٌ (زَجْلاء): تیز رفتار اونٹنی۔

زَجَمَ: (ن) زَجْمًا: آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا زَجَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزُجْم: ایک قسم کا پرندہ۔

الزَجْمَة والزُجْمَة: آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَسْمَعْ لَهُ زَجْمَةً" میں نے اس سے ایک بات بھی نہیں سنی۔ وهُوَ لا يُخَالِفُهُ بِزَجْمَةٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَجْمَة: رطوبتیں جو بچہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قَوْسٌ (زَجُوْمٌ): کمزور آواز والی کمان۔

الزَجْنَة: نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ زَجْنَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزَجّى تَزْجِيَةً وأَزْجى إِزْجَاءً وازْدَجى. ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "كَيْفَ تُزَجِّي اَيَّامَكَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ "زَجّىٰ فُلانٌ حَاجَتِي" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کر دیا۔ أَزْجى الأمرَ: مؤخر کرنا۔ أَزْجى الدِرْهَم: دراہم کا رائج کرنا۔

زَجَا: (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجَاءً. الأَمْرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا...... الخَرَاجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا...... فُلانٌ: بھی منقطع ہونا۔

تَزَجّى تَزَجِّيًا. بالشَئِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزْجى: تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث مُزْجَاة.

الأَزْجى: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ أَزْجى مِنْ فُلانٍ بِهٰذَا الأَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔

المُزَجّى: کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہے۔

زَحَّهُ: (ن) زَحًّا: دفع کرنا، ہٹانا یا جلدی سے کھینچنا...... عَنْ مَكَانِهٖ: علیحدہ کرنا۔

زَحَبَ (ف) زَحْبًا وزُحُوْبًا. اِلَيْهِ: نزدیک

زَبَطَ: (ض) زَبْطا وزَبِيطًا. البطُّ: کڑکڑانا۔

الزَبَاطَة والزُبَاطَة. بط.

تَزَبَّعَ: بدخلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزَبِع: غصہ ور جھگڑالو۔

الزَوْبَع: حقیر۔ پست قد۔

الزَوْبَعَة: بگولہ۔ اس کو أمُّ زَوْبَعَة اور أبُوزَوْبَعَة: بھی کہا جاتا ہے۔ ج زَوَابِع.

الزَوابِع: مصیبتیں۔

زَبَعر. الزِبَعْرى: بدخلق۔ سخت۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگرمچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اٹھالیتا ہے۔

الزِبَعْرى: لمبے پر والا تیر۔

زَبَقَ: (ض) زَبْقًا. شَعْرَهُ: بال اُکھیڑنا ......ہ فی السِجن: قید کرنا۔ تنگی ڈالنا......ہ فِیْ الشَیْءُ: داخل کرنا......الشَیْ بالشَیْءُ: مخلوط کرنا۔ ملانا......القُفْلَ: تالا کھولنا...... المَرْأةَ بِوَلَدِهَا: پھینک دینا۔

اِنْزَبَقَ. فِی البَیْتِ: گھر میں داخل ہونا۔ ......فِی الحِبَالَة: جال میں پھنسنا۔ چھپنا۔

الزابُوقَة. مِنَ البَیْتِ: مکان کا گوشہ۔

اَلاَزْبَق: بے وقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔

المَزْبُوقَة والزَبِيقَة. مِنَ اللُحی: نوچی ہوئی داڑھی۔

زَبَلَ: (ض) زَبْلاً وزَبِيلَ. الاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا(......وازْدَبَلَ) الشَیْءُ: اٹھانا۔

الزَابِل والزَابَل: پست قد۔

الزِبَالَ والزُبَال: وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اٹھا کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَابَ مِنْهُ زُبَالاً" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

الزِبْل والزِبْلَة والزِبِيل: گوبر۔ کھاد۔

الزَبِيل والزِبِّيل: خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔

الزُبْلَة: لقمہ۔

الزُبَالَة: تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی البِئرِ زُبَالَة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے۔

الزَبِيل: ج زُبُل وزُبْلاَن و (الزِبِّيل) ج زَبَابِيل و(الزِنْبِيل) والزِنْبِيل) ج زَنَابِيل: ٹوکرا۔ برتن۔ توشہ دان۔

المَزْبَلَة والمَزْبُلَة: کوڑا خانہ۔ ج مَزَابِل.

زَبَنَهُ: (ض) زَبْنًا: دفع کرنا۔ ٹکر لگانا۔ علیحدہ کرنا۔

زَبَنَتِ النَاقَةُ: اونٹنی کا دوہنے کے وقت زانو سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "زَبَنَ عَنَّامَعْرُوْفَهُ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا۔ زَبَنَ الثَمَر: درخت پر پھل بیچنا۔

اَزْبَنَ. بَیْتَه عَنِ الطَرِیْقِ: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا۔

زَابَنَهُ مُزَابَنَةً: ایک دوسرے کو ہٹانا۔ ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ درخت پر پھل بیچنا۔

تَزَابَنَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

اِنْزَبَنَ. القَوْمُ: علیحدہ ہونا۔ کنارہ پر ہونا۔

تَزَبَّنَهُ: زبردستی غلبہ کرنا۔

اِسْتَزْبَنَهُ: غالب ہونا۔

الزَبَن: مص۔ بَیْتٌ زَبَن: گھروں سے علیحدہ گھر۔ مَقَامٌ زَبَن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں۔

الزَبَن: گوشہ۔

الزَبِن والزُبُنُ: بہت دفع کرنے والا۔

زُبْنَتَا. النَاقَة: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں۔

الزِبِّین: پیشاب یا پاخانہ کو روکنے والا۔

الزِبْنِیَة: سخت۔ جن و انسان میں سے سرکش۔ سپاہی ج زَبَانِیَة.

الزَبَانِیَة. عِنْدَ العَرَب: سپاہی۔ ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔

الزَبُون. مِنَ النُوق: دوہنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی۔ حَرْبٌ زَبُوْنٌ: سخت لڑائی۔ الزَبُوْن: بے وقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)

الزَبُوْنَة والزُبُّوْنَة: گردن اوبکا جاتا ہے "فِیْهِ زَبُوْنَة" اس میں تکبر ہے۔

زُبَانَی. العَقْرَب: بچھو کا ڈنک۔

زُبَانَیَا. العَقْرب: بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں۔

المُزَابَنَة: مص۔ اندازہ سے بیع کرنا۔

زَبَی(ض) زَبْیًا وازْدَبَی ......ہ: اٹھانا، ہانکنا۔ زَبَاه بِشَرّ: تہمت لگانا۔

اَزْبَاه اِزْبَاءً: اٹھانا۔

زَبَّی. فُلاَنًا: ہانکنا......اللَحْمَ: شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا۔

زَبَّی وتَزَبَّی. الزُبْیَة: شکار کا گڑھا کھودنا۔

تَزَبَّی فِیْ الزُبْیَةِ: شکار کے لئے گڑھے میں چھپنا۔

تَزَابَی تَزَابِیًا: تکبر کرنا۔

الزُبْیَة: درندوں کے شکار کا گڑھا۔ پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے۔ ج زُبًی: کہا جاتا ہے "بَلَغَ السَیْلُ الزُبٰی" یعنی معاملہ بہت سخت ہوگیا۔

الاَزْبِی: جلدی۔ نشاط۔ ایک قسم کی چال۔ برائی۔ بڑا معاملہ۔ ج اَزَابِیّ.

زَجَّ: (ن) زَجًّا: دوڑنا......ہ: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔ زَجَّهُ بالرُمْح: کسی کو نیزہ مارنا......بالشَیْ: کوئی چیز پھینکنا۔

زَجَّ: (ض) زَجَجًا وازْزَجَّ. حَاجِبُهُ: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت (اَزَجّ): مؤنث زَجَّاء ج زُجّ: (ایسی بھوں کو بھی اَزَجّ کہتے ہیں۔)

زَجَّجَ. الحَاجِبَ: ابرو کو لمبی اور باریک بنانا ......المَوْضِعَ: درست و ہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَقَرَ خَشَبَةً ثُمَّ زَجَّجَ مَوْضِعَ النَقْرِ: اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔

اَزَجَّ. الرُمْحَ: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔

الزُجّ: نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں

الشَمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔

تَزَبَّبَ. العِنَبُ: انگور خشک ہونا۔

الرَجُلُ: غصہ سے بھر جانا......فِي الكَلَامِ: زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا۔

اِزْدَبَّتْ. اِزْدِبَابًا القِرْبَةُ: مشک کا بھر جانا۔

الرَّهْج والرَّهَج: اڑایا ہوا غبار۔ والرَّهَج: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَهَجَة)

الرَّهْوَجَة: ایک قسم کی چال۔

رَهَدَهُ: (ف) رَهْدًا: باریک پیسنا۔

رَهِدَ: سخت نادانی و حماقت کرنا۔

رَهَادَةُ العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

الرَّهْوَدِيَّة: مہربانی و نرمی۔

الرَّهِيد: نرم و نازک۔ ارزاں۔

الرَّهِيدَة: نرم و نازک عورت۔ الرَّهِيدَة: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔

اَمْرٌ (مَرْهُودٌ): غیر محکم کام اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ مَرْهُودِين" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔

الرَّهْدَل: بے وقوف۔ کمزور۔

الرَّهْدَن والرُّهْدُن والرِّهْدَن: بزدل۔ بے وقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَهَادِن ورَهَادِنَة.

الرُّهْلُون: جھوٹا۔

رَهْرَهَ رَهْرَهَةً. مَائِدَتَه: جود و سخاوت سے دسترخوان پھیلانا۔

تَرَهْرَهَ. السَّرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا۔۔۔۔۔۔ جِسْمُهُ: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید و نرم و نازک ہونا۔

الرَّهْرَهَة: مص۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔

جِسْمٌ (رَهْرَهٌ ورَهْرَاهٌ ورُهْرُوهٌ): سرخ سفید نازک بدن۔ طَسْتٌ رَهْرَهَةٌ ورَهْرَاهٌ: تھوڑی گہرائی کا طست۔ ومَاءٌ رَهْرَاهٌ ورُهْرُوهٌ: صاف پانی۔

رَهَزَ: (ف) رَهْزًا ورَهَزَانًا. المُبَاضِع: جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔

اِرْتَهَزَ. لِلاَمْرِ: خوشی سے جھومنا۔

رَهَسَ: (ف) رَهْسًا. الشَّيْءَ: سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔

تَرَهَّسَ. الشَّيْءُ: ہلنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔

اِرْتَهَسَ. القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ اِرْتَهَسَتْ رِجْلاَ الدَّابَّة: رگڑ کھانا۔۔۔۔۔۔الوَادِي: بھر جانا۔۔۔۔۔۔الجَرَادُ: تہ بتہ ہونا۔

اِرْتَهَشَ. الرَّجُلُ: کانپنا۔۔۔۔۔۔القَوْمُ: قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا۔۔۔۔۔۔القَوْسُ: نرم و سست ہونا۔۔۔۔۔۔الفَرَسُ: گھوڑے کا ٹکرانا۔

تَرَهَّشَ. الرَّجُلُ: کریم و سخی ہونا۔ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

الرَّهَش: جانوروں کا اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔

الرَّهِيش. مِنَ التُّرَابِ: گرتی ہوئی مٹی جو نہ رکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ نَاقَة رَهِيشَة: بہت دودھ والی اُونٹنی۔

الرَّاهِشَان: بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔

الرُّهْشَة: کرم۔ حیا۔

الرَّوَاهِش: ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور

قَوْسٌ (مُرِنَّةٌ ومِرْنَانٌ) :بہت آواز کرنے والی کمان۔

المُرْنَی :تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنی میں اس پر الف لام نہیں آتا۔

رَنَأَ :(ف) رَنْأً: آواز کرنا...... اِلَیْہِ: دیکھنا ......فِیْ مِشْیَتِہٖ: گرانبار چلنا۔

الأرْنَبُ :خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لئے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج اَرَانِب (......والیَرْنَبُ) : چھوٹی دم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔

الارْنَبَۃُ. اَرْنَب :کا واحد۔ ناک کا بانسہ۔ "جَدَعَ فُلَانٌ اَرْنَبَۃَ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج اَرَانِب.

نَسِیْجٌ (مُؤَرْنَبٌ ومُرْنَبٌ) :خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔

اَرْضٌ (مُرْنِبَۃٌ ومُؤَرْنَبَۃٌ ومُؤَرْنِبَۃٌ) :بہت خرگوش والی زمین۔

رَنَّحَہٗ تَرْنِیْحًا :کمزور کرنا۔ الرِّیْحُ الغُصْنَ : جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُہٗ حَتّٰی رَنَّحْتُہٗ" : میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بے ہوشی طاری ہوگئی۔

رُنِّحَ. عَلَیْہِ : غشی طاری ہونا۔ فرار یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا۔ صفت (مُرَنَّح)

تَرَنَّحَ وارْتَنَحَ :نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا ......عَلَیْہِ: فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّحَ بِالکَلَامِ عَلَیَّ جَہْلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔

الرُّنَّحُ :چکر۔ دوران سر۔

المَرْنَحَۃُ :جہاز کا اگلا حصہ۔

رَنَخَ :(ن) رَنْخًا :سست ہونا۔

رَنَخَہٗ :خوار و ذلیل ہونا۔

تَرَنَّخَ :خوار و ذلیل ہونا...... بِہٖ : کسی چیز سے لٹک جانا۔

الـرَّنْـدُ :ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔

الرُّنْزُ :چاول۔

رَنَعَ :(ف) رُنُوْعًا :دبلا و لاغر ہونا۔ لَوْنُہٗ: رنگ کا متغیر ہونا...... الـدَّابَّۃُ : جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا...... الرَّجُلُ :کھیلنا۔

رَنَّعَ. رَاسَہٗ :حرکت دینا۔

الـمَرْتَعَۃُ :کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ۔ ارزانی و فراخ سالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِـی المَرْتَعَۃِ لِکُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَۃً" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لئے آسودگی ہے۔

اَرْنَفَ. الرَّجُلُ : تیز چلنا...... البَعِیْرُ :اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا...... النَّاقَۃُ بِاُذُنَیْہَا : اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔

الـرَّانِفُ. مِـنْ کُـلِّ شَـیْئٍ :ہر ایک چیز کا کنارہ۔

الـرَّانِفَۃُ :ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے...... مِنَ الکُمِّ : آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِف اور کہا جاتا ہے "عَـلَـوْا رَوَانِفَ الاَکَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔

رَنَقَ :(ن) رَنْقًا ورُنُوْقًا ورَنِقَ :(س) رَنَقًا. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت (رَنْق ورَنِق ورَنَق)

رَنَّقَ. الـمَاء :پانی کا گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا۔

......القَوْمُ بِالمَکَانِ :اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

......الـطَّـائِـرُ :پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑپھڑانا۔

......النَّوْمُ فِیْ عَیْنَیْہِ : آنکھوں میں نیند بھر آنا۔

......جَنَاحُ الطَّائِرِ :بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا...... عَیْـنَـاہ: بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا...... جِسْمُـہٗ او رَایُہٗ: کمزور ہونا...... الـسَّـفِـیْـنَـۃُ : کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا...... الرَّجُلُ: حیران ہونا۔

المَنِیَّۃُ مِنْہُ :موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ ولا تَعْجَلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرو...... النَّظَرَ اِلَیْہِ: دیر تک دیکھنا۔

اَرْنَقَ. الـمَاءَ :پانی گدلا کرنا...... اللِّوَاءُ : حملہ کرنے کے لئے جھنڈا ہلانا...... اللِّـوَاءُ : جھنڈے کا ہلنا۔

تَرَنَّقَ. المَاءُ :پانی کا گدلا ہونا۔

الرَّنْق :مس۔ جھوٹ۔

الـرَّنْـقَـاء. مِنَ الطَّیْرِ :انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ اَرْضٌ رَنْقَاء: بنجر زمین۔ ج رَنْقَاوَات.

الـرَّنْـقَۃُ :کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَنَایِق: (یہ رنائق کا مقلوب ہے)

الرَّوْنَق :چمک دمک۔ خوبصورتی۔

التَّرْنُوْق والتُّرْنُوْق والتُّرْنُوْقَاء :نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔

الرَّنْکَلَۃُ :ایک مچھلی کا نام۔

رَنِـمَ (س) رَنِـیْـمًـا ورَنْـمًا وتَـرَنَّـمَ :خوش آوازی سے گانا۔

الرَّنَم والرَّنْمَۃُ :ایک قسم کی نباتات۔

الـرُّنُمُ :گانے والی عورتیں۔ خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں اور کہا جاتا ہے "عُوْدٌ رُنُمٌ" بجنے والا بربط۔

رَنَـا (ن) رُنُوًّا ورَنًا. اِلَیْہِ ولَہٗ : ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا...... الـرَّجُلُ :مشغولی قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (......وتَـرَانَـی) عَنْہُ :غفلت برتنا۔

رَنّٰی تَرْنِیَۃً :گانا...... اِلَیْہِ: مشتاق ہونا۔

(......واَرْنَـی) الـحُسْنُ فُلَانًا :تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَـاہ اِلَی الطَّاعَۃِ :کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔

رَانَـاہ :سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَـہٗ شَرَفٌ یُرَانِی الکَوَاکِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے۔

آلودہ کرنا۔ (...... رَمَلًا وَرَمَلَانًا وَمَرْمَلًا): کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔

رَمَّلَتْ. المَرْأَةُ مِنْ زَوْجِهَا: عورت کا بیوہ ہونا...... النَّسِيْجَ: باریک بُنا...... الكَلَامَ: کلام کو گھٹیا قرار دینا...... الخَطَّ: خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا...... الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے کا خون سے لتھڑنا۔

أَرْمَلَ. القَوْمُ: توشہ ختم ہونا۔ محتاج ہونا۔ زَادَهُمْ: توشہ ختم کرنا...... المَرْأَةُ: بیوہ ہونا۔ الحبل: رسی دراز کرنا...... السَّهْمُ بِالدَّمِ: تیر کا خون سے آلودہ ہونا...... النَّسِيْجَ: باریک بُنا۔

تَرَمَّلَتْ. المَرْأَةُ: عورت کا بیوہ ہونا۔

تَرَمَّلَ وَارْتَمَلَ بِالدَّمِ: خون سے آلودہ ہونا۔

الرَّمْل: ریت۔ رَمْلَةٌ: اس سے خاص ہے ج رِمَال وَأَرْمُل عِلْمُ الرَّمْل: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔ اُمُّ رِمَال بجو۔

الرَّمَل: تھوڑی بارش۔ زیادتی۔ گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام۔ فن موسیقی کا ایک راگ۔

الرَّمْلَة: زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔

الرُّمْلَة: کالی دھاری ج رُمَل وَأَرْمَال.

الأَرْمَل: مسکین۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ رنڈوا۔ ج أَرَامِل وَأَرَامِلَة: مؤنث أَرْمَلَة. عَامٌ أَرْمَل: کم بارش والا سال۔

الأَرْمَلَة: ضعیف و محتاج لوگ۔

سَنَةٌ (رَمْلَاءُ): کم بارش والا سال۔ نَعْجَةٌ رَمْلَاءُ: بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو۔

الرَّمَّال: ریت بیچنے والا۔

المِرْمَل: چھوٹی بیڑی۔

المُزْمِل والمُزَمِّل: شیر۔

الرُّمَّان: انار۔ انار کا درخت۔ واحد (رُمَّانَة)

الرُّمَّانَة: ناف اور اس کا ارد گرد۔

المَرْمَنَة: انار اُگنے کی جگہ۔

رَمِهَ: (س) رَمَهًا. اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

رَمَى: (ض) رَمْيًا وَرِمَايَةً. الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ: پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "رَمَى السَّهْمَ عَنْ أَوْعَلَى القَوْسِ: تیر کو کمان سے پھینکنا...... المَكَانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا...... اللّٰهُ لَهُ: مدد کرنا۔ رَمَاهُ بِكَذَا: عیب لگانا۔ تہمت لگانا اور کہا جاتا ہے "رَمَى بِحَبْلِهِ عَلَى غَارِبِهِ" اس نے اس کی رسی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا۔ "رَمَى عَلَى الخَمْسِيْنَ: زائد ہونا...... المَالُ: بہت ہونا۔ رَمَى بِهِ عَلَى البَلَدِ: حاکم و والی بنانا۔

أَرْمَى إِرْمَاءً. الشَّيْءَ مِنْ يَدِهِ: پھینکنا۔ ......ه عَنْ فَرَسِهِ: گھوڑے سے گرا دینا۔ أَرْمَى عَلَى الخَمْسِيْنَ: زائد ہونا۔ أَرْمَتْ بِهِ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔

رَامَاهُ مُرَامَاةً وَرِمَاءً وَتَرْمَاءً: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا۔ رَامَى عَنْ قَوْمِهِ: تیر اندازی کرنا۔

تَرَامَى تَرَامِيًا. القَوْمُ: بعض کا بعض پر تیر اندازی کرنا اور پتھراؤ کرنا...... الأَمْرُ: تاخیر ہونا۔ ...... السَّحَابُ: بعض کا بعض سے مل جانا۔ تَرَامَتْ بِهِ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔ تَرَامَى الشَّيْءُ: لگاتار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ الشَّرُّ يَتَرَامَى بَيْنَهُمْ" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا۔ "وتَرَامَى أَمْرُهُ إِلَى الظَّفَرِ أو الخُذْلَانِ": اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہنچ گیا۔

اِرْتَمَى اِرْتِمَاءً: پھینکا جانا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ فَارْتَمَى" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا...... الصَّيْدَ: شکار پر تیر مارنا۔ اِرْتَمَتْ بِهِ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔ اِرْتَمَيَا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔

تَرَمَّى: تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔

الرِّمْي: پتھر پھینکنے کی آواز۔

الرَّمَاء: زیادتی۔ ربوا۔ سود۔

الرَّمْيَة: زیادتی "لِيْ هٰذَا رَمْيَةٌ عَمَّا قِيْلَ لِيْ" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اس میں زیادتی ہے۔ و"هُوَ صَاحِبُ رَمْيَةٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔ رَمَى کا اسم مرۃ اور عرب کا قول "رَمْيَةٌ مِنْ غَيْرِ رَامٍ" مثال ہے' اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔

الرَّامِي: فا۔ ج رُمَاة وَرَامُوْن: ایک ستارہ کا نام۔

الرَّامِي او قَبْ سِيَام: بجگ۔

الرَّمِيُّ: سخت بارش برسانے والا۔ بادل۔ ج أَرْمَاء وَأَرْمِيَة وَرَمَايَا.

الرَّمِيَّة: شکار جس پر تیر پھینکا جائے۔ ج رَمَايَا.

المِرْمَى: تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج مَرَامٍ.

المِرْمَاة: چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔

المَرْمَى: مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلَامُ بَعِيْدُ المَرَامِي": یہ کلام دور رس ہے۔ "وَمَا أَبْعَدَ مَرْمَى هِمَّتِهِ" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے۔ "وَلَهُ هِمَّةٌ قَصِيَّةُ المَرْمَى" اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔

رَنَّ: (ض) رَنِيْنًا وَأَرَنَّ: رونے میں آواز بلند کرنا۔ فریاد کرنا۔ رَنَّ وَأَرَنَّ إِلَيْهِ: کان لگانا۔ رَنَّتْ وَأَرَنَّتْ القَوْسُ: آواز کرنا (رَنَّ وَأَرَنَّ وَاسْتَرَنَّ) لِكَذَا: کھیل کود کرنا۔

رَنَّنَ. القَوْسَ: آواز نکالنا (...... تَرْنِيْنًا وَتَرْنِيْنَةً): چیخنا۔

الرَّنَّة: آواز مطلقاً یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔

الرَّنِيْن: آواز مطلقاً یا غمگین آواز۔

الرَّنَن: تھوڑا پانی۔ ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔

رکھ کر کو ٹنا...... ورَمَّضَ وأرْمَضَ) الغَنَمَ: گرم زمین میں چرانا۔ ورَمَّضَ الصَّوْمَ: روزہ کی نیت کرنا۔ رَمَّضَ الرَّجُلَ: کچھ انتظار کرکے چلا جانا۔ وأَرْمَضَ الشَّیْئَ: جلانا۔ أَرْمَضَ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ دکھ دینا۔ أَرْمَضَ الحَرُّ القَوْمَ: گرمی تیز ہونے سے تکلیف پہنچنا...... الاَمْرُ فُلانًا: غصہ سے جلانا۔

تَرَمَّضَ. الصَّیْدَ: سخت گرم جگہ میں شکار کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

اِرْتَمَضَ. مِنَ الحُزْنِ: غم سے جل اٹھنا...... لِفُلانٍ: کسی کے لئے غمگین ہونا...... کَبِدُہ: خراب ہونا...... الفَرَسُ بِهٖ: کودنا۔

الرَّمَضُ: مص۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو۔

الرَّمَضِیُّ. مِنَ السَّحَابِ والمَطَرِ: گرمی کے آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل۔

رَمَضَان: قمری مہینوں کا نواں مہینہ۔ ج رَمَضَانَات ورَمَاضِیْن وأَرْمِضَاء وأَرْمِضَة.

الرَّمْضَاء: گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔

الرَّمَاضَة: ہر چیز کی تیزی۔

الرَّمِیْض والرَّمِیْضَة. مِنَ النِّصَالِ: تیز بھالا۔

رَمَظَهٗ: (ض) رَمْظًا: عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔

رَمَعَ: (ف) رَمَعَانًا. اَنْفُه: غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔ صفت (رَمِعٌ)...... عَیْنُهٗ بِالدُّمُوْعِ: آنسو بہانا...... بِیَدِہٖ: ہاتھ سے اشارہ کرنا...... رَاْسَهٗ: سر ہلانا۔ رَمَعَتِ المَرْاَۃُ بِالصَّبِیِّ: عورت کا بچہ جننا (...... رَمْعًا ورَمَعَانًا) الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

رَمِعَ وأُرْمِعَ. السَّاقِی: شراب پلانے والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا۔

رُمِعَتْ. المَرْاَۃُ بِالصَّبِیِّ: عورت کا بچہ جننا۔

تَرَمَّعَ: غصہ سے کانپنا۔

الرَّامِعُ: فا۔ سر کو جھکا کر اٹھانے والا۔

الرُّمْعَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رُمْعَةٌ مِنْ نَبْتٍ": گھاس کا ایک قطعہ۔

الرَّمَّاعَة: دبر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے۔

الیَرْمَعُ: پھرکی۔ سفید چمکتی ہوئی کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ ج یَرَامِع کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ یَفُتُّ الیَرْمَعَ" میں نے اس کو کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا۔ یعنی وہ مغموم و شکستہ دل تھا۔

المُرْمِعَة: بیابان۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی بِمُرْمِعَاتِ الاَخْبَارِ" وہ جھوٹی خبریں لایا۔

الرُّمَاع: ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ سے وہ پلا نہ سکے یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ زرد پڑ جائے۔

رَمَغَ: (ف) رَمْغًا. الشَّیْئَ: چمڑے وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔

رَمَّغَ. رَاْسَهٗ: سر پر تیل لگانا...... الکَلَامَ: گفتگو میں نمک مرچ لگانا...... الطَّعَامَ: سالن سے تر کرنا۔

رَمَقَهٗ: (ن) رَمْقًا: جھجکتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔

رَمَّقَ: دیر تک دیکھنا...... الکَلَامَ: گھڑنا۔ باطل سے آراستہ کرنا...... العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا...... ہ بِالشَّیْئِ: کسی کی آخری سانس کو کسی چیز کے ذریعہ بچا لینا۔

رَامَقَ مُرَامَقَةً. العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا...... الرَّجُلَ: شر سے بچنے کے لئے سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِہِ النَّخْلَةُ تُرَامِقُ بِعِرْقٍ" یعنی یہ درخت خرما نہ بڑھتا ہے نہ ہی مرجھاتا ہے۔

تَرَمَّقَ. المَاءَ واللَّبَنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔

اِرْمَقَّ وارْمَاقَّ. الشَّیْئُ: کمزور ہونا۔ پتلا ہونا۔

اِرْمَاقَ الرَّجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔

اِرْمَقَّ الطَّرِیْقُ: راستہ کا دراز ہونا۔

عَیْشٌ (رَمِقٌ ورِمَاقٌ): تنگ زندگی۔

الرِّمَاق: نفاق و دشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔

الرَّمَق: بقیہ زندگی۔ مِنَ العَیْشِ: تھوڑا گزارہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے۔ ج اَرْمَاق. الرَّمَق: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی کا معرب)

الرُّمْقَة والرَّمَاق والرِّمَاق. مِنَ العَیْشِ: تھوڑا گزارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لایموت۔

الرَّامِق والرَّمُوْق: فقیر۔ حاسد۔ ج رُمُق.

رَجُلٌ (رُمُقٌ): کمزور مرد۔

المُرْمَقُ والمُرْمَقُّ. العَیْشِ: تنگ گزارہ والا۔

المُرَامِق: بدخلق۔ تھوڑی محبت والا۔

الیَرْمُوْق: کمزور نظر والا۔

حبلٌ (اَرْمَاق): کمزور رسی۔

رَمَکَ: (ن) رُمُوْکًا. بِالمَکَان: اقامت کرنا...... الاِبِلُ عَلَی المَاءِ: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا، ٹھہرنا۔

اَرْمَکَهٗ. بِالمَکَان: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔

اِرْمَکَّ اِرْمِکَاکًا: دبلا پتلا ہونا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْمَکُ): وصفت مؤنث رَمْکَاءُ ج رُمْکٌ.

اِسْتَرْمَکَ. القَوْمُ: حسب میں عیب دار ہونا۔

الرَّامِکُ والرَّامَکُ: ایک قسم کی خوشبو۔

الرَّمَکَة: گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لئے رکھی جائے۔ ج رَمَکٌ ورِمَاکٌ ورَمَکَات وأَرْمَاکٌ رَجُلٌ رَمَکَةٌ: کمزور مرد۔

الرُّمْکَة: اونٹوں میں خاکستری رنگ۔

رَمَلَ (ن) رَمْلاً. الطَّعَامَ: کھانے میں ریت ملانا...... النَّسِیْجَ: باریک بننا...... السَّرِیْرَ: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے کو خون سے لتھیڑنا۔

الرَمِد : آشوبِ چشم والا......مِنَ المِيَاهِ : متغیر پانی......مِنَ الثِيَابِ : میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمِدَةٌ.

الاَرْمَد : آشوبِ چشم والا۔ خاکستری رنگ کا۔ ثَوْبٌ اَرْمَد : میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاء. الرَمْدَاء : شتر مرغ۔ ج رُمْدٌ.

الرَمَاد : راکھ۔ ج اَرْمِدَة اور عرب کا قول "هُوَ يَنْفُخُ فِيْ رَمَادٍ" : مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے۔

الرَمَادَة : ہلاکت۔

الرِمْدَة : تھوڑی سی چیز۔

الرُمْدَة : خاکستری رنگ۔

الرَمَادِیُّ : خاکستری رنگ کا۔

الرِمْدِدَاء والاِرْمِدَاء : خاکستر۔ راکھ۔

المُرْمَدُ والمُرْمَدُّ : آشوبِ چشم والا۔

المُرَمَّد : گرم راکھ میں بھونا ہوا۔

رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا. اِلَيْهِ : اشارہ کرنا۔ ......ہ بِكَذَا : برانگیختہ کرنا......القِرْبَةَ : مشک بھرنا۔

رَمَزَ : (ن) رَمَزَانًا. الظَبْیُ : ہرن کا چھلانگ مارنا......غَنَمَهٗ : ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا۔

رَمُزَ : (ک) رَمَازَةً : بہت حرکت کرنا۔ عقل مند ہونا۔ بزرگ و شریف ہونا۔

تَرَمَّزَ وارْتَمَزَ : تیار رہنا......مِنَ الضَرْبَةِ : مار سے تلملا اٹھنا......القَوْمُ : اٹھنے کے لئے یا خصومت کے لئے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا۔

اِرْمَأَزَّ اِرْمِئْزَازًا. الرَجُلُ : جگہ سے ہٹنا' جگہ سے چمٹے رہنا (ضد) منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔

تَرَامَزَ. القَوْمُ : ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ عَلَيْهِم فَتَغَامَزُوْا وتَرَامَزُوْا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے۔

الرَمْز والرُمُز والرَمَز : اشارہ۔ ج رُمُوْز.

الرَمِيْز : مکرم و معظم۔ اصیل۔ عقل مند۔ بہت حرکت کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَمِيْزُ الفُؤَادِ" : تنگ دل مرد۔

الرَمَّازَة : دبر۔ زانیہ۔ رنڈی۔ بڑا الشکر۔

الرَّامِز. مِنَ الاِبِل : پوری قوت والا اونٹ ......اِبِلٌ (مَرَامِيْزُ) : بہت حرکت کرنے والا اونٹ۔

اَلرَّمْزِيَّةُ : شعری مسلک جو کہ اشاروں کے ساتھ چیزوں اور ان کے ہم جنس کے درمیان تشبیہ دیتے ہیں۔

الرَامُوْز : سمندر۔ اصل۔ نمونہ۔ ج رَوَامِيْز.

الرُمَيْز : چھری۔

رَمَسَهٗ : (ض ن) رَمْسًا : ڈھانپنا۔ دفن کرنا ......الخَبَرَ : چھپانا۔ اَلقَبْرَ : قبر پر مٹی ہموار کرنا۔ ......ہ بِالحَجَرِ : کسی پر پتھر پھینکنا۔ صفت مفعولی (رَمِيْس ومَرْمُوْس)

اَرْمَسَ. المَيْتَ : دفن کرنا۔

اِرْتَمَسَ. فِيْ المَاءَ : پانی میں ڈوبنا۔

الرَمْس : مص قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو۔ قبر کی مٹی۔ پست آواز۔ ج رُمُوْس واَرْمَاس.

الرَوَامِس : رات میں اڑنے والے پرندے۔ ہر جانور جو رات کو نکلے۔ واحد (رَامِس)

(......والرَامِسَات) : نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں۔

الرَامُوْس : قبر۔ ج رَوَامِيْس.

المَرْمَس : قبر کی جگہ۔

رَمَشَ : (ن ض) رَمْشًا. الشَیْءُ : انگلیوں سے پکڑنا۔ رَمَشَتِ الغَنَمُ : بکریوں کا تھوڑا چرنا......ہ بِالحَجَرِ : کسی کو پتھر مارنا......ہ بِيَدِهٖ : ہاتھ سے چھونا۔

اَرْمَشَ. الشَجَرُ : درخت پر پتے آنا۔ پھلدار ہونا......الرَجُلُ : کمزوری و سستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنا......فِي الدَمْع : تھوڑے آنسو بہانا۔

الرَمَش : پلکوں کی سرخی سیلان آب کے ساتھ۔ پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا۔

الرُمْش : نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی۔

الرَمَش : مص۔ پھولوں کا دستہ۔ رَمَشُ العَيْنِ : پلک۔

الاَرْمَش : خوبصورت بناوٹ والا۔ مؤنث رَمْشَاء. ج رُمْش (......والمُرَمَّش) : چندھی آنکھوں والا۔ الاَرْمَش : مختلف رنگوں والا۔

اَرْضٌ (رَمْشَاء) : بہت گھاس والی زمین۔ خشک بے گھاس کی زمین (ضد)

المِرْمَاش : دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا۔ ج مَرَامِيْش.

رَمَصَ : (ن) رَمْصًا. اَللّٰهُ مُصِيْبَتَهٗ : مصیبت کو دفع کرنا۔ دور کرنا......بَيْنَهُمْ : صلح کرانا ......الشَیْءَ : ٹٹولنا......اِلَيْهِ : کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا......الدَجَاجَةُ : بیٹ کرنا۔ صفت (رَمُوْص) ...... البَائِعُ : بچہ جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ اُمًّا رَمَصَتْ بِهٖ" : برا کرے اللہ اس ماں کے لئے جس نے اس کو جنا ہے۔

رَمِصَتْ : (س) رَمَصًا. عَيْنُهٗ : کیچڑ بہنا۔ صفت مذکر (اَرْمَص) : صفت مؤنث (رَمْصَاء) : ج رُمْص. رَمِصَ الرَجُلُ : کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا۔

الرَمَص : مص۔ آنکھ کا کیچڑ۔

رَمِضَ (س) رَمَضًا. النَهَارُ : دن کا سخت گرم ہونا......الشَمْسُ : ریت وغیرہ پر سخت دھوپ پڑنا......الرَجُلُ : گرم زمین سے پاؤں جلنا۔ ......الطَائِرُ : پیاس کی تیزی سے پرندہ کے جوف کا گرم ہونا......عَيْنُهٗ : گرم ہو کر جل اٹھنا ......لِلاَمْرِ : غصہ سے جل اٹھنا۔

رَمَضَ : (ن ض) رَمْضًا. النَصْلَ : باریک ہونے کے لئے وہ ہموار پتھروں کے درمیان

الرَّمُّ : مغز اور کہا جاتا ہے "مَالِي مِنْهُ حُمٌّ وَلَا رَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے ۔ و "مَالَهُ حُمٌّ وَلَا رَمٌّ" : یعنی اس کے پاس کچھ نہیں

الرِّمُّ : نمناک مٹی ۔ گودا ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ وَالرِّمِّ" وہ بری و بحری چیزیں یا خشک و تر چیزیں یا مٹی و پانی یا بہت مال لے کر آیا ۔

الرُّمُّ : جم ۔ جماعت ۔

الرَّمَّاءُ مِنَ النِّعَاجِ : سفید بھیڑ ۔

الرُّمَّةُ : پرانی رسی کا ٹکڑا ۔ ج رُمَم اور کہا جاتا ہے "أَعْطَاهُ الشَّيْءَ بِرُمَّتِهِ" اس نے اس کو سب کچھ دے دیا ۔

الـــرِّمَّةُ : پرانی رسی کا ٹکڑا ۔ پردار چیونٹی ۔ بوسیدہ ہڈی ۔ ج رِمَم و رِمَام.

الرَّامَّةُ مِنَ الجَوَارِي : بہتر کار پرداز و ماہر لڑکی ۔ ج رُمَّم.

حَبْلٌ (رِمَامٌ وَأَرْمَامٌ وَرِمَمٌ) : پرانی و بوسیدہ رسی ۔

الرَّمِيمُ وَالرُّمَامُ : بوسیدہ ۔

الرُّمَامَةُ : بقدر ضرورت گزارہ ۔ کہا جاتا ہے "اِكْتَفَى بِالرُّمَامَةِ" اس نے بقدر ضرورت گزارہ پر کفایت کی ۔

المَرَمَّةُ وَالمِرَمَّةُ : کھر دار جانور کا ہونٹ ۔

المُرِمَّاتُ : مصیبتیں ۔

رَمَأَ : (ف) رَمْأً وَرُمُوءًا. بِــالمَكَانِ : اقامت کرنا ...... الـــخَبَــرَ : گمان کرنا اور اندازہ کرنا (...... وَأَرْمَأَ) عَلَى المِائَةِ : زائد ہونا ۔ أَرْمَأَ إِلَيْهِ : قریب ہونا ۔

مُرَمَّاتُ الأَخْبَارِ : جھوٹی خبریں ۔

رَمَثَهُ : (ن) رَمْثًا : درست کرنا ۔ ہاتھ سے پونچھنا ۔ چرانا ۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا ۔ مخلوط کرنا ۔

رَمِثَ : (س) رَمَثًا. الْبَعِيرُ : رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا ۔ أَمْرُهُمْ : گڈمڈ ہونا ۔ مخلوط ہونا ۔

رَمِثَ (س) عَلَى المِائَةِ : زائد ہونا ۔ (...... وَأَرْمَثَ) الحَالِبُ فِي الضَّرْعِ : تھن میں کچھ دودھ چھوڑ دینا ۔

أَرْمَثَ وَاسْتَرْمَثَ. فِي مَالِهِ : باقی رکھنا ۔

أَرْمَثَ الشَّيْءَ : نرم کرنا ۔

الرِّمْثُ : غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام ۔ ایک قسم کی شور و تلخ گھاس جس کو اونٹ چرتے ہیں ۔ پرانے کپڑوں والا مرد ۔ کمزور پیٹھ والا ۔

الـــرَّمَـــثُ : تھن کا بقیہ دودھ ۔ دریا کے عبور کرنے کے لئے لکڑیوں کا تختہ ۔ زیادتی ۔ فضیلت ۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ رَمَثٌ" : فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے ۔ پرانی رسی ۔ ج أَرْمَـــاث و رِمَـــاث اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ أَرْمَاثٌ" پرانی رسی ۔

الرُّمْثَةُ : دھونے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ ۔

الـــرَّمْثَاءُ وَالمَـــرْمَثَةُ : رمث گھاس اگانے والی زمین ۔

الرَّمَاثَةُ : مادہ نکل گائے ۔

رَمَجَ : (ن) رَمْجًا. الطَّائِرُ : پرندہ کا بیٹ کرنا ۔

رَمَّجَ. الكَاتِبُ : لکھنے کے بعد خراب کرنا ۔

رَامِـــجٌ : فا ۔ پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تا کہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں یا الو کہ اس کے پر باندھ دیتے ہیں تا کہ اس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں ۔

الرِّمَاجُ : نیزے کی گرہیں اور پورے ۔

رَمَحَ : (ف) رَمْحًا : نیزہ مارنا ۔ رَمَحَتْهُ الدَّابَّةُ : جانور کا لات مارنا ۔ رَمَحَ البَرْقُ : بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا ۔

رَامَحُوا : باہم نیزہ بازی کرنا ۔

تَرَامَحَ. القَوْمُ : ایک دوسرے کو نیزہ مارنا ۔

الرُّمْحُ : نیزہ ۔ ج رِمَاح وَأَرْمَاح کہا جاتا ہے "كَسَرُوا بَيْنَهُمْ رُمْحًا" یعنی ان کے درمیان شر و فساد واقع ہو گیا ۔ و "رُمِينَا بِيَوْمٍ كَظِلِّ الرُّمْحِ" : یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا ۔ و "هُمْ عَلَى بَنِي فُلَانٍ كَرُمْحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلان کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں ۔ و "أَصْلَتَتِ الإِبِلُ رِمَاجَهَا" یعنی اونٹنیاں موٹی ہو گئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انہوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچا لیا ۔ الرُّمْحُ : فقر و فاقہ ۔

الـــرَّامِحُ : نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذِي كَذَا : ہے اور اس کے لئے فعل نہیں)

ثَوْرٌ رَامِحٌ : سینگوں والا بیل ۔ السِّـــمَـــاكُ الرَّامِحُ : ایک ستارہ کا نام ۔

الـــرَّمَّـــاحُ : نیزہ ساز ۔ نیزہ لینے والا ۔ ج رَمَّاحَة وَالرَّمَّاحَةُ مِنَ القِسِيِّ : زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان ۔

الرِّمَاحَةُ : نیزہ سازی ۔

دَابَّةٌ (رَمَّـــاحَةٌ وَرَمُوحٌ) : بہت کاٹنے والا جانور ۔

أَرْمَخَ. الرَّجُلُ : نرم و تابع ہونا ۔

أَرْمَخَتِ الدَّابَّةُ : چوپائے کے دانت نکلنا ۔ موٹا ہونا ۔

الرِّمْخُ : بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں ۔

رَمَدَ : (ض) رَمْدًا وَرَمَـــادَةً : سردی سے ہلاک ہونا ۔ (ن ض) (رَمْدًا) القَوْمَ : قوم پر پہنچ کر ہلاک کر دینا ۔

رَمِدَتْ : (س) رَمَدًا. العَيْنُ : آنکھ دکھنا ...... الـــرَّجُلُ : آشوب چشم والا ہونا ۔ رَمِدَ عَيْشُ القَوْمِ : ہلاک ہونا ۔

رَمَّـــدَ. الشَّيْءَ : راکھ میں ڈالنا ۔ رَمَّدَتِ النَّاقَةُ : تھن والی ہونا ۔

أَرْمَدَ : محتاج ہونا ...... الـــقَوْمُ : قحط و خشک سالی میں پڑنا ۔ قوم کے مویشیوں کا ہلاک ہونا ۔ ...... الـــعَيْنَ : مبتلائے آشوب چشم والا کرنا ۔

أَرْمَدَهُ : راکھ جیسا کر دینا ۔ ہلاک کر دینا ۔

اِرْمَدَّ. الشَّيْءُ : خاکستری رنگ کا ہونا ۔ ...... العَيْنُ : آنکھ کا دکھنا ...... فُلَانٌ : شتر مرغ کی طرح دوڑنا ۔

الـــرَّمَدُ : آشوب چشم ۔ آنکھ کا دکھنا ۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کے لئے تکلیف دہ ہو ۔

پشت خم کرنا۔۔۔۔۔۔ إِلَى اللّٰه : اللہ کے سامنے پست ہونا۔۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ : تونگری کے بعد محتاج ہونا۔ اوندھا ہونا و پھسلنا۔

رَكَّعَهٗ وأَرْكَعَهٗ : جھکوانا۔

الرَّاكِع : فا۔ سر جھکانے والا۔ ج رَاكِعُوْن ورُكَّع ورُكُوْع.

الرُّكْعَة والرَّكْعَة : زمین کا گڑھا۔ الرَّكْعَة. رَكَع: کا اسم مرۃ۔

رَكَلَه (ن) رَكْلاً ورَكْلَه : لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَلَ الفَرَسَ" اس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لئے ایڑ لگائی۔

رَكَلَتِ الْخَيْلُ الأَرْضَ : زمین پر سم مارنا۔

رَاكَلَ. صَاحِبَه : ایک دوسرے کو لات مارنا۔

تَرَاكَلَ. القَوْمُ : باہم لات مارنا۔

تَرَكَّلَ. الحَافِرُ بالمِسْحَاةِ وعَلَيْهَا : پاؤں سے زمین میں دھنسانا۔ تَرَكَّلَتِ الأَرْضُ: کھروں سے کھدنا۔

الرَّكَل : گندنا۔ و (الرَّكَّالُ): گندنا فروش۔

الرَّكْلَة : رکل کا اسم مرۃ۔ ساگ کا گٹھا۔

المَرْكَل : راستہ۔ جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ۔ ج مَرَاكِل: تم کہتے ہو "فَرَسٌ نَهْدُ المَرَاكِل" : بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔

المِرْكَلُ : سوار کا پیر۔ ج مَرَاكِل.

رَكَمَ : (ن) رَكْمًا. الشَّيْءَ : تہ بتہ کرنا۔ ڈھیر لگانا۔ تَرَاكَمَ وارْتَكَمَ. الشَّيْءُ : ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاكَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں موٹا ہو گیا۔

الرَّكَم : تہ بتہ بادل۔

الرُّكْمَة : کیچڑ کا ڈھیر۔

الرُّكَام : تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر۔

قَطِيْعٌ. رُكَام : بڑا ریوڑ۔

الرَّكِيْمَةُ (اللَّبَنِيَّة) : اٹمی مواد پیدا کرنے کا آلہ۔

المِرْكَمُ : بجلی بھرنے کا آلہ۔

مُرْتَكِمُ. الطَّرِيْق : شاہراہ۔

المَرْكُوْم : مثلاً۔ سَحَابٌ مَرْكُوْمٌ : تہ بتہ بادل۔ نَاقَةٌ مَرْكُوْمَةٌ : موٹی اونٹنی۔

رَكَنَ (ن) ورَكِنَ (س) رُكُوْنًا. إِلَيْهِ: مائل ہونا۔ آرام لینا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا۔

رَكُنَ : (ک) رَكَانَةً ورُكُوْنَةً : صاحب وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔

أَرْكَنَ. إِلَيْهِ : بھروسہ کرنا۔

تَرَكَّنَ : مضبوط و صاحب وقار ہونا۔

الرُّكْن : باعث تقویت۔ عزت و قوت و غلبہ۔ بڑا معاملہ۔۔۔۔۔۔ مِنَ الشَّيْءِ : جز۔ ہر چیز کا قوی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رُكْنٌ مِنْ أَرْكَانِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے۔ رُكْنُ الرَّجُل : آدمی کی قوم۔ ج أَرْكَان وأَرْكُن. الأَرْكَان : اجسام بسیط جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں۔ آگ، پانی، ہوا اور مٹی۔

الرَّكْن : چوہا۔ جنگلی چوہا۔

أَرْكَانُ الحَرْبِ : فوجی قیادت کے قائدین۔ وہ جگہ جہاں فوجی قائدین رہائش پذیر ہوں۔

الرَّكِيْن : ثابت قدم۔ سنجیدہ۔ باوقار۔

الرَّكِيْنُ مِنَ الجِبَالِ : بلند اطراف والا پہاڑ۔

الرُّكَيْن : چوہا۔ جنگلی چوہا۔

الأُرْكُوْن : رئیس۔ بڑا کسان۔ ج أَرَاكِنَة: (کلمہ یونانیہ ہے)

المِرْكَن : لگن۔ کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب۔ ج مَرَاكِن.

المُرْكَنُ : بڑا لگن۔ نَاقَةٌ مُرْكَنَةٌ : بڑے تھنوں والی اونٹنی۔

رَكَا : (ن) رَكْوًا. الأَرْضَ: کھودنا۔ الحَوْضَ : حوض کو بنا کر تیار کرنا۔۔۔۔۔۔ الأَمْرَ: درست کرنا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: باندھنا۔۔۔۔۔۔ الأَمْرَ: مؤخر کرنا۔۔۔۔۔۔ الحِمْلَ عَلَى البَعِيْرِ : بوجھ دو چند لادنا۔۔۔۔۔۔ بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔۔۔۔۔۔ عَلَى فُلَانٍ: برائی بیان کرنا۔

أَرْكَى إِرْكَاءً. الأَرْضَ : کھودنا۔ الحَوْضَ: حوض کو تیار کرنا۔۔۔۔۔۔ الأَمْرَ: مؤخر کرنا۔۔۔۔۔۔ عَلَيْهِ : برائی بیان کرنا۔۔۔۔۔۔ إِلَيْهِ : پناہ لینا۔۔۔۔۔۔ لَهُمْ جُنْدًا : کسی کے لئے فوج تیار کرنا۔

رَاكَى. عَلَى الأَمْرِ : کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔

تَرَكَّى وارْتَكَى. عَلَيْهِ : کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔

الرَّكْوَة. بتثلیث الرَّاء : چھوٹی ڈولچی۔ وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کے لئے نیچے رکھیں۔ الرِّكْوَة: چھاگل ج رِكَاء ورَكَوَات.

الرَّكِيَّة: پانی والا کنواں۔ ج رَكَايَا ورَكِيّ.

المُرْتَكِي والمُرَاكِي: ہمیشہ رہنے والا۔

المَرْكُوُّ : کنوئیں کا چوبچہ۔ بڑا حوض۔

الرَّكِيّ : ضعیف و سست۔

رَمَّ : (ن ض) رَمًّا ومَرَمَّةً. البِنَاءَ أو الأَمْرَ : درست کرنا۔ مرمت کرنا۔۔۔۔۔۔ السَّهْمَ بِعَيْنِهٖ : تیر کو دیکھنا اور اسے ہموار کرنا۔۔۔۔۔۔ البَهِيْمَةُ : چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ : کھانا۔

رَمَّ : (ض ن) رِمَّةً ورَمًّا ورَمِيْمًا. العَظْمُ : ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِيْم) ج أَرْمَاء

رَمَّ الحَبْلُ : رسی کا ٹوٹنا۔

أَرَمَّ. العَظْمُ : بوسیدہ ہونا۔ بے مغز ہونا۔ أَرَمَّ إِلَى اللَّهْوِ: کھیل کی طرف مائل ہونا۔۔۔۔۔۔ القَوْمُ : خاموش ہونا۔

رَمَّمَ. البِنَاءَ : عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔

تَرَمَّمَ. الشَّيْءَ : کسی چیز کی اصلاح و درستی کے درپے ہونا۔۔۔۔۔۔ العَظْمَ : ہڈی سے گوشت چھڑا لینا۔

إِرْتَمَّتْ. البَهِيْمَةُ : چوپائے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ إِرْتَمَّ مَا عَلَى الخِوَانِ : کھا کر دسترخوان کا سب کچھ صاف کر دینا۔

إِسْتَرَمَّ. البِنَاءُ : عمارت کا قابل مرمت ہونا۔۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ : کسی چیز کی درستی کے لئے بلانا۔

كَرِيْمُ المُرْكَبِ" فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے "الجَهْلُ المُرَكَّبُ" باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔

المَرْكُوْب: مطیع۔ سواری۔ ج مَرَاكِيب.

رَكَحَ: (ف) رَكْحًا وارْتَكَحَ. عَلَى الشَّيْءِ وإلَيْهِ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا (...... رُكُوْحًا) إلَيْهِ: مائل ہونا۔

أَرْكَحَ. عَلَيْهِ: سہارا لینا...... ہ إلَيْهِ: ٹیک لگانا۔ کہا جاتا ہے "أَرْكَحْتُ إلَيْهِ ظَهْرِيْ" میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔

تَرَكَّحَ. فِي المَعِيْشَةِ: حصول معیشت کے لئے تصرف کرنا...... فِي الدَّارِ: فراخی و کشادگی کرنا...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا، ٹھہرنا۔

الرُّكْح: پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُكُوْح.

أرْكَاحُ الأرْكَاحِ: راہبوں کے مکانات۔

الرُّكْحَة: گھر کا صحن۔ ج رُكَح

الرَّكْحَاء: سخت بلند زمین۔

جَفْنَة (مُرْكِحَة): ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔

رَكَدَ: (ن) رُكُوْدًا. المَاءُ او الرِّيْحُ: ٹھہرنا۔

...... المِيْزَانُ: ترازو کا برابر ہونا۔ عَصِيْرُ العِنَبِ: جوش ٹھنڈا پڑنا...... العَكَرُ والثُّفْلُ: تلچھٹ بیٹھنا...... الشَّمْسُ: بالکل سر پر آ کر ٹھہر جانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَدَتْ رِيْحُهُم" یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔

الرَّاكِد: قائم۔ ٹھہرا ہوا۔

الرَّكُوْد: بھرا ہوا پیالہ۔ ہمیشہ دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَرَاكِد: ٹھہرنے کی جگہیں۔

رَكْرَكَ. الشَّيْءُ: کمزور ہونا...... الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بِهِ رَكْرَكَةٌ" وہ ہر چیز میں کمزور ہے۔

رَكَزَ: (ن ض) رَكْزًا. الرُّمْحَ ونَحْوَهُ: زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا...... العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔

رَكَّزَ. الرُّمْحَ: گاڑنا۔

أَرْكَزَ. المَعْدِنُ: دھات والا ہونا۔

الرَّجُلُ: کان پانا۔

إرْتَكَزَ. العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔

الشَّيْءُ: اپنی جگہ میں برقرار رہنا...... عَلَى العَصَا: لاٹھی پر سہارا لینا۔

الرِّكْز: دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا و فیاض آدمی۔

الرَّاكِزُ: صاحب وقار و سنجیدہ آدمی۔

الرِّكْزَة: حزم۔ حکمت۔ ثبات۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُهُ فَمَا رَأَيْتُ لَهُ رِكْزَةً" میں نے اس سے گفتگو کی تو اس کے اندر میں نے عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا۔ الرِّكْزَة: چاندی یا سونے کا بڑا ٹکڑا۔ کھجور کا درخت جو جڑ سے اکھیڑ لیا جائے۔

الرَّكِيْزَة: زمین کے اندر دفن کئے ہوئے جواہر۔ ج رَكَائِز.

الرِّكَاز: زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی دھاتیں۔ واحد (رِكْزَةٌ) ج أرْكِزَة ورِكْزَانٌ.

المَرْكَز: دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں۔ رہنے کی جگہ۔ ج مَرَاكِز. مَرَاكِزُ الأسْنَانِ: دانت نکلنے کی جگہیں۔

رَكَسَ: (ن) رَكْسًا. الشَّيْءَ: الٹ دینا۔ البَعِيْر: اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھئے لفظ رِكَاس)

أَرْكَسَهُ: اوندھا کرنا...... الشَّيْءَ: پہلی حالت پر لوٹا دینا...... الثَّوْبَ فِي الصِّبْغِ: کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا ...... الجَارِيَةُ: پستان ابھرنا شروع ہونا۔

تَرَاكَسَ. الشَّعْرُ: بالوں کا تہ بتہ ہونا۔

إرْتَكَسَ: اوندھا ہونا۔ دوبارہ مبتلائے مصیبت ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ فِي مَكَانِهِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

الرِّكْس: پلیدی۔ گندگی...... مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت۔ پل۔

الرَّاكِس: وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں۔

الرِّكَاس: رسی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر زانو میں باندھ دیں۔

الرَّكَاسَة والرِّكَاسَة: جو چیز زمین میں گاڑی جائے۔ جیسے میخ، کیل وغیرہ۔

الرَّكِيْس: اوندھا کیا ہوا۔ کمزور۔

رَكَضَ: (ن) رَكْضًا: دوڑنا۔ پاؤں ہلانا...... ہ: دفع کرنا...... الفَرَسَ بِرِجْلَيْهِ: گھوڑے کو ایڑ لگانا...... الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا جلدی سے پر پھڑپھڑانا...... مِنْهُ: جلدی سے بھاگنا۔

...... النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا...... القَوْسَ: تیر اندازی کرنا...... الأرْضَ والثَّوْبَ: پیر سے ملنا۔

رُكِضَ. الفَرَسُ: دوڑایا جانا۔ صفت (مَرْكُوْض)

رَاكَضَهُ مُرَاكَضَةً: گھوڑا۔ دوڑانے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَاكَضَ. القَوْمُ: باہم دوڑانا۔

إرْتَكَضَ: ہلنا۔ مضطرب ہونا...... الجَنِيْنُ: پیٹ میں حرکت کرنا...... الرَّجُلُ فِي أمْرِهِ: اپنے معاملہ میں تصرف کرنا...... خَيْلَهُمْ إلَيْهِ: دوڑانا...... القَوْمُ فِي المَيْدَانِ: دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

الرَّكْضَة: حرکت۔ دھکا۔

الرَّكُوْض: تیر دوڑنے والا۔ قَوْسٌ رَكُوْضٌ: جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔

المِرْكَاض: بہت دوڑنے والا۔

المِرْكَض: آگ سلگانے کی چیز...... مِنَ القَوْسِ: کمان کا گوشہ۔ ج مَرَاكِض.

مَرَاكِض الحَوْض: حوض کے کنارے۔

المِرْكَضَة: کمان کا گوشہ۔ گھوڑا جو زمین پر اپنی ٹانگوں کو مارے۔ قَوْسٌ (مُرْكَضَة): جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔

رَكَعَ: (ف) رَكْعًا ورُكُوْعًا: سر جھکانا۔

اِسْتَرْقَاه : منتر کرنے کو کہنا......لَهُ : کسی کے لئے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔

الرُّقْيَة : منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقًى ورُقْيَات ورُقَيَات.

الرَّاقِي : فا۔ منتر کرنے والا۔ ج رُقَاة ورَاقُوْنَ : مؤنث رَاقِيَة ج رَوَاقٍ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِيَةٌ" مثل رَجُلٌ رَاوِيَةٌ : کے۔ تا مبالغہ کے لئے ہے' تانیث کی نہیں۔

الرَّقَّاء : ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔

المُرْتَقَى : چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَيْتُ مُرْتَقًى صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔

التَّرْقُوَة : ہنسلی کی ہڈی۔ ج تَرَاقِي.

المَرْقَى والمِرْقَاة والمَرْقَاة : سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاق.

رَكَّ : (ض) رَكًّا ورِكَّةً ورَكَاكَةً. : ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْه مِنْ حَيْثُ رَكَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو......الرَّجُلُ : کم علم یا کم عقل ہونا۔

رَكَّ : (ن) رَكًّا. الشَّيْءَ : بعض کو بعض پر جمانا۔ کہا جاتا ہے "رُكَّ الاَمْرُ فِي عُنُقِه" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا......الشَّيْءَ بِيَدِه : ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔

رَكَّكَ وأَرَكَّ. السَّحَابُ : ہلکی بارش برسانا۔

أَرَكَّ الحَقُّ فُلَانًا : غالب ہونا۔

أُرِكَّتْ ورُكِّكَتْ الاَرْضُ : ہلکی بارش برسنا۔

اِرْتَكَّ : مضطرب ہونا۔ ہلنا۔ فِي الاَمْرِ : شک کرنا۔

اِسْتَرَكَّهُ : کمزور سمجھنا یا کمزور پانا......

الرَّكُّ والرِّكُّ : ج رِكَاك وأَرْكَاك و(الرَّكَّة والرَّكِيكَة) : ہلکی بارش۔ اَرْض رَكٌّ : ہلکی بارش والی زمین۔ الرِّكُّ : لاغر۔

الرُّكَاك والاَرَكُّ : کمزور عقل۔ کمزور رائے۔

الرَّكِيك : ج رِكَاك ورَكَكَة : کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔

الرَّكِيك مِنَ الكَلَام : پھس پھسی گفتگو۔

رَجُلٌ رَكِيكُ العِلْمِ : کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَكِيكُ النَّسْجِ : چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

الرُّكَاكَة : کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُكَاكَةٌ وامْرَاَةٌ رُكَاكَةٌ" ج رِكَاك.

الرُّكُوكَة : کمزوری۔

رَكِبَ : (س) رُكُوبًا ومَرْكَبًا. الدَّابَةَ وعَلَى الدَّابَةِ : چڑھنا۔ سوار ہونا......البَحْرَ : دریائی سفر کرنا......الطَّرِيقَ : راستہ پر چلنا۔

......اَلرَّه : پیچھا کرنا......هَوَاه : مطیع خواہشات ہونا......رَاسَهُ : بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا......الذَّنْبَ : ارتکاب کرنا

......الخَطَرَ : اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔

رَكِبَهُ الدَّيْنُ : مقروض ہونا۔

رَكِبَ : (س) رَكَبًا : بڑے زانو والا ہونا۔

رَكَبَه : (ن) رَكْبًا : زانو پر مارنا۔

رُكِبَ : زانو میں درد والا ہونا۔

رَكَّبَ. الشَّيْءَ : ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا......ه الفَرَسَ : سوار کرانا۔

اَرْكَبَهُ : سواری دینا......المُهْرُ : سواری کے قابل ہونا۔

تَرَكَّبَ. ترکیب پانا۔

اِرْتَكَبَهُ : سوار ہونا......الذَّنْبَ : گناہ کر بیٹھنا

......الاَمْرَ : دلیری سے گھس پڑنا۔

......الدَّيْنَ : قرض زیادہ لینا۔

تَرَاكَبَ. الاَمْرُ : تہ بتہ ہونا۔

الرَّكْبُ : اُونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج اَرْكُبٌ ورُكُوب.

الرِّكْبَة "رَكِبَ الدَّابَةَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الرِّكْبَة" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔

الرُّكْبَة : زانو۔ گھٹنا۔ ج رُكَب ورُكُبَات ورُكَبَات : کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ اِصْطَكَّتْ فِيهِ الرُّكَب" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُكْبَةُ الدَّجَاجَة ورُكْبَةُ الرَّامِي : دو ستاروں کے نام۔

الرِّكَاب : زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُكُب.

الرِّكَاب : سواری کے لئے اُونٹ اس کا واحد رَاحِلَةٌ : ہے۔ ج رُكُب ورِكَائِب ورِكَابَات. رِكَابُ السَّحَابِ : ہوائیں۔

الرَّكُوب : بہت سوار ہونے والا۔

(...... والرَّكُوبَة) : سواری کا اُونٹ۔ سواری۔ ج رِكَائِب. طَرِيقٌ رَكُوبٌ : چلتا ہوا راستہ۔

الرَّكَّاب : بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَكَّابَةٌ.

اَلْمَرْكَبَات : واحد مَرْكَبَة : مختلف شکلوں کی سامان ولی (راہٹ) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔

الرُّكَّاب : کابوس۔

الرَّاكِب : فا۔ سوار۔ ج رُكَّاب ورُكْبَان ورُكُوب ورِكَبَة ورَكْب ورَكَبَة : مؤنث رَاكِبَة ج رَوَاكِب : پہاڑ کی چوٹی۔

الرَّاكِب الرَّاكِبَة والرَّاكُوب والرَّاكُوبَة : درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔

الرَّكِيب : جڑا ہوا۔ دوسرے کے ساتھ سوار۔ کھیتی۔ نخلٌ رَكِيبٌ : ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔

الاَرْكَب : بڑے زانو والا۔ بَعِيرٌ اَرْكَب : اُونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے جڑا ہو۔

المَرْكَب : مص۔ سواری خواہ بری ہو یا بحری۔

المُرَكَّب : منبع۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ

رَقَعَ :(ف) رَقْعًا. الثَّوْبَ : کپڑے پر پیوند لگانا ......الغَرَضَ بِسَهْمِہٖ :نشانہ پر مارنا ......کَبِدَہٗ بِالسَّوْطِ :دم پر کوڑے سے مارنا ......فِی السَّیْرِ :تیز چلنا ......الرَّجُلَ :ہجو کرنا ......الشَّیْخُ :اٹھنے کے لئے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا۔

رَقُعَ :(ک) رَقَاعَةً :بے وقوف و بے حیاء ہونا۔ صفت (رَقِیْع و اَرْقَع و مَرْقَعَان)

رَقَّعَ تَرْقِیْعًا. الثَّوْبَ :کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْیَاہُ بِآخِرَتِہٖ" :اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔ و "ھُوَ صَاحِبُ تَرْقِیْعٍ وَتَوْصِیْلٍ" :اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔

رَاقَعَ. الخَمْرَ :ہمیشہ شراب پینا۔

اَرْقَعَ. الثَّوْبُ :کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا ......الرَّجُلُ :حماقت کا کام کرنا۔

تَرَقَّعَ. البِلَادَ :شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا (اِرْتَقَعَ) بِہٖ وَلَہٗ" یعنی اس نے اس کی پرواہ نہیں کی۔

اِسْتَرْقَعَ. الثَّوْبُ :قابلِ مرمت ہونا۔

الرَّقْع :مص۔ متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔

الرَّقْعَة :نشانہ میں تیر کی آواز۔

الرُّقْعَة :تحریر کا پرزہ۔ کپڑے کا پیوند۔ رُقْعَةُ الشَّطْرَنْجِ :شطرنج کا تختہ۔ رُقْعَةُ الغَرَضِ :جس پر نشانہ لگایا جائے۔ "رُقْعَةُ الاَرْضِ :زمین کا ایک ٹکڑا۔ رُقْعَةُ الشَّیْءِ :چیز کا اصل و جوہر۔ ج رُقَعٌ و رِقَاعٌ :کہا جاتا ہے "فِیْ ھٰذَا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔

الرَّقْعَاء. اَرْقَع :کا مؤنث۔ بَقَرَةٌ رَقْعَاءُ :مختلف رنگوں والی گائے۔

الرَّقِیْع :آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ ج اَرْقِعَة۔

جُوْعٌ (یَرْقُوْع) :سخت بھوک۔

المُرْتَقَع :کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لَا اَرٰی فِیْہِ مُرْتَقَعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔

اَرْقَلَ :دوڑنا۔ پے بہ پے چلنا ......المَفَازَةَ :بیابان کو طے کرنا۔ اَرْقَلَتِ النَّخْلَةُ :درخت خرما کا لمبا ہونا۔

الرَّقْلَة :کھجور کا لمبا درخت۔ ج رِقَال و رَقْل۔

المِرْقَوْل :کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ پاسی۔

المِرْقَال والمُرْقِل والمُرْقِلَة. مِنَ الاِبِلِ :تیز رفتار اونٹ۔ ج مَرَاقِیْل و مَرَاقِل و مُرْقِلَات.

رَقَمَ :(ن) رَقْمًا و رَقَّمَ :لکھنا ......الکِتَابَ :اعراب و نقطے لگانا۔ رَقَمَ الثَّوْبَ :کپڑے کو دھاری دار بنانا ......البَعِیْرَ :اونٹ پر داغ لگانا ......الخُبْزَ :روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلَانٌ یَرْقُمُ عَلَی المَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق و ماہر ہو۔

الرَّقْم :مص۔ دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔ مہر۔ ج اَرْقَام و رُقُوْم۔ الاَرْقَامُ الهِنْدِیَّةُ :ہندسے۔

الرَّقْم الرَّقِم و بِنْتُ الرَّقِم :مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالرَّقْمِ او بِالرَّقِمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔ و "جَاءَ بِالرَّقِمِ الرَّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔

الرَّقْمَة :باغ وادی کا پہلو۔ وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ خبازی: کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِی الاَرْضِ اِلَّا رَقْمَةً مِنْ کَلَاءٍ" :میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔

الرَّقَمَة :ایک قسم کی نباتات۔

الرَّقِیْم :کتاب۔ لکھا ہوا۔

الاَرْقَم :ایک خبیث قسم کا سانپ۔ چتی دار سانپ۔ ج اَرَاقِم :اس کی مادہ کو رَقْمَاء نہیں رَقْشَاء: کہتے ہیں۔ الاَرْقَمُ :قلم۔

الرَّقْم والرُّقْمَة :چتی دار سانپ کا رنگ۔

المِرْقَم :قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ ج مَرَاقِم.

المَرْقُوْم :مفع۔ کِتَابٌ مَرْقُوْمٌ :واضح لکھی ہوئی کتاب۔ بِرْذَوْنٌ مَرْقُوْمُ القَوَائِمِ :ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا ٹٹو۔ اَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ :تھوڑی گھاس والی زمین۔

رَقَنَ :(ن) رَقْنًا. الجَارِیَةَ :لڑکی کا مہندی لگانا۔

رَقَّنَہٗ :نقش و نگار کرنا۔ لکھنا۔ رَقَّنَ الکِتَابَ :مزین کرنا۔ سجانا۔ قریب قریب سطریں لکھنا۔ ......الخَطَّ :نقطے لگانا (......واَرْقَنَ) لِحْیَتَہٗ :داڑھی پر خضاب لگانا۔

اَرْقَنَ و تَرَقَّنَ اِرْتَقَنَ و اِسْتَرْقَنَ :خضاب لگایا ہوا ہونا۔

الرَّقِیْن و المَرْقُوْن :لکھا ہوا۔

الرِّقَان و الرَّقُوْن و الاِرْقَان :مہندی یا زعفران۔

الرَّقْن :مردار خوار پرندے کا انڈا۔

الرَّقْوُ و الرَّقْوَة :گول و بلند ریت کا ٹیلہ۔

رَقِیَ :(س) رَقْیًا و رُقِیًّا. الجَبَلَ و فِیْہِ و اِلَیْہِ :پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔

رَقٰی :(ض) رَقْیًا و رُقِیًّا و رُقْیَةً. ہ و عَلَیْہِ :نفع یا نقصان کے لئے منتر کرنا۔

رَقَّاہُ تَرْقِیَةً :بلند کرنا۔ چڑھانا۔

اِرْتَقٰی اِرْتِقَاءً و تَرَقّٰی تَرَقِّیًا. الجَبَلَ و فِیْہِ و اِلَیْہِ :پہاڑ پر چڑھنا ......فِی السُّلَّمِ :سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا ......بِہِ الاَمْرُ :انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ یَتَرَقّٰی بِہِ الاَمْرُ حَتّٰی بَلَغَ غَایَتَہٗ" فلاں کے لئے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔

وتَرَقّٰی الرَّجُلَ :ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔

تَرَاقٰی. اَمْرُهُمْ اِلَی الفَسَادِ :معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔

ماندگان۔ چچا زاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ ایک ستارہ کا نام۔ رَقِیْبُ الجَیْشِ: دیدبان۔ ج رُقَبُ ورَقِیبَات: ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْبُ نَفْسِهٖ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔ کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔ نیز "الرَّقِیْب" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّقَابَة: مالک کی غیوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔

المَرْقَب والمَرْقَبَة: نگرانی کرنے کی اونچی جگہ۔ ج مَرَاقِب۔

المِرْقَب: دوربین۔

رَقَّحَ. مَالَهٗ: بہتر انتظام کرنا۔

تَرَقَّحَ. لِعَيَالِهٖ: کمائی کرنا۔

اِرْتَقَحَ: زیادہ ہونا۔

الرَّقَاحَة: کمائی تجارت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحَة) أَهْلِهٖ" وہ اپنے اہل وعیال کے لئے کمائی کرنے والا ہے۔

الرَّقَاحِي: سوداگر۔

رَقَدَ: (ن) رَقْدًا ورُقُوْدًا ورُقَادًا: سونا صفت (رَاقِد) ج رُقُوْد ورُقَّد. السُّوْقُ: بازار کا مندا پڑنا...... الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔ عَنِ الأَمْرِ: کام سے غافل ہونا...... عَنْ ضَیْفِهٖ: مہمان کی خبرگیری نہ کرنا...... الثَّوْبُ: پرانا ہونا۔

أَرْقَدَ: سلانا۔ أَرْقَدَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

تَرَاقَدَ: سوتا ہوا ظاہر کرنا...... القَوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔

اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا: جلدی کرنا۔

اِسْتَرْقَدَ: نیند کا غالب ہونا۔

الرَّقْدَة: نیند۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَتْنَا رَقْدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔

الرُّقَدَة والمِرْقُوْد: بہت سونے والا۔

الرَّقُوْد: ہمیشہ سونے والا۔ کہا جاتا ہے "إِمْرَأَةٌ رَقُوْدُ الضُّحٰی" چاشت تک سونے والی۔ یعنی آسودہ حال عورت۔

الرَّقْدَان: بکری کے بچہ وغیرہ کی اچھل کود۔

الرَّاقُوْد: بڑا مٹکا۔ ج رَوَاقِیْد: ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔ ایک قسم کا پیمانہ۔

التَّرْقِیْد: ایک قسم کی چال۔ تَرْقِیْدُ البَیْضِ: بچے نکالنے کے لئے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔

المَرْقَد: خواب گاہ۔ ج مَرَاقِد۔

المُرْقِد: خواب آور دوا۔ واضح راستہ۔

رَقْرَقَ. المَاءَ: چھڑکنا...... العَیْنُ: آنسو بہانا...... الخَمْرَ: پانی ملانا...... الطِّیْبَ فِي الثَّوْبِ: خوشبو لگانا۔

تَرَقْرَقَ. المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ چمکنا۔ آنا جانا...... العَیْنُ: آنسو بہانا...... الدَّمْعُ: آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔

الرَّقْرَاق: وہ جو چمکے۔ آئے جائے۔ مِنَ الدَّمْعِ: آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔ ...... مِنَ السَّحَابِ: آنے جانے والا بادل۔

الرُّقَارِق: سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔ بہت آبدار تلوار۔

رَقَزَ: (ن) رَقْزًا: ناچنا...... العِرْقُ: اچھلنا۔

الرَّقَّاز: ناچنے والا۔

رَقَشَهٗ: (ن) رَقْشًا: نقش کرنا...... الكَلَامَ: لکھنا، سجانا۔

رَقَّشَ. الكَلَامَ: لکھنا۔ سجانا۔ گھڑنا...... الصَّحِيْفَةَ: سطریں کرنا...... الرَّجُلَ: عتاب کرنا...... الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔

تَرَقَّشَ: مزین ہونا۔

اِرْتَقَشَ: حسن زینت ظاہر کرنا...... الجَیْشُ: لڑائی میں گتھ جانا۔

الأَرْقَشُ: سفید وسیاہ چتیوں والا۔ مؤنث رَقْشَاء۔

الرَّقَش والرَّقَشَة: ایک قسم کا رنگ جس میں نیلا پن اور سیاہی ہو۔

الرَّقْشَاء. مِنَ الحَيَّاتِ: چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔ اونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔

رَقَصَ: (ن) رَقْصًا: ناچنا۔ اضطراب کرنا...... النَّبِیْذُ: جوش مارنا...... فِي الكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا (...... رَقْصًا ورَقَصًا ورَقَصَانًا) الجَمَلُ: اونٹ کا دوڑنا۔

رَقَّصَه وأَرْقَصَه: نچانا۔ کہا جاتا ہے "أَرْقَصَ القَوْمُ فِي سَيْرِهِمْ" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔

اِرْتَقَصَ. السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔

تَرَقَّصَ. الشَّيْءُ: جلدی جلدی پست وبلند ہونا۔

اَلرَّقَّاصُ: وہ چکی جو کہ لٹکائی جائے اور دھاکہ کے ذریعے ناچے۔ ہر جسم جو کہ اپنے محور کے اردگرد اپنے بوجھ کی وجہ سے گھومے۔

الرَّقَّاصُ: بہت ناچنے والا اور اسی سے ہے رَقَّاصُ السَّاعَةِ: (گھڑی کا پنڈولم)

الرَّقَّاصَةُ: رقاص کا مؤنث۔ عربوں کے ایک کھیل کا نام۔ باوجود بارش کے پیداوار نہ اگانے والی زمین۔

شِعْر (مُرَقِّص): وجد میں لانے والا شعر۔

فَلَاةٌ (مُرَقِّصَة): بیابان میں جو چلنے والے کو دوڑنے پر ابھارے۔

رَقَطَ (س) رَقْطًا: سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا۔

رَقَّطَ. عَلَى الثَّوْبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا۔

تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا وارْقَطَّ اِرْقِطَاطًا وارْقَاطَّ اِرْقِیطَاطًا: سیاہ یا سفید داغ والا ہونا۔ صفت (أَرْقَط): مؤنث رَقْطَاء ج رُقْط الأَرْقَط: چیتا۔

الرُّقْطَة: سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ۔

الرَّقْطَاء: فتنہ وفساد۔

الرُّقَیْطَاء: زیبائشی پودا۔

والا۔ مؤنث رَقْواء ج رُقْو.

الارْقِیُّ: ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔

رَقَّ : (ض) رِقَّۃً : پتلا ہونا...... لَـهٗ: رحم کرنا ...... وَجْهُـهٗ :شرم کرنا ...... الـرَّجُلُ: برے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُهٗ" یعنی بوڑھا ہوگیا۔

رَقَّ : (ض) رِقًّـا، العَبْدُ : غلام بنانا یا غلام رہنا۔

رَقَّقَہٗ : پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفظَ : نرمی سے پڑھنا ...... الکَلامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔ ...... مَشْیَهٗ : آہستہ چلنا ...... مَابَیْنَ القَوْمِ : فساد ڈالنا۔

اَرَقَّ. الشَّیْءَ : پتلا کرنا ...... الـوَاعِظُ قَلْبَهٗ : دل کو نرم کرنا ...... الرَّجُلُ : کم مال والا ہونا۔ ...... العِنَبُ : انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا۔ العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔

تَـرَقَّقَ. الشَّیْءُ : پتلا ہونا...... لَـهٗ :رحم کھانا۔ ترس کھانا۔

اِسْتَرَقَّ. الشَّیْءُ : پتلا ہونا ...... العَبْدَ : غلام کا مالک ہونا ...... اللَّیْلُ : رات کا اکثر حصہ گزر جانا ...... المَاءُ : پایاب ہوجانا۔

الرِّقُّ : مص۔ غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لئے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔

الرَّقُّ : لکھنے کے لئے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوق.

الرِّقُّ والرُّقُّ والرَّقَقُ : نرم و کشادہ زمین۔

الرُّقُّ: سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔

الـرَّقَقُ : کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔

الـرَّقَّۃُ : زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہوجائے۔ ج رِقَاق. الرَّقَّۃُ: ایک شہر کا نام۔ الـرَّقَّتَان: دو شہر ہیں جن کے نام رَقَّۃ ورَافِقَۃ ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔

الرِّقَّۃُ : رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّۃُ العَیْشِ: زندگی کی آسودگی۔ رِقَّۃُ الجَانِبِ: ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔

الرَّقَاق : بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہوچکا ہو۔

الرُّقَاق : پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُّقَاقَۃ): نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہوچکا ہو۔

الـرَّقِیْق : پتلا۔ ج اَرِقَّاء مؤنث رَقِیْقَۃ ج رِقَاق : کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْقُ المَعَانِیْ" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَیْـشٌ رَقِیْقُ الـحَوَاشِیْ" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی زندگی۔ و "رَجُلٌ رَقِیْقُ الحَالِ" کم مال والا مرد۔ و "لَفْظٌ رَقِیْقٌ" : یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔ الرَّقِیْقُ: غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِیْقٌ وعَبِیْدٌ رَقِیْقٌ اور کبھی اَرِقَّـاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لئے رَقِیْـق اور رَقِیْـقَۃ: دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِیْـقُ الاَنْفِ : ناک کا نرم حصہ۔

الرَّقِیْقَان: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔

مَرَاقُّ. البَطْنِ : پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔

المُرَقَّقُ : چوڑی پتلی روٹی۔

المِرْقَاق : بیلن۔

المُسْتَرَقُّ : چیز کا نرم حصہ۔

رَقَاَ : (ف) رَقْـأً ورُقُوْءًا. الدَّمْعُ اَوِالدَّمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَـأَ بَیْنَهُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا ...... فِی الدَّرَجَۃِ : چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلٰی ظَلْعِکَ" اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ : میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔

اِرْقَأَ الدَّمَ اوِالدَّمْعَ : خشک کرنا۔

الـرَّقُوْءُ : خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔

المَرْقَأۃ والمِرْقَاۃ : سیڑھی۔ زینہ۔

الرَّقَّاءُ : فساد۔

رَقَبَہٗ : (ن) رُقُوْبًا ورَقُوْبًا ورَقَابَۃً ورِقْبَانًا ورِقْبَۃً ورَقْبَۃً: نگہبانی کرنا۔ انتظار کرنا۔ ڈرانا...... النَّجْمَ : ستاروں کی دیکھ بھال کرنا ...... ہ : گلے میں رسی ڈالنا۔

رَاقَبَہٗ : نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللّٰہَ فِیْ اَمْرِہٖ: خوف کرنا۔

اَرْقَبَہٗ. الدَّارَ: بشرط رُقْبٰی : زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقْبٰی) اَرْقَبَـہ الرقبی : کسی کے لئے رُقْبٰی کرنا (دیکھو لفظ رُقْبٰی)

تَـرَقَّبَـہٗ وارْتَقَبَـہٗ : انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَکَانَ: چڑھنا۔

تَرَاقَبَا : ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔

الرَّقَبُ : گردن کی موٹائی۔

الـرُّقْبٰی : کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مر جاؤں تو یہ مکان تمہارے لئے ہے اور تم مر گئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔

الـرِّقْبَۃ : احتیاط۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔ خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَۃٍ" جبکہ مال آباء و اجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ ایسے ہی کہا جاتا ہے و "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَۃٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔

الـرَّقَبَۃ : گردن یا پس گردن۔ ج رِقَـاب ورَقَبَات ورَقَب واَرْقُـب. الرَّقَبَۃ: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُـمْ غِلَاظُ الرِّقَابِ" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔

الـرُّقْبَۃ : چیتے کے شکار کے لئے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔

الاَرْقَـب : مؤنث رَقْبَـاء. و (الـرَّقَبَان والرَّقَبَانی) : موٹی گردن والا۔ الاَرْقَب: شیر۔

الـرَّقُوْب : میراث کے لئے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ الرَّقُوْبُ مِنَ الشُّیُوْخِ والاَرَامِلِ : وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ اُمُّ الرَّقُوْبِ : مصیبت۔

الرَّقِیْب ج رُقَبَاء: نگہبان۔ محافظ۔ منتظر پس

جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔

رَفَقَهُ: (ن) رَفْقًا: نفع پہنچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا...... النَّاقَةَ: اُونٹنی کے بازو کو باندھنا۔ العَمَلَ: مضبوطی سے کرنا۔

رَفَقَ ورَفُقَ: (ن وک) ورَفِقَ: (س) رِفْقًا ومَرْفِقًا ومَرْفَقًا ومِرْفَقًا. بِهٖ ولَهُ وعَلَيْهِ: مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

رَفِقَ: (س) رَفَقًا. البَعِيْرُ: پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (اَرْفَق)

رَفُقَ: (ک) رَفَاقَةً. الرَّجُلُ: ساتھی ہونا۔

رَافَقَهُ: رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَافَقَهُ فِي السَّفَر" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔

اَرْفَقَهُ: مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔

تَرَفَّقَ. بِهٖ: مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

عَلَيْهِ: سہارا لینا۔

تَرَافَقَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِرْتَفَقَ: کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔

الإنَاءُ: بھر جانا القَوْمُ: سفر میں باہم ساتھی ہونا۔ بِهٖ: نفع اٹھانا۔

اِسْتَرْفَقَهُ: مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔

تَمَرْفَقَ: تکیہ لینا۔

الرِّفْق: مص۔ نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔

الرَّفَق: مص۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ رَفَقُ الْبُغْيَة" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔ الرَّفَق: تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔ نَاقَةٌ (رَفِقَة ورَفْقَاء): اُونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔

الرِّفْقَة والرَّفْقَة والرُّفْقَة والرُّفَاقَة: ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفَاق ورِفَق ورُفَق واَرْفَاق.

الرَّافِقَة: لطف ومہربانی۔ بہتر سلوک۔

الرِّفَاق: اُونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ ج رُفُق.

الرَّفِيْق: ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفَقَاءُ.

المِرْفَق والمَرْفِق: کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرَافِق.

المَرْفِق: ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّارِ": یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں، باورچی خانہ، پاخانہ وغیرہ۔ و"مَرَافِق البِلَاد" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔

المِرْفَقَة: چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔

المِرْفَق المُرْتَفَق: تکیہ لگانے کی جگہ۔

المُرْتَفِق: بھرا ہوا۔ ثابت۔

رَفَلَ: (ن) رَفْلاً ورُفُوْلاً ورَفَلَانًا: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر (رَفِل)

صفت مؤنث (رَفِلَة)

رَفَلَ: (ن) رَفْلاً ورَفِلَ (س) رَفَلاً: بدنما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر (اَرْفَل ورَفِل): صفت مؤنث رَفْلَاء.

اَرْفَلَ: دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔ ثِيَابَهُ: کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَه" اس نے دامن لٹکایا۔

رَفَّلَهُ: تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا۔ ذلیل کرنا۔ الإزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔

تَرَفَّلَ: تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔

تَرَفَّلَ. عَلَيْهِ: رئیس وسردار بننا۔

الرِّفْل: دامن۔

الرَّفَل: مص۔ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔

الرِّفَل: لمبے دامن والا۔ لمبی دم والا گھوڑا۔ بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔

عَيْشٌ رِفَلٌّ: کشادہ زندگی۔

الرُّفَال. مِنَ الشَّعَرِ: لمبے بال۔

المِرْفَال. مِنَ الرِّجَالِ والنِّسَاءِ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔

الرِّفَان: آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔

رَفَهَ (ف) رَفْهًا ورِفْهًا ورُفُوْهًا: خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفْهَان)

رَفَهَتِ الإبِلُ: حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِهَة) ج رَوَافِه.

رَفُهَ: (ک) رَفَاهًا ورَفَاهِيَةً ورَفَاهَةً. العَيْشُ: زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفِيه)

رَفَّهَ واَرْفَهَ. الرَّجُلَ: آسودہ وخوشحال بنانا۔

رَفَّهَ عَنْهُ: مہلت دینا۔ بار غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔ اَرْفَهَ ورَفَّهَ الرَّاعِي. الإبِلَ: حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَهَتِ الإبِلُ: اُونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَهَ القَوْمُ: قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔

رُفِّهَ. عَنْهُ: تنگی و رنج دور کیا جانا۔

اَرْفَهَ وتَرَفَّهَ واسْتَرْفَهَ: آرام لینا۔

الرِّفْهُ: مص۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔

الرُّفَهَة: رحمت ومہربانی۔

هُوَ (رَافِه) بِهٖ: وہ اس پر مہربان ہے۔

الرُّفَهْنِيَة: فراخی عیش، ارزانی۔

الرُّفَه: خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "اَغْنَى مِنَ التُّفَّه عَنِ الرُّفَه".

رَفَا: (ن) رَفْوًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاة اور صفت مفعول (مَرْفُوٌّ)...... ہ: ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔

رَفَّى تَرْفِيَةً. العَرِيْسَ: شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرِّفَاء والبَنِيْن" کہنا۔

رَافَى رِفَاءً ومُرَافَاةً. الرَّجُلَ: موافقت کرنا۔

اَرْفَى. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔

تَرَافَى. القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔

الرِّفَاء: اتفاق وموافقت۔

الاَرْفَى: ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں

کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض اور اسی سے ہے "لَا تَعْوَ لِیْ الرَّوَافِض"۔

الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لئے "رَافِضِیٌّ"۔

الرِّفَاض: پریشان راستے۔

الرُّفَاض۔ مِنَ الشَّیْءِ: ٹکڑے۔ ریزے۔

رَجُلٌ (رُفَضَةٌ رُفَضَةٌ) جمع کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔

الرُّفُوْض: متفرق گھاس۔ رُفُوْضُ النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوْضُ الْاَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت نہ ہو۔ زمین جو حمی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔

الرَّفِیْض: چھوڑا ہوا۔ پیٹ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔

الرَّفِیْض والمَرْفُوْض: چھوڑا ہوا۔

المَرْفَض۔ مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض

رَفَعَ: (ف) رَفْعًا۔ الشَّیْءَ: اٹھانا ...... فُلَانًا عَلٰی صَاحِبِہٖ فِی الْمَجْلِسِ: آگے بڑھانا ...... الْکَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا ...... الشَّیْءَ: لینا ...... الشَّیْءَ فِی خَزَانَتِہٖ": چھپانا ...... الْجَمَلُ فِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ...... الْقَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا ...... الْجَمَلَ: تیز چلانا ...... الْحَدِیْثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔

(...... رَفْعًا ورَفَاعًا ورِفَاعَةً) الْقَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا

(...... رَفْعًا ورُفْعَانًا) زَیْدًا اِلَی الْحَاکِمِ: فیصلہ کرانے کے لئے جانا ...... ہ اِلَی السُّلْطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ یَرْفَعُ الرَّاْسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ "وفُلَانٌ لَا یَرْفَعُ الْعَصَا عَنْ عَاتِقِہٖ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔

رَفُعَ: (ک) رِفْعَةً ورَفَاعَةً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِیْع) ورَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز والا ہونا ...... الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِیْع)

رُفِعَ۔ لَہُ الشَّیْءُ: دور سے دیکھنا۔

رَفَّعَہٗ: بلند کرنا۔ رَفَّعَ الْقَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔

رَافَعَہٗ۔ اِلَی الْحَاکِمِ: شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ...... ہ: قطع تعلق کرنا ...... بِھِمْ: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ: برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَفَّعَتْ بِیْ ھِمَّتِیْ عَنْ کَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے الشَّیْءَ اَوِ الرَّجُلَ: بلند کرنا۔

تَرَافَعَا: ایک دوسرے کو بلند کرنا ...... الْخَصْمَانِ اِلَی الْحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے جانا۔

اِرْتَفَعَ: بلند ہونا ...... السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا ...... النَّہَارُ: دن کا چڑھنا ...... دراز ہونا۔ ...... مِنْ بَیْنِہِمُ الْخِصَامُ: دشمنی زائل ہونا ...... الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

اِسْتَرْفَعَ۔ الشَّیْءَ: اٹھانے کو کہنا ...... الْخِوَانُ: دستر خوان خالی ہونا اور اٹھانے کا وقت آنا۔

الرَّافِع۔: فا۔ بَرْقٌ رَافِعٌ" چمکنے والی بجلی۔

الرِّفْعَة: مص۔ بلندی و مرتبہ۔

الرَّفَاع والرِّفَاع: کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

اَلرَّافِعَةُ وَالْمِحْمَل: (فارسی کلمہ): بوجھ اٹھانے کا اوزار۔ کرین۔ پتھر توڑنے کا آلہ بھاری اشیاء تولنے کا آلہ جس کا دوسرا نام القبان بھی ہیں قینچی جس کو المِقَصّ بھی بولتے ہیں۔ دستپناہ جس کو المِلْقَط بولتے ہیں۔ چمٹی جس کو الکَسَّارَةُ بولتے ہیں۔ ☆

الرَّفَاعَة والرُّفَاعَة والرِّفَاعَة۔ مِنَ الصَّوْتِ: آواز کی بلندی و شدت۔ الرِّفَاعَة والرُّفَاعَة: گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

الرَّفِیْعَة: حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔

المَرْفُوْع: مفع۔ ایک قسم کی تیز دوڑ۔ مِنَ الْکَلَامِ: بلند گفتگو۔ والْحَدِیْثُ الْمَرْفُوْعُ عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ: وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔

اَلْاِرْتِفَاعُ: ارباب مساحت کے نزدیک بلندی مثلث یا اضلاع والی یا مخروطی شکل میں۔ دو قاعدوں کے درمیان ایک عمود (علم ہندسہ والوں کے نزدیک) کسی ستارے کا بلند ہونا (فلکیات میں) وہ زاویہ جو کہ افق اور زمین و کوکب کے درمیان واقع ہونے والے سیدھے خط کے درمیان ہو۔

المِرْفَع: بلند کرنے کا آلہ۔

المَرْفَع والمَرَافِع۔ عِنْدَ الْمَسِیْحِیِّیْنَ: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُغَ: (ک) رَفَاغَةً۔ الْعَیْشُ: کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِغ ورَفِیْغ واَرْفَغ)

اَرْفَغَ: لَہُ الْمَعَاشَ: آسودہ و کشادہ بنانا۔

تَرَفَّغَ: آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لئے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرَّفْغ: ج اَرْفُغ ورِفَاغ: وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ کَرَفْغِ التُّرَابِ" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ...... ج اَرْفَاغ ورُفُوْغ: جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔

اَرْفَاغُ النَّاسِ: نااہل و کمینے لوگ۔

الرَّفْغ والرَّفَاغَة والرَّفَاغِیَة: آسودہ زندگی

کِلْسٌ رَفْغٌ: نرم چونے کا گارہ۔ الرَّفْغ: ناخن کا میل۔

الرُّفْغ: بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد اور اسی سے ہے "اِذَا الْتَقَی الرُّفْغَانِ وَجَبَ الْغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

الرُّفْغ: ناخن کا میل۔

المَرَافِغ: کج ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)

المَرْفُوْغَة: تنگ اندام نہانی والی عورت

الرَّفَّاء : رفو گر۔

المَرْفَأُ والمُرْفَأُ. من البَحْرِ : بندرگاہ۔ ج مَرَافِئ۔

رَفَتَ : (ن ض) رَفْتًا. الشَّيْئَ : توڑنا، کوٹنا، چورہ کرنا (……وارْفَتَّ وتَرَفَّتَ) : ٹوٹنا، چورہ ہونا…… العَظْمُ : ریزہ ریزہ ہونا۔

الحَبْلُ : رسی کا کٹ جانا۔

الرُّفَت : بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔

الرُّفَات : چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔

رَفَثَ : (ن ض) رَفَثًا ورَفِثَ : (س) رَفَثًا وارْفَثَ. فِيْ كَلَامِهٖ : فحش گوئی کرنا۔

الرَّفَث : مص۔ گندی گفتگو۔ جماع۔

رَفَّحَهُ : نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔

رَفَخَ. عَيْشٌ رَافِخ : نازونعمت کی آسودہ زندگی۔

الرُّفُوْخ : مصیبتیں۔

رَفَدَهُ : (ض) رَفْدًا وارْفَدَهُ : دینا۔ مدد دینا۔

رَفَدَ الحَائِطَ : سہارا دینا۔ رَفَدَ الدَّابَّةَ وعَلَيْهَا وارْفَدَلَهَا : چوپایہ کے لئے پالان بنانا۔

رَافَدَهُ : مدد دینا۔

رَفَّدَه : تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔

تَرَافَدَ. القَوْمُ : باہم مدد کرنا۔

اِرْتَفَدَ. المَالَ : کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔

اِسْتَرْفَدَهُ : عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔

الرَّفْد : مص۔ حصہ۔ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "اُرِيْقَ رَفْدُهُ" اس کا انتقال ہو گیا۔

الرِّفْد : ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تا کہ اس کے لئے سہارا ہو جائے۔ عطیہ۔ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج اَرْفَاد رُفُوْد.

الرِّفْدَة : لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد.

الرَّافِد : ف۔ بادشاہ کی صحبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رُفَّدٌ.

الرَّافِدَان : دریائے دجلہ وفرات۔

الرَّافِدَة : پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وُصْلَة" کہتے ہیں۔ ج رَوَافِد.

الرِّفَادَة : زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔

نَاقَةٌ (رَفُوْدٌ) : ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اُونٹنی۔ ج رُفُد.

المَرْفَد والمُرْفَد : مدد۔ ج مَرَافِد.

المِرْفَد : بڑا پیالہ۔ ج مَرَافِد.

المَرَافِيْد : بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔

المُرْفِد : بازی گر۔

رَفْرَفَ. الطَّائِرُ : پرندے کا پھڑ پھڑانا…… الشَّيْئُ : آواز کرنا۔

الرَّفْرَف : لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِّيحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو اِدھر اُدھر کر دیا۔ رَفْرَفُ الدِّرْعِ : زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفَارِف.

الرَّفْرَاف : ایک پرندہ جس کو "خَاطِف ظِلّه" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔

رَفَزَه : (ض) رَفْزًا : مارنا۔

الرَّافِز : حرکت کرنے والی رگ۔

رَفَسَهُ : (ن ض) رَفْسًا ورِفَاسًا : سینہ پر مارنا…… البَعِيْر : اُونٹ کے پاؤں باندھنا…… اللَّحْمَ ونَحْوَهُ : گوشت کا قیمہ کرنا۔

الرِّفَاس : اُونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

الرَّفْسَة : سینہ پر لات مارنا۔

نَاقَةٌ (رَفُوْسٌ) : دولتی مارنے والی اُونٹنی۔

رَفَشَ : (ن) رَفْشًا : کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ خوب کھانا پینا…… القَمْحَ : گیہوں کو بیلچے سے اٹھا کر لے جانا…… الشَّيْئَ : کوٹنا (……رُفُوْشًا) فِيْ الاَمْرِ : کشادہ ہونا۔

رَفِشَ (س) رَفَشًا : چوڑے کانوں والا ہونا صفت (اَرْفَش) مؤنث رَفْشَاء. ج رُفْش.

رَفَّشَ. لِحْيَتَهٗ : داڑھی میں کنگھا کرنا۔

الرَّفَّاش : گیہوں کو بیلچے سے اٹھا اٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔

الرَّفْش : مص۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔

المِرْفَشَة : بیلچہ۔

رَفَصَ. تَرَافَصُوا المَاءَ : باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رَفِيْص) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِيْصُكَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔

اِرْتَفَصَ. السِّعْرُ : بھاؤ گراں کرنا۔

الرُّفْصَة : پانی پینے کی باری۔

رَفَضَ : (ن ض) رَفْضًا ورَفَضًا. الشَّيْئَ : پھینکنا، چھوڑنا۔ صفت رَافِض ج رَافِضُوْنَ ورَفَضَه ورُفَّاض (……وارْفَضَ) الاِبِلَ : چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رَفَضَ وارْفَضَ الوَادِي : کشادہ ہونا۔

تَرَفَّضَ : بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا۔ الدَّمْعُ : آنسو بہانا اور بکھرنا۔

اِرْفَضَّ. الدَّمْعُ : آنسو بہانا، ٹپکنا…… الجُرْحُ : زخم سے پیپ بہنا…… الشَّيْئُ : متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِرْفَضَّ النَّاسُ عَنْهُ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے…… الوَجَعُ : درد کا زائل ہونا۔

اِسْتَرْفَضَ. الوَادِي : کشادہ ہونا۔

الرَّفْض : مص…… رِفَاض و (الرَّفَض) : ج اَرْفَاض : اُونٹنیوں یا پرندوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفَضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِي القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔

الرَّافِضَة : جنگ وغیرہ میں اپنے قائد ورہنما

سے چھوڑنا......اللُّقْمَةَ مِنْ فِيْهِ : لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا......اللّٰهُ انْفَهُ : ذلیل کرنا۔

اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ : بکری بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

رَاغَمَهُ : باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمْتُ الرَّجُلَ : کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَّغْم والرُّغْم والرِّغْم : ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ ذلت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے "اَتَـى عَلَـى رَغْمِـهِ" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَّاغِم : فا۔ رَاغِمُ الاَنْف : ذلیل۔ ج رُغْمُ الاُنُوف.

الرَّغَام : مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُّغَام : رینٹ۔ ج اَرْغِمَة.

الـرُّغَـامَة : حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ عِنْدَ فُلاَنٍ رُغَامَة" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الـرَّغْمَاءِ مِنَ الشَّاءِ : ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

المَـرْغِـم والمَـرْغَـم۔ ج مَـرَاغِـم و(الرُّغَـامَى) نـاک الرُّغَامَى : جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑوں کی رگیں۔

المُـرَاغَم : مفر۔ بھاگنے کی جگہ۔ جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِذَلَّـي عَـن فَارِ الهَوَانِ مُـرَاغَم" میرے لئے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔

المَرْغَمَة : ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَـلَـى مَـرْغَمَتِـهِ" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

المِـرْغَام : غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مِرْغَامَة.

رَغَنَ (ف) رَغْنًا۔ فِيْهِ : لالچ کرنا۔ اِلَيْهِ : کان لگانا۔

اَرْغَنَهُ : طمع دلانا۔ اَرْغَنَ الاَمْرَ : آسان کرنا......اِلَيْهِ : کان لگانا۔ اَرْغَنَ لِفُلاَنٍ : اطاعت وفرمانبرداری کرنا۔

الاَرْغُن والاَرْغُنُونَ : (آرگن) (ایک باجہ کا نام)

رَغَا : (ن) رُغَاءً۔ البَعِيرُ اوالنَّعَامُ اولضَّبُعُ : بلبلانا۔ چیخنا......الصَّبِيُّ : بہت رونا۔

......الرَّعْدُ : زور سے گرجنا۔

رَغَا : (ن) رَغْوًا رَغّى تَرْغِيَةً واَرْغَى اِرْغَاءً۔ اللَّبَنُ وَنَحْوَهُ : دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَـى الـرَّجُل واَزْبَدَ" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ و "اَتَيْتُهُ فَمَا اَثْغَى ولاَ اَرْغَى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی

......ہ : ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ورَغَّـى فُلاَنًا : غضبناک کرنا۔

اِرْتَغَى۔ اللَّبَنَ : دودھ سے جھاگ اتار لینا

......الرُّغْوَة: جھاگ پینا۔

الـرَّغْوَة والرُّغْوَة والرِّغْوَة۔ ج رُغًى ورِغًى و(الرُّغَايَة والرِّغَايَة والرِّغَاوَة والرُّغَاوَى والرِّغَاوَى) مِنَ اللَّبَنَ : دودھ کا جھاگ۔

الرَّاغِيَة : اونٹنی۔ کہتے ہیں "مَالَهُ ثَاغِيَة ولاَ رَاغِيَة" نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی۔

المِرْغَاة : کفگیر۔

المُرْغِيُّ۔ مِنَ الكلام : مبہم گفتگو۔

رَفَّ : (ن ض) رَفًّـا : بہت کھانا......ہ : خدمت کرنا۔ بھلائی واحسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا......النَّاسُ بِهِ : گھیر لینا......بِـهِ : اکرام وتعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ ويَرُفُّهُ" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش ومہربانی کرتا تھا۔

البَيْتَ : گھر میں الگنی بنانا......الى كذا : خوش ہونا۔ رَفَّتْ عَيْنُهُ : پھڑکنا......البَرْقُ : بجلی کا چمکنا......شَفَتَيْهِ : ہونٹ کا چوسنا۔

......اللَّبَنَ : ہر روز دودھ پینا......ثَوْبَهُ : دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا

الدَّابَّة : بھوسہ کھلانا۔

رَفَّ : (ض) رَفًّـا ورَفِيْفًـا وارْتَفَّ۔ النَّبَاتُ : لہلہانا۔ رَفَّتِ العَيْنُ : پھڑکنا۔

رَفَّ البَرْقُ : بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَوْنُـهُ : چمک اٹھنا۔

اَرَفَّ اِرْفَافًا۔ الطَّائِرُ : پرندے کا دونوں بازو پھیلانا۔

الـرَّفّ : مص۔ الگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج رُفُوف ورِفَاف.

الـرِّف : اونٹوں کا گلہ۔ ہر دن کا پینا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ الحُمّٰى رِفًّا" اس کو روزانہ بخار آیا۔

الرُّف والرُّفَّة : بھوسہ وبھوسہ کا چورہ۔

الرُّفَاف : بھوسہ کا چورہ۔

الـرَّفِيْف : مص۔ چھت۔ فراخ سالی......فتـى رفيف الاَخْلاَق : اچھے اخلاق والا جوان۔

الـرَّفَّـاف : اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثَـغْرٌ رَفَّاف" سفید وشفاف دانت۔

رَفَا : (ف) رَفْأً۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو رفو کرنا۔ مرمت کرنا......ہ : خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا......بَيْنَهُمْ : صلح کرانا......السَّفِيْنَة : کشتی کو کنارہ پر لانا۔

رَفَّاهُ تَرْفِئَةً وتَرْفِيْئًا : مبارک باد دینا اور "بِالرِّفَاءِ والبَنِيْن" کہنا (بالرِّفَاءِ والبَنِيْن) : شادی کرنے والے کے لئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق واتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔

اَرْفَا۔ اِلَيْهِ : قریب ہونا اور پناہ لینا۔

الشَّيْءَ اِلَيْهِ : قریب کرنا......الرَّجُلُ : کنگھی کرنا۔

......السَّفِيْنَةُ : کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔

ارْفَاءُ ورَافَاهُ : مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔

الرِّفَاء : اتفاق۔

اَلْمَرْعِیُّ: جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا ورُغْبًا ورَغْبَةً. فِیهِ: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْهُ: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

بِهٖ عَنْ غَیْرِهٖ: دوسرے پر فضیلت دینا۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا ورَغْبٰی ورُغْبٰی رُغْبَةً ورَغَبَةً ورَغَبُوتًا ورَغَبَانًا ورَغْبَاء اِلَیْهِ: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً: بہت کھاؤ ہونا...... الوَادِی: فراخ وکشادہ ہونا۔

رَغَّبَهٗ وأَرْغَبَهٗ. فِی الشَّیْءِ: رغبت دلانا۔

رَغَبَهٗ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَبَ اللّٰهُ قَدْرَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔

اِرْتَغَبَ. فِیهِ: خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ. الوَادِی: کشادہ ہونا۔ النَّاسُ فِی الخَیْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب: مرغوب۔

الرُّغْب والرَّغَاب. مِنَ الأَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِیقٌ (رَغْبٌ): کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ.

الرَّغِیبُ: بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِیبٌ وسِقَاءٌ رَغِیبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حِمْلٌ رَغِیبٌ بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِیبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب.

الرَّغُوب: خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِیبَة. رَغِیب: کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رغائب.

رَغَثَ: (ف) رَغْثًا. الوَلَدُ أُمَّهٗ: ماں کا دودھ پینا...... ہ: لگا تار نیزے مارنا ...... القَوْمُ فُلَانًا: سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ: کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں درد ہونا۔

أَرْغَثَتْ. المَرْأَةُ: دائی پلائی ہونا۔ وَلَدَهَا: دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوث ورَغُوثَة ومُرْغِث): أَرْغَثَهٗ: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ بار بار نیزہ مارنا۔

اِرْتَغَثَ. الوَلَدُ أُمَّهٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُّغَثَاء: پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرْغَث: انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ: (س) رَغَدًا ورَغُدَ: (ک) رَغَادَةً عَیْشُهٗ: آسودہ وخوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْد ورَغَد ورَغِید).

أَرْغَدَ. القَوْمُ: آسودہ زندگی والی ہونا...... مَوَاشِیَهُمْ: جانوروں کے چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا...... اللّٰهُ عَیْشَهٗ: آسودہ بنانا۔

اِرْغَادَّ: رائے میں متردد ہونا...... اللَّبَنُ: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

اِسْتَرْغَدَ. العَیْشَ: آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغَدٌ) ونِسَاءٌ رَغَدٌ: آسودہ زندگی والی قوم اور یہ راغد کی جمع ہے جیسے خَادِم کی جمع خَدَم.

الرَّغِیدَة: ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَرْغَدَة: باغ۔

رَغَسَهٗ: (ف) رَغْسًا وأَرْغَسَهٗ. اللّٰهُ مَالًا وولَدًا: بہت دینا۔

اِسْتَرْغَسَهٗ: نرم سمجھنا۔

الرَّغْس: نعمت و برکت۔ نمو۔ ج أَرْغَاس.

المُرْغِس. مِنَ العَیْشِ: فراخ زندگی۔

المَرْغُوس: مبارک۔

المَرْغُوسَة. المَرْغُوس: کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَشَ: (ف) رَغْشًا. عَلَیْهِ: شور مچانا۔

رَغَفَ: (ف) رَغْفًا. العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا...... البَعِیرَ: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

أَرْغَفَ: چلنے میں جلدی کرنا...... اِلَیْهِ: تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَّغِیف: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی، روٹی۔ ج أَرْغِفَة ورُغُف ورُغْف ورُغْفَان وتَرَاغِیف.

وَجْهٌ (مُرَغَّف): سخت چہرہ۔

رَغَلَ: (ف) رَغْلًا. الوَلَدُ أُمَّهٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

أَرْغَلَ. الرَّجُلُ: غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا...... اِلَیْهِ: مائل ہونا...... الزَّرْعُ: کھیتی کی خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا...... الشَّیْءَ: بے موقع رکھنا۔

...... الجَدْیُ أُمَّهٗ: بکری کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا...... المَکَانُ: رغل نامی گھاس اگانا...... المَاءَ: بہت گرانا۔

الرُّغْل: ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج أَرْغَال.

الرَّغُول: اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَمٌّ رَغُولٌ" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الأَرْغَل. مِنَ العَیْشِ: فراخ زندگی۔

الرَّغْلَة: بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔

رَغَمَهٗ: (ف) رَغْمًا: مغلوب و مجبور کرنا۔

رَغَمَ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔

رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورُغْمًا. أَنْفُهٗ لِلّٰهِ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِم) الأَنْفِ: ج رُغَّمَ الأُنُوفِ. ورَغِمَهٗ: ناپسند کرنا۔

رَغَّمَهٗ: ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا: کہنا۔ أَنْفَهٗ: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰهُ أَنْفَهٗ" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے...... فُلَانٌ أَنْفَهٗ: فروتنی کرنا۔

أَرْغَمَهٗ: ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا...... ہ الذُّلُّ: خاک آلود کرنا۔ أَرْغَمَ نَعْلَهٗ: اپنے اہل کو ناپسندیدگی

والی تلوار کی ضرب۔

الرَّغَل : پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَغَلَ

الرَّجْل: کپڑے۔

الرَّغَل :شہد کی زنبھی۔

الرُّعَال :رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔

الرَّعَالَة :بے وقوفی۔

الرَّعْلَة :شترمرغ۔ بکری یا اُونٹنی کے کان کے پچھلے حصے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال وارْعَال واَرَاعِیْل کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَیْلُ رِعَالاً واَرَاعِیْلَ" اَرَاعِیْل الرِّیَاحِ اَوِالسَّحَاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔

الرُّعْلَة :انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل: ریحان وآس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔

الرَّعِیْل :آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال.

المِرْعَل: شمشیر براں۔

المِرْعَل :عمدہ مال۔

المُسْتَرْعِل :گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اُونٹ والا۔

رَعَمَ (ن) رَعْمًا. الشَّیْءَ: نگہبانی کرنا۔ ......الشَّمْسَ :آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔

رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً وارْعَمَتْ. الشَّاةُ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)

رَعَمَ. الشَّاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔

الرَّعَام :نگاہ کی تیزی۔

الرُّعَام :رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة.

الرُّعْمَة والرُّعَامِی: ایک قسم کا درخت۔

الرُّعَامِی :جگر کی زیادتی۔

الرِّعْم :چربی۔ اُم رِعْم: بجو۔

الرَّعُوْم :نفس۔

الرُّعُوْم :نازک بدن عورت۔

رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا ورَعُنَ (ک) رُعُوْنَة :بے وقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)

رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا. الشَّمْسُ :دھوپ لگنے سے بے ہوشی طاری ہونا۔

الرَّعْن :مص۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُوْن.

الاَرْعَن: چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔

الرَّعُوْن :تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔

رَعَا یَرْعُوْ رَعْوًا ورِعْوَةً ورَعْوَةً ورُعْوَةً : غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوٰی والرُّعْیَا)

اِرْعَوٰی اِرْعِوَاءً. مِنَ الجَهْلِ :رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ): رجوع کرنا۔

رَعٰی یَرْعٰی رَعْیًا ورِعَایَةً ومَرْعًی. المَاشِیَةُ الکلاءَ : جانور کا گھاس چرنا...... المَاشِیَةَ: جانور کو گھاس چرانا...... النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا...... الاَمِیْرُ رَعِیَّةً ورِعَایَةً :امیر کا انتظام مملکت کرنا...... عَلَیْهِ حُرْمَتَه : پاس عزت کرنا...... الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔

رَاعٰی مُرَاعَاةً. النُّجُوْمَ :ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا...... الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا...... الرَّجُلَ: کسی کے حق پر نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔

رَاعَیْتُهُ سَمْعِیْ :توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یُرَاعِیْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔

اَرْعٰی. المَاشِیَةَ :جانور کو چرانا...... المَکَانَ: چراگاہ بنانا...... عَلَیْهِ: شفقت مہربانی کرنا۔ اَرْعَیْتُهُ سَمْعِیْ: بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ :بہت چراگاہ والی ہونا...... اللّٰهُ المَاشِیَةَ: چرکراگانا۔

رَعَّاهُ تَرْعِیَةً : کسی سے "رَعَاهُ اللّٰه" کہنا۔

اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتْ. المَاشِیَةُ :جانور کا چرنا۔

اسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً. المَاشِیَةَ :چرانے کے لئے کہنا......ہ مَاشِیَةً :رکھوالی کے لئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیئے سے رکھوالی کے لئے کہا اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے......ہ السَّمْعَ :توجہ کرنے کو کہنا......ہ الشَّیْءَ :کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لئے کہنا۔

الرِّعْیَة :چرائی۔

الرُّعْیَا والرُّعْوٰی والرَّعْیَا والرَّعْوٰی : حفاظت۔

الرَّعْی :مص۔ کہا جاتا ہے "رَعْیًا لکَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔

الرِّعْی :گھاس۔ ج اَرْعَاء. رِعْی الحَمَامِ والاِبِلِ: دو گھاسوں کے نام۔

الرَّعِیَّة : چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَایَا. رَعِیَّةُ المَلِک ورعایاہٗ: تابع فرمان لوگ۔

الرَّعَاوٰی والرُّعَاوٰی :لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔

الرَّعَاوِیَّة :عوام کے مویشی۔

الاَرْعَاوِیه :شاہی مویشی۔

الرَّاعِی :فا۔ بہت الفت کرنے والا حاکم قوم

رَاعِیُ المَاشِیَة :چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاةٌ ورُعْیَان ورُعَاء ورِعَاء :مؤنث رَاعِیَة ج رَوَاعٍ. رَاعِیَةُ الشَّیْب ورَوَاعِیْه: بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِیُ الجَوْزَاءِ ورَاعِی النَّعَائِم :دو ستاروں کے نام۔ رَاعِی البُسْتَان ورَاعِیَةُ الاَتْنِ: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِیَةُ الرَّاس :جوں۔

المَرْعٰی :مص۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (...... والمَرْعَاة): چراگاہ۔

الرَّاعِدَة : گرجنے والا بادل۔ صَلَفَ تَحْتَ

الرَّاعِدَةِ : اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد. ذَاتُ الرَّوَاعِد: مصیبت۔

رَعْدَدَ : سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَعْدَدَ : ککی ہونا۔

الرِّعْدِيد والرِّعْدِيدَة : بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِيد : نرم ونازک نباتات۔ ج رَعَادِيد.

رَعْرَع. المَاءُ : پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا ...... الفَرَسَ : گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا ...... ہ اللّٰہُ : اُگانا۔

تَرَعْرَعَ. الصَّبِيُّ : بچہ کا بڑھنا وجوان ہونا۔ ...... الماءُ او السَّرَابُ : پانی یا سیراب کا متلاطم ہونا ...... السِّنُّ : دانت کا ہلنا۔

الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرَّعْرَاع : اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع ورَعَارِيع.

الرَّعْرَاع : بزدل۔ لمبا زکل۔

رَعَسَ : (ف) رَعْسًا : کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (...... رَعْسًا ورَعَسَانًا).

رَاسَة : بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔

اَرْعَسَه : کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔

تَرَعَّس وارْتَعَسَ : کانپنا۔

نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) : اُونٹنی جو نشاط میں ہو۔

الرَّعُوس : خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔

الرَّعِيس : چلنے میں لڑکھڑانے والا۔

الرَّعَّاس : نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔

الجِرْعِس : خسیس آدمی جو گھوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔

رَعِشَ : (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ : کانپنا۔ صفت (رَعِش ورَعِيش)

اَرْعَشَهٗ ورَعَّشَهٗ : کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔ عاجز کرنا۔

الرَّعِش والرِّعْشِيش : بزدل۔ جلد باز۔

الرِّعْشَة : جلد بازی۔

الرُّعَاش : مرض کی وجہ سے کپکپی۔

نَـاقَةٌ (رَعُوش) : بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اُونٹنی۔

الرَّعْشَاء. مِنَ النَّعَامِ : تیز رفتار شتر مرغ۔ ...... مِنَ النُّوقِ : تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اُونٹنی۔

المُرْعَش والمَرْعَش : ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔

الرَّعْشَن : کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔

رَعَصَ (ف) رَعْصًا وارْعَصَ. الشَّيْءَ : حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا ...... عَلَيْهِ جِلْدَهٗ : کھال کا پھڑکنا۔

تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ. عَلَيْهِ جِلْدُهٗ : کھال کا پھڑکنا ...... الجَدْيُ : بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا۔

رَعَظَ : (ف) رَعْظًا. السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔

رَعَظَهٗ. عَنْ كَذَا : سست کر دینا۔ جلدی کرانا ...... الوَتَدَ : اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

اَرْعَظَ. السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ ...... فُلَانًا : سست کر دینا۔

الرُّعْظ : تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ : کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَيْهِ اَرْعَاظَ النَّبَالِ" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدت غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔

رَعَفَ : (ف ن) رَعْفًا. الفَرَسُ الخَيْلَ : آگے بڑھ جانا۔

رَعِفَ : (س) رَعَفًا. الدَّمُ : نکسیر پھوٹنا۔ (...... ورَعُفَ) : (ف ن) رَعْفًا ورُعَافًا) الرَّجُلُ : نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔

اَرْعَفَهٗ : جلدی کرانا ...... القِرْبَةَ : مشک کو لبالب بھرنا ...... القَلَمَ : قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔

اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ : آگے بڑھنا۔

واسْتَرْعَفَتِ الحَصَى رِجْلَهٗ : کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔

الرَّعْفُ : مص۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔

الرُّعَاف : نکسیر۔ بہت بارش۔

الرَّعَّاف : بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔

الرُّعَافِي : بہت دینے والا۔ (رُعَاف کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)

الرَّاعِف : نا۔ نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف.

الرَّوَاعِف : نیزے۔

الرَّاعُوف والرَّاعُوف والرَّاعُوفَة والاُرْعُوفَة. مِنَ البِئْرِ : کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔

الرُّعُوف : ہلکی بارش۔

المَرَاعِف : ناک اور اس کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهٗ عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِهٖ" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔

المُسْتَرْعِف. مِنَ الخَيْلِ : آگے رہنے والا گھوڑا۔

رَعَقَ : (ف) رُعَاقًا ورَعِيقًا. بَطْنُ الدَّابَّةِ : جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔

رَعَلَ : (ف) رَعْلًا الشَّيْءَ : کشادہ۔ پھاڑنا۔ فُلَانًا : سخت نیزہ مارنا۔

رَعِلَ : (س) رَعَلًا : بے وقوف ہونا۔ النَّبَاتُ : لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)

رَعَّلَ. الكَرْمُ : انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔

اَرْعَلَهٗ : سخت نیزہ مارنا۔

اِسْتَرْعَلَتْ. الغَنَمُ : بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ : جنگ میں آگے آگے چلنا۔

الاَرْعَل : بے وقوف۔ مؤنث رَعْلَاء ج رُعْل : لمبی اور لٹکی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل : گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے

دشوار ہو۔

الرُّطَام: قبض۔

الرُّطُوم: بے وقوف مرد۔

الرَّاطِم: کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔

اِمْرَاَۃٌ (مَرْطُوْمَۃٌ): بدی کے ساتھ متہم عورت۔

رَطَنَ لَهٗ: (ن) رِطَانَۃً ورَطَانَۃً ورَاطَنَہٗ مُرَاطَنَۃً: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

تَرَاطَنَ۔ الْقَوْمُ و تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَھُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

الرُّطَیْنٰی: کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَا رُطَیْنَاکَ ھٰذِہٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔

رَعَثَ: (ن) رَعْثًا۔ الرِّیْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔

الرَّعَاع: کمینے ورذیل لوگ۔

الرَّعَاعَۃ: شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔

رَعَبَ: (ف) رَعْبًا ورُعْبًا: خوف کرنا...... الرَّجُلَ: خوف دلانا (......رَعْبًا) الْاِنَاءَ اوالْحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا...... السَّنَامَ ونَحْوَہٗ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الْحَمَامَۃُ: کبوتر وغیرہ کا غٹرغوں کرنا۔

رَعَّبَ تَرْعِیْبًا وتَرْعَابًا۔ الرَّجُلَ: خوف دلانا...... الْاِنَاءَ: برتن بھرنا۔

السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا...... فُلَانًا: کسی کے لئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔

اِرْتَعَبَ: ڈرنا۔

الرَّعْب: جادو کا منتر۔ مقفّی نثر۔ بُرا وعدہ۔

الرُّعْب والرُّعُب: گھبراہٹ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَۃ۔

الرَّعِیْب: خوفزدہ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِیْبُ الْعَیْنِ ومَرْعُوْبُ الْعَیْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔

الرَّعَّاب: جادو کرنے والا۔ مقفّی نثر بولنے والا۔

الرَّعَّابَۃ: لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔

الرُّعْبُوْب: بزدل۔ ج رَعَابِیب (......الرُّعْبُوْبَۃ والرِّعْبِیْب) مِنَ الْجَوَارِیْ: نازک اندام لڑکی۔

الْمُرْعَب: موٹا جس سے چربی ٹپکے۔

التَّرْعِیَبۃ: کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِیب۔

الْمَرْعَبَۃ: ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔

تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔

......الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

......الرَّجُلُ: بے وقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔

تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا...... الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

الرَّعْبَل۔ مِنَ النِّسَاءِ: بے وقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اُونٹ۔

الرِّعْبِلَۃ والرُّعْبُوْلَۃ: پرانا وبوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل ورَعَابِیْل اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ رَعَابِیْل" یعنی پرانا کپڑا۔

الرَّعْبَلَۃ والرَّعْبَلِیْل۔ مِنَ الرِّیَاح: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔

الرُّعْبُوْلَۃ: پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔

رَعَثَ (ف) رَعْثًا ورَعِثَ: (س) رَعَثًا۔ الْعَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔

تَرَعَّثَتْ وارْتَعَثَتْ۔ الْمَرْأَۃُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔

الرَّعْث والرَّعَث: رنگین اُون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔

الرَّعْثَۃ والرَّعَثَۃ: بالی۔ مرغ کی کلغی، مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و جج رُعُث۔

الرَّعْثَاء: بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں۔ لمبے دانہ والا انگور۔

الرَّاعُوْثَۃ: پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تا کہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔

رَعَجَہٗ: (ف) رَعْجًا ورَعَجًا وأَرْعَجَہٗ: غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ أَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ: (س) رَعَجًا۔ الْمَالُ او الْعَلَوُ: بہت ہونا۔ الوادی: وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ: کانپنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا ولَھُمْ اِرْتِعَاجٌ" لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا۔ الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی: بھر جانا۔ الْمَالُ: بہت ہونا۔

الرَّعْج: بہت مویشی۔

رَعَدَ: (ف ن) رَعْدًا ورُعُوْدًا۔ السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "ورَعَدَ لِیْ فُلَانٌ وبَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ الْمَرْأَۃُ وبَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔

أَرْعَدَ۔ الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا، گڑگڑاہٹ سننا...... زَیْدًا: دھمکی دینا...... الْخَوْفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔

أُرْعِدَ: کپکپی ہونا۔

تَرَعَّدَ: حرکت کرنا۔ کانپنا۔

اِرْتَعَدَ: اضطراب کرنا۔ کانپنا۔

الرَّعْد: مص۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِیْل" یعنی وہ لڑائی لایا۔

الرَّعْدَۃ والرِّعْدَۃ: کپکپی۔

الرَّعَّاد: بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمَکَۃُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔

الرَّعَّادَۃ: بہت بولنے والا۔

قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رُضِيَتْ مَعِيْشَةٌ" اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔

رَاضَى رِضَاءً ومُرَاضَاةً. الرَّجُلَ : رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْضَى ورَضَّى. الرجُلَ : رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضَّى. الرَّجُلَ : رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضَى. القَوْمُ الشَّئَ : قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاهُ. لِخِدْمَتِهٖ اولصُحْبَتِهٖ : پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاهُ : رضامندی طلب کرنا۔

واِسْتَرْضَيْتُهُ: کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رجُلٌ وامْرَاَةٌ (رِضىً) : پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے یہی ہے)

عِيْشَةٌ (رَاضِيَةٌ) : پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)

رَضْوٰى : مدینہ طیبہ اور ینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضَوِيٌّ.

الرِضَاء: خوشنودی۔

الرَّضْوَة : خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَافَعَلْتُ ذٰلِکَ اِلاَّ عَنْ رِضْوَتِهٖ" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔

الرَّضِیُّ : عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔

ارَطَّ اِرْطَاطًا : بے وقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فِی مَقْعَدِهٖ: جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرَطَّهٗ : بے وقوف سمجھنا۔

الرَّطِيْط : شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بے وقوف۔ ج رِطَاط.

الرَّطَائِط : بے وقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)

رَطَأَ : (ف) رَطأً. القَوْمَ : قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا...... بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا...... المَرْاَةَ: جماع کرنا۔

اِسْتَرْطَا. الرَّجُلُ : بے وقوف ہونا...... الرَّجُلَ: بے وقوف سمجھنا۔

الرَّطَا : بے وقوفی۔

الرَّطِئ : بے وقوف۔ ج رِطَاء: مؤنث رَطِئَةٌ ورَطَاء.

رَطَبَ : (ن) رَطَابَةً البُسْرُ : پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔

رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا. الدَّابَّةَ : جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔

رَطِبَ : (س) ورَطُبَ (ک) رُطُوْبَةً ورَطَابَةً: تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔

رَطَّبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔

رَطَّبَ واَرْطَبَ. الثَّوْبَ ونَحْوَهٗ : تر کرنا۔

رَطَّبَ واَرْطَبَ البُسْرُ : پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ واَرْطَبَت الاَرْضُ : زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ اَرْطَبَ النَّخْلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ اَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔

تَرَطَّبَ : تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِیْ بِذِکْرِکَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔

الرَّطْبُ والرَّطِيْب : تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَطِيْبٌ": خوش حال زندگی۔

الرُّطْبُ والرُّطُب : سبز چارہ۔

الرُّطَب : پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَة): ج رِطَاب واَرْطَاب.

اَلرُّطْبَةُ: گھاس نما پودہ تین پتوں والا۔ بنفشی رنگ پھولوں والا جنگل میں اور زراعت کیا جاتا ہے۔

المَرْطَبَة: کھاری کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔

اَلمِرْطَابُ : درجہ حرارت اور ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ دوسرا نام میزان رطوبت ہے۔

الرَّطَاب : بروزن قطام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔

المرطبان : اچار مربہ جمع کرنے کے لئے برتن۔ (عامی لفظ ہے)۔

الرَّطْز : کمزور بال وغیرہ۔

الرُّطَازَات : خرافات۔

رَطَسَ : (ن ض) رَطْسًا: تھپڑ مارنا۔

اِرْطَسَّت. عَلَيْهِ الحِجَارَةُ : پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔

رَطَعَ : (ف) رَطْعًا. الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

الرَّطْع : زکام۔

رَطَلَ : (ن) رَطْلاً. الشَّئَ : ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا...... الرَّجُلُ: دوڑنا۔

رَطَّلَ. الشَّعْرَ : تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا...... الشَّئَ: رطل پیمانہ سے وزن کرنا

(......واَرْطَلَ) الرَّجُلُ : ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔

رَاطَلَ : رطل سے بیچنا۔

الرَّطْل والرِطْل : بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰ تولہ۔ ج اَرْطَال. الرَّطْل مِنَ الرِّجَال: بے وقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔

الرِطْلَة : سبک رفتار گھوڑی۔

الرُّطَيْلاَء : رتیلا کی تصحیف ہے۔

المُرْطِل. مِنَ الرِّجَال : نرم۔ لمبا۔

رَطَمَهٗ : (ن) رَطْمًا: کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔

رَطَّمَ واَرْطَمَ. فِیْ قُعُوْدِهٖ : جم کے بیٹھنا۔

واَرْطَمَ الرَّجُلُ: خاموش رہنا۔

رُطِمَ. البَعِيْرُ : اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

تَرَطَّمَ. السَّلحَ : پاخانہ روکنا۔

اِرْتَطَمَ : کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا...... فِی الاَمْرِ : کسی معاملہ میں پھنس جانا...... عَلَيْهِ الاَمْرُ : مشتبہ ہونا...... الشَّئُ: ڈھیر لگنا۔

الرُّطْمَة : پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی

تَرَاضَخَ. الْقَوْمُ بِالْحِجَارَةِ: باہم پتھراؤ کرنا۔

تَرَضَّخَ. الْحَصٰى: کنکری کا توڑنا۔ الْخُبْزَ: توڑ کر کھانا...... الْخَبَرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔

الرَّضْخُ: مص۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔

الرَّضِيْخُ: توڑی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِيْخَةُ والرُّضَاخَةُ: تھوڑا عطیہ۔

المِرْضَاخُ ج مَرَاضِيْخُ (الْمِرْضَخَةُ): پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔

رَضَدَ: (ن) رَضْدًا. الْمَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

اِرْتَضَدَ. الْمَتَاعُ: سامان ترتیب سے رکھنا۔

رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ف ض) رَضْعًا ورَضَعًا ورَضِعًا ورَضَاعًا ورِضَاعًا ورَضَاعَةً ورِضَاعَةً وارْتَضَعَ. الْوَلَدُ اُمَّهُ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِعٌ) ج رُضَّعٌ.

رَضُعَ: (ک) رَضَاعَةً: لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِعٌ) ج رُضَّعٌ.

رَاضَعَهُ رِضَاعًا ومُرَاضَعَةً: رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا...... اِبْنَهُ: دائی پلائی کو دینا...... الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔

اَرْضَعَهُ: دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ الْمَرْاَةُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِعٌ): (اس کلمہ میں تا علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کے لئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَةٌ): ہوگی۔ ج مُرْضِعَاتٌ ومَرَاضِعُ.

اِسْتَرْضَعَ: دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ الْمَرْاَةَ وَلَدِيْ" عورت سے میں نے اپنے بچہ کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَعُ: کھینکی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَةٌ)

الرَّاضِعُ: فا۔ دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَةُ. راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَانِ: بچہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِعُ.

الرَّضِيْعُ ج رُضَعَاءُ والرَّضِعُ: ج رُضُعٌ: دودھ پیتا بچہ۔ کمینہ۔ رَضِيْعُكَ: تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَةُ: مص۔ پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (...... والرَّضَاعَةُ اِرْضَاعٌ: کا اسم۔

الرَّضُوْعَةُ: اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی عورت۔

الرَّضَّاعُ: بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔

الْمَرَاضِيْعُ: کمینے۔

رَضَفَهُ: (ض) رَضْفًا: داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا...... اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔

رَضَّفَهُ: سخت غضبناک کر دینا۔

الرَّضْفُ: گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَةٌ): کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَّضَفُ: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔

الرَّضَفَةُ: گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَفٌ ورَضَفَاتٌ.

الرَّضِيْفُ: گرم پتھر (...... والرَّضِيْفَةُ): گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيْفَةَ" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔

الرَّضِيْفُ والْمَرْضُوْفُ: گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِيْفَةُ والْمَرْضُوْفَةُ: اوجھ جس کو دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کا ٹکڑا اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تا کہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

الْمِرْضَافَةُ: داغ کرنے کا آلہ۔

مُطْفِئَةُ (الرَّضْفِ): ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔

اَرْضَكَ. عَيْنَيْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔

رَضَمَ: (ض) رَضْمًا. الْاَرْضَ: زمین کو جوتنا...... الْبَيْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِيْمٌ ومَرْضُوْمٌ) الْمَتَاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشئ: توڑنا۔ عَلَيْهِ الصَّخْرَ: ڈالنا (...... رَضْمًا ورَضَمَانًا) فِي الْمَشْيِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ. الْمَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْمُ والرَّضَمُ والرِّضَامُ: بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضَمٌ: کا واحد (رَضَمَةٌ)

الرُّضَامُ: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔

رَضَاهُ يَرْضُوْهُ رَضْوًا: پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِيْ فَرَضَوْتُهُ" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

رَضِيَ: (س) رُضًى ورِضًى ورُضْوَانًا ورِضْوَانًا ومَرْضَاةً. عَنْهُ وعَلَيْهِ: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْنَ ورُضَاةٌ ورُضَّضٌ: ج رَضُوْنَ و (رَضِيٌّ) ج اَرْضِيَاءُ ورُضَاةٌ.

رَضِيَ. الشَّئَ ورَضِيَ بِهِ رِضًى: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِيٌّ ومَرْضُوٌّ): کہا جاتا ہے "رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ فُلَانٍ ورَضِيَ عَنْهُ" یعنی اللہ اس کے اعمال کو

الرِصَاغ : بمعنی الرسَاغ.

رَصَفَ (ن) رَصْفًا. الحِجَارةَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا...... المصَلِّي قَدَمَيهِ اوبَيْنَ قَدَمَيْهِ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "هٰذا الامر لايَرْصُفُ بِكَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔

رَصُفَ (ک) رَصَافَةً. العَمَلُ: مضبوط ہونا۔

رَصِفَتْ: (س) رَصَفًا ورُصِفَتْ رَصَفًا اَسْنَانُه: دانتوں کا ترتیب وہموار ہونا۔

اَرْصَفَ: شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔

تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ والحِجَارَةُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔ ......القَومُ فِي الصَّفّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا...... اَسْنَانُه: دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔

الرَصَف: پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَة)

الرَصَفَتَان: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔ الرَصَف: پانی کا بند۔ مَاءُ الرَصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِصَاف: پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصَف ورُصُف.

الرَصِيف: نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِيفٌ: مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِيف: کا اطلاق پتھروں کے فرش کئے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔

الرُصَافَة: پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے اندر داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الرُصُوفَة: ثابت قدمی۔

المِرْصَافَة: ہتھوڑا۔

المُرْتَصِف: شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الاَسْنَان: قریب قریب دانتوں والا امرد۔

رَصَنَ (ن) رَصْنًا. الاَمْرَ: پورا کرنا۔ مضبوط کرنا...... الدَّابَّةَ: داغ لگانا......ه بِلِسَانِهِ: گالی دینا۔

رَصُنَ (ک) رَصَانَةً. العَقلُ وغَيرُهُ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِينٌ)

رَصَنَ. الشئَ مَعْرِفَةً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِي هٰذا الخَبر" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

اَرْصَنَه: مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔

الرَصَن: ایک قسم کی نباتات۔

الرَصِين: اپنے ساتھی کی ضرورت کے لئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔

المِرْصَن: جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔

رَصَا (ن) رَصْوًا. الشئَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

اَرْصَى. بالمَكَان: جم کے رہنا۔

رَضَّهُ (ن) رَضًّا: کوٹنا۔ دلنا۔

رَضْرَضَ. الشئَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔

تَرَضْرَضَ: کوٹا جانا۔ دلا جانا۔

اَرَضَّ: سست وبوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا...... فِي الاَرْضِ: جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ: پسینہ بہانا۔

ارْتَضَّ. الشئُ: ٹوٹنا۔

الاَرَضّ: جم کر بیٹھنے والا۔

الرَضِيض والمَرْضُوض: کوٹا ہوا۔

الرُضَاض: ریزے۔ چورہ۔

المُرِضَّة والمِرَضَّة والرَضّ: گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔ المِرَضَّة: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔

رَضَبَ (ن) رَضْبًا وارْضَبَ. المَطَرُ: زور سے بارش ہونا...... السَمَاءُ: آسمان کا برسانا (رَضَبَ وتَرَضَّبَ) الرِيقَ: تھوک چوسنا۔

الرَاضِب: مِنَ المَطَر: زور سے برسنے والی بارش۔

الرُضَاب: چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ: میٹھا پانی۔

المَرَاضِب والمَرَاضِيب: خوش مزہ تھوک۔

رَضَحَ: (ف) رَضْحًا. النَوَى اوالحَصٰى: گٹھلی یا کنکری توڑنا...... رَاسَه بالحَجَر: کچلنا۔

تَرَضَّحَ. الحَصٰى: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبزَ: روٹی کا چورا کرنا۔

تَرَاضَحُوا. بالنُشَّاب: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔

ارْتَضَحَ. مِنَ الاَمْرِ: عذر کرنا۔

الرَضْح: مص۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَا رَضْحٌ مِنَ الخَبر" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔

الرُضح: شکستگی۔

الرَضِيح: ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔

الرَضَحَة: گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضَحَةٌ مِنَ المَطَرِ": یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رِضَاح.

المِرْضَاح: گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔

رَضَخَ: (ض ف) رَضْخًا. النَوى اوالحَصٰى: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَهُ مِنْ مَالِهِ رَضْخَةً" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا...... التُيُوسُ: باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهُ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ": اس نے حق کا یقین کیا۔

رَاضَخَهُ: ایک دوسرے کو پتھر مارنا...... الشئَ: بادل ناخواستہ دینا...... مِنه شَيْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔

اَرْضَخَ. لِلرجُل: بہت میں سے تھوڑا دینا۔

لینا۔

اِسْتَرْشٰی. فِیْ حُکْمِهٖ :رشوت مانگنا...... الْفَصِیْلُ: اُونٹ کے بچہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا......مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔

الرُّشْوَة والرَّشْوَة والرِّشْوَة :رشوت۔ ج رُشٰی ورِشٰی.

الرِّشَاء: رسی۔ ڈول کی رسی۔ ج اَرْشِیَة کہا جاتا ہے "اَتْبِعِ الدَّلْوَ رِشَاءَ هَا" ڈول کے پیچھے رسی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔ وارْشِیَة النَّبَات: نباتات کی بیلیں۔

الرَّشَاة :ایک قسم کی نباتات۔ ج رَشًا.

الرَّشِیُّ: اُونٹ کا بچہ۔

التَّرْشَاء :ڈول کی رسی۔

رَصَّ (ن) رَصًّا. الشَّیْءَ :ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا......الدَّجَاجَةُ: بَیْضَتَهَا: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کے لئے چونچ سے درست کرنا۔

رَصَّصَهٗ :ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا...... الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَصَّصَ وارْتَصَّ :باہم چمٹنا۔ جڑنا۔

الرَّصَاص :سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَة)

الرَّصَاصِیُّ: سیسے کے رنگ کا۔

الرَّصَص :دانتوں کی پیوستگی۔

الرَّصِیْص :ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَةٌ. ج رَصَائِص کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی الْقَبْرِ الرَّصَائِص" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔

الرَّصِیْص :انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔

الاَرَصُّ :قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء. ج رُصٌّ. فَخِذٌ رَصَّاء :ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔

الاُرْصُوْصَة :خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔

الرَّصَاصَة :بجیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَان (مَرْصُوْص): مضبوط عمارت۔

الرَّصَب :انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔

رَصِحَ (س) رَصَحًا: قریب قریب سرین۔ صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء.

رَصِخَ. فِی الْاَمْرِ بمعنی رَسَخَ.

رَصَدَهٗ: (ن) رَصْدًا ورَصَدًا: انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔

رَصِدَ. الْمَکَانُ :بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)

رَاصَدَه: نگہبانی کرنا۔

اَرْصَدَ. الرَّقِیْبَ :گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا......لَهٗ شَیْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا......لَهٗ خَیْرًا اوشَرًّا :بدلہ دینا......الْحِسَابَ: پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔

اِرْتَصَدَهٗ وتَرَصَّدَهٗ :امید لگانا۔ تَرَصَّدَ لَهٗ: گھات میں بیٹھنا۔

تَرَاصَدَ. الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔

الرَّاصِد :فا۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد ورَصَد.

الرَّصَد :راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد :گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر ومؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کے لئے ارصاد: بولتے ہیں)

الرَّصْدَة :بوچھار ج رِصَاد.

الرُّصْدَة :تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔

الرَّصُوْد :پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اُونٹنی۔

الرَّصِیْد :گھات میں رہنے والا۔

الْمِرْصَاد :راستہ (......والمَرْصَد): گھات ج مَرَاصِیْد ومَرَاصِد. مَرَاصِدُ الْحَیَّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔

اَرْض (مُرْصِدَة) :تھوڑی سی گھاس والی زمین۔

رَصْرَصَ. الْبِنَاءَ :عمارت مضبوط بنانا......فِی الْمَکَانِ: ٹھہرنا۔ رہنا۔

الرَّصْرَاصَة :سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔

رَصَعَهٗ (ف) رَصْعًا. بیده :تھپڑ مارنا......بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فِی الْمَطْعُوْنِ :زور سے بھالا مار کر گھسا دینا......الْحَبَّ :دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (......رُصُوْعًا): اقامت کرنا۔

رَصِعَ (س) رَصَعًا. بالشیءِ :چپکنا...... بِالطِّیْبِ :مہک اٹھنا......الْمَرْاَةَ رِصَاعًا: جماع کرنا۔

رَصَّعَ. الشَّیْءَ :اندازہ کرنا اور بننا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّهٗ بِالْقُضْبَانِ" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کرکے تیلیوں سے بنایا۔ الذَّهَبَ بِالْجَوَاهِرِ : سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بِالْجَوَاهِرِ" جواہر کا جڑا ہوا تاج......الْعِقْدَ بالجواهر :ہار میں جواہر پرونا۔

اَرْصَعَهٗ. بِالرُّمْحِ :سخت نیزہ مارنا۔

اِرْتَصَعَ. الْحَبَّ :دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا......بِهٖ: چپکنا......اَسْنَانُهٗ : دانتوں کا پیوستہ وقریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ :جڑاؤ ہونا۔ شادماں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔

تَرَاصَعَتِ. الْعَصَافِیْرُ :جفتی کرنا۔

الرَّصِیْعَة :کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع.

الاَرْصَع :لاغر سرین والا۔ طَعْنٌ اَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔

الرَّصَّاع :بہت جماع کرنے والا۔

الْمِرْصَاع :لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔

الرُّصْغ :بندوبست۔ گٹا۔

المُرْشَح والمِرْشَحَة : زین کے نیچے کا خوگیر۔

الأَرْشَح : بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَرْشَحُ فُؤَادًا" : وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ (س) رَشَدًا : ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا...... أَمْرَهُ : ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهُ وأَرْشَدَهُ. إِلَى كَذَا وعَلَيْهِ ولَهُ : ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِي : سیدھے راستے پر چلنا۔

اِسْتَرْشَدَ. لِأَمْرِهِ : راہ راست پانا۔

...... ہ : ہدایت طلب کرنا۔

الرُّشْد : مص۔ ہدایت راہ راست پر ہونا۔

الرَّشْدَة والرِّشْدَة : حلال زادہ۔

الرَّشْدَى : ہدایت۔

الرَّشِيد : سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔

الرَّشَاد والرَّشَد : ایک قسم کی نباتات۔

الرَّشَادَة : چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد.

المَرَاشِد : سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

أُمّ (رَاشِد) : چوہیا۔

رَشْرَش رَشْرَشَةً. الشَّيءُ : ڈھیلا ہونا۔

البَعِيرُ : اُونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کے لئے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَش. المَاءُ : بہنا۔ خَبُزَ او عَظُمَ

(رَشْرَش ورَشْرَاش) : نرم روٹی یا ہڈی۔

رَشَف : (ض ن) رَشْفًا ورَشِيفًا وتَرْشَافًا ورَشِفَ : (س) رَشَفًا ورَشَفَانًا المَاءَ ونَحْوَهُ : چوسنا...... الإِنَاءَ : پی کر خالی کرنا۔

رَشَّفَ وأَرْشَفَ وتَرَشَّفَ وارْتَشَفَ المَاءَ : خوب چوسنا۔

الرَّشْف والرَّشَف : حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ" بے پانی کا حوض۔

الرَّشَّاف : بہت چوسنے والا۔

المِرْشَف : پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف.

المَرَاشِف : ہونٹ۔

رَشَقَهُ (ن) رَشْقًا. بِالسَّهْمِ : تیر مارنا۔ بِبَصَرِهِ : گھور کے دیکھنا...... ہ بِلِسَانِهِ : طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "إِيَّاكَ ورَشَقَات اللِّسَان" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً. الغُلَامُ : خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيق) ج رِشَاق.

رَاشَقَهُ مُرَاشَقَةً : ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

تَرَاشَقَ. القَوْمُ : باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوا بِأَلْسِنَتِهِمْ وتَرَاشَقُوا بِأَعْيُنِهِمْ" انہوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّقَ. فِي الأَمْرِ : تیز ہونا۔

أَرْشَقَ. النَّظَرَ إِلَيْهِ : تیز نظر سے دیکھنا۔

القَوْمَ بِبَصَرِهِ : نگاہ ڈالنا...... الظَّبْيَةُ : ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا...... الرَّامِي : سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْشَقَنِي مَقْصَدِي" اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا "ومَا أَرْشَقَ هٰذِهِ القَوْسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔

الرَّشْق : تیز تیز پھینکنے والی کمان۔ رَشِيق کی جمع۔

الرَّشْق والرِّشْق : قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِهِ" میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْق : تیر اندازی ج أَرْشَاق.

الأَرْشَق : سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيدٌ أَرْشَقُ" کھڑی گردن۔

الرَّشِيق : نازک اندام و خوبصورت۔

مِنَ اللَّفْظِ او الخَطِّ : پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔

رَشَمَ (ن) رَشْمًا. بَيْدَرَ الحِنْطَةِ : گیہوں کے کھلیان (قومہ پر) مہر کرنا۔ (...... ورَشَمَ) : لکھنا۔

رَشِمَ (س) رَشَمًا : کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (أَرْشَم)

أَرْشَمَ. الشَّجَرُ : درخت کا پتے والا ہونا۔

الأَرْضُ : سبزی نکلنا شروع ہونا...... البَرْقُ : بجلی چمکنا۔ المَاشِيَةُ : ابتدائی سبزی چرنا۔

(...... وارْتَشَمَ) الإِنَاءَ : برتن پر قومہ مہر کرنا۔

الرَّشْمُ : ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (...... والرُّشْم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔

الأَرْشَم : داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے)...... مِنَ الغَيْثِ : تھوڑی بارش۔ عَامٌ أَرْشَمُ : سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔

الرَّوْشَمُ والرَّاشُوم : غلہ کے انبار پر قومہ مہر کرنے کی منقوش تختی۔

الرُّشْمَة : بجو کے منہ کی سیاہی۔

رَشَنَ : (ن) رَشْنًا ورُشُونًا : بن بلائے مہمان بننا...... الكَلْبُ فِي الإِنَاءِ : کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔

الرَّشْن والرُّشْن : پانی نکلنے کا دہانہ۔

الرَّاشِن : فا۔ بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان" بھی کہا جاتا ہے۔

الدَّوْم: مص۔ ہمیشہ کھجور کی مانند ایک درخت۔ بڑے بڑے درخت۔

الدُّوَام: سر کا چکر۔

الدَّوَمَان: پرندے کا منڈلانا۔

الدِّيْمَةُ: لگاتار بارش جس میں چمک و گرج نہ ہو۔ ج دِيَم ودُيُوْم کہا جاتا ہے "مَطَرَتْهُمُ السَّمَاءُ بِدِيْمَةٍ وبِدِيَمٍ" آسمان نے ان پر لگاتار بارش کی۔

الدَّامَا: شطرنج جیسا ایک کھلونا۔

(کلمہ مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں۔) الدَّار: شہر قبیلہ۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِنَا دَارُ بَنِی فُلَانٍ" یعنی ہم بنو فلاں کے قبیلہ سے گزرے۔ سال یا زمانہ۔ دَارُ الْقَرَار: جنت۔ الدَّارَان: دنیا و آخرت۔ دَارُ الْحَرْبِ: وہ مقام جہاں غیر الٰہی قانون رائج ہو۔

الدَّارَة: اُترنے کی جگہ۔ قبیلہ۔ پہاڑوں کے درمیان وسیع زمین۔ حلقہ۔ چاند کا ہالہ۔ ج دَارَات ودُوْر.

(.....وَالدَّيْرَة والدَّوْرَة) مِنَ الرَّمْلِ: گول ریتلی جگہ۔ ودَارَات الْعَرَب: عرب کے شہروں کے مشہور مقامات جو ایک سو دس سے زائد ہیں۔

الدَّارِيُّ: عطر فروش (دارین کی جانب منسوب ہے جو بحرین میں ایک بندرگاہ ہے اور جہاں ہندوستان سے مشک آتی تھی۔ ملاح جو پتوار کا نگہبان ہو۔ چوپائے و مویشی والا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الْمَكَانِ (دَارِيٌّ اَوْ دُوْرِيٌّ او دَيَّار اوْ دَيُّور) : یعنی کوئی نہیں۔

الدُّوْرِي: ایک قسم کی چڑیا۔

الدَّارِيَة: ہمیشہ گھر میں رہنے والا (تا مبالغہ کے لئے ہے۔)

الدَّوْر: مص۔ حرکت۔ گھوم۔ چکر۔ ج اَدْوَار دَفْعَة عِنْدَ الاَطِبَّاء: بخار کی باری۔ عِنْدَ الْمُوْسِيْقِيِّيْن: دو یا زائد شعروں کا قطعہ۔

عِلْمُ الادْوَارِ: فن موسیقی۔

الدَّوْرَة. دَارَ: کا اسم مرۃ۔

الدُّوَار والدَّوَار: سر کا چکر۔

الدَّوَّار والدَّوَّارِي: بہت پھرنے والا۔ کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ دَوَّار ودَوَّارِي بِالانْسَانِ" زمانہ انسان کے ساتھ الٹنے پلٹنے والا ہے۔ یعنی طرح طرح کے حوادث سے دوچار کرتا ہے۔

دَوَّارُ الشَّمْس: سورج مکھی۔

الدُّوَّار: ریت کا گول تودہ۔ منزل۔

الدَّوَّارَة: پرکار۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔

الدُّوَّارَة والدُّوَّارَة. مِنَ الرَّاس: سر کا گول حصہ۔ دُوَّارَة الْبَطْن: بکری کا اوجھ۔

اَلدَّائِرَةُ الْكَبِيْرَةُ يا الْعَظِيْمَةُ: اس کا قطر کرۃ کے قطر کے برابر ہو۔

اَلدَّائِرَةُ الصَّغِيْرَة: جس کا قطر کرۃ کے قطر سے تھوڑا ہو۔

دَائِرَتَانِ مُتَعَامِدَتَانِ: برابری والے دو دائرے۔ جس کے عمود انقطاع لفظ ہوں۔

دَائِرَةُ السَّمْتُ الاعْتِدَالِيَّة: وہ جس میں زمین کے دو قطب سورج کی مسافت برابری پر ہو اس وجہ سے زمین پر روشنی نصف علاقہ پر پڑتی ہو اور باقی نصف پر اندھیرا ہوتا ہے اس وقت رات دن کے گھنٹے برابر ہوتے ہیں اور یہ اعتدال سال میں دو دفعہ ہوتا ہے ایک دفعہ ۲۱، ۲۲ اذار (مارچ) اس کو اعتدال ربیعی بولتے ہیں اور دوسری دفعہ ۲۲، ۲۳ ایلول یعنی ستمبر اس کو اعتدال خریفی بولتے ہیں۔

"دَائِرَةُ سَمْت الْقُلاَبِيَّة": وہ دائرہ جس میں سورج خط استواء کافی فاصلے پر ہوتا ہے اور چند دن کے لئے ظاہر ہوتا ہے گویا کہ وہ اپنی جگہ پر قائم ہے اور یہ سال میں دو دفعہ ہوتا ہے ایک دفعہ ۲۱ حزیران یعنی جون۔ اس کا نام انقلاب صیفی ہے۔ دوسری دفعہ ۲۱ کانون اول یعنی ۲۱ دسمبر اس کو انقلاب شتوی بولتے ہیں۔

الدَّائِرَة: جو کسی چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ حلقہ انسان کے پیشانی کے پاس کی بھنوری۔ گھوڑے کے بدن کی بھنوری۔ شکست۔ مصیبت..... عِنْدَ الْمُهَنْدِسِيْن: سطح مستوی جس کو ایک گول خط احاطہ کئے ہوئے ہو اور اس گول خط کا نام محیط ہے۔

مَرْكَزُ الدَّائِرَةِ: دائرہ کے بیچ کا نقطہ۔ قُطْرُ الدَّائِرَةِ: وہ خط مستقیم جو مرکز سے گزرتا ہوا دائرہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کردے۔ ج دَوَائِر: کہا جاتا ہے "دَارَتْ عَلَيْهِم الدَّوَائِر" یعنی ان پر مصائب پڑے۔

الدَّيْر: راہبوں کے رہنے کی جگہ۔ ج اَدْيِرَة ودُيُوْرَة واَدْيَار.

الدَّيْرَانِي والدَّيَّار: دیر والا یا دیر کا رہنے والا۔

الاِدَارَة. ادار: کا اسم و مصدر۔

مَدَارُ. الشَّيْئِ: جس پر کوئی چیز چکر کھائے..... الاَمْرُ: کسی کام کا دار و مدار۔

الْمُدَارَة: ڈول کی ایک قسم۔

الْمُدِيْر: منتظم۔ گورنر۔

دَوْزَنَ. الْقَانُون ونَحْوَهُ: ستار، سارنگی وغیرہ کے تار کسنا۔ کلمہ فارسیہ اس کا مرادف عربی میں بضّ وبظّ: ہے۔

دَاسَ (ن) دَوْسًا ودِيَاسًا ودِيَاسَةً الشَّيْئَ: پاؤں سے ملنا..... فُلاَنًا: کسی کو ذلیل کرنا..... السَّيْفَ: تلوار کو صیقل کرنا۔

(.....وَادَاسَ) الزرعَ: گاہنا۔

دَاوَسَ. الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِی الْقِتَالِ: جنگ میں ایک دوسرے کو پاؤں سے روندنا۔

اِنْدَاسَ: پاؤں سے روندا جانا۔

الدِّيْسَة: گھنا جنگل۔ ج دِيَس ودِيَس.

الدَّوَاسَة والدَّوَيْسَة: جماعت۔

الدَّوَّاس: بہادر۔ شیر۔

الدَّوَّاسَة: ناک۔

الْمَدَاس: جوتا۔

المِدْوَس والمِدْوَاس: کھائی کرنے کا اوزار۔ صیقل کرنے کا آلہ۔ ج مَدَاوِس ومَدَاوِيس.

اَلدَّوَّاسَةُ: جولاہے کے تانے کی لکڑی۔ چکی یا راہٹ چلانے کے لئے لوہے کا ٹکڑا۔ سائیکل کا پیڈل۔

دَوِشَتْ (س) دَوَشًا. عَيْنُهُ: بیماری سے آنکھ خراب ہونا۔ صفت (اَدْوَش) مؤنث دوشاء ج دُوْش.

دُوَعَة: ج دُوَع.

دَاغَ (ن) دَوْغًا. الْقَوْمُ: سب کو مرض لاحق ہونا..... الطَّعَامُ: سستا ہونا۔

دَاغَہ الحَرُّ: گرمی کا کسی چیز کو بگاڑ دینا۔

الدَّهَّان: تیل لگانے والا۔ تیل بیچنے والا۔

الدِّهَان: سرخ چمڑا۔ وہ روغن جس کو دیوار وغیرہ پر لگایا جائے۔ پھسلن کی جگہ۔

الدَّهِين: کم دودھ والی اُونٹنی۔ تیل لگا ہوا۔ کمزور۔

الْمُدْهُن: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ تیل کی شیشی۔ ج مَدَاهِن.

دَهْوَرَ. الشَّيْءَ: گڑھے میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْوَرَ الْكَلَامَ" وہ کلام کو ایک دوسرے کے پیچھے لایا۔ و "دَهْوَرَ اللُّقَمَ" اس نے لقمہ کو گول کیا اور نگل گیا۔ دَهْوَرَ الْحَائِطَ" اس نے دیوار دھکا دے کر گرادی۔

تَدَهْوَرَ: گڑھے میں گرنا۔ تَدَهْوَرَ اللَّيْلُ: گزر جانا۔

دَهَى (ف) دَهْيًا ودَهْيٌ. فُلَانًا: چالاکی کی طرف نسبت کرنا۔ عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ آفت وبلا پہنچانا۔

دَهِيَ (س) دَهْيًا ودَهَاءَةً ودَهَاءً: چالاک ہونا۔ چالاکی سے کام کرنا۔ صفت (دَاهٍ) ج دُهَاة و(دَهٍ) ج دَاهُون.

دَاهِيَة ج دَوَاهٍ اس میں تاء مبالغہ کی ہے۔ تم کہتے ہو "رَجُلٌ دَاهِيَةٌ وامْرَأَةٌ دَاهِيَةٌ" چالاک مرد چالاک عورت۔

تَدَهَّى: چالاک ہونا۔

تَدَاهَى: بہ تکلف چالاک بننا۔ الدَّهَاء: زیرکی۔ ہوشیاری۔ مکروحیلہ۔

الدَّاهِيَة: بری بات۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ ج دَوَاهٍ. دَاهِيَةٌ دَهْيَاء: سخت مصیبت۔ ودَوَاهِي الدَّهْر: زمانہ کے حوادث۔

الدَّهِيُّ: عقلمند۔ تیز فہم۔ ج أَدْهِيَاء ودُهَوَاء.

الدَّوُّ: جنگل۔

دَاءَ يَدَاءُ دَاءً ودَوْءًا وأَدْوَأَ إِدْوَاءً وإِدَاءً وإِدَاءَةً: بیمار ہونا۔ صفت (داءٍ ومُدِيءٌ) وأَدْوَأَهُ: مرض لاحق ہونا۔

الدَّاءُ: بیماری۔ ج أَدْوَاء. دَاءُ الذِّئْب: بھوک۔ دَاءُ الثَّعْلَب: ایک بیماری جس سے سر کے بال گرجاتے ہیں اور اس کو السحاصة بھی کہتے ہیں اور اگر کھال بھی گرنے لگے تو اس کو "دَاءُ الحَيَّة" کہتے ہیں۔ دَاءُ الفِيل" فیل پا کی بیماری۔ کہتے ہیں بِہ دَاءُ الظَّبْيِ"

الدَّوِي: بیمار۔

دَاجَ (ن) دَوْجًا: خدمت کرنا۔

الدَّاجَة: لشکر کے خدام۔ چھوٹی چھوٹی حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكْتُ حَاجَةً ولَا دَاجَةً" میں نے چھوٹی بڑی کوئی حاجت نہیں چھوڑی اور یا "داجة" اس قول میں حاجت کا تابع ہے۔

الدُّوْجُ: رئیس لشکر جو کہ کسی ملک کا سربراہ ہو۔

دَاحَ (ن) دَوْحًا. البَطْنُ: پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا۔ الشَّجَرَةُ: بڑا ہونا۔ صفت (دَائِحَة) ج دَوَائِح.

دَوَّحَ. المَالَ: بکھیرنا۔۔۔۔۔۔ البَطْنُ: پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا۔

تَدَوَّحَ وانْدَاحَ. البَطْنُ: پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا۔ اِنْدَاحَ الشَّيْءُ: کسی چیز کا وسعت کے ساتھ پھیلنا۔

الدَّوْحَة: بڑا پھیلا ہوا درخت۔ بڑا سائبان۔ ج دَوْح. جج أَدْوَاح. الدَّوْح: بڑا مکان۔

الدَّاح: بچوں کا منقش کھلونا۔ ریشم کا بنا ہوا کنگن۔

الدَّاحَة: دنیا۔

الدَّوَّاح: بہت بلند۔

دَاخَ (ن) دَوْخًا: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔۔۔۔۔۔ البِلَادَ: غالب ہونا۔

دَوَّخَ. البِلَادَ: و(دَيَّخَهَا: شہروں میں چکر لگانا)۔ غالب ہونا۔۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: کسی کو ذلیل کرنا۔۔۔۔۔۔ الوَجَعُ رَأْسَهُ: درد کا سر کو چکرا دینا۔

أَدَاخَهُ إِدَاخَةً: ذلیل کرنا۔

الدَّوْخَة: سر کا چکر (کلمہ عامیہ ہے فصیح دُوَار وهُدَام ہے)

لَيْلٌ (دَائِخ): تاریک رات۔

الدَّوْخَلَة والدَّوْخَلَّة: کھجور کے پتوں کی زنبیل۔

دَادَ يَدَادُ دَوْدًا ودَوِّدَ ودِيدَ أَدَادَ إِدَادَةً الطَّعَامُ: کھانے میں کیڑا پڑنا۔ صفت (مَدُوْد)

الدُّوْدَة: کیڑا ج دُوْد ودِيدَان.

دُوْدَةُ. القَزِّ: ریشم کا کیڑا۔

الدَّوَّاد: چھوٹے کیڑے۔ تیز رو مرد۔

الدُّوَيْد. دود: کی تصغیر (چھوٹا کیڑا)

الدَّوْدَاة: جھولا۔ ج الدَّوَادِي.

الدَّيْدَاء: تیز دوڑ۔

الدُّوَادَار والدُّوَيْدَار: کاتب۔ منشی۔ (جدید)

دَارَ (ن) دَوْرًا ودَوَرَانًا: گھومنا۔ چکر کھانا۔۔۔۔۔۔ الدَّهْرُ: اُلٹنا پلٹنا۔۔۔۔۔۔ بالشَّيْءِ وعَلَيْهِ وحَوْلَهُ: گرد گھومنا۔

دِيرَ. بِهِ: چکرانا۔ سر کا چکر لاحق ہونا۔

دَوَّرَهُ: گول بنانا۔۔۔۔۔۔ ہ وبِهِ: گھمانا۔

دَاوَرَهُ مُدَاوَرَةً ودِوَارًا: کسی کے ساتھ گھومنا۔۔۔۔۔۔ عَلَى الأَمْرِ: کسی کام کو انجام دینا۔۔۔۔۔۔ الأُمُورَ: کام کو انجام دینے کے لئے غور کرنا۔

أَدَارَ إِدَارَةً. الشَّيْءَ: گھومنا۔۔۔۔۔۔ ہ وبِهِ: گھمانا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: لینا۔۔۔۔۔۔ الأَمْرَ: احاطہ کرنا۔

۔۔۔۔۔۔ ہ عَلَيْهِ: لازم کرنے کا ارادہ کرنا۔

۔۔۔۔۔۔ ہ عَنْ حَقِّهِ: حق کو چھوڑ دینے کی خواہش کرنا۔

أُدِيرَ. بِهِ: چکرانا۔ سر کا چکر لاحق ہونا۔

تَدَوَّرَ: گول ہونا۔

تَدَيَّرَ. البُقْعَةَ: کسی جگہ کو مکان بنانا۔

اِسْتَدَارَ اِسْتِدَارَةً: گھومنا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: گول ہونا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ وبِهِ: گھمانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدَارَ بِمَا فِي قَلْبِي" جو کچھ میرے دل میں تھا اس نے اسے معلوم کرلیا۔

الدَّار: گھر۔ مکان۔ رہنے کی جگہ۔ ج دُوْر ودِيَار أَدْوُر وأَدْؤُر وأَدْوِرَة ودِيَارَة وأَدْوُر وأَدْوُرات ودِيَارَات ودُوْرَان ودِيرَان

زمانہ۔ دہر عصر کا مرادف ہے۔ مصیبت۔ غایت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاکَ بِدَهْرِی" یہ میری عادت نہیں "وَمَا دَهْرِی بِکَذَا" یہ میری غایت وانتہا نہیں۔ غلبہ۔ ج أَدْهُر ودُهُور: کہا جاتا ہے "لَا آتِیهِ دَهْرَ الدَّهِرِیْنَ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

الدَّهْرِیُّ: بددین جو عالم کے قدیم وغیر مخلوق ہونے کا قائل ہے۔

الدَّهْرِیَّة: ایک فرقہ جو عالم کے قدیم ہونے کا قائل تھا۔

الدُّهْرِیُّ: وہ شخص جس کی عمر طویل ہو اور جس پر ایک زمانہ گزر چکا ہو۔

دَهْر (دَاهِر ودَهِیر): سخت وطویل زمانہ۔

الدِّهَار والمُدَاهَرَة: غیر معین مدت کے لئے معاملہ کرنا۔

الدَّهَارِیر: زمانہ گزشتہ کی ابتداء (اس کے لئے واحد نہیں) مصیبتیں۔ زمانہ کے حوادث۔ کہا جاتا ہے "دُهُوْرٌ دَهَارِیر" طویل زمانے و"کَانَ ذٰلِکَ فِی دَهْرِ الدَّهَارِیر": یہ زمانہ قدیم میں تھا۔

قَوْمٌ (مَدْهُوْرُوْنَ): آفت رسیدہ لوگ۔

دَهِسَ (س) دَهَسًا. المَکَانُ: نرم ہونا کہ جس میں نہ صرف ریت ہی ہو نہ صرف مٹی۔ صفت (أَدْهَس) مؤنث دَهْسَاء ج دُهْس.

الأَدْهَس: سرخ مائل بسیاہی۔ الدَّهْسَاء: بڑے سرین والی عورت۔

أَدْهَسَ. القَوْمُ: نرم زمین میں چلنا۔

الدَّهْس: نباتات کہ ابھی سبزی غالب نہ ہوئی ہو۔ نرم زمین کہ جس میں نہ صرف ریت ہو نہ صرف مٹی۔ زمین کہ ابھی اچھی طرح اس پر روئیدگی نہ ہو۔ ج أَدْهَاس.

دَهْسَمَ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔

دَهِشَ (س) دَهَشًا ودُهِشَ: متحیر ہونا۔ صفت (دَهِش ومَدْهُوش ودَهْشَان)

دَهَّشَهُ وأَدْهَشَهُ: مدہوش کرنا۔

الدَّهْشَم: بہت دیالو۔ فیاض۔ سخی۔ سمندر۔

دَهَقَ (ف) دَهْقًا. الکَأْسَ: پیالہ بھرنا۔ ......المَاءَ: پانی کو تیزی سے گرانا...... الشَّیْءَ: توڑنا۔ کاٹنا۔...... ہ: مارنا۔

أَدْهَقَ. الکَأْسَ: پیالہ بھرنا...... ہ: جلدی کرانا۔

اِنْدَهَقَتِ. الحِجَارَةُ: مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑ جانا۔

الدَّهَقُ: شکنجہ۔

الدِّهَاق. مِنَ الکُئُوس: بھرا ہوا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "کَأْسٌ دِهَاق" چھلکتا ہوا پیالہ۔ و"مَاءٌ دِهَاق" بہت پانی۔

دَهْقَنَ. القَوْمُ فُلَانًا: قوم کا کسی کو چودھری بنانا۔

تَدَهْقَنَ: چودھری بننا۔

الدَّهْقَنَة: چودھراہٹ۔

الدُّهْقَان والدِّهْقَان: چودھری ج دَهَاقِنَة ودَهَاقِین. الدُّهْقَان: سوداگر۔

دَهَکَ (ف) دَهْکًا. الشَّیْءَ: پیسنا۔ توڑنا...... الأَرْضَ: روندنا...... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

الدَّهْکَل: سختی وبلا۔

اَلدِّهْلِیَةُ: آمنے سامنے پتوں والا بڑے پھولوں والا ایک پودا۔

الدِّهْلِیز: ڈیوڑھی۔ لمبا تنگ راستہ۔ ج دَهَالِیز. أَبْنَاءُ الدَّهَالِیز: وہ بچے جو راستہ سے اٹھائے جائیں۔

دَهَمَهُ (ف) ودَهِمَهُ (س) دَهْمًا. الأَمْرُ: اچانک آپڑنا۔

دَهَّمَتِ. النَّارُ القِدْرَ: آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا۔

أَدْهَمَهُ: غمگین کرنا۔

اِدْهَمَّ واِدْهَامَّ اِدْهِیمَامًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا سیاہ ہونا۔

الدَّهْم: بڑی تعداد۔ ج دُهُوم.

الأَدْهَم: سیاہ۔ نئے نشانات۔ پرانے نشانات۔ مؤنث دَهْمَاء ج دُهْم. الأَدْهَم: بیڑی۔ ج أَدَاهِم.

الدَّهْم: مخلوق۔ کہا جاتا ہے "أَیُّ الدَّهْمِ هُوَ" وہ اللہ کی کون سی مخلوق ہے۔

الدُّهْمَة: سیاہی۔

الدَّهْمَاء. الأَدْهَم: کا مؤنث۔ ہانڈی۔ لوگوں کی جماعت۔ قمری مہینہ کی انتیسویں رات۔ ایک چوڑی قسم کی گھاس جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔ حَدِیْقَة (دَهْمَاء ومُدْهَامَّة): سرسبز باغ جس کی سرسبزی مائل بسیاہی ہو۔

الدُّهَیْم والدُّهَیْمَاء وأُمُّ الدُّهَیْم: مصیبت۔

الدُّهَیْمَ: بے وقوف۔

دَهْمَجَ. الشَّیْخُ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا...... الخَبَرَ: اپنی طرف سے زیادہ کرنا۔

الدَّهْمَج الدُّهَامِج: بڑے ڈیل ڈول کی چیز۔ دو کوہان والا اونٹ۔

دَهَنَ (ن) دَهْنًا ودَهْنَةً. الرَّأْسَ: سر پر تیل ملنا...... الشَّیْءَ: تر کرنا۔ تیل لگانا۔ (دَهَنَهُ دَهْنًا ودَاهَنَهُ مُدَاهَنَةً وأَدْهَنَهُ): فریب دینا۔ باطن کے خلاف ظاہر کرنا۔ وأَدْهَنَ عَلَیْهِ: رحم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْهَنْتَ إِلَّا عَلٰی نَفْسِکَ" تم نے صرف اپنے نفس پر رحم کیا۔

دَهَنَتِ (ف ن ض) دِهَانًا ودَهَانَةً النَّاقَةُ: اونٹنی کا کم د۔ ۔دالی ہونا۔

دَهَّنَ الشَّیْءَ: تیل لگانا۔ تر کرنا۔

تَدَهَّنَ وادَّهَنَ: تیل لگنا۔

اَلدَّهْنَ: مص۔ اتنی بارش جو زمین کو تر کر دے۔

الدُّهْن. دَهَنَ الشَّیْءَ: بمعنی تر کرنے کا اسم۔

دُهْنُ الشَّیْءِ: کسی چیز کا تیل۔ ج أَدْهَان ودِهَان.

الدُّهْنَة: تھوڑا تیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَیِّبُ الدُّهْنَة" وہ اچھی خوشبو والا ہے۔

الدَّهْنَاء: بیابان۔ سرخ رنگ کی ایک گھاس جس کے پتوں سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔

گھومنا۔

الدِندِن: گنگناہٹ۔ پرانا ہونے کی وجہ سے سیاہ شدہ پودا۔

دَنَّرَ الدِّینَار تَدْنِیْرًا: دینار بنانا۔ **دَنَّرَ الوَجْهُ**: دینار کی طرح روشن و چمکدار ہونا۔

دُنِّرَ: بہت دینار والا ہونا۔

الدِینَار: سونے کا ایک پرانا سکہ۔ ج دَنَانِیْر.

دَنِسَ (س) دَنَسًا ودَنَاسَةً. عِرْضُهُ اَوْثَوْبُهٗ اَوْخُلُقُهٗ: عیب دار ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت(دَنِس) ج اَدْنَاس ومَدَانِس.

دَنَّسَهٗ: میلا کرنا اور کہا جاتا ہے "دَنَّسَهٗ سُوْءُ خُلُقِهٖ" اس کی بدخلقی نے اس کو عیب دار کر دیا۔

تَدَنَّسَ: میلا ہونا۔

الدَنَس: مص۔ میل کچیل۔ ج اَدْنَاس.

المَدَانِس: عیوب۔ گندی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَيَتَصَوَّنُ مِنَ الاَدْنَاسِ والمَدَانِس" وہ عیوب سے بچتا ہے۔

دَنَعَ (ف) دُنُوْعًا ودَنَاعَةً: کمینہ و بے خبر ہونا۔ صفت(دَانِع ودَنَع ودَنِع ودَنِیْع ودَنِیْعَة)

دَنِــع: ذلیل ہونا۔ کمینہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ خواہش مند ہونا۔

اَدْنَعَ: صلحاء کے طریقہ کی پیروی کرنا۔

رَجُلٌ (دَنَعَةٌ): بے خیر و بے فیض آدی۔ کہا جاتا ہے "هُوَمِنْ دَنَعِ النَّاسِ" وہ کمینے لوگوں میں سے ہے۔

دَنِفَ (س) دَنَفًا. المَرِیْضُ: بیماری کا بڑھ جانا اور قریب المرگ ہونا۔ **الشمسُ**: آفتاب کا زرد ہونا اور ڈوبنے کے قریب ہونا...... **ہ المَرَضُ**: بیماری کا تیز ہو جانا۔ **الشئُ**: قریب کرنا۔

الدَنَف: مص۔ مرض دائمی۔ ہمیشہ کا بیمار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دَنَفٌ وامْرَاَةٌ دَنَف وهُمْ دَنَف" اور کہا جاتا ہے "كَادَتِ الشَّمْسُ تكُوْن دَنَفا": آفتاب ڈوبنے کے قریب ہے۔

الدَنِف: مرض لازم والا۔ ج اَدْنَاف: مؤنث دَنِفَةٌ ج دَنِفَات.

الدِنفِس: بے وقوف عورت۔

الدَنَالِس: بدخو۔

دَنْقَشَ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔

الدِنفِصَة: دبلی عورت۔

دَنَقَ (ن ض) دُنُوْقًا: باریک امور نکالنے کا حریص ہونا۔ صفت(دَنِیْق) ج دُنُق.

دَنَّقَ. الوَجهُ: غم یا مرض سے کمزور ہونا...... **لِلْمَوْتِ**: قریب المرگ ہونا...... **العَیْنُ**: آنکھ کا اندر دھنس جانا...... **الشَّیُ**: پوری طرح سے لینا...... **الشمسُ**: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا...... **الرَّجُلُ**: مرنا...... **اِلَیْهِ النَظَرَ**: لگاتار دیکھنا۔

الــدَنَــقَة: گیہوں میں ایک قسم کا دانہ جس کو اکرایا منسنا کہتے ہیں۔

الـــدَانِــق: فا۔ بے وقوف۔ چور (......والدَانق): درہم کے چھٹے حصہ کا ایک سکہ۔ ج دَوَانِق ودَوَانِیق: (کلمۂ فارسیہ)

الدَنقَر: شورہ۔

دَنْقَسَ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔ **بَیْنَهُمْ**: فساد ڈالنا۔

دَنْكَسَ. فِیْ بَیْتِهٖ: گھر میں چھپ کے بیٹھنا اور لوگوں کی ضروریات کے لئے نہ نکلنا۔

دَنَا یَدْنُوْ دُنُوًّا ودَنَاوَةً. لِلشَّیْ ومِنْهُ واِلَیْهِ: کسی چیز کے قریب ہونا۔ صفت (دَانٍ) ج دُنَاة.

دَنِیَ یَدْنٰی دَنًا ودَنَایَةً: گھٹیا ہونا۔ ردی ہونا۔ صفت(دَنِیٌّ. ج اَدْنِیَاء)

دَنَّاهُ تَدْنِیَةً: قریب کرنا۔ **دَنّٰی فِیْ الاُمُوْرِ**: ہر چھوٹے بڑے امر کے پیچھے پڑنا۔

دَانٰی مُدَانَاةً. القَیْدَ: بیڑی کو تنگ کرنا...... **بَیْنَ الاَمْرَیْنِ**: قریب قریب کرنا۔

......**الاَمْرَ**: نزدیک ہونا۔

اَدْنٰی اِدْنَاء: تنگ زندگی بسر کرنا۔ قریب ہونا۔ قریب کرنا۔ کسی کے قریب کرنا۔ **السِتْرَ**: پردہ لٹکانا۔

تَدَنّٰی: تھوڑا تھوڑا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْدٌ یَتَدَنّٰی خَیْرٌ مِنْ قَرِیْبٍ یَتَبَعَّدُ" دور کا آدی جو تھوڑا قریب ہو اُس قریب سے بہتر ہے جو دور ہو۔

تَدَانٰی تَدَانِیًا. القَوْمُ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ **تَدَانَتْ اِبِلُهٗ**: کم ہونا۔

اِدَّنٰی: قریب ہونا۔

اِسْتَدْنَاهُ: قریب ہونے کو کہنا۔

الـــدَنَاوَة: مص۔ قرابت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا دَنَاوَةٌ" ان دونوں کے درمیان قرابت و رشتہ داری ہے۔

الاَدْنٰی. دَنِیٌّ: کا اسم تفضیل۔ ج اَدَانٍ واَدْنُوْنَ: مؤنث دُنْیَا. ج دُنٰی. **اَلاَدْنُوْنَ**: نسب کے لحاظ سے قریبی رشتہ دار لوگ۔

الدُّنْیَا: موجودہ زندگی۔ ج دُنٰی: نسبت کے لئے(دُنْیَوِیٌّ ودُنْیَاوِیٌّ ودُنْیِیٌّ) اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ دُنْیَا دَانِیَة" وہ آسودہ زندگی میں ہے جو چاہتا ہے حاصل کر لیتا ہے۔ و هُوَابْنُ عَمِّ دِنْیٍ ودِنْیَا ودُنْیَا ودِنْیَة" وہ چچا کا بیٹا ہے جو نسب میں لاحق ہے۔

المُدَنِّی: مفع۔ مِنَ الرِجَال: کمزور۔

نَاقَةٌ (مُدْنٍ ومُدْنِیَة): وضع حمل کے قریب والی اُونٹنی۔

دَهَثَهٗ (ف) دَهْثًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

دَهْدَمَ. البناء: ڈھانا۔

تَدَهْدَمَ: ویران ہونا۔ منہدم ہونا۔

دَهْدَهَ ودَهْدَی. الحَجَر: لڑھکانا۔

تَدَهْدَهَ وتَدَهْدَی: لڑھکنا۔

الدُهْدُوْه والـدُهْدُوَّة والدُهْدِیَّة: گبریلا کی گولی۔

الـدَهْـدَاُ والـدَهْـدَاءُ: چھوٹے چھوٹے اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَااَدْرِیْ اَیُّ الدهْدَاءِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون آدی ہے۔

دَهَرَ (ن) دَهْرًا. القَوْمَ وبِالقَوْمِ اَمْرٌ مَكْرُوْهٌ: قوم پر امر ناپسندیدہ واقع ہونا۔

الـدَهْـر: زمانہ طویل۔ لمبی مدت۔ **دَهْرُ الاِنْسَانِ**: انسان کے زندگی گزارنے

کیا۔

النُمَل والنُمّل : پھوڑا۔ واحد(دُمّلة): ج دَمَامِل ودَمَامِيل.

الـدَمَـــال : کوڑا کرکٹ جس کو سمندر پھینک دے۔ سیاہ بدبودار پرانی کھجور۔ مینگنی مٹی وغیرہ جس کو جانور روند دیں۔ کھاد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا دَمَالُ ذَاکَ" یہ اس کا مصلح ہے۔

الدَمَّال: زمین میں کھاد ڈالنے والا۔

دَمْلَجَ دَمْلَجَةً ودِمْلاجًا. الشَّيْءَ : کسی چیز کو اچھے طریقے سے ڈھالنا۔

الـدُمْـلُـج والـدِمْـلِـج : ج دَمَـالِـج و(الـدُمْـلُوْج) ج دَمَالِيْج : بازوبند۔ پہنچی۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى عَـلَيْـهِ دَمَالِيْجَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔ الـدَمَـالِـيْجُ: سخت زمینیں۔

المُدَمْلَج: ہموار راستہ۔

دَمْلَحه: لڑھکانا۔

دَمْلَقَه: چکنا و ہموار کرنا۔

حَجَرٌ (دَمْلَق ودُمَلِقٌ ودُمَالِق): چکنا پتھر۔

دَمْلَکَ. الشَّيْءَ: چکنا کرنا۔

تَـدَمْـلَکَ : چکنا ہونا...... الـثَـدْيُ: گول ہونا اور ابھرنا۔

الدُمْلُوْک: گول چکنا پتھر۔

دَمَنَ (ن) دَمْنًا. الاَرْضَ: کھاد ڈالنا۔

دَمِنَ (س) دَمَنًا. النَخْلُ: سیاہ و بدبودار ہونا ...... عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔

دَمَّنَ. البَعِيْرُ المَکَانَ : اُونٹ کا مینگنی کرنا...... بَـــابَ فُلاَنٍ : کسی کے دروازہ پر پڑ رہنا...... فُلانًا: اجازت دینا۔

اَدْمَنَ. الشَّيْءَ: ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُدْمِنُ خمرٍ" ہمیشہ شراب پینے والا مرد۔

تَـدَمَّـنَ. الـمَـکَـانُ اوالـمَـاءُ : جگہ یا پانی کا مینگنیوں سے پلید ہونا۔

الـدَمَن :مص۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی و سیاہی۔

الـدِمْـن والدَمَان : گوبر۔ کھاد۔ راکھ۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُـــوَ دِمْنُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔

الـدِمْنَة: گھر کے نشانات۔ حوض کا بقیہ پانی۔ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ ج دِمَـــــن ودِمْن. و "خَـضْـرَاءُ الـدِمَن وخُـضْـرَةُ الـدِمَن" کوڑے کی سبزی اور یہ دونوں مثال ہیں ان چیزوں کے لئے جن کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ الـدِمْـنَة: پرانا کینہ۔ کہا جاتا ہے "فِـي قَـلْـبِـهِ دِمْنَة" اس کے دل میں پرانا کینہ ہے۔

دَمِهَ (س) دَمَهًا. الرمْلُ : ریت کا سخت گرم ہونا۔

دَمَهَتْه. الشَـمْـسُ : دھوپ لگنا اور جلانا۔

دَمِيَ (س) دَمًـى ودُمِيًّـا. الجُرْحُ : خون دینا۔ صفت (دَمٍ)

دَمَّـى تَـدْمِيَةً واَدْمٰى اِدْمَاءً. الجُرْحَ : زخم سے خون نکالنا۔ اَدْمٰى الرَّجُلَ : خون بہانا۔

دَمّٰى لِفُلاَنٍ: راستہ آسان کرنا۔ قریب کرنا۔

اِسْتَـدْمٰى. مِنْ غَرِيْمِه : قرض دار سے نرمی سے قرض وصول کرنا...... الرَّجُلُ: ناک سے خون بہتے وقت سر جھکانا...... الـذَبِيْحَ: خون لینا۔

الدَامِي: فا۔ جس کا خون بہہ رہا ہو۔

ودَامِي الشَفَة: فقیر یا مانگنے کا حریص۔

الـدَامِيَة. الدامي : کا مؤنث۔ زخم یا مار جس سے خون بہے۔

الدَمُ : خون۔ اس کی اصل دَمِيٌ : یا بقول بعض دَمْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور کبھی میم سے بدل لیتے ہیں اور دَمّ مشدد بولتے ہیں۔ مثنـی دَمَانِ ودَمَيَانِ ودَمَوَان. ج دِمَاء ودُمِيّ: تصغیر۔ دُمَيٌّ اور نسبت کے لئے (الـدَمِيُّ والدَمَوِي) دَمُ الاَخَوَيْن : ایک دوا کا نام۔ الـدَم: بلی۔ کہا جاتا ہے "رَجُـــلٌ ذُوْدَمٍ" خون کا مطالبہ کرنے والا مرد۔

الدَمَة: خون کا ٹکڑا۔

الـــدُمْيَة : پتلی جو خون کی مانند سرخ و منقوش ہو۔ بت۔ ج دُمًى.

الدَمْيَاء: خیر و برکت۔

الـمُـدَمّـٰى : بہت سرخ گھوڑا وغیرہ۔ خون لگا ہوا تیر۔

دَنَّ (ن) دَنًّـا ودَنِيْنًا. الـذُبَـابُ : بھنبھنانا (...... دَنِيْنًا) الرَّجُلُ: گنگنانا۔ اس طرح بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے۔

دَنَّ (س) دَنَنًا: پیٹھ میں جھکاؤ ہونا۔ صفت (اَدَنُّ): مؤنث (دَنَّاء): ج دُنٌّ.

بيت اَدَنُّ: پست مکان۔

اَدَنَّ. بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

الـدَنُّ : بڑا مٹکا جو بغیر زمین کھودے ہوئے نہ رکے۔ ج دِنَان.

الدَنِيَّة: لمبی ٹوپی۔

الدِنَّة: چیونٹی کی مانند ایک کیڑا۔

دَنَأَ (ف) و دَنُؤَ (ک) دُنُـــوْءَةً ودَنَاءَةً : خسیس ہونا۔ کمینہ و ذلیل ہونا۔ صفت (دَنِيْء) ج اَدْنَاء ودُنَاء.

دَنِيْءَ (س) دَنَأً. الـرَّجُلُ : کبڑا ہونا۔ صفت (اَدْنَأ) مؤنث (دَنْأى)

اَدْنَأَ: ادنیٰ سواری پر سوار ہونا۔

دَنَّأَهُ: کمینہ بنانا۔

تَدَنَّأَهُ: کمینگی پر اُکسانا۔

الدَنِيْئَة: کمینگی عیب۔

الدِنْب والدِنَبَة والدِنَّابَة: پست قد۔

دَنَجَ (ن) دِنَاجًا. الاَمْرَ : کسی کام کو مضبوطی سے کرنا۔

الدُنْج: عقل مند لوگ۔

دَنَحَ (ف) دُنُـوْحًا ودَنَّحَ: ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔

الدِنْح: نصرانیوں کی ایک عید۔

الدِنْحَبَة: خیانت۔

دَنَخَ (ف) دَنَخَانًا: گرانبار ہو کر چلنا۔

دَنَّخَ : فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ گھر میں رہنا۔

الـمُدَنَّخ: نقش کئے والا۔ وہ شخص جس کے سر میں کہیں بلندی اور کہیں پستی ہو۔

دَنْـدَنَ دَنْـدَنَةً. الـــذُبَــابُ: بھنبھنانا...... الرَّجُلُ : گنگنانا...... حَـوْلَ المَاءِ: چکر لگانا۔

آلودہ ہونا۔

دَامَسَ مُدَامَسَةً. الشَیْءَ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

اَدْمَسَ. اللَّیْلُ: تاریک ہونا......الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔

تَدَمَّسَ: آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔

اِنْدَمَسَ: تہ خانہ میں داخل ہونا۔

الدَّمْسُ: مص۔ صورت جو دور سے دکھائی دے۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ دَمْسًا" میں نے صورت دیکھی۔

الدُّمْسُ. مِنَ الاُمُور: بڑے بڑے امور۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا بِاُمُوْرٍ دُمْسٍ" وہ ہمارے پاس بڑے بڑے امور لایا۔

الدَّمَسُ والدَّمِیْسُ: ہر وہ چیز جو ڈھک دی جائے۔

الدِّمَاس: ہر وہ چیز جو تم کو چھپا لے۔

الدَّامُوْس: شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج دَوَامِیْس.

الدَّیْمَاس والدِّیْمَاس: تہ خانہ۔ غسل خانہ۔ قبر۔ ج دَیَامِیْس ودَمَامِیْس.

لَیْلٌ (اُدْمُوْسٌ): تاریک رات۔

الدَّیَامِیْس: گہری جگہیں جہاں روشنی نہ پہنچے۔

الدُّمُسْتُق: رومیوں کے کمانڈر کا لقب۔ ج دَمَاسِق.

دَمْشَقَ. الاَمْرَ: جلدی سے پورا کرنا......الشَّیْءَ: آراستہ کرنا۔

تَدَمْشَقَ: دمشق میں آنا۔

دَمْشَقُ الیَدَیْنِ: دونوں ہاتھوں سے جلدی کام کرنے والا۔

دِمَشْقُ ودِمِشْق: شام کا دار الخلافہ۔ نسبت کے لئے دِمَشْقِیٌّ ج دَمَاشِقَة.

المُدَمْشَق: نیم پختہ بھنا ہوا گوشت۔

دَمَصَ (ن) دَمْصًا. فِی الشَّیْءِ: جلدی کرنا۔ دَمَصَتِ الکَلْبَةُ بِجِرْوِهَا: ناتمام بچہ گرا دینا۔

دَمِصَ (س) دَمَصًا: سر میں کم بال والا ہونا۔ پچھلے حصہ میں باریک اور اگلے حصہ میں موٹی ابروؤں والا ہونا۔ صفت (اَدْمَص): مؤنث دَمْصَاء ج دُمْص.

دَمَعَت (ف) دَمْعًا ودَمِعَت (س) دَمَعًا ودَمَعَانًا ودُمُوْعًا. العَیْنُ: آنسو بہنا۔ دَمِعَ الاِنَاءُ: بھر جانا۔

اَدْمَعَ. الاِنَاءَ: لبالب بھ۔

اِسْتَدْمَعَ: آنسو بہانا۔

الدَّمْع: آنسو۔ واحد (دَمْعَة) ج دُمُوْع واَدْمُع. دَمْعَةُ الکَرْم: شراب۔

اِمْرَاَةٌ. (دَمِعَة ودَمِیْع): جلدی رونے والی۔ بہت آنسوؤں والی عورت۔ ج دَمْعی ودَمَائِع.

ورَجُلٌ دَمِیْع: جلدی رونے والا۔ بہت آنسوؤں والا مرد۔ ج دُمَعَاء ودَمْعی.

الدَّامِع: فا۔ مَکَانٌ دَامِعٌ: نمناک جگہ۔ شَجَّةٌ دَامِعَةٌ: خون بہانے والا زخم۔

الدَّمَّاع: پانی جو درخت کے کاٹنے سے نکلے۔ آنکھ کا پانی جو بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے نکلے۔

الدَّمَّاع والدَّمُوْع: بہت آنسو والا۔

الدُّمَّاع: نمناک جگہ۔ یَوْمٌ دَمَّاع: خفیف بارش کا دن۔

قَدَحٌ (دَمْعَان): لبالب بھرا ہوا پیالہ۔

المَدْمَع: آنسو بہنے کی جگہ۔ ج مَدَامِع.

الدِّمَاع: رخسارہ پر آنسو کا نشان۔

دَمَغَه (ف ن) دَمْغًا: دماغ تک زخمی کرنا۔ صفت مفعولی (دَمِیْغ ومَدْمُوْغ)

......ہ الشَّمْسُ: دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

......ہ: مغلوب کرنا......الحَقُّ البَاطِلَ: نیست و نابود کرنا۔ باطل کرنا۔ ناپید کرنا۔

دَمَغَ. الاَطْعِمة بالدَّسِم: چربی ڈالنا۔

اَدْمَغَه. اِلٰی کذا: محتاج بنانا۔ حاجت مند بنانا۔

اَدْمَغَ الطَّعَامَ: نگلنا......الشَّیْءَ: داخل کرنا۔

شَجَّةٌ (دَامِغَة): دماغ تک پہنچنے والا زخم۔

الدِّمَاغ: سر کا بھیجا۔ ج اَدْمِغَة. اُمُّ الدِّمَاغ: دماغ کے اوپر کی باریک جھلی۔

دَمَقَ (ن) دُمُوْقًا. عَلَیْهِ: بغیر اجازت کے داخل ہونا۔

دَمَقَ (ن ض) دَمْقًا. الشَّیْءَ: چرانا۔ فَاهُ: دانت توڑنا۔ (......ودَمَّقَ واَدْمَقَ) الشَّیْءَ فی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔

اِنْدَمَقَ. عَلَیْهِ: بغیر اجازت کے داخل ہونا۔ نکلنا۔

الدَّمَق: برف کے ساتھ تخت ہوا۔

الدَّامِق: فا۔ (......والدَّمُوْق) مِنَ الرِّجَال: خراب آدمی جس سے کوئی نفع نہ ہو۔

الدَّمِیْق: دوسرے میں داخل کیا ہوا۔

المُنْدَمَق: داخل ہونے کی جگہ۔

الدِّمَقْس والدِّمَقَاس: سفید ریشم۔ دیبا۔ ثَوْبٌ (مُدَمْقَس): ریشم کا بنا ہوا کپڑا۔

دَمَکَ (ن) دُمُوْکًا. الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز دوڑنا......الشَّیْءُ: چمندار و نرم ہونا۔ (......دَمْکًا) الشَّیْءَ: پیسنا......الرِّشَاءَ: رسی بٹنا۔

الدَّامِکَة: مصیبت۔ ج دَوَامِک.

الدَّمُوْک: تیز گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَحًی دَمُوْک" تیز پیسنے والی چکی۔ ج دُمُک.

المِدْمَک: بیلن۔

المدماک: کچی اینٹوں یا پتھروں کا ردا۔ ج مَدَامِیْک.

الدَّمَکْمَک: بہت مضبوط۔ رَحًی دَمَکْمَک: تیز پیسنے والی چکی۔

دَمَلَ (ن) دَمْلاً. الدُّمَّلَ: پھوڑا اچھا کرنا۔ (دَمَلَ ودَوْمَلَ) بَیْنَهُم: اصلاح کرنا۔

دَمِلَ (س) دَمَلاً واَدْمَلَ واِنْدَمَلَ. الجُرْحُ: زخم اچھا ہونا۔

دَامَلَهٗ: نرمی سے سلوک کرنا۔

تَدَمَّلَ. المَکَانُ: کھاد پڑنا۔

تَدَامَلَ. القومُ: باہم صلح کرنا۔

الدَّمْل: مص۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَه بالدَّمْلِ" اس نے اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ

میں لٹکانا۔ نکالنے کے لئے کھینچنا۔ حَاجَتَہٗ: حاجت طلب کرنا۔ دَلاہٗ: نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَوْتُ بِفُلاَنٍ اِلَیْکَ": میں نے تیرے پاس فلاں کو سفارشی بنایا۔ و "دَلاّہٗ بِغُرُوْرٍ": اس نے اس کو دھوکے میں ڈالا۔ دَلَوْتُ بِالدَّلْوِ" ڈول سے پانی کھینچا۔ دَلاّہٗ بِالحَبْلِ مِنَ السَّطْحِ: اس نے اس کو رسّی کے ذریعہ چھت سے لٹکایا۔

دَالاہٗ: نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔

اَدْلٰی اِدْلاءً: کنوئیں میں ڈول لٹکانا۔

......فِیْہِ: کسی کے بارے میں بُری بات کہنا۔

......بِقَرَابَتِہٖ: قرابت سے وسیلہ پکڑنا۔

بِحُجَّتِہٖ: دلیل بیان کرنا......اِلَیْہِ بِمَالٍ: دینا۔ اُدْلِیَ اِلٰی فُلاَنٍ: کسی کے پاس جھگڑا لے جانا۔

تَدَلّٰی. الثَّمرُ مِنَ الشَّجَرِ: پھل کا لٹکنا...... مِنَ الخَیْلِ: گھوڑے سے اُترنا۔

اِدْلَوْلٰی اِدْلِیْلاءً: جلدی کرنا۔

الدَّلْوُ: مص۔ ڈول (مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) ج دِلاء و اَدْلٍ و دُلِیّ و دِلِیّ و دَلِیّ: کہا جاتا ہے "اَلْقِ دَلْوَکَ فِی الدِّلاءِ" یعنی تم بھی کوشش کرو۔ الدَّلْوُ: ایک برج آسمانی کا نام۔ اُونٹ کا داغ۔ مصیبت۔

الدَّالاۃَ: ڈولچی ج دَلیٰ وَدَلَوَات۔

الدَّالی: فا۔ ج دُلاۃ: سیاہ انگور۔

الدَّالِیَۃ: رہٹ۔ زمین جس کو ڈول یا رہٹ سے سینچا جائے۔ انگور کی بیل۔ ج دَوَالٍ: (یہ مولد ہیں)

دَلِیَ (س) دَلیٰ: متحیر ہونا۔

تَدَلّٰی. بِہٖ: قریب ہونا......لَہٗ: فروتنی کرنا۔

دَمَّ (ن) دَمًّا. الشَّیْئَ بِالصِّبْغِ اوالقِیْرِ اونَحْوِہِمَا: کسی چیز پر ملنا......الاَرْضَ: ہموار کرنا......الیَرْبُوْعُ جُحْرَہٗ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ کو مٹی وغیرہ سے پاٹ کر برابر کرنا......الرَّجُلَ: پوری طرح سے عذاب دینا۔ مارنا یا سر کچلنا......القَوْمَ: نیزہ مار کر ہلاک کرنا......الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

دَمَّ: (ن ض س) دَمَامَۃً: حقیر و بدصورت ہونا۔ صفت (دَمِیْم) ج دِمَام: مؤنث دَمِیْم و دَمِیْمَۃٌ ج دَمَائِم و دِمَام.

دَمَّمَ. الشَّیْئَ: کسی چیز پر طلاء کرنا۔

اَدَمَّ. الرَّجُلُ: بری بات کرنا یا بدصورت بچہ والا ہونا۔

الدَّمُّ والدِّمَم والدِّمَام: ہر وہ چیز جو بطور طلاء کے استعمال کی جائے۔

الدَّمُ: بمعنی خون۔

الدِّمَّۃ: چیونٹی۔ جوں میگنی۔ بکریوں کا باڑہ۔ بلی۔ حقیر و پست قد مرد۔

الدَّمَّۃ: روش۔ طریقہ۔ گرایا۔ ج دُمَم.

الدَّیْمُوْم والدَّیْمُوْمَۃ: وسیع بیابان۔ ج دَمَامِیْم. الدَّیْمُوْمَۃ: بمعنی دوام و ہمیشگی۔

المِدَمَّۃُ: ایک قسم کی دندانہ دار لکڑی جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔

المَدْمُوْم: خون کی مانند سرخ۔ بہت موٹا۔ چربی دار۔

دَمُثَ (ک) دَمَاثَۃً: نرم اخلاق ہونا۔

دَمِثَ (س) دَمَثًا. المَکَانُ وغَیْرُہٗ: نرم ہونا۔

دَمَّثَ المَضْجَعَ: نرم بنانا......المَکَانَ: نرم کرنا......لَہُ الحَدِیْثَ: ذکر کرنا۔

الدَّمْثُ والدَّمَثُ والدَّمِثُ والدَّمِیْثُ: نرم ریتلی جگہ۔ ج دِمَاث و اَدْمَاث اور اسی سے ہے "رَجُلٌ دَمِثُ الاَخْلاَقِ" نرم اخلاق والا مرد۔ اَرْضٌ (دَمْثَۃٌ): نرم زمین۔

الدُّمُوْثَۃ: نرم خوئی۔

الدَّمَائِث: نرم چیزیں۔ واحد (دَمِیْثَۃ)

الاُدْمُوْث: بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔

دَمَجَ (ن) دُمُوْجًا واِنْدَمَجَ واِدَّمَجَ. فی الشَّیْئِ: مضبوط گڑ جانا۔ دَمَجَ الاَمْرُ: درست ہونا۔ دَمَّجَہٗ. فی الشَّیْئِ: داخل کرنا۔ گاڑنا۔

دَامَجَہٗ دِمَاجًا. عَلَیْہِمْ: موافقت کرنا۔

اَدْمَجَ. الشَّیْئَ فی الثَّوْبِ: کسی چیز کو کپڑے میں لپیٹنا......الحَبْلَ: رسی کو اچھی طرح بٹنا......الکَلاَمَ: بہتر ترتیب دینا......الفرسَ: دُبلا کرنا۔

تَدَامَجَ. القَوْمُ عَلَیْہِ: باہم مدد کرنا۔ اکٹھا جمع ہونا۔

تَدَمَّجَ. فِی ثِیَابِہٖ: کپڑوں میں لپٹنا۔

الدَّامِج: فا۔ تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَیْلٌ دَامِجٌ" تاریک رات۔

الدِّمْجُ: دوست۔ نظیر۔

الدُّمْجَۃ: طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی تِلْکَ الدُّمْجَۃِ" اس طریقہ پر۔

الدُّمَاج والدِّمَاج: بہت مضبوط۔ سیدھا۔

المُدْمَجَ: مغع۔ تیر کی چھڑ۔

المِدْمَاجَۃ: پگڑی۔

دَمَخَ (ف) دَمْخًا: بلند ہونا......رَاْسَہٗ: سر توڑنا۔ کچلنا۔ لَیْلٌ (دَامِخٌ): معتدل رات۔

دَمَرَ (ن) دُمُوْرًا و دَمَارًا و دِمَارَۃً: ہلاک ہونا (......دُمُوْرًا) عَلَیْہِم: بغیر اجازت کے آنا یا بُرے ارادے سے اچانک آنا۔

دَامَرَ. اللَّیْلَ: جاگتے رہنا۔

دَمَّرَہُمْ و دَمَّرَ عَلَیْہِمْ: ہلاک کرنا۔

تَدْمُر: ملک شام کے ایک بڑے شہر کا نام۔ ایک قلعہ کا نام۔

التَّدْمُرِیُّ: کمینہ۔ جنگلی چوہا جس کے ناخن ٹوٹ گئے ہوں اور گوشت سخت ہو۔ کہا جاتا ہے "مَافِی الدَّارِ تَدْمُرِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

دَمَسَ (ن ض) دَمْسًا و دُمُوْسًا. الظَّلاَمُ اوالَّیْلُ: سخت سیاہ ہونا۔ صفت (دَامِسٌ)......المَوْضِعُ: مٹنا۔

دَمَسَہٗ (ن) دَمْسًا و دَمَّسَہٗ: ڈھانپنا۔ دفن کرنا۔ چھپانا۔

دَمَّسَ. عَلَیْہِ البِرَّ اوالخَبَرَ: پوشیدہ کرنا......بَیْنَہُمْ: اصلاح کرنا۔

دَمِسَ (س) دَمَسًا. یَدُہٗ: گندگی سے

آہستہ چلنا...... النَّاقَةُ بحَمْلِهَا: اُونٹنی کا بوجھ لے کر اٹھنا...... الـجَيْـــشُ: لشکر کا آگے بڑھنا۔ صفت (ذالِف) ج دُلُف و دُلَّف.

اَدْلَفَ. لَـهُ القَوْلَ: سختی سے گفتگو کرنا...... الكِبَرُ: آہستہ چلانا۔

تَدَلَّفَ. اِلَيْهِ: چلنا اور نزدیک ہونا۔

اِنْدَلَفَ. عليه: گرنا۔

الذالِفِ: تیر جو نشانہ کے قریب گرے اور پھر وہاں سے علیحدہ ہو جائے۔

الدِلْف: بہادر۔

الدَّلُوف: تیز اڑنے والا گدھ۔ موٹا اُونٹ۔ بہت پھلدار درخت خرما۔ ج دُلُف.

الـدُّلْفِين: ایک قسم کا تھن والا سمندری جانور جس کی تھوتھنی چونچ کی شکل کی ہوتی ہے اور جس کے متعلق مشہور ہے کہ ڈوبنے والے کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر بچاتی ہے۔ معرب ہے۔ عربی میں اس کا مرادف الدُّخس: ہے۔

طَـرِيْقٌ (دَلَـفَـق و دِلِفَاق): روشن و نمایاں راستہ۔

دَلَقَ (ن) دَلْـقًـا وَاَدْلَقَ. السَّيْفَ مِنَ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔ دَلَقَ البَابَ: دروازہ کو زور سے کھولنا...... عَلَيْهِمُ الـغَارَةَ: لوٹ ڈالنا...... البَعِيْرُ شِقْشِقَتَهٗ: اُونٹ کا جھاگ نکالنا۔ (...... دلقًا و دُلُوْقًا. السَّيْفُ) : تلوار کا میان سے نکل پڑنا...... الـخَيْـلُ: گھوڑوں کا پے در پے نکلنا۔ صفت (دُلُـق): واحد (دَالِق و دَلُوق) و دَالِق و دَلُوق): میان سے آسانی سے نکلنے والی تلوار۔ غَـارَةٌ دَلُوق: سخت لوٹ۔ نَاقَةٌ دَلُـــوق: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اُونٹنی۔ ج دُلُق.

اِنْدَلَقَ. الشَّيْءُ: اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔ ...... الخَيْلُ: گھوڑوں کا بہت تیزی کے ساتھ نکل پڑنا...... السَّيْفُ: تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔

تَـدَلَّقَ. السَّيْلُ عَلَيْهِ: بہت تیزی کے ساتھ سیلاب کا بہہ پڑنا۔

اِسْتَدْلَقَ. السَّيْفَ: میان سے نکالنا۔

الدَّلَق: ایک جانور کا نام ہے جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کا رنگ زرد ہوتا ہے پیٹ اور گردن میں کچھ سفیدی ہوتی ہے۔ سَيْفٌ (دَلِـــق

الـدِلْقِمُ: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اُونٹنی (میم زائد ہے۔)

دَلَکَ (ن) دَلْکًا. الشَّیْءَ: رگڑنا۔ ملائم کرنا...... ہ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا...... وَجْهَهٗ بـالطِّيْبِ: خوشبو لگانا...... الـرَّجُـلَ حَقَّهٗ: ظلم کرنا...... غَـــرِيْـــمَـــہ: قرض خواہ کو ٹالنا (...... دُلُوْکًا) الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔ صفت (دَالِک)

دَالَکَ مُـدَالَكَةً. الغَرِيْمَ: قرض خواہ کو ٹالنا۔

تَـــــدَلَّکَ: نہانے کے وقت بدن ملنا۔ بِالطِّيْبِ: خوشبو لگانا۔

الـدَّلَک: نرمی۔ کہا جاتا ہے "فِـي رُكْبَتِهٖ دَلَکٌ" اس کے زانو میں نرمی ہے۔ غروبِ آفتاب کا وقت۔

الدَّلُوک: لگانے کی خوشبو یا دوا وغیرہ۔

الـدَّلِيْک: وہ شخص جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔ ج دُلُکٌ: خاک جس کو ہوا اڑا دے۔ ایک قسم کی نباتات۔

الدُّوْلُوْک: بڑا معاملہ۔ ج دَآلِيْک.

المِدْلَکُ والمِدْلَكَة: ملنے کا اوزار۔

المَدْلُوک: مفع۔ البَعِيْرُ المَدْلُوْک: نرم گھٹنے والا اُونٹ۔ وہ شخص جو سفر کی وجہ سے تجربہ کار ہو گیا ہو۔

الـمُـــدَالِک: وہ شخص جو اپنے آپ کو گھٹیا باتوں سے بلند نہ رکھے۔

دَلِمَ (س) دَلَـمًا وادْلَامَّ اِدْلِيْمَامًا: چمکدار سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْلَـم): مؤنث دَلْـمَـاء.

دَلِمَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا اور لٹکنا۔

اِدْلَامَّ اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔

اَدْلَمَ شَفَتَهٗ: ہونٹ کا ڈھیلا کرنا۔

الدَّلَم: ہاتھی۔

الـدَّلَام: سیاہی۔ سیاہ۔ کہا جاتا ہے "شَـــيْءٌ دَلَامٌ" کالی چیز۔

الدَّلْمَاء: قمری مہینہ کی تیسویں رات۔

الاَدْلَـم. مِنَ الاَلْوَانِ: کالا۔ کالا سانپ۔ لمبا کالا۔

الـدَّيْلَم: مصیبت۔ حوض کے پاس چیونٹیوں اور چیچڑیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ لشکر۔ نر تیتر۔ قطا پرندہ کی ایک قسم۔ جماعت۔ دشمن۔

اِدْلَـمَّسَ اِدْلِمْسَاسًا. اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا۔

الـدُّلَـمِــس والدُّلَامِــس: سخت تاریکی۔ مصیبت۔

الدِلْمِس: مصیبت۔

تَدَلْمَصَ. رَاسُهٗ: سر کا گنجا ہونا۔

الـدُّلَـمِص والـدُّلَامِص: چمکدار۔ راس دُلَمِص: گنجا سر۔

طَرِيْق (دَلَنْع): نرم راستہ۔ ج دَلَانِع.

دَلِہَ (س) دَلَهًا ودَلْهًا ودُلُوهًا وتَدَلَّہَ: غم و عشق وغیرہ سے سرگشتہ ہونا۔ حیران ہونا۔

دَلَہَ (ف) دَلْهًا. عَنْهُ: تسلی پانا۔

دَلَّهَه: حیران کرنا۔ بدہوش کرنا۔

الـدَّالِهُ والدَّالِهَة: غم و عشق وغیرہ کی وجہ سے سرگشتہ و دیوانہ۔ کہا جاتا ہے "ذَهَــبَ دَمُـهٗ (دَلْهًا)" اس کا خون رائیگاں گیا۔

الـمُدَلَّہ: عشق وغیرہ کی وجہ سے بے خود و دل رفتہ۔

دَلْهَثَ. الرَّجُلُ: جلد آگے بڑھنا۔

الـدَّلْهَث والـدُّلَاهِث والدِلْهَاث: پیش قدمی کرنے والا۔ دلیر۔ شیر۔

اِدْلَهَمَّ. اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ ...... الـــــظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیر ہونا...... الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

الـــدَّلْهَـــم: تاریک۔ بھیڑیا۔ نر سنگ خوار پرندہ۔ عشق کی وجہ سے عقل رفتہ و مدہوش۔

الـدِلْهَام والـدَّلْهَمَس: دلیر۔ بہادر مرد۔ شیر۔ الدَّلْهَمَس: بہت تاریک رات۔

دَلَا (ن) دَلْوًا ودَلْيٌ. الدَّلْو: ڈول کنوئیں

الدلّة : احسان۔ ناز ونخرہ کرنا۔

الادَلّ : احسان جتانے والا۔

الدُلّى والدِلِيْلة : واضح راستہ۔

المُدِلّ : فا۔ اپنے اوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا۔ المُدِلُّ بِالشَجَاعَةِ : دلیر۔

الدُلَب : چنار کا درخت۔ واحد (دُلَبَة)

الدُلبَة : سیاہی۔

الدالِبْ : چنگاری جو بجھی نہ ہو۔

الدَولاب والدُولاب : رہٹ۔ چرخی پر گھومنے والی چیز۔ ج دَوَالِيب. (دخیل)

المَدْلَبَة : بہت چنار کے درختوں والی زمین۔

الدُلبُوث : ایک قسم کی گھاس کا نام۔

دَلَث (ض) دَلِيْثًا : قریب قریب قدم رکھنا۔

تَدلَّث. اِلَيْه : کسی کے پاس گھس پڑنا۔

اِنْدَلَث. الرَجُلُ : خودسر ہونا۔

اِدَّلَث. الشَيْ : ڈھانکنا۔

الدِلاث : تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دِلاث ونَاقة دِلاث. ج دُلُث ودُلُث".

دلَج (ض) دُلُوْجًا : کنوئیں سے پانی نکال کر حوض میں ڈالنا۔ صفت (دالِج) ج دُلَّج.

ادلَجَ اِدْلاجًا واِدَّلَجَ اِدِّلاجًا. القَوم : پوری رات یا آخری حصہ میں چلنا۔ اسم (الدُلْجة والدَلَجَة)

الدَلج والدَلجان والدَلَجَة : رات کے آخری حصہ کا وقت۔

الدوْلَج : تہ خانہ (۔۔ والمَدْلَجَة) : وحشی جانوروں کا بھٹ۔

المِدلَجة : لکڑی یا چمڑے کا بڑا برتن جس میں دودھ لے جایا جائے۔ ڈول۔

المَدلج والمدلَجة : حوض اور کنوئیں کے درمیان کا راستہ۔

المِدلاج : آخری رات میں چلنے کا عادی۔

المُدلج وابُومُدلج : سیہی۔

دلَخ (ن) دُلُوخًا : بوجھ کی وجہ سے آہستہ چلنا۔

تَدالَحَ. الرَجُلان الشَيْ بَيْنَهُمَا : کسی چیز کو لکڑی پر اٹھانا۔

الدالِح. ج دُلَّح ودَوَالِح و (الدَلُوْح) ج دُلُح : بہت پانی والا بادل۔

فَرَسٌ (دُلَح) : سوار کو نہ تھکانے والے گھوڑا۔ بہت پسینہ والا گھوڑا۔

دَلِخَ (س) دَلَخًا : موٹا ہونا۔۔۔۔۔ الاناءُ : بھر کر بہہ پڑنا۔

الدَالِخ : موٹا۔ کہا جاتا ہے بَعِيرٌ دَالِخٌ وابِلٌ دُلَّخ ودَوَالِخ.

الدَلُوخ. : موٹا۔ ج دُلُخ.

دَلْدَل دَلْدَلَة. اَعْضَانه اَوْرَاسَه : چلنے میں ہلانا۔

تَدَلْدَلَ. فِي مَشْيِه : لڑکھڑانا۔۔۔۔۔ الشَيْ : لٹکتے ہوئے ہلنا۔

الدُلْدُل والدُلدُوْل : سیہی۔ الدُلْدُل : بڑا معاملہ۔

الدَلْدَال : اضطراب۔ قَوْم دَلْدَال : لڑکھڑاتی ہوئی چلنے والی قوم۔

دَلَّسَ. البَائِعُ : سامان کے عیب کو چھپانا۔۔۔۔۔ المُحَدِّث : محدث کا حدیث کی روایت میں اپنے راوی کا نام نہ لینا بلکہ اس سے اوپر کے راوی کا نام لینا اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو۔

دَالَسَه مُدَالَسَةً : فریب دینا۔ ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَلايُدَالِسُ ولايُؤَانِسُ" وہ نہ ظلم کرتا ہے نہ خیانت۔

اَدْلَسَ. المَكَانُ : موسم گرما کے آخر میں یا چر لینے کے بعد سرسبز ہونا۔

تَدَلَّسَ. الرَجُلُ : چھپنا۔۔۔۔۔ الطَعَامَ : تھوڑا تھوڑا لینا۔۔۔۔۔ الدَابَّةُ : چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس کو چٹ کر جانا۔

اِندلَس. الشَيْ : پوشیدہ ہونا۔

الدَلَس . فریب، دھوکا۔

الدَلَس : نباتات جو موسم گرما کے اخیر میں یا چر لینے کے بعد سبز ہو جائے۔ ج اَدْلاس (۔۔۔ والدُلْسَة) : تاریکی۔

دَلَصَ (ن) دَلِيْصًا : چکنا۔ نرم ہونا۔ صفت (دَلِصٌ) ج دِلاَصٌ و(دَلِيْص) ج دُلُص.

دَلِصَت (س) دَلاَصَةً. النَاقَةُ : بوڑھی اور گرے ہوئے دانت والی ہونا۔

دَلَّصَ. الشَيْ : چمکدار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَّصَ السَيْلُ الحَجَر" سیلاب نے پتھر کو چمکدار بنا دیا۔۔۔۔۔ الـنَزْعَ : ملائم کر دینا۔۔۔۔۔ الجبین : بال اکھیڑنا۔

اِنْدَلَصَ. الشَيْ مِنْ يَدِه : پھسل کر گرنا۔ ۔۔۔۔۔ الشَيْ من الشَيْ : نکلنا۔

الدَلِص والدَلِصَة : ہموار زمین۔

الدِلاَص : نرم وچمکدار۔ کہا جاتا ہے "دِرْع دِلاَص" نرم وچمکدار زرہ۔

الدَلاَّص : نرم، چمکدار۔

دَلَظَه (ض) دَلْظًا : سینہ میں مار کر ہٹانا۔

دَلَظَ فِي سَيْرِه : تیز گزرنا۔

دَالَظَه : مدافعت کرنا۔

اِنْدَلَظَ. المَاءُ : زور سے بہنے لگنا۔

دَلَعَ (ف) دَلْعًا واَدْلَعَ لِسَانَه : زبان نکالنا۔

دَلَعَ (ف ن) دَلْعًا ودُلُوْعًا واِنْدَلَعَ واِدَّلَعَ. لِسَانُه : زبان کا منہ سے باہر نکلنا۔

اِنْدَلَعَ البَطْنُ : پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا۔۔۔۔۔ السَيْفُ : تلوار کا میان سے باہر نکلنا۔

الدَلِيْع والدَلُوْع : کشادہ راستہ۔ نرم راستہ۔ ج دَلاَئِع. والدَلُوع مِنَ النُوْق : اونٹوں سے آگے رہنے والی اونٹنی۔

الدُلأع والدُوْلَعَة : سمندری سیپی کی ایک قسم۔

المُدَلَّع : ناز ونعمت میں پرورش یافتہ۔ اسم (الدَلاعَة) : اور یہ مولدین کے نزدیک ہے۔

الدُلْعَس والدِلِعس والدِلْعَوس والدِلْعَاس والدُلاَعِس. مِنَ الجِمَالِ : سدھا ہوا اونٹ۔

الدِلْعَان : چپکنے والی مٹی۔ (لغت عامیہ ہے)

دَلَفَ (ض) دَلْفًا ودَلَفًا ودُلُوْفًا ودَلِيْفًا ودَلَفَانًا : بیڑی پڑے ہوئے کی طرح آہستہ

دَکَّ (ن) دَکًّا. الحائطَ: دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا...... الاَرضَ: ہموار کرنا...... التُرابَ: مٹی کوٹ کر ہموار کرنا...... البئرَ: کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا...... التُرابَ عَلَی المیّتِ: میت پر مٹی ڈالنا...... ہ: دھکا دینا...... الدابۃَ فی السّیرِ: جانور کو تھکانا۔ کہا جاتا ہے "دُکَّتِ الحُمّٰی الرَّجُلَ" بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔

دُکَّ: مریض ہونا۔

دَکَّکَ. الشَّیئُ بالشَّیئِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔

اِنْدَکَّ: ہموار ہونا...... الرَّجُلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا...... السَّنامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔

تَدَاکَّ. عَلَیْہِ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔

الدَّکُّ: مص۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ۔ ج دُکُوْک.

الدُّکُّ ج دِکَکَۃ و(الدِّکَّاء) ج دَکَّاءَات: نرم مٹی کا پشتہ۔ نرم پہاڑ۔ الدَّکَّاءُ: پست کوہان کی اُونٹنی۔

الدِّکَّۃ: ازار بند۔ صحیح لفظ التِکَّۃ ہے۔

الدَّکَّۃ: ہموار ریگستان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لئے چبوترہ۔ ج دِکَاک.

الدُّکَّان: دکان۔ چبوترہ۔ ج دَکَاکِیْن.

الدَّکَّاک: بہت روندنے والا۔ بہت کوٹنے والا۔

الاَدَکُّ: چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا۔ بغیر کوہان کا اُونٹ اور اس سے اسم (الدَّکَکُ) ہے ج دُکٌّ و دُکُک مؤنث دَکَّاء. یَوْمٌ اوشَھْر اوحَوْل (دَکِیْکٌ) پورا دن یا مہینہ یا سال۔

المِدَکُّ: مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا مرد۔ ہموار کرنے کا اوزار۔ اَمَۃٌ (مِدَکَّۃ): کام کرنے میں قوی باندی۔

دَکْدَکَ. الحُفْرَۃَ: گڑھے کو مٹی سے بھر دینا۔

تَدَکْدَکَتْ. الجِبَالُ: گرنا۔

الدَّکْدَک والدِّکْدِکُ ج دَکَادِک و(الدَّکْدَاک) ج دَکَادِیْک: سخت زمین۔

دَکَسَ (ن) دَکْسًا. الشَّیْئَ: بھرنا۔

دَکِسَ (س) دَکَسًا. الشَّیْئُ: تہ بتہ ہونا۔

اَدْکَسَ. المَکَانُ: سبزی ظاہر ہونا۔

الدِّکْیَسَۃ. مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت۔

الدَّاکِس: فا۔ چھینک وغیرہ سے بدفالی۔

الدَّاکِس مِنَ الظِّبَاءِ: وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

الدُّکَاس: اُونگھ۔

الدَّوْکَس: شیر۔ بہت چوپائے اور بکریاں۔

دَکَلَ (ن ض) دَکْلاً. الطِّیْنَ: لیپنے کے لئے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا...... الشَّیْئُ: روندنا۔

دَکَّلَ. الدَّابَۃَ: جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَکَّل: اپنے آپ کو بڑا سمجھنا...... عَلَیْہِ: ناز کرنا...... عَنْہُ: دیر کرنا۔

الدَّکَلَۃ: پتلا گارا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔

الاَدْکَل: سیاہی مائل۔

الدَّکِیْل: روندا ہوا۔

دَکَمَ (ن) دَکْمًا. الشَّیْئَ: بعض کو بعض پر کوٹنا...... ہ فِیْ صَدْرِہٖ: سینہ پر مار کر ہٹانا...... فَاہُ اَوْ اَنْفَہٗ: منہ یا ناک توڑنا...... المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

دَکَمَہٗ. فِی الشَّیْئِ: داخل کرنا...... ہ فِی رَاسِہٖ: سر میں سینگ سے مارنا۔

تَدَاکَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

الدُّکْمَۃ: سیاہی مائل رنگ۔

دَکَنَ (ن) دَکْنًا و دَکَّنَ. المَتَاعَ: تہ بتہ رکھنا۔ دَکَّنَ الدُّکَّانَ: دکان لگانا۔

دَکِنَ (س) دَکَنًا: سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْکَن): مؤنث دَکْنَاء. ج دُکْن.
...... الثَّوْبُ: میلا و گرد آلود ہونا۔

الدُّکْنَۃ: سیاہی مائل رنگ۔

الدُّکَّان: دکان کا چبوترہ۔ ج دَکَاکِیْن: (کلمہ فارسیہ ہے)

الدُّکَّانِی: دکان والا۔

دَلَّہٗ (ن) دَلَالَۃً و دُلُوْلَۃً و دِلِّیْلٰی. اِلَی الشَّیْئِ و عَلَیْہِ: راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔

(......(ض) دَلًّا و دَلَالاً و دَلَّ (س) دَلَلاً: ناز و نخرہ کرنا...... المَرْاَۃُ عَلٰی زَوْجِہا: بناوٹی مخالفت کرنا...... الرَّجُلُ: فخر کرنا۔ اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔

اَدَلَّ اِدْلَالاً. عَلَیْہِ: محبت پر بھروسہ کرنا اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَاَمَلَّ" اس نے محبت پر بھروسہ کیا اور ملول کر دیا۔ دلیری کرنا...... عَلٰی اَقْرَانِہٖ: اوپر سے دبا لینا...... البَازِیْ عَلٰی صَیْدِہٖ: اوپر سے جھپٹا مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یُدِلُّ بِہٖ" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے "اَدَلَّ بِالطَّرِیْقِ" پہچاننا۔

تَدَلَّلَ. عَلَیْہِ: گستاخی و جرأت کرنا...... المَرْاَۃُ عَلٰی زَوْجِہا: بناوٹی مخالفت کرنا۔

اِنْدَلَّ: راستہ پانا...... الماءُ: گرنا۔

اِسْتَدَلَّ. عَلَیْہِ: رہنمائی کرنے کو کہنا۔

اِسْتَدَلَّ بِکَذَا عَلَی الاَمْرِ: دلیل کرنا۔

الدَّالَّۃ. دَالٌّ: کا مؤنث۔ ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیْہِ دَالَّۃٌ" اس کو اس کے اوپر ناز ہے۔

الدَّلُّ: مص۔ سکون و اطمینان کی حالت۔ اچھی سیرت۔

الدَّلَال: مص۔ ناز و نخرہ۔

الدَّالُوْلَاء: ناز۔

الدِّلَالَۃ: دلالی کا پیشہ۔ دلال یا رہبر کی اُجرت۔

اَلدَّلَالَۃ: رہنمائی، دلیل، مرشد، سیاحوں کی رہنمائی کرنے والی کتاب، سفر کارڈ، دلیل الخُلْف: ریاضی کے مسئلہ میں مخالف کے بدلنے پر دلیل قائم کرنا۔

الدَّلَّال: خریدار اور بیچنے والے کے درمیان کا آدمی۔

الدَّلِیْل ج اَدِلَّۃ و اَدِلَّاء و(الدَّلَالَۃ) ج دَلَائِل: ہر وہ چیز جس سے رہنمائی ہو سکے۔ حجت و دلیل۔ الدَّلِیْل: رہنما۔ مرشد۔

......فِی الحِسَابِ وغَیرِہٖ : باریک بینی سے کام لینا۔

اِدَقَّہٗ اِدْقَاقًا : باریک کرنا۔ ....الرَّجُلَ: بکری دینا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ فَمَا اَدَقَّنِی وَلاَ اَجَلَّنِیْ" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ۔ اَدَق الرَّجُلَ: بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔

دَاقَّہٗ مُدَاقَّۃً. الحِسَابَ فِی الحِسَابِ: غور سے جانچ کرنا۔

اِنْدَقَّ اِنْدِقَاقًا : باریک ہونا۔ اِنْدَقَّتْ عُنُقُہٗ: ٹوٹنا۔

تَدَاقَّ. الرَّجُلاَنِ: باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقَّ اِسْتِدْقَاقًا : پتلا و باریک ہونا اور اسی سے ہے "اِسْتَدَقَّ الهِلاَلُ" ہلال باریک ہے۔

الدِّقُّ : باریک تھوڑا اور اسی سے ہے "اَخَذْتُ دِقَّہٗ وجِلَّہٗ" میں نے قلیل و کثیر سب لے لیا۔ حُمَّی الدِقِّ": دق کا بخار۔

الدِّقَّۃ : کوٹنے کی ہیئت۔ خست۔ چھوٹائی۔ باریکی اور اسی سے ہے "دِقَّۃُ المَعَانِی" معانی کی باریکی۔

الدُّقَّۃ : باریک خاکے۔ مصالحے۔ نمک۔ دھنیا۔ خوبصورتی۔

الدُّقَاق : چورہ۔ آٹا (......والدُّقَاقَۃ): باریک خاک جس کو ہوا اڑائے۔ دُقَاقُ العِیدَانِ ودِقَاقُهَا: چھپٹی۔

الدَّقِیق : باریک۔ آٹا۔ مشکل معاملہ۔ تھوڑا۔ ج اَدِقَّۃٌ و اَدِقَّاء: مؤنث دَقِیقَۃٌ.

الدَّقِیقَۃ : دقیق کا مؤنث۔ منٹ۔ درجہ کا ساٹھواں حصہ۔ ج دَقَائِق.

الدَّقِیقَۃ : بکریاں۔ کہتے ہیں "کَمْ دَقِیقَتُکَ": تمہاری بکریاں کتنی ہیں؟

الدَّقَّاق: بہت کوٹنے والا۔ آٹا بیچنے والا۔

الدَّقَّاقَۃ: کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقّ والمُدُقّ ج مَدَاق و (المِدَقَّہ) :کوٹنے کا [illegible]

المُدَقَّقَۃ: قیمہ۔ باریک کوٹا ہوا گوشت۔

المَدْقُوق: مفع۔ دق کے بخار والا۔

اَلمَدَقَّۃُ : پھولوں کی ایک درمیانی قسم۔ مؤنث کا عضو تناسل۔

مُسْتَدَقّ. السَّاعِدِ: کلائی کا پتلا حصہ۔

مُسْتَدَقُّ کُلِّ شَیٔ: ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔

دَقْدَق. النَّاسُ: شور مچانا۔

الدَّوَابُ: سم کی آواز سنائی دینا۔

دَقِرَ (س) دَقَرًا: شکم سیر ہونا......المَکَانُ :سبزہ زار ہونا......النَّبَاتُ: زیادہ ہونا۔ ......الرَّجُلُ: شکم پری کی وجہ سے قے کرنا۔

الدَّقَرُ و الدَّقَرَۃ و الدَّقِیرَۃُ و الدَّقَرَی: سرسبز و خوبصورت باغ۔

اَرْضٌ (دَقْرَاءُ): سرسبز و نمناک زمین۔

الدُّقْرَان :لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی جائے۔ واحد دُقْرَانَۃ.

الدَّوْقَرَۃ : بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

الدِّقْرَار: جانگھیا۔ ج دَقَارِیر.

الدِّقْرَارَۃ: چغلی۔ بُری عادت۔ جھگڑا۔ ج دَقَارِیر: کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالدَّقَارِیرِ" وہ قبیح قسم کی جھوٹی چیزیں لایا۔ جانگھیا۔ پائجامہ۔

رَجُلٌ دِقْرَارۃ: چغل خور۔ پست قد۔

دَقَسَ (ن) دَقْسًا ودُقُوسًا. فِی البِلاَدِ: گھس جانا......الوَتَدُ فِی الاَرْضِ: گڑ جانا......البِئْرَ: بھر دینا۔

الدَّقْشَۃ: ایک چھوٹا سا جانور۔

دَقِعَ (س) دَقَعًا: تھوڑے سے گزارہ پر راضی ہونا۔ ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔

اَدْقَعَہٗ محتاج بنا دینا۔ ذلیل کرنا۔

اَدْقَعَ بِہٖ وَاِلَیْہِ فِی الشَّتْمِ وَنَحْوِہٖ : گالی دینے میں مبالغہ کرنا۔ اَدْقَعَ الرَّجُلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔

الدَّاقِع: فا۔ رنجیدہ۔ تھوڑی کمائی کا طالب۔

الاَدْقَع: مٹی۔ جُوْعٌ اَدْقَعُ: سخت بھوک۔

الدَّقْعَاء و الدَّقْعَاءُ و الدِّقْعِم: مٹی (دِقْعِم میں میم زائد ہے)

الدَّقْعَاء: مٹی۔ بنجر زمین۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ القَوْمَ" (صَقْعَی دَقْعَی): میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔

الدَّیْقُوع: سخت بھوک۔

الدَّوْقَعَۃ: فقیری۔ ذلت۔

المُدْقِع :زمین پر پٹک دینے والا۔ ذلیل۔ بھاگنے والا۔ دبلا۔ جُوْعٌ مُدْقِعٌ: سخت بھوک جو زمین پر گرا دے۔

المِدْقَاع :لالچی۔ تھوڑے پر راضی ہونے والا۔ ج مَدَاقِیع.

دَقَلَہٗ (ن) دَقْلاً: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔ ناک یا منہ پر مارنا (......دُقُولاً) : غائب ہونا......فِیْہِ: داخل ہونا۔

اَدْقَلَ. النَّخلُ: ردی کھجور والا ہونا۔ ......الرَّجُلُ : کمزور بچہ والا ہونا......الشَّاۃُ : دبلی و کمزور ہونا۔ صفت مُدْقِل.

الدَّقَل :ردی کھجور۔ بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاکَ اَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ وَاَنْتَ تَنْثُرُ کَلاَمَکَ نَثْرَ الدَّقَلِ" : میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان ڈنڈے سے بھی زیادہ لمبے ہو اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔

الدَّقَل: جسم کی ناتوانی۔

الدَّقَلَۃ و الدَّقِلَۃ و الدَّقِیلَۃ: دبلی پتلی بکری۔ ج دِقَال و دَقَائِل

دَقَمَہٗ (ن) دَقْمًا: اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا۔ دانت توڑنا......الرِّیحُ عَلَیْہِ: ہوا کا آنا۔

دَقِمَ (س) دَقَمًا: اگلے دانتوں کا گرنا صفت دَقِمٌ و اَدْقَم.

اَدْقَمَ. فَاہٗ: اگلے دانتوں کو توڑنا۔

الدَّقَم: سخت غم۔

الدَّقَمَۃ: منہ کا اگلا حصہ۔

الدَّقَم: نقصان۔

دَقَنَ (ن) دَقْنًا. فِی لحیَ الرَّجُلِ :ٹھوڑی پر مکا مارنا۔ دَقَنَہٗ: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔

تَدَافَعَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔ تَدَافَعُوْا الشَّيْ: ہر ایک کا دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَيْفٌ يَتَدَافَعُهُ الحَيُّ": مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ ڈالتے ہیں۔

اِسْتَدْفَعَ. اللّٰهَ الشَّرَّ: شر کو ہٹانے کی دعا کرنا۔

الدَّفْعَة. دَفَعَ کا اسم مرۃ۔

الدُّفْعَة: بوچھار۔ برتن یا مشک سے جتنا ایک مرتبہ گرے۔ ج دُفَع و دُفُعات.

الدَّوَافِع: نشیب زمینیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو جائے۔

الدَّفُوْع: بہت ہٹانے والا...... مِنَ الدَّوَابِ: لات مارنے والا۔

الدَّفَّاع: بہت دفع کرنے والا۔

اَلدِّفَاع: ملک اور اس کی سرحدوں کی حفاظت بری، بحری اور فضائی ذرائع سے کرنا۔

الدُّفَّاع: موج یا سیلاب کا زور۔ بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي دُفَّاعٍ مِنَ النَّاسِ": وہ بہت لوگوں میں آیا۔

المَدْفَعُ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَدَافِع.

اَلْمِدْفَعُ: وہ اوزار و ہتھیار جن کے ساتھ بم پھینکے جاتے ہیں۔ ان میں سے چند درج ذیل ہیں مِدْفَعٌ: توپ۔ مِدْفَعَةٌ مُضَادَّةٌ لِلطَّائِرَاتِ: طیارہ شکن توپ۔ مِدْفَعُ الذَّرِّي: ایٹم بم پھینکنے کا میزائل۔ قَاذِفُ الصَّوَارِيْخ: راکٹ گرانے والا۔

المِدْفَع: ہٹانے کا اوزار۔ توپ۔ ج المَدْفَعُ مَدَافِع. المِدْفَع: بہت دفع کرنے والا۔

المُدَفَّع: ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر۔

دَفَقَ (ضن) دَفْقًا. المَاءُ: زور سے گرانا ...... اللّٰهُ رُوْحَه: موت دینا...... الكُوْزَ: گرا کر خالی کر دینا۔

دَفَقَ (ن) دَفْقًا و دُفُوْقًا. المَاءُ: گرنا...... اَلنَّهْرُ: بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت میں ہوتا ہے)

دَفَّقَ۔ دَفَقَ کا مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "دَفَّقَتْ كَفَّاهُ [illegible]" یعنی اس کے دونوں ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی۔

أَدْفَقَ۔ الكوز: گرا کر خالی کر دینا۔

تَدَفَّقَ وا تَدَفَّقَ. المَاءُ: گرنا...... الدَّابَّةُ: تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَدَفَّقُ فِي البَاطِلِ" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے۔

اِنْدَفَقَ واِسْتَدْفَقَ. المَاءُ: گرنا۔

الدُّفْقَة: ایک دفعہ۔ یکبارگی۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا دُفْقَةً" وہ سب یکبارگی آ گئے۔

سَيْلٌ دُفَاق: بہت زیادہ سیلاب جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے۔

الاَدْفَقُ: ٹیڑھا۔ فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر۔ سَيْرٌ اَدْفَق: تیز چال۔ مؤنث دَفْقَاءُ.

الدِّفِقَّى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "مَشَى الدِّفِقَّى" وہ تیز چال چلا۔ (...... والدِّفِقَّة: تیز رفتار اونٹنی یا گھوڑا۔

الدِّفْل: قطران (دیکھئے قطران) زفت (ایک دوا کا نام) کثیر۔

الدِّفْلَى: کثیر۔ ایک جماعت کے نزدیک الف الحاق کا ہے اس لئے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لئے تنوین نہیں آتی۔

دَفَنَ (ض) دَفْنًا. المَيِّتَ: گاڑنا۔ دفن کرنا...... الحَدِيْثَ: چھپانا...... الاِبِلُ: تیز دوڑنا...... الاِبِلَ: تیز دوڑنا۔

تَدَفَّنَ واِنْدَفَنَ: چھپنا...... الاِبُلُ: تیز دوڑنا۔

اِدَّفَنَ. العَبْدُ: آقا کے خوف سے بھاگنا۔ صفت (دَفُوْن)...... الشَّيْ: چھپانا۔

تَدَافَنَ. القَوْمُ: باہم چھپانا۔

دَافِنُ. الاَمْرِ: کسی معاملہ کا اندرونی حصہ۔

الدَّفْن: مص۔ دفن کیا ہوا۔ ج اَدْفَان: مدفون زمین۔ ج دُفُن. رَجُلٌ دَفْن: گمنام و بے قدر مرد۔

دَاءٌ (دِفْن و دَفِن): پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔

الدَّفِيْنَة: گاڑا ہوا۔ گاڑا ہوا خزانہ۔ ج دَفَائِن کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُثِيْرُ الدَّفَائِنَ" فلاں بڑا عالم ہے۔

الدَّفِيْن: دفن کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ ج دُفْن و دُفَنَاء و اَدْفَان: حوض۔ رَكِيَّةٌ دَفِيْنٌ: دفن شدہ کنواں۔ اِمْرَاَةٌ دَفِيْن: پوشیدہ عورت۔ ج دُفْنَى. دَاءٌ دَفِيْن: پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دَفِيْنُ المُرُوْءَةِ اَوْ دَفْنُ المُرُوْءَةِ": وہ بے مروت ہے۔

الدِّفَان. مِنَ الرَّكَايَا: مٹی سے پٹا ہوا کنواں ج دُفُن: کہا جاتا ہے "مَاءٌ دِفَان" پوشیدہ پانی۔

الدَّفَافِيْن: کشتی کے تختے۔ واحد (دَفَّان)

المَدْفِنُ: گاڑنے کی جگہ۔

الدِّفْنِس والدِّفْنَاس: کمینہ و بے وقوف۔ بخیل۔ مِنَ النِّسَاء: بے وقوف۔ بھاری جسم کی عورت۔

الدَّافِه: مسافر۔

دَفَا (ن) دَفْوًا و دَافَى مُدَافَاة واَدْفَى اِدْفَاءً. الجَرِيْحَ: فوراً مار ڈالنا۔ واَدْفَى الظَّبْيُ: لمبے سینگوں والا ہونا۔

تَدَافَاة: تلافی کرنا۔

الدَّفَاء: خمیدگی۔

الاَدْفَى: خمیدہ۔ مؤنث دَفْوَاءُ. طَائِرٌ اَدْفَى: لمبے بازوؤں والا پرندہ۔ نَاقَةٌ دَفْوَاءُ: لمبی گردن والی اونٹنی۔ شَجَرَةٌ دَفْوَاءُ: بڑا درخت۔ عُقَاب دَفْوَاءُ: ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔

دَقَّ (ض) دِقَّةً: باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ دقیق و دشوار ہونا۔

دَقَّ (ن) دَقًّا. الشَّيْ: توڑنا...... البَابَ: کھٹکھٹانا...... الشَّيْ: ظاہر کرنا۔...... الشَّيْ عَلَى الشَّيْ اَوْ بِالشَّيْ: کوٹنا۔

دَقَّقَ. الشَّيْ: بہت باریک کرنا۔ آٹا کرنا

منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو۔

الادْغَم: کالی ناک والا۔ ناک میں بولنے والا۔ ج دُغْم.

الدُّغام: حلق کا درد۔

دَغْمَرَهٗ دَغْمَرَةً: عیب لگانا۔ الشَّیٔ: ملانا۔ الرَّجُلُ: بدخلق ہونا۔

الدَّغْمَرِیُّ و الدِّغْمَرِیُّ: برے بھلے ملے جلے اخلاق والا۔ رَجُلٌ (دُغْمُورٌ): مرد بدخو۔

الدَّغامِر: قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ۔

دَفَّ (ض) دَفًّا و دَفِیْفًا: آہستہ چلنا۔ لَهٗ الاَمْرُ: تیار ہونا۔ ممکن ہونا...... الطَّائِرُ: پر پھڑ پھڑانا۔

دَفَّ (ض) دَفًّا. الشَّیٔ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

دَفَّفَ و دافَ: جلدی کرنا۔ دَفَّفَ الجَرِیْحَ و دَافَّهٗ و دافَ عَلَیْه: پوری طرح سے فوراً مار ڈالنا۔ و دَفَّفَ الرَّجُلُ: دف بجانا۔

اَدَفَّ اِدْفافًا. الطَّائِرُ: پر پھڑ پھڑانا۔ اَدَفَّتْ عَلَیْهِ الاُمُوْرُ: پے در پے آنا۔

(...... و تَدَافَّ) القَوْمُ: ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔

اِسْتَدَفَّ. الطَّائِرُ: زمین کے قریب اُڑنا...... الاَمْرُ: درست ہونا۔ پورا ہو جانا۔ ...... الرَّجُلُ بِالْمُوْسَی: اُسترے سے مونڈنا۔

الدَّفُّ: مص۔ ہر چیز کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِذَاتِ الدَّفِّ" اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے۔

(...... الدُّفُّ): ایک قسم کے باجہ کا نام۔ ج دُفُوف۔

دَجَنَ (ن) دَجْنًا ودُجُونًا. اليَوْمُ: بادل و بارش والا ہونا...... اللَّيْلُ: سیاہ ہونا۔ صفت (أَدْجَن): مؤنث (دَجْنَاء) ج دُجْن.

دَجَنَ (ن) دُجُونًا. بالمَكَان: اقامت کرنا۔ الحَمَامُ وغَيْرُهُ: پالتو ہونا۔ صفت (دَاجِن): مؤنث (دَاجِنٌ ودَاجِنَةٌ) ج دَوَاجِن کہا جاتا ہے "دَجَنُوا فِي لُؤْمِهِم": کمینہ پن ان کی گھٹی میں پڑ گیا۔

أَدْجَنَ. القَوْمُ: بارش میں داخل ہونا۔

...... السَّمَاءُ: لگاتار برسنا...... المَطَرُ:

طاعت ومعصیت میں تمیز کرلی۔

الدَّبُّوْر: شکل وصورت۔ ج دَبَابِیر.

الدَّبُّوْرَة: پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار۔ فصیح لفظ "الصَّاقُوْر" ہے۔

الدَّبَرَان: چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔

الدَّابِر: فا۔ تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا۔ جیسے "اَمْسُ الدَّابِر": گزشتہ کل اور یہ تاکید کے لئے ہے جیسے "رَأَیْتُهٗ بِعَیْنِیْ" بولتے ہیں۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں سے ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الْكِنَانَةِ غَیْرُ الدَّابِر": ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہ رہا اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰهُ دَابِرَهُمْ": اللہ ان کی جڑ کو کاٹ دے۔

الدَّابِرَة. الدَّابِر: کا مؤنث۔ شکست۔ بدفالی۔ نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پٹھا۔ دَابِرَةُ الطَّیْرِ: پرندے کے پاؤں کا خار۔ ج دَوَابِر.

الدَّبَرِیُّ: نماز جو آخری وقت میں ادا کی جائے۔

الدَّبْرِیُّ: وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے والا۔ "شَرُّ الرَّأْیِ الدَّبْرِیُّ": یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔

و "جَاءَ دَبَرِیًّا": وہ آخر میں آیا۔

الْمُدَابِر: ناکامیاب تیر والا۔

الْمُقَابَل والْمُدَابَر: نجیب الطرفین۔ شریف ماں باپ والا۔

الْمَدْبُوْر: زخمی۔ بہت مال والا۔

دَبَّسَ. الشَّیْءَ: چھپانا...... الشَّیْءُ: چھپنا...... الْعِنَبُ: میٹھا ہونا...... الْعَصِیْرُ الْمَغْلِیُّ: گاڑھا ہو جانا...... الرَّجُلُ الْعَصِیْرَ: پکا کر گاڑھا کر دینا۔

اَدْبَسَتْ. الْاَرْضُ: انکھوا نکلنا۔

اِدْبَسَّ اِدْبِسَاسًا. الفرسُ: سرخ سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْبَس)

الدِّبْس: ہر کالی چیز۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ دِبْسٌ": بہت مال۔

الدِّبْس: پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔

الدَّبَّاس: شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

الدِّبِس: شہد۔ کھجور کا شیرہ۔

الدُّبْسَة: سیاہی ملی ہوئی سرخی۔

الدَّبُّوْس والدُّبُّوْس: آہنی گرز۔ ج دَبَابِیس.

دَبَشَ (ن) دَبْشًا. الشَّیْءَ: چھلکا اتارنا...... الطَّعَامَ: کھانا۔

الدَّبَش: گھر کا سامان۔ ردی سامان۔ مَكَانٌ (مَدْبُوْش): وہ جگہ جہاں کی پیداوار کو ٹڈیوں نے کھا لیا ہو۔

سَیْل (دُبَاشٌ): ہر چیز کو بہا لے جانے والا سیلاب۔

دَبَغَ (ف ن ض) دَبْغًا ودِبَاغًا ودِبَاغَةً. الجلدَ: کھال کو پکانا۔

اِنْدَبَغَ: کھال کا نرم ہونا اور اس سے رطوبت اور بدبو کا زائل ہونا۔

الدِّبْغ والدِّبْغَة والدِّبَاغ والدِّبَاغَة: چمڑا پکانے کا مسالہ۔

جِلْد (دَبِیْغ): پکائی ہوئی کھال۔

الدِّبَاغَة: چمڑے کی پکائی کا پیشہ۔

الدَّبَّاغ: چمڑے کو پکانے والا۔

الْمَدْبَغَة والْمَدْبُغَة: چمڑا پکانے کی جگہ۔ چمڑے جو پکانے کے لئے مسالہ میں ڈالے گئے ہوں۔

دَبَقَ (ض) دَبْقًا. الصَّائِدُ الطَّیْرَ: لاسے سے شکار کرنا۔

دَبِقَ (س) دَبَقًا. بِهٖ: چمٹنا۔

دَبَّقَهٗ: لاسے سے شکار کرنا۔

اَدْبَقَهٗ: چپکانا۔

تَدَبَّقَ. الطَّیْرُ: لاسے سے شکار ہو جانا...... الشَّیْءُ: لیس دار ہونا۔

اَلدِّبْق: ایک درخت چھوٹے قد کا جس کا پھول ہلکے سبز رنگ کے پرندوں کو شکار کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الدِّبْق والدَّابُوْق والدَّبُوْقَاء: پرندوں کے شکار کرنے کا لاسہ۔

دبک: دَبَکَ یَدْبُکُ: (عامی لفظ) الارض: زمین پاؤں وغیرہ مار کر گونج پیدا کرتا ہے۔ علی الارض: زمین پر گرانا۔

اَلْوِعَاءُ: برتن کو بھرنا۔ دبک: بمعنی دبک

الدبکه: معروف رقص۔

دَبَلَ (ن) دَبْلًا ودُبُوْلًا. الارضَ: کھاد ڈالنا...... الشَّیْءَ: درست کرنا۔

دَبَلَهٗ (ن ض) دَبْلًا. بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَبَلَتْهُ الدَّبُوْلُ": اس پر مصائب پڑے یا اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔

(...... ودَبَّلَ) اللُّقْمَةَ: بڑا لقمہ لینا...... الشَّیْءَ: انگلیوں سے جمع کرنا۔

دَبِلَ (س) دَبَلًا: موٹا ہونا۔

الدَّبْل: مص۔ پلیگ۔ مصیبت۔ اولاد کی موت۔ نالا۔ ج دُبُوْل.

الدُّبْلَة: بڑا لقمہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ ج دُبَل ودِبَل.

الدَّبْلَةُ والدُّبَیْلَة: مصیبت۔ پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کا پھوڑا۔

الدِّبَال: کھاد۔

الدَّبُوْل: عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔ ہلاکت و مصیبت۔

الدَّوْبَل: نر سور۔ چھوٹے قد کا گدھا۔

اَلدِّبْلُوْمَاسِی: ڈپلومیسی یعنی نمائندہ حکومت اپنی حکومت کے مفادات کے تحفظ کے لئے موزوں طرزِ عمل اختیار کرے۔

دَبِیَتْ. الْاَرْضُ: چھوٹی ٹڈیوں کا کھیتی کو کھا جانا۔ صفت (مَدْبِیَّة ومَدْبُوَّة)

اَدْبَتِ. الْاَرْضُ: بکثرت چھوٹی ٹڈیوں والی ہونا۔

الدَّبَی: چھوٹی ٹڈی۔ چیونٹی۔ واحد (دَبَاة)

دَثَّ (ن) دَثًّا. الصَّائِدُ: کسی چیز سے شکار کرنا۔ دَثَّهٗ: تکلیف دہ مار مارنا۔ ہٹا دینا۔ پتھراؤ کرنا۔

ہے۔

الدَّبَب: رُواں۔ بال کی کثرت۔ گائے کا نومولود بچھڑا۔

الدَّبَّاب: تیز رینگنے والا۔ ناتوانی سے آہستہ چلنے والا۔ مؤنث دَبَّابَة.

الدَّبَّابَة: ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے۔ ج دَبَّابَات. الدَّبَّابَة: ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔

الدَّبِيْب: مص۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔

الدَّبُوْب والدَّيْبُوْب: موذی۔ چغل خور۔ گہرا غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔

الدَابَّة. الدابُّ: کا مؤنث۔ ہر رینگنے والا جانور۔ سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے۔ ج دَوَابٌّ: تصغیر (الدُّوَيْبَّة)

الدُّبَّاء: کدو۔ واحد (دُبَّائَة)

الدِّبَّان: رُواں۔ بالوں کی کثرت۔

الأَدَبُّ: بہت بالوں والا۔ بہت روئیں والا۔ مؤنث دَبَّاء: بہت بالوں والا اُونٹ۔

المَدَبُّ: جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السَّيْل": سیلاب بہنے کی جگہ۔ و "مَدَبُّ النَّمَل": چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔

أَرْضٌ (مَدَبَّة): بہت ریچھوں والی زمین۔

دَبَأَهُ (ف) دَبْأً: لاٹھی سے مارنا ...... الشيُّ: ساکن ہونا۔

دَبَّأَه. وَدَبَّأَ عَلَيْهِ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

دَبَجَه (ن) دَبْجًا ودَبَّجَهُ: نقش کرنا، مزین کرنا، خوبصورت بنانا ...... الطَّيْلَسَانَ: ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔

الدِّيبَاج: ریشمی کپڑا۔ ج دَبَابِج وَدَبَابِيج واحد (دِيبَاجَة) و (الدِّيبَاجَة): چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَصُونُ دِيبَاجَتَهُ": فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ و "فُلَانٌ يَبْذُلُ دِيبَاجَتَه": فلاں اپنی آبرو ریزی کرتا ہے۔ "دِيبَاجَةُ الكِتَاب": کتاب کا دیباچہ۔

الدِّيبَاجَتَان: دونوں رخسار۔ دِيبَاجَةُ الْوَجْهِ: چہرہ کی رونق۔ الدِّيبَاج: جوان اُونٹنی۔

الدَّبَّاج: ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔

المُدَبَّج: ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔ بدشکل ایک بدشکل آبی پرندہ۔ اُلو۔

دَبَّجَ: سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا۔ ذلیل ہونا۔ فِيْ بَيْتِهِ: گھر میں جمے رہنا۔

دَبَخَ: بمعنی دَبَّخَ.

دَبْدَبَ دَبْدَبَةً. الحَافِرُ عَلَى الأَرْضِ: ٹاپ سے آواز نکلنا۔

دَبَرَ (ن) دَبْرًا ودُبُوْرًا. النهارُ او الصَّيْفُ: گزر جانا۔ ختم ہونا ...... الرَّجُلُ: مرنا۔ پشت پھیرنا۔ بوڑھا ہونا ...... الرِّيحُ: پچھوائی رُخ پر ہو جانا۔ (...... دَبْرًا) السَّهْمُ الهَدَفَ: نشانہ سے ہٹ جانا ...... الكتابَ: نقل کرانا ...... بالشيْئِ: لے جانا ...... ہُ: پیچھے آنا ...... الحَدِيْثَ عَن فلانٍ: کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔

دُبِرَ: پچھوائی ہوا لگنا۔

دَبِرَ (س) دَبَرًا. البَعِيْرُ: کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِر)

دَبَّرَ. الامرَ: غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا ...... الحَدِيْثَ: دوسرے سے روایت کرنا ...... عَلٰى هَلاكِهِ: کسی کی ہلاکت کے لئے حیلہ اور کوشش کرنا۔

دَابَرَ مُدَابَرَةً ودِبَارًا: مرنا ...... ہ: دشمنی کرنا۔

أَدْبَرَ. البعيرُ: زخمی پیٹھ والا ہونا۔ أَدْبَرَه القَتَبُ: پیٹھ زخمی کرنا ...... فلانٌ: مرنا۔ پچھوائی ہوا میں داخل ہونا ...... عَنهُ: پیٹھ پھیرنا ...... ہ: پیچھے کرنا۔ أَدْبَرَتِ الدُّنْيَا: اقبال کا ختم ہونا۔ الامرُ: ختم ہونا ...... الرَّجُلُ: بدھ کے دن سفر کرنا۔

تَدَبَّرَ. الامرَ: انجام سوچنا۔

تَدَابَرَ. القومُ: باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا۔

اِسْتَدْبَرَهُ: پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا ...... الامرَ: غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔

الدَّبْر: مص۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد (دَبْرَة) ج أَدْبُر ودُبُوْر: بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔ سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ كَلَامِي دَبْرَ أُذُنِهِ": اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔

الدِّبْر: بمعنی الدَّبْر: بہت مال۔ واحد ہے مفرد اور جمع دونوں کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبْر واموالٌ دِبْر".

الدُّبْر والدُّبُر. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: پچھلا حصہ۔ ج أَدْبَار. دُبُر الصَّلٰوة: نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ دُبُرًا لشَّهْرِ وفِي دُبُرِهِ وعَلٰى دُبُرِهِ وأَدْبَار الشهرِ وفِي أَدْبَارِهِ": وہ مہینہ کے آخر میں آیا۔ دُبُر البَيْتِ: گھر کا گوشہ۔

الدَّبْرَة: انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت زمین۔ ج دِبَار.

الدَّبِر: زخمی پیٹھ والا جانور۔

الدِّبْرَة: جہت پشت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الامرِ قِبْلَة ولا دِبْرَة": یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔

الدَّبَرَة: جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے۔ ج دَبَر وأَدْبَار.

الدَّبَار: ہلاکت۔

الدِّبَار: کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔

الدَّبُوْر: پچھوائی ہوا۔

الدَّبِيْر. مِنَ الرجُلِ: پیچھے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَعْرِف قَبِيْلَه مِنْ دَبِيْرِهِ": وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا۔ زیادتی، جہالت کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ قَبِيْلَهُ مِنْ دَبِيْرِه": اس نے

د

د: الدال : بنیادی حروف میں سے آٹھواں حرف ہے۔

دَأَبَ(ف) دَأْباً ودَأَباً ودُؤُوبًا. فی العَمَل : لگا تار جانفشانی سے کرنا۔ صفت (دَائِبٌ ودَؤُوبٌ). (دَأْبًا ودَأَبًا)الدابة تیز ہانکنا......ہ دھتکارنا۔

اَدْأَبَهٗ اِدْآبًا : تھکانا۔ لگاتار کوشش کرنے کا حاجت مند بنانا۔

الدَأْبِ والدَأَب: مص۔ عادت۔ حالت۔

الدَائِبَان: رات دن۔

الدَائِب: تھکا ماندہ۔

دَأَثَ(ف) دَأْثًا: بوجھل ہونا......الثوبُ: میلا ہونا......الثوبَ: میلا کرنا......الطَعَامَ: کھانا۔

الدِئْث: سخت کینہ۔

الدَأْثَاء: باندی۔ لونڈی۔ ج دِآث اِبْنُ دَأْثَاء: بے وقوف۔

دَأْدَأَدَأْدَأَةً ودِئْدَاءً : تیز دوڑنا......فِیْ اَثَرِہٖ: کھوج لگانے کے لئے پیچھے جانا......الشَّیْءَ: ڈھانپنا۔ حرکت دینا۔ ٹھہرانا......القومُ: باہم ہجوم کرنا۔

تَدَأْدَأَ: ہلنا۔ ٹھہرنا......فِی مَشْیِہٖ: لڑکھڑانا۔ ......عَنْ فَرَسِہٖ: گرنا۔

الدَأْدَأ والدَأْدَاء والدَأْدَأة والدَأْدَائَةُ. مِنَ اللَّیَالِیْ: سخت تاریک رات۔ ج الدَآدِی.

الدَّارَ صِیْنِیْ: دارچینی۔

دَئِصَ (س) دَأَصًا: اترنا......البَعِیْرُ: موٹا دبیز گوشت ہونا۔

الدَّاص: موٹاپا۔

دَأَظَ(ف) دَأْظًا. الاِنَاءَ : بھرنا...... الرجُلَ: باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا۔ غصہ دلانا۔ گلا گھونٹنا......القَرْحَةَ: دبا کر نچوڑنا۔

دَأَظَ(ف) دَأَظًا: موٹا ہونا۔

دَأَلَ(ف) دَأْلاً ودَأَلاً ودَأَلی: سست چلنا۔ (......له دَأْلاً ودَأَلاَنًا): فریب دینا۔

دَاءَ لَـهٗ مُدَاءَ لَةً : دھوکا دینا۔ تیز چلنے میں مقابلہ کرنا۔

دُؤَالَة: لومڑی کے لئے علم جنس ہے۔

الدَأْل والدَئِل والدُؤَل والدَأَلاَن : گیدڑ۔ بھیڑیا۔ نیولے کی مانند ایک جانور۔

الدُؤْلُوْل : مصیبت۔ ج دَآلِیْل کہا جاتا ہے "وَقَعَ القَوْمُ فی دُؤْلُوْل": لوگ مصیبت میں پڑ گئے۔

دَأَمَ(ف) دَأْمًا. الحَائِطَ : سہارا دینا...... الرجلَ : کود کر سوار ہونا۔ تَدَأَّمَهُ المَاءُ : ڈھانپ لینا۔ تَدَأَّمَتِ السَّمَاء : لگاتار برسنا۔

تَدَاءَ تَمَتْ. عَلَیْهِ الهُمُوْمُ والاُمُوْرُ : ہجوم کرنا۔

الدَأْم: مص۔ ہر وہ چیز جو تمہیں چھپالے۔

الدَأْمَاء: سمندر۔

دَأی یَدْأُو ویَدْأی دَأْوًا ودَأْیًا. الذِئْبُ للصَیْد: دھوکے سے شکار کرنا۔

الدَأْی : سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ۔ ج دَأْیَات.

(اِبْنُ دَایَة): کوّا۔

الدَایَة: دائی جنائی۔ ج دَایَات.

دَبَّ(ض) دَبًّا ودَبِیْبًا : رینگنا۔ ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا۔ کہتے ہیں "هُوَاَكْذَبُ مِنْ دَبَّ ودَرَجَ": وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے......السُقْمُ فِی الجِسْمِ اوالبِلٰی فِی الثوبِ : بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا' اثر کرنا ......الجَدْوَلُ: نہر کا جاری ہونا اور کہا جاتا ہے "دَبت عَقَارِبُهٗ" : اس نے تفرقہ اندازی کے لئے چغل خوری کی۔ دَبَّ الشَیْخُ : آہستہ چلنا۔

اَدَبَّ. الصَبِیَّ: ہاتھ پیروں پر چلانا......اِلٰی اَرْضِہٖ جَدْوَلاً: نہر جاری کرنا کہا جاتا ہے "اَدَبَّ البِلاَدَ" : اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا۔ و "هُوَیُدِبُّ عَلَیْنَا عَقَارِبَهٗ ویُحْرِشُ عَلَیْنَا اَقَارِبَه": یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے۔

الدُبُّ : ریچھ۔ ج اَدْبَاب ودِبَبَة: مؤنث دُبَّة. الدُبُّ الاَكْبَرُ والدُبُّ لاَصْغَرُ. بنات النعش : کے ستاروں کا مجموعہ۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ دُبَّ فُلان اودُبَّةَ فُلاَنٍ" : اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کر لیا۔

الدَبَّة : تیل وغیرہ کا برتن۔ بط کی شکل کا شیشہ کا برتن۔ بہت ریتلی جگہ۔ ج دِبَاب: منہ کا رواں۔ ج دُبٌّ: کہا جاتا ہے "لَیْسَ فی الدَّارِ دُبِّیٌ اَوْدِبِّیٌ" : یعنی گھر میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا

والمُختالة) بادل جس کے برسنے کی امید ہو۔ **المُخیِل:** خیر سے ڈرانے والا۔ **کلامٌ مُخیِلٌ:** دشوار کلام۔

المَخایِل. مِنَ السُّحُب: بارش سے ڈرانے والا بادل اور اسی سے ہے "**ظَهَرَتْ فِیه مَخایِلُ النَّجابَةِ**" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔

اَرْضٌ (مُتَخَیِّلَةٌ ومُتَخایِلَةٌ)

خَامَ یَخِیمُ خَیْمًا وخَیَمانًا وخُیُوْمًا وخُیُوْمَةً وخِیامًا وخَیْمُوْمَةً: اقامت کرنا ...... **عنه:** بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا ...... **القومُ فِی القِتالِ:** جنگ میں کامیاب نہ ہونا ...... **رجلَه:** پاؤں اٹھانا۔

خَیَّمَ: خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا ...... **بالمکان:** اقامت کرنا۔ **خَیَّمَتِ الکِرْمَةُ:** خیمہ کی مانند ہونا۔ **خَیَّمَتِ البَقَر:** اپنے تھان پر کھڑے رہنا ...... **الرِّیحَ فِی الثَّوْب:** کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔

اَخَامَ اِخَامَةً واَخْیَمَ اِخْیَامًا. الخیمةَ: نصب کرنا ...... **الفرسُ:** تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

تَخَیَّمَ. المَکَانَ وبالمَکَان وفِیْه: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا۔ **تَخَیَّمَتِ الرِّیْحُ الطَّیِّبَةُ بالثَّوبِ وفِیْه:** بھڑک اُٹھنا۔

الخِیْم: طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔

الخَام: ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔ پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو۔ کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ روئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخوَام. **الخَام:** مولی۔

الخَامَة: تر و تازہ گھاس۔ ج خَام وخامات.

الخَیْمَة: ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ، پتھر اور مٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِیَم وخِیَام وخَیْمَات وخَیْم. **الخِیَام:** ہودے۔

الخَیَّام: خیمہ میں رہنے والا (...... **الخَیْمِی**) خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

المُخَیَّم: وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

الخَيْصَان :تھوڑا مال۔

خَاطَ (ض) خَيْطًا. الثوبَ :سینا۔ صفت فاعل (خَائِط وخَاطٌ وخَيَّاطٌ) اور صفت مفعول (مَخِيط ومَخْيُوْط)...... الحَيَّةُ: زمین پر رینگنا اور اسی سے ہے "هٰذا مَخِيطُ الـحَيَّةِ" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے۔

خَاطَ إلَيْهِ خَيْطَةً :ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔

خَيَّطَ الشَّيْبُ فِي رَاسِهِ :بڑھاپا شروع ہونا۔

تَخَيَّطَ. رَاسُهُ بالشَّيْبِ :بڑھاپا شروع ہونا۔

اِخْتَاطَ واخْتَطَى. اِلَيْهِ :ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔

الـخَيْـط :مص۔ دھاگہ۔ ج خُيُوْط وخُيُوْطَة وأخْيَاط...... مِنَ النَّعَام :شتر مرغ کا ریوڑ۔

مِنَ الجَرَادِ :ٹڈیوں کا دل۔ ج خِيْطَان.

الـخَيْطُ الاَبْيَضُ :صبح کی سفیدی۔ الـخيط الاسودُ :رات کی سیاہی۔ الـخَيْـطُ مِنَ الرَّقَبَةِ :حرام مغز۔ کہا جاتا ہے "جَاحَشَ عَنْ خَيْطِ رَقَبَتِهِ" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی۔ خَيْطُ بَاطِلٍ :ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

الـخِيْط والخَيْطَى. مِنَ النَّعَام او الجَرَادِ : شتر مرغ کا ریوڑ۔ ٹڈیوں کا دِل۔

الخِيَاطَة :درزی کا پیشہ۔

الخَيَّاط :درزی۔

الخِيَاط والمِخْيَطُ :سوئی۔

خَيِفَ (س) خَيَـفًا: ایک نیلگوں اور ایک سرمگیں آنکھ والا ہونا۔ صفت (أخْيَف) مؤنث خَيْفَاء ج خِيْف.

خَيَّفَ. عَنِ القِتَال: روگردانی کرنا۔

......القومُ: کسی جگہ میں اُترنا۔ خَيَّفَتِ المرأةُ بِأَوْلَادِهَا :اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا۔

تَخَيَّفَ. الوانًا :مختلف رنگوں والا ہونا۔

الخَيْف :دامن کوہ میں ہر بلند و پست زمین۔ پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ۔ تھن کی کھال۔

الخَيْفَة :چھری۔ شیر کی جھاڑی۔

الخَيْفَاء :کشادہ تھنوں والی۔ ج خَيْفَاوَات وخِيَف.

الاَخْيَـاف :مختلف لوگ۔ کہا جاتا ہے "هم إخْوَةٌ أخْيَاف اَوْبَنُوْ أخْيَاف" یعنی ان کی ماں ایک ہے اور باپ مختلف ہیں۔

الـخَيْفَان :لوگوں کی کثرت۔ مختلف رنگوں والی ٹڈی۔ ایک قسم کی پہاڑی گھاس۔ واحد (خَيْفَانَة)

خَالَ يَـخَالُ خَيْلاً وخِيْلاً وخَالًا وخَيْلَةً وخِيْـلَةً وخَيَلانًـا وخَيْلُوْلَةً ومَخِيْلَةً ومَـخَالَةً. الشئَ :خیال کرنا۔ گمان کرنا اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اِخَال وأخَال: اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔

خَيَّلَ تَـخْيِيْلاً وتَخْيُلاً. عليه :تہمت لگانا اور (خَيَّلَ تَخْيِيلاً) الـسَّحابُ :گرجنا، چمکنا اور برسنے کے لئے تیار ہونا...... فِيْه الخَيْرَ : معلوم کرنا...... عَـنِ الـقَوْمِ :کمزور و بزدل ہونا۔

خُيِّلَ. اِلَيْهِ ولَهُ انّهُ كَذا :توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔

خَايَلَهُ :فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

خَايَلَتِ الـسَّحابَةُ :بارش کی اُمید دلانا۔

أخْيَـلَتِ. الـسَّمـاءُ :برسنے کے لئے تیار ہونا۔

......النَّاقَةُ :تھنوں میں دودھ والی ہونا۔

(......وأخَـالَ) القومُ :ایسے بادل کو دیکھنا جس کے متعلق خیال ہو کہ برسے گا۔ (أخْيَـل وأخْتَالَ) الـمَكَانُ بِالنَّبَات :ہرا بھرا ہونا۔

أخَالَ عَلَيْهِ الشئُ :دشوار و مشتبہ ہونا۔

تَخَيَّلَتِ. الـسَّحابَةُ :بارش کی علامتیں معلوم ہونا...... الرَّجُلُ :تکبر کرنا...... لَهُ انَّهُ كَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے...... فِيْـهِ الـخَيْرَ: معلوم کرنا...... ہ : فراست سے معلوم کرنا...... عليه :پسند کرنا اور فراست سے خیر معلوم کرنا۔

تَـخَايَلَ تَخَايُلاً واخْتَالَ واخْتِيَالاً :تکبر کرنا اور اکڑ کر چلنا۔

اِسْتَخَالَ. الـسَّحابَةَ :برستا ہوا خیال کرنا۔

الخَال :مص۔ بادل جس سے بارش ضروری ہو۔ بے بارش کا بادل۔ بجلی۔ غرور۔ بڑا پہاڑ۔ جھنڈا۔ نرم کپڑا۔ سخی و فیاض آدمی۔ مغرور۔ گمان و توہم۔ بے بیوی والا۔ کمزور دل یا کمزور جسم والا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ گھوڑے کی لگام۔ کفن۔ بدن کا تل۔ ج خِيْلاَن.

الـخَيْل :مص۔ گھوڑوں کا گروہ۔ ج خُيُوْل وأخْيَال اور مجازاً خَيل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اتـى بِـخَيْلِـهِ ورَجْلِهِ" وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا۔

الخِيَل: ہینگ۔

الـخَيُلاَن :ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا ہے۔

الـخَيَـال :گمان وہم۔ ج أخْيِـلَة (......والخَيَالة) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے۔ انسانی شکل۔ ڈراوا۔ یعنی وہ (کپڑے اور لکڑی کی انسان نما) چیز جس کو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں۔

الخَائِل :مغرور۔ ج خَالَة.

المُخَيِّلَة والخَيَالِيَّة: قوت خیالیہ۔

الاَخْيَل مؤنث خَيْلاَء. ج خِيْل وأخَايِل. و(المَخِيل والمَخْيُوْل) بدن میں تل والا۔

الاَخْيَل :ایک منحوس پرندہ کا نام۔

الاُخَـايِل :مغرور۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ أُخَايِل".

الخَيَّال: شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَيَّالَة.

الـخُيَلاَء. والخِيَلاَء والخَيْلَة: تکبر و غرور۔

السحابة (المُخِيْلَة والمَخِيْلَة والمُخَيِّلَة

شہد۔

الخُوَّۃ: کشادہ زمین۔

خَوَیٰ (ض) خَوَاءً. البَیْتُ: گرنا۔ خالی ہونا …… رأسُہ: کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی ہونا (…… خَوِیٰ وخَواءً) بھوکا ہونا …… الزَّنْدُ: آگ نہ دینا (…… خَیًّا) النجومُ: بے بارش کے ہونا۔ مائل بغروب ہونا (…… خَویٰ وخَوَایَۃً) الشی: اُچک لینا۔

خَوِیَ (س) خَیًّا وخُوِیًّا وخَوَایَۃً. المکان: خالی ہونا۔

خَوّیٰ تَخوِیَۃً. البَعِیرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا …… الطَائِرُ: اڑنے میں بازو لٹکانا۔

اَخوَیٰ اِخوَاءً. الزَنْدُ: آگ نہ دینا …… النجومُ: بے بارش کے ہونا …… الرجلُ: بھوکا ہونا …… مَاعِنْدَ فُلانٍ: سب کچھ لے لینا (وخَوَّت) المَاشِیَۃُ: بہت موٹا ہونا۔

اِختَویٰ اِختِواءً: بے عقل ہونا …… البلدَ: عبور کرنا …… ماعِندَفُلان: سب کچھ لے لینا …… الفرسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔

الاَخوَیٰ: عقل وہوش رفتہ۔ مؤنث خَیًّاوخَوِیَاء.

الخَوَی والخَوَاء: کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خَوَاءُ الفَرَس: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔

الخَوِیُّ: خالی پیٹ والا۔

الخَوِیُّ: نرم وپست زمین۔

خَابَ (ض) خَیبَۃً وتَخیُّبَ: محروم ہونا۔ نا اُمید ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْیُہ" یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔

خَیَّبَہٗ واَخَابَہٗ: محروم کرنا۔

قَدْحٌ (خَیَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق۔

المَخیَبَۃ: باعث محروی۔

خَاتَ (ض) خَیتًا وخُیُوتًا: آواز کرنا۔

خَارَ (ض) خَیرًا: صاحب خیر ہونا۔

اللہُ لکَ فِی الاَمْرِ: بہتری کرنا۔

خَارَ (ض) خِیَرَۃً وخِیَرۃً وخِیَرًا وخَیَّرَ. الشئُ علیٰ غَیرِہٖ: فضیلت دینا۔

خَارَۃَ: انتخاب کرنا اور اسی سے ہے "اَللّٰھُمَّ خِرْلِی" اے اللہ میرے لئے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔

خَیَّرہٗ وخَایَرَہٗ. فی الاَمْرِ وبَیْنَ الاَمْرَیْنِ: پسند کرنے کے لئے اختیار دینا۔ وخَایَرَہٗ فی العِلْمِ فَخَارَہٗ: علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا۔

تَخَیَّرہٗ واِختَارَہٗ: چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

اِستَخَارَ اِستِخَارَۃً: طلب خیر کرنا۔ اللہَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔

الخَیْر ج خُیور: بھلائی' نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا مال …… ج اَخیَار وخِیَار: بہت نیکی والا اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخیَر) کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَیرَۃُ) ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنَۃٌ خَیرَۃُ النَّاسِ وخَیرُھُم".

الخِیْر: شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل۔ ہیئت۔

الخَیرَۃ: بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر۔ ج خَیرَات.

الخِیرَۃ والخِیَرَۃ. منَ الشیٔ اوالقَوم: افضل۔

الخِیَار: پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بالخِیَار" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِیَارُ الشیٔ: چیز میں کا افضل۔ الخِیَار: ککڑی۔ واحد (خِیَارۃ)

خِیَارُشَنْبَر: املتاس۔

الخَیرِیُّ: ایک قسم کی پھولوں والی نباتات۔

الخَیرِیَّۃ: عمدگی۔ فضل۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔

الخَیِّر: فیاض۔ مؤنث خَیِّرَۃ.

الاَخیَرُ: زیادہ اچھا۔ مؤنث خِیرَیٰ وخُورَیٰ ج اَخَایِر.

الخِیرَیٰ والخُوزَیٰ والخُورَیٰ والخِیرِیٰ: بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے "رجل خیریٰ. الخ: یعنی بہت خیر والا۔

المُختَار: منتخب۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بالمُختَارِ" یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔

خَاسَ (ض) خَیسًا. اللحم: بدبودار ہونا …… البَیعُ: سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا …… الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا …… الرَّجُلَ اوالدابۃَ: مطیع کرنا۔

خَاسَ (ض) خَیسًا وخَیَسَانًا. بالعهد: بدعہدی کرنا …… بالوَعْدِ: خلاف وعدگی کرنا۔

خَیَّسَہٗ: سدھانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَیَّسَ الجَمَلَ" یعنی اس نے اُونٹ کو سوار ہوکر سدھایا۔ روکنا۔

الخَیس: غم۔ گمراہی۔ جھوٹ۔ خیر۔

الخِیس: گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی۔ ج اَخیَاس: دودھ۔

الخِیسَۃ: شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج خِیَس.

المُخَیَّس. والمُخَیِّس: جانور کے سدھانے کی جگہ۔ قید خانہ۔

خَاشَ (ض) خَیشًا. مافی الوعاء: نکالنا۔

الخَیش: کتاں کا کھردرا کپڑا۔ ج خُیُوش واَخیَاش: واحد (خَیشَۃ) کمینہ آدمی۔

الخَیَّاش: کتاں کا کھردرا کپڑا بیچنے والا۔

خَاصَ (ض) خَیصًا: کم ہونا۔ صفت (خَائِص)

خَیِصَ (س) خَیَصًا: ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخیَص) مؤنث (خَیصَاء)

الخَیص: تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "نِلْتُ مِنْہُ خَیصًا خَائِصًا" میں نے اس سے تھوڑی چیز حاصل کی۔

الخَیصَیٰ: تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فی المَرْعیٰ خَیصَیٰ مِنَ العُشْبِ" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے۔

الخوطة: نرم تازہ ہری شاخ۔ ج خیطان

خَافَ (س) خَوْفًا وَخِيْفًا وَمَخَافَةً وَخِيْفَةً وَتَخَوَّفَ: گھبرانا۔ احتیاط کرنا۔ ڈرنا۔ کہا جاتا ہے "خَافَهُ وَخَافَ مِنْهُ وَخَافَ عَلَيْهِ".

صفت (خَائِف) ج خُوَّف وخُيَّف وخِيْف وخَائِفُون. وتَخَوَّفَ الحقَّ: حق کو مار لینا۔ وتَخَوَّفَ الشَّيْئَ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ تَخَوَّفَ عَلَيْهِ شَيْئًا: خوف کھانا۔

خَوَّفَهُ: ڈرانا...... الطَّرِيْقَ: ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں۔

أَخَافَهُ إِخَافَةً: ڈرانا۔ أَخَافَ الطَّرِيْقَ: گھبراہٹ میں ڈالنا۔

خَاوَفَهُ: ڈرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَفْتُهُ فَخُفْتُهُ أَخُوْفُهُ" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا۔

الخَوَّاف: شور۔

الخَاف: بہت ڈرنے والا۔

المَخَافَة: چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے۔ جس کے ذریعے سے پھلوں کو چنا جائے۔

الخِيْفَة: ڈرنے والے کی حالت۔ ج خِيَف.

المَخُوْف: خوفناک۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ مَخُوْفٌ" خوفناک راستہ۔

خَوِقَ (س) خَوَقًا وَانْخَاقَ وَتَخَوَّقَ: کشادہ ہونا۔ صفت (أَخْوَق) مؤنث خَوْقَاء ج خُوْق.

أَخَاقَ إِخَاقَةً: ملک میں جانا۔

خَوَّقَهُ: کشادہ کرنا۔

تَخَوَّقَ عَنْهُ: دور ہونا۔

الخُوْق: بالی کا حلقہ۔

الخَوَق: کشادگی۔ خارش۔

الأَخْوَق: خارش والا۔ کانا۔

مکان (مُنْخَاق) کشادہ جگہ۔

خَالَ يَخُوْلُ خَوْلاً وَخِيَالاً. المَوَاشِيَ: نگہبانی کرنا...... فُلَانٌ عَلَى أَهْلِهِ: تدبیر امور کرنا۔ انتظام کے لئے کافی ہونا۔

خَالَ يَخَالُ خَوَلاً: تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا۔

خَوَّلَهُ. الشَّيْئَ: عطا کرنا۔ بخشش کرنا یا مالک بنانا۔

أَخْوَلَ وأُخْوِلَ: ماموں والا ہونا۔

أَخَالَ. فِيْهِ خَالاً مِنَ الخَيْرِ وَأَخَالَهُ: فراست سے بھلائی معلوم کرنا۔

تَخَوَّلَ فِيْهِ خَالاً مِنَ الخَيْرِ وَتَخَيَّلَ. تَخَوُّلاً وَتَخَيُّلاً: بھلائی معلوم کرنا۔ تَخَوَّلَ خَالاً: ماموں بنانا...... فلانًا: نگہبانی کرنا۔

اِسْتَخْوَلَهُمْ: خادم بنانا۔ اِسْتَخْوَلَ واسْتَخَالَ فِيْهِمْ: ماموں بنانا۔

الخَوَل. خولی کی جمع۔ غلام۔ لونڈیاں۔ لفظ واحد ہی جمع کے لئے مستعمل ہے اور کبھی واحد کے لئے (خائِل) بولتے ہیں۔

الخَال: ماموں۔ ج أَخْوَال وأَخْوِلَة وخُؤُوْل وخُؤُل. وخُؤُوْلَة.

الخَالَة: ماں کی بہن۔ موسی۔ ج خَالَات: تم کہتے ہو "هُمَا أَبْنَاءُ خالة" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں۔ الخال: خیر کا نشان۔ فوج کا جھنڈا۔ چیز کا مالک۔ تم کہتے ہو "انا خال هذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں۔

الخَوْلِيُّ: مال کا بہتر منتظم۔ ج خول.

الخائِل: فا۔ الخول: کا واحد۔ کہا جاتا ہے "هو خَائِلُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خَالُ مَالٍ" کہتے ہیں۔

الخَوْلَة: ہرنی۔

الأَخْوَل: ہر وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں۔ رجلٌ (مُخْوِلٌ ومُخْوَلٌ ومُخَال) شریف ماموں والا۔

خَامَت (ن) خَوَمَانًا. الأَرْضُ: ناموافق آب و ہوا والی ہونا۔

أَخَامَ. إِخَامَةً. الفَرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

الخَام: روئی کا کپڑا۔ ج أَخْوَام. أَرْضٌ (خَامَة) ناموافق آب و ہوا والی زمین۔

خَانَهُ (ن) خَوْنًا وخِيَانَةً ومَخَانَةً وخَانَة فِي كَذَا: امانت میں خیانت کرنا۔ خَانَهُ سَيْفُهُ: اُچٹ جانا۔ خَانَهُ الدَّهْرُ: آسودگی کو تنگی سے بدل دینا۔ خَانَتْهُ رِجْلَاهُ: چلنے پر قادر نہ ہونا۔ خَانَ الدلْوَ الرِشَاءُ: ٹوٹ جانا۔ العهدَ: توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "خَانَهُ العَهْدَ والأَمَانَةَ" یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خَائِن) ج خُوَّان وخَانَة وخَوَنَة (...... خَوْنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔

خَوَّنَهُ: خیانت کی نسبت کرنا۔

خَوَّنَهُ وخَوَّنَ مِنْهُ تَخْوِيْنَهُ: تھوڑا تھوڑا کر کے کم کرنا۔ خَوَّنَهُ وتَخَوَّنَهُ: نگہبانی کرنا اور اسی سے ہے "كَانَتِ الحُمىٰ تَتَخَوَّنُهُ" اس کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَهُ الدَّهْرُ: آسودگی کو تنگی سے بدل دینا۔

اِخْتَانَهُ: خیانت کرنا...... المَالَ: چرانا۔

اِسْتَخَانَهُ: خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔

الخَان: دکان۔ سرائے۔ ج خَانَات (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا۔

الخَائِنَة. الخَائِن: کا مؤنث۔ الخَائِنَة: بہت خیانت کرنے والا۔ ''تا'' مبالغہ کے لئے ہے۔ جیسے رَاوِيَة: بہت روایت کرنے والا۔

الخُوَان والخِوَان: دسترخوان۔ عوام اس کو سفرہ کہتے ہیں۔ ج أَخْوِنَة وخُوْن.

الخَؤُوْن والخَوَّان: بہت خیانت کرنے والا۔

الخَوَّانَة: بہت خیانت کرنے والا۔ ''تا'' مبالغہ کے لئے ہے۔ دبر۔

خَوَّتِ الدَّارُ تَخُوْخَوًّا: گر جانا...... النجومُ: بغیر بارش ہوئے غروب ہونا۔

الخَوُّ: بھوک۔ کشادہ وادی (...... والخَوُّ)

السخوخه : روشن دان۔ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔

السخوخاء والسخوخاة والخوخاءة : بے وقوف۔

خَوَّذَ. الرَّجُلُ : تیز چلنا...... مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا : کچھ حاصل کرنا۔

تَخَوَّذَ. الغُصْنُ : جھکنا۔

السخَوَد : نازک بدن۔ جوان عورت۔ ج خَوْدَات وخُوْد.

خَاوَذَهُ مُخَاوَذَةً. الی الشی : ایک کا دوسرے کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَذُوْنَا اِلَى المَاءِ" یعنی ہم واپس آ رہے تھے اور وہ لوگ جا رہے تھے۔

خَاوَذَهُ : بار بار زیارت کے لئے آنا۔

خَاوَذَتْه السحُمىٰ : غیر متعین وقت پر آنا۔

خَاوَذَ عَنْهُ : علیحدہ ہونا۔

تَخَاوَذَ. القَوْمُ : باہم عہد و پیمان کرنا۔

تَخَوَّذَ : نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخوذنا بالزيارَة : اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی۔

الخُوْذَة : خود۔ ج خُوَذ.

خُوْذَانُ. النَّاسِ : لوگوں کے خادم۔

خِوَاذُ. السحُمّٰى : غیر معین وقت میں بخار آنا۔

خَارَ (ن) خُوَارًا. البقرةُ: آواز کرنا۔

(...... خُـؤُوْرًا وخَـوِر (س) خَـوَرًا) ست و کمزور ہونا۔ ٹوٹنا...... قُـوةُ المريض : کم ہونا۔

خَـوَّرَ : کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ الاَرضُ: کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا۔ الرجلَ: کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔

اَخَارَه : مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو "اَخَرْنَا الِابِلَ الى مَوْضع كَذَا" ہم نے اونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔

تَـخَـاوَرَت. الثِيرانِ : بیلوں کا باہم آواز نکالنا۔

اِسْـتَـخَارَهُ : مہربانی چاہنا...... الـمَـنْـزِلَ: صاف کرنا۔

الـخَـوْز : مص۔ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین۔

الـخُـوَار : مص۔ گائے کی آواز۔ بکریوں ہرنوں اور تیر کی آواز کے لئے بھی مستعمل ہے۔

الـخَوَّار : بزدل۔ کمزور۔ ست۔ فَـرسٌ خَـوَّارُ الـعِـنَـانِ : تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔

الْخَوَّار مِنَ الزِّنَادِ : چقماق۔

الْخُوْرِى : کاہن۔ ج خَوَارِنَة (دَخِيْل)

الْخُوْرُس : گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ۔ (جدید)

خَازَه (ن) خَوْزًا : دشمنی کرنا۔

خَاسَت (ن) خَوْسًا. الجِيفَةُ : بدبودار ہونا ...... البِـضَاعةُ : مندا ہونا...... خَـاسَ العَهْدَ وبِالعَهْدِ : بدعہدی کرنا...... بِالْوَعْدِ : خلاف وعدہ کرنا...... بِفُلَانَ : بے وفائی کرنا۔

خَـوَّسَ. الشـیُ : کم کرنا۔ گھٹانا...... الابِلَ: ایک ایک کر کے پانی پر بھیجنا۔

خَاشَهُ (ن) خَـوْشًـا. بِالرُّمْح : نیزہ مارنا ...... الشیُ : لینا...... الرَّجُلُ : ہجوم میں داخل ہونا۔

خَـوَّشَ وتَـخَـوَّشَ. الشی : کم کرنا۔ گھٹانا۔ وتَخَوَّشَ الرَّجُلِ : موٹائی کے بعد لاغر ہونا۔

الخَوْش : پہلو۔

الـخَـوْشَان : ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔ واحد (خَوْشَانَةٌ)

خَوِصَ يَخْوَص خَوَصًا : دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَص) مؤنث خَوْصَاء ج خُوْص ...... الشَاةُ : تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔

خَـوَّصَ : پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا ...... التَـاجَ : سونے کے پتروں سے مزین کرنا...... ہ الشَـيْـبُ : بڑھاپا شروع ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطَاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو۔

خَـاوَصَ وتَـخَاوَصَ : آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا...... الـنـجـومُ : مائل بغروب ہونا۔

خَـاوَصَـهُ مُـخَاوَصَةً وخَاوَصَهُ البيعَ : بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَخْوَصَ. النخلُ : پتے والا ہونا۔

تَـخَـوَّصَ. الشـیُ : تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا...... الـعَطِيَّةَ : تھوڑا تھوڑا کر کے لینا۔

الخَوَّاص : کھجور کے پتوں کا بیچنے والا اور اس کے عمل کو (الخِيَاصَة) کہتے ہیں۔

الخُوْص : کھجور کے پتے۔ واحد (خُوْصَة)

الـخَـوْصَاء : گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھیا کر دے۔ کہا جاتا ہے "خَـرَجُـوا فِی الـظَّهِيْرَةِ الخَوْصَاءِ" وہ دو پہر کی سخت گرمی میں نکلے۔

خَاضَ (ن) خَـوْضًـا وخِيَاضًـا. الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا...... الشـرابَ: ملانا...... الـغَـمَـرَاتِ : سختیوں میں کود پڑنا...... فِی الـحَدِيْث : مشغول ہونا...... الـجَـوَادُ فِی المَيْدانِ : کلیلیں کرنا۔ بِالْفَرَسِ : پانی پر لے جانا...... بِـالـسَّـيْفِ : زخم میں تلوار ہلانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّـهُ يَـخُـوضُ الـمَنَايَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔ وَهُـوَ يَخُوْضُ اللَّيْلَ : وہ رات کو ہولناکیوں کی پروا نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے۔

خَوَّضَ. المَاءَ : داخل ہونا۔ گھسنا۔

خَاوَضَ مُخَاوَضَةً واَخَاضَ

اِخَاضَةَ الفرسَ : پانی میں داخل کرنا۔

اَخَاضُـوْا المَاءَ : جانوروں کو پانی میں ڈال دینا۔

تَخَوَّضَ : بتکلف گھسنا۔

اِخْتَاضَ المَاءَ : داخل ہونا۔ گھسنا۔

تَـخَـاوَضَ. الـقـومُ فِی الحَدِيْثِ : باہم مشغول ہونا۔

الخَوْضَة : خاض : کا اسم مرۃ۔ موتی۔

الخَوَّاض : بہت گھسنے والا۔

الـمَـخَـاضَـة : پانی میں گھسنے کی جگہ۔ ج مَخَاوِض ومَخَاض ومَخَاضَات.

تَخَوَّطَهُ : وقتاً فوقتاً آنا۔

الخَنَّاس :شیطان۔

الخِبِّس :فریبی۔ حیلہ گر۔

الخَنْبَر :لیئم۔ کمینہ۔

الخُنْسَر والخُنْسِری :وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خَنَاسِرَة.

الخَنَاسِیْر :مصیبتیں۔

الخِنْشَار :ایک قسم کی نباتات۔

الخِنَّوْص مؤنث الخِنَّوْصَةُ :سور کا بچہ۔ ج خَنَانِیْص.

الخِنْصِر والخِنْصَر :چھنگلیا۔ ج خَنَاصِر :کہا جاتا ہے ”هٰذَا اَمْرٌ تُعْقَدُ عَلَیْهِ الخَنَاصِر“ یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

خَنَطَه (ض) خَنْطًا :رنج و غم پہنچانا۔

خَنْطَث :تکبر و غرور کے ساتھ چلنا۔

الخِنْطِیْر :بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔

الخَنْطَل :ملی۔ مصیبت۔ قطار۔ ٹڈی دل۔

خَنَعَ (ف) خُنُوْعًا. له والیه :انکساری و فروتنی کرنا......الی اللهِ :بغیر عمل کے گڑگڑانا ......بفلان :بے وفائی کرنا......الی الامرِ الشَّیٔ :مائل ہونا۔

خَنَعَهٗ :کلہاڑی سے کاٹنا۔

اِخْنَعَهٗ. الحاجةُ لَهٗ والیه :ذلیل و پست ہو کردینا۔

الخَنَع :ذلت۔

الخُنْعَة :عار۔ تہمت۔

الخَانِع والخَنُوْع :متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خَنَعَة وخُنَّع.

الخُنْعَانَة :کمینہ۔

شَعْر (خَنْعَبٌ) لمبا بال۔

الخُنْعُبَة :چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

خَنَفَ (ض) خِنَافًا. البعیرُ :دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث)(خَنُوْف) ج خُنُف. (......خُنُوْفًا) غضبناک ہونا......الرَّجُلُ بِاَنْفِه :تکبر کرنا۔ صفت (خَانِف) ......المرأةُ: سینہ پر دوہتڑ مارنا۔

خَنِفَ (س) خَنَفًا. صَدْرُهٗ اوظَهْرُهٗ :ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اَخْنَف) ج خُنْف.

الخُنُف :نشانات۔

خَنْفَسَ. عن القوم :نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔

الخُنْفُس والخِنْفِس والخُنْفَس والخُنْفَسا والخُنْفَسَاءَة :گبریلا۔ ج خَنَافِس.

والخُنَافِس :شیر۔

خَنْفَسَاءُ البَطَاطِس :آلو کو نقصان دہ امریکی سنڈی۔

خَنَقَه (ن) خَنْقًا وخَنِقًا وخَنَّقَهٗ تَخْنِیْقًا :گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے ”خَنَقَتْهُ العَبْرَةُ“ یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَقَ الاِنَاءَ :بھرنا۔ خَنَقَ السَّرابُ الجَبَلَ :پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَقَ زَیْدٌ الاَرْبَعِیْنَ :قریب قریب ہونا۔

اِخْتَنَقَ :گلا گھونٹنا۔

اِنْخَنَقَ :اپنا گلا گھونٹنا۔

الخَنِق والخَنِیْق :گلا گھونٹا ہوا۔

الخُنَاق :ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔

الخُنَاقِیَة :پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔

الخِنَاق :رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے ”اَخَذَهٗ بِخِنَاقِه“ اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔

الخَانِق :فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خَانِقُ الذِّئْبِ وخَانِقُ النَّمِرِ وخَانِقُ الکَلْبِ :گھاسوں کے نام۔

الخَنَّاق :جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو۔

المِخْنَقَة :گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ ج مَخَانِق ومَخَانِیْق.

المُخَنَّق :مقع۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے ”غُلَامٌ مُخَنَّق الخَصرِ“ پتلی کمر کا لڑکا۔

المُخْتَنَق :تنگ جگہ۔

المُخَنَّق :گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔

خَنَا (ن) خَنْوًا وخَنِیَ (س) خَنًى واَخْنٰی عَلَیْهِ فِی الکَلَامِ :بدزبانی کرنا...... اَخْنَی الجَرَادُ :بہت انڈے دینا...... المَرْعٰی :بہت گھاس والی ہونا۔ اَخْنٰی عَلَیْهِ الدَّهْرُ :طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بے وفائی کرنا اور کہا جاتا ہے ”اَخْنٰی بِه“ اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی۔

الخَنٰی :بدزبانی۔ خَنَی الدَّهر :مصیبتیں واحد (خَنَاة)

خَابَ (ن) خَوْبًا :محتاج ہونا۔

الخَوْبَة :بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔

خَاتَ (ن) خَوْتًا وخَوْتَانًا. الرجلُ :عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا ......المَالَ :کم کرنا(......وانْخَاتَ واخْتَاتَ) البَازِی عَلَی الصَّیْدِ :ٹوٹ پڑنا۔

خَاتَ (ن) خَوَاتًا. العقابُ :عقاب کے بازوؤں کی سرسراہٹ ہونا۔

تَخَوَّتَ واخْتَاتَ. المَالَ :کم کرنا ......الشَّیْءَ :اُچک لینا......حَدِیْثَ القَوْمِ :سن کر یاد رکھنا......الشَّاةَ :فریب دے کر چرانا۔ کہا جاتا ہے ”هُمْ یَخْتَاتُوْنَ اللَّیْلَ“ وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔

الخَوَّات :دلیر مرد۔

خَوِثَ (س) خَوَثًا. البطنُ :ڈھیلا ہونا۔ کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْوَث) مؤنث (خَوْثَاء)

اَخَاخَ اِخَاخَةً. العشبُ :پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔

الخَوْخ :شفتالو۔ واحد (خَوْخَة)

خَنَّ (ن) خَنًّا. المالَ: لینا۔

القومَ: قوم کے حریم میں داخل ہونا۔

اَخَنَّهُ: عقل چھین لینا۔ صفت (مَخْنُوْن) قیاس کے مطابق (مُخَنٌّ) ہونا چاہئے۔

اِسْتَخَنَّتْ. البِئْرُ: بدبودار ہونا۔

الخِنّ: خالی کشتی۔

الخُنَّة: گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔

الخَنَان: آسودگی۔ آرام۔

الخُنَان والخِنَان: اُونٹوں کا زکام۔ ناک کی ایک بیماری۔ پرندوں کے گلے کی ایک بیماری۔

المِخَنُّ: لمبا مرد۔

المَخَنَّة: گنگناہٹ و ناک کی آواز۔ ناک۔ گھر کا درمیان۔ صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ میں داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلان مَخَنَّة لِفُلَانٍ" فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے۔

خَنَا (ف) خَنْأً. الجذعَ: کاٹنا۔

خَنِبَ (س) خَنَبًا: زکام والا ہونا۔ لنگڑا ہونا۔ ہلاک ہونا۔ کمزور ہونا۔

اَخْنَبَ واخْتَنَبَ: ہلاک ہونا۔ اخنبَ: ہلاک کرنا۔ کمزور کرنا۔

تَخَنَّبَ: تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند کرنا۔

الخَنَب: ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی ہے۔

الخِنْب: زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا انگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ ج اَخْنَاب.

الخَنَاب: لمبا۔ بے وقوف۔

الخَنَابَة: بر انشان۔ برائی۔

الخِنَابَة والخِنَّأبَة: تکبر۔ غرور۔

الخِنَّابَتَان والخُنَّابَتَان: ناک کے نتھنے۔

خَنِثَ (س) خَنَثًا الرَّجُلُ: ہیجڑا ہونا۔ صفت خَنِث خَنَثَه (ض) خَنْثًا: ٹھٹھا کرنا ...... السقاءَ: مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا۔

خَنَّثَه: موڑنا۔ نرم کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔

اَخْنَثَ: دوہرا ہونا۔ لچکنا۔

تَخَنَّثَ وانْخَنَثَ: ہیجڑا ہونا۔

خَنَاثِ: مؤنث کے لئے وصف ہے اور صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "یا خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی۔

خِنَاث. الثوبِ واَخْنَاثُهُ: کپڑے کی تہیں۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ عَلٰی خِنَاثِهٖ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ واحد (خِنث)

الخُنْث: لچک۔

الخُنْثٰی: ہیجڑا۔ ج خناثٰی و خِنَاث.

المِخْنَاث: وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِخْنَاث وامْرَأَةٌ مِخْنَاث." ج مَخَانِیث.

المُخَنَّث: ہیجڑا۔ وہ شخص جس میں لچک ہو۔

الخَنْجَر. والخِنْجَر: بڑی چھری۔ ج خَنَاجِر.

خَنْخَنَ خَنْخَنَةً: ناک میں بولنا ...... فی کَلَامِهٖ: گنگنانا۔

الخُنْدُب: بدخلق۔

الخَنْدَرِیس: پرانی شراب۔

الخُنْدُع: خسیس۔ لئیم۔

الخندق: کھائی۔ ج خَنَادِق و (خَنْدَق خَنْدَقَةً) کھائی کھودنا۔

تَخَنْدَذَ: بے شرم دلیر ہونا۔

الخِنْذِیذ: لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ بخیل۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خَنَاذِیذ.

الخُنْذُع: خسیس۔ لئیم۔

خَنِزَ (س) خَنَزًا وخُنُوزًا. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَنِز و خَنَز)

الخُنْزُوَان والخُنْزُوانَة: تکبر۔ غرور۔

الخَنْزُوان: بندر۔ نر سور۔

الخِنْزِیر: سور۔ ج خَنَازِیر. الخَنَازِیر: کنٹھ مالا۔ خِنْزِیر البحر: مچھلی کی ایک قسم۔ خِنْزِیرُ الهند: خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنْزِیرَةُ البئر: کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسی لپیٹتے ہیں۔

الخَنْزَرَة: موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔

خَنَسَ (ن ض) خَنْسًا وخُنُوسًا وخِنَاسًا عَنه: پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خَنَسَ الطَرِیقُ عَنَّا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔ بَیْنَ اَصْحَابِهٖ: چھپنا۔

خَنَسَهُ (ن ض) خَنْسًا: پیچھے کرنا ...... اِبْهَامَهُ: سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَارَ بِاَرْبَعٍ وخَنَسَ اِبْهَامَهُ" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا ...... القولَ: بری بات کہنا ...... الشیٔ عَنْه: چھپانا ...... فُلَانًا وبِهٖ: غائب کر دینا۔ چھپا دینا۔ صفت خَانِس. ج خُنَّس.

خَنِسَ (س) خَنَسًا: ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اُٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْنَس) مؤنث خَنْسَاء ج خُنْس اسم الخَنَس.

اَخْنَسَهُ. عَنْهُ: روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْنَسْتُ عَنْهُ بَعْضَ حَقِّهٖ" میں نے اس کے کچھ حصہ کو روک لیا ...... اَوْغَلَ الطَّرِیْقِ: دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔

تَخَنَّسَ. بِهٖ: غائب کر دینا۔

انْخَنَسَ. عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔

الخُنَّس: ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔

الخُنَّس: ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔

الخَنْسَاء: نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔

الاَخْنَس والخِنَّوْس: شیر۔ الاَخْنَس: چچڑی۔

ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔ المالَ: پانچواں حصہ لینا...... الحَبْلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔

خَمَّسَ. الشئَ: پانچ رکن والا بنانا اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے۔ جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔

اَخْمَسَ. القومُ: پانچ ہونا۔

الخُمُس والخُمْس: پانچواں حصہ۔ ج اَخْمَاس: کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔

خُمَاس ومَخْمَس: پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا خُمَاسَ ومَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔

الخُمَاسِیُّ: پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَةٌ خُمَاسِیَّةٌ" پنج سالہ لڑکی۔

الخَمْسَة: پانچ۔ مؤنث کے لئے خمس.

خَمْسُوْن: پچاس۔

الخَمِیْس. وَیَوْمُ الخَمِیْس: جمعرات۔ ج اَخْمِسَة واَخْمِسَاء. الخَمِیْس: لشکر۔ اس لئے کہ اس میں پانچ جماعتیں۔ میمنہ. میسرہ. قلب. ساقہ. مقدمة الجیش ہوتی ہیں۔ رُمح (خَمِیْسٌ ومَخْمُوْسٌ) پانچ گز کا نیزہ۔

المُخَمَّس: پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اٹھانے کے لئے لوہے کا ایک آلہ۔

اَلْمُخَمَّسُ: وہ شکل جس کو پانچ برابر کے اضلاع گھیر لیں۔

اَلتَّخْمِیْسُ: شعراء کے نزدیک تین شطر کو شعر سے دو شطر کی طرف ملانا۔

خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا وخُمُوْشًا. الوجهَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔

خَمَّشَه: زیادہ خراش لگانا۔

الخَمْش: مص۔ خراش۔ ج خُمُوش.

الخُمَاشَة: خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُمَاشَات: یا وہ زخم جو پوری دیت یا واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ کان یا ناک وغیرہ کا ٹنا۔

الخَمُوْش: مچھر۔

خَمَصَ (ن) خَمْصًا وخُمُوْصًا وانْخَمَصَ. الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔

خَمَصَهٗ خَمْصًا وخُمُوْصًا ومَخْمَصَةً الجوعُ: دبلے پیٹ والا کر دینا (...... وخَمِصَ (س) خَمَصًا وخَمُصَ (ک) خَمْصًا وخُمُوْصًا ومَخْمَصَةً) البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ ہونا۔

تَخَامَصَ. اللیلُ: صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا...... عَنْه: یکسو ہونا۔

الخَمْصَة: بھوک۔

خَمَطَ (ن) خَمْطًا وخُمُوْطًا وخَمِطَ (س) خَمَطًا. الخمرُ او اللبنُ: اچھی بُو کا ہونا۔ بُو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خَامِط وخَمِط) خَمِطَ الرجُلُ: تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ (خَمَطَ (ض) خَمْطًا) اللحمَ: بھوننا۔ صفت مفعول خَمِیْط.

خَمْطًا. (ن ض) خَمَطَ اللَّبَنَ: دودھ کو برتن میں ڈالنا۔

تَخَمَّطَ: تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ البحرُ: موج مارنا۔ الفَحْل: بڑبڑانا۔

الخَمْط: مص۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر درخت کا تھوڑا پھل۔ ہر بے کانٹے والا درخت۔ پیلو کا پھل۔ ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔

الخَمَطَة والخَمْطَة. مِنَ اللَّبَنِ: دودھ کی بُو۔

خَمِعَتْ (ف) خَمْعًا وخُمُوْعًا وخَمَعَانًا. الضَّبُعُ: لنگڑاتے ہوئے چلنا۔

الخَامِعَة: بجو۔ ج خَوَامِع.

الخُمَاع: لنگڑاہٹ۔

الخِمْع: بھیڑیا۔ چور۔ ج اَخْمَاع.

الخَیْمَعُ والخَمُوْع: بدکار عورت۔

خَمَلَ (ن) خُمُوْلًا. ذِکْرُهٗ اَوْصَوْتُهٗ: پوشیدہ و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلًا) البُسْرَ: نرم ہونے کے لئے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَمَلَه اللّٰهُ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال دے۔

خَمِل: جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔

اَخْمَلَهٗ: گمنام و بے قدر کرنا۔ اَخْمَلَتِ الارضُ: بہت گنجان درختوں والی ہونا۔

اَخْمَلَ القَطِیْفَة: روئیں دار بنانا۔

اِخْتَمَلَتِ. المَاشِیَةُ: جانوروں کا اچھی گھاس والی زمین میں چرنا۔

الخَامِل: فا...... مِنَ الرِّجَال: گمنام و بے قدر۔ ج خَمَل.

الخَمْل: کپڑے کا رُواں۔ (...... والخُمَالَة والخَمِیْلَة) شتر مرغ کے پَر۔

الخَمْلَةُ: چادر۔ روئیں دار کپڑا۔

الخَمْلَة: راز۔ اندرونی کیفیتیں۔ ج خَمِلات.

الخُمَال: جوڑوں کا درد (...... والخُمَالِیُّ والخِمْل والخُمْل) خالص دوست۔

الخَمِیْل: روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک۔ گہرا بادل۔ واحد خَمِیْلَة.

الخَمِیْلَة: چادر۔ بہت گھنا درخت۔ بہت درختوں والی پست زمین۔ ج خَمَائِل.

المُخْمَل: روئیں دار کپڑا۔

خَمَنَ (ن ض) خَمْنًا وخَمَّنَ الشئَ: تخمینہ کرنا۔ قیمت لگانا۔ اندازہ کرنا۔

الخَامِنُ: گمنام و بے قدر۔

الخَمَن: بدبو۔

الخَمَّان: کمزور نیزہ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ خَمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ ہیں۔

الخَمَّانَة: کمزور نیزہ کا چھڑ۔

خَنَّ (ض) خَنِیْنًا: ناک میں رونا یا بولنا یا [illegible] صفت (اَخَنّ)

......الدَابَّۃَ : گھاس کا چارہ دینا۔

اِخۡتَلٰی. العشبَ : کاٹنا۔

اِنۡخَلٰی. الخَلٰی : کٹنا۔

اِخۡلَوۡلٰی اِخۡلِیۡلَاءً الرَّجُلُ : دودھ پینے پر مداومت کرنا۔

اَلۡخَلۡبُوۡزُ : لکڑی اور روئی وغیرہ کی پیدائش میں بنیادی مادہ۔

الخَلٰی : تر گھاس۔ ج اخۡلاءٌ واحد (خَلاۃ)

المِخۡلٰی : گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔

المِخۡلاۃَ : توبرہ۔ ج مَخَالِی.

المُخۡتَلِی : شیر۔

خَمَّ : (ن ض) خَمًّا. البَیۡتَ : جھاڑو دینا ......البئرَ : کنواں صاف کرنا......الناقَۃَ : دوہنا......فلانًا : تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَخِمُّ ثِیَابَ فُلانٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خَمًّا وخُمُوۡمًا واَخَمُّ)

اللحمُ : بدبودار ہونا۔ صفت (خَامّ وخَمّ ومُخِمّ)...... اللبنُ : بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لایَخِمُّ" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔

خُمَّ. الدجاجُ : دڑبہ میں بند کیا جانا۔

تَخَمَّمَ. مَاعَلَی الخُوانِ : دسترخوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔

اِخۡتَمَّ. البیتَ : جھاڑو دینا......الشیءَ : کاٹنا۔

الخُمَامَۃ : کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔

الخُمُّ : ڈربہ۔ ج خِمَمَۃ.

الخِم : خالی باغ۔

الخِمَان. مثلثۃ الخاء : ادنٰی درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔

المِخَمَّۃ : جھاڑو۔

الخَمِیۡمُ : تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ ست قلب (مخموم) حسد وکینہ سے پاک صاف دل۔

الخَمِیۡت : موٹا۔

خَمِجَ (س) خَمَجًا : بیماری یا تھکن کی وجہ سے ست ہونا......اللحمُ : بدبودار ہونا ......دِیۡنُہٗ اوخُلُقُہٗ : فاسد ہونا۔ خراب ہونا ......فلانًا : برائی سے ذکر کرنا۔

خَمۡخَمَ : گنگنانا۔

الخُمۡخُم : ایک سمندری چھوٹا جانور۔

الخِمۡخِم : ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔

خَمَدَت (ن) وخَمِدَت (س) خَمۡدًا وخُمُوۡدًا. النارُ : آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کر ختم ہو جانا......الحُمّٰی : بخار کی تیزی کا کم ہونا۔

المَرِیۡض : بے ہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔

اَخۡمَدَ. الرَّجُلُ : بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا......اَنۡفَاسَہٗ : مار ڈالنا یا ذلیل کرنا ...... النارَ : لپٹ کو بجھانا۔

الخَمُوۡد : آگ بجھنے کے لئے دبانے کی جگہ۔

خَمَرَہٗ (ن ض) خَمۡرًا : چھپانا...... الشھادۃَ : پوشیدہ کرنا......الرجلَ : شراب پلانا......العَجِیۡنَ : خمیر ڈالنا......فلانًا : شرم کرنا۔

خَمِرَ (س) خَمَرًا. عَنۡہُ : پوشیدہ ہونا' چھپنا......عَنۡہُ الخبرُ : پوشیدہ رہنا...... الشیءُ : سابقہ حالات سے بدل جانا۔

خَمَّرَ. العَجِیۡنَ : خمیر ڈالنا......وَجۡھَہٗ : ڈھانپ لینا......بَیۡتَہٗ : گھر میں جمے رہنا......

خَامَرَ مُخَامَرَۃً : بیع میں دھوکا دینا۔ ......القلبَ : داخل ہونا......الشیءُ الآخر : باہم ملنا......ہ الداءُ : بیماری کا اندر تک اثر کرنا......بَیۡتَہٗ : گھر میں جمے رہنا......بِہٖ : چھپنا۔

اَخۡمَرَ : چھپنا......لہ : کینہ رکھنا......الشیءَ : چھپانا......غافل کرنا......العَجِیۡنَ : خمیر ڈالنا ......الامرَ : پوشیدہ کرنا......الاَرۡضُ : زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا......ہ الشیءَ : تحفہ دینا۔

تَخَمَّرَتۡ واخۡتَمَرَتۡ. المرأۃُ : اوڑھنی ڈالنا واخۡتَمَرَ العَجِیۡنُ : خمیر ہوجانا۔

اِخۡتَمَر العَصِیۡرُ : شراب بن جانا۔

الخَمۡر والخَمۡرَۃُ : انگوری شراب۔ ہر نشیلی چیز۔

الخِمۡر : کینہ۔

الخَمَر : لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "تَوَارٰی الصَّیۡدُ عَنِّیۡ فِیۡ خَمَرِ الوَادِیۡ" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔

الخَمِر : وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔

رَجُلٌ خَمِرٌ : وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔

الخُمَار : شراب کی وجہ سے دردسر۔ (......والخُمَار والخُمۡرَۃ) لوگوں کی کثرت وہجوم۔

الخِمَار : اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج اَخۡمِرَۃ وخُمۡر وخُمُر : کہا جاتا ہے "مَاخَمَّرَکَ؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔

اَلاِخۡتِمَارُ : کیمیائی تبدیلی یعنی بنیادی مادہ دوسرے مادہ میں تبدیل کرنا مثلاً چینی کے شیرہ سے الکحل بنانا۔

الخَمِیۡر والخَمِیۡرَۃ : خمیر۔ الخَمِیۡر : خمیری روٹی۔

الخُمۡرَۃ : خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف ودوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خُمۡرَۃُ اللَّبَن : وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (......والخُمۡرۃ والخِمۡرۃ) تُو جو تمہیں پہنچے۔

الخَمۡرِیُّ. مِن الالوان : سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔

الخَمَّار : شراب فروش و (الخَمَّارَۃ) شراب بیچنے کی جگہ۔

الخِمِّیۡر والمُسۡتَخۡمِر : بہت شراب پینے والا۔

المَخۡمُوۡر : شراب کی وجہ سے مست۔

خَمَسَ (ن ض) خَمۡسًا. القومَ : پانچواں

بـالاَخْلاقِ کَـالـخَـلْقِ: بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

(......واخْتَـلَقَ) الـکـذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔

اِخْلَوْلَقَ. الثوبُ : بوسیدہ ہونا......الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا......متـنُ الـفَـرسِ: چکنی ہونا......الدّارُ: ویران ہونا اور عسیٰ کے معنی میں اُمید کے لئے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِخْلَوْلَقَتِ السَّماءُ اَنْ تُمْطِرَ" اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلْق :مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة : فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلق.

الـخُلْق والـخُـلُق :طبعی خصلت۔ طبیعت' مروّت۔ عادت۔ ج اَخْلاق. عـلـم الاخلاق :حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الـخَلَق :مص۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثـوبٌ خَـلَـقٌ وجُبّةٌ خَـلَـقٌ" ج "اَخْلاق وخُلْقَان اور کہا جاتا ہے "ثَوبٌ اَخْلاقٌ وثِیَابٌ اَخْلاقٌ".

الخَلِق: بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلاق : بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلاق: چکنا۔

الخِلاق والخَلُوق :ایک قسم کی خوشبو جس کا جزء اعظم زعفران ہے۔

الـخَلِـیق :لائق مناسب ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَلِیقٌ بِه" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقَاء.

الـخَلِیقَة :طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلائِق.

الاَخْـلَـق: زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلْقَاء.

المُخْتَلِق :کامل و معتدل اخلاق والا۔

الـمُـخْتَـلَـق :اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هـو (مَـخْـلَـقَة) بِـذالک وللذلک" وہ اس کے لائق ہے۔

الخِلَقِین :بڑا دیگ۔ ج خَلاقِین.

ابل (خِلَمَة) چرنے والے اُونٹ۔

خَلاَ (ن) خُلُوًّا وخَلاءً. الاناءُ : خالی ہونا ......الـمَـکـانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا ......الرَّجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا......عَلٰی الشـیءِ :اقتصار کرنا۔ بس کرنا......عَـلٰـی فـلان: اعتماد کرنا۔......بِـه :فریب کرنا...... الشئُ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه لِخَمْسٍ خَلَوْنَ مِنَ الشَّهر" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا......عَـنِ الْاَمْـرِ ومِـنْـهُ: بیزار ہونا۔ عَنِ الشی :بھیجنا......بـالشَّئُ :منفرد ہونا۔

خَـلاَ (ن). خَـلْـوَةً وخَلُوًّا وخَلاءً. بِه وَمَـعَـهُ والَیـهِ :تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلاَ الرَّجُلُ بنَفْسِه :منفرد ہونا......للاَمْرِ : کسی کام کے لئے فارغ ہونا......بـالمَکَان: لازم رہنا......بَالُه: مطمئن ہونا......الحُزْنَ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَـال) ج خُلُوٌّ اور کہا جاتا ہے "اِفْـعَـل کَـذَا وخَلاکَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔

خَـلّٰـی تَـخْـلِیَةً. الامرَ وعَنْـه : چھوڑنا...... مَکَانَهُ :مرنا......سَبِـیْـلَهُ : چھوڑنا' آزاد کرنا ......بَیْـنَ الـمُـشْـتَـرِي والـمَـبِیْع : سپرد کرنا ......بینهما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔

خَالاَهُ مُخَالاَةً : چھوڑ دینا۔

اَخْـلٰی اِخْلاءً. المکان : خالی کرنا یا پانا...... الـمکانُ : خالی ہونا......ہ وبـه ومَعَهُ :تنہائی میں ملنا......فُـلانـًا مَعَهُ : کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا......عَنْهُ : چھوڑنا۔

تَـخَـلّٰی :تنہائی میں رہنا......مِـنْـه وعَـنْـهُ : چھوڑنا......لَـهُ :کسی کام کے لئے فارغ ہونا ......خَلِیَّةً :اپنے لئے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔

اِخْتَلٰی :تنہائی میں رہنا۔

اِسْـتَـخْـلٰی. ہ :تنہائی میں ملاقات چاہنا...... بالمَلِکِ :تنہائی میں ملنا......المکانُ: خالی ہونا۔

الـمَخلاة : مص ۔ خالی مکان ۔ [illegible]

مـکـان خَلاءٌ : خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "بـاتَ فی البَلَدِ الخَلاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خَلاؤُکَ اَقْـنـٰـی لِحَـیَـائِکَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "واَنَـا مِـنْـه خَلاءٌ" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔

الـخِـلْو :خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخْلاء اور کبھی مؤنث کے لئے خـلْوة استعمال کرتے ہیں۔

خَـلا ومَـا خَلا. اِلّا : کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جَاءَ اَتْبَاعُ الاَمِیْرِ خَلا اوماخَلاَ زَیْــــدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خـلا زیْـدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔

الخَلْوَة :تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوَات.

الـخَلِیَّة :شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلایَا.

اَلْـخَلِیَّةُ: ج خلایا تمام زندہ کائنات کا بنیادی مادہ۔ کائنات بسیطہ ایک خلیہ سے بنتی ہے اور کائنات مرکب مجموعہ خلیہ ہوتا ہے۔

الـخَـلِیّ :فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو اور کہا جاتا ہے "اَنَا خلِیٌّ مِنْهُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخْـلِـیَــــاء وخَلِیُّون. الخِلْی: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

الخَالِي :فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخْلاء.

خَلٰی (ض) خَلْیًا. النباتَ: کاٹنا۔

المَاشِیَةَ : جانوروں کے لئے گھاس کاٹنا۔ ......الـفرسَ :منہ میں لگام دینا......اِلـلّجامَ مِـنَ الـفَـرسِ :اتارنا......الشـعـرَ فِی الـمِـخْلاةِ :توبرا میں جوڑ النا......القدرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا ......ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔

خَالٰی مُخَالاَةً. ہ :پچھاڑنا۔ فریب دینا۔

اَخْـلٰی. المکانُ :زیادہ گھاس والی جگہ ہونا

خلیف : کی جمع۔ **قِیَاسُ الخُلْفِ** : منطقیون کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔

الخِلْفُ : مختلف۔ اُونٹنی کے تھن کا سرا۔ موسم بہار کی گھاس۔ ج اَخْلاَفٌ و خِلْفَةٌ

الخِلْفَان : دو مختلف صفات والے۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ وَلَدَانِ خِلْفَانِ" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بے وقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَاقَةُ خِلْفَيْنِ" اُونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے۔ **ذَاتُ الخِلْفَيْنِ** : کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں۔ ج ذَوَاتُ الخِلْفَيْنِ.

الخَلَف : ولد یا ولد صالح۔ بدل۔ کہا جاتا ہے "فی هٰؤُلاَءِ القَومِ خَلَفٌ مِمَّنْ مَضَی" یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ اللّٰهُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدل دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُمْ كِرَامٌ خَلَفًا عَنْ سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ و "هُوَ خَلَفٌ صدق عن اَبِيْهِ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخَالِف : فا۔ بے وقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ **نَبِيْذٌ خَالِفٌ** : بگڑی ہوئی شراب۔ **الخَالِف** : گوشت جس میں کچھ بُو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل نہ ہو۔

الخَالِفَة. الخالف : کا مؤنث۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ **رَجُلٌ خَالِفَةٌ** : بے وقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ خَالِفَةٍ هُوَ وَاَیُّ الخَالِفِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوَالِف : عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی

پیداوار بعد میں اُگے۔

الخِلاَف : ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ **المَسَائِلُ الخِلاَفِيَّة** : مختلف فیہ مسائل۔

الخِلاَفَة : امارت۔ قائم مقامی۔ امامت۔

الخَلْفَة : مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خُلَف.

الخِلْفَة : آنا جانا۔ مخالفہ۔ مختلف کپڑے کا پیوند۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اگے وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آ جا رہی ہیں و "جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔ و "قَوْمٌ خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ و "فِي البِئْرِ خِلْفَةٌ مِنَ المَاءِ" : کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفَة : مخالفت۔ بے وقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

اِخْتِلاَفُ المَنْظَر : زاویہ (ستارے اور زمین کے درمیان) وہ زاویہ جس کا سر "ک" ہو اور اس کا قاعدہ زمین کے قطر کا نصب اور ب ہو۔ اس اختلاف کو اختلاف افقی بولتے ہیں۔

الخَلِيْف : دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنے والا۔ ج خُلُف و خُلَّف و خَلَف. **الخَلِيْف** : وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکا لے۔

الخَلِيْفَة : جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا خَلِيْفَةٌ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيْفَةٌ اُخْرَی" ج خلفاء و خَلاَئِف : پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثَلٰثَةُ خُلَفَاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہو گے "ثَلاَثَةٌ اَوْ ثَلاَثُ خَلاَئِفَ".

الاَخْلَف : بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

المِخْلاَف : بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخَالِيْف. **المِخْلاَف** : پروا اور اسی سے مَخَالِيْفُ اليمن : ہے۔

المَخْلَفَة : بیدا گنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَهٗ (ن) ~~خَلْقًا و~~ **خَلْقَةً** : پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا ...... **الكَذِبَ** : جھوٹ گھڑنا ...... **الاَدِيْمَ** : کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا ...... **الشَّيْءَ** : ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلُقَ (ک) خُلُوْقًا و خُلُوْقَةً و خَلاَقَةً : چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلُوْقَةً و خَلَقًا. الثوبُ : بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشَّيْءُ لَهٗ : لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔

خَلُقَ الغُلاَمُ : اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَهٗ : خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا ...... **العودَ** : ہموار کرنا ...... **القِدْحَ** : نرم کرنا۔

خَالَقَهُمْ مُخَالَقَةً : خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

اَلخَلَنْج : ایک درخت جس کے پھول گلابی اور پتے باریک چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

اَخْلَقَ. الثوبُ : بوسیدہ ہونا ...... **الشَّبَابُ** : جوانی کا ختم ہونا ...... **الثَّوْبَ** بوسیدہ کرنا ...... ہ **الثوبَ** : بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَهٗ دِيْبَاجَتِي" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ : خلوق سے خوشبودار ہونا ...... **بِغَيْرِ خُلُقِهٖ** : بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا اور اسی سے ہے "لَيْسَ التَّخَلُّقُ

صفت مفعول (خَلِيْع) زمانۂ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔ ......اِمْرَتَہ : مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعول (خالِعٌ) اسم (الخُلْعَة)

خُلِعَ. المَيِّتُ : کفن جدا کیا جانا۔

خَلُعَ (ک) خَلاعَةً : خواہشات نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔

خالَعَ مُخالَعَةً. الرَّجُلُ زَوْجَتَه اوَالمَرْاَةُ زَوْجَهَا: مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔

خَالَعَ الرجلَ : جوا کھیلنا۔

خَلَّعَهُ : جدا جدا۔ خالص کرنا۔

اَخْلَعَ. السنبل : خوشہ میں دانے بیٹھنا...... الشجرُ : نئے پتے نکلنا۔

تَخَلَّعَ. فِي المَشْيِ : چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا......في الشَّراب : منہمک ہونا......القومُ : چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔

تَخَالَعَ. الزَّوْجُ والزَّوْجَةُ : مال پر جدائی اختیار کرنا......القومُ : باہم عہد توڑنا۔

اِنْخَلَعَ : ہٹ جانا۔ اُکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔

اِخْتَلَعَ. الشي : نکال لینا۔ کھینچ لینا۔

اِخْتَلَعُوا الرجُلَ : مال لے لینا۔ اِخْتَلَعَتِ المراءَةُ مِنْ زَوْجِهَا : مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)

الخِلْعَة : کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں۔ اتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔

الخُلْعَة : عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فيه خُلعة" اس میں کمزوری ہے۔

الخُلاَع : ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔ الخَلِيْع : بے حیائی کا کام کرکے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا۔ معزول شدہ۔ خبیث۔ جوئے باز۔ ج خُلَعَاء : بھیڑیا۔ بھوت۔ ثوبٌ خَلِيْعٌ : بوسیدہ کپڑا۔

الخَلِيْعَة : بے حیائی۔ الخليع : کا مؤنث۔ من مانی عورت۔

الخَوْلَع : بے وقوف۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت۔ بھیڑیا (......والخَيْلَع) خوف جو دل پر طاری ہو۔ الخَيْلَع : بے آستینوں کی قمیص۔ رَجُلٌ خَيْلَع : کمزور مرد۔

المُخَلَّع : مثلع......من الرجال : کمزور سست۔ اکڑے ہوئے جوڑوں والا۔ وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو۔

الخَلْعَاء والخَلَعْلَع : بجو۔

خَلَفَه (ن) خِلاَفَةً وخِلِّيْفَى : جانشین ہونا......رَبَّه فِي قَوْمِه : جانشین بنانا۔ الرجلَ : قائم مقام ہونا (......خَلَفًا وخِلْفَةً) الفَاكِهَةُ بَعضُهَا بَعْضًا : ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (......خَلاَفَةً وخُلُوْفًا) الغلامُ : بے وقوف ہونا۔ صفت (خَالِف خالِفَة)...... عن خُلُقِ اَبِيْهِ : باپ کے عادات واخلاق سے بدل جانا (......خُلُوْفًا وخُلُوْفَةً) فم الصَّائم : منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ض) خَلْفًا) الرجلُ لِاَهْلِه : اپنے گھر والوں کے لئے پانی لانا۔ البيتَ : پچھلے حصہ میں ستون لگانا ......اَبَاه : باپ کے قائم مقام ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللّٰهُ لَكَ وعَلَيْكَ" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں......الثوبَ : مرمت کرنا...... عَنْ اَصْحَابِه : پیچھے رہ جانا......فُلاَنًا : پیچھے سے پکڑنا۔ جانشین ہونا اور کہا جاتا ہے "خَلَفَ لَهُ بِالسَّيْفِ" اس کے پیچھے سے آ کر اس نے اسے تلوار ماری۔ و "خَلَفَ لَهُ بِخَيْرٍ اوشَرٍ" اس کی غیر موجودگی میں اس کے بعد اس کا بھلا یا برا ذکر کیا۔

خَلِفَ (س) خَلَفًا : بائیں ہتھا ہونا۔ بھینگا ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ خَلِفَتِ النَاقَةُ : حاملہ ہونا۔ صفت (خَلِفَة)

خَلَّفَ. الشيْ : پیچھے چھوڑنا۔ مؤخر کرنا......ہ : جانشین بنانا۔

خَالَفَهُ خِلاَفًا ومُخَالِفَةً : ناموافقت کرنا۔

خَالَفَ عَنْ كَذَا : پیچھے رہنا......بَيْنَ رِجْلَيْه : آگے پیچھے کرنا اور تم کہتے ہو "خَالَفَنِي عَنْ كَذَا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو اور "خَالَفَنِي اِلٰى كَذَا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔

اَخْلَفَ : بو کا بدلنا یا خراب ہونا......الثوبَ : مرمت کرنا......لِاَهْلِه : اپنے لوگوں کے لئے پانی کھینچنا......وَعْدَهُ وبِوَعْدِه : پورا نہ کرنا ......ہ : وعدہ خلاف پانا......الغَيْث : اُمید کے بعد نہ برسنا......الشجرةُ : کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا......الطائرُ : پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا ...... الغلامُ : قریب البلوغ ہونا......لنفسه : ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا......ہ : پیچھے ڈالنا......الدَّوَاءُ فَلاَنًا : کمزور کرنا......اللّٰهُ عليه : ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔

تَخَلَّفَ. عنهم : پیچھے رہنا......القومَ : پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔

تَخَالَفُوْا واخْتَلَفُوا : اختلاف کرنا۔ ناموافق ہونا۔ اِخْتَلَفَه : جانشین ہونا۔ پیچھے کرنا۔ پیچھے سے پکڑنا۔ و اِخْتَلَفَ اِلَى المكان : بار بار جانا۔

اِسْتَخْلَفَهُ : اپنا جانشین بنانا......فلانًا من فلان : قائم مقام کرنا۔ اِسْتَخْلَفَتِ الْاَرْضُ : گری کی گھاس کو اگانا۔ اِسْتَخْلَفَ الرَّجُلُ لِاَهْلِه : اپنے لوگوں کے لئے پانی یا میٹھا پانی لانا۔ پانی پلانا۔

الخَلْف : مص۔ ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "هٰؤُلاءِ خَلْفُ سُوْءٍ" : ان لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں۔ ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سَكَتَ اَلْفًا وَنَطَقَ خَلْفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات۔ کلہاڑی کی دھار۔ بڑا کلہاڑا۔ بے نفع شخص۔ پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی۔ ج خلوف اور خلف قُدام : کی نقیض ہے۔ بمعنی پیچھے و بعد ازاں۔

الخُلْف : وعدہ پورا نہ کرنا۔ خلاف مفروض

مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پر پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرف علت پیدا ہو جائے۔

الخُلسَة : جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت اور اسی سے ہے "الخُلسَةُ سَرِیعَةُ الفوتِ بَطِیئَۃُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔

الخَلِیس و الخَلاس : چوکنا بہادر۔

الخَلِیسَة : درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔

الخِلاسِیُّ : وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔

خَلَص (ن) خُلُوصًا و خَلاَصًا : خالص ہونا ...... مِنَ الهلاک : نجات پانا۔ محفوظ رہنا ...... الماءُ مِنَ الکَدرِ : صاف ہونا ...... الی المکَانِ و بالمَکَانِ : پہنچنا ...... مِنَ القَوْمِ : جدا ہونا۔

خَلِص (س) خَلَصًا. اللحمُ : گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔

خَلَّصَه. من کذا : نجات دینا۔ خَلَّصَ الشَّیْ : صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ الرَّجُلُ : شل ثی دینا۔

خَالَصَہ مُخَالَصَۃ. فی العشرَۃ او المَوَدَّۃ : خلوص برتنا۔ خَالَصَہُ الود : خالص دوستی کرنا۔

تَخَالَصَا : باہم خالص دوستی کرنا۔

اَخْلَصَ. الشَّیْ : خلاصہ لینا۔ چن لینا۔ ...... ہ اللّٰہُ : عیوب سے خالی کرنا ...... الطاعۃ وفی الطَّاعَۃِ : بے نام و نمود کے کرنا ...... لہ الحبَّ او القول : کھوٹ سے خالی کرنا۔

تَخَلَّصَ. منہ : نجات پانا۔ جدا ہونا ...... من کذا الی کذا : منتقل ہونا۔

اِستَخلَصَه : چن لینا۔ الشی منہ : اپنے لئے حاصل کرنا۔

الخَلاَص : مص (...... و الخِلاَص) کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔ (سونا چاندی وغیرہ)

الخُلاَصَۃ و الخِلاصَۃ : خالص گھی۔ پھ

کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو اور اسی سے ہے "خُلاَصَۃُ الکَلام".

الاِخْلاَص و الاِخْلاَصَۃ : مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "کَلِمَۃُ الاِخْلاَصِ". لا اِلٰہ الا اللّٰہ

الخَلَص : ہر سفید چیز۔

الخِلْص : ج۔ خُلَصَاء و (الخُلْصَان) یار یا خالص دوست۔ خُلْصان : مفرد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خُلْصَانِیْ و هُم خُلْصَانی".

الخَالِص : فا۔ بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "هذا ثَوبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص.

الخَالِصَہ : خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَالِصَتِی" وہ میرا دوست ہے و "هٰذا الشَّیْ خَالِصَۃٌ لکَ" یہ تمہارے لئے مخصوص ہے۔

الخُلُوص : رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی۔

المُخَلِّص : فا۔ نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خَلَّط. الشَّیْ بِالشی : ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المَرِیضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں و "خَلَّطَ فی الکَلام" اس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ فی الشَّیْ : خراب و فاسد کرنا۔

اَخْلَطَ. الفرسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَہ مُخَالَطَۃً و خِلاطًا : ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا ...... الداءُ فلانًا : بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ. فی عَقلِہ : مخبوط الحواس ہونا۔

اِختَلَطَ : ملنا ...... الظَلاَمُ : تاریکی کا چھا جانا ...... الرَّجُلُ : خراب عقل والا ہونا۔ ...... الفرسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوا : باہم ایک دوسرے کے ساتھ گھ

الخَالِط : مص۔ لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط : ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بے وقوف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِلْطٌ بَیِّنُ الخلاطَۃِ" وہ بے وقوف ہے جس کی بے وقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج اَخلاَط : حرامی اور کہا جاتا ہے "رجل خِلْط مِلْط" مخلوط نسب کا مرد۔

الاَخلاَط : ملی جلی قسمیں۔ اَخلاَطُ الجَسَد فی عُرْفِ الاَقدَمِین : خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ و اَخلاَطُ القَوْم : قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط : بے وقوف۔

الخُلْطَۃ : شرکت۔

الخِلاَط : آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاَطَۃ : عقل کی خرابی۔ بے وقوفی۔

الخَلِیط : ج خُلُط و خُلَطَاء : خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِیطُ الرَّجُل : میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِیطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَیطِی و الخُلَیطی : معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فی خُلَّیطی" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخلاَط و المِخلَط : بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْتَلِطٌ) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا. الشَّیْ : اتارنا ...... کَتِفَہ اووَرِکَہ : عضو کو جگہ سے ہٹا دینا ...... القائدَ : معزول کر دینا ...... الدابۃَ : بندش سے آزاد کر دینا ...... العِذارَ : اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) ...... عَلَیہِ ثَوبًا : خلعت دینا۔ خَلَعَ الشَجَرُ : پتے جھڑنا۔ نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا و خُلْعًا. ابنہ : عاق کرنا۔

فریفتہ کرنا۔ صفت (خَالِبٌ وخَلُوبٌ وخِلاَبٌ وخَلَبُوت) مؤنث خَالِبَةٌ وخَلِبَةٌ وخَلُوبٌ وخَلاَبَةٌ وخَلَبُوت،

خَلِبَت (س) خَلَبًا. المرأة: بے وقوف ہونا۔ صفت خَلْبَاء.

أَخْلَبَ. المَاءُ: کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)

اِسْتَخْلَبَهُ. بِظُفُرِه: خراش لگانا۔

الخِلْب: جگر کے اوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج أَخْلاَب (…… والمِخْلَب) چنگل۔ ج مَخَالِب. المِخْلَب: درانتی۔

الخُلْب والخُلُب: کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسی۔

الخُلَّب: بے بارش کا بادل۔ والبَرقُ الخُلَّب وبَرْقُ الخُلَّب: بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "إِنَّمَا أَنْتَ كَبَرْقِ خُلَّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔

الخِلِّيبَى: فریب۔

المُخَلَّب. مِنَ الثِّيَاب: بہت نقش ونگار والا کپڑا۔

خَلْبَسَه. او خَلْبَسَ قلبه: فریفتہ کرنا۔

الخُلاَبِس: نرم بات۔

الخُلاَبِس والخَلاَبِس والخَلاَبِيس: باطل وجھوٹی باتیں۔ الخَلاَبِيس: کمینے و فرومایہ لوگ۔

خَلْبَص: بھاگنا۔

خَلَجَه (ن ض) خَلْجًا: کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا …… ه بِعَيْنِه: آنکھ سے اشارہ کرنا …… الشَّيءَ: حرکت دینا …… ه بالسَّيْف: تلوار سے مارنا …… الولدَ: دودھ چھڑانا …… ه الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْهُ أُمُورُ الدُّنْيَا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسالیا۔

خَلَجَت (ن ض) خَلْجًا وخُلُوجًا وخَلَجَانًا. العين: پھڑکنا۔

خَلِجَ (س) خَلَجًا: چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا …… الشَّيءُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔

خَالَجَ. قَلبَه امرٌ: کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔

أَخْلَجَ. حَاجِبَيْه: مٹکانا۔

تَخَلَّجَ: لڑکھڑانا۔ ہلنا، جھکنا …… الشَّيءُ: کھینچنا۔

تَخَالَجَتْه. الهُمُومُ کہا جاتا ہے "تخالج في صدري شي" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔

اِخْتَلَجَ: جھڑ جانا …… العينُ: پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا …… الشي في صدره: خلجان ہونا …… الشَّيءَ: کھینچ کر نکالنا …… الولدَ: دودھ چھڑانا۔

أُخْتُلِجَ. من بينهم: مرنا۔

الخَالِج: قا۔ موت۔

الخُلُج: کانپنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔

الأَخْلَج: رسی۔

الخَلِيج. من البحر: کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسی۔ ج خُلْجَان وخُلُج. خَلِيجَا النهر: دریا کے دونوں جانب۔

الخِلاَج: ایک قسم کی دھاری دار چادر۔

الخَلُوج: اونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔

الإِخْلِيج: ایک قسم کی گھاس …… مِنَ الخَيْل: تیز رفتار گھوڑا۔

خَلْخَلَ. العظمَ: گوشت چھڑا کر صاف کرنا …… المرأةَ: پازیب پہنانا۔

تَخَلْخَلَ. الشَّيءُ: کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا …… من مَكَانِه: جگہ سے ہلنا …… المرأة: پازیب پہننا …… الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

الخَلْخَال ج خَلاَخِيل و(الخَلْخَل والخُلْخُل ج خَلاَخِل): پازیب ثوب (خَلْخَالٌ وخَلْخَل) باریک کپڑا۔

المُخَلْخَل: پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ۔

عسکر (مُتَخَلْخِل) بکھری ہوئی فوج۔

خَلَدَ (ن) خُلُودًا: ہمیشہ رہنا۔ (…… خَلْدًا وخُلُودًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خَالِد ومُخْلَد ومُخْلِد ومُخَلَّد) …… الى المَكَان وبالمَكَان: اقامت کرنا …… الى الارضِ: چمٹنا۔

خَلَّدَ وأَخْلَدَ. الى المكان وبالمَكَان: اقامت کرنا …… ه: ہمیشہ کے لئے رکھنا۔

أَخْلَدَ بِصَاحِبِه: ہمیشہ ساتھ رہنا۔ أَخْلَدَ إِلَيْه: مائل ہونا۔ جھکنا۔

الخُلْد: ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْد: چھچھوندر۔ مَنَاجِذُ الخُلْد: کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدَة.

الخَلَد: دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔

الخَلَدَة: بالی۔ کنگن۔

الخَالِد: قا۔ أَبُو خَالِد: کتا۔

الجَزَائِرُ الخَالِدَات: جزائر کناری۔

الخَوَالِد: دیگ دان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔

الخُلَّر: ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔

خَلَسَ (ض) خَلْسًا وخِلِّيسَى. الشَّيءَ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔

أَخْلَسَ. النبتُ: سبز اور خشک ملا جلا ہونا …… الرأسُ: بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خَلِسٌ وخَلِيسٌ ومُخْلِس أَخْلَسَتِ الارضُ: کچھ ہریالی ہونا۔

خَالَسَهُ مُخَالَسَةً: جلدی کرنا۔

تَخَالَسَ. القوم الشَّيءَ: ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَخَالَسَان أَنْفُسَهُمَا" وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔

اِخْتَلَسَ. الشَّيءَ: فریب سے جھپٹا مار لینا …… القارِئ الحَرَكَة: پورا نہ پڑھنا۔ اس کے

الخَفَاء : مص۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَاء" یعنی معاملہ واضح ہوگیا۔ پردہ۔ چادر جو لباس کو چھپا لے۔ پوشیدہ چیز۔ ج اَخْفِيَة۔ اَخْفِيَةُ الكَرَىٰ : آنکھیں۔ اَخْفِيَةُ الزَّهْرَةِ: کلی کے غلاف۔

الخَفِيُّ : لوگوں سے علیحدہ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَفِيُّ البَطْنِ" چپکے ہوئے پیٹ کا مرد۔

الخَافِي والخَافِيَاء : جن۔

الخَافِيَة۔ الخافِي کا مؤنث۔ پوشیدہ چیز۔ پوشیدگی۔ جن۔ ج خَوَافٍ اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَافِيَة" جنوں کی سرزمین۔

الخَوَافِيُّ : پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر اور امثال عرب سے ہے "لَيْسَ القَوَادِمُ كالخَوَافِيُّ" سخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔

الخَفِيَّة۔ الخَفِيُّ : کا مؤنث۔ گنجان۔ جھاڑی۔ کنواں جس میں پانی ہو۔ ج خفایا وخفیّات کہا جاتا ہے "بِهِ خَفِيَّة" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔

المُخْتَفِي : فا۔ کفن چور۔

خَقَّتْ (ض) خَقًّا وخَقَقًا وخَقِيقًا. القِدرُ: جوش سے سنسنانا۔ خَقَّ السَّيْلُ فِي الارضِ: گہرا گڑھا کر دینا (...... واَخَقَّتْ) البَكَرَةُ: چرخی کے سوراخ کا چوڑ ہونا۔

الخَقُّ ج اَخْقَاق وخُقُوق و(الاُخْقُوق والاُخْقِيق) زمین کا شگاف۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے۔

خَاقَان : ترکوں کے بادشاہ کا لقب۔ ج خَوَاقِين کہا جاتا ہے (خَقَّنُوهُ) القَوْمُ عَلَى انفسِهِمْ: لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنا لیا۔

خَلَّ (ن ض) خَلًّا وخُلُولًا. لَحْمُهُ : دُبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا (خَلَّ) الشَّيْءَ: سوراخ کرنا۔ ...... الفَصِيلَ : زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کے لئے لکڑی ڈالنا ...... فِي دُعَائِهِ : خاص کرنا۔ خَلَّ. اِلَيْهِ: محتاج و فقیر ہونا۔

خَلَّلَ. العَصِيرُ : کھٹا ہونا۔ سرکہ بننا ...... العَصِيرَ : سرکہ بنانا ...... الاَسْنَانَ: خلال کرنا۔ خَلَّلَ فِي دُعَائِهِ : خاص کرنا۔

خَالَّهُ مُخَالَّةً وخِلَالًا وخُلَالًا : دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔

اَخَلَّ محتاج ہونا ...... بالشَّيْءِ : کوتاہی کرنا۔ چھوڑ دینا ...... الوالي بالثُّغُورِ : لشکر کم کر دینا ...... بِمَرْكَزِهِ : مرکز کو چھوڑ دینا ...... بِقَوْمِهِ : غائب ہو جانا ...... بالرَّجُلِ : پورا حق نہ دینا ...... بالاَمْرِ : برے طریقے سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔ اَخَلَّهُ اللّٰهُ : محتاج کر دینا۔

اُخِلَّ بالرَّجُلِ محتاج ہونا۔

تَخَلَّلَ. القَوْمَ : قوم میں مل جانا ...... ه بالرُّمْحِ : پیاپے نیزے مارنا ...... الشَّيْءُ فيه: نفوذ کرنا ...... المَطَرُ : مخصوص جگہ میں برسنا ...... الرَّجُلُ: خلال کرنا۔

اِخْتَلَّ. الامرُ : کمزور و فاسد ہونا ...... عقلُه : خراب ہونا ...... اِلَيْهِ محتاج ہونا ...... العَصِيرُ : سرکہ بنانا ...... لَحْمُهُ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا ...... الرَّجُلُ : اپنے لئے سرکہ بنانا۔

تَخَالُّوا تَخَالًّا : باہم دوستی کرنا۔

الخَلُّ : مص۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔ دُبلے جسم والا۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی پھٹن۔ ج اَخُلّ وخِلَال : کہا جاتا ہے "مَالَهُ خَلٌّ ولاَخَمْرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "ولَسْتُ مِنْ هٰذَا الامرِ فِي خَلٍّ ولاَخَمْرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام۔ اُمُّ الخَلِّ: شراب۔

الخِلُّ والخُلُّ : دوست۔ مؤنث خِلٌّ وخِلَّة: ج اَخْلاَل.

الخَلَل : سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار و پراگندگی۔ شگاف۔ دراڑ۔ ج خِلاَل.

الخِلَل : دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ واحد (خِلَّة) کہا جاتا ہے "هو خِلَلَ القَوْمِ" وہ قوم کے درمیان ہے۔

الخَلَّة : عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا سرکہ۔ تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔ ج خِلاَل وخِلَل. الخَلَّة: ہلکی پھلکی عورت۔

الخُلَّة : گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ ج خُلَل: دوستی۔ عادت۔ بیوی۔ محبوبہ۔ دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "هُوَ وَهِيَ وهُنَّ خُلَّتِي".

الخِلَّة : دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو منقش ہو۔ ج خِلَل وخِلاَل الخِلاَل: سوراخ کرنے کا آلہ۔ لکڑی جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ ج اَخِلَّة (...... والخِلاَلَة) دانت صاف کرنے کا تنکا۔

الخِلاَل والخُلاَلَة : دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ وخِلاَلُ الدِّيَارِ: شہروں کا اردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے هو خِلاَلَهُم: وہ ان کے درمیان ہے۔

الخَلاَلَة والخِلاَلَة والخُلاَلَة : سچی دوستی۔

الخَلِيل : خالص دوست۔ ج اَخِلاَّء وخُلاَّن : لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خَلِيلَة ج خليلات وخلائل: شيءٌ خليلٌ : چھدی ہوئی چیز۔

الخَلاَّل : سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا۔

الاَخَلُّ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ محتاج۔

رَجلٌ (مِخَلٌّ) محتاج مرد۔

خَلا (ف) خُلُوءًا : جگہ سے نہ ٹلنا۔ خَلاَت النَّاقَةُ: اڑ جانا۔

خَالاَ مُخَالاَةً. القَوْمُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔

خَلَبَهُ (ن ض) خَلْبًا. بِظُفْرِهِ : خراش لگانا، زخمی کرنا ...... السَّبُعُ الفَرِيسَةَ : چنگل سے پکڑنا ...... الفَتَى : جوان کے دل کو چھین لینا اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔

خَلَبَه (ن) خَلْبًا وخَلاَبًا وخِلاَبَةً وخَالَبَه مُخَالَبَةً وخَلَّبَه واخْتَلَبَهُ : نرم کلامی سے

بدزبانی کرنا۔

اِنْخَفَسَ. الماءُ: پانی کا متغیر ہونا۔

تَخَفَّسَ. الرَّجُلُ: لیٹنا۔

شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی شراب۔

خَفَشَ (ن) خَفْشًا بہ: پھینکنا۔ البناء ڈھانا. خَفِشَ (س) خَفَشًا: کمزور ہونا۔ پیدائشی کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوندوالا ہونا۔ صفت (خَفِشٌ واَخْفَش)

خَفْش. البدنُ: بدن کا کمزور ہونا۔

......البناءَ: عمارت ڈھانا......الرجلَ: پچھاڑ کر کچل دینا......بالارض: زمین سے چمٹنا۔

الخُفَّاش: چمگادڑ۔ ج خَفَافِیْش.

خَفَضَهٗ (ض) خَفْضًا: پست کرنا۔ الصوتَ: آہستہ کہنا......الکلمةَ: زیر دینا۔

خَفضَ الصَّوْتُ: آہستہ ہونا......بالمکان: اقامت کرنا......الرَّجُلُ: مرنا......الابلُ: آہستہ چلنا......الجَارِیَةَ: ختنہ کرنا۔

خَفُضَ (ک) خَفْضًا. العیشُ: آسودہ و خوشحالی ہونا۔ صفت (خَفِیْضٌ وخَفْضٌ وخَافِضٌ ومخفوضٌ)

خَفَّضَ. الشَّیْءَ: آسان کرنا۔ نرم کرنا اور اسی سے ہے "خَفِّض عَنکَ" یعنی اپنے اوپر نرمی کرو۔

تَخَفَّضَ. الامرُ: آسان ہونا۔

اِنْخَفَضَ: بلندی کے بعد پست ہونا......الصوتُ: پست ہونا۔

اِخْتَفَضَ. السعرُ: بھاؤ گرنا۔

الخَافِض: فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ خَافِضُ الطَّیرِ وخَافِضُ الجَنَاح" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے۔ مؤنث خَافِضَة. الخَافِضَة: لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی۔

الخَفْض: مص۔ (......والخَفِیْضَة) آسودگی۔ فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فی خَفْضٍ منَ العَیْش" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔

خَفَعَ (ف) خَفْعًا: بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا۔ خَفَعَهٗ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔ (خَفْعًا وخَفَعَانًا) السترُ: ہلنا۔

اَخْفَعَهٗ. الجُوْعُ: چکرا کر گرا دینا۔

اِنْخَفَعَ: بے ہوشی کے قریب ہونا۔

المَخْفُوْع: دیوانہ۔

خَفَقَه (ن ض) خَفْقًا. بالسَّیْف: آہستہ تلوار سے مارنا......النَّعْلُ: جوتے سے آواز نکلنا (......خَفْقًا وخُفُوْقًا وخَفَقَانًا) الفؤادُ: دھڑکنا......الرَّایَةُ: پھڑ پھڑانا......البَرْقُ: کوندنا (......خُفُوْقًا) النجمُ: غروب ہونا......اللیلُ: اکثر حصہ گزر جانا......الطائرُ: اڑنا......الرَّجُلُ فی البِلاَدِ: سفر کرنا......المکان: خالی ہونا۔

اَخْفَقَ: مضطرب ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ محروم ہونا......القومُ: قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا......برَاسِهٖ: اونگھ سے سر ہلانا......بِثَوْبِهٖ: کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا......النجمُ: غروب ہونا......الطائرُ: بازو پھڑ پھڑانا......ہ: پچھاڑنا۔

اِخْتَفَقَ. العَلَمُ اوالسرابُ: جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔

الخَفْقَة. خَفَقَ: کا اسم مرۃ۔

الخِفْقَة: کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ۔

الخَفِق والخَفِقَة والخُفَق والخُفَقَة: پتلی کمر کا گھوڑا (خَفِقَة اور خُفَقَة) میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے۔ ج خِفَاق وخَفِقَات وخفقات.

الخَافِق: فا۔ مکانٌ خافِقٌ: انیس سے خالی جگہ۔ رَجُلٌ خَافِقُ الْعَیْنِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

الخَفَّاق: اسم مبالغہ۔ خَفَّاقُ القَدَم: وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو۔

الخَفَّاقَة: دُبر۔ اِمراۃٌ خَفَّاقَةُ الحَشَا: پتلی کمر والی عورت۔

الخَافِقَان: پورب و پچھم۔

الخَوَافِق والخَافِقَات. خافِقَه: کی جمع۔ جھنڈے۔ خَوَافِقُ السَّمَاءِ: ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔

الخَیْفَق: مصیبت۔ بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو۔

المَخْفَق: ہموار زمین جس میں سیراب حرکت کرتا ہوا ہو۔

المِخْفَق: چوڑی تلوار۔

المِخْفَقَة: کوڑا جس سے مارا جائے اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا۔

مخَافِق. النجم: ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں۔

المَخْفُوْق: مفع۔ پاگل۔ دیوانہ۔

الخَافِل: بھاگنے والا۔

الخَفْن: پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔

الخَیْفَان: ٹڈی۔ واحد (خیفانة)

الخَفَّان: شتر مرغ کے چوزے۔

الخُفَّان: ایک قسم کا نرم پتھر۔ یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفة" ہے۔

خَفَا (ن) خَفْوًا وخُفُوًّا. البرقُ: چمکنا......الشيء: ظاہر ہونا۔

خَفی (ض) خَفْیًا وخُفِیًّا. الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَفِیَ المَطَرُ الفَارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ (ضد)

خَفِی (س) خَفَاءً وخُفْیَةً وخِفْیَةً: پوشیدہ ہونا۔ صفت (خَافٍ وخَفِیٌّ)

خَفَّی واَخْفَی. الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْفِ عَنًّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔ واَخْفَی الرَّجُلُ: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَخْفَی الشَّیْءَ: سرپوش ہٹانا۔

تَخَفَّی واِسْتَخْفَی: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

اِخْتَفَی. الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ نکالنا......مِنْ فُلاَنٍ: چھپنا......البئرَ: کھودنا۔

كَذَا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

الـخُطْوَة : چلنے کے وقت دوقدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشخہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "قَـرَّبَ اللّٰـهُ عَلَيْكَ الــخُطْوَةَ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لئے قریب کردیں۔ ج خُطًى وخُطُوَات وخُطَوَات وخُطْوَات.

الخَطْوَة: بمعنی خُطْوَة: خطا کا اسم مرۃ۔۔۔۔۔فِی المَسَاحَةِ : چھ قدم۔

الخَطِيَّة : گناہ۔

خَظَا يَخْظُوْا خُظُوًّا. لَحْمُه : گٹھا ہونا۔

اَخْظَى. الرَّجُلُ :موٹا ہونا۔ اَخْظَاه :موٹا کرنا۔

الخَظِي : گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے

خَفَّ (ض) خَفًّا وخِفَّةً وخَفَّةً: ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔

۔۔۔۔۔الـمطرُ : کم ہونا(۔۔۔۔۔خَفًّا وخِفَّةً وخُفُوْفًا) اِلَى العَدُوِّ : جلدی کرنا۔۔۔۔۔القومُ : جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔

خَفَّفَ. الشَّیْئَ :ہلکا کرنا۔۔۔۔۔الـحرفَ : مشدد نہ کرنا۔۔۔۔۔الثوبَ: باریک بنانا۔

اَخَفَّ : کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا ۔۔۔۔۔الرجل :جہالت پر اُکسانا۔ عیب لگانا۔

تَخَفَّفَ : چمڑی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔

تَخَافَّ : ہلکا پھلکا ہونا۔

اِسْتَخَفَّهُ : ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و صواب سے ہٹانا۔۔۔۔۔ہ الغناءُ: طرب ونشاط میں ڈالنا۔۔۔۔۔ہ الطَّربُ:۔۔۔۔۔

اِسْتَخَفَّ بِه :حقیر جاننا۔

اَلْـخِفُّ : ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فِیْ خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِه" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔

الـخُفُّ. للبَعِيْرِ والنَّعَام : اُونٹ اورشتر مرغ کی ٹاپ۔ چمڑی موزہ۔ ج اَخفَاف وخِفَاف کہا جاتا ہے "خفٌّ ضَـاحِكٌ" پھٹا ہوا موزہ۔ الـخُفُّ :قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔

الـخِفَّة :ہلکاپن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)

الــخَفِيْف :ہلکا پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "هُوَخَفِيْفُ الرُّوْحِ" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے۔ و "خَفِيْفُ الـقَلْبِ" ذکی "وخَفِيْفُ العَقْلِ" بےوقوف "وخَفِيْفُ الظُّهْرِ" کم اولاد والا و "خَفِيْفُ اليَدِ" پھرتیلا و "خَفِيْفُ العَارِضَيْنِ" داڑھی میں کم بال والا۔ ج اَخِفًّا وخِفَاف واَخْفَاف.

الـخَفِيْفُ :علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الخُفَاف :ذکی' تیز فہم۔

الخَفَّاف :چمڑی موزوں کا بیچنے والا۔

الخَفُّوف :بجو۔

خَفَا (ف) خَفْوًا. الشَّیْئَ :اُکھیڑ کر زمین پر پٹکنا۔۔۔۔۔البیتَ: ڈھا کر گرا دینا۔۔۔۔۔القِرْبَةَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔

خَفَتَ (ن) خُفُوْتًا. الصوتُ: پست ہونا۔ صفت (خَافِتٌ وخَفِيْتٌ) (۔۔۔۔۔خُفَاتًا) اچانک مرنا۔ (۔۔۔۔۔وخَفُتَا وخَافَتَ وتَخَافَتَ. بِكلاَمِه وبِصوْتِه) پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔ آہستہ کرنا۔۔۔۔۔بالقِرَاءَةِ: آہستہ پڑھنا۔ خَافَتَهُ: پست گفتگو کرنا۔ تَخَافَتَ: بتکلف ضعف وسکون ظاہر کرنا۔

الخُفْت :ایک قسم کی نباتات۔

الـخَفْتَان : چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخیل)

الخَافِتُ : بے پانی کا بادل۔ زرع خافت : کمزور پودا جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔

خَفِجَ (س) خَفَجًا. البعيرُ: خفج کی بیماری لاحق ہونا۔

الخَفِيْج :کمزور۔ ست۔

الاَخْفَج. خفج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔ عمود اخفج :ٹیڑھا ستون۔

الخَفَج :ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔

خَفْخَفَ خَفْخَفَةً. الخِنْزِيْرُ اوالضَّبُعُ : آواز کرنا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ قَمِيْصَه الجَدِيْد اَوِالقِرْطَاسَ: حرکت دینے سے آواز نکالنا۔

الخَفْخَاف :وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔

خَفَدَ (ن) خَفْدًا وخَفَدَانًا وخَفِدَ (س) خَفَدًا : تیز چلنا۔

الـخُفْدُدو الـخُفْدُوْد : چگادڑ یا چگادڑ کی مانند ایک دوسرا پرندہ۔

الـخَفَيْدَد : تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔ ج خَفَادِد وخَفَادِيْد وخَفَيْدَدَات.

خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا وخَفَرًا. ہ وبِه وعَلَيْهِ : پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ۔۔۔۔۔ہ : پناہ دینے کی اُجرت لینا۔ خَفَرَ بالعَهْدِ :وفا کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ (۔۔۔۔۔خَفْرًا وخُفُوْرًا) فلانًا: عہد توڑنا۔ بےوفائی کرنا۔

خَفِرَت (س) خَفَرًا وخَفَارَةً الجَارِيَةُ : بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَفِرٌ وخَفِرَةٌ ومِخْفَار)

خَفَّرَہ :امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔

تَخَفَّر. بِه : پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے کو کہنا۔

تَخَفَّرَتِ الجَارِيَةُ :بہت شرمیلی ہونا۔

الــخَفَارَة. (بتثلیث الخاء) رہبری۔ عہد۔ الخُفَارَة :راہبر کی اُجرت۔

اَلْمَخْفَرُ: پولیس اسٹیشن۔

الـخُفْرَة. خفارة : کے معنی میں اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "هوفی خفرة اللّٰه" وہ اللہ کے ذمہ ہے "هَذَا خُفَرَتِیْ" یہ میرا رہبر ہے۔

الخَفِيْر :پناہ دیا ہوا۔ پناہ دینے والا۔ حمایت وحفاظت کرنے والا۔ ج خُفَرَاء.

الخُفَرَة :پناہ دینے والا۔

خَفَسَهُ (ن) خَفْسًا: ٹھٹھا کرنا۔

خَفَسَ الطَّعَامَ والشَّرابَ :تھوڑا کھانا یا پینا۔

البناءَ :عمارت ڈھانا۔

خَفَسَ (ض) خَفْسًا واَخْفَسَ :بہت

خَطْرَۃً" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخَاطِر : قا۔ امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي خَاطِرِيْ" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلَانٌ سَرِيْعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جَاشَ الشِّعْرُ فِي خَاطِرِيْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر.

الخَطَّار. الخَاطِر : کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر۔

الخَطَّارَۃ : اُونٹوں کا باڑہ۔

الخَطِر : عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَهٗ خَطِرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخَاطِر : خطرے (اس کے لئے مفرد نہیں)

الخُطْرُب والخُطَارِب : افترا پرداز۔ جھوٹا۔

خَطْرَفَ وتَخَطْرَفَ : چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِيْف وخُطْرُف)

خَطْرَفَهٗ بالسَّيْف : تلوار سے مارنا۔

خَطِفَ (س) خَطْفًا. الشَّيْءَ : اُچک لینا ......البَرْقُ البَصَرَ : چندھا کر دینا...... السَّمْعَ : چوری سے سننا۔

خَطِفَ (س) وخَطَفَ (ض) خَطَفَانًا : تیز چلنا۔ صفت (خَطِيْف وخَيْطَف)

خَطَّفَ : اُچک لینا۔ (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے)

أَخْطَفَهٗ : خطا کرنا...... ہ المرضُ : بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا...... الرجلُ : کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔

تَخَطَّفَ واخْتَطَفَ. الشَّيْءَ : چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔

الخَطَف والخُطْف : لاغری اور پہلوؤں کا پچن۔

الخَطْفَة : جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔

الخَاطِف : قا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خَوَاطِف.

أَخْطَفُ. الحَشَى : دُبلا۔

الخَاطُوْف : درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔

الخَطَّاف. الخَاطِف : کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔

الخُطَّاف : آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِيْف وخَطَاطِيْفُ السِّبَاع : درندوں کے چنگل۔

الخَطَفَى والخَيْطَفَى : تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الخَطَفَى" وہ تیز چلتا ہے۔

الخَطِيْفَة : ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچے سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔

خَطِلَ (س) خَطَلًا وأَخْطَلَ. فِي كَلَامِهٖ : بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فِي مَنْطِقِهٖ أَوْ رَأْيِهٖ : غلطی کرنا۔ جیسے "إِصَالَةُ الرَّأْيِ صَانَتْنِي مِنَ الخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔

تَخَطَّلَ. فِي المَشْيِ : ناز انداز سے چلنا۔

الخَاطِل : باطل۔

الخَطَل : مص۔ بے وقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "أَرَى فِي مِشْيَتِهٖ خَطَلًا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔

الخَطِل : بے ہودہ گفتگو والا۔ بے وقوف۔

سَهْمٌ خَطِلٌ : نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔

ثَوْبٌ خَطِلٌ : موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج أَخْطَال اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ اليَدَيْنِ" سخت ہاتھوں والا مرد و "رُمْحٌ خَطِلٌ" بے ڈول لمبا نیزہ۔

الخَطِل : تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "أَخْوَضُ فِي الهَيْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِل" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ "خَطِلٌ بالمعروف" داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔

الأَخْطَل : لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بے ہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خَطْلَاءُ ج خُطْل.

الخَيْطَل : کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔

خَطَمَهٗ (ض) خَطْمًا وخَطَّمَهٗ. بالخِطَام : نکیل لگانا۔ خَطَمَهٗ بِالكَلَامِ : خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خَطَمَ الرَّجُلَ : ناک پر مارنا۔ (......خَطْمًا وخِطَامًا) القَوْسَ بِالوَتَرِ : کمان پر تانت چڑھانا۔

اِخْتَطَمَ. الخِطَامَ : نکیل لگانا۔

المَخْطِم والمِخْطَم : ناک۔

الخَطْم : مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ ......مِنَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ أَمْرٌ عَظِيْمٌ : پہاڑ کی چوٹی۔

الخِطَام : مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خُطُم.

الخَاطِم : قا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ خَاطِمُ أَمْرِ بَنِي فُلَانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔

الخَطَّام : اسم مبالغہ۔ مِسْكٌ خَطَّامٌ : ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔

الأَخْطَم : لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خَطْمَاء۔ ج خُطْم.

الخِطْمِيُّ : ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خِطْمِيَّة)

خَطَا (ن) خَطْوًا : قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔

خَطَّا وأَخْطَى. الرجلَ : قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خُطِّيَ عَنْهُ الشَّيْءُ : زائل کیا جانا۔

تَخَطَّى تَخَطِّيًا واخْتَطَى اِخْتِطَاءً. ہ إِلَى

......فی عَمَلِه : راہ راست سے ہٹ جانا۔

تَخَطَّأَ وتَخَاطَأ : غلطی کرنا۔ تَخَطَّأَ وتَخَاطَاه: غلطی میں ڈالنا......السهمُ الرمِيَّة : نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطَّأَ لَهُ فی المَسْئَلَةِ وبِهَا: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے در پے ہونا۔

الخِطْء : گناہ۔

الخَطْء والخَطَا والخَطَاء : گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطَّاء : بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخَطِيْئَة : گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خَطَايا وخَطِيْئَات.

خَطَبَ (ن) خُطْبَةً وخَطْبًا وخَطَابَةً: وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خَطَبَ القومَ وفی القوم" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خَطُبَ (ک) خَطَابَةً: واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خَطَبَ (ن) خَطْبًا وخِطْبَةً وخِطِّيْبى الفَتَاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خَطَبَ الفَتَاةَ عَلٰى فلان" اس نے فلاں کے لئے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِبَ (س) خَطَبًا. الشَّئُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَهُ خِطَابًا ومُخَاطَبَةً وتَخَاطُبًا : باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاطَبَهُ فِیْ فُلَانٍ" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخْطَبَ. الصيدُ فلانًا : قریب ہونا......الحَنْظَلَةُ : رنگین ہونا......الحَنْظَلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِخْتَطَبَ. القَتَاةَ : منگنی کرنا......القومُ فلانًا : قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لئے کسی کو بلانا عَلَى المِنْبَر : خطبہ دینا۔

الخَطْب : مص۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُک" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا اکثر نابڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لئے مستعمل ہے۔ ج خُطُوْب.

الخِطَاب : گفتگو۔ فَصْلُ الخِطَاب : فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد اَمَّابَعْد کہنا۔

الخُطْبَة : تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَةُ الکِتَاب : کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَة : تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطْب : منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِطْبُهَا وهِيَ خِطْبُهُ" ج اَخْطَاب.

الخِطْبَة : مص۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطَّاب : منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔

الخَطَّابَة : بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخَطَّاب : کا مؤنث۔

اَلخَطَّابِيَّةُ : شيعة رافضة: میں سے ایک فرقہ جو کہ اپنے امیر ابو الخطاب کی طرف منسوب ہیں۔ وہ ان کو اپنے مخالفین کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کا حکم کرتا تھا۔

الخَطِيْب : منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِيْبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء.

الخِطِّيْب : عورت کو پیغامِ نکاح دینے والا۔ ج خِطِّيْبُوْن.

الخِطِّيْبٰى : عورت جس کو کوئی پیغامِ نکاح دے۔

الاَخْطَبُ : شکرا۔ مِنَ الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندراین۔ الاَخْطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَكْتَبُ : اور شعر سے اَشْعَر کہا جاتا ہے "كَانَ اَخْطَبَ اَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا وخَطِيْرًا. فِیْ مِشْيَتِهٖ : ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا......بِسَيْفِهٖ اور رُمْحِهٖ : فخر و غرور سے ہلانا......بِيَدِهٖ : چلنے میں آگے پیچھے کرنا (......خَطْرًا وخَطَرَانًا وخَطِيْرًا) الجَمَلُ بِذَنَبِهٖ : بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ (ن ض) خُطُوْرًا. الامرُ لَهُ : سوجھنا خَطَرَتِ الحَوَادِث : پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ بِبَالِهٖ وعَلٰى وفی بَالِهٖ : بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا وخُطُوْرَةً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِيْرٌ) ج خُطُرٌ.

خَاطَرَ مُخَاطَرَةً. بِنَفْسِهٖ: خطرہ میں ڈالنا ......ه علٰى كَذَا: شرط لگانا۔

اَخْطَرَ. الشَّئُ فی او علٰى او بِبَالِهٖ : یاد دلانا ......ه: بلند مرتبہ میں ہم شکل ہونا......المالَ: مال کو شرط پر رکھنا......المَرِيْضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)

تَخَطَّرَ : پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَ اِلَیَّ شَرُّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔

تَخَاطَرَ. القومُ عَلَى الشَّئِ : شرط لگانا۔

الخَطْر : غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (......والخَطْر) اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔

الخِطْر : بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطَار.

الخَطَر : قریب بہلاکت ج اَخْطَار کہا جاتا ہے "رَكِبُوا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی مرتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے لِیْ ظِلَّ عيشٍ خَطِيْرٍ مَالَهٗ خَطَر : شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار. جمع خَطَر.

الخَطْرَة : ایک بار۔ تم کہتے ہو "مَالَقِيْتُهٗ اِلَّا

الاَخضَعُ: ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔

الخُضَعَة: ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع۔

الخَضعَة والخُضَعَة: تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعتُ لِلسِّيَاطِ خَضعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔

الخَضِيعَة: آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔

الخَيضَعَة: لڑائی کا شور۔ میدانِ جنگ اور اس کا غبار۔

الخَيضَع مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔

خَضَفَ (ض) خُضَافًا و خَضفًا. گوز کرنا۔ صفت (خَضِيفٌ و خَضُوفٌ و خَضَّاف)

الخَضَفُ: چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔

خَضِلَ (س) خَضَلاً واَخضَلَ واخضَلَّ واخضَوضَلَ: تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِلٌ و خَاضِلٌ) کہا جاتا ہے "عَيشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ "وفَوَاةٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ "وبَنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔

خَضَّلَ واَخضَلَ. الشیَ: تر کرنا۔

اِخضَالٌ واخضَلَّ: تر ہونا۔

......**الشَّجَرُ**: بہت گھنی اور بکثرت پتے ہونا۔

الخَضَل والخَضل: صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خَضلَة)

الخُضلَة: تر و تازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔

الخَضِيلَة: سرسبز و شاداب باغ۔

المُخضَل والمُخضَلُّ: آسودہ زندگی والا۔

خَضَمَ (ض) وخَضِمَ (س). خَضمًا. الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔

اَخضَمَ. لَهُ فِي العَطَاءِ: زیادہ دینا۔

الخِضَمُّ: بڑا اسمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سامان رکھنے کا پتھر۔ سَيفٌ خِضَمٌّ: شمشیر بُراں۔

الخُضَام والخُضَامَة: وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔

الخَضِيمَة: سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ ابلا ہوا گیہوں۔

الخُضُمَّة: درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔

المُخضَم والمُخضَّم: آسودہ زندگی والا۔

خَطَّ (ن) خَطًّا. بالقَلَمِ: لکھنا۔

الخِطَّةُ لِنَفسِهِ: نشان لگا کر اپنے لئے مخصوص کرنا۔

......**الشَّئَ**: قلم وغیرہ سے لکھنا......**عَلَى الشیَ**: نشان لگانا۔ علامت لگانا......**الغلامُ**: سبزہ آغاز ہونا...... **عِذَارُهُ**: رخسار پر بال نکلنا۔ **القَبرَ**: کھودنا۔ **الرِّيَاحُ الرملَ**: دھاری ڈالنا......**فِي الاَرضِ**: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَاهُ فَمَا خَطَّ غُبَارَهُ" اس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَخُطُّ فِي الاَرضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ **خَطَّ الطَعَامَ و فِي الطَعَام**" تھوڑا کھانا......**فِي نَومِهِ**: خراٹے لینا۔

خَطَّطَ: لکیریں کھینچنا......**الخُطُوطَ**: نقش کرنا......**البِلَادَ**: حدود مقرر کرنا۔

اِختَطَّ. الوجهُ اوغيرهُ: دھاری دار ہونا......**الغلامُ**: سبزہ آغاز ہونا......**الارضَ او الدارَ**: اپنا معلوم ہونے کے لئے حد بندی کرنا......**خُطَّةً**: معین کرنا۔ علامت لگانا۔

الخَاطُّ: فا۔ جادوگر۔

الخَطُّ: تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ **خَطُّ الاِستِوَاء**: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطُوط. وخُطُوطُ الكَفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطُّ والخَطُّ: راستہ۔ سڑک۔ محلہ۔

الخِطُّ والخِطَّة: وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کر لے۔ ج خِطَط.

الخُطَّة: کام۔ کہا جاتا ہے "تِلكَ خُطَّةٌ لَيسَتْ مِنْ بَالِي" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفِي رَاسِهِ خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَبنِي خُطَطَ المَكَارِم" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطِّيُّ: نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خَطِّيَّة.

الخَطُوط: زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔

الخَطَّاط: بہت لکھنے والا۔

المِخَطُّ: کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔

المُخَطَّط: دھاری دار۔ خوبصورت۔

خَطِئَ (س) خَطَأً غلطی کرنا......**فِي دِينِهِ**: قصداً یا بلاقصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔ (......**خِطْأً وخِطَاءَةً**) گناہ کرنا۔ صفت (خَاطِئ) ج خُطَاةٌ: مؤنث خَاطِئَةٌ ج خَوَاطِئ.

خَطَأَت (ف) خَطأً. القِدرُ بِزَبَدِهَا: جھاگ پھینکنا۔

خَطَّأَهُ تَخطِيئًا وتَخطِئَةً: غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

اَخطَأَ اِخطَاءً وخَاطِئَةً: غلطی کرنا...... **الطَّرِيقَ**: چوک جانا......**الرجلَ**: غلطی میں ڈالنا......**الرَّامِي الغَرَضَ**: نشانہ پر نہ لگنا

ہتھیلی۔ خضاب لگائی ہوئی عورت۔ ج خُضُب. الکَفُّ الخضِیب: ایک ستارے کا نام۔

المِخْضَب: کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔

خَضْخَضَ خَضْخَضَةً. الماءَ ونحوہ: ہلانا۔

تَخَضْخَضَ: ہلنا۔

الخُضَاخِض. مِنَ الاَمَاکِن: جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں۔ بڑے پیٹ والا موٹا مرد (...... والخُضْخُض) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا۔

خَضَد (ض) خَضْدًا. العودَ: بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا۔ موڑنا...... الشجرَ: کانٹے کاٹنا ...... الرَّجلُ: ککڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا۔

خَضَدَہٗ: کاٹنا۔

تَخَضَّد وانْخَضَد. العودُ: ٹوٹنا۔

اِنْخَضَدَتِ الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔

الخَضَد: کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری۔

خَضَدالبَدن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا۔ خَضَد السَّفر: تکانِ سفر (...... والخَضَاد) اعضاء کا درد۔

الخَضِد والمَخْضُوْد: اُٹھنے سے عاجز، کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَخْضُوْدٌ" دلیل سے عاجز مرد۔

الاَخضد المُتَخَضِّد: دوہرا ہونے والا۔

المِخْضَد: بہت کھانے والا۔

خَضِرَ (س) خَضَرًا: سبز ہونا...... الزَرْعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔

خَضَر (ن) خَضْرًا. النخلَ: کاٹنا۔

اَخْضَر. الریُّ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا۔ خَضَّر. الشیَ: سبز کرنا۔

خَاضَرَہٗ مُخَاضَرَۃً: درخت کے اوپر ہی کچا پھل بیچ دینا۔

اِخْضَرَّ واخْضَوْضَر: سبز ہونا۔ واخضرّ اللیلُ: سیاہ ہونا۔

اِخْتَضَر. الفاکھۃ: وقت سے پہلے کچا کھانا ...... العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا ...... الجَارِیَۃ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا۔

اُخْتُضِرَ: جوان مرنا۔

الخِضْر والخضِر: اس ذاتِ گرامی کا نام جن سے سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی اور اس کی کچھ تفصیل سورۃ کہف میں ہے۔

الخَضِر: سبز۔ ٹہنی۔ کھیتی۔ سبز ترکاری۔ سبزہ زار۔

الخَضَار: نئی سبزی۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔

الخَضِیْر: سبز۔ سبز ترکاری۔

الخُضْرَۃ: سبز رنگ۔ ترکاری۔ نرمی و تازگی۔ کہا جاتا ہے "غُصْنٌ فِیْہِ خُضْرَۃٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو۔ ج خُضَر وخُضَرو "خُضْرَۃ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن خراب ہو اس کے لئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرۃُ فِی اَلْوَانِ الابلِ والخیلِ" ٹیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو...... فِی اَلْوَانِ النَّاسِ: گندم گونی۔

الخَضَّار: سبزی فروش۔

الخُضَارۃ: سبز ترکاریاں۔ خَضَارَۃ: سمندر کے لئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

الخُضَارِیُّ والخُضَیْرِیُّ: ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں۔ ج خَضَارِیُّ.

الخَضْرَاء. اَخْضَر: کا مؤنث۔ القُبَّۃ الخَضْرَاء: آسمان۔ وخَضْرَاءُ القَوْم: قوم کا بڑا حصہ۔ ج خَضْرَاوَات.

الخَضْرَاوَات: ترکاریاں۔ میوے۔

الاَخْضَرَان: گھاس و درخت۔

الاَخَاضِر: سونا۔ گوشت و شراب۔

الاُخَیْضِر: مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔

المَخْضَرَۃ: سبزہ زار۔

خَضْرَم. الاُذُنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔

الخِضْرِم: بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و"رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (...... والخِضَارِم) ج خِضْرِمُوْن وخَضَارِم وخَضَارِمَۃ.

الخُضْرِم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی، گوہ کا بچہ۔

المُخَضْرَم: غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ "مَاءٌ مُخَضْرَم" میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔

خَضَع (ف) خُضُوْعًا وخَضْعًا وخُضْعَانًا: عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سرفگندہ ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خُضْع...... لَہٗ: تابع و فرمانبردار ہونا...... النجمُ: مائل بغروب ہونا ...... الوجلَ: ساکن کر دینا۔

خَضِع (س) خَضَعًا. الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء.

خَضْعَعَۃ: عاجز کرنا...... اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَخْضَع: عاجز ہونا...... ہ: عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَعَتْنِیْ اِلَیْکَ الحَاجَۃُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔

خَاضَعَہٗ: نرمی سے گفتگو کرنا۔

تَخَضَّعَ واخْضَوْضَعَ: بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔

اِخْتَضَع: عاجز ہونا...... الصَّقرُ: ٹوٹ پڑنے کے لئے سر جھکانا...... فی سَیْرِہٖ: تیز چلنا۔

الخَضَع: مص۔ پیدائشی گردن کی پستی۔

خَصِفَ. بِهٖ: پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔

خَصَفَ: بدخلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّفَهُ الشَّيْبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کر دیئے۔

الخَصْف: مص۔ جوتا۔

الخَصَف: سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔

الخَصَفَة: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خَصَف و خِصَاف.

الخَصَف والخَصَفَة: چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔

الخُصْفَة: جوتے وغیرہ کا سوراخ۔

الخَصَّاف: بڑا جھوٹا۔ موچی۔

الخَصِيف: راکھ۔ سلا ہوا جوتا۔ تازہ دودھ جو دہی پر ڈالا جائے (..... والأَخْصَف) سفید وسیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔

الأَخْصَف: شترمرغ۔ مؤنث خَصْفَاء.

شَاة (مَخْصُوفَة) سفید وسیاہ رنگوں والی بکری۔

خَصَلَ (ن) خَصْلاً الشَّيْءَ: کاٹنا۔ جدا کرنا

(خَصَلَ (ن) خَصْلاً وخِصَالاً) القومَ: فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔

خَصَّلَهُ: ٹکڑے کرنا..... الشَّجَرَ: چھانٹنا۔

خَاصَلَهُ خِصَالاً ومُخَاصَلَةً: تیر اندازی میں شرط لگانا۔

أَخْصَلَ. الرَّامِي: نشانہ پر ٹھیک لگانا۔

تَخَاصَلَ. القومُ: تیر اندازی میں باہم شرط لگانا۔

الخَصْل: مص۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے "أَحْرَزَ خَصْلَه وأَصَابَ خَصْلَه" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خُصُوْل.

الخَصْلَة: عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کے لئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خِصَال (والخُصْلَة) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خُصَل

الخَصَل: لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ۔

الخُصْلَة: بالوں کا گچھا' گوشت کا عضو۔

الخَصِيلَة: بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خَصِيل وخَصَائِل: کہا جاتا ہے "إِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُه واضْطَرَبَتْ خَصَائِلُه" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھرتھرانے لگا۔

المِخْصَل: شمشیر بُراں۔ (مخصل میں ایک ضعیف لغت)

المِخْصَال: دارنتی۔

خَصَمَهُ (ض) خَصْمًا: جھگڑے میں غالب آنا۔

خَاصَمَهُ خِصَامًا ومُخَاصَمَةً: جھگڑا کرنا۔ اسم (الخُصُومَة) ہے۔

أَخْصَمَهُ: جھگڑا کرنے کے لئے دلیل سکھانا۔

تَخَاصَمَ واخْتَصَمَ. القومُ: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔

الخَصْم: مص۔ مدِ مقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ جمع اور مؤنث کے لئے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُمَا وهُمْ وهِيَ خَصْمِي". ج خُصُوْم وخِصَام وأَخْصَام".

الخُصْم: جانب۔ گوشہ۔ ج أَخْصَام وخُصُوْم.

الخَصِم: جھگڑالو۔ ج أَخْصَام وخُصَمَاء وخُصْمَان.

الخَصِيم ج أَخْصَام وخَصِيمُوْن و(الخَصُوْم) جھگڑالو۔ مخالف۔ مدِ مقابل۔

خَصَى (ض) خِصَاءً. ہ: خصی کرنا۔

الخَصِي: فوطوں میں درد والا۔

الخَصِيُّ: وہ شخص جس کے فوطے نکال لئے گئے ہوں۔ آختہ۔ ج خِصْيَة وخِصْيَان.

الخُصْيَة: فوطہ۔ ج خُصًى. خُصْيَةُ البَحْرِ وخُصَى الثَّعْلَبِ وخُصْيَةُ الدِّيكِ وخُصْيَةُ الكَلْبِ: مختلف نباتات کے نام۔

خَضْخَضَ. الجَارِيَةَ: سفید مہرے پہنا کر سنوارنا۔

خَاضَّهُ مُخَاضَّةً: بیع بالعوض کرنا۔

الخَضَض: سفید مہرے۔ رنگ برنگ کے کھانے۔ بے ہودہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "منطق خضض".

الخَضَاض: کم حیثیت زیور۔ روشنائی۔ قیدی کی بیڑی۔ کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا۔ رجل

خَضَاض وخَضَاضَة: بے وقوف مرد۔ مکان (خَضِيض) پانی سے تر جگہ۔

خَضَبَ (ض) خَضْبًا وخَضَّبَ. الشَّيْءَ: رنگین کرنا۔

خَضَبَ (ض) وخَضِبَ (س) خُضُوْبًا وخُضِبَ وأَخْضَبَ الشجرُ او المكانُ: سرسبز ہونا۔

تَخَضَّبَ واخْتَضَبَ. بالحِنَّاءِ: رنگین ہونا۔ صفت (خَضِيب) ج خُضُب و(مَخْضُوب ومُخَضَّب)

إِخْضَوْضَبَ واخْضِيضَابًا. الشجرُ: سرسبز ہونا۔

الخَاضِب: شترمرغ جس کے بچ پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہوگئی ہوں۔

اَلْخَضْبُ: پودوں میں سبز مادہ جو کہ کلورین کے نام سے مشہور ہے وہ پتوں اور دانوں میں ہوا کے اندر کاربن کے آنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کی مدد سورج کی شعاعیں بھی کرتی ہیں۔ (کلوروفل بھی کہتے ہیں)۔

الخَضْب: مص۔ درخت کی سبزی۔ بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔ ج خُضُوْب.

الخِضَاب: رنگ۔ رنگ کرنے کی چیز۔

الخُضَبَة: بہت خضاب لگانے والی عورت۔

الخَضُوْب: بارش کے بعد نئی اگی ہوئی سبزی۔

الخَضِيب: رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "كَفٌّ خَضِيبٌ وامْرَأَةٌ خَضِيبٌ" رنگی ہوئی

کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا ...... الـغـلامُ: لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بنیٹھی گھمانا۔

اِخْتَصَّ: محتاج ہونا...... بِالشَّیْ: خاص ہونا ...... ہٗ بِالشَّیْ: خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اَللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تَـخَـصَّصَ. بِالشَّیْ: خاص ہونا۔ تَخَصَّصَ الرَّجُلُ: خاص لوگوں میں سے ہونا۔

اِسْتَخَصَّ. الشَّیْ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الـخُصُّ: بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج اَخْصَاص وخُصُوص وخِصَاص. شهر (خِصٌّ) ناقص مہینہ۔

الخَاصُّ: فا۔ عام کی ضد۔ یکتا۔

الخَاصَّة. عَامَّة: کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لئے خاص کر لو۔ خَاصَّةُ المَلِك: بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خَاصَّةُ النَّبَاتِ: نباتات کی قوت واثر۔ ج خَوَاصّ (...... والخَوَاصُّ والخُصَّان والخِصَّان) مِنَ القوم: برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا يَفْعَلُ هٰذا خِصَّانُ النَّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔

الـخَـاصِّيَّة: خاص کی جانب نسبت۔ ج خَاصِّيَات وخَصَائِص.

الاَخَصُّ: افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَكُنْ فِي اَطْبَائِهٖ اَخَصُّ مِنْ هٰذَيْنِ".

الخُصَاصَة: انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصَاص.

الخَصُوص والخُصُوص: علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے اور کہا جاتا ہے "عَلَى الخُصُوصِ وخُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ يَنْفَلَّ الخَاطِرِ وَيَنْشَطَ الفَاتِر كَمُقَابَلَةِ الهَوَاجِر وخُصُوصًا فِي شُهُوْرِ نَاجِر.

الخَصَاص: مص۔ دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "تَطَلَّعَ القَمَرُ مِنْ خَصَاصِ الغَيْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہو گیا۔ "وَلَمَحْتُهُ مِنْ خَصَاصِ البَابِ" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصَاصَة) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصَةَ فُلَانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی۔

خُوَيْصَّةُ. الانسان: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لئے مخصوص ہو۔

خَصَبَ (ض) وخَصِبَ (س) خِصْبًا المَكَانُ: سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خَصِب وخَصِيْب ومُخْصِب ومِخْصَاب)

اَخْصَبَ. المَكَانُ: سرسبز ہونا...... اللّٰهُ المَكَانَ: سرسبز کرنا...... الشَّاةُ: سرسبزی میں پہنچنا...... القَوْمُ: سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القَوْمِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔

الخَصْب: شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خَصْبَة)

الـخِـصْـب: سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج اَخْصَاب: کہا جاتا ہے "بَلَد خَصِبٌ واَخْصَابٌ" (جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "اَرْض خَصِبٌ واَرْضُوْنَ خِصْبٌ واَرْض خِصْبَةٌ وخَصْبَةٌ".

الخِصَاب: بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خِصَابَة)

(رجل خَصِيْب) بہت فیض والا مرد۔

خَصِرَ (س) خَصَرًا. اليَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ ...... الـرَّجُلُ: ٹھنڈک کی وجہ سے اطراف اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔

اَخْصَرَ. القُرُّ اَنَامِلَه: سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کر دینا۔

خَاصَرَهٗ مُخَاصَرَةً: ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔

اِخْتَصَرَ: اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الکَلَامَ: مختصر کرنا...... الطَّرِيْقَ: قریب کا راستہ چلنا۔ ...... فِي الشَّیْ: زائد چیزیں حذف کرنا...... الرَّجُلُ: ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ بِالعَصَا: ٹیک لگانا۔

تَخَاصَرَ: اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا...... القَوْمُ: ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔

تَخَصَّرَ: اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ بِالمِخْصَرَةِ: لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔

الخَصْر: کمر۔ خَصْرُ القَدَمِ: تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُوْرٌ.

الخَصَر: سردی۔

الخَصِر: ٹھنڈا۔

الخِصَار: ازار۔

الخَاصِرَة من الانسان: پہلو۔ ج خَوَاصِر: پہلو کا درد۔

المِخْصَرَة: ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخَاصِر. مَخَاصِرُ الطَّرِيْقِ: اقرب ترین راستہ۔

المُخَصَّر: باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَيْنِ" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔

رَجُلٌ (مَخْصُوْرٌ) کمر یا پہلو میں درد والا۔

اَخْصَرَ: مختصر۔ اِخْتَصَرَ: کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (ض) خَصْفًا واَخْصَفَ واخْتَصَفَ. النَّعْلَ: جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشَّیْ عَلَى الشَّیْ: چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْصِفُوْنَ اَقْدَامَ القَوْمِ بِاَقْدَامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔

فروتنی دکھانا۔

اِخْتَشَعَ : کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔

الخَاشِعُ فَمَكَانٌ خَاشِعٌ : وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خَاشِعَةٌ : وہ شہر جس میں اُترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدَارٌ خَاشِعٌ : دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہوگئی ہو۔

الخِشْعَةُ : بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعَةُ : پست ٹیلہ۔ ج خُشَع.

خَشَفَ (ن ض) خُشُوْفًا وخَشَفَانًا : ملک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ الــمــاءُ: جمنا...... البــرْدُ: تیز ہونا (...... وانــخَشَفَ) فِي الشَّيءِ : داخل ہونا۔

خَشَفَ (ض) خَشَافَةً. بِالقَوْمِ : ساتھ چلنا اور راہبری کرنا (...... خَشْفًا وخَشَفَةً)...... الجَلِيْدُ : برف پر چلنے سے آواز نکلنا...... فِي السَّيْرِ : تیز چلنا۔

خَشِفَ (س) خَشَفًا. البعيرُ : پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (أخْشَف) : مؤنث خَشْفَاء. ج خُشْف.

خَشَّفَ : راستہ بتلانا۔

خَاشَفَ. الى الشَّرِّ : برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فِي ذِمَّتِه" اس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔

خَاشَفَ السَّهْمُ : سنسناہٹ سنائی دینا۔

أخْشَفَتِ. الظَّبْيَةُ : بچہ والی ہونا۔

الخَاشِف. فا. سَيْفٌ خَاشِفٌ : تیز تلوار۔ ماءٌ (خَاشِفٌ وخَشُفٌ) : جما ہوا پانی۔

الخَشْف. بتثليث الخاء : ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔ ج خِشَفَة (...... والخُشَف) : سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)

الخَشْف والخَشَفَة والخَشْفَة : آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الــخَشْف : ذلت۔

الخِشْف والخُشُف : گھٹیا قسم کا اُون۔

الخَشُوْف : معاملات میں دخل دینے والا ...... مِنَ الرِّجَال : رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز...... مِنَ السُّيُوْف : تیز تلوار۔

الخُشَّاف : چمگادڑ۔

المَخْشَف : وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔

المِخْشَف : راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔

خَشَلَهُ (ن) خَشْلًا وخَشَلَهُ : حقیر بنانا۔ خَشَلَ الشَّرَابَ : صاف کرنا۔

خَشِــلَ (س) خَشَلًا. الثــوبُ : بوسیدہ ہونا۔

تَــخَشَّــلَ : ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔

الخَشْــل والخَشَل : ردی۔ الخَشْل : ہر جوفدار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خَشْلَة) : کہا جاتا ہے رجلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ وخَشِلٌ فَشِلٌ) : کمزور مرد۔

خَشَمَهُ (ض) خَشْمًا : ناک کی جڑ توڑنا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا وخُشُوْمًا : چوڑی ناک والا ہونا...... الانفُ : بدبودار ہونا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا وخَشَّمَ وأخْشَمَ وتَخَشَّمَ. اللحمُ : بدبودار ہونا۔ خَشَّمَهُ الشَّرابُ : ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الأخْشَــم : چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ أنْفٌ أخْشَم : بدبودار ناک۔ مؤنث خَشْمَاء ج خُشْم.

الخَيْشُوْم : ناک کی جڑ۔ ج خَيَاشِيم.

الــخَيَــاشِيم : ناک کے اندر کی رگیں۔

خَيَاشِيم الجبال : پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے "أشْرَفَتْ خَيَاشِيمُ الجِبَال".

الــخُشَــام : شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخْشُوْمٌ) مست مرد۔

خَشُنَ (ک) خُشْنَةً خَشَانَةً وخُشُوْنَةً ومَــخْشَنَــةً : سخت و کھردرا ہونا...... صفت (خَشِن) ج خِشَان.

خَشَّنَهُ : سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَشَّــنَ صَــدْرَهُ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خَاشَنَهُ : سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَــخَشَّــنَ : سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تَخَاشَنَ : بتکلف سختی برتنا۔

اِسْتَخْشَنَ. الشَّيْءَ : کھردرا پانا۔

اِخْشَوْشَنَ : سخت کھردرا ہونا۔ عَلَيْهِ صَدْرُهُ : غضبناک ہونا۔

الخَشِيْن : سخت طبیعت والا۔

الأخْشَن : سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْنَاء ج خُشْن : کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أخْشَن" بُرے حال والا۔ و"هُوَ أخْشَنُ الجَانِب" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "كَتِيْبَةٌ خَشْنَاء" بہت ہتھیار والی فوج۔

خَشِيَهُ (س) خَشْيًا وخِشْيًا وخَشْيَةً وخَــشَــاةً وخَشَاةً وخَشَيَانًا ومَخْشِيَةً ومَخْشَاةً : ڈرنا۔

خَشَّــاهُ تَخْشِيَةً وخَشَّــاهُ : ڈرانا۔ خَشَّــاهُ فُلانًا : کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِي والخَاشِي والخَشْيَان والخَشِيُّ : ڈرنے والا۔ مؤنث خَــاشِيَةٌ وخَشِيَةٌ وخَشْيَانَةٌ وخَشْيَا ج خَشَايَا. الخَشِي والخَشِيُّ مِنَ النَّبَاتِ : خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذا المَكَانُ أخْشَى مِنْ ذَاكَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

خَصَّ (ن) خَصًّا وخُصُوْصًا وخُصُوْصَةً وخُــصُــوْصِيَةً وتَــخِصَّةً وخِصِّيَةً وخِصِّيْصَى وخِصِّيْصَاء فلانًا بالشَّيْءِ : خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے خَصَّــهُ بِالوُدِّ : یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (...... خُصُوْصًا) الشَّيْءُ : خاص ہونا ...... الشَّيْءَ لِنَفْسِه : اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خَصَّ (س) خَصَاصَةً وخَصَاصًا وخَصَاصَاءً : محتاج ہونا۔

خَصَّصَ. الشَّيْءَ : خاص کرنا...... ہ بالشَّيْءِ :

کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والـخَسِيْفُ مِنَ العُيُوْن: دھنسی ہوئی آنکھ۔ مِنَ النُّوْق: بہت دودھ والی اُونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ مِنَ السَّحابِ: بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔

خَسَق (ض) خَسْقًا وخُسُوْقًا. السهمُ: اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔

الـخَسَّـاق: بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْخَسَقَاتٍ فِيْ البَيْعِ" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا ہے۔ کبھی فسخ کرتا ہے۔

خَسَلَهُ (ن) خَسْلاً: رذیل کرنا۔ دور کرنا۔

الخِسَالَة والخُسَالَة: ہر چیز کا ردی حصہ۔

الـخَسِيْل: فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسَال وخَسَائِل.

الخُسَّل والخُسَّال: کمینے و کمزور لوگ۔

المُخَسَّل والمَخْسُوْل: رذیل۔ حقیر۔

خَاسٰی مُخَاسَاةً واَخْسٰی اِخْسَاءً خَسّٰی تَخْسِيَةً...... ہ: اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔

الـخَسَا: طاق۔ ج الاَخَاسِي: (خلافِ قیاس) کہا جاتا ہے "خَسًا اَوْزَكًا" یعنی طاق یا جفت۔

الخَسِيّ: اون یا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا. فيه: داخل ہونا...... السحابُ: تھوڑی بارش برسنا...... زيدًا: نیزہ مارنا...... البَعِيرَ: اُونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنخَشَّ. فيه: داخل ہونا...... بَيْنَ القَوْمِ: گھل مل جانا۔

الـخُشُّ: مص۔ تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کمزوری چیز۔ پیادے۔

الخُشّ: ٹیلہ۔

الخَاشّ: فا۔ الخُشُّ: کا واحد بمعنی پیادہ۔

الخِشَاش: کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خِشَاشَة) غضب۔ کہا جاتا ہے "خَرَكَ خِشَاشَة" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ خِشَاشَا الشَّيْءِ: چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشَّة.

الخُشَاش: ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الـخَشَّـاء: گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشَّاوَات وخَشَاشِيّ.

الخُشَّاء: کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی۔

الـمِخَشّ: دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الـخَشَش والخُشَيْش: ہرن کا بچہ جو چلنے لگے۔

خَشَبَہ (ض) خَشْبًا. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا...... الشَّيْءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا...... السَّيْفَ: صیقل کرنا (...... واخْتَشَبَ) الشِّعْرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِخْتَشَبَ السَّيْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشُبَ. الشَّيْءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تَخَشَّبَ: چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ السَّيْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخْشَوْشَبَ: لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ فی عَيْشِهٖ: مشقت پر صبر کرنا۔

الـخَشَب: موٹی لکڑی۔ ج خَشَب وخُشُب وخُشْبَان.

الخَشِب والاَخْشَب: موٹا کھردرا۔ عَيْشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشَّاب: لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشَّابَة.

الـخَشْبَاء: سخت زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارہ ہو۔

الـخَشِيْب مِنَ السُّيُوفِ: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز...... مِنَ القِسِيِّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خشب وخَشَائِب.

الـمَخْشُوْب: مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

الـمُخْشَلِب: موٹا۔ پست قد۔

الخَشَبَلُ: سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق: کتاں۔ ریشم۔ چغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً وتَخَشْخَشَ. السِّلاحُ اوالحُلِيُّ: جھنکار ہونا...... فلانٌ بَيْنَ الشَّجَرِ وبَيْنَ القَوْمِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔

الـخَشْخَاش: پوست کا پودہ۔ واحد (خشخاشة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا: دسترخوان پر ردی چیز چھوڑنا...... الشَّيْءَ: کسی چیز سے اس کے ردی حصہ کو دور کرنا۔

خَشِرَ (س) خَشَرًا: بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔

الـخُشَار والخُشَارَة: ہر چیز کا ردی حصہ۔ دسترخوان کا بچا کچھا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔

خَـاشِرَة. النّاس: رذیل لوگ۔ واحد (الخَاشِر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً: ادھورا کام کرنا۔

خَشْرَمَتِ. الضَّبُعُ: کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا۔

الـخَشْرَم: شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشَارِمَة.

الخُشَارِم: موٹی آواز۔ بڑی ناک۔

خَشَعَ (ف) خُشُوْعًا. له: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خَاشِع) ج خُشَّع وخَشَعَة وخَاشِعُوْن...... بِبَصَرِهٖ: پست کرنا...... بَصَرُهٗ: نگاہ کا پست ہونا...... الصَّوْتُ: آواز کا پست ہونا...... الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا...... الوَرَقُ: پتے مرجھانا...... الارضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

اِخْتَشَعَهٗ: کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَخَشَّعَ: فروتنی کرنا (...... وتَخَاشَعَ):

الخِزَانَة والخَزِينَة: ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ ج خَزَائِن۔ الخِزَانَة: خزانچی کا پیشہ۔

الـخَازِن: فا۔ ذخیرہ کرنے والا۔ خازن الأمِیر: خزانچی۔ ج خَـزَنَة وخُـزَّان.

الخازن: زبان۔

الـمَخْزَنَة والـمَخْزِنَة: خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔

الخَزَّان: زبان۔

المَخْزَن: ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن.

مَخَازِنُ الطریق: مقصود کی طرف قریب ترین راستہ۔

خَـزَاه (ن) خَـزْوًا: غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔

خَزَ الدَابةَ: سدھانا۔

خَزِیَ (س) خِزْیًا وخَزًی: ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خَزِیَہٗ وخَزِیَ مِنْہ خَـزَایَةً وخَزًی: شرم کرنا۔ صفت (خَـزٍ): مؤنث خَـزِیَةٌ و (خَزْیان) مؤنث خَزْیاء ج خَزَایا۔

خَزَیٰ (ض) خَزْیًا. ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔

خَازَاہُ مُخَازَاةً: شرمندگی میں ڈالنا۔

أخْـزَاہ إخْزَاءً: شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا اور جب کوئی شخص کوئی ناپسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "أخْـزَاہُ اللّٰہُ مَا أشعَرہ" جیسے کہتے ہیں "قَاتَلَہُ اللّٰہ مَـا أشْـجَـعَـہٗ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔

إسْتَخْزَیٰ: شرم محسوس کرنا۔

الخِزْی: ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔

الـخِـزْیَةُ والـخَزْیَة: بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔

المَخْزَاة: باعثِ رسوائی و شرمندگی۔

خَسَّ (س) خَسَاسَةً وخُسُوسَةً وخِسَّةً: رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خَسِیس) ج خِسَاس وأخِسَّة.

خَسَّ (ن) خَسًّا وخَسَسَ. نَصِیبَہٗ: حصہ کم کرنا۔

أخَـسَّ: گھٹیا کام کرنا۔۔۔۔۔ ہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ أخَسَّ حَظَّہٗ: حصہ کم کرنا۔

تَـخَـاسُّوا. الشَّیْ: کسی چیز کو آپس میں لینا دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔

إسْتَخَسَّہٗ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔

الـخَسُّ: خس۔ خَـسُّ الحِمَارِ وخَسُّ البَقَرِ: دو جنگلی گھاس کے نام۔

الـخِسَاس: ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔

الخُسَاسَة: تھوڑا مال۔

الـخَسِیسَة الـخَسِیـس کا مؤنث۔ ج خَسَائِس وخَسَائِسُ الأمُور: حقیر باتیں۔ شَیْءٌ (خُسَاسٌ ومَخْسُوس) معمولی گھٹیا چیز۔

الخُنَّس: ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔

خَسَأ (ف) خَسْأً. الکلبَ: دھتکارنا۔ (۔۔۔۔۔خَسْأً وخُسُوئًا) البصرُ: چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (۔۔۔۔۔ وخَسِیءَ (س) خَسَأً وانْخَسَأ) الکلبُ: دور ہونا۔ دھتکارا جانا۔

خَاسَأ مُخَاسَأَةً وتَخَاسَأ وتَخَاسَئُوا. القومُ: آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔

الخَسِیءُ: گھٹیا اُون وغیرہ۔

الخَاسِیء: فا۔۔۔۔۔ مِنَ الخَنَازِیر والکِلاَب: دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیے جائیں۔

الخَسِیج: خیمہ۔ اُون کا بنا ہوا کمبل۔

خَسِـرَ (س) خَسْرًا وخُسْـرًا وخُسُـرًا وخَسَـارًا وخَسَـارَةً وخُسْرَانًا: نقصان اٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خَاسِرٌ وخَسِیرٌ وخَسْرَیٰ)

خَسَرَ (ض) خَسْرًا وخُسْرَانًا. المِیزَانَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔۔۔۔۔ المالَ: ضائع کرنا۔

خَسَّـرَہٗ وأخْسَـرَہٗ: نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ أخْسَرَ الرجُلُ: نقصان میں پڑنا۔ أخْسَرَ المِیزَان: گھٹانا۔ کم کرنا۔

الخَاسِر: فا۔ کَرَّة خَاسِرَةٌ: غیر مفید حملہ۔

الـخَسَـر والخَسْرِیُّ: وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خَنَاسِرة۔

خَسِعَ خَسْعًا. عنہ کذا: کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔

خَاسِعُ القَوْمِ وخَسِیعَتُہُم: قوم کا خسیس ترین فرد۔

خَسَفَ (ض) خُسُوفًا. المکانُ: دھنس جانا۔۔۔۔۔ القمرُ: گہن لگنا۔۔۔۔۔ العَیْنُ: آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا۔۔۔۔۔ السَّقْفُ: گرنا۔۔۔۔۔ الشَّیْءُ: کم ہونا۔۔۔۔۔ الـرَّجُلُ: دُبلا ہونا۔ خَسَفَ فِي الأرْضِ وَخُسِفَ بِہِ: زمین میں دھنسنا (۔۔۔۔۔ خَسْـفًـا) الشَّیْءَ: کاٹنا۔۔۔۔۔ العینَ: پھوڑنا۔۔۔۔۔ اللّٰہُ الارضَ: مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔۔۔۔۔ اللّٰہُ الأرْضَ بِفُلاَنٍ: زمین میں دھنسا دینا۔ البئر: پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے۔۔۔۔۔ فلانًا: ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خَسَفَ الشَّیْءَ فَخَسَفَ هُوَ: پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازمی و متعدی)

أخْسَفَت وانْخَسَفَت. عینُہٗ: اندھی ہونا۔۔۔۔۔ الارضُ: مع ساری چیزوں کے دھنس جانا۔۔۔۔۔ البئرُ: گر جانا۔

الـخَسْف: مص۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سَامَہٗ خَسْفًا وخُسْفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔

الخَسْف: کنوئیں کا سوت۔

الـخَاسِف: فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج خُسُف.

الـخَسْف والـخُسْف: اخروٹ واحد (خَسْفَة): کہا جاتا ہے "بَـاتُـوا عَلَـی الـخَسْف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ و "شَرِبْنَا عَلَی الخَسْفِ" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔

الـخَسِیفُ ج أخْسِـفَة وخُسُف و (الـخَسُـوف) ج خُسُف. مِنَ الابار:

سمیٹنا۔

الخَزَز : آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْرِ الخَزَز" یعنی بحر کیپین۔

الخَزُرَة والخُزَرَة : پیٹھ کا درد۔

الخُزُرَة : بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے

الخَیْزُرَان : بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔ واحد (خَیْزُرَانَة) ج خَیَازِر.

الخَیْزُوْر : نرکل۔

الخَوْزَرَیٰ والخَیْزَرَیٰ : ایک قسم کی چال ناز وانداز کے ساتھ۔

خَزْرَفَ. فی مشیتہ : ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

خَزَعَ (ف) خَزْعًا وتَخَزَّعَ. الشَّیْئَ: کاٹنا......عن القوم : پیچھے رہ جانا۔ خَزَعَ مِنْہُ شَیْئًا : لینا۔ تَخَزَّعُوا الشَّیْئَ : باہم تقسیم کرنا۔

خَزَّعَ الشَّیْئَ : کاٹنا......الشَّیْئَ بینھم : تقسیم کرنا۔

اِنْخَزَعَ. الحبلُ : نصف سے کٹ جانا۔ ......الرَّجُلُ : بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔

اِخْتَزَعَہُ : لینا......ہ عن القوم : جدا کر لینا۔

الخُزَاع : موت۔

الخَزَعَة : ایک پاؤں سے لنگڑا پن۔

الخِزْعَة : گوشت کا ٹکڑا۔

الخُزَاعَة : ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔

الخَوْزَع : بڑھیا۔

الخَوْزَعَة : ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔

الخَزُوْع : وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اُڑا لے۔

الخَزَعْبَل والخُزَعْبِل والخُزَعْبِیْل : خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔

الخُزَعْبَلَة : خوش طبعی ومذاق۔

خَزْعَلَ. فی مشیہ : لنگڑانا......الماشی : پاؤں کو جھاڑنا۔

الخَزْعَل : بجو۔

الخُزْعَالَة : خوش طبعی وکھیل کود۔

خَزَفَ (ض) خَزْفًا. فی مشیہ : ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا......الثوبَ : پھاڑنا...... الشَّیْئَ : چیرنا۔

الخَزَف : واحد (خَزَفَة) : ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔

الخَزَّاف والخَزَفِیّ : مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔

خَزَقَہُ (ض) خَزْقًا : آہستہ نیزہ مارنا۔

خَزَقَہُ بالسہم : تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ : بیٹ کرنا......الشَّیْئُ فی الارض : گاڑنا۔

تَخَزَّقَ واِنْخَزَقَ : چھدنا۔

اِخْتَزَقَ. السیفُ : ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔

الخَازِق : فا۔ نیزے کا پھل۔

الخَازُوْق : تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوَازِیق : مولدین نے اسی سے فعل "خَوْزَقَ" بنایا ہے۔

المِخْزَقَة : چھوٹا نیزہ۔

خَزِکَ (س) خَزَکًا : اصرار کرنا۔

خَزِلَ (س) خَزَلاً : شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخْزَل ومَخْزُوْل)

خَزَلَ (ض) خَزْلاً. الشَّیْئَ : کاٹنا......ہ عن حاجتہ : روکنا۔

تَخَزَّلَ : کٹنا۔ بوجھل چلنا......السحابُ: الاِخْتِزَالُ : علم حساب میں حذف کرنا اور کثیر کو قلیل کی طرف لانا۔ کسر اور اختصار

اِنْخَزَلَ : گرانباری سے چلنا......فی کلامِہٖ : رک جانا......عن الجواب : لاپروائی کرنا ......مِنَ المکان : علیحدہ ہونا۔

اِخْتَزَلَ. الشَّیْئَ : کسی چیز کو کاٹ لینا۔ ......ہ : عیب لگانا......برایہ : علیحدہ رائے رکھنا......ہ عن قومہ : علیحدہ کرنا......

الوَدِیْعَة : واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔

الخَزْلَة : شکستگی پشت۔

الخُزَلَة : مراد سے روکنے والا۔

الخَوْزَلَی والخَیْزَلَی : ایک قسم کی چال جس میں ناز وانداز ہو۔

خَزَمَ (ض) خَزْمًا. اللآلی : پرونا۔ (......وخَزَّمَ) البعیرَ : ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ اَنفَ فلان" یا "جَعَلَ فی اَنفِہٖ الخِزَامَة" فلان کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع ومسخر کر لیا۔

خَازَمَہٗ مُخَازَمَةً. الطریقَ : دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔

تَخَزَّمَ. الشوکُ فی رجلہ : چبھنا۔

تَخَازَمَ. الجیشانِ : دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

الخَزَم : ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔

الخُزَامَی والخَزَام : ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔

الخِزَامَة : باریک چمڑا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائم.

الخَزُوْمَة : گائے۔ یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔

الاَخْزَمُ : نر سانپ۔

شراک (مَخْزُوْم) : کٹا ہوا تسمہ۔

خَزَنَ (ن) خَزْنًا واِخْتَزَنَ. المالَ : ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا......السرَّ : چھپانا۔ ......اللسانَ : زبان روکنا۔ اِخْتَزَنَ الطریقَ : قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔

خَزَنَ (ن) خَزْنًا وخُزُوْنًا وخَزِنَ (س) خَزَنًا وخَزُنَ (ک) خَزَانَةً. اللحمُ : بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِیْنٌ)

اَخْزَنَ : محتاجی کے بعد مالدار ہونا۔

اِسْتَخْزَنَ. المالَ : ذخیرہ کرنے کو کہنا۔

اِسْتَخْزَنَ المالَ : ذخیرہ کرنا۔

تَـخَـرَّقَ وانْـخَـرَقَ واخْـرَوْرَقَ : پھٹنا۔ وتَـخَرَّقَ الـكذب : جھوٹ گھڑنا۔

تَـخَرَّقَ فِي الـكَـرَم : بے حد فیاضی کرنا۔

تخَرَّقَت وانْخَرَقَتِ الريحُ: تیز چلنا۔

اِخْـتَـرَقَ. الارضَ : زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا......الـقـومَ: قوم کے درمیان سے چلنا......الـكـذبَ: جھوٹ گھڑنا۔

الـخَـرْق : مص۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق.

الـخِرْق ج اَخْـراق و خُـرَّاق و خُـرُوْق و (الخِرِّيق): فیاض۔ سخی۔

الـخُرق والـخَرَق والـخُرْقَة : رائے کی کمزوری۔ نادانی و بے وقوفی۔ سختی۔ نـومَةُ الـخُرَق : چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومة الـخُرق : اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت بڑھتی ہے۔

الـخِرْقَة : کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِـرَق: چیتھڑا۔ دھجی۔

الخَارِق : فا۔ وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خَوارِق.

الخَرِيق والخَرُوْق: ٹھنڈی تیز ہوا۔

الخَرِيق : نرم ہوا۔ ج خُرُق: وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

الخَرْقَاء. اَخْرق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔

الـمَـخْـرَق : بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَـخَـارِق. مَـخَـارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے منہ ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔

المَخْرَقَة : جھوٹ۔

الـمِـخْرَاق : خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَـخَـارِيق. الـمخَارِيق : وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔

المُنْخَرِق : تیز رفتار۔

المُنْخَرَق : گزرگاہ۔ مُـنْـخَرَقُ الرِيَاح: ہوا کے چلنے کی جگہ اور کہا گیا ہے "مكانٌ خاوِيُ المُنْخَرَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔

خَرَمَهُ (ن) خَرْمًا : شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخَرَزَةَ : توڑنا......ہ : ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا......الاَنْـــرةَ: ناکہ توڑ دینا......عـن الـطـريق : ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَـرَمَـتْـهُ الـخَوَارِمُ" یعنی وہ مر گیا۔ و"مـا خَـرَمْـتُ مِنْهُ شيئًا" میں نے اس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔

خَرِمَ (س) خَـرَمًا : نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخْرَم)

خَـرُمَ (ک) خَـرَامَةً: شوخ و بے باک ہونا۔ صفت (خَارِم و خَرِيْم)

خَرَّمَ. الخَرَزَةَ: سوراخ کرنا۔

تَخَرَّمَ : لوٹنا۔

تَـخَـرَّمَـهُ واخْـتَـرَمَـهُ : ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ اِخْـتَـرَمَـهُ الـمـرضُ : لاغر کرنا۔

تَخَرَّمَتْه واخْتَرَمَتْه المَنِيَّةُ : اس کو موت نے لے لیا۔

اُخْتُرِمَ. عنًا : مرنا۔

اِنْـخَـرَمَ. انفُـه : نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَرَمَ ذٰلِكَ القَرْنُ" یہ زمانہ ختم ہو گیا۔

الـخَـرْم : مص۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم.

الخُرْمَان: جھوٹ۔

الخرْمَة : ناک میں چھدنے کی جگہ۔

الـخَرْمَاء : چھدا ہوا کان۔ عـنـزة خرماء : بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔

الـخَوْرَمَة : انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔

الاَخْـــــرَم : مونڈھے کا کنارہ۔ شاہِ روم کا لقب۔

الاَخْـرَمَـان : اوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔

الـمَـخْـرِم : پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَـخَـارِم. مخارِمُ الليل : رات کے ابتدائی حصے۔

خَرْمَشَ. الكتابَ : مٹانا۔ بگاڑنا۔

خَرْنَفَهُ. بالـسيف : تلوار سے مارنا۔

الخِرْنِق : جوان خرگوش۔ ج خَرَانِق.

الخَوَرْنَق: بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ ایک نباتات۔

خَزَّ (ن) خَـزًّا. الـحائط : دیوار پر کانٹے رکھنا......خَـزَّ الـتَـمـرُ يَـخُزَز: کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خَازٌّ) (......واخْتَزَّه) بالرمح: نیزہ مارنا......کہا جاتا ہے "خَــزَّهُ واخْتَـــزَّهُ بِبَصَرِه" اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔

الخَزُّ : ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوْز.

الخُزَز: نر خرگوش۔ ج خِزّان و اَخِزَّة.

الـخَـزِبْـز : بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)

الخَزَّاز : ریشم فروش۔

المَخَزَّة : خرگوشوں کی جگہ۔

خَزِبَ (س) خَـزَبًا وتَـخَزَّبَ. الجلدُ : بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خَزِب) ......الـشاةُ: سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (خَزِبَة و خَزْباء)

الـخَيْـزَب والـخَيْزَبَان : نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خَيْزَبَة و خَيْزَبَانَة) کہتے ہیں۔

الخَيْزَبَان : شتر مرغ کا نر بچہ۔

الخُزَيْبَة : سونے کی کان۔

الخِزْبَاز والخَازِبَاز. مبنى عَلى الكَسْرَة : ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

خَـزَرَ (ن) خَـزْرًا : کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت (خَازِر)

خَزِرَتْ (س) خَـزَرًا. عـيـنُـه : تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْـزَر) مؤنث خَـزْراء ج خُزْر.

خَزَرَ. الرَّجُلُ : بھاگنا۔

خَزَّرَ. الشَّئَ : تنگ کرنا۔

تَـخَـازَرَ : نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو

الخِرَاطَة: خراد کے کام کا پیشہ۔

الخِرَاطَة: برادہ۔

الـخَـرِيطَة: تھیلا۔ ملک کا نقشہ۔ اٹلس۔ **خَرِيطَه**: کو خارِطَه: بھی کہتے ہیں اور عربی مُصَوَّر یا مُخطَّط ہے۔

اَلْـخَـرِطَانُ: انگوری جس کو جانور کھاتے ہیں اور امریکی لوگ اس کا مشروب پیتے ہیں۔

الـمُـخْـرِط: وہ بکری یا اُونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو۔ ج مَخَارِيط.

الـمِـخْـرَطَة: خراد کرنے کا اوزار۔ ج مَخَارِط.

الـمَخْـرُوط: مثع۔ کم داڑھی والا۔ لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو۔

بئر مخروطة: تنگ منہ کا کنواں۔

الـخِرْطِيـط: منقش پروں والا پروانہ۔ ج خَرَاطِيط.

الـخُرْطُوم و الـخُرْطُم: سونڈ۔ جلدی نشہ لانے والی شراب۔ انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے۔ خراطیم القوم: سرداران قوم۔

خَرْطَمَه: سونڈ پر مارنا۔

اِخْـرَنْطَمَ: ناک بلند کرنا۔ غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔

اَلْـخَرْطُون: زمین کے اندر رہنے والا کیڑا جو کہ زمین کو زراعت والی بنانے میں فائدہ مند ہے۔

خَرَعَهُ (ف) خَرْعًا: پھاڑنا۔

خَرِعَ (س) خَرَعًا. الشَّيُ: ٹوٹنا۔

وانْـخَرَعَ وتَـخَرَّعَ الرَّجُلُ: سست ہونا۔ ناقص رائے ہونا۔ کمزور جسم ہونا۔ انخرعت القناة: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

خَرُعَ (ک) خَرَاعَةً وخُرْعًا وخُرُوْعًا: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔ صفت خَـــرِعٌ وخَرِيْعٌ.

خَرَّعَ. الثوبَ: عصفر (کسم) سے رنگنا۔

اِخْتَرَعَ. الشَّيُ: پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا اور اس سے (الخرعة) ہے۔ ......فلانا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔

......**الـدابةَ**: دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا۔

الخَرَاعَة: مص۔ بے باکی۔

الـخِرْوَع: ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرائل تیار ہوتا ہے...... ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے۔ واحد خِروَعَة.

الـخُرَاع: اُونٹنی کی دیوانگی۔ اُونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی۔

الـخُـرُوع والـخَـرِيع والخِرْوَع. مِنَ النساء: نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت۔ ج خَـرَائِـع وخُـرُوْع. عَـيْـشٌ خَرْوَع: آسودہ زندگی۔ رجلٌ خَـرِيْع: کمزور مرد۔ ناقة خرِيع ومَخْرُوْعَة: اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔

خَرِفَ (س) وخَرُفَ (ک) خَـرَفًا: بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خَرِف) مؤنث (خَرِفة)

خَرَفَ (ن) خَـرْفًـا وخِـرَافًا وخَرَافًا ومَخْرفًا. الثمرَ: چننا۔

خُـرِفَـتِ. الارضُ: موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَـخْرُوْفَة)...... البَهَائِمُ: موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اُگانا۔

خَـرَّفَـه. خَرَّف: (فسادِ عقل) کی جانب نسبت کرنا۔

خَـارَفَهُ مُخَارَفَةً وخِرَافًا: موسم خریف میں معاملہ کرنا۔

اَخْرَفَهُ: بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اَخْرَفَتِ الشاةُ: موسم خریف میں بچہ دینا۔ اَخرف الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا...... الثمرَ: پھل توڑنے کا وقت آ پہنچا۔

اِخْتَرَفَ. الثمرَ: چننا...... فی الـمكان: موسم خریف میں اقامت کرنا۔

الـخَـرَاف والخِرَاف: پھلوں کے چننے کا زمانہ۔

الخَرَافَة: بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔

الخَرُوف: بکری کا بچہ۔ ج خِراف وأخرِفة وخِرْفان.

الخَرُوْفَة: بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔

الخُرْفَة: چنا ہوا میوہ۔

الـخَـرِيْف: موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش اور نسبت کے لئے (خَـرِيْـفِـيٌّ وخَرْفِيٌّ وخَرَفِيٌّ): چنی ہوئی کھجور۔

الـخَـرِيْفَة: درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔

الخُرَافَة: باطل بات۔ ج خُرَافَات: چنا ہوا پھل۔

الـمَـخْـرَف: چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔

الـمَـخْـرَفَة: درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مَخَارِف: بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔

المُخَارِف. مِن الرجال: محروم۔

خَرْفَشَ. الشَّيْ: ملانا۔ خلط ملط کرنا۔

خَرَقَ (ن ض) خَرْقًا. الثوبَ: پھاڑنا...... فلانًـا بـالرمح: نیزہ مارنا...... الـكـذبَ: جھوٹ گھڑنا...... الـمـفـازةَ: طے کر کے انتہا تک پہنچنا...... العادةَ: عادت کے خلاف کرنا...... البناء وفی البناء: روشن دان کھولنا...... الريحُ: تیز چلنا...... الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔

خَرَقَ (ن) خَـرُوْقًـا. فـی البيت: لگاتار قیام کرنا۔

خَـرِقَ (س) خَـرَقًـا: خوف یا شرم سے دہشت زدہ ہونا۔ صفت (خَـرِق) ...... فی البيت: لگاتار قیام کرنا...... الـغـزالُ او الطائر: اٹھنے یا اڑنے سے عاجز ہونا۔

خَرِقَ (س) خَرُقَ (ک) خَرَاقَةً: بے وقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (اَخْرَق) مؤنث خَرْقَاء.

خَرَّقَهُ: پھاڑنا۔ خَرَّقَ الرَّجُلُ: بہت جھوٹ بولنا۔

اَخْرَقَهُ: دہشت زدہ کرنا۔

تیار کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَا خَرُوسی یا نفس لامُخَرِّسَة لکِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں۔

الخُرْس والخِرَاس: بچہ کی پیدائش کا کھانا۔

الـخُـرْسَة والـخُـرْسَة: زچہ کا کھانا۔ اچھوانی۔

الـخَـرْس والـخِـرْس: مٹکا۔ ج خُرُوس

الخِرس: نا قابل زراعت زمین۔

الخَرَّاس: مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا۔

الخَرُوس: زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے۔

الاَخْرَس: گونگا۔ ج خُـرْس وخُـرْسَـان وأخارِس مؤنث خرساء. لَبَن اَخْرس: جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے۔ "ولّانــي عُـرْضًـا اَخْـرَسَ اَمْرَس" یعنی اُس نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی۔

الـخَرْسَاء: مصیبت۔ بغیر گرج وچمک کے بادل۔ رَجُـلٌ (خَـرِس): رات کو نہ سونے والا مرد۔

خَرَشَهٗ (ض) خَـرْشًـا وخَرْشَهٗ وخَارَشَهٗ مُـخَارَشَةً وخِرَاشًا واِخْتَرَشَهٗ: خراش لگانا ......ہ الـذبـابُ: کاٹنا۔ خَـرَشَ وخَرَّشَ العصَن: ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا۔

خَـارَشَ الكلبُ: برانگیختہ کرنا۔ خَـرَش واِخْتَـرَشَ لِعَيَالِه: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا۔

اِخْتَـرَشَـتِ الـجِرَاءُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ خَـارَشَـه الشَّـيْءَ واِخْتَـرَشَ منه الشَّيْءَ: زبردستی لے لینا۔

تَـخَارَشَـت. الكلابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا۔

الخَرَش: عجمی۔ واحد (خَرَشَة): گھر کا ردی سامان۔ ج خُرُوش.

الخُرَاشَة: برادہ۔

الخِرْشَاء: سانپ کی کینچلی۔ انڈے کا چھلکا۔ غبار۔ خِـرْشَـاء العَسَل: موم۔ شہد کہ جس میں مُردہ مکھیاں پڑی ہوں۔ ج خَرَاشِيُّ.

المِخْرَش والمِخْرَاش: مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا۔ عوام اس کو مَخْکُوزَة: کہتے ہیں۔

خَرْشَبَ. العملَ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔

الخَرْشَعَة: پہاڑ کی چھوٹی چوٹی۔ ج خَرْشَع وخَرَاشِع.

الخَرْشَفَة: گفتگو کی گڑبڑی۔ حرکت۔

......(والـخِرشاف) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو۔

الخَرْشُوف: ایک قسم کی نباتات۔

الـخَـرْشُوم: وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک۔ بڑا پہاڑ۔ ج خَرَاشِيم.

خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا: جھوٹ بولنا۔ فی الامــر: انکل سے کہنا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَـرَصَ الـنخلَة" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا انکل سے اندازہ کیا۔

خَرَصَ (ن) خِـرَاصَةَ. الشَّـيْءَ: درست کرنا۔

خَرِصَ (س) خَـرَصًا: بھوک وسردی والا ہونا۔ صفت (خَرِصٌ وخَارِص)

تَـخَرَّصَ واخْتَرَصَ: تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا۔ توشہ دان میں رکھنا۔

الخَرْص: اندازہ۔ تم کہتے ہو "کم خرص ارضک" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے۔ توشہ دان۔ چھوٹا نیزہ۔ بھالا۔ مٹکا۔ ٹوکری۔

الـخِـرْص والـخُـرْص ج خِـرْصَـان وخُـرْصَـان: سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ...... ج خِـراص واَخْـراص: درخت خرما کی شاخ۔

الـخُـرْص والـخُـرُص والخُـرَص: شہد نکالنے کی لکڑی۔ جا خراص.

الخُرْصَة: حصہ۔ زچہ کا کھانا۔

الـخَـرِيص: ٹھنڈا پانی۔ درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی۔ نہر کی ایک جانب۔

الخَرَّاص: جھوٹا۔

المِخْرَص: نیزہ۔ ج مَخارِص.

خَرَطَ (ن ض) خَـرْطًا. الوَرَقَ: ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا......العنقودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا ...... الشـجـرَةَ: کھینچ کر پتے جھاڑنا......العُوْدَ: خراد سے ہموار کرنا......الـحَـديـدَ: عمود کی مانند لمبا کرنا۔ الـجَوَاهرَ: تھیلے میں جمع کرنا ......البَازِيَ: شکار پر چھوڑنا......الرجلَ: في الامرِ: کسی کام میں لگانا......الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا......الـدَلْـوَ فی البِئر: لٹکانا......الابلَ فـی الـرعـی: چرنے کے لئے چھوڑنا...... جَارِيَتَهٗ: جماع کرنا......باسْتِه: گوز کرنا...... عبـدَه عـلـی الـنَّـاس: ایذا رسانی کے لئے مقرر کرنا۔

خَـرَطَهٗ (ن) وخَـرَّطَـهٗ. الدواءُ: اسہال لانا۔

خَرِطَت (س) خَـرَطًا واَخْرَطَت. الشاةُ او الـنَـاقَةُ: بکری یا اُونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا......خَرِطَ بالطَّعَام: پھندا لگنا۔

تَخَرَّطَ. فی الامور: دلیری وخودسری کرنا۔

اِنْـخَـرَطَ. الجسمُ: لاغر ہونا۔ اِنْخَرطَت الخَرَزَة فی السِّلک: پرویا جانا۔ اِنْخَرَطَ فـی المَكَانِ: جلدی سے داخل ہونا......مِن: نکلنا......الصقر: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ بـطـنُ الانــسـان: پیٹ چلنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْـخَـرطَ عَلَيْنَا بِالقَبِيح" وہ ہمارے اُوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا۔

اِخْتَرَطَ. الـسيفَ: سونتنا......العنقودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا۔

اِسْتَـخْـرَطَ فـی الـبكاء: پھوٹ پھوٹ کے رونا۔

الخَرَّاط: خراد کا کام کرنے والا۔ بڑا جھوٹا۔

الخَرَط: سارے جسم کی کمزوری۔ جانوروں کی ایک بیماری جو ان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے۔

الـخَرُوْط: منہ زور جانور۔ ج خُـرُط: بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا۔

......العملَ : ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کر دینا۔ العلامُ اللوحَ : کچھ لکھنا اور کچھ چھوڑ دینا......الرَّاعِيَةُ المرتَعَ : کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔

اَخْرَجَ. الشَّيْءُ : نکالنا......الرجلَ: خراج ادا کرنا......الـرَّاعِيَةُ الـمرتَعَ : کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔

خَارَجَ. السَّيِّدُ عَبْدَه : ہر مہینہ رقم معین کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔

تَخَارَجَ. الشُّرَكَاءُ : آپس میں تقسیم کرنا۔

تَخَرَّجَ. الوَلَدُ فی الادَبِ : تربیت یافتہ ہونا۔ صفت مُتَخَرِّج.

اِخْتَرَجَ. الشَّيْءُ : نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا......فلانًا: نکلنے کو کہنا۔

اِخْرَجَّ واِخْرَاجَّ. الحیوانُ : سیاہ وسفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخْــــرَج) مؤنث خَرْجَاءُ.

اِسْتَخْرَجَ. الشَّيْءَ : استنباط کرنا......ہ: نکلوانا......المسئلةَ: حل کرنا......اُسْتُخْرِجَتِ الارضُ: کھیتی کے قابل ہونا۔

الخَرْج : خراج۔ بعضوں کے نزدیک خَرْج اور خَرَاج میں فرق ہے۔ خرج: وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہے۔ خـــرج : اوّل اوّل گھرتے وقت کا بادل۔ ج اَخراج.

الخَرْجَة. خروج : کا اسم مرۃ۔ جھروکا۔

الخُرْج. خرجی. ج خِرَجَة.

الـخَــرَاج. مثلثة الـخـــاء : زمین کا محصول۔ جزیہ۔ ج اَخْرَاج واَخْـرِجَة وج آخارِیج.

الـخُرَاج : پھوڑا پھنسی۔ واحد (خُرَاجَة) ج خُرَاجات.

خَــرَّاج ولاّج وخُـرَجَة وُلَجَة : بہت نکلنے والا۔ بہت داخل ہونے والا۔ بڑا ہوشیار۔ حیلہ گر۔

الخَارِج : ہر چیز کا ظاہر۔ نکلنے والا۔

الـخَـــارِجَة. الـخـــارج : کا مؤنث۔ ج خَـــارِجَـــات وخَـوَارِج. الـخَوَارِج: باغی لوگ۔ جماعت سے نکلے ہوئے لوگ۔

الـخَارِجِيّ : بیرونی۔ وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیر اس کے کہ پہلے سے اس کے خاندان میں سرداری ہو یا ایسا شخص جو دلیر اور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں۔ بادشاہ کا باغی۔ جماعت کا مخالف۔ مذہب خوارج کا معتقد۔

الـخَـــارِجِيَّة. الـخَارجی : کا مؤنث۔ وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں۔

الـمُخَرَّج والخِرِّيج والمُتَخَرِّج : تربیت یافتہ۔

الـخُرُوج : مص۔ یوم الـخـروج : عید کا دن۔ قیامت کا دن۔

الـمَـخْـرَج : مص۔ نکلنے کی جگہ۔ پاخانہ کا مقام۔ ج مَخَارِج. والمَخرج عند القُراء والصرفیین: منہ سے حروف نکلنے کی جگہ۔

المُخْرَج : مطع۔ نکلنے کی جگہ۔

خَرْخَرَ. الـنَّائِمُ : خراٹے لینا......الـنـمرُ اَوالسِنَّوْرُ: آواز کرنا۔

تَـخَـرْخَرَ. بطنُهٗ : بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا۔

الخَرْخَر : پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز۔

الخَرْخَار : کثرت سے بہتا ہوا پانی۔

خَــرِدَت (س) خَـــرَدًا وتَـخَـــرَّدَت. الجَارِيَةُ: باکرہ ہونا۔ دوشیزہ ہونا۔

خَــرِدَ واَخْــرَدَ. الـرَّجُـلُ : زیادہ خاموش رہنے والا ہونا۔ کم گفتگو کرنا۔ ذلت کی وجہ سے شرم کرنا۔ اَخْرَدَ الی اللَّهْوِ : مائل ہونا۔

الـخَرِيْد والـخَـرِيْـدَة والخَرُوْد : باکرہ دوشیزہ۔ شرمیلی۔ زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی۔ ج خَـرَائِـد وخُـرُد وخُرَّد. صوتٌ خَــرِيْــد : نرم آواز جس میں شرم وحیاء کی آمیزش ہو۔ لؤلؤۃ خریدۃ: ناسفتہ موتی۔

الـخَرِيْدَة : ناسفتہ موتی۔ ج خَرَائِد وخُرُد وخُرَّد.

الخُرْدَة: معمولی اسباب تجارت۔

الـخُرْدِجِی : خردہ بیچنے والا۔ معمولی تاجر۔ بساطی۔

خَرْدَقَ. العمل : بگاڑنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح خَرْبَقَ ہے۔

الخُرْدُق : چپروج خَرَادِق (دخیل)

خَرْدَلَ. الطعامَ : اچھا حصہ کھانا......اللحمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔

الخَرَادِل : گوشت کے ٹکڑے۔

لـحـمٌ (خَــرَادِيلُ) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔ الخَرْدَل: رائی۔ واحد (خردلۃ)

خَرَزَ (ن ض) خَـرْزًا. الـجلدَ: ستالی سے سینا۔

خَرِزَ (س) خَرَزًا: کمزوری کے بعد مضبوط کرنا۔

الـخَـرَز : پوتھ جس کو لڑی میں پرولیا جائے۔ شیشہ کے چھدے ہوئے دانے پتھر کے نگ واحد (خَـــرَزَة) خَرَزَة الظهر : ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔ خَـــرَزَات الـملک: شاہی تاج کے جواہر۔

الـخُـرْزَة : سوراخ اور اس کا دھاگا۔ ج خُرَز.

الخِرَازَة : موچی کا پیشہ۔

الخَرَّاز : موچی۔

طـائـر (مُـخَرَّز) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں۔

المِخْرَز : ستالی۔ ج مَخَارِز.

خَرِسَ (س) خَـرَسًا: گونگا ہونا۔ خَرَسًا : مٹکے سے پینا۔

اَخْرَسَهُ اللّٰهُ : گونگا کرنا۔ اَخْرَسَتِ الارضُ واِسْتَخْرَسَت : نا قابل زراعت ہونا۔

خَـرَّسَ. عـلـى الـنفـســاء : زچہ کو اس کی خوراک کھلانا۔

تَخَارَسَ : گونگا بننا۔

تَـخَرَّسَت. النفساءُ : زچہ کو اپنے لئے کھانا

سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خِرَوۃ.

(......والخرئ): چکی کا سوراخ۔

الخَرُوْر: چکی کی آواز۔ جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں۔

الخَرِیْر: مص۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ۔ ج اَخِرَّة.

الخَرَّار: بہت خراٹے لینے والا۔ مؤنث خَرَّارَة. الخَرَّارَة: پھرکی۔

خَرِئَ (س) خَرْأً وخِرَاءَةً وخُرُوْءًا: پاخانہ کرنا۔ بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرِئَتْ بَیْنَهُم الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہو گئی۔

الخُرْءُ ج خُرُوْء و(الخِرَاء): پلیدی۔ پاخانہ۔ بیٹ۔

المَخْرَأَةُ والمَخْرُأَةُ والمِخْرَأَةُ: پاخانہ کی جگہ۔ ج مَخَارِی.

خَرِبَ (س) خَرَبًا وخَرَابًا. البیتُ: اجاڑ ہونا۔ صفت (خَرِب) مؤنث خَرِبَة.

(......خَرَبًا) الرَّجُلُ: پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا۔ صفت (اَخْرَب) مؤنث خَرْبَاء ج خُرْب.

خَرَبَهٗ (ض) خَرْبًا: ڈھانا۔ ہلاک کرنا۔ پھاڑنا۔ سوراخ کرنا۔

خَرَبَ (ض) خِرَابَةً وخَرَابَةً وخَرْبًا وخُرُوْبًا: چور ہونا۔ صفت (خَارِب) ج خُرَّاب.

خَرَّبَ. البَیْتَ: ویران کرنا۔ ڈھانا...... المزادةَ: سوراخ کرنا۔

اَخْرَبَ. البیتَ: غیر آباد کرنا...... المکانُ: خالی ہونا۔

تَخَرَّبَ. اللُّوْدَةُ الشجرةَ: سوراخ کرنا۔

اِسْتَخْرَبَ. الرَّجُلُ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا...... اِلَیہ: مشتاق ہونا...... السِّقَاءُ: سوراخ دار ہونا۔

الخَرِب: ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هو خَرِبُ العِظَام" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الاَمَانَةِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے۔ رَجُلٌ (خِرِبَّان) بزدل مرد۔

الخُرْب والخُرَّابَة والخُرْبَة: سرین کا گڑھا۔ سوئی کا ناکہ اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ۔ ج خُرَب واَخْرَاب وخُرُوْب.

الخُرْب والخَرْبَة والخُرْبَة: چرواہے کا تھیلا۔ دین کی خرابی۔

الخَرْبَة: چھلنی۔ عیب۔ لغزش۔ باعث شرم چیز۔ دینی خرابی۔ کہا جاتا ہے "هو صَاحِبُ خَرْبَة" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے اور اسی سے ہے "لحی اللّٰه ادنانا الی کل خَرْبَة" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو دین کی ہر خرابی کے قریب کر دیا۔ "وما رَأَیْنَا مِنْ فلان خَرْبَةً فی دِیْنِهٖ" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔ ج خَرَبَات.

الخِرْبَة والخَرِبَة: ویران جگہ۔ ج خَرِبات وخِرَب وخَرِب وخَرَائِب. الخِرْبَة: چور کی ہیئت۔

الخَرَاب: ویران۔ ج اَخْرِبَة وخِرَاب.

خَرَّابَة وخُرَّابَة. الاِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔

الخَرُّوْب والخِرْنُوْب: ایک درخت کا نام۔ واحد خَرُّوْبَة وخُرْنُوْبَة.

التَّخَارِیْب: بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ شہد کے چھتے کے سوراخ جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ اس کا مفرد تُخْرُوْب ہے (صحیح نخارِیب بالنون ہے)

الخُرْبُد: گھٹا جما ہوا دودھ۔

الخِرْبِز: خربوزہ۔

خَرْبَشَ خَرْبَشَةً الکتابَ او العملَ: بگاڑنا۔

خَرَابِیش. الخطِّ: تحریر جو بگاڑ دی گئی ہو۔

خَرْبَصَ. الاشیاءَ: الگ الگ کرنا...... المالَ: لے کر چمپت ہو جانا۔

الخَرْبَصَة: جوان پُر گوشت عورت۔

خَرْبَقَ: چلنے میں جلدی کرنا...... الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... العملَ: بگاڑنا۔ الثوبَ: پھاڑنا...... النبتُ: ایک دوسرے سے متصل ہونا۔

الخَرْبَق: ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہیں اور دو قسم کی ہوتی ہیں سیاہ و سفید۔

اِخْرَنْبَقَ: سر جھکانا۔ زمین سے چمٹنا۔

خَرَتَ (ن) خَرْتًا. الاُذُنَ: سوراخ کرنا...... الارضَ: راستوں سے واقف ہونا۔

خَرِتَ (س) خَرَتًا: ہوشیار راہبر ہونا۔

الخَرْت والخُرْت: سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "اَضْیَقُ مِن خُرْتِ الاِبْرَةِ" و "اِجْعَل العُوْدَ فِی خُرْتِ الفَاسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی۔ ج اَخْرَات وخُرُوْت ذئبٌ خُرْت: تیز بھیڑیا۔

الخِرِّیْت: ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو۔ ج خَرَارِیْت وخَرَارِت.

المَخْرَت: واضح راستہ۔

المَخْرُوْت: مفع۔ پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا۔

الخَرْثَاء: بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت۔

الخِرْثَاة: سرخ چیونٹی۔

الخُرْثِیُّ: ردی و گھٹیا سامان۔ خُرْثِیُّ الکلام: بے فائدہ گفتگو۔

خَرَجَ (ض) خُرُوْجًا ومَخْرَجًا. مِن موضعه: نکلنا...... فی العلم: فائق ہونا...... بِه: نکالنا...... علیه: جنگ کے لئے نکلنا...... الرَّعِیَّةُ علی المَلِکِ: سرکشی و بغاوت کرنا...... الی فلان مِن دَیْنِه: ادا کر دینا۔

خَرَّجَهٗ مِنَ المکان: نکالنا...... الارضَ: خراج مقرر کرنا...... المسئلةَ: مسئلہ کی توجیہ کرنا۔ الولدَ فی الاَدَبِ: مہذب و تجربہ کار بنانا

مَخذُوم: وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و حواشی ہوں۔

المُخَلِّم والمُخَلَّمَة: پازیب پہننے کی جگہ۔ تسمہ۔ عورت کے پاجامہ میں نیچے باندھنے کا دھاگا۔ قوم مُخَلَّمُون: بہت نوکر چاکر والے لوگ۔

خَادَنَهٗ مُخَادَنَةً: دوستی کرنا۔ ساتھی بننا۔

الخِدْن: دوست، یار، ساتھی (مذکر و مؤنث) ج اَخْدَان.

الخَدِین: دوست، یار، ساتھی۔

الخُدَنَة: لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا۔

خَدٰی (ض) خَدْیًا وخَدَیَانًا. الفرسُ ام البعیرُ: تیز دوڑنا۔

اَخْدٰی اِخْدَاءً: آہستہ آہستہ چلنا۔

الخَذَا: کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے۔ واحد (خَذَاة)

الخُدَیْوِیُّ: عزیز مصر کا لقب۔ فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ۔ وزیر۔ سردار۔

خَذَا وخَذِیَ (س) خَذْأً وخُذُوءً او خَذَاءً واِسْتَخْذَأَ. لَهٗ: فروتنی کرنا۔ تابعدار ہونا۔

اَخْذَاہ: ذلیل کرنا۔ تابع بنانا۔

الخَذَا: نفس کی کمزوری۔

خَذَّ (ن) خَذِیْذًا. الجَرْحُ: پیپ بہنا۔

الخُذْرَة: پھرکی۔

خَذْرَف: جلدی چلنا......ہٗ بالسیف: جسم کے اطراف کاٹنا......الاناءَ: بھرنا۔

تَجَذْرَفَتْهُ. النوی: پھینک دینا۔ تَخَذْرَفَ الثوبُ: پھٹنا۔

الخُذْرُوْف: تیز چلنے والا۔ پھرکی۔ اس کو خَرَّارَہ: بھی کہتے ہیں۔ اُونٹوں کا گلہ۔ اُونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔ "تَرَکَتِ السیوفُ راسَہٗ خَذَارِیْفَ" تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا۔

رجلٌ (مُتَخَذْرِف) اچھے اخلاق والا مرد۔

خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ. اللحمَ او القرعَ: بغیر جدا کئے ہوئے قاشیں تراشنا۔

تَخَذَّعَ: کٹنا۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبُوا خِذَعَ مِذَعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

الخَذْعَة: زمین وغیرہ کا ٹکڑا۔

الخَذِیْعَة: ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

المِخْذَعَة: چھری۔

الخَیْذَع: عیب۔

خَذْعَبَ وخَذْعَلَ. البِطِّیْخَ ونحوہ: پھانکیں کرنا۔

الخُذْعُوْبَة والخُذْعُوْلَة: پھانک۔ قاش۔

خَذَفَ (ض) خَذْفًا. بالحَصاة ونحوھا: انگلیوں سے پھینکنا۔ گوپھن سے پھینکنا۔

تَخَاذَفَت. عیناہ بالدموع: جلدی آنسو بہانا۔

الخَذَافَة: دُبر۔

المِخْذَفَة: گوپھن۔ غلیل۔

الخَذُوْف. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اُڑائے، جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اٹھائے۔ ج خُذُف.

الخَذَفَان: تیز رفتاری۔

خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا. الدابةَ: تیز چلنے کے لئے چھونا......البازی: بیٹ کرنا۔

الخَذْق: گوبر۔ لید۔

خَذَلَ (ن) خَذْلًا وخَذْلَانًا وخِذْلَانًا. فلانًا وعنه: مدد چھوڑنا۔ صفت (خَاذِل) ج خُذَّال: صفت مفعولی (مَخْذُوْل) ج مَخَاذِیْل. خَذَلَتِ الظَّبْیَةُ: ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا۔ صفت (خَاذِل وخَذُول)

(خَذَّلَ عنه اَصْحَابَه): مدد چھوڑنے پر اُکسانا۔

......ہ: پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا۔

خَاذَلَه مُخَاذَلَةً: مدد چھوڑنا۔

تَخَاذَلَ. القومُ: باہم مدد چھوڑنا......رِجْلَاہ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔

الخَذَّال: زیادہ مدد چھوڑنے والا۔

الخُذَلَة: وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑ دی جائے۔

الخَذُول: بہت مدد چھوڑنے والا۔

رجلٌ خَذُولُ الرجل: وہ مرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دے دیا ہو۔

خَذَمَ (ض) خَذْمًا وخَذَّمَ. الشَّیْءَ: جلدی سے کاٹنا۔

خَذِمَ (س) خَذَمًا: نشہ میں ہونا۔ صفت (خَذِیْم): کٹنا۔

خَذِمَ (س) خَذَمًا: تیز چلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اَخْذَمَ: ذلت کا اقرار کرنا......ہ الشرابُ: مست کر دینا۔

تَخَذَّمَ. الشَّیْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ الشیءَ: تکلف سے کاٹنا۔

اِخْتَذَمَ: قاطع ہونا......الشَّیْءَ: کاٹنا۔

الخَذُوْم ج خُذُم و(الخَذِیْم والمِخْذَم والمُخَذَّم)...... مِنَ السیوف: کاٹنے والی تلوار۔

الخُذَامَة: چیز کا ٹکڑا۔

المِخْذَم: کاٹنے کا اوزار۔

خَذَا (ن) خُذُوًّا وخَذِیَ (س) خَذًی: ڈھیلا ہونا......لحمُه: گٹھا ہونا......الاذنُ: لٹکا ہوا ہونا۔

اِسْتَخْذٰی: تابعدار ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔

الاَخْذٰی: ڈھیلے کان والا۔ اذنٌ (خَذْوَاء) لٹکے ہوئے کان۔

خَرَّ (ن ض) خَرِیْرًا. الماءُ او الریحُ: پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا۔ صفت (خَرَّار) النائمُ: خرائے لینا۔

خَرَّ (ن ض) خَرًّا وخُرُوْرًا: اوپر سے نیچے گرنا خَرَّ لِلّٰہِ سَاجِدًا: سجدہ میں گر پڑنا...... لِوَجْهِهٖ: گرنا......الرَّجُلُ: مرنا......علیه: غیر معلوم جگہ سے اچانک آ پڑنا۔

اَخَرَّہٗ اِخْرَارًا: گرانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ بالسَّیْفِ فَاَخَرَّہٗ" اس نے اسے تلوار مار کر گرا دیا۔

اِنْخَرَّ: ڈھیلا ہونا۔

الخُرّ: کان کی جڑ۔ زمین کا وہ حصہ جس میں

الغَادِر: سست کاہل۔ حیران۔

السِّخدر: پردہ جو لڑکی کے لئے مکان کے گوشہ میں لگا دیا جائے۔ لڑکی کے لئے مکان کا مخصوص حصہ۔ شیر کی جھاڑی۔ رات کی تاریکی ج اَخدَار وخُدُور. جمع اَخَادِير.

الخَدَر: عضو کی بے حسی۔ کاہلی سستی۔ تاریکی۔ اندھیری جگہ۔

الخَدِر: بے حس عضو والا۔ لَيلٌ خَدِرٌ: تاریک رات۔ مکانٌ خَدِرٌ: پوشیدہ اندھیری جگہ۔ نهارٌ خَدِرٌ: نمناک دن۔

الخِدَار: شیر کی جھاڑی۔

الخُدرَة: سخت تاریکی۔

الاَخدَر والخُدَارِيُّ: تاریک رات

الخُدَارِيُّ: کالا بادل۔

الخُدَارِيَّة: عقاب۔

الاَخدَر والخُدرِيُّ والاَخدَرِيُّ: ایک قسم کا جنگلی گدھا۔

هَودَجٌ (مَخدُور) پردہ پڑا ہوا ہودہ۔

الخَدَرنَق: مکڑی۔

الخَدَرنَق: نر مکڑی اور بقول بعض بڑی مکڑی۔ ج خَدَارِن.

خَدَشَهُ (ض) خَدشًا وخَدَّشَه: خراش لگانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ عیب لگانا۔

الخَدش: مص۔ خراش۔ ج خُدُوش وخِداش واَخداش.

الخَدُوش: بہت خراش لگانے والا۔ پسو۔ مکھی۔

المُخَادِش والمُخَدِّش: بلی۔

المُخَدَّش: انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ۔

خَدَعَه (ف) خِدعًا وخَدعًا: دھوکا دینا۔ فریب دینا...... الضَّبُّ فی جُحره: داخل ہونا...... المطرُ: کم ہونا...... الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ وادو دہش سے رُکنا...... السوق: بازار کا ماند پڑنا۔ رائج ہونا (ضد) ...... الامورُ: مختلف ہو جانا...... الشمسُ: غائب ہونا...... الطریقُ: غیر معلوم ہونا۔

...... الشئُ: خراب ہونا...... الثوبَ: موڑنا۔ ...... الرجلَ: اخدع رگ کاٹ دینا۔

اَخدَعَه: دغابازی پر اُکسانا...... الشئَ: چھپانا پوشیدہ کرنا۔

خَادَعَهُ مُخَادَعَةً وخِدَاعًا واختَدَعَهُ وتَخَدَّعَهُ: دھوکا دینا۔ خَادَعَ العینَ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا۔ تَخَدَّعَ لَهُ: بتکلف مدد کرنا۔

تَخَادَعَ: فریب خوردہ ظاہر کرنا...... القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔

اِنخَدَعَ: فریب خوردہ ہونا۔ دھوکے پر راضی ہونا...... بِہ: دھوکا کھا جانا...... السوقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔

الخَدِيعَة: ج خَدَائِع و(الخُدعَة والخِدَاع): فریب۔ دھوکا۔ مکر وحیلہ۔

الخُدَعَة: لوگوں کو دھوکا دینے والا۔

الخُدَعَة والخَدَّاع والخَيدَع: بہت دھوکا دینے والا۔ سَنَةٌ خَدَّاعَة: کم پیداوار والا سال۔

الخَادِع. فا۔ طریقٌ خَادِعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ دینار خَادِعٌ: کھوٹا دینا۔

الخَادِعَة: مؤنث۔ بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ۔ مکان کے اندر کوٹھری۔

الاَخدَع: اسم تفضیل۔ الاَخدَعَان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لاُقِيمَنَّ اَخدَاعَيكَ" میں تمہارے تکبر کو دور کر دوں گا۔ و"فلانٌ شَدِيدُ الاَخدَع" فلاں بڑا گردن کش ہے۔ ج اَخَادِع.

الخَيدَع: وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو۔ چمکتی ہوئی ریت۔ فریب دینے والا بھیڑیا۔

الخَدُوع: بہت فریب دینے والا۔

طَرِيقٌ خَدُوعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ ج خُدُع.

المِخدَع والمُخدَع والمَخدَع: کوٹھری جو بڑے کمرے کے اندر ہو۔ ج مَخَادِع.

المُخَدَّع: تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو۔

الخَدعُولَة: کدو کا ٹکڑا۔

خَدَفَ (ض) خَدفًا: تیز چلنا۔ خَدَفَتِ السَّمَاءُ بالثلج: برف گرانا (...... واختَدَفَ) الشئَ: اُچک لینا۔

الخَدف: مص۔ کشتی کا پتوار۔

خَدِلَ (س) خَدَلًا وخَدَالَةً وخُدُولَةً الساقُ: پُرگوشت ہونا۔ ساقٌ خَدلَة: پُرگوشت پنڈلی۔

خَدَمَه (ض ن) خِدمَةً وخَدمَةً: خدمت کرنا۔ صفت (خادم) ج خُدَّام وخَدَم: مؤنث خادِم وخادِمَة.

اَخدَمَهُ: خادم دینا۔

خَدَّمَ الرَّجُلُ اِمرأتَهُ: پازیب پہنانا۔

تَخَدَّمَهُ: خدمت لینا۔ خادم بنانا۔

اِختَدَمَ: اپنی خدمت کرنا...... ہ: خادم مانگنا۔ خادم بنانا۔

اِستَخدَمَهُ: خادم بنانا...... الرجلَ: خادم مانگنا۔

الخَدمَة: وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا۔

الخَدَمَة: پازیب۔ پنڈلی۔ لوگوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "فَضَّ اللّٰهُ خَدَمَتَهُم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کر دے۔

(...... والخِدَمَة): حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اُونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے۔ ج خَدَم وخِدَام وخَدَمات.

الخَادِمِيَّة: نوکری۔

المَخدُومِيَّة: آقائی۔

الخَدَّام: نوکر۔

الخَدِيم: نوکر۔ غلام۔

الاَخدَم: گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اُوپر گول سا ہو۔ مؤنث خَدمَاء. الخَدمَاء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں۔

المَخدُوم: مطیع۔ آقا۔ مولٰی۔ کِتَابٌ

"مایدری اَیَخثِرام یُذِیبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو۔

الخاثِرَة : جماعت۔

الخُثَار : دسترخوان کا باقی ماندہ۔

الــخُثَارَة : چیز کا باقی ماندہ حصہ۔ دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصہ جو باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ صَفوُهُ وبَقِیَت خُثَارَتُه" اس کا خالص حصہ ختم ہوگیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔

تَخَثَّمَ : خون سے آلودہ ہونا۔

الخَثعَمُ والمُخَثعَم : شیر۔

الــخَثعَمَة : جانور کو ذبح کرنا اور اکٹھے ہو کر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملا کر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا۔

الخُثلَة والخَثَلَة. مِنَ البطن : پیڑو۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَــه فــی خُثلَة بَطنِه" اس نے اس کے پیڑو پر نیزہ مارا۔ ج خُثُلات وخَثَلات.

الخَثلَة: موٹی عورت۔

خَثِمَ (س) خَثَما: موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا۔ صفت (خَثِـم واَخثَـم) خَثِـمَـت اَخلاَفُ النَاقَة: اُونٹنی کے تھن کا بند ہونا۔

خَثَم (ن) خَثمًا. اَنفَه: کچل دینا۔

خَثَّمَ. الشَّیْ : چوڑا کرنا۔

الخُثمَة : ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔

خَثَی (ض) خَثیًا. البقر: گوبر کرنا۔

خَـجَّـهُ (ن) خـجًّـا: ہٹانا۔ دفع کرنا...... الحَطَبَ : پھاڑنا۔ چیرنا...... برجله : پاؤں سے خاک اڑانا...... بسَـلحِـه: پاخانہ کرنا۔ ...... ساعِدَه : گٹھا ہوا ہونا...... المـــرأة: جماع کرنا۔

اِختَـجَّ. الـجـمـلُ : پیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا۔ ریح (خَجُوج) تیز ہوا۔

خَجَأَ (ف) خَجأً. الرَّجُلُ : چھپ کے گھر میں داخل ہونا...... الـــلَّــیـلُ...... ہ: مارنا۔ المراۃ: جماع کرنا۔

خَجِیَ (س) خَجًا: شرم کرنا۔ بے ہودہ بکنا۔

اَخجَاہ : سوال میں اصرار کرنا۔

تَخَاجَأ : دیر لگانا۔

الخُجَاۃ : موٹا وسست بے وقوف۔

الخَجِف والخَجِیف : اوچھا پن۔

خَجِلَ (س) خَجَلاً: شرم سے سرگشتہ و بے خود ہونا۔ صفت (خَجِل وخَجلان)...... الثـــوبُ کپڑے کے نیچے کا حصہ پھٹنا اور کشادہ ہونا۔ ...... النَّبَـاتُ : بہت اور گنجان ہونا۔ صفت (خَجِل)...... البعیرُ بالحَمل: بوجھل ہونا ...... باَمرِه: مشتبہ ہونا...... مِن کَذا : زچ ہونا ...... فی طلب الرزق :...... سست ہونا۔

خَجَّلَهُ واَخجَلَهُ : شرمندہ کرنا۔ واَخجَلَ النَّبَاتُ : لمبا وگنجان ہونا۔

انخجِل مص۔ شرم۔

خَجَی (ن) خَجیًا. التراب بِرِجلِه : پاؤں سے خاک اڑانا۔

خَجِیَ (س) خَجًا: شرم کرنا۔

خَدَّ (ن) خَدًّا. فیـه الضربُ: بدھی پڑنا ...... الارضَ : کھودنا۔

خَدَّدَ تَخدِیدًا. لَحمُه : دبلا ہو کر جھری پڑنا ...... لَحمَه : دبلا کرنا۔

خَادَّهُ مُخَادَّةً : کام میں مزاحم ہونا۔

تَخَادَّا : ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔

تَـخَدَّدَ. لحمُـه : لاغری سے جھری دار ہونا...... القومُ: فرقے فرقے ہونا۔

الـــخَدُّ : چھوٹی ندی۔ طریقہ۔ لمبا گڑھا۔ لوگوں کی جماعت۔ ج اَخِـــدَّة وخِداد وخِدَان. الـخَدُّ مِنَ الوجه: رخسارہ۔ ج خُدُود.

الخُدَّة: لمبا گڑھا۔ ج خُدَد.

الاُخدُود : لمبا گڑھا۔ ج اَخَادِید.

الاَخادِید : کوڑے کے مارنے کے نشانات اور اسی سے ہے اَخَادِید الاَرشِیَة فی البِئر: کنویں میں رسّی کھینچنے کے نشانات۔

الــمِخَدَّة : چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں [illegible]

المِخَدَّان : دونوں کنپٹیاں۔

خَدَبَ (ن) خَـدبـا: جھوٹ بولنا......ہ بالسَّیف: تلوار سے مارنا۔ ......ہ الحَیَّةُ : ڈسنا۔

تَخَدَّبَ : درمیانی چال چلنا۔

الــخَدَب : لمبائی۔ کہا جاتا ہے "فی لِسَانِه خَـــدَب" اس کی زبان میں اوچھا پن اور حماقت ہے۔

الــخَدِب والاَخدَب : بے وقوف۔ لمبا۔ جلد باز۔ سیفٌ خَدِبٌ : تلوار قاطع۔

طَعنَةٌ اوضَربَةٌ خَدِبَةٌ وخَدبَاءُ : سخت یا کشادہ زخم والی نیزہ کی مار۔

الخُدبَة : لمبائی۔

الخِدَّاب : بڑا جھوٹا۔ دِرعٌ (خَدبَاءُ) کشادہ زرہ۔ الخَدبلہ: ہر وہ جانور جو کٹ کھنا ہو۔

خَدَجَت (ن ض) خِدَاجًا واَخدَجَت الـدابةُ : ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (خَـادِج ومُخدِج) : وصفت مفعول خَدِیج وخَدُوج ومُـخدَج) اور خَدُوج: کی جمع خُـدُوج وخِدَاج وخَدَائِج. اَخـدَجَ الشَّیْ: گھٹانا...... صلوتَهُ : نماز میں کچھ کمی کر دینا۔

خَدَجَتِ الناقَةُ : ناتمام بچہ گرانا۔

الخِدَاج : نقصان۔

خَدِرَ (س) خَدَرًا. العضوُ : سُن ہونا...... العینُ : خارش یا تنکا پڑ جانے کی وجہ سے آنکھ کا بھاری ہونا...... الحَرُّ او البَردُ : سخت ہونا...... النهارُ: ہوا بند اور تیز گرمی ہونا۔

خَدَرَ (ن) خَدرًا: متحیر ہونا...... الظَّبیُ: ریوڑ سے پیچھے رہ جانا...... الاَسَـــدُ فـــی عرینه : ماند میں رہنا...... بالمکان: اقامت کرنا...... وخَدَّرَ واَخدَرَ البِنتَ: پردہ میں رکھنا۔ خَدَّرَ واَخدَرَ العُضوَ : سُن و بے حس کر دینا۔ اَخدَرَ بالمکان: اقامت کرنا...... مع اهلـه : اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا...... الاَسَـــدُ: جھاڑی میں رہنا...... الاسدُ عرینَه: کچھار کا شیر کو چھپا لینا۔

تَخَدَّرَ واختَدَرَ : چھپنا۔

اَخْيِة.

خَتَّ (ن) خَتًّا. السِنانَ اليه: بھالے نیزہ مارنا۔

اَخَتَّه: حصہ کم کرنا۔ اَخَتَّ الرَجُلُ: باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔

الخَتّ: بدن کی سستی۔

الخَتِيتُ: گھٹیا، ناقص۔

خَتَاهُ (ف) خَتْأً. عن كذا: روکنا۔ منع کرنا۔

اِخْتَتَأَ: خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا...... مِنْ فُلَانٍ: شرم، ڈر یا ذلت کی وجہ سے چھپنا...... لَهُ: فریب دینا...... الشَّيْءَ: اُچک لینا۔ مفازة (مُخْتَتَأَة) بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔

خَتَرَه (ض) خَتْرًا: بری طرح سے بے وفائی کرنا۔ صفت (خَاتِرٌ وخَتَّارٌ وخَتِيرٌ وخَتُورٌ وخِتِّيرٌ)...... (ن ض) خَتْرًا وخُتُورًا. نفسُهُ: جی بگڑنا۔

خَتِرَ (س) خَتَرًا: زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔

تَخَتَّرَ: سست و ڈھیلا ہونا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے سست ہونا۔

خَتَّرَهُ. الشرابُ: بے حس کر دینا۔

خَتْرَبَهُ: کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

خَتْرَمَ خَتْرَمَةً: عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔

خَتَعَ (ف) خَتْعًا وخُتُوعًا. الدليلُ بالقوم: اندھیرے میں راہبری کرنا...... على القوم: اچانک آ جانا (...... وانْخَتَعَ) فی الارض: دور تک نکل جانا۔

الخَيْتَعُ والخَتِعُ والخُتَعُ: ماہر راہبر۔

الخَوْتَعُ: خرگوش کا بچہ۔ الخُتَعُ بجو۔ الخُتَعَة: مادہ چیتا۔

الخِتَاعُ: چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔

خَتَلَهُ (ن ض) خَتْلًا وخَتَلَانًا وخَاتَلَهُ مُخَاتَلَةً: فریب دینا۔ کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصيادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو۔ صفت (خَاتِل وخَتُول)

تَخَاتَلُوا: باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔

اِخْتَتَلَ لِاَسْرَارِ القَوْمِ: چوری سے سننا۔

اِخْتَتَلَ الرجلَ: فریب دینا۔

الخِتَل: چھپنے کی جگہ۔ خرگوش کا سوراخ۔

الخَوْتَل: خوش طبع و دانا مرد۔

الخَتَّال: بڑا فریبی۔ مؤنث خَتَّالَة.

خَتَمَ (ض) خَتْمًا وخِتَامًا. الشَّيءَ وعليه: مہر لگانا...... العملَ: ختم کرنا...... الكتابَ: پوری پڑھ لینا...... الاناءَ: مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَيْكَ بَابَه" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا...... الله لَهُ بالخير: اچھا انجام کرنا...... على قلبه: بے سمجھ کر دینا...... الزَرْعَ وعليه: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔

خَتَّمَ: اچھی طرح ختم کرنا۔ خَتَّمَهُ: انگوٹھی پہنانا۔

اَخْتَمَ: خاتمہ پر پہنچنا۔

تَخَتَّمَ. الخاتمَ بِه: انگوٹھی پہننا۔ کہا جاتا ہے "تختم بالعَقِيق" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی...... بامرِه: چھپانا...... عنه: غفلت برتنا اور چپ رہنا۔ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعَمَامَتِه" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔

اِخْتَتَمَهُ: پورا کرنا۔

اَلْخُتُم: مہر۔ شہد۔

الخَاتَام: انگوٹھی۔ مہر۔ ج خَوَاتِيم.

الخَاتَم والخَاتِم ج خَوَاتِم وخُتُم: انگوٹھی۔ مہر۔ انجام۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔

الخَاتِمَة. الخَاتِم: کا مؤنث۔ انجام۔ نتیجہ۔ ج خَوَاتِم وخَاتِمَات.

الخَتَم: انگوٹھی۔

الخِتَام: مہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے۔ ج خُتُم.

المُخَتَّم من الخيل: گھوڑا جس [illegible]

میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔

خَتَنَ (ن ض) خَتْنًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔ ...... الصبيَّ: ختنہ کرنا۔ صفت مفعولی (خَتِينٌ ومَخْتُونٌ) عَامٌ مَخْتُونٌ: خشک سال۔ وخَتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔

خَتَنَهُ (ن) خُتُونًا وخُتُونَةً وخَاتَنَهُ: داماد بننا۔ خَاتَنَ الرَجُلَ: فریب دینا۔

اِخْتَتَنَ. الصبيُّ: ختنہ شدہ ہونا۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلۃ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیلیٌّ. قصی سے قُصَوِیٌّ. قُلَیلَۃٌ سے قُلَیلیٌّ. اُمَیَّۃ سے اُمَیِّیٌّ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا قلنسوۃ سے قَلَنسِیٌّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَیَوِیٌّ.

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌّ. دمیٌّ.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموی اور بنوی کہنا جائز ہے اور ابنیٌّ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی لغۃ سے لغوی اور زِنَۃ سے وَزنِیٌّ اور صِلَۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثنوی. عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی.

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل و عبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی. ملوک سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے

جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خالصۃ سعیدۃ' عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امرأۃ عقیم' یُحیی العِظام وھی رَمِیْمٌ.

جو صفات کہ طبقاً اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق' مرضع' حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فَهِيَ مُرضِعَۃ.

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون' نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر۔ ازرق کی زُرْق' اعرج کی عُرْج' اعمیٰ کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غِید' بِیض' ہِیف' اِغید' اِبیض' اہیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاریٰ و حیاریٰ سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ' رماۃ' غزاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَۃٌ رُمَیَۃٌ غزیۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت' درد یا تَشَتُّت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحیٰ' صریع کی جمع صرعیٰ' شتیت کی جمع شتّی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ ...... یا فعِل کے وزن پر ہو جیسے زمِن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ھلکی

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ' فَعَلَۃٌ' فُعَّلٌ' فَوَاعِلُ' فُعَلاءُ اور اَفعِلاءُ.

(۱) فُعّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوّار۔ صائم کی جمع صُوّام اور کاتب کی جمع کتبۃ ظالم کی جمع ظَلَمَۃ۔

فَعَلَۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سادۃ باعۃ حاکۃ صاغۃ کہ اصل میں سوَدۃ بیعۃ حیکۃ صوغۃ تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّد ساجد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقاً اناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر' عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فُعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کرمیات اور جمع مکسر فُعَل کے وزن پر جیسے صُغَر' کُبَر۔ صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے صواحب کی جمع صواحبات۔ افاضل کی جمع افاضلون

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِیٌّ.

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِیٌّ اور مَلِکٌ میں مَلَکِیٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرِق میں مشرِقی مغرِب میں مغرِبی یثرِب میں یثرِبی.

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عَصَوِیٌّ. فتی سے فَتَوِیٌّ.

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمیٰ سے مَرْمَوِیٌّ اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِیٌّ اور اگر اصلی

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَةٌ کی جمع جیسے غُلبَۃٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُوْرَۃ کی جمع صُوَر.

(۲) فِعَل فِعْلَۃٌ کی جمع جیسے قِطعَۃ کی جمع قِطَع. لیکن فِعلۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیۃ کی جمع حلی. لحیۃ کی جمع لحی.

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل' حدس کی جمع حنادس' اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج' اور خندریس کی جمع خنادس۔

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف' رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعِل افعل (بتثلیث الھمزہ) کی جمع افاعِل. اِصبَع کی جمع لجیسے اصَابع اُنملۃ کی جمع اَنَامِل' اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع سالیب اجوزۃ کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفعَل اور مِفعَلۃ کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع. مکنسۃ کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مَفاعیل اور مَفعیل مَفعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین' مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل' قوم' رہط' جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ'' ہے' ثمر کہ اس کا واحد ثمرۃ ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرومی۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام' رفقۃ کی جمع رفق' عجم کی جمع عجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل' (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ' (۴) اسم تفضیل' (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو' جیسے صادق صادقۃ' عالم' عالمۃ' لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکری' ظمان سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان' حلان' خمصان' سخنان' صوجان' ضوجان' قشوان' مصان' ندمان' نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی اور عطشانۃ' غضبان سے غضبی اور غضبانۃ

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء' اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کُرمی. اصغر سے صغری لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے اعلی سے علیاء. ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں

(۱) فَعَالَۃٌ جیسے رَجُلٌ فَھَامَۃٌ اِمْرَاۃٌ فَھَامَۃٌ

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفضَالٌ' امراۃٌ مِفضَالٌ اور مِعقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ امراۃٌ مِعطِیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغشَمٌ' اِمْرَاۃٌ مِغشَم.

(۵) فُعَلَۃٌ اور فُعْلَۃٌ جیسے رجل ضُحَکَۃٌ امراۃ ضحکۃ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکۃ = بہت ہنسنے والا۔ ھمزۃ = بہت عیب لگانے والا اور ھُزَاَۃٌ = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور' غُلامٌ قتیل' امراۃ قتیل' لیکن یہ اس وقت ہے

ذ ، و بعلبک ۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو' ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکور و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' عِلِّیُوْنَ' اهلوْن' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سِون' مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات' مسلمۃ سے مسلمات.

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات' شجرۃ سے شجرات' امراۃ' شاہ' قلۃ' اَمَۃ' مِلَّۃ' شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا عَلَم ہو جیسے زینب سے زینبات مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حُمّٰی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے' جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سرادقات' شمالات' امہات' سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' فناصل' بطارکۃ' کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلٌ اور فَعلَۃٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات. رحْمَۃ رَحَمَاتٌ.

اور اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتح دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرَۃٌ سے کِسَرات' کِسْرات' کِسِرات' خُطوۃٌ سے خُطَوات' خُطْوات' خُطُوات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزۃٌ سے جَوْزات' بیعۃ سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رَمَیات اور زُلوۃ سے زُلَوات' زُلْوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتح دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے وقت فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمۃ سے ضمات. عزۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل. کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد. بَغْث سے بُغث.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں

اَفعَال جیسے طِفلٌ سے اَطفَالٌ. اَفْعُل جیسے نہر سے انھر. اَفعِلَۃ جیسے رغیف سے اَرْغِفَۃ. فِعلَۃٌ سے فِعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' مناہر' اناعیم' قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوْخُ لا تکوْنُوا کالفِتیۃِ. احفظوا انفسکم.

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

فوس، کاس، کتف، کرش، کف، لظیٰ، نعل، ناب، ورک، ید، یمین، یبوع۔

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال، ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مؤنثة لاعلامة فیها وکذلک سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذکر.

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سری، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سلم، سماء، سوق، صاع، ضحیٰ، طرس، طریق، عجز، عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قمیص، کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وراء۔

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان". رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اوّل یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد، عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوامعدی کرب، ذواتابعلبک.

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان، داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان، قہقریان، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقہریان، خوزلیان ہوتے۔

- اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لألا سے لألاءان. قُرّاء سے قُرّاءان

اور اگر ہمزہ نہ ہو تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخوان، حموان، غلوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعاء، کل اور عریب، دیار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رایت مسلمین و مررت بِمُسلِمِینَ"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب،

ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً۔ اشد استِخراجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً ''العود احمد'' میں احمد' حُمِدَ سے اور " حاتم اعطى من عمرو" میں اعطى سے اور " هذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَاکَ" میں اَخْصَرَ' اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے " ماہا لبادية انوا منه" میں انواء' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پخترکے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرتِ استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوازنِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے ان کے مشہور وزن یہ ہیں

فعّالٌ جیسے عَلّامٌ. نَصّار. فعّالة جیسے عُلّامَةٌ وَفهامة. فِعِّيل جیسے صِدِّيق وسِكِّير. مفعيل جیسے مِسْكِينٌ وَ مِعْطِيرٌ. مِفْعَالٌ جیسے مكبال و مقدام. فعلة جیسے ضحكة و ضُجَعَةٌ. فَعِلٌ جیسے شَرِهٌ وَ حَلِزٌ. فَعِيلٌ جیسے رَحِيمٌ وَ عَظِيمٌ. فَعُولٌ جیسے كَذُوبٌ. وَدُوْدٌ. فَاعِلَةٌ جیسے زَاوِيَةٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُولَةٌ جیسے فَرُوقَةٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِخْرَبٌ. فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ. فُعَّالٌ جیسے كُبّارٌ...... مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرّاکٌ' اَدْرَکَ سے۔ معطاء اعطى سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلاَفٌ اَتْلَفَ سے مِمْلاَقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلاَفٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علامہ' فهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے " رجـــــل نصير' امراة نصيرة". جاء نصير و نصيره".

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہو گی جیسے " زيد قتيل. و انت المراة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب و حبيبة.

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیٰی البتول' مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولةٌ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے " هذا رسول و تلك رسولة. و جاء رسل و رسولة.

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تا جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة الف مقصورہ جیسے علوىٰ' فضلىٰ' كُبرىٰ' عُظمىٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بيضاء' زرقاء.

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطیٰ وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اُوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہلِ زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں' جیسے اُخت' اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لئے کہ صدغ' مرفق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المتكر فى ما يتعلق بالمؤنث والمذكر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروى' است' اصبع' افعى' الق' بئر' باع' بنصر' لعلب' جحيم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحى' ريح' سعير' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عين' غول' فاس' فخذ' فلك' قلم' قدوم'

مقاتلة لا غیر وما التفت الیه الا الطائفة وَاجِبَةً اجابة فقط.

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد و مشی مِشْیَةَ المُخْتَالِ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة قبیح المعاشرة.

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَحْ مَسْمَعْ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل.

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِقٌ' مَغْرِبٌ' مَطْلِعٌ' مَجزِرٌ' مَرْفِقٌ' مَفْرِقٌ' مَسْكِنٌ' مَنْسِكٌ' مَنْبِتٌ' مَسْقِطٌ.

مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد' مَوجِل' مَطْوی' مرمٰی.

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مَدْخَلٌ. اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ. اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد ومزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَد. مِفْعَالٌ جیسے مفتاح. مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُلٌ' مُدْهُن' مکحلة' مدق' مُسْعُط' مَنَارَةٌ' مُشْط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَلُّوْمٌ' سِكِّيْنٌ' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّق.

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدَحْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفع سے یَافِعٌ. اغضب سے غَاضِبٌ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ۔ أَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ. اَزْكَمَهُ سے مَزْكُوْمٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ.

(۲) اسم مفعول بمصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' كَرِيْمٌ' لِيْنٌ' سَهْل' صَعْبٌ' لقبان' غضبان' كسول' عطشٰی' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اعرج' ابلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مُشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم.

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلٰی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلَان ہے جیسے غَلَیَان، جَولاَن، خفقان.

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع، زکام، دوار.

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعَال اور فَعِیْل ہے جیسے رَحِیْل، و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیْل ہے جیسے صُراخ، خُوار، زَئِیْر، نَئِیْم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَةٌ، زُرْقَة، خُضْرة.

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً

(۱) فَعُلَ کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة، نَبَاهَة، فَصَاحَةٌ.

(۲) فَعِلَ لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، بَلَجٌ.

(۳) فَعَلَ لازمی کے مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ، خُرُوْجٌ، نُهُوْضٌ.

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ کے وزن پر جیسے فَهْم، نَصْر.

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فعل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفْعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة، قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعله کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنْبِئَة وطَّأ توطِئَة، هنَّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّٰی تحلیه، زکّی تزکیة اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوَّمَ تقویمًا، سَوَّدَ تسویدا.

فَاعَل کا مصدر فعال ومفاعَلَة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَةُ کا وزن متعین ہے جیسے يَاسَرَ مُيَاسَرَةً، يَامَنَ مُيَامَنَةً اور ياوَمَ مُيَاوَمَةً وَ يوامًا شاذ ہے۔

اَفْعَلَ کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جیسے اَكْرَمَ اِكْرَامًا اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں، دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے امات، امالة، اغاث اغاثة، اشار اشارة

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یاء سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَانَّى، تَانِّيًا، تناجى تَناجِيًا.

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَالٌ، اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَالٌ، اِفْعَوْعَلَ کا افعيعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنْطِلَاقًا، اِحْلَوْذَبَ اِحْلِيْذَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَةٌ اور فِعْلاَلٌ ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَة وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةً اور وَسْوَاسًا

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَلٌ اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلاَّل جیسے تدحرج تدحرجًا۔ احرنجم احرنجامًا۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیْءٌ، مَرْجِعٌ، مَسِيْرٌ، مَصِيْرٌ، مَشِيْبٌ، مَرْفِق، مَقِيْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَوردٌ، مَوْعِدٌ، مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَرٌ، مصطبر، مزدحم.

اسم مرة واسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلْسَةً

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَفَتُ اِلْتِفَاتَةً، انطلقت انْطِلاَقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضرة واحدة، قاتلته

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْكَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔

(۳) مطاوعت فعل: جیسے كَسَرْتُهٗ فَانْكَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)

فائدہ = باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔ (۲)

(۲) تخییر: جیسے اِكْتَالَ الشَّعِيْرَ = اُس نے اپنے لئے جَو ناپے (۱۵)

(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)

(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممنه فاغتمّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)

(۵) طلب: جیسے اِكْتَدَّ فُلَانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)

(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب.

موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمته = میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)

(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)

(۳) وجدان: جیسے استکرمته = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)

(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُهٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۲۱)

(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطين = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)

(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔ (۲)

(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَاَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔ (۲۰)

(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)

(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُهٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔ (۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واسْتَقَرَّ (۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ (۳۶)

(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَحَلَّ = زیر ناف کے بال کاٹے۔ (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی۔ (۲۹)

فائدہ: اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ = بہت کبڑا ہو گیا۔ (۲۹)

(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَى التَّمْرُ بمعنى حَلَا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔ (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)

یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔ (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں، (۱) مصدر، (۲) اسم مرۃ (۳) اسم نوع، (۴) ظرف مکان وظرف زمان، (۵) اسم آلہ، (۶) اسم فاعل، (۷) اسم مفعول، (۸) صفت مشبہ، (۹) اسم تفضیل، (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعَة، تجارة، حیاکة.

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء، شراد، جماع.

مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ: عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصبیر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اخرَجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے أبَعْتُ الحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) صیرورت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الْفَرعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دُور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ = گائے دودھ والی ہو گئی۔ (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسخہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ = اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القَوْسَ = اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اس نے مجھے خوش کیا۔

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الاِبِلَ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ = درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما۔ (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلة

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ: بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَلْتُہٗ: بمعنی اَبْعَلْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ: بمعنی ضَعَّفَ: (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتداء: جیسے تَکَلَّمَ = اس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ = اس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَأَثَّمَ = اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تموّل = وہ مالدار ہو گیا۔ (۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّلَ: جیسے عَلَّمتہ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تشاتما = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخیل: جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (۱۶)

(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہو گیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا۔ (مجرد طلق) (۵)

المنجد کے رموزِ واشارات

قا	سے مراد	اسم فاعل	مص	سے مراد	مصدر	(س)	سے مراد	باب سمع یسمع
مفع	سے مراد	اسم مفعول	(ض)	سے مراد	باب ضرب یضرب	(ک)	سے مراد	باب کرم یکرم
ج	سے مراد	جمع	(ن)	سے مراد	باب نصر ینصر	(ح)	سے مراد	باب حسب یحسب
جج	سے مراد	جمع الجمع	(ف)	سے مراد	باب فتح یفتح			

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں مجرد کو مزید بنا دینے سے حسبِ ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) **تعدیہ:** لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) **تصییر:** صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) **تعریض:** مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) **وجدان:** کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) **ابتداء:** کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) **اتخاذ:** کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) **اشتراک:** دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) **اقتضاب:** کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) **الباس ماخذ:** کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) **بلوغ:** ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) **تجنب:** ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) **تحول:** کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) **تحویل:** کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) **تحلیہ:** کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) **تخیر:** فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔

(۱۶) **تخیل:** فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) **تدریج:** کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) **تصرف:** ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) **تعمل:** ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) **تکلف:** ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) **حسبان:** کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان۔

(۲۲) **حینونت:** کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) **سلب:** کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) **صیرورت:** صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) **طلب:** ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) **نحت:** اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) **لزوم وعلاج:** فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۹) **لیاقت:** کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) **مبالغہ:** کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

([illegible]) **مطاوعت:** ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

امابعد! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ ''المنجد'' کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو۔

مولانا بلیاوی کے یہی وہ الفاظ ہیں جنہوں نے ہمیں اس چیز پر آمادہ کیا کہ مولانا کی ''مصباح اللغات'' جو اس سے پہلے ''خزینۂ علم وادب'' شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے کا موازنہ المنجد سے کیا جائے تاکہ اس چیز کا پتہ چل سکے کہ دونوں کتابوں میں کتنا فرق ہے؟ اس کام کیلئے درسِ نظامی کے ایک طالب علم ''حافظ قاری قاسم صاحب'' کی مدد لی گئی جنہوں نے بے شمار ایسے الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے ''مصباح اللغات'' لکھتے وقت حذف کر دیئے گئے لیکن المنجد کے عربی نسخے میں موجود تھے۔ انہی بھائی نے عربی نسخے شائع کردہ ''دار المشرق بیروت'' پر نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے حذف کر دیئے تھے بلکہ ساتھ ساتھ ''مصباح اللغات'' شائع کردہ ''خزینہ علم وادب'' پر ایسے الفاظ بھی نشان زد کر دیئے جو مولانا نے دیگر لغت کی کتابوں سے لئے تھے اور المنجد میں موجود نہیں تھے انہیں ہم نے حذف کر دیا۔

اس کام پر تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا۔ اور ان حصوں کا ترجمہ کروانے کا مرحلہ آیا تو پتہ چلا کہ اکثر حصے جو مولانا نے ''المنجد'' سے حذف کئے تھے وہ یا تو ''سائنسی اصطلاحات'' تھیں یا پھر نباتات و جمادات کے نام اور بہت کم ایسا حصہ پایا گیا جو عام عربی میں مستعمل تھا اور ایسی اصطلاحات کا اُردو میں ترجمہ کرنا فقط عربی زبان سے واقفیت کی بناء پر بے حد مشکل تھا۔

اللہ عزوجل کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اسی عرصے میں اللہ عزوجل نے مولانا عبدالصمد صارم الازہری (فاضل دار العلوم دیوبند) جیسی نابغہ روزگار ہستی سے (اُن کی کتابوں کی پبلشنگ کے سلسلے میں) رابطہ کروا دیا۔ مولانا نے دو چار دفعہ کے انکار کرنے کے بعد المنجد کی تکمیل کے سلسلے میں حامی بھر لی۔ یقین جانئے کہ ۸۰ سال کی لگ بھگ عمر میں مولانا نے جب بھی حافظ صاحب گئے (صبح، دوپہر، شام) مولانا چاہے آرام فرما رہے ہوں یا بیمار ہوں اُنہوں نے کبھی انکار نہیں کیا اور فوراً عربی الفاظ کا ترجمہ لکھوانا شروع کر دیتے۔

اللہ عزوجل مولانا (مرحوم)[1] کو اجر عطا کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم مولانا کے اہل خانہ کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ وہ کبھی بھی ماتھے پہ شکن تک نہیں لاتے تھے کہ اس عمر میں والد محترم سے کافی مشقت کا کام لیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے اہل وعیال کو دُنیا و آخرت میں بلند درجے عطا فرمائے بالخصوص اُن کی صاحبزادی پروفیسر عاصمہ فرحت صاحبہ کو کہ اپنی تدریسی معروفیات کے باوجود مولانا کی کتابوں اور تحقیقی کاموں میں آخر وقت تک اُن کی مددگار رہیں۔

اسکے علاوہ اس کتاب کی تکمیل میں چوہدری خورشید صاحب (سابق کمشنر انکم ٹیکس و انچارج باغ جناح ہارٹی کلچرل سوسائٹی) کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ اُن سے جب بھی رابطہ کیا گیا انہوں نے پودوں کے اُردو یا انگریزی میں مستعمل نام بتانے میں ہر ممکن راہنمائی فرمائی۔

''خزینہ علم وادب'' نے اپنے آغاز ۱۹۹۵/۱/۲۵ء سے ہی یہ مصمم ارادہ کر رکھا ہے کہ کتابوں کو اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کو بھی حتی الامکان اغلاط سے مبرا کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اگر کسی صاحب علم کو غلطی معلوم ہو تو ادارہ کو ضرور آگاہ کریں۔

المنجد کی تیاری میں جن حضرات نے بھی دامے، درمے، سخنے مدد فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

حاجی نذیر محمد ولد سعد اللہ

---

[1] کتاب کی طباعت کے دوران ہی مولانا کی رحلت کی اطلاع ملی۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب **المنجد** عربی اُردو
تصنیف **لویس معلوف**
ترجمہ **مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی**
طابع **نذیر محمد**
مطبع **افضل شریف پرنٹرز**

ملنے کے پتے

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور 7224228 7221395
اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ، چوک اردو بازار، لاہور 7223506 7230718
مکتبۃ العلم ۱۸۔ اردو بازار، لاہور 7211788 7231788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد عربی اردو

مؤلف : لویس معلوف

مترجم : مولانا ابوالفضل عبد الحفیظ بلیاوی مدظلہ

تکمیل و نظر ثانی : مولانا عبد الصمد صارم الازہری مدظلہ فاضل دارالعلوم دیوبند

خزینہ علم و ادب
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 7211468-7314169

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد

عربی اردو

خزینہ علم و ادب
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور ۷۳۱۴۱۶۹